# PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN DEBATES

17th June, 1966

Vol. III-No. 21

Part III

OFFICIAL REPORT

## CONTENTS

*Friday, the 17th June, 1966.*


| | | |
|---|---|---|
| Recitation from the Holy Qur'an | ... | 3951 |
| Starred Questions and Answers | ... | 3952 |
| Short Notice Question and Answer | ... | 4007 |
| Answers to Starred Questions laid on the Table | ... | 4011 |
| West Pakistan Budget (Railway) 1966-1967 | | |
| *Discussion on expenditure charged upon the Provincial Consolidated fund (Railway)* | ... | 4017 |
| *Discussion of Demands for Grants for expenditure other than New Expenditure (Railway)* | ... | 4018 |


Price*:

**PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN**

THIRD SESSION OF THE SECOND PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

---

Friday, the 17th June, 1966.

---

*The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore at 8.30 a.m. of the clock, Mr. Senior Deputy Speaker, Syed Yusaf Ali Shah, in the Chair.*

---

*Recitation from the Holy Qur'an by Qari Ali Hussain Siddiqi (Qari of the Assembly) and its translation.*

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اِنَّمَا یُؤْمِنُ بِاٰیٰتِنَا الَّذِیْنَ اِذَا ذُکِّرُوْا بِهَا خَرُّوْا سُجَّدًا وَّسَبَّحُوْا بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَهُمْ لَا یَسْتَکْبِرُوْنَ ۝ تَتَجَافٰی جُنُوْبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ یَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ خَوْفًا وَّطَمَعًا وَّمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ یُنْفِقُوْنَ ۝ فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّآ اُخْفِیَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ اَعْیُنٍ جَزَآءًۢ بِمَا کَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ۝ اَفَمَنْ کَانَ مُؤْمِنًا کَمَنْ کَانَ فَاسِقًا لَا یَسْتَوٗنَ ۝ اَمَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمْ جَنّٰتُ الْمَاْوٰی نُزُلًۢا بِمَا کَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ۝

(پ ۲۱ سورہ ۳۲ ع ۱۵ آیات ۱۵ تا ۱۹)

ہماری آیتوں پر تو وہی ایمان لاتے ہیں کہ انکو انکے ذریعہ نصیحت کی جاتی ہے۔ تو سجدے میں گر پڑتے ہیں اور اپنے پروردگار کی تعریف کیساتھ تسبیح کرتے ہیں۔ اور وہ لوگ غرور نہیں کرتے۔ انکے پہلو بچھونوں سے الگ رہتے ہیں اور وہ اپنے پروردگار کو خوف و امید کیساتھ پکارتے ہیں اور جو ہم نے انکو (دولت) دی ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں۔ پس کوئی متنفس نہیں جانتا کہ ان کیلئے کیسی آنکھوں کی ٹھنڈک چھپا کر رکھی گئی ہے یہ ان اعمال کا صلہ ہے جو وہ کرتے ہیں۔

بھلا جو مومن ہو وہ اس شخص کی طرح ہو سکتا ہے جو کہ نافرمان ہو دونوں ہرگز برابر نہیں ہو سکتے۔ جو لوگ ایمان لائے اور اچھے کام کرتے رہے۔ ان کے رہنے کے لئے باغ ہیں یہ مہمانی ان کاموں کی جزا ہے جو وہ کرتے تھے۔

وما علینا الا البلاغ

## STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

**Mr. Senior Deputy Speaker** : Now the Question Hour. Mr. Hamza.

### DIFFERENT MODELS OF APPOINTMENT OF GRADE II CLERKS IN THE RAILWAY DEPARTMENT

***1142. Mr. Hamza** : Will the Minister of Railways be pleased to state :—

(*a*) year-wise total number of Grade II Clerks appointed in the Railway Department during the last three years ;

(*b*) the number of such clerks out of those mentioned in (*a*) above who were promoted from grade I ;

(*c*) whether the department has fixed any percentage of grade I Iposts to be filled in by direct recruitment ; the details thereof ?

**Minister for Railways** (Malik Muhammad Hayat Khan Tuman) : (*a*) Total number of grade II clerks appointed for filling up permanent vacancies on the Railway during the last three years is given below, year-wise :—

| | |
|---|---|
| 1962-63 . . . . . | 129 |
| 1963-64 . . . . . | 70 |
| 1964-65 . . . . . | 49 |
| Total | 248 |

(*b*) Out of the total number of grade II Clerks who were appointed as per reply to (*a*) above the following were promoted from grade I in each of the last three years :—

| | |
|---|---|
| 1962-63 . . . . . | 98 |
| 1963-64 . . . . . | 65 |
| 1964-65 . . . . . | [illegible] |

(*c*) Yes. Twenty per cent of permanent vacancies of grade II Clerks are required to be filled by direct recruitment under the relevant rules. It has, however, not been possible to fill all the 20 per cent vacancies by direct recruitment, because of the inadequacy of suitable candidates amongst the applicants. However in 1964-65 the response was such better and such that 15 candidates were recruited which came to 5 more than the normal 20 per cent reserved for direct recruits to make good the percentage.

STOPPAGE OF ANNUAL INCREMENTS OF ASSISTANT STATION MASTERS OF THE LAHORE RAILWAY DIVISION

*1143. **Mr. Hamza** : Will the Minister of Railways be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that about forty Assistant Station Masters of the Lahore Railway Division have not been allowed annual increment, since 1957 ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative ; reasons therefor ;

(*c*) whether it is a fact that the case of the said Assistant Station Masters for the grant of increment is pending with the Chief Personnel Officer in the Railway Headquarter Office, for the last two years ;

(*d*) if answer to (*c*) above be in the affirmative, the time by which the said case is likely to be finalized ?

**Minister for Railways** (Malik Muhammed Hayat Khan Tuman) : (*a*) No, the Assistant Station Masters concerned on the Lahore Division, who are forty-six in all, were allowed increments as due in each case, but as they had not passed the efficiency bar examination before the due dates, the payment of arrears of increments to which they were entitled was held under objections by the documents. The matter has, however, since been finally decided and the arrears have also been paid to them.

(*b*) Does not arise in view of the reply to part (*a*).

(*c*) Since staff belonging to the category of Assistant Station Masters on all Divisions were affected, the Headquarters Office had to examine the whole case in consultation with the Divisional Superintendents and the Financial Adviser and Chief Accounts Officer of the Railway before arriving at a policy decision. This naturally took time.

(*d*) Does not arise in view of the reply given to parts (*a*) and (*c*) above.

خان اجون خان جدون ۔ جناب والا ۔ جن اسسٹنٹ سٹیشن ماسٹروں کی efficiency bar examination پاس نہ کرنے کی وجہ سے ترقی روک دی گئی تھی کیا اب یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ جنہوں نے امتحان پاس نہیں کیا ان کو بھی ترقی دے دی جائے ؟

وزیر ریلوے ۔ جناب والا ۔ جن لوگوں نے امتحان پاس کر لیا تھا ان کو ترقی دے دی گئی تھی اور ان کی جتنی تنخواہ بقایا تھی وہ بھی

ان کو دے دی گئی ۔

خان اجون خان جدون ۔ جناب والا ۔ اس میں آپ نے لکھا ہے :

". . but as they had not passed the efficiency bar examination before the due dates, the payment of arrears of increments to which they were entitled was held under objections."

تو کیا اب سب نے امتحان پاس کر لیا تھا ؟

وزیر ریلوے ۔ انہوں نے امتحان پاس کر لیا تھا اور انہیں ترقی اس تاریخ سے دی گئی ہے جس تاریخ سے ان کی ترقی due تھی ۔

---

REMOVAL OF 'MALBAH' AND CONSTRUCTION OF BUILDINGS, ETC., ON THE PREMISES OF RAILWAY STEEL SHOP, LAHORE

*1170. **Mr. Hamza** : Will the Minister of Railways be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the Malbah lying on the premises of Railway Steel Shop, Lahore was removed during the period from 1958 to 1964 and the site was converted into a grassy lawn, etc.;

(*b*) whether it is a fact that new cycle sheds, new road and new buildings were constructed on the said premises during the period from June 1963 to January 1965 and repairs and extensions were done in the Steel Shop Manager's residence ;

(*c*) if answers to (*a*) and (*b*) above be in the affirmative, the following details :—

(*i*) Source of supply of each kind of material used in the works mentioned in (*a*) and (*b*) above and the quantity of each item of the material so used ;

(*ii*) source of supply of labour for the said construction ;

(*iii*) average daily working hours of the labour employed on the said works ;

(*iv*) the total working hours of the labour so employed during the last ten years ;

(*v*) total overtime allowance given to the labour for the said works during the last two years ; and the total hours for which overtime was sanctioned ;

(*vi*) the details of works completed during the last 2 years and details of incomplete works ;

(*vii*) details of average monthly production and total production for the last two years in the Railway Steel Shops ?

**Minister for Railways** (Malik Muhammad Hayat Khan Tuman) : (*a*) Yes, prior to the acquisition of the Steel Shop by Pakistan Western Railway, 'Malbah', comprising furnace slag mill scale and general shop refuse had been dumped in the shop yard. This dump was cleared, after final acquisition of the shop in 1957, as the space was required for remodelling and rehabilitating the Shop.

(*b*) Yes ; under the sanctioned scheme to remodel and rehabilitate the shop, new cycle-shed, roadways, laboratory etc., were built and some of these were undertaken in the period June 1963 to January 1965. Shop Manager's residence was not extended but repaired to the extent necessary.

(*c*) (*i*) The remodelling and rehabilitating works were done partly by contract and partly departmentally. The contractors supplied certain materials under the terms of contract. The remaining materials were from Railways's own sources.

Sources of the materials and quanities consumed are given in the statement attached as Appendix 'A'.*

(*ii*) For works done by the contractor, he provided labour under the terms of contract. For other work railway labour was employed.

(*iii*) Railway labour was employed in accordance with the rules in force.

(*iv*) Cannot be furnished as records of such details are not maintained.

(*v*) No payment on account of overtime was made.

(*vi*) Details of works completed during the year 1964 and 1965 and those which remained in hand are given in the statement attached as Appendix 'B'*.

(*vii*) Details of average monthly production and the total production for the year 1964 and 1965 are contained in the statement attached as Appendix 'C'.*

مسٹر حمزہ ۔ اگر میں جناب وزیر ریلوے کی خدمت میں یہ عرض کروں کہ ۱۹۶۳ء اور ۱۹۶۵ء کے درمیان شاپ مینجر کے مکان میں دو کمروں کا اضافہ کیا گیا تھا ۔ یعنی ایک کمرے اور ایک corridor کا اضافہ ہوا ہے ۔ اور آپ نے جو اطلاع دی ہے ۔ غلط ہے ۔ کیا آپ اس معاملے میں

*Please see Appendix I at the end.

چھان بین کریں گے -

وزیر ریلوے - اگر آپ کے نوٹس میں ایسی کوئی اطلاع ہے تو آپ لکھ کر بھیج دیں - تو میں یقیناً اس کی چھان بین کروں گا اور حمزہ صاحب کو بھی ہمراہ لے جاؤں گا تاکہ ان کی تسلی ہو سکے -

مسٹر حمزہ - آپ نے Appendix (c) میں جو Molten Metal manufactured (tons) ہیں - سال ۱۹۶۴ء کے دوران اکتوبر، نومبر اور دسمبر میں علی الترتیب ۶۹۲٬۲۵ ، ۶۴۰٬۸۰ اور ۵۲۲٬۶۵ دکھائے ہیں - لیکن ۱۹۶۵ء کے دوران اکتوبر ، نومبر اور دسمبر میں علی الترتیب ۵۸۳٬۱۰ ، ۶۱۴٬۴۰ اور ۴۸۷٬۵۰ دکھائے ہیں - آپ نے جنگ کے ایام میں تو بہت زیادہ کام کیا تھا - لیکن جنگ کے بعد اس کی پیداوار میں کمی کیوں واقع ہوئی ہے -

وزیر ریلوے - کام مختلف نوعیت کے تھے جو جنگ کے ایام کے بعد کئے گئے - جن کی تفصیلات میں یہاں پر عرض نہیں کر سکتا ہوں - بہر حال اس کا اثر اس پر پڑا ہے - اور کام تھوڑا ہوا -

مسٹر حمزہ - کیا جناب وزیر ریلوے مجھے یہ بتائیں گے کہ یہ تو محض لوہے کو پگھلانے ہی کا کام تھا - میں نے Molten Metal manufacture کے متعلق پوچھا ہے - آپ یہ کیسے کہتے ہیں کہ کام کی نوعیت بالکل مختلف تھی -

وزیر ریلوے - اب اس میں مشکل یہ ہے کہ میں آپ کی خدمت میں تفصیلات عرض نہیں کر سکتا ہوں - لیکن اگر معزز ممبر میرے پاس تشریف لائیں تو اس کی تفصیلات آپ کی خدمت میں جہاں تک ہو سکیں گی عرض کر دوں گا -

ملک محمد اختر ۔ جناب وزیر متعلقہ کیا یہ فرمائیں گے کہ وہ لوھے کو پگھلانے کا کام تو کر۔" ھیں ۔ تو وہ حمزہ صاحب کو پگھلانے کا کام کیوں نہیں کر سکتے ھیں ۔

**Mr. Senior Deputy Speaker :** This is not a supplementary question.

---

CHECKING OF MELTED MATERIAL BY FOREMAN-IN-CHARGE OF THE FURNACE IN RAILWAY STEEL SHOP, MOGHALPURA

***1207. Mr. Hamza :** Will the Minister of Railways be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the foreman-in-charge of the electric furnace in Railway Steel Shop, Moghalpura is also entrusted with the duties of checking the melted material in the laboratory meant for the purpose ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, whether the said arrangement is suitable for testing the quality of melted steel strictly according to the Standard Specifications of the Railway Department ?

وزیر ریلوے ۔ (ملک محمد حیات خان ٹمن) (الف) — جی نہیں ۔ اصل صورت حال یہ ھے کہ ریلوے اسٹیل شاپ میں بجلی کی بھٹی کے فورمین انچارج کو شاپ لیبارٹری میں پگھلے ھوئے لوھے کے معائنے کا کام براہ راست نہیں سونپا گیا ۔ اسٹیل شاپ کی لیبارٹری اسٹیل فرنیس شاپ کا حصہ ھے اس لئے انتظامی نقطہ نظر سے لیبارٹری کا عملہ پگھلے ھوئے لوھے کے معائنے کے کام کے ساتھ اسٹیل فرنیس شاپ کے فورمین انچارج کو بھی ذمہ دار ھے ۔ بہر حال فورمین لیبارٹری میں ھونے والے معائنے میں اپنا فنی اختیار استعمال نہیں کرتا جو اسٹیل شاپ مینجر کی ھدایات کے مطابق عمل میں لایا جاتا ھے ۔

(ب) ۔ جی ھاں ۔ پگھلے ھوئے لوھے کا درجہ مذکور بالا انتظام کے تحت پاکستان ریلوے کی مخصوص تفصیلات کے عین مطابق ھے کیونکہ تربیت یافتہ عملہ کے آزادانہ معائنہ سے جو وہ لیبارٹری میں کرتے ھیں

بلا ترغیب تجزیہ مہیا ہوتا ہے۔

---

PROMOTION OF CLERKS OF ACCOUNTS SIDE OF RAILWAY DEPARTMENT AS ACCOUNTS TRAVELLING TICKET EXAMINERS

*1709. **Mr. Hamza** : Will the Minister of Railways be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that under the rules, the posts of Accounts Travelling Ticket Examiners are to be filled in by selection from amongst the Clerks Class II and the Routine Clerks of the Accounts side of Railway Department who possess prescribed qualifications ;

(*b*) whether it is a fact that 10 posts of Accounts Travelling Ticket Examiners have been filled in,—*vice* Office Order No. 13, dated 27th January 1966 issued by Financial Advisor and Chief Accounts Officer, Pakistan Western Railways ;

(*c*) whether it is a fact that the posts mentioned in (*b*) above were filled in without following the prescribed procedure and the persons selected do not fulfil the prescribed qualifications ;

(*d*) if answer to (*a*) to (*c*) above be in the affirmative, reasons for filling up the said posts against the rules ;

(*e*) whether it is a fact that the officials adversely affected by the said orders have submitted representations to the Minister ; if so, the action taken thereon ?

**Minister for Railways** (Malik Muhammad Hayat Khan Tuman) : (*a*) Under the rules extent for selection of Travelling Ticket Examiners, the Divisional Accounts Offices, Traffic Accounts Branch, and Headquarters Accounts Office are required to recommend suitable staff already working as clerks class II and clerks class I for selection as Travelling Ticket Examiners. The final selection from the recommended candidates is made by a duly constituted Selection Board, on the basis of working reports of the candidates, character rolls, and confidential reports. Selected candidates are placed on the approved panel for filling vacancies of Travelling Ticket Examiners as and when required.

(*b*) Ten candidates were selected and placed on the approved panel of Travelling Ticket Examiners. Out of them six were absorbed in vacancies of Travelling Ticket Examiners, in January and April 1966 and the remaining four will be absorbed in future vacancies.

(*c*) No. The 10 candidates mentioned in (*b*) above, placed on the panel, were selected in accordance with the prescribed procedure and all of them had the requisite qualifications.

(*d*) In view of the replies to (*a*) to (*c*) above this question does not arise.

(*e*) No formal representation has been received by the Administration from those not selected. However, a newspaper cutting stating that 168 clerks had protested against the procedure of selection of T. T. Es. as well as telegram from one, Muhammad Anwar, on behalf of the Accounts Staff on similar lines, was received. The issues raised were duly examined and it was found that the selection of Travelling Ticket Examiners had been correctly conducted in accordance with the rules by a duly constituted Selection Board, and that no injustice or irregularity had been committed.

مسٹر حمزہ — کیا وزیر ریلوے مجھے یہ بتائیں گے کہ آپ نے ڈویژنل اکاؤنٹ آفس اور ٹریفک اکاؤنٹ برانچ سے کس تاریخ کو سفارشات طلب کی تھیں ۔

وزیر ریلوے — میرے خیال میں تاریخ کے لئے تو نوٹس درکار ہوگا ۔ کیونکہ اصل سوال میں تاریخ درج نہیں ہے ۔

مسٹر حمزہ — آپ نے فرمایا ہے کہ سفارشات طلب کی گئی تھیں ۔ میں کہتا ہوں کہ سفارشات بالکل طلب نہیں کی گئی تھیں ۔ اور آپ کا یہ جواب غلط ہے ۔

وزیر ریلوے — جو صورت حال تھی وہ میں نے عرض کر دی ہے ۔

مسٹر حمزہ — کیا جناب وزیر ریلوے بتائیں گے کہ وہ لوگ جن کو چنا گیا ہے ان میں بعض ایسے خوش قسمت اصحاب تھے جن

کی عمر ۴۰ سال سے زیادہ تھی ۔ حالانکہ بھرتی کے رولز کے مطابق عمر ۴۰ سال سے کم ہونی چاہئے ۔ ایسا کیوں ہوا ۔

وزیر ریلوے ۔ آپ کے سوال میں یہ حصہ نہیں تھا کہ ۴۰ سال سے زائد عمر کے اصحاب کیوں بھرتی کئے گئے ہیں یا انہیں کیوں ترقی دی گئی ہے ۔ اگر اس چیز کے متعلق آپ نوٹس دیں تو میں پڑتال کرکے اس ہاؤس کو اطلاع دے دوں گا ۔

مسٹر حمزہ ۔ ہاؤس کو صرف اطلاع ہی دی جائے گی یا کوئی کارروائی بھی کی جائے گی ۔

وزیر ریلوے ۔ ایوان کو اطلاع دینے کے بعد یہ لازمی ہو جاتا ہے کہ کارروائی کی جائے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جب چناؤ کی پہلی فہرست تیار کی گئی کیا یہ حقیقت ہے کہ فہرست کے نمبر ۲ ۔ ۳ ۔ ۷ اور ۸ پر جن اصحاب کے نام تھے وہ غلط تھے اور بعد میں نئی فہرست بنائی گئی ۔

وزیر ریلوے ۔ میں اس سوال کو سمجھا نہیں ۔

**Khan Muhammad Yusuf Khan :** Point of Order, Sir, I think under the Parliamentary system this is hypothetical . . . . .

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ میرے علم میں ہے کہ ان کی طرف

سے جو جواب دیا گیا ہے وہ غلط ہے ۔ یہ بھرتی کرنے میں من مانی کی گئی ہے ۔ کسی کی سفارش طلب نہیں کی گئی ۔ میں یہ عرض کروں گا کہ پہلی فہرست میں منتخب شدہ اہل کار جو ۸ اور ۷ ، ۳ ، ۲ Serial No. پر تھے ان کے نام غلط تھے ۔ کیا یہ حقیقت ہے ؟

وزیر ریلوے ــ اس وقت تو یہ بتانا مشکل ہے ۔ آپ نوٹس دے دیں پھر میں بتا دوں گا ۔

مسٹر حمزہ ــ میرے سوال کے حصہ (ای) کا جواب بالکل غلط ہے ۔ آپ نے فرمایا ہے کہ ''عرضداشت موصول نہیں ہوئی'' ۔ اگر میں آپ کو ایسی عرضداشت دکھا دوں جس پر ۷۰۰ کارکنوں کے دستخط ہیں اور اس کے ساتھ رجسٹری کی رسید بھی ہے تو ان اہل کاروں کے خلاف کیا اقدام کریں گے جنہوں نے آپ کو غلط اطلاع دی ہے ۔

وزیر ریلوے ــ ان کے خلاف ضرور ایکشن لیا جائے گا ۔

---

SUPPLY OF TEAK WOOD TO RAILWAY STEEL SHOP, MOGHALPURA

*1786. **Malik Muhammad Akhtar** : Will the Minister for Railways be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the Teak wood is supplied to Railway Steel Shop, Moghalpura for official use ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, (*i*) the total quantity of teak wood supplied to the said Steel Shop from January, 1962 to March,

1965, (*ii*) the nature of works for which the teak wood was supplied to the said Steel Shop ; (*iii*) the kind of material manufactured in the said Steel Shop, from the said kind of wood ; and (*iv*) whether the material so manufactured is in stock if not, reasons therefor ;

(*c*) the value of the teak wood totally supplied to the said steel shop during the period mentioned in (*b*) above ?

**Minister for Railways** (Malik Muhammad Hayat Khan Tuman) : (*a*) Yes.

(*b*) (*i*) The total quantity of teak wood supplied to Steel Shop in the period January 1962 to March 1966 was 177¼ Cft. which works out to an average rate of about 40 Cft. per year ;

(*ii*) Teak wood was supplied for manufacture of ; and

(*iii*) repairs to patterns and core boxes used for the production of steel castings, construction of bodies on motor trucks imported as chassis and for installation of the imported roll turning lathe ; and

(*iv*) Yes, except for items which due to normal wear and tear resulting from use have been scrapped. Such scrapped items have been returned to the Stores depot for disposal.

(*c*) Value of teak wood supplied to Steel Shop in the period January, 1962 to March, 1966 was Rs. 5,757·25 which comes to about Rs. 1,439 per year.

---

ACCOUNTING OF PACKING CHARGES OF MACHINERY IMPORTED BY THE RAILWAY ADMINISTRATION FROM ABROAD

*1787. **Malik Muhammad Akhtar** : Will the Minister of Railways be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the packing charges of the machinery imported by the Railway Administration from abroad are debited to the Railway ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative ; whether the proper account of the packing wood so received is maintained ;

(*c*) if answer to (*b*) above be in the affirmative, the following details in respect of each division and extra division, separately for the years 1964 and 1965 separately (*i*) the cost of packing charges debited, (*ii*) the cost of packing wood credited after its proper disposal, (*iii*) Head of A-count under which credited ; and (*iv*) the total quantity of packing wood received in cubic feet/maundage ;

(*d*) if answer to (*b*) above be in the negative, reasons therefor ?

**Minister for Railways** (Malik Muhammad Hayat Khan Tuman) : (*a*) Ordinarily packing charges for machinery are not levied separately. The prices quoted for machinery include charges for packing which, therefore, are borne by the Railway.

(*b*) Yes, proper accounts are maintained.

(*c*) The required information is given in the statement at Annexure 'A'.*

(*d*) In view of the reply to (*b*) above, this question does not arise.

---

DISPOSAL OF SAW DUST, WOOD CHIPS AND SHAVINGS IN CARRIAGE AND WAGON SHOPS AND STEEL SHOPS, MOGHALPURA

*1788. **Malik Muhammad Akhtar** : Will the Minister of Railways be pleased to state :—

*Please see Appendix II at the end.

(*a*) whether it is a fact that saw dust, wood chips and shavings in the different Railway Workshops are disposed of in accordance with existing rules on the subject ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, the following particulars in respect of Carriage and Wagon Shops and Steel Shops, Moghalpura, separately for the periods from 1st July 1962 to 30th June 1963, 1st July 1963 to 30th June 1964 and from 1st July 1964 to 30th June 1965—(*i*) the total quantity of logs received, (*ii*) the total sale-proceeds of saw dust, wood chips and shavings credited to each of the said workshops and (*iii*) the head of account under which the said proceeds were credited ;

(*c*) if answer to (*a*) above be in the negative, reasons therefor ?

**Minister for Railways** (Malik Muhammad Hayat Khan Tuman) : (*a*) Yes.

(*b*) The required information is given in Appendix 'A'.

(*c*) In view of the reply to (*a*) above the question does not arise.

APPENDIX 'A'

| | 1-7-62 to 30-6-63 | 1-7-63 to 30-6-64 | 1-7-64 to 30-6-65 |
|---|---|---|---|
| | Cft. | Cft. | Cft. |
| (*i*) The total quantity of logs received— | | | |
| (*a*) Carriage and Wagons Shop | 303,775.25 | 321,720.19 | 327,230.75 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| (*b*) Steel Shop (machined timber only) | 918 | 981 | 878 |
| (*ii*) The total sale proceeds of saw dust, wood chips and shavings credited to each of the said work-shops— | | | |
| (*a*) Carraige and Wagon Shop— | | | |
| 1. From saw dust | Rs. 4,434.17 | Rs. 5,031.35 | Rs. 4,138.74 |
| 2. From firewood | Rs. 19,124.00 | Rs. 22,250.00 | Rs. 25,509.00 |
| 3. From wood shavings | Rs. 6,141.75 | Rs. 4,373.50 | Rs. 5,009.75 |
| (*b*) Steel shop | Nil | Nil | Nil |

| | |
|---|---|
| (*iii*) The heads of account under which the said proceeds were credited ; | |
| (*a*) Carriage and Wagon Shop | 1. Sale-proceeds of firewood are accounted for under Abstract 'Z' and Workshop Manufacturing Suspense Account. |
| | 2. Sale-proceeds of saw dust and wood shavings are accounted for under work-shop Manufacturing Suspense Account. |
| (*b*) Steel Shop | No sale. |

CONSTRUCTION OF A RAILWAY CARRIAGE FACTORY IN RAWALPINDI

*2185. **Rais Atta Muhammad Khan Mari Baloch** : Will the Minister of Railways be pleased to state whether it is a fact that a railway carriage factory is under construction in Rawalpindi ; if so, (*i*) the date by which the construction would be completed, (*ii*) the estimated cost of the factory including the amount of foreign exchange involved, (*iii*) the annual carriage production capacity thereof, and (*iv*) estimated annual saving of foreign exchange after the factory goes into production ?

**Minister for Railways** (Malik Muhammad Hayat Khan Tuman) : No, a Carriage Factory is not presently under construction in Rawalpindi. The up-to-date position is that a project to install a Carriage Factory at Rawalpindi has been prepared and is being submitted to the competent authority for sanction. As soon as this project is sanctioned the construction of the Factory will be taken in hand. It is planned to complete the construction of the Factory in a period of four years and its cost is estimated to be Rs. 8.09 crores with a foreign exchange component of Rs. 3.01 crore. The manufacturing capacity would be 150 carriages per year which will be achieved in the third year after installation. At this rate of production the estimated annual saving of foreign exchange would be Rs. 2.28 crores.

خان اجون خان جدون ۔ کیا اس فیکٹری کے لئے پنڈی میں کوئی site سیلیکٹ کر لی گئی ہے ؟

وزیر ریلوے ۔ دو تین sites دیکھی تھیں ۔ ایک site سیلیکٹ ہو گئی ہے ۔

میاں محمد شفیع ۔ کیا یہ وہ پراجیکٹ ہے جو مغل پورہ میں چل رہا تھا ۔

وزیر ریلوے ۔ یہ نیا پراجیکٹ ہے ۔ مغل پورہ میں مکمل کرنے کا

ارادہ تھا لیکن ہنگامی حالات کے باعث مغل پورہ کی بجائے راولپنڈی میں بنایا جائے گا ۔

خان اجون خان جدون ۔ راولپنڈی کے قریب ہی کیپٹل ہونے کی وجہ سے بڑی congestion ہو گئی ہے اور اراضیات حاصل کرنے کے لئے زیادہ قیمت ادا کرنی پڑتی ہے ۔ پشاور میں زمین سستی مل سکتی ہے وہاں فیکٹری لگانے کی تجویز کیوں نہیں کی گئی ۔

**Mr. Senior Deputy Speaker :** This is not a supplementary question. This is a suggestion. Next question.

---

GRANT OF HOUSE BUILDING ADVANCE TO SOME OFFICERS OF RAILWAYS DEPARTMENT

*2322. **Malik Muhammad Akhtar :** Will the Minister of Railways be pleased to state—

(*a*) whether it is a fact that the following officers have been granted House Building Advance noted against each :—

| | Rs. |
|---|---|
| (1) S. Altaf Hussain, Chief Personnel Officer, Lahore | ... 50,000 |
| (2) M. Khalil, Track Supply Officer, Lahore | ... 16,000 |
| (3) Salim Ullah Khan, Deputy Chief Engineer T | ... 6,896 |

(4) M. M. A. Farooqi,
Chief Officer, Administration and Budget ... 33,600

(5) M. Saeed,
Superintendent, Telegraphs, P W.R., Lahore ... 18,844

(6) A.J.R. Qazilbash,
Deputy Chief Operating Superintendent, Lahore ... 17,000

(7) Mr. M. B. K. Malik,
Chief Commercial Manager ... 25,000

(8) M. Rashid,
Deputy Chief Mechanical Engineer ... 20,000

(9) C. A. Vali,
Deputy Chief Engineer ... 12,000

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, (*i*) the dates of drawal of the said advance by each officer, (*ii*) whether the house has since been constructed by each officer, (*iii*) the names of such officers from among them who have completed the construction of their own houses but are still in occupation of Railway bungalows in Mayo Gardens, Lahore ; and reasons thereof ?

وزیر ریلوے (ملک محمد حیات خاں تمن) : (الف) — جی ہاں ۔ اس سوال میں مذکور افسروں کو مکان کی تعمیر کے لئے پیشگی رقوم دی گئی ہیں ۔ ان میں سے جو رقم ہر ایک کے لئے منظور کی گئی ہے گوشوارہ (الف) میں درج ہے ۔*

*Please see Appendix III at the end.

(ب) — (i)،(ii) اور (iii) مطلوبہ اطلاعات گوشوارہ (الف) میں درج ھیں اس فہرست میں صرف ایک افسر ایسا ھے جس نے مکان کی تعمیر کے لئے پیشگی لی تھی اور اس کا اپنا مکان اگرچہ مکمل ھو چکا ھے تاھم وہ سرکاری رھائش میں مقیم ھے ۔ اس کی وجہ یہ ھے کہ اس نے تعمیر کی تکمیل سے قبل ھی اپنا مکان قانونی طور پر اپنے لڑکے کو جو اس کی کفالت میں نہیں ھے ، ھبہ کے طور پر دے دیا تھا لہذا اب لاھور میں اس کا اپنا مکان نہیں ھے اور وہ ریلوے کے مکان میں رہ رھا ھے ۔

---

BETTERMENT OF LABOURERS WORKING IN RAILWAY DEPARTMENT

*2411. **Chaudhri Muhammad Nawaz :** Will the Minister of Railways be pleased to state whether any scheme is under consideration of Government for the betterment of labourers working in the Railway Department, if so, the likely date of its implementation ?

**Minister of Railways** (Malik Muhammad Hayat Khan Tuman) : Yes. Welfare of railway workers receives Government's constant attention. Towards this end schemes are implemented from year to year to the extent allocation of funds permits. In the current plan period several schemes for providing housing, educational, recreational, medical and other facilities have been included and will be implemented to the extent the funds become available for the purpose.

---

SHIFTING OF RAILWAYS WORKSHOPS MOGHALPURA

*2412. **Chaudhri Muhammad Nawaz :** Will the Minister of Railways be pleased to state whether there is any scheme to shift the Railways Workshops, Moghalpura to any other place, if so, the likely date by which the shifting will be completed ?

**Minister for Railways** (Malik Muhammad Hayat Khan Tuman) : It is not in the public interest to disclose the information called for.

---

STAFF OF ORGANIZATION AND METHODS IN HEADQUARTERS OFFICE OF PAKISTAN WESTERN RAILWAYS

*2429. **Malik Muhammad Akhtar :** Will the Minister of Railways be pleased to state whether it is a fact that a new section named as Organization and Methods has been opened in Headquarters Office of Pakistan Western Railways, Lahore ; if so, the names and designations of the staff appointed in the said section ?

**Minister of Railways** (Malik Muhammad Hayat Khan Tuman) : Yes. A section designated as Organization and Methods section has been created and in this connection the required information is given in the statement at Appendix 'A'.*

خان اجون خان جدون ۔ اس آرگینائزیشن کی کیا ذمے داریاں ہیں اور اس کے objects کیا ہیں اور اس سے آپ کیا فائدہ حاصل کرنے کی توقع رکھتے ہیں ۔

---

*Please see Appendix IV at the end.

وزیر ریلوے - یہ ایک continuous process ہے - جیسا کہ آپ کے دفتروں میں آرگینائزیشن ہوتی ہے اسی طریق پر دفتر کے فارم - رولز اور باقی جو چیزیں ہوتی ہیں اُن کا جائزہ لیتی ہے - جہاں کہیں کوئی posts surplus ہو یہ محکمہ اسے retrench کرتا ہے - طریق کار ناقص ہو تو اسے درست کرتا ہے - جہاں کہیں وقت ضائع ہوتا ہو اس کے سسٹم کو ٹھیک کرتا ہے - پبلک کی سمجھ میں کوئی بات نہ آئے تو اس کے لئے آسانیاں پیدا کرتا ہے - یا کوئی تبدیلی یا ترمیم کرتا ہے -

خان اجون خان جدون - یہ کتنے سال سے کام کر رہا ہے - کیا پچھلے سال اس کے کام کا جائزہ لیا گیا تھا ؟

وزیر ریلوے - ہر کام کا ہر سال جائزہ لیا جاتا ہے -

---

PROVIDING TRANSPORTATION OF GOODS FOR AFGHANISTAN

*2691. **Mr. Abdul Qayum Qureshi** : Will the Minister of Railways be pleased to state total number of wagons provided for the transportation of goods imported from Overseas for Afghanistan during each of the last three years ?

**Minister of Railways** (Malik Muhammad Hayat Khan Tuman) : The required information is given below :—

| *Year* | *Total No. of wagons provided for transit goods for Afghanistan* |
|---|---|
| 1963 | ... 2,320 |

| | | |
|---|---|---|
| 1964 | ... | 3,941 |
| 1965 | ... | 5,483 |

STAFF OF COPYING BRANCH (G-II) IN HEADQUARTERS OFFICE ACCOMMODATED IN VERANDHAS IN HEADQUARTERS BUILDINGS

*2723. **Mr. Munawar Khan** : Will the Minister of Railways be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the staff of Copying Branch (G-II) in Headquarters Office, P.W.R., Lahore has been given accommodation in verandahs in the second storey in the said Headquarters building where no adequate arrangements for lighting exist ;

(*b*) whether it is also a fact that it is extremely hot in the said verandahs and no adequate steps have been taken to bring down the temperature inside the said verandahs ;

(*c*) whether it is a fact that due to accommodating the staff in the said verandahs the staff sitting inside the rooms has been deprived of fresh air and the said congestion is injurious to the health of the staff ; if so, the steps Railways Administration intends to take for bringing down the temperature in the said verandahs for ensuring fresh air to the staff accommodated inside the rooms?

وزیر ریلوے (ملک محمد حیات خان تمن) : (الف) نقول سیکشن (جی—۱۱) کو عارضی طور پر ریلوے ہیڈ کوارٹر کی پہلی منزل پر برآمدہ میں رکھا ہے اس برآمدہ کو بند کرکے وہ سہولتیں یعنی بجلی کی روشنی وغیرہ مہیا کی گئی ہیں جو اسی درجہ کے دوسرے سیکشنوں کے عملے کے لئے

فراہم کی گئی ہیں جن کے دفتر کمروں میں ہیں ۔

(ب) جی نہیں ۔ اس بند شدہ برآمدے میں بجلی کے پنکھے لگے ہوئے ہیں اور ان میں ایسے پردے مہیا کئے گئے ہیں جن کی وجہ سے وہاں بیٹھنے والوں کو اس درجہ کا آرام میسر ہے جتنا کہ کمروں میں بیٹھنے والوں کو ہے انتظامات ہو رہے ہیں جن کے ذریعے ان برآمدوں میں ٹھنڈی ہوا ۔ ہوائی نالی (air ducts) کے ذریعے پہنچائی جائے گی جس کی وجہ سے ان برآمدوں میں اور زیادہ آرام مہیا ہو جائے گا ۔

(ج) جی نہیں ۔ دفتر کے کمرے جو ان برآمدوں کے قریب ہیں ، وہ تازہ ہوا سے محروم نہیں ہیں ۔ کیونکہ تمام کھڑکیوں اور دروازوں پر لوہے کی جالی لگی ہوئی ہے جس میں سے تازہ ہوا اندر جا سکتی ہے ۔ اس کے علاوہ ٹھنڈی ہوا کی نالیاں ان میں لگی ہوئی ہیں سوائے چند کے جن میں ٹھنڈی ہوا کی نالیاں لگائی جا رہی ہیں ۔

**Mr. Munawar Khan :** Sir, I may inform you that I have received the replies to all my questions up to 2727 and they may not be repeated. This is just to save the time of the Minister.

**Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak :** Just one supplementary if the Member would not mind. These wagons that you have provided for Afghan traffic, are they from the Pakistani quota or they have been given to us by the Americans specially for this purpose.

وزیر ریلوے ۔ جناب یہ ہمارے اپنے wagons ہیں اور معاہدے

کے تحت ہم ان کو priority دیتے ہیں اور ان کا مال سب سے پہلے اٹھاتے ہیں اور اُن کی جو demands ہوتی ہیں ان کو پورا کرتے ہیں اور اس کے بعد جو wagons بچتی ہیں وہ اور لوگوں کی ضروریات کے لئے رکھتے ہیں ۔

مسٹر محمد اسلم خاں خٹک ۔ جناب والا ۔ وزیر صاحب میرے سوال کو نہیں سمجھے ۔ میں نے یہ عرض کی کہ کیا Americans نے as a special concession aid میں جو extra wagons ہمیں ملنی ہیں over and above our own resources to cope with the Afghan Traffic کیا وہ مل چکی ہیں یا نہیں ۔

وزیر ریلوے ۔ اس کے متعلق میں کچھ عرض نہیں کر سکتا ۔ کیونکہ یہ تینوں ملکوں کے معاملات میں discussion ہوا ہے جو ہاؤس میں بتانا مناسب نہیں ہوگا لیکن میں یہ عرض کروں گا کہ اگر آپ اس کے لئے نوٹس دے دیں تو میں اس کی تفصیل مہیا کر دوں گا ۔

---

ALLOTMEMT OF RESIDENTIAL QUARTERS TO RAILWAYS EMPLOYEES IN LAHORE DIVISION

*2724. **Mr. Munawar Khan** : Will the Minister of Railways be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that allotment of various residential quarters meant for Railways employees in Lahore Division has not been made on merit ;

(*b*) whether it is a fact that such quarters in the said Division are not in occupation of the origina lallottees ;

(*c*) whether it is also a fact that such quarters in Lahore have been allotted to those who own their houses at the said place ;

(*d*) if answer to (*a*) to (*c*) above be in the affirmative, the steps Railways Administration intends to take in this behalf ?

**Minister of Railways** (Malik Muhammad Hayat Khan Tuman) : (*a*) No. Allotment of staff quarters in Lahore is made on merits.

(*b*) No. Except for quarters unauthorisedly occupied by staff other than the allottees, no cases of quarters being occupied by other than regular allottees have come to notice.

(*c*) No. Declarations are taken from staff and allotment of railway quarters are made only to those employees who formally declare that they do not own houses in Lahore Corporation Area.

(*d*) In view of reply to (*a*) to (*c*) above, the question does not arise.

**Mr. Munawar Khan** : As I have submitted, replies to questions upto Question No. 2727 need not be read. I am satisfied with the replies given by the Minister.

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ مسٹر منور خاں کیا آپ نے یہ سوال پوچھنے ہیں یا آپ نہیں پوچھنا چاہتے ؟

**Mr. Munawar Khan** : I am satisfied with the answers.

**Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak** : On a point of order. This is one-way traffic between the Minister and Mr. Munawar Khan. Is it permissible under the Rules ? We want to know what are the answers and what are the questions ?

**Mr. Munawar Khan :** Let the questions be taken up one by one. I just wanted to save the time of the House for some other important discussion.

---

## ALLOTMENT OF RESIDENTIAL QUARTERS TO HIGHER GRADE RAILWAYS EMPLOYEES

***2725. Mr. Munawar Khan :** Will the Minister of Railways be pleased to state whether it is a fact that it was decided in the Divisional Superintendent's Conference in 1958 that the staff in higher grades occupying lower types of quarters should be allotted higher types of quarters to which they were entitled ; if so, the time by which the said decision will be implemented in its entirety ?

**Minister of Railways (Malik Muhammad Hayat Khan Tuman) :** Yes. It was decided in the Divisional Superintendent's Conference of 1958, that staff drawing higher pays but occupying lower type of quarters should be allowed higher type of quarters consistent with their financial status. The said decision is being implemented as and when higher type of quarters become availabe for allotment. As the availability of higher type of staff quarters on the railway is very limited, implementation of the decision is slow.

مسٹر حمزہ — کیا جناب وزیر ریلوے مجھے بتائیں گے کہ ادنیٰ درجہ کے ملازمین کے جو کوارٹرز اعلیٰ درجہ کے ملازمین یا افسروں کو دے گئے ہیں تو آپ نے ادنیٰ درجہ کے ملازمین کی رہائش کا انتظام کہاں کیا ہے ۔

**Mr. Senior Deputy Speaker :** That is not a supplementary question.

مسٹر حمزہ — جناب سپیکر - انہوں نے فرمایا ہے کہ چونکہ اعلیٰ درجہ کے افسروں کے لئے کوٹھیاں نہیں ہیں اس لئے ہم نے ادنیٰ درجہ کے ملازمین کی جو رہائش گاہیں تھیں ، ان میں ان افسروں کے لئے رہائش کا انتظام کیا ہے - میں ان سے پوچھتا ہوں کہ جو ادنیٰ درجہ کے ملازمین ہیں جن کی جگہ آپ نے اعلیٰ درجہ کے ملازمین کو دی ہے ایسی حالت میں ادنیٰ درجہ کے ملازمین کو کہاں accommodation دی ہے -

خان محمد یوسف خان—کیا جناب وزیر ریلوے یہ جانتے ہیں کہ کراچی کے ہائی کورٹ نے ایک فیصلہ کیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ ریلوے authorities پابند نہیں ہیں and they are not under any obligation کہ کس کو کون سا کوارٹر دیں اور کونسا کوارٹر کس کو نہ دیں - یہ ان کی اپنی رائے ہے -

مسٹر حمزہ — پوائنٹ آف آرڈر - جناب عرض یہ ہے کہ میں نے جو ضمنی سوال کیا ہے وہ بحیثیت ایک ممبر کے کیا ہے اور بحیثیت حمزہ کے سوال نہیں کیا - چاہے میں کسی پارٹی سے بھی تعلق رکھوں میرا یہ حق ہے کہ مجھے اس کا جواب دیا جائے - اگر ان کے پاس جواب نہیں ہے تو وہ کہہ دیں کہ اس کا جواب نہیں ہے - - - -

وزیر ریلوے — میں اس کا جواب عرض کرتا ہوں - - - -

مسٹر حمزہ ــ میں اس کا ذمہدار نہیں ہوں کہ ہائی کورٹ نے کیا فیصلہ کیا ہے ۔ خان محمد یوسف خان کو یہاں کا پرانا ممبر ہونے کی حیثیت سے روایات کا علم ہوگا ۔ اس سے میرا استحقاق ختم نہیں ہو جاتا ۔

وزیر ریلوے ــ میں آپ کا استحقاق ختم نہیں کرتا ۔

خان محمد یوسف خان ــ پوائنٹ آف آرڈر ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

وزیر ریلوے ــ لیجئے اب وہ پوائنٹ آف آرڈر کہکر کھڑے ہو گئے ہیں ۔ میں کیسے جواب دوں ۔

خان محمد یوسف خان ــ کنونشن اس ہاؤس کا اور پارلیمانی طریقہ یہی ہے کہ اگر کوئی وزیر جواب نہ دے تو اس کو مجبور نہیں کیا جا سکتا ۔ یا مجبور نہیں کر سکتے کہ اگر وہ خاموشی سے بیٹھا رہے تو اس کو اٹھایا جائے ۔

مسٹر سپیکر ڈپٹی سپیکر ــ آپ تشریف رکھیں ۔

وزیر ریلوے ــ جناب حمزہ صاحب کے لئے نہیں اعتراض کیا گیا ہے بلکہ جب کوئی معزز ممبر پوائنٹ آف آرڈر پر ہو یا کوئی آدمی تقریر کر رہا ہو یا کوئی جواب دے رہا ہو تو اس کو بیٹھ جانا چاہئے ۔

میں آپ کی اطلاع کے لئے عرض کروں کہ تیسرے پنجسالہ منصوبے میں ۷۰۰ کوارٹرز کا پراویژن کیا گیا ہے جس پر ایک کروڑ ۲۰ لاکھ روپے خرچ ہوں گے ۔ کلاس (۳) اور کلاس (۴) کے ملازمین کا جہاں تک ذکر ہے ان کے کوارٹر ۲ کمرے والے اور ایک کمرے والے ہوتے ہیں ۔ ان کے کوارٹروں اور افسروں کی کوٹھیوں میں فرق ہے ۔ اور ان میں وہ نہیں رہتے ہیں ۔ کلاس (۳) اور کلاس (۴) ملازمین کے کوارٹروں میں یہ ہوتا ہے فرض کیجئے کہ کسی کا promotion ہوتا ہے یا کہیں کوارٹر vacant ہوتا ہے اور جب وہ کوارٹر خالی کر دیا جاتا ہے تو دوسرے آدمی کو دے دیا جاتا ہے ۔ اسی طرح مختلف جگہوں پر خاص حالات ہوتے ہیں اور ان کے مطابق adjustment کیا جاتا ہے ۔

---

RAILWAYS QUARTERS NO. 27-A NEAR BURT INSTITUTE, LAHORE ALLOTTED TO MR. ABDUR RAHMAN, SUB-HEAD/HEAD CLERK, PERSONNEL BRANCH, HEAD-QUARTERS OFFICE, PAKISTAN WESTERN RAILWAY, LAHORE

*2726. **Mr. Munawar Khan :** Will the Minister of Railways be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that Q-29 type Railways Quarters No. 97-A near Burt Institute, Lahore, allotted to Mr. Abdul Rahim, Sub-Head/Head Clerk, Personnel Branch, Headquarters Office, Pakistan Western Railways, Lahore was not vacated by him on his transfer to Walton Training School, Lahore and the Divisional Superintendent Cantt., Lahore treated the

occupation of the said quarter by the said official during the period of his transfer as unauthorized ;

(*b*) whether it is a fact that afterwards the occupation of the said quarter by the said officials during the period of his said transfer was regularised by the Divisional Superintendent, Lahore ;

(*c*) whether it is a fact that permission for retention of the occupation of quarters while on transfer and also for the regularization of the allotment of said quarters is granted by the Chairman, West Pakistan Railway Board ;

(*d*) if answer to (*a*) to (*c*) above be in the affirmative ; whether the said Divisional Superintendent took permission of the said Vice-Chairman for regularizing the allotment of the said quarters to the said Mr. Abdur Rahim for the second time ; if not, ressons therefor ?

وزیر ریلوے (ملک محمد حیات خان تمن) ۔ (الف) جی نہیں ۔ مسٹر عبدالرحیم سب ہیڈ پرسنل برانچ ہیڈ کوارٹرز آفس لاہور کو اس کی والٹن ٹریننگ سکول تبدیلی پر ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ لاہور نے کوارٹر نمبر ۹۷ ۔ اے نزد برٹ انسٹیٹوٹ لاہور پرنسپل والٹن ٹریننگ سکول کی درخواست پر اس وقت تک جب تک اسے والٹن ٹریننگ سکول میں کوارٹر نہ ملے یہ کوارٹر رکھنے کی اجازت دی تھی ۔

(ب) ۔ جی نہیں ۔ کیونکہ مسٹر عبدالرحیم کو لاہور میں کوارٹر رکھنے کی اجازت دی گئی تھی لہذا اس کوارٹر کے قبضہ رکھنے کے لئے اجازت حاصل کرنے کا سوال پیدا نہیں ہوتا ۔

(ج) ۔ ڈویژنل سپرنٹنڈنٹس کوارٹروں پر تبدیلی کے دو ماہ بعد تک

قبضہ رکھنے کے لئے حکم دینے کے مجاز ہیں ۔ دو ماہ سے زائد عرصہ کے لئے ایسی صورت میں وائس چیئرمین کی منظوری حاصل کرنا ہوتی ہے ۔

(د) ۔ اس کوارٹر پر قبضہ رکھنے کے لئے مسٹر عبدالرحیم کے دو ماہ سے زیادہ مدت کے لئے غلطی سے ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ نے وائس چیئرمین کو نہیں لکھا ۔ اس غیر قانونی حرکت پر باز پرس کی جا رہی ہے ۔

---

AMOUNT PAID BY RAILWAY IN "CLAIMS COMPENSATION CASES" FROM APRIL, 1965 TO MARCH, 1966.

*2727. **Mr. Munawar Khan**: Will the Minister of Railways be pleased to state :—

(*a*) the amount paid by C-I, C-II and C-III Sections and Oil Section and Coal Section of Headquarters Office in "Claim Compensations Cases" during the period from April, 1965 to March, 1966 ;

(*b*) the average number of cases put up per day to Officers by each Sub-Head and Head Clerk in the said sections during March, April and May, 1966 ?

**Minister of Railways** (Malik Muhammad Hayat Khan Tuman) : (*a*) The amount of compensation paid by the various Sections during the period April, 1965 to March, 1966 is given below :—

| | |
|---|---|
| C-I Section. | Rs. 56,531/- |
| C-II Section. | Rs. 1,92,866/- |
| C-III Section. | Rs. 96,692/- |
| Oil & Coal Section. | Rs. 1,17,008/- |

(*b*) The required information is given in a statement at Appendix 'A'.

APPENDIX 'A'

Average number of cases put up per day to Officers by each Head Clerk and Sub-Head in the various Sections of Compensation Cell of Commercial Branch :—

| | March 1966 | April 1966 | May 1966 |
|---|---|---|---|
| **C-I Section.** | | | |
| Head Clerk | 12 | 13 | 15 |
| Sub-Head I | 20 | 17 | 20 |
| Sub-Head II | 15 | 13 | 19 |
| **C-II Section.** | | | |
| Head Clerk | 10 | 8 | 11 |
| Sub- Head | 8 | 5 | 6 |
| **C-III Section.** | | | |
| Head Clerk | 7 | 8 | 9 |
| Sub-Head | 11 | 9 | 15 |
| **Oil & Coal Section.** | | | |
| Head Clerk | 6 | 11 | |

RELAXATION IN EDUCATIONAL QUALIFICATIONS AND AGE-LIMITS FOR DIRECT RECRUITMENTS TO CLASS III MINISTERIAL POSTS

*2736. **Malik Miraj Khalid**: Will the Minister of Railways be pleased he state :—

(*a*) whether it is a fact that in special cases the Railway Administration grants relaxation in respect of prescribed educational qualifications and age-limit while making direct recruitments to Class III Ministerial posts ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, whether any incentive is given to Class IV Railways Staff to equip themselves with the prescribed educational qualifications to which extent these can be relaxed so that they could be appointed to Class III posts ?

**Minister of Railways** (Malik Muhammad Hayat Khan Tuman): (*a*) Yes.

(*b*) Ten per cent of Class III Ministerial posts are reserved for promotion of such of the Class IV Office staff who are Matriculates and have five years of service to their credit. As an incentive, the minimum educational qualification for promotion from Class IV to Class III Ministerial posts has been fixed as Matric III division, whereas in case of direct recruits, it is Matric II Division. Also relaxation in respect of prescribed age limit is permissible to Class IV staff, up to the age of 40 years.

---

LAYING OF DOUBLE TRACK FROM LAHORE TO RAWALPINDI RAILWAY STATION

*2757. **Mian Muhammad Shafi**: Will the Minister of Railways be pleased to state whether there is any scheme to lay out double track from Lahore to Rawalpindi Railway Station ; if so, the estimated cost thereof along with the time required for its implementation ?

**Minister for Railways** (Malik Muhammad Hayat Khan Tuman) : No. For the traffic offering there is no justification to double the railway line between Shahdara Bagh and Chaklala.

میاں محمد شفیع ــ لاھور اور راولپنڈی کے درمیان جو سفر کیا جا رھا ھے آج کل اس میں تکلیف محسوس ھو رھی ھے کیونکہ سٹیشنوں پر کراسنگ کی وجہ سے ایک ایک گھنٹہ گاڑیاں رکی رھتی ھیں ۔ کیا اس چیز کو دور کرنے کے لئے کوئی نیا انتظام کیا جا رھا ھے ؟

وزیر ریلوے ــ یہ تکلیف صرف ان دنوں میں محسوس کی جاتی تھی جب کہ ملٹری کے ٹریفک کی نقل و حرکت ھو رھی تھی۔ آج کل ایسی کوئی تکلیف نہیں ھے ۔

میاں محمد شفیع ــ میں آپ کو پچھلے ھفتہ کا واقعہ بیان کرتا ھوں کہ گجرات کے سٹیشن پر ڈیڑھ گھنٹہ گاڑی رکی رھی اور جب تک دوسری گاڑی ۔ پاس نہ کیا پہلی گاڑی بدستور رکی رھی اور اس کو چلنے کی اجازت نہیں دی گئی ۔ تو اس کا کیا انتظام کیا ھے ۔

وزیر ریلوے ــ ممکن ھے کہ گاڑی لیٹ ھو یا کسی دیری کی وجہ سے adjustment کرنے میں دیر لگی ھو ۔ لیکن جو ٹریفک ھے وہ اس چیز کا مقتضی نہیں کہ اس لائین کو ڈبل کیا جائے ۔

خان محمد یوسف خان ــ کیا یہ صحیح نہیں کہ لاھور اور

راولپنڈی کے درمیان اسی کراسنگ کی وجہ سے تمام گاڑیاں بالعموم لیٹ پہنچتی ہیں۔

وزیر ریلوے ــ جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے کہ ملٹری ٹریفک کی نقل و حرکت کی وجہ سے گاڑیاں لیٹ ہو رہی تھیں۔ لاہور اور شاہدرہ باغ تک ریلوے کی ڈبل لائین ہے اور آگے چک لالہ سے راولپنڈی تک ڈبل لائین ہے اور یہ جو سیکشن شاہدرہ باغ اور لالہ موسیٰ کے درمیان ہے اس کے متعلق ریل کے سروے کے مطابق ۱۹۷۵ء تک یہاں اتنی ٹریفک نہیں ہوگی کہ لائین ڈبل کی جائے۔ لیکن اگر ٹریفک اس رفتار سے بڑھتا رہا جیسا کہ ہو رہا ہے تو ہو سکتا ہے کہ یہ مسئلہ ۱۹۷۵ء کے بعد examine کیا جائے اور ڈبل لائین کی ضرورت پڑے۔

مسٹر حمزہ ــ کیا وزیر صاحب بتائیں گے جیسا کہ خان محمد یوسف صاحب نے فرمایا ہے کہ گاڑیوں کی کراسنگ کی وجہ سے بالعموم لاہور اور پنڈی کے درمیان گاڑیاں لیٹ ہوتی ہیں۔ اور آپ نے اپنی تقریر میں یہ فرمایا تھا کہ آپ کی ۸۳٫۷ فیصد گاڑیاں وقت پر پہنچتی ہیں۔ کیا یہ percentage جو آپ نے شمار کی ہے ان میں جو گاڑیاں تاخیر سے پہنچتی ہیں وہ بھی شامل ہیں؟

**Mr. Senior Deputy Speaker :** This is not a supplementary question. Mr. Hamza seems to be referring to his budget speech.

مسٹر حمزہ ــ ان کا یہ دعویٰ ہے کہ ۸۳٫۷ فیصد گاڑیاں

وقت پر پہنچتی ہیں اور یوسف خان صاحب کی طرف سے سرٹیفیکیٹ دیا گیا ہے کہ لاہور اور پنڈی کے درمیان گاڑیاں بالعموم تاخیر سے پہنچتی ہیں - میں پوچھتا ہوں کہ آپ نے جو اعداد و شمار دئے ہیں کیا وہ درست ہیں ؟

وزیر ریلوے — جناب یہ جو لیٹ کا ذکر ہو رہا ہے یعنی ۷، فیصد کا جو فرق پڑا ہے یہ انہی late comings کو cover کرنے کے لئے ہے -

---

INVITING FRESH TENDERS FROM RAILWAY BOOKING AGENCIES IN LAHORE CITY FOR BOOKING OF MATERIAL PRINTED BY GOVERNMENT PRINTING PRESS, LAHORE

*2758. **Rai Mansab Ali Khan Kharal** : Will the Minister of Railways be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the material printed by the Government Printing Press, Lahore, for out-station offices is booked through the Shahalam Market Railway City Booking Agency, Lahore ;

(*b*) whether it is a fact that the said Press is situated within the jurisdiction of the Railway Booking Agency situated on the Mall, Lahore ;

(*c*) whether it is a fact that the contractor of the Agency mentioned in (*a*) above made a representation in 1964 to the Chief Commercial Manager, P. W. R., against the booking of the said material through the Agency mentioned in (*a*) above and offered to book the said material at the rates lower than those charged by the Agency mentioned in (*a*) above for the booking of the said material ;

(*d*) whether it is also a fact that in May, 1964, the Controller, Government Printing Press, on a similar representation made to Secretary

to Government of West Pakistan, Industries Department asked the Chief Commercial Manager, P. W. R., to invite fresh tenders for acceptance from all the Railway Booking Agencies in Lahore City for the booking of the said material;

(*e*) whether it is a fact that no fresh tenders have so far been invited for the purpose mentioned in (*b*) above;

(*f*) if answer to (*a*) to (*e*) above be in the affirmative, (*i*) reasons for not inviting fresh tenders for the booking of the material mentioned in (a) above from the said booking Agencies so far; (*ii*) the officers responsible therefor, (*iii*) the action taken against him and (*iv*) in case, no action has been taken against the said officer, reasons therefor ?

وزیر ریلوے (ملک محمد حیات خان ٹمن) : (الف) - جی ہاں - چھپا ہوا مال شاہ عالم مارکیٹ کی سب ایجنسی سے جو سٹی بکنگ ایجنسی ہے اور سیکرٹریٹ پریس کے اندر واقع ہے بک کیا جاتا ہے -

(ب) - یہ سوال پیدا نہیں ہوتا - کیونکہ لاہور میں سٹی بکنگ ایجنسیوں کی کارکردگی کیلئے کوئی حد بندی مقرر نہیں ہے -

(ج) - ایک عرضداشت جولائی ۱۹۶۳ء میں اس ایجنسی کے ٹھیکیدار کی طرف سے موصول ہوئی تھی - جس کا ذکر حصہ (ب) بالا میں کیا گیا ہے تاکہ اسے گورنمنٹ پریس سے ملنے والے مال کو اپنی کارکردگی میں لینے کی اجازت دی جائے لیکن اس میں کوئی ایسی پیشکش نہیں تھی کہ وہ اس سامان کو اس نرخ سے جو اس ایجنسی کے لئے جس کا ذکر حصہ (الف) میں کیا گیا ہے کم نرخ پر بک کرے گا -

(د) ۔ جی نہیں کنٹرولر گورنمنٹ پرنٹنگ پریس نے چیف کمرشل منیجر پاکستان ویسٹرن ریلوے کو نئے ٹینڈر کا اعلان کرنے کے لئے نہیں کہا بلکہ اس نے پوچھا تھا کہ آیا ریلوے کو نئے نرخوں کی طلبی پر کوئی اعتراض تو نہیں ہے ۔

(ہ) ۔ جی ہاں ۔

(و) ۔ (i) نئے ٹنڈروں کا اعلان کرنے کی ضرورت نہیں سمجھی گئی ۔ کیونکہ موجودہ ٹھیکیدار کا کام حکومت مغربی پاکستان کی نظر میں تسلی بخش ہے ۔ اور اس کے نرخ بھی مناسب خیال کئے گئے ہیں ۔

(ii) جواب کے حصہ (و) (i) بالا کی وجہ سے کسی افسر کے خلاف کارروائی کرنے کا سوال پیدا نہیں ہوتا ۔ یہ فیصلہ کہ موجودہ ٹھیکیدار ہی کو اس کام میں لگا رہنے دیا جائے ۔ پاکستان ویسٹرن ریلوے نے جواب کے حصہ (و) (i) بالا کی بنا پر کیا تھا ۔

(iii) و (iv) جواب کے حصہ (و) (ii) بالا کی وجہ سے یہ سوالات پیدا نہیں ہوئے ۔

رائے منصب علی خان کھرل ۔ جواب کے حصہ (د) میں جناب وزیر ریلوے نے فرمایا ہے کہ چیف کمرشل منیجر نے پوچھا تھا

کہ fresh ٹینڈر invite کرنے میں کوئی اعتراض تو نہیں ہے ۔ اگر fresh ٹینڈر invite نہیں کرنے تھے تو میں پوچھتا ہوں کہ انکوائری کرنے کا کیا فائدہ تھا ۔

وزیر ریلوے ۔ جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے کہ جو آپ کے پرنٹنگ پریس کے انچارج ہیں ۔ ان کی طرف سے letters موجود ہیں کہ ٹھیکے داروں کا کام تسلی بخش ہے ۔ تو اس نے ایک دفعہ صرف یہ پوچھا کہ آپ کو نئے ٹینڈرز invite کریں ۔ میں اعتراض تو نہیں ہے تو انہوں نے کچھ نہیں کہا اور نہ پریس کیا ۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس کام سے ان کی تسلی تھی ۔

---

INTRODUCTION OF NEW RAIL CARS IN FORMER PROVINCE OF SIND

***2777. Kazi Muhammad Azam Abbasi :** Will the Minister of Railways be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that new rail cars have been imported from Japan; if so, (*i*) the number thereof; (*ii*) the time by which the said rail cars are scheduled to be put on rails and (*iii*) the routes on which the said rail cars are proposed to be introduced;

(*b*) whether it is a fact that during the last budget session he announced on the floor of the House that six rail cars out of those mentioned in (*a*) above, would be introduced in former Province of Sind;

(*c*) if answer to (*b*) above be in the affirmative, the exact date by which the said rail cars will start running in the said area and (*ii*) the routes selected for this purpose ?

وزیر ریلوے (ملک محمد حیات خان تمن) : (الف) ۔ جی ہاں ۔ ۳۴ ڈیزل ریل کاریں اور ۹۲ ٹریلرز کا آرڈر جاپان کو دیا جا چکا ہے ۔

(i) اس آرڈر کے تحت جاپان سے ایک نمونے کی ریل کار اور دو ٹریلرز اب تک موصول ہو چکے ہیں ۔

(ii) اس نمونے کی ریل کار اور ٹریلرز کی تجرباتی سروس جولائی ۱۹۶۶ء کے وسط سے شروع ہو جائے گی اور امید ہے کہ چھ ماہ سے بارہ ماہ تک جاری رہے گی ۔ تجرباتی سروس کی مسلسل کامیابی کے بعد ان سے مسلسل کام لیا جائے گا ۔ اور اسی وقت باقی ماندہ آرڈرز کی وصولی کے لئے احکامات جاری کر دیئے جائیں گے ۔ باقی ماندہ کی وصولی ۱۹۶۸ء کے اوائیل میں مکمل ہو جائے گی ۔ اور جیسے ہی وہ موصول ہوں گی ان سے فوراً کام لینا شروع کر دیا جائے گا ۔

(iii) مذکورہ ریل کاریں اور ٹریلرز کراچی ، سکھر اور راولپنڈی ڈویژنوں پر استعمال ہونگی اور انہیں لاہور سے چلنے والی گاڑیوں میں اضافہ کرنے کے لئے بھی استعمال کیا جائے گا ۔

(ب) ۔ ایسا کوئی اعلان نہیں کیا گیا تھا البتہ جاپان سے ریل کاریں

اور ٹریلرز موصول ہونے پر ریل کار سروس سابقہ صوبہ سندھ میں چلانے کی تجویز ہے ۔

(ج) ۔ (i) اوائیل ۱۹۶۸ء میں سابقہ صوبہ سندھ میں ریل کار سروس چلانے کی توقع ہے ۔

(ii) اس مقصد کے لئے صوبہ سندھ میں جو راستے منتخب کئے گئے ہیں ، درج ذیل ہیں ۔

روھڑی — خان پور

روھڑی — حیدرآباد

حیدرآباد — بدین

روھڑی — جیکب آباد — کشمور

روھڑی — دادو

قاضی محمد اعظم عباسی ۔ کیا وزیر صاحب یہ بتائیں گے کہ حیدرآباد اور کراچی کے درمیان ریل کار چلائی جائے گی یا نہیں ؟

وزیر ریلوے ۔ جناب جیسا کہ میں نے ذکر کیا ہے کہ کراچی ، سکھر اور راولپنڈی ڈویژنوں میں جہاں اس کی ضرورت محسوس کی جائے گی اس کو چلایا جائے گا ۔ سندھ کے متعلق آپ نے سوال پوچھا تھا ۔ تفصیل

میں نے آپ کی خدمت میں عرض کر دی ہے ۔

خان اجون خان جدون ۔ کیا پنڈی حویلیاں اور پشاور کے اور مردان کے درمیان ریل کار چلانے کی تجویز ہے ؟

وزیر ریلوے ۔ حویلیاں اور پشاور بھی میرے خیال میں راولپنڈی ڈویژن کا حصہ ہیں ۔

خان اجون خان جدون ۔ کیا آپ کے پاس راولپنڈی ڈویژن کے متعلق معلومات نہیں ہیں ؟

وزیر ریلوے ۔ دوسرا سوال بھیج دیں میں عرض کر دوں گا ۔ یہ سوال صرف سندھ کے متعلق پوچھا گیا تھا ۔ تو اس کے متعلق میں نے تفصیلات عرض کی ہیں ۔ آپ دوسرا سوال بھیج دیں تو میں اس کے متعلق عرض کر دوں گا ۔ ویسے تجویز یہ ہے کہ پنڈی ڈویژن جس میں پشاور اور مردان بھی شامل ہیں اور ریل کار کی جہاں جہاں ضرورت محسوس ہو رہی ہے یہ وہاں چلائی جائے گی ۔ اور اگر آپ اس بارے میں تفصیلات چاہیں تو اس کے متعلق سوال بھیج دیں تو عرض کر دیا جائے گا ۔

---

LAYING RAIL TRACKS BETWEEN UMERKOT TOWN AND MIRPURKHAS AND CHHORE RAILWAY STATIONS

*2819. **Rana Chandar Singh** : Will the Minister of Railways be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that Umerkot in Tharparker District being a historical place is visited by tourists;

(*b*) whether it is a fact that Umerkot Town is a centre for the sale of agricultural produce of the area;

(*c*) whether it is a fact that Umerkot Town is about 46 miles from Mirpurkhas and 12 miles from Chhore Railway Station;

(*d*) whether it is a fact that Umerkot Town is connected with Chhore and other towns by Katcha roads which remain cut off during monsoon;

(*e*) whether it is a fact that Umerkot Town is in the border area;

(*f*) whether it is a fact that on conversion of the meter gauge into broad gauge line between Hyderabad and Mirpurkhas, the meter gauge material on the said line would become surplus;

(*g*) if answer to (*a*) to (*f*) above be in the affirmative, whether Government intend to consider the advisability of laying rail tracks between Umerkot Town and Mirpurkhas and Chhore railway stations, and use the surplus material mentioned in (*f*) above ?

وزیر ریلوے (ملک محمد حیات خان تمن) : (الف) ۔ جی ہاں ۔ عمر کوٹ ایک تاریخی مقام ہے لیکن اس جگہ کو سیاح بہت کم دیکھتے ہیں ۔

(ب) جی ہاں ۔

(ج) جی ہاں ۔

(د) جي هاں ۔ سڑکیں جو عمر کوٹ شہر کو ملاتی ہیں ۔ مون سون

میں زیادہ بارش کے دوران گاڑیوں کی آمد و رفت کے لئے نا اہل ہو جاتی ہیں ۔

(ہ) جی نہیں ۔ عمر کوٹ شہر بارڈر سے کافی اندر واقع ہے ۔

(و) جی نہیں ۔ کارآمد میٹر گیج پر مائنٹ وے میٹیریل جو حیدرآباد میرپور خاص سیکشن سے حاصل ہو گا ، وہ دوسری میٹر گیج لائن اور نیرو گیج سیکشنوں پر پٹڑی کی ریل اور سلیپروں کی تبدیلی میں استعمال ہوگا ۔

(ز) جی نہیں ۔ ماضی میں عمر کوٹ کو ریل کے ذریعہ ملانے کے لئے معلومات نے یہ ظاہر کیا تھا کہ یہ منصوبہ مالی جواز نہیں رکھتا اگرچہ اس کے لئے فارغ شدہ سامان کیوں نہ استعمال کیا جائے ۔

**Rana Chandar Singh** : Will the Minister consider this proposal again to connect Umer Kot with the railway line ?

وزیر ریلوے ۔ ہمارے ہاں وقتاً فوقتاً جتنی سروے رپورٹس آتی ہیں ان کا مکمل ریکارڈ ہوتا ہے ۔ جب کبھی کسی نئی لائین کا منصوبہ تیار ہوتا ہے تو جتنے سروے ہوتے ہیں ان سب پر غور کیا جاتا ہے ۔

**Rana Chandar Singh** : Is it a fact that this survey was conducted before the broad guage line between Hyderabad and Mirpur was sanctioned ?

وزیر ریلوے ۔ سروے مختلف حصوں میں وقتاً فوقتاً جاری رہتا ہے ۔ اس سے ہم یہ فیصلہ کرتے ہیں کہ کسی علاقہ میں ریلوے

کی ضرورت ہے یا نہیں ۔ نئی لائین بنانے کا فیصلہ سروے کی ان تمام رپورٹوں کو سامنے رکھ کر کیا جاتا ہے ۔ جہاں ضرورت ہو وہاں لائین بنا دی جاتی ہے ۔

میر ولی محمد خان تالپور ۔ کیا وزیر صاحب یہ بتا سکتے ہیں کہ عمر کوٹ کے لئے کب سروے ہوئے ؟

مسٹر سنیئر ڈپٹی سپیکر ۔ یہ کوئی ضمنی سوال نہیں ہے ۔

**Rana Chandar Singh** : When was the survey regarding Umar Kot to be connected with the railway line conducted ? My question is whether it was conducted before the sanction of this line ?

وزیر ریلوے ۔ میں آپ کا سوال پورا پڑھ دوں اس کے جواب میں میں نے صرف پوزیشن عرض کی ہے کہ سروے جو ہے وہ ایسا عمل ہے جو جاری رہتا ہے اور ملک کے تمام حصوں کا کیا جاتا ہے ۔ عمر کوٹ کا بھی سروے کیا گیا کہ وہاں جو لائین بنی ہے اسے عمر کوٹ تک بڑھایا جائے ۔ اس کی ضرورت کس حد تک ہے یا ملک کے اور حصوں کی زیادہ ضرورت ہے ۔ یہ فیصلہ تمام سروے رپورٹوں کو سامنے رکھ کر کیا جاتا ہے ۔ فی الحال کشمور اور ڈیرہ غازی خان کا منصوبہ منظور کیا گیا ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جہاں تک مجھے علم ہے عمرکوٹ میں شہنشاہ اکبر پیدا ہوئے تھے ۔ موجودہ شہنشاہی دور اس دور سے کافی ملتا جلتا ہے ۔ اس لئے عمر کوٹ کو ضرور اہمیت حاصل ہو جانی چاہیئے ۔ کیا جناب

وزیر ریلوے عمر کوٹ کو ریل سے ملانے کا اس نکتہ نظر سے جائزہ لیں گے ؟

مسٹر سپیکر ڈپٹی سپیکر - یہ کوئی ضمنی سوال نہیں ہے -

حاجی سردار عطا محمد لنڈ - میں جناب وزیر ریلوے سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ جب سروے ہوتا ہے تو کیا اس کے لئے ایک پارٹی جاتی ہے یا علیحدہ علیحدہ دو پارٹیاں جاتی ہیں -

مسٹر سپیکر ڈپٹی سپیکر - اس کے لئے نیا سوال پوچھنا ہو گا -

میر ولی محمد خان تالپور - کیا دفاعی ضروریات اس بات کی متقاضی ہے کہ عمر کوٹ کو ریلوے سے ملایا جائے ؟

وزیر ریلوے - اگر ضرورت سمجھی جاتی تو محکمہ دفاع ہمیں ضرور لکھتا -

---

RESTORATION OF BOGIES DETACHED FROM AWAMI EXPRESS

*2826. **Sardar Muhammad Ishaq Khan** : Will the Minister of Railways be pleased to state—

(*a*) whether it is a fact that formerly three bogies used to be attached with Awami Express from Quetta to Lahore, Rawalpindi and Peshawar and back ;

(*b*) whether it is a fact that one bogie, out of those mentioned above, is no longer attached causing great hardships to the travellers for Lahore and onward stations and *vice versa* ; if so, the reasons therefor, if it has been done as a temporary measure, the date by which the third bogie would be restored ?

**Minister for Railways** (Malik Muhammad Hayat Khan Tuman) : (*a*) Yes. Three through carriages were formerly attached to Awami Express, out of which two were for service between Quetta and Lahore and one between Quetta and Peshawar.

(*b*) Of the two bogies running between Quetta and Lahore, one has been diverted for operation between Lahore and Karachi, as the service between Quetta and Lahore was not being sufficiently patronised. The census of passenger travelling by these through coaches indicated that they were running more than half empty. It, therefore, became necessary to take off one of the two and utilise it for a better purpose.

سردار محمد اسحاق خان ۔ میں جناب ریلوے منسٹر صاحب کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ میں نے خود تو عوامی ٹرین میں سفر نہیں کیا مگر یہ وہاں کے عوام کی شکایت ہے ان کے مطالبات کی بنا پر میں نے یہ سوال پوچھا ہے ۔ کیا منسٹر صاحب یہ مہربانی فرمائیں گے کہ اس لائین پر ایک بوگی زیادہ کردیں ۔ کراچی یا لاہور ریلوے لائین پر ایک بوگی سے کیا فرق پڑتا ہے ۔

وزیر ریلوے ۔ ہم مسافروں کا از نو سروے کرا لیتے ہیں ۔ اگر اتنے مسافر ہیں تو ہم یقیناً لگا دیں گے ۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ کیا جناب وزیر صاحب یہ بتائیں گے

کہ انہوں نے یہ اعداد و شمار موسم سرما میں حاصل کئے تھے یا موسم گرما میں کئے تھے ۔ کیونکہ موسم سرما میں کوئی آدمی ادھر نہیں جاتا ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ حاجی صاحب آپ یہ نہیں پوچھ سکتے ۔

مسٹر حمزہ ۔ میں جناب سردار محمد اسحاق خاں صاحب سے پوچھتا ہوں کہ وہ عوامی نمائندے ہیں لیکن . . . ؟

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ آپ ریلوے منسٹر صاحب سے سوال پوچھ سکتے ہیں ۔ ان سے نہیں پوچھ سکتے ۔

---

LAYING OF RAILWAY TRACK FROM KOT ADDU TO DERA GHAZI KHAN VIA TAUNSA HEADWORKS FROM DERA GHAZI KHAN TO KASHMORE

*2847. **Sardar Manzoor Ahmad Khan Qaisrani** : Will the Minister of Railways be pleased to state the approximate time by which the work of laying the railway track from Kot Addu to Dera Ghazi Khan *via* Taunsa Headworks and from Dera Ghazi Khan to Kashmore is expected to be completed ?

**Minister of Railways** (Malik Muhammad Hayat Khan Tuman) : The current year's allocation for the construction of rail link between Kot Adu and Dera Ghazi Khan *via* Taunsa Head Works has been increased from Rs. 50 lakh to Rs 90 lakh in order to accelerate the progress on this work and it is expected that this rail link will be completed by December 1967. As regards the railway line from Dera Ghazi Khan to Kashmore, formal sanction of the competent authority is awaited. The work is programmed to be completed in a period of three years from the time it is taken in hand on receipt of the sanction. In order to proceed with the construction

as soon as the formal sanction is received, preparatory work is being carried out in anticipation and a provision of Rs. 2 crores has been made on Dera Ghazi Khan-Kashmore Railway during the coming years.

---

LACK OF ACCOMMODATION IN MEHRAN EXPRESS RUNNING BETWEEN HYDERABAD AND KARACHI

*2919. **Kazi Muhammad Azam Abbasi** : Will the Minister of Railways be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that Mehran Express running between Hyderabad and Karachi is always over-crowded ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, whether Government intend to attach more bogies to the said train ;

(*c*) if answer to (*b*) above be in the affirmative, the time by which it is likely to be done, and if not, reasons therefor ?

**Minister of Railways** (Malik Muhammad Hayat Khan Tuman) : (*a*) No. There was, however, over-crowding on Mehran Express for a short period following the cancellation of 33 up/34 Down Karachi-Lahore passenger train, which was necessitated on account of the recent Indo-Pakistan hostilities. The said passenger train has since been restored and composition of Mehran Express augmented. Consequently the over-crowding has much eased.

(*b*) In view of the answer to (*a*) above, the need to attached additional carriages does not arise for the present, but if in future the situation demands then the composition will be suitably augmented.

(*c*) As and when the situation requires the composition will be augmented by attaching an additional third class coach.

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ جناب والا ۔ میں جناب وزیر ریلوے سے پوچھتا ہوں کہ مسافر گاڑیوں میں ۱۲ مسافروں کی بجائے ۲۴ مسافر بیٹھتے ہیں ۔ کیا اس کو آپ بھیڑ نہیں سمجھتے ؟

وزیر ریلوے ۔ جناب والا ۔ میں نے سوال نہیں سمجھا ہے ۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ جناب والا ۔ میں وضاحت سے سوال سمجھاتا ہوں ۔ جناب والا ۔ جس ڈبے میں ۲۴ مسافروں کی گنجائش ہے وہاں ۷۲ مسافر بیٹھتے ہیں تو کیا اتنے لوگوں کے لئے آپ ایک ڈبہ میں گنجائش سمجھتے ہیں ؟ کیا اس میں اور ڈبے شامل کریں گے ؟ ( قہقہے قطع کلامیاں )

میر ولی محمد خان تالپور ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ میرا پوائنٹ آف آرڈر یہ ہے کہ اگر ایک ممبر کوئی بات اردو میں سمجھا نہیں سکتا تو اس کو چاہئے وہ سندھی میں بات کرے تاکہ وہ اپنا مفہوم سمجھا سکے ۔

مسٹر سپیکر ڈپٹی سپیکر ۔ یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے ۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ جناب سپیکر ۔ میری عرض یہ ہے کہ میں نے پہلے کہا تھا کہ ایک ڈبے میں ۱۲ کی بجائے ۲۴ مسافر بیٹھتے ہیں ۔ لیکن وزیر صاحب نے کہا کہ میں سوال نہیں سمجھا ۔ اس لئے ان کو

ٹھیک بتانے کے لئے میں ۔' کہا ہے کہ ۴۲ کی بجائے ۷۲ مسافر بیٹھتے ہیں ۔ کیا یہ ریلوے کا جو سروے ہوا ہے صحیح ہے اور زیادہ ڈبوں کی ضرورت نہیں ہے ؟

وزیر ریلوے ۔ جناب والا ۔ میں نے حاجی صاحب کو جو دوبارہ تکلیف دی ہے وہ اس لئے دی ہے کہ میں یہ سمجھا تھا کہ آپ نے یہ فرمایا ہے کہ ۴۲ مسافروں کی بجائے ۱۲ مسافر ڈ۔ میں بیٹھتے ہیں ۔ اور اسے ہم بھیڑ نہیں کہہ سکتے ۔ اب ان کا مطلب سمجھ گیا ہوں لیکن الفاظ نہیں سمجھ سکا ۔

جناب والا ۔ اس کے متعلق گزارش یہ ہے کہ جہاں کہیں بھی جتنی capacity ہوتی ہے اگر اس سے زیادہ مسافر کسی گاڑی میں کچھ وقت کے لئے سفر کریں تو اسے سمجھا جاتا ہے کہ یہ بھیڑ ایک یا دو دن کے لئے ہے ۔ اگر کسی گاڑی میں عید کی وجہ سے یا کسی میلے کی وجہ سے یا کسی عرس کی وجہ سے بھیڑ ہو تو اسے بھیڑ نہیں سمجھتے ۔ اگر متواتر ۱۵ دن ، یا ایک مہینہ یا دو مہینے کسی گاڑی میں بھیڑ ہو تو اسے ٹیکنیکل اصطلاح میں بھیڑ سمجھا جاتا ہے تو اس وقت سواریوں کو لے جانے کا مزید انتظام کیا جاتا ہے ۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ جناب والا ۔ وزیر صاحب نے سوال کا مطلب یہ سمجھا ہے کہ قاضی محمد اعظم عباسی صاحب نے دو دن کی بھیڑ کے متعلق سوال کیا ہے ۔ جناب والا ۔ انہوں نے دو مہینے کی بھیڑ

کو دیکھنے کے بعد سوال کیا ہے -

مسٹر سپیکر ڈپٹی سپیکر - یہ کوئی ضمنی سوال نہیں -

---

APPOINTMENT OF QARIS IN RAILWAY SCHOOLS

*3050. **Chaudhri Anwar Aziz** : Will the Minister of Railways be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that advertisement for appointment of two qualified Qaris in the P. W. R. High School, Lahore and Saint Andrews School, Lahore was published by the Railway Administration in April, 1964 ;

(*b*) whether it is also a fact that these posts have since been abolished under instructions from the Education Department and Qaris have not been appointed in the said school, so far ;

(*c*) whether it is a fact that the stress is being given by public for the teaching of Holy Quran with correct accent and pronuciation in the said Schools; if so, the action intended to be taken by Government in this behalf ;

(*d*) whether it is a fact that trained teachers appointed in the Railway Schools for teaching Holy Quran are not Qaris and as such they cannot teach their pupils Quran Nazira with correct accent and pronunciation, if so, the steps Government intend to take to replace them with qualified Qaris ?

(*e*) the names of teachers serving in the Railway Schools ; if any, who are Qaris ?

**Minister of Railways** (Malik Muhammad Hayat Khan Tuman). (*a*) Yes.

(*b*) Yes. The proposal to appoint Qaris has been dropped in accordance with the Government's instructions, and the teaching of Holy Quran has been entrusted to the Islamiat teachers employed in the two Railway Schools under reference.

(*c*) No. There has been no complaint about standard of teaching by the Islamiat teachers in respect of accent or pronunciation.

(*d*) It is correct that the teachers entrusted with the work of teaching the Holy Quran are not Qaris, but they are qualified for carrying out the work satisfactorily. Consequently, there is not sufficient justification to appoint Qaris.

(*e*) None.

---

## Laying of a railway line from Tando Muhammad Khan to Mughalbhin *via* Mirpur Bathoro and Sujawal Towns of Shah Bunder Sub-Division

*3054. **Syed Sher Ali Shah** : Will the Minister of Railways be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that Tando Muhammad Khan in Hyderabad District is not connected by Railway with any important towns of Shah Bunder Sub-Division of Thatta District ;

(*b*) whether it is a fact that there was a proposal to lay a railway line from Tando Muhammad Khan to Mughalbhin *via* Mirpur Bathoro and Sujawal Town of the said Sub-Division ;

(*c*) whether it is also a fact that the Railway Department had incurred sufficient amount on the earthwork of the proposed railway line ;

(*d*) if the answers to (*a*) to (*c*) be in the affirmative (*i*) the amount spent on the earthwork and (*ii*) the actual mileage wherein the earth work was done ;

(*e*) whether it is a fact that the said scheme has since been abandoned ; if so, reasons therefor ?

**Minister of Railways** (Malik Muhammad Hayat Khan Tuman) : (*a*) Yes.

(*b*) Yes.

(*c*) **Yes.** A considerable expenditure was incurred on the earthwork of the proposed railway line.

(*d*) (*i*) The amount spent on the earthwork was Rs. 2,70,000.

(*ii*) The earthwork was done during the period December 19.2 to March 1953 over a total length of 16.10 miles at different milages as show in Annexure 'A'.*

(*e*) Yes, the project was abandoned in 1953 due to financial stringency.

Fresh investigations in 1962-63 on the basis of prevailing cost, indicated that the project was not financially viable. For this reason, the project has remained abandoned.

---

LINKING OF AMRUKA RAILWAY STATION VIA HEAD SULEMANKI WITH WASAVEWALA RAILWAY STATION

*3065. **Pir Muhammad Zaman Chishti** : Will the Minister of Railways be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that survery for linking the Amruka Railway

*Please see Appendix V at the end.

Station *via* Head Sulemanki with Wasavewala Railway Station by Rail has already been completed ;

(*b*) whether it is a fact that budgetary provision has also been made for the implementation of the said scheme ;

(*c*) if answer to (*a*) and (*b*) above be in the affirmative, the likely date by which the said scheme would be implemented ?

**Minister of Railways** (Malik Muhammad Hayat Khan Tuman) : (*a*) Yes.

(*b*) Yes. The provision for the work programmed to be done in 1966-67 has been made in the Annual Development Programme of that year, in anticipation of National Economic Council's approval of the project.

(*c*) The project is awaiting approval of the National Economic Council. The work will be taken in hand in the year 1966-67, on receipt of this approval and is expected to take 2½ years to complete subject to funds being made available.

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ جناب والا ۔ کیا میں وزیر ریلوے سے یہ پوچھ سکتا ہوں کہ اس سے پہلے جو سوال تھا اس میں کہا گیا ہے کہ سن ۱۹۶۳ میں ۲ لاکھ سے زیادہ خرچ ہوا ہے اور وہاں آپ کوئی نئی سکیم بھی شروع کر رہے ہیں ۔ کیا یہ دوسری سکیموں سے زیادہ ضروری ہے ؟

وزیر ریلوے ۔ جناب والا ۔ یہ نئی سکیم جو ہے یہ بڑی ضروری ہے ۔ نئی سکیم اوراس سروے سے یہ مطلب ہے کہ کئی سال سے یہ مسئلہ زیر غور تھا لیکن فنڈز کی کمی کے باعث یہ کام نہ ہو سکا ۔ اگر آپ کبھی سابقہ بہاول پور

سٹیٹ یعنی بہاول نگر اور بہاول پور کے اضلاع میں سفر کریں تو ریل سے آپ محسوس کریں گے کہ وہاں دو متوازی لائنیں چلتی ہیں ۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ کے درمیان سفر کو آپ محسوس کریں گے کہ ۵۰—۶۰ میل سے جا کر واپس آنا پڑتا ہے ۔ اس کے لئے بڑی ڈیمانڈز تھیں اس لئے اس کے لئے روپیہ رکھا ہے ۔ یہ لنک بڑا ضروری تھا ۔

چودھری عبدالغنی ۔ کیا وزیر ریلوے اس امر کی وضاحت فرمائیں گے کہ ضلع بہاول پور میں کوٹ عباس بڑی منڈی ہے ۔ کیا آپ سڑک کے ساتھ ساتھ ریلوے لائین بنانے کا ارادہ رکھتے ہیں کیونکہ وہاں پتھر وغیرہ تھے جو موجودہ ہنگامی حالات میں ختم ہو گئے ۔

وزیر ریلوے ۔ جناب والا ۔ اس کے لئے علیحدہ سوال دے دیں یا اپنی تجاویز ہمیں بھجوا دیں ہم دیکھ لیں گے ۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ جناب والا ۔ کیا میں وزیر ریلوے سے پوچھ سکتا ہوں کہ ضروری لائین آپ اس کو سمجھتے ہیں جو بارڈر سے تعلق رکھتی ہو ۔ دوسرے آپ اس کو ضروری سمجھتے ہیں جہاں کسی وزیر کا محل یا بنگلہ ہو ۔ آپ ضروری کس لحاظ سے سمجھتے ہیں ؟

وزیر ریلوے ۔ جناب والا ۔ میں اپنی پوزیشن بیان کرتا ہوں کہ جہاں میری بستی ہے وہاں کوئی ریلوے لائین نہیں ہے ۔ میں وہاں کا سروے کراتا ہوا ڈرتا ہوں کیونکہ میں وزیر ہوں ۔ ورنہ سب سے

زیادہ ضرورت مجھے ہے ۔ دوسرے جہاں تک میرا خیال ہے کسی وزیر کے بنگلہ تک ریلوے لائین نہیں جاتی ۔ تیسرے جس علاقہ کے لئے یہ روپیہ مختص کیا گیا ہے اس علاقہ سے کوئی وزیر نہیں ہے ۔

**Mr. Senior Deputy Speaker** : The Question Hour is over.

---

## SHORT NOTICE QUESTION AND ANSWER

**Mr. Senior Deputy Speaker** : There is a Short Notice Question from Khan Ajoon Khan Jadoon. The Member may please read out his question.

### Cash relief Sanctioned for war affected people of Lahore, Sialkot, Tharparkar, Peshawar and Kohat Districts.

***3149. Khan Ajoon Khan Jadoon** : Will the Minister of Revenue and Rehabilitation be pleased to state the amount of cash relief sanctioned for War affected people of Lahore, Tharparkar, Peshawar and Kohat Districts, respectively, alongwith the total amount so far disbursed to them in each District and the agencies through which these amounts are being disbursed?

**Parliamentary Secretary** (Mr. Abdul Qayyum) : The district-wise details of allocation and expenditure upto 31st May, 1966, are given below :—

| Name of district | Allocation | Expenditure |
|---|---|---|
| | Rs. | Rs. |
| Lahore | 1,71,00,000 | 1,69,21,967 |
| Sialkot | 3,77,70,000 | 3,04,07,826 |
| Tharparkar | 5,50,000 | 4,10,320 |

| | | |
|---|---|---|
| Peshawar | 37,000 | 37,000 |
| Kohat | 55,000 | 28,700 |

The disbursement was made by the Deputy Commissioners, assisted by the local revenue and other officials and Advisory Committees, comprising the local Basic Democrats and other public representatives.

**Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak** : May I know on what basis was this allocation made ?

**Parliamentary Secretary** : یہ ضرورت کے مطابق کیا گیا تھا I mean the amount of relief that was necessitated by the war. So the amounts were determined on that basis.

**Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak** : Was it on the basis of the damage or losses sustained or was it an arbitrary figure ?

**Parliamentary Secretary** : Certainly on the basis of the loss sustained. It was not arbitrary at all.

**Minister of Revenue** (Khan Habibullah Khan) : It may be made clear to the Member that it is not compensation for the actual losses suffered by anybody. It is only a relief which is given to the people. There is a scale for the payment of this relief. If you want details thereof I can give you.

خان اجون خان جدون ۔ جناب والا ۔ یہ جو allocation کی گئی ہے ۔ آپ نے یہ فرمایا ہے کہ یہ aid ہے ۔ and it is not actual compensation تو جتنا نقصان ان لوگوں کا ہوا ہے کیا اس relief کو ان کے لئے کافی سمجھا گیا ہے ۔ اور جو لوگ رہ گئے ہیں کیا ان کو relief دی

جائے گی ۔ کیونکہ ایسے لوگ بھی ہیں کہ جن کو ابھی تک relief نہیں ملی ہے ۔

**وزیر مال** ۔ ایسے لوگ تو کوئی بھی نہیں ہیں کہ جن کو relief نہ ملی ہو ۔ میں نے آپ کو بتایا ہے کہ compensation تو ہے نہیں ۔ کیونکہ اگر کسی کے پانچ لاکھ کے بنگلے پر بم گرنے سے نقصان ہو گیا تو اب ان کو پانچ لاکھ روپے تو نہیں دیئے جا سکتے ۔ ہم نے ایک پالیسی مرتب کی ہے کہ اگر شہری علاقے میں کوئی متاثرہ لوگ ہوں تو ان کے لئے ہزار روپے رکھے گئے ہیں اور اگر نقصان دیہی علاقے میں ہو تو اس کے لئے چھ سو روپے رکھے گئے ہیں ۔ ہم ان کو ان کے نقصان کا معاوضہ نہیں دے رہے ہیں بلکہ ایک طرح کی امداد ہے کہ وہ اپنے پاؤں پر کھڑے ہو سکیں ورنہ ان کے اصل نقصان کی تلافی کے لئے تو پاکستان کا بجٹ بھی کافی نہیں ہو سکتا ۔ جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے کہ لوگ رضاکارانہ طور پر ان کو امداد دیں ۔ اور انسان دوست اور مخیر حضرات اور اس قسم کی دوسری ایجنسیاں ہمیں تھوڑی بہت امداد دے بھی رہی ہیں تاکہ وہ متاثرہ لوگ اپنے پاؤں پر کھڑے ہو سکیں ۔

**مسٹر محمود اعظم فاروقی** ۔ میں یہ معلوم کرنا چاہتا تھا کہ تھرپارکر کے علاقے میں بہت سے لوگ زبردستی ہندوستان کے علاقے سے بھیج دئیے گئے تھے تو یہ پانچ لاکھ روپے کی رقم جو منظور کی گئی تھی کیا ان کی آبادکاری کے لئے بھی یہی رقم تھی ۔ ۔ ۔

وزیر مال ۔ ان کے متعلق آپ نے الگ سوال کیا ہے ۔ اور اس کا جواب بھی الگ ہی دیا جائے گا ۔ آپ کو معلوم ہونا چاہئیے کہ دو قسم کے displaced persons ہیں ۔ ایک تو وہ پاکستانی ہیں جن کو جنگ کی وجہ سے نقصان پہنچا ہے اور جن کا تذکرہ بار بار یہاں پر کیا گیا ہے اور آج بھی اس سلسلے میں یہاں پر سوال پوچھا گیا ہے ۔ اور دوسرے وہ ہندوستانی مسلمان ہیں کہ جن کو جنگ کی وجہ سے ہندوستان سے دھکیل کر پاکستان بھیجا گیا ہے جیسا کہ تھرپارکر میں ہندوستانی مسلمان یہاں پر آئے ہیں اور جنہیں ہندوؤں نے زبردستی ہندوستان سے نکال کر پاکستان بھیجا ہے ۔ ان کے لئے الگ سکیم ہے ۔ اور اس کے متعلق آس سوال میں جواب دے دیا جائے گا ۔

**Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak** : We entirely agree that the national resources are not enough to cover such emergencies and such eventualities. Our national resources are not enough to meet all the expenses of the damage that has been caused. Now, that this has become a permanent feature would you consider a National Insurance Scheme in order to enable the Government to meet the demands of the poor citizens who are incapable of building up their own properties with the very meagre funds made available by the Government.

**Minister of Revenue** : This will be considered.

**Mr. Senior Deputy Speaker** : This is a suggestion.

خان اجون خان جدون ۔ جناب والا ۔ یہاں پر کل allocation پچپن ہزار روپے بتائی گئی ہے لیکن کل ادائیگی اٹھائیس ہزار سات سو روپے دکھائی گئی ہے ۔ اس کی کیا وجہ ہے ؟

وزیر مال ۔ جناب والا ۔ کل allocation پچپن ہزار روپے ہے ۔ اور اس وقت تک جو ادائیگی کی گئی ہے وہ اٹھائیس ہزار سات سو رو۔ پ کی جا چکی ہے ۔ باقی روپے کی ادائیگی نہ ہونے کی وجہ اگر آپ قلیل المہلت سوال دے کر معلوم کریں تو بتا دوں گا ۔ لیکن معلوم ایسا ہوتا ہے کہ بعض اوقات جن لوگوں کے گھر برباد ہو جاتے ہیں وہ وہاں سے کہیں اور چلے جاتے ہیں اور اس وجہ سے وہ وقت پر کلیم داخل نہیں کر سکتے ۔ اس لئے ان کو ابھی تک ادائیگی نہیں ہوئی ہو گی ۔ اس لئے آپ اطمینان رکھیں ادائیگی سب کو ہی ہو گی ۔ البتہ اب تک جن لوگوں کو ادائیگی نہیں ہو سکی یہ ان کی اپنی ہی وجہ سے نہ ہو سکی ہوگی ۔

---

## ANSWERS TO STARRED QUESTIONS LAID ON THE TABLE

### Enhancement of Pay Scales of Grade II Railway Department

*3113. **Rais Haji Darya Khan Jaibani** : Will the Minister of Railways please refer to the answer to supplementary question to Starred Question No. 5504 given on the floor of the House on 6th March 1964 and state:—

(*a*) whether the case of office Clerks Grade II of Railway Department has since been examined ; if so, the steps being taken in this behalf ;

(*b*) the number of Grade II Office Clerks at the maximum of Rs. 225 in their pay scale of Rs. 125—255 on 1st June 1966, in the executive side of Pakistan Western Railway Divisions and in different Branches of Headquarters Office, Lahore, along with the length of their service and dates of their appointments ;

(*c*) the number of Clerks in other different grades separately in the executive side of the Railway Divisions and in the said Branches who were drawing the maximum in their respective pay scales on the said date ;

(*d*) whether it is a fact that in reply to Chairman, Railway Board's letter No. 170-E/101-II (E-IV/B), dated 16th July 1965, all the Divisional Superintendents including the Assistant Works Manager, Jhelum and the Divisional Superintendent (Workshops), Moghalpura, admitted that Office Clerks Grade II in their respective offices were performing the duties of Disposal Clerks and their claim for the enhancement of their pay scale from Rs. 125—225 to Rs. 175—350 was considered justified ;

(*e*) if answer to (*d*) above be in the affirmative, the steps being taken for enhancing the pay scale of Grade II Clerks working in the said offices and in the Headquarters Office, Lahore ;

(*f*) whether the scale of Rs. 125—225 prescribed for clerks Grade II of Railway Department also exists in other Provincial Government Departments ; if not, reasons for not considering the equalisation of pay scales for the Disposal Clerks Grade II of Railway Department, so far ?

**Minister of Railways** (Malik Muhammad Hayat Khan Tuman) : The required information is being collected and it will be placed on the Table of the House in due course.

---

REVISED PAY SCALES OF RAILWAY EMPLOYEES

*3133. **Kazi Muhammad Azam Abbasi** : Will the Minister of Railways be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the pay scales of Railway employees were revised with effect from 1st December 1962 ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, (*i*) the categories of Railway employees whose pay has not so far been fixed in the revised pay scale, (*ii*) the categories of railway employees whose pay has been fixed in the revised pay scale ; but they have not so far been paid their revised pay and (*iii*) the action Government intend to take to expedite their cases ;

(c) whether it is a fact that the pay of Mr. Amin-ud-Din, Assistant Inspector, Traffic, Pakistan Western Railway Headquarters' Office, Lahore, was fixed in the revised pay scale and a notification to this effect was published in the extraordinary issue of the *Gazette of West Pakistan*, dated 19th July 1963, but the said official has not yet been paid his revised pay ; if so, reasons therefor ?

وزیر ریلوے (ملک محمد حیات خان تمن) : (الف) ۔ جی ہاں ۔

(ب) ۔ (i) مطلوبہ اطلاع منسلکہ گوشوارہ (الف) میں دی گئی ہے ۔ *

(ii) کوئی نہیں ۔

(iii) مناسب کنسالیڈیٹڈ تنخواہوں کے سکیل کا سوال ان ملازمین کے لئے جو ابھی ان سکیل میں شامل نہیں کئے گئے، شدت سے زیر غور ہے ۔

(ج) ۔ مسٹر امین الدین سسٹنٹ ٹریفک انسپکٹر کی مقررہ تنخواہ ایک سو پچیس تا دو سو پچیس روپیہ ہے اور اس سکیل کے برابر کا سکیل کنسالیڈیٹڈ تنخواہ کے سکیل میں ابھی مقرر نہیں کیا گیا ہے ۔ کنسالیڈیٹڈ تنخواہ کا دو سو پچیس تا چار سو روپیہ کا سکیل جو پی۔ڈبلیو۔آر کے خصوصی گزٹ مورخہ ۱۹ جولائی ۱۹۶۳ء میں چھپا برائے اسسٹنٹ ٹریفک انسپکٹر ایک سو ساٹھ تا دو سو پچاس روپیہ کی پرسکرائیبڈ تنخواہ والوں کے لئے تھا لہذا کنسالیڈیٹڈ کا دو سو پچیس تا چار سو روپیہ والا سکیل مسٹر امین الدین

*Please see Appendix VI at the end.

کو نہیں مل سکتا ۔

---

NON-GAZETTED (CLERICAL) POSTS IN STORES BRANCH

*3134. **Kazi Muhammad Azam Abbasi** : Will the Minister of Railways be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that certain additional Gazetted and Non-Gazetted (Clerical) posts were created at the time of bifurcation of the Stores Branch of the Railway Headquarters Office, Lahore ;

(*b*) whether it is a fact that all Gazetted posts out of the said posts have been made permanent ;

(*c*) whether it is also a fact that the Non-gazetted posts out of the said posts have not so far been made permanent ;

(*d*) if answer to (*c*) above be in the affirmative, reasons therefor and the time by which these Non-gazetted posts are likely to be made permanent ?

وزیر ریلوے (ملک محمد حیات خان تمن) ۔ (الف) ۔ جی ہاں ۔

(ب) ۔ جی نہیں ۔ تمام آسامیاں تا حال مستقل نہیں کی گئیں ۔

(ج) ۔ جی ہاں ۔

(د) ۔ غیر گزیٹڈ آسامیوں کو مستقل کرنے کا سوال زیر غور ہے اور اس بارے میں آخری فیصلہ عنقریب ہو جائے گا ۔

---

DOWN-GRADING OF POST OF CHIEF CASHIER AND TREASURER

*3135. **Kazi Muhammad Azam Abbasi**: Will the Minister of Railways be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the post of Chief Cashier and Treasurer was Class I post prior to 1961 when its last incumbent was Mr. S. M. Hameed ;

(*b*) whether it is a fact that thereafter the abovesaid post was down-graded and Mr. Muhammad Alam (present Chief Cashier and Treasurer) who was not eligible for promotion to a Class I post was promoted to the said post ;

(*c*) if answer to (*a*) and (*b*) above be in the affirmative, reasons for the down-grading of the said post ?

**Minister of Railways** (Malik Muhammad Hayat Khan Tuman): (*a*) The correct position is that the prior to 1961 the post of Chief Cashier and Treasurer was a Miscellaneous post in the senior scale in the Superior Services of Railway Accounts Department. The incumbent of this post was Mr. S. M. Hameed.

(*b*) In August 1961 the post of Chief Cashier and Treasurer in the senior scale was held in abeyance under the orders of the Central Government, and in lieu a temporary post of Chief Cashier and Treasurer in Assistant Accounts Officer's grade in Class II with a special pay of Rs. 50 per month was created. This newly created post was filled in by Mr. Muhammad Alam, Assistant Treasurer, Cash and Pay Office, Lahore, under the orders of the Central Government. It is correct that Mr. Muhammad Alam was not eligible for promotion to Class I post.

(*c*) As already stated in reply to (*b*) above, the post of Chief Cashier and Treasurer's post in the senior scale in the Superior Service of Railway Accounts Department was held in abeyance under the orders of the Central

Government. The reasons for these orders were not communicated by the Central Government.

---

LAYING OF RAILWAY TRACK FROM MUZAFFARGARH TO ALIPUR *via* PANJNAD

*3168. **Sheikh Fazal Hussain** : Will the Minister of Railways be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that survey for laying of rail track between Muzaffargarh and Alipur *via* Panjnad was completed some time ago ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, further steps Government intend to take in this regard ?

**Minister of Railways** (Malik Muhammad Hayat Khan Tuman) : (*a*) Yes.

(*b*) The results of the survey indicated that the proposed rail between Muzaffargarh and Alipur, *via* Panjnad was not financially justified, and therefore, the matter was dropped.

However, a project for acquisition of the existing siding of Irrigation Department between Dera Nawab Sahib and Panjnad, and making it fit for passenger and goods traffic, has been finalized and included in the Third Five Year Plan. It will be implemented after receipt of the approval of the competent authority as and when the requisite funds are allocated.

---

SELECTION TEST FOR III GRADE RAILWAY DRIVERS

*3169. **Khan Malang Khan** : Will the Minister of Railways be pleased to state :—

(*a*) the names and qualifications of the candidates who appeared in the selection test held for III Grade Railway Drivers in December 1965 and the names of those who were selected ;

(*b*) whether it is a fact that the selected persons were not qualified for the appointment to the said posts ; if so, reasons for their selection ?

**Minister of Railways** (Malik Muhammad Hayat Khan Tuman) : (*a*) The selection in question was held in December 1965 and not November 1965. Names and qualifications of the candidates who appeared in the selection are shown in the statement at Annexure 'A'. *Names of those who were placed on the approved panel as a result of this selection are shown in the statement at Annexure 'B'.*

(*b*) No. The selected candidates were duly qualified.

---

## WEST PAKISTAN BUDGET (RAILWAY) 1966-67

## DISCUSSION ON EXPENDITURE CHARGED UPON THE PROVINCIAL CONSOLIDATED FUND (RAILWAY)

**Mr. Senior Deputy Speaker** : Now, the House will take up the Order of the day. The first item is : Discussion on expenditure charged upon the Provincial Consolidated Fund (Railway).

(a short pause)

It seems nobody wants to discuss charged expenditure. In that case we will move on to the next item.

---

*Please see Appendix VII at the end.

## DISCUSSION OF DEMANDS FOR GRANTS FOR EXPENDITURE OTHER THAN NEW EXPENDITURE (RAILWAY)

**Mr. Senior Deputy Speaker :** The House will now discuss Demands for expenditure other than New Expenditure (Railway). There is a cut motion in respect of Demand No. 1 from Malik Muhammad Akhtar. The Member may please move his motion.

**Malik Muhammad Akthar :** I move :

That the total of Rs. 8,21,44,000 on account of Ordinary Working Expenses—General Administration—Total Other Expenditure—Recurring—Other than New Expenditure be reduced by Rs. 8,21,43,999

**Mr. Senior Deputy Speaker :** Motion moved is :

That the total of Rs. 8,21,44,000 on account of Ordinary Working Expenses—General Administration—Total Other Expenditure—Recurring—Other than New Expenditure be reduced by Rs. 8,21,43,999.

Yes, Malik Sahib.

ملک محمد اختر (لاہور—۲) ۔ جناب والا ۔ یہ میرا موشن ڈیمانڈ نمبر ۱ پر آتا ہے اور اس کتاب کے صفحہ ۵ پر ہے ۔ اس کا ہیڈ ہے ۔

Ordinary Working Expenses.—General Administration.

جناب سپیکر ۔ اس موشن کی طوالت کے پیش نظر میں اس میں سے صرف چند topics پر عرض کروں گا ۔ اگرچہ میں جانتا ہوں کہ جب تک میں اس topic کو discuss نہ کر لوں continue کر سکتا ہوں ۔ لیکن میں چاہتا ہوں کہ دیگر دوستوں کو بھی موقع دوں اس لئے کافی مختصر عرض کروں گا ۔

ایک معزز ممبر ۔ سب سے پہلے تو آپ حمزہ صاحب کو موقع دیں گے ۔

ملک محمد اختر ۔ حمزہ صاحب سے تو مجھے پیار ہے ۔

جناب سپیکر ۔ اس سے پہلے کہ میں متعلقہ سٹاف کے مطلق عرض کروں میں یہ گزارش کروں گا کہ ہمارے محکمہ ریلوے میں جو ریلوے بورڈ ہے اس کے متعلق جو general impression ہے ۔ اس کے چیئرمین کی efficiency کے متعلق تو کچھ نہیں کہتا وہ تو نہایت شریف آدمی ہیں ۔ میں تو صرف اس کے principal کی بات کروں گا ۔

اگر جناب وزیر باتدبیر یہاں تشریف فرما ہوتے تو میں ان کی خدمت اقدس میں عرض کرتا ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ ان کے محکمہ کے افسران بیٹھے ہیں ۔

میں قائد ایوان سے درخواست کروں گا کہ وہ ریلوے منسٹر صاحب کو بلالیں ۔

وزیر مال (خان حبیب اللہ خان) ۔ ملک خدا بخش صاحب نوٹ لے رہے ہیں ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ آپ اپنی تقریر جاری رکھیں ۔

سردار حاجی عطا محمد لنڈ ۔ جب تک ریلوے منسٹر صاحب نہیں آئیں گے تو کورم بھی پورا نہیں ہوگا ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ کیا کورم گاڑی پر آتا ہے ۔ (قہقہہ) ۔

ملک محمد اختر ۔ اس سے قبل کہ ریلوے بورڈ کے متعلق کچھ عرض کروں میں وزیر صاحب کی خدمت اقدس میں مودبانہ عرض کروں گا کہ اس کا مطلب یہ نہیں ہوگا کہ اس کے چیئرمین کی efficiency یا ان کی ذات کے متعلق عرض کروں گا ۔ وہ تو بڑے شریف آدمی ہیں اور efficient افسر ہیں ۔ وہ تو ایک اصول کی بات تھی کہ ہم بچت کی خاطر ریلوے بورڈ کے بغیر کام چلا سکتے ہیں ۔ ممکن ہے وزیر صاحب کہیں کہ پھر liaison کا کام نہیں ہو سکے گا ۔ حقیقت یہ ہے کہ مسئلہ ان کی administration کے متعلق ہے ۔ میں آج پھر دھراؤں گا کہ اس وقت ہمارے پاس ۴ چیف انجینئر ہیں ، ۹ ڈپٹی چیف انجینئر ہیں اور ۴ کمرشل آفیسر ہیں ۔ ان کی تقرری کے لئے کوئی معقول وجہ جواز نہیں ۔ میں اس argument کو نہیں دھراتا بلکہ اس کے لئے ان کی خدمت اقدس میں instances پیش کرنا چاہتا ہوں جو یہ ظاہر کریں گے کہ ہماری ریلوے over-staffed ہے ۔ مثال کے طور پر یہ عرض کروں گا کہ ہماری main commercial item tickets اور ticketless travellers کی آمدن ہے ۔ اس کے لئے ہم ۔ جو ایک طریقہ کار ایجاد کیا ہے وہ یہ تھا کہ چیکنگ کے لئے Special Ticket Examiners کی تقرری کی گئی ہے ۔ پھر انہوں نے checking stations مقرر کر دئے تھے ۔ یہ جو checking station تھے وہاں پر ایسے عملہ کی تقرری کر دی جاتی

تھی جو ticketless travellers کو چیک کرتا ۔ اس کے بعد رولز میں ترمیم کر دی گئی اور جو checking stations تھے ان کے لئے یہ کر دیا کہ starting station سے penalty وصول کی جائے ۔ یعنی جب کوئی ticketless traveller پکڑا جائے تو اس وقت یہ جرمانہ وصول کیا جاتا تھا ۔ اس کے بعد یہ رول پھر revise کر دیا گیا اور Special Ticket Examiners کے لئے بھی رول revise کیا گیا اور انہیں revive کر دیا ۔ اس طریقہ کو جب تبدیل کیا گیا اور جس وقت ان stations کا خاتمہ کر دیا گیا تو ۲۰۰ Special Ticket Examiners کا اضافہ کیا گیا ۔ اس وقت ہمارے پاس ۳۰۰ Special Ticket Examiners ہیں اور ان کی بجائے جب رول کو revise کرنا پڑا تو ہم کو صرف ۲۰۰ Special Ticket Examiners رکھنے چاہئے تھے لیکن یہ ۳۰۰ ابھی تک بدستور کام کر رہے ہیں ۔ اور اس میں سے ہر ایک کی تنخواہ کم و بیش الاؤنس شامل کر کے ۳۰۰ یا ۵۰۰ روپیہ ہوتی ہے اس طرح لاکھوں روپیہ کی establishment ہے جو ہم بلا وجہ maintain کئے بیٹھے ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ مجھے یہ گزارش کرنا ہے اور جناب وزیر مجھ سے اتفاق کریں گے کہ یہ Special Ticket Examiners جن کا طریقہ یہ ہے کہ main lines پر دو اور برانچ لائین پر ہر گاڑی میں کم از کم ایک ہوتا

ہے ۔ لاہور سے کراچی جاتے ہوئے اتنے لمبے راستہ میں اپنے کام کو اچھی طرح نہیں کر سکتے ۔ بہر حال میں ۔ اس بات کو دھرایا ہے جو نہیں دھرانا چاہیے تھا لیکن یہ جو Special Ticket Examiners ہیں ان کی اتنی بڑی فوج کو اس طرح بانٹ دیا ہے اور اس طرح ان کے حصے کر دیئے ہیں کہ موجودہ establishment برقرار رہے ۔ حالانکہ ان میں سے ۵۰ فیصد کی retrenchment کی جانی چاہیئے تھی ۔ جیسا کہ میں انجینیئرنگ ڈیپارٹمنٹ کے اعلیٰ افسران میں ۵۰ فیصدretrenchment کا مطالبہ کر رہا ہوں ۔

جناب والا ۔ ان Special Ticket Examiners کے تین سپیشل گروپ ہیڈ کوارٹر میں ہیں ۔ تین سپیشل گروپ اکاؤنٹس میں ہیں ۔ سات سپیشل گروپ مجسٹریٹ کے ساتھ ہیں ۔ ایک سپیشل گروپ Dy. C. C. M. کے ساتھ ہے ۔ اور سات سپیشل گروپ Dy. C. O. کے ساتھ ہیں ۔ جناب والا ۔ اس ڈویژن کا کیا مقصد ہے ۔ اور اب ڈویژن میں اکاؤنٹ افسر کا کیا تعلق ہے جب Special Ticket Examiners لگا دیئے جائیں ۔

دراصل بات یہ تھی کہ جب اکاؤنٹ افسر گاڑی میں سفر کرتے تھے ۔ تو ان سے کوئی باقاعدہ پوچھ نہیں سکتا تھا ۔ انہوں نے اپنی ٹھاٹھ ، glamour اور اپنی شان کو بڑھانے کے لئے ان Special Ticket Examiner کو اپنے ماتحت کر لیا ۔

جناب والا ۔ یہ ۱۰۰ سال کا فرسودہ نظام ہے ۔ اگر ممبر صاحب یہ توقع کریں کہ ان کے آنے سے تمام برائیاں دور ہو گئی ہیں تو یہ ہماری خوش فہمی ہے ۔ اور آج ہمیں ایسا نہیں سمجھنا چاہیئے ۔ انہوں نے ایڈمنسٹریشن پر کنٹرول ضرور کر لیا ہے ۔ اور ان کا کنٹرول کافی مضبوط ہے ۔ اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ جب تک ہم تمام برائیاں اور تمام بیماریاں آشکار کر کے ان کو آگاہ نہیں کریں گے ۔ یہ بطور ڈاکٹر یا سرجن ان کا کیسے آپریشن کر سکیں گے ۔

جناب والا ۔ میں نہیں کہتا کہ ہاؤس نے اچھا کیا یا نہیں ۔ میں اسے criticise نہیں کرنا چاہتا لیکن جس طریق پر مبارک باد کا سلسلہ دو دن سے چل رہا ہے ۔ یہ اور بھی میرے فرائض کو بڑھاتا ہے کہ میں ان لوگوں پر آشکار کروں کہ دراصل منسٹر صاحب اس مبارک باد کے ہرگز مستحق نہیں ہیں اور میں یہ سب کچھ اعداد و شمار سے ثابت کروں گا ۔

جناب سپیکر ۔ مجھے یہ گذارش کرنا ہے کہ یہ Special Ticket Examiners جن میں سے ہر ایک کی تنخواہ ۴۰۰ یا ۵۰۰ روپیہ تک پہنچ جاتی ہے ان میں ۱۷ تا ۱۸ انسپکٹر تھے ۔ اب جن کو آپ نے خیبر میل ، تیز رو اور دوسری ایسی گاڑیوں میں چیکنگ کے لئے مقرر کیا ہے یہ محض

waste ہے ۔ ان میں سے ایسے انسپکٹر ہیں یا ٹکٹ Examiners ہیں جن کی تقرری کے متعلق میں instances دے سکتا ہوں ۔ ایک ہیڈکوارٹر یا ریجن یا ڈویژن جہاں کسی کو مقرر کیا جاتا ہے ۔ وہ پندرہ پندرہ سال سے وہاں پر ہے ۔ ایک اور مزے کی بات ہے ۔ وزیر متعلقہ ہاؤس میں نہ ہوں تو ایسی باتیں بے سود ہو کر رہ جاتی ہیں ۔ اس لئے گستاخی کر کے انہیں ہاؤس میں بلانا پڑا ہے ۔ وہ نوٹ فرما لیں کہ مجھے ان کی خدمت اقدس میں یہ عرض کرنا ہے کہ ان میں کم و بیش ۶ یا سات Special Ticket Examiners ان ڈویژنوں میں موجود ہیں اور ان سے کلرکوں کا کام لیا جاتا ہے جب کہ کلرک کی تنخواہ ۱۵۰ روپیہ ہے اور Special Ticket Examiner جو ۳۰۰ cost کرتا ہے اس سے کلرک کا کام لینا یہ کہاں کا انصاف ہے ۔ البتہ کمانے کے لئے اور tour پر بھیجنے کے لئے مہینہ کے آخر میں یا مہینہ کے درمیان تین چار دن کے لئے ایسے مواقع مہیا کر دیئے جاتے ہیں کہ وہ جائیں اور باہر جا کر اپنا T. A. بنا لیں ۔

سردار حاجی عطا محمد لنڈ ــ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب اختر صاحب وزیر صاحب کو مبارکباد دے رہے ہیں ۔ حالانکہ وزیر صاحب خود کام نہیں کرتے ہیں بلکہ نچلے درجہ کے لوگ کام کرتے ہیں ۔ تو کیا یہ شخصی تعلقات کی بنا پر ان کو مبارکباد دے رہے ہیں یا ان کے کام کرنے پر ۔

مسٹر سینیر ڈپٹی سپیکر ۔ حاجی صاحب آپ تشریف رکھیں ۔

سردار حاجی عطا محمد لنڈ ۔ نمبر (۲) یہ ہے کہ جو کچھ اختر صاحب نے تقریر میں کہا ہے میں اس کی ان سے وضاحت چاہتا ہوں ۔

مسٹر سینیر ڈپٹی سپیکر ۔ حاجی صاحب آپ تشریف رکھیں ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ میں ۔ وزیر صاحب کے لئے ایک اور راستہ نکالا ہے اگر وہ اس موقع سے فائدہ اٹھائیں تو وہ کافی قوم کی خدمت کر سکتے ہیں ۔ اور وہ راستہ یہ ہے کہ ہماری قومی اسمبلی نے ۵۵ سال کے بعد انسروں کے ریٹائرمنٹ کا فیصلہ کیا ہے اس طرح سے کم و بیش درجہ سوم اور چہارم کے ایک لاکھ کے قریب ملازمین superannuate ہو جائیں گے ۔ اور انہیں یہ موقع میسر آئے گا کہ ان میں سے کافی حد تک سکریننگ کرکے اچھے سٹاف کو رکھ سکیں گے ۔ اور جو سٹاف کام نہیں کر رہا ہے اس کو بھی فارغ کر دینے کا موقع مل جائے گا ۔ البتہ اس چیز کا ضرور لحاظ رکھا جائے کہ جو ان میں technical hands ہیں مثلاً guards یا سگنل پر کام کرنے والے اور ڈرائیورز ان کا اس طریقہ سے retirement کیا جائے کہ کوئی ان کی وجہ سے vacuum نہ create ہو جائے اور کوئی inefficiency کی بات نہ ہو اور بس ایسے لوگوں

کی retirement کی جائے جن کی فوری طور پر کوئی ضرورت نہ ہو۔

اس کے بعد جناب والا ۔ میں یہ عرض کروں گا کہ ریلوے کا محکمہ کرپشن ، mal-administration اور ملازمین کی harrasment اور ان کے ساتھ ۔ انصاف کے لئے بدنام ہو چکا ہے ۔ اس کے لئے اگر میں instances quote کروں تو جناب وزیر متعلقہ سے میں توقع کروں گا کہ وہ ان کو پرکھیں ۔ اور اگر میں ان کو قائل کر سکوں تو اس کے مطابق وہ مناسب اقدامات کریں تو پھر ہم ان کی ذات گرامی سے مستفیض ہو سکیں گے ۔

جناب سپیکر ۔ مجھے یہ گذارش کرنا ہے کہ چونکہ retirement اور superannuation کا وقت آنے والا ہے تو وہاں یہ بھی دیکھیں کہ تقسیم سے پہلے جونیئر سکیل سے سینیئر سکیل میں جانے کے لئے ۱۰ یا ۱۲ سال کا عرصہ گذرنا ہوتا تھا ۔ اور اس کے بعد ہم کو experienced آدمی مل جاتے تھے لیکن یہاں instances ،وجود ہیں کہ صرف دو تین سال میں ترقیاں دے دیدی گئی ہیں اور ایسے ایسے raw hands کو ترقیاں دی گئی ہیں جو مناسب طریقہ پر کام نہیں کر سکتے ۔

جناب سپیکر ۔ مجھے پھر ایک مودبانہ گذارش کرنی ہے اور وہ

یہ ہے کہ جب ریلوے صوبہ کی تحویل میں آ چکی ہے تو اس وقت ہم یہ بھی کر سکتے تھے کہ ریلوے منسٹر صاحب صوبائی محکمہ فنانس کی مدد لیتے ہوئے اور اس کے تعاون سے اس کا بجٹ پیش کرتے۔ لیکن میں ان کے right کو نہیں چھیننا چاہتا۔ بجٹ کو پیش کرنا وہی continue رکھیں۔ یہ بڑی بھاری رقم ہے۔ لیکن ایک بات ضرور کہوں گا کہ ریلوے کا Watch & Ward والا محکمہ اور ایسے ہی non-technical لوگوں کے رکھنے سے ریلوے میں جو کمرشل ادارے کے طور پر اب تک چلتی رہی ہے، کافی کرپشن آ چکا ہے۔ اگر آپ ویسٹ پاکستان گورنمنٹ سے ملا کر non-technical سٹاف کا ایک pool بنا دیں اور اس کو inter transferable قرار دے دیں تو اس طرح آپ کو wide range میں efficient آفیسر ملیں گے۔ جناب والا۔ یہ نہایت ضروری ہے اور میں اس لئے بھی یہ کہہ رہا ہوں کہ جو آفیسر deputation پر رہیں گے ان کے پرانے ڈیپارٹمنٹ میں واپسی کی گنجائش رکھ دی جائے گی تو شاید ریلوے میں جو اچھے افسر ہیں اور بد اعمال آفیسر جو ہیں اس pool کے قائم کرنے سے ان کی بدعنوانیاں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ (قطع کلامیاں)

جناب والا۔ میں نے superannuation کی بات کہی تھی۔ اس سے میرے بزرگ خان حبیب اللہ خان اور بچہ صاحب تھوڑا بہت پریشان نظر آتے ہیں۔ ان کے متعلق میں نے کوئی بات نہیں کہی ہے۔

وزیر بنیادی جمہوریت ــ وہ تو بڑے خوش ہیں - کوئی پریشان نظر نہیں آ رہا ہے -

مسٹر حمزہ ــ ان کا راج ہو گیا ہے وہ وزیر بھی بن گئے ہیں -

وزیر بنیادی جمہوریت ــ آپ بھی بن جائیں گے -

ملک محمد اختر ــ جناب سپیکر - میں گذارش کر رہا تھا اور میں حقیقتاً صدق دل سے اس میں believe کرتا ہوں کہ اگر ریلوے کے افسران deputation پر جائیں اور اعلیٰ افسروں کے آلہ کار نہ بنیں تو یہ بڑی اچھی بات ہوگی اور divide and rule والی بات نہیں رہے گی - سہولتیں پیدا ہو جائیں گی - تو میرے خیال میں جناب سپیکر - یہ non technical سٹاف اور بعض اوقات دوسرے افسروں کے لئے بھی بھی کیا جا سکتا ہے - اور اس طرح سے common pool قائم کرنے سے یہ معاملہ درست ہو سکتا ہے - پھر سب سے بڑی بات یہ کہ اگرچہ ریلوے کی خود اپنی superior سروس ہے اور ان کے experienced آدمی بھی ہیں لیکن میں سمجھتا ہوں کہ یہ بڑی اچھی suggestion ہے کہ ریلوے میں سی - ایس - پی افسران کی خدمات سے بھی استفادہ کیا جائے اور ان کا ریلوے کے دوسرے محکمہ جات میں تبادلہ کر دیا جائے - اور اس طرح

ریلوے منسٹر صاحب کرپشن کے cases میں لمبی کارروائیاں کرنے کے بجائے ان کو ایڈمنسٹریشن سیکشن میں بھیج کر نجات حاصل کر سکیں گے۔

جناب سپیکر۔ اب مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ ہمارے تمام ایڈمنسٹریشن نے flying squads کا سسٹم رکھا ہے۔ ہو سکتا ہے کہ وہ ریلوے میں بھی ہو۔ بلکہ میں عرض کروں گا کہ میرے calculation اور میرے views کے مطابق کروڑھا روپے کا leakage ہے اور حقیقتاً leakage ہے اور اس کے لئے documentary شہادتیں دی جا سکتی ہیں۔ کیا ہی اچھا ہوتا کہ اگر کل وہ اس کرسی پر نہ ہوں اور ان معاملات کے متعلق کوئی ان کو کہے کہ ان کے عہد حکومت میں فلاں mal-administration ہوئی یا فلاں برائی ہوئی۔ تو میں independent ہوتے ہوئے آبزیشن کا کردار ادا کرتے ہوئے یہ کہنا چاہتا ہوں اور ان کی خدمت اقدس میں میری مودبانہ گذارش ہے کہ میں ان کو بتانا چاہتا ہوں کہ کہاں کہاں اصلاح ہو سکتی ہے تاکہ وہ اصلاح کریں۔ جناب سپیکر۔ flying squads کا مسئلہ میں عرض کر رہا تھا۔ یہ فوراً ہونا چاہئے اور ان کو زیادہ squads بنانا چاہئیں تاکہ ان کا سپیشل ٹکٹ examiners اور پچاسوں قسم کے انسپکٹرز (جن کی لسٹ میں نے پڑھی تھی جسے میں دھرانا

نہیں چاہتا) سے کام لیا جائے۔

جناب سپیکر۔ اب میں تبادلہ کے متعلق عرض کروں گا۔ پنڈی کے ڈی۔ ایس کے تبادلہ کے جب orders issue کئے گئے تو اس میں تین ماہ کی تاخیر ہوئی۔ تو ملتان کے ڈی۔ ایس کا نوٹ ایک ماہ قبل کا ہے۔ جب اس کو ٹرانسفر کیا گیا تو اس کی replacement میں کافی تاخیر کی گئی۔ اس طرح میری اطلاع کے مطابق اگر میں درست کہہ رہا ہوں تو ریلوے منسٹر صاحب زیادہ اچھی طرح اس چیز کو پرکھ سکتے ہیں۔ یہ ریلوے بورڈ کے سیکریٹری کی جو آسامی خالی تھی وہ میری اطلاع کے مطابق تین چار ماہ خالی رہی۔ جناب سپیکر۔ بتائیے کیا یہ اہلیت کا معیار ہے کہ اتنی اہم پوسٹ جس پر substitute provide کرنا ہو، اس میں تاخیر کی جائے۔ اس کے بعد جناب سپیکر۔ میں نے یہ گذارش کرنی ہے کہ ریلوے میں محکمانہ امتحانات کا طریقہ کار رائج ہے۔ میں اس وقت کم و بیش ۳ سیکشن افسروں کے نام لے سکتا ہوں جو لینے واجب نہیں مگر اس کے متعلق میں یہ عرض کرتا ہوں کہ وہ چار چار بار محکمانہ امتحان میں فیل ہوئے لیکن وہ اپنی سیکشن افسر کی پوسٹ پر بدستور قائم ہیں۔ جناب سپیکر۔ یہ چھوٹی چھوٹی باتیں ہیں۔ exceptions جس وقت آپ کرتے ہیں تو اس کے نتائج اچھے نہیں نکلتے۔ میں گذارش

کرتا ہوں کہ آپ میری باتوں کو نوٹ فرمائیے ۔ اگر میں غلط ہوں تو مجھے صحیح کیا جا سکتا ہے ۔ لیکن مجھے یقین واثق ہے کہ جو کچھ میں عرض کر رہا ہوں وہ صدق دل سے اور نہایت ادب سے عرض کر رہا ہوں اور وہ بالکل حقیقت ہے اور میرے محترم بھائی جناب وزیر صاحب اگر ان چیزوں کو دیکھیں گے تو ان باتوں کی اصلاح کر سکیں گے ۔ جناب سپیکر ۔ مجھے ایک اور بھی بات عرض کرنی ہے وہ یہ ہے کہ متعلقہ وزراء حضرات اس ہاؤس کے وہ ہمارے ساتھی ہیں ، ہمارے colleague ہیں نہ تو ہم انہیں اس نقطہ نگاہ سے criticise کرتے ہیں کہ یہ ان کا ڈیپارٹمنٹ ہے بلکہ ان کا جو ڈیپارٹمنٹ ہے وہ ہمارا ہے ، اور نہ ہم یہ سمجھتے ہیں کہ وہ ہمارے ترجمان ہیں بلکہ میں تو سمجھتا ہوں کہ وہ پانچ کروڑ عوام کے ترجمان ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ان کو اپنے انسران کے متعلق کوئی ٹھوس طریقہ کار اختیار کرنا ہوگا اور فیصلہ کرنا ہوگا ۔ ہم قوم کے نمائندہ ہونے کی حیثیت سے اور خود ان کے colleagues ہونے کی حیثیت سے جو تجاویز ہم نیک نیتی سے پیش کر رہے ہیں ان کو چاہئے کہ ان پر عمل درآمد کرائیں ۔ جناب سپیکر ۔ اب مجھے ایک اور مسئلے کے متعلق عرض کرنا ہے وہ یہ کہ مرکزی اور صوبائی حکومتوں نے اور لوکل باڈیز نے تنخواہوں کو revise کیا ۔ پے کمیشن کی رپورٹ بنی اور اغلباً ریلوے میں بھی یہ تمام دھندہ ہو

چکا ہے ۔ لیکن بے کمیشن cell کو میری اطلاع کے مطابق completely disband نہیں کیا گیا اور اس کا بیشتر عملہ فی الحال اس کام کو سر انجام دے رہا ہے ۔ اب میں ایک بہت بڑی فروگذاشت ، ایک بہت بڑی برائی ، ایک بہت بڑی facility جو ملازمین کو دے رکھی ہے لیکن افسوس کی بات یہ ہے کہ اس پر عمل نہیں ہو رہا اس کے متعلق میں نے اپنی گذارشات عرض کرنی ہیں ۔ میرے محترم بھائی ملک صاحب غور فرمائیں ۔

تو میری مراد ریلوے کے ہسپتالوں کے اخراجات سے ہے ۔ ان اخراجات کا کل روپیہ ۵۳ لاکھ اور ۶ ہزار ہے اور salaries ۲۵ لاکھ ۳ ہزار ہیں ۔ اور دوائیوں کی رقم جو ہمیں دیتے ہیں وہ ۱۳ لاکھ ۲۲ ہزار ہے ۔ تو جناب سپیکر ۔ میں اپنے محترم بھائی کی خدمت اقدس میں یہ عرض کر رہا تھا کہ یہ ۲۵ لاکھ ۳ ہزار کی salaries ۵۳ لاکھ کے بجٹ میں ہے ہیں اور جس میں ۱۳ لاکھ ۲۲ ہزار کی دوائیاں ہوں ۔ جناب والا ۔ آپ اندازہ لگائیے کہ یہ کس قدر ظلم ہے ۔ آپ کس قدر over-staffed ہیں اور اتنے ڈاکٹر آپ maintain کر رہے ہیں ۔ آپ ان کو disband کر دیجیئے ۔ اس دھندے کو ختم کر دیجیئے ۔ صرف آپ حادثات کے لئے ڈسپنسریاں رکھیں اور متعلقہ ڈسپنسریوں اور ڈسٹرکٹ ہسپتالوں میں آپ اپنے ملازمین کو divert کیجیئے ۔ اگر یہ کیا جائے تو میں سمجھتا

ہوں کہ یہ زیادہ بہتر ہے ۔ جناب والا ۔ میں صرف ایک یا دو منٹ اور لوں گا ۔ جناب والا ۔ میں ۵۳ لاکھ کا حساب بتاتا ہوں کہ اس کا ۹ فیصد ڈی ۔ ایس کو جاتا ہے ۔ ۶ فیصد contingency پر waste ہوتا ہے ، ۲۵ فیصد دوائیوں پر ۔ ۱۱ فیصد خوراک پر اور بقایا establishment پر جاتا ہے ۔

جناب سپیکر ۔ ۱۳ لاکھ ۲۲ ہزار کی جو رقم ہے جو کہ دوائیوں کے لئے رکھی گئی ہے اور جو چھوٹے ملازمین اور غیر تعلیم یافتہ اور ناواقف ملازمین کے لئے ہے تو اس رقم میں سے صرف ۲۲ ہزار کی رقم دوائیوں پر جاتی ہے یعنی اس سے چھوٹے ملازمین مستفید ہوتے ہیں ۔ جناب سپیکر ۔ قومی نقطہ نگاہ سے اور پاکستان کی سالمیت کے نقطہ نگاہ سے مجھے ایک گذارش جناب وزیر متعلقہ سے کرنی ہے اور وہ یہ کہ تمام محکمہ جات میں یہ tendency ہو چلی ہے کہ وہ نہ صرف foreign imports کو encourage کرتے ہیں بلکہ انہوں نے باہر سے technicians کی شکل میں انسان بھی امپورٹ کر شروع کر دئے ہیں ۔ میری مراد foreign consultants & experts سے ہے ۔ آج ریلوے کا کوئی نقشہ یا ریلوے bridges کے متعلق یعنی اس سلسلہ میں کسی قسم کی تفصیلات کی ضرورت ہو تو ہم foreign consultants کی امداد حاصل کرتے ہیں ۔ آج جبکہ ہم ایک جنگ لڑ چکے ہیں اور کسی وقت بھی دوسری جنگ

کا خطرہ اور اندیشہ ہے ۔ میں سمجھتا ہوں آپ ایسا کیجئے کہ جو بھی آپ کا foreign element consultants کی شکل میں یا کسی اور شکل میں یہاں پر موجود ہے اس سے فوراً نجات حاصل کیجئے اور یہ جو رجحان ہمارے صاحب بہادر افسران کا ہے کہ بیرونی ماہرین سے کام لیا جائے اس کو ترک کیجئے ۔ جناب سپیکر ۔ میری اطلاع کے مطابق ۱۱ لاکھ روپیہ میں سے ۲ لاکھ ۳۸ ہزار کی شکل میں ان consultants پر یا تو خرچ کیا جا چکا ہے گذشتہ سال میں یا اس سال صرف کرنے کا پروگرام ہے ۔ اب میں ایوان میں ان اراکین کو اپنا گواہ پیش کرتے ہوئے ریلوے منسٹر صاحب کے سامنے ایک اور گذارش کروں گا وہ یہ ہے کہ ہمیں ایک شکایت مقامی ریزرویشن سٹاف سے ہے ۔ جناب والا ۔ اصولی طور پر میں اس چیز کے حق میں نہیں ہوں کہ اتنی tedious job پر مستورات کو لگایا جاتا ہے ۔ اگر آپ کراچی یا راولپنڈی کی کھڑکیوں پر دیکھیں تو ۹ سے ۱۲ بجے تک اس قدر وہاں rush ہوتا ہے کہ فرسٹ اور سیکنڈ کلاس کے مسافروں کو کافی دیر لگ جاتی ہے اور عجلت سے ان کی سیٹوں کی ریزرویشن نہیں کی جا سکتی ۔ جناب والا ۔ اس کے لئے میرے پاس ایک مشورہ ہے کہ آپ ریزرویشن کے کارک جو ہیں ان کو even اور odd تاریخ پر کر دیں تاکہ انہوں نے جو advance بکنگ کرنی ہے وہ even اور odd تاریخوں کی ہوں ۔ اس طرح مسافروں کو قدرے سہولت

دی جا سکے گی ۔

جناب والا ۔ وہ برتھ جو آپ تیز گام پر ملتان کے لئے رکھتے ہیں یا دس ڈاؤن جناب ایکسپرس پر کوئٹہ کے لئے رکھتے ہیں ، اس کی ریزرویشن لاہور ہی میں ختم کر دی جاتی ہے ۔ اور اس سے وہ لوگ جو دوسرے شہروں کے ہیں ، مستفید نہیں ہوتے ۔ اب یہ نہایت بے انصافی ہو گی یہ نامناسب اور ناروا بات ہو گی اگر میں سٹاف پر نکتہ چینی کروں اور ان کی سہولتوں کے متعلق عرض نہ کروں ۔ ریلوے میں ایک Staff Benefit Fund ہوتا ہے جو چیف اور ڈپٹی چیف آپریٹنگ سپرنٹنڈنگ کی تحویل میں ہوتا ہے ۔ کسی کو ضرورت ہو تو وہ ان کے پاس قرضہ کے لئے درخواست دے ۔ ایک سی ۔ پی ۔ او صاحب بہادر نے اپنی ساس کے علاج کے لئے بو ۔ کے جانا تھا ۔ ان پر پابندی لگائی گئی کہ وہ اس کے متعلق سرٹیفیکیٹ پیش کر دیں ۔ مگر انہیں براہ راست قرضہ دے دیا گیا اس طرح اور بھی بیشتر واقعات ہیں کہ اپنے اختیارات بروئے کار لا کر قرضہ جات دے دیئے ۔ یہ سٹاف کے فائدے کا فنڈ ہے ۔ اس سے سٹاف کو فائدہ ہونا چاہئیے اور اس کے استعمال میں قواعد و ضوابط کو پیش نظر رکھنا چاہئیے ۔ کمیٹی کی رائے کے بغیر اس میں سے قرضہ جات دینا ناروا ہے ۔ اسے اس طرح سے لگانا چاہئیے کہ ریلوے کے جو چھوٹے ملازم ہیں ، ان کے لئے یہ زیادہ سے زیادہ مفید ہو سکے ۔

جناب والا ۔ اب میں ان کا جو لٹیگیشن ڈیپارٹمنٹ ہے ۔ اس کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ ایک کیس میں جس کا نمبر ۱۱۷ آف ۱۹۶۰ء ہے یہ فرسٹ اپیل ہے ۔ یہ victimisation ہے ۔ مقدمے کا عنوان ہے مسٹر اسحاق بنام فیڈریشن آف پاکستان اس میں جو فیصلہ ہوا ہے ۔ اس کے اطلاق سے باقی ملازم ۱۰ لاکھ روپے کے قریب damage ریلوے سے وصول کریں گے ۔ کون اس کا ذمہ دار ہے ۔ کس نے کیا اور کس کی پسند یا نا پسند کی وجہ سے یہ مقدمہ کیا گیا ۔ خواہ وہ کس قدر اعلیٰ افسر ہوں انہیں اس کی سزا دی جانی ضروری ہے ۔

جناب والا ۔ پھر آپ نے سول کورٹ میں جانے کے لئے ۱۰ ، ۱۵ ، ۲۰ ہزار جو رقم رکھی ہے وہ ضروری ہے تاکہ آپ ۱۰ لاکھ روپے سے جو اس قسم کے کیسز میں آپ کو دینے پڑیں گے اس سے نجات حاصل کر سکیں ۔ اسی طرح شیخ محمد کلینر کراچی کا کیس ہے ۔ اس قسم کے معاملات ہیں جن کے متعلق فیصلہ ہو چکا ہے یا ہونا ہے ۔ جناب والا ۔ اب میں گذارش کروں گا کہ یہ بکنگ کلرک ، یہ چھوٹے راجے ، ان کے ٹرانسفر کے چارٹ پر محترم وزیر نگاہ فرمائیں ۔ ان میں سے ہر ایک اسی ایک سرکل میں گھومتا ہے ۔ لاہور سے بادامی باغ میں ، پھر شاہدرہ میں ، پھر لاہور چھاؤنی میں ۔ ان کے ہاتھ اتنے مضبوط ہیں اور ان کا اس قدر hold ہے ، اپنے اعلیٰ افسروں پر کہ وہ جہاں بھی چاہیں اپنا تبادلہ کرا سکتے ہیں ۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ

یہ سب مل کر بندر بانٹ کرتے ہیں۔ اور یہ رشوت جو آتی ہے وہ عوام سے وصول کرتے ہیں اس میں سے حصہ کافی اونچی سطح تک پہنچتا ہے۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ۔ پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب اختر صاحب فرماتے ہیں کہ رشوت اونچی سطح تک جا رہی ہے۔ کیا وہ منسٹر صاحب تک کہتے ہیں یا اس سے نیچے۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی۔ انہوں نے یہ فرمایا ہے کہ کرپشن اونچی سطح پر جاتی ہے۔ حاجی صاحب پوچھتے ہیں کہ اونچی سطح سے کیا مطلب ہے۔ وزیر تک یا اس سے نیچے۔

ملک محمد اختر۔ جناب والا۔ کراچی یا حیدر آباد، ملتان، راولپنڈی اور پشاور سب شہروں کا ریکارڈ آپ طلب فرما لیں۔ اور ان لوگوں کی تقرری اور ٹرانسفر کا چارٹ دیکھ لیں اگر یہ درست ہو تو پھر۔

کچھ تو ہے جس کی پردہ داری ہے

جناب سپیکر۔ ریلوے کے کلیریکل سٹاف کے متعلق میں نے عرض کیا ہے۔ اب میں یہاں ان کے آپریشنل سٹاف کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں۔

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر جناب ۔ آج ایوان محض دو گھنٹے کے لیے بیٹھے گا ۔ ملک اختر صاحب کو تقریر کرتے ہوے تقریباً ایک گھنٹہ ہونے کو ہے ۔ میں نے بھی اور جناب محمود اعظم فاروقی صاحب نے بھی کٹوتی کی تحریکیں دے رکھی ہیں ۔ شاید دوسرے رفقا بھی اپنے خیالات کا اظہار کرنا چاہیں ۔ ان کی تقریر کی طوالت اس قدر ہے کہ وہ ہماری تقریروں کو بالکل ختم کرکے رکھ دیں گے ۔

رانا پھول محمد خان ۔ پوائنٹ آف آرڈر جناب ۔ جناب والا ۔ چونکہ اس ہاؤس کے زیادہ ممبران ملک اختر صاحب کی تقریر سننے کا شوق رکھتے ہیں اور اس سے مستفید ہو رہے ہیں اس لیے ان کے لیے ٹائم مقرر کرنا ہمارے حقوق کے ساتھ زیادتی ہوگی ۔ جب وہ تقریر ختم کر لیں گے اس کے بعد حمزہ صاحب کو ٹائم دیجئے ۔ میں نہایت ادب سے گذارش کروں گا کہ چونکہ وہ میرے ضلع لاہور سے تعلق رکھتے ہیں اور وہ جو کچھ بیان کر رہے ہیں وہ زیادہ تر ہماری تکالیف میں سے ہیں اس لیے ان کو تقریر کرنے دی جائے ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ مجھ پر پابندی نہیں لگائی جا سکتی مگر میں اپنے دوستوں کو موقع دینے کے لیے یقیناً اپنی گذارشات کو مختصر کروں گا ۔ ان کے حکام کی تعمیل کرتے ہوئے ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ آپ کتنا وقت اور لیں گے ۔

ملک محمد اختر ۔ زیادہ وقت نہیں لوں گا ۔

مسٹر سنیئر ڈپٹی سپیکر ۔ جلد ختم کرنے کی کوشش کریں ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ جناب وزیر صاحب اگر اجازت دیں تو عرض کروں ۔ برا نہ مانیں جیسے ایک گھر میں دو بیویاں ہوتی ہیں اور ان کا آپس میں جذبہ رقابت چلتا ہے اسی طرح ریلوے کے محکمے میں بھی دو محکمہ جات ہیں ایک کمرشل گڈز کا اور دوسرا پسینجرز کا اور ان میں رقابت ہے ۔ اس طرح کہ وہ کہتے ہیں کہ اس کو زیادہ ایلوکیشن ہو ۔ اسی طرح بوگیز ورکشاپ میں جہاں کنسٹرکشن اور اسمبلی ہوتی ہے ، اس کے لیے بھی کافی آپس میں رسہ کشی ہوتی ہے ۔ جناب وزیر صاحب اس بات کو بھی نوٹ فرمالیں اور اس کا جواب بھی دیں یہ جو ان کا دعویٰ ہے کہ انہوں نے اس قدر مزید گاڑیاں چلائی ہیں ۔ میں یہ ثابت کر سکتا ہوں کہ برانچ لائنوں میں سے ڈبوں کو کاٹ کر مین لائنوں پر لگا دیا جاتا ہے ۔ اور اس کا یہ نتیجہ ہوتا ہے کہ وہاں لوگ چھتوں پر سفر کرتے ہیں اور حادثات کا شکار ہوتے ہیں ۔ اور دراصل کوئی بھی نئی بوگی نہیں بنائی گئی اور بنائی گئی ہیں تو بہت کم ۔

جناب سپیکر۔ اس کے بعد آپ دیکھیں کہ ہمارے ہاں کتنے انجنیئرز

ہیں ۔ م چیف انجنیئرز اور غالباً ۹ ڈپٹی چیف انجنیئرز کے ہوتے ہوئے volume of traffic کے مطابق shunting yard کو بڑھایا نہیں گیا ہے ۔ انھوں نے اس قسم کے کوئی طریقے اختیار نہیں کیے ہیں ۔ (جناب والا ۔ حمزہ صاحب ناراض ہو رہے ہیں ۔ میں دستاویز کو پیش نہیں کرتا ۔ یہ دستاویز اگر حمزہ صاحب مناسب سمجھیں تو quote کر دیں) ۔ ایسی بھی delays ہیں کہ جہاں گاڑی ۔ دو دن میں جانا تھا وہ گاڑی full wagon load ہو کر ۱۵ دن میں جاتی ہے ۔ آپ کا سٹاف اتنا قابل ہے کہ چھوٹی گاڑیاں ایک ایک مہینہ ، دو دو مہینے اپنے سٹیشنوں پر بیکار پڑی رہتی ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ مجھے یہ گذارش کرنا ہے کہ ۱۹۶۲ء میں ہمارے جو چیف کمرشل مینجر تھے انھوں نے ایک سرکلر جاری کیا اور یہ رائے مانگی تجاویز طلب کیں کہ جو small goods سٹیشنوں پر پڑے رہتے ہیں ۔ small goods سے میرا مطلب ہے کہ جب چھوٹے چھوٹے small goods جو full wagon load نہیں ہوتے وہ کئی کئی ماہ تک سٹیشنوں پر پڑے رہتے ہیں ۔ ان کے دیر تک پڑے رہنے کو روکنے کا کیا طریقہ ہو سکتا ہے ؟

جناب والا ۔ اس سلسلے میں تا حال اگر کوئی ایسی تجاویز ان کے پاس آئی بھی ہیں تو اس کا مجھے کوئی علم نہیں ہے ۔

جناب والا ۔ اس کے بعد clearance of traffic کے لیے جو آپ کا ۱۹۵۹ء کا

code ہے اس میں ہرگز کوئی ترمیم نہیں کی گئی ۔ جناب والا ۔ ہمارے ہاں بہت اچھے ایڈمنسٹریٹر رہے ہیں ۔ ہم ان کی مثالیں دے سکتے ہیں مثلاً انہوں نے محکمہ بحالیات میں جب volume of work کافی بڑھ چکا تھا تو اس کو purge کیا ہے اور درست کیا ہے ۔

جناب والا ۔ آج ہمارے وزیر متعلقہ کو قدرت نے یہ قوت بخشی ہے ۔ ان کو یہ طاقت بخشی ہے کہ وہ اس صوبائی محکمہ کو درست کریں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ان کو اپنے نظریہ کے مطابق اور وزیر متعلقہ کی حیثیت سے انقلاب آفرین تبدیلیاں کرنی چاہئیں ۔

جناب سپیکر ۔ جیسا کہ میں عرض کر رہا تھا کہ سب سے بڑا برائی کا جو باعث ہے وہ یہ ہے کہ انہوں نے ایک rider لگا دیا ہے جسے غالباً ریلوے کی اصطلاح میں embargo کہا جاتا ہے ۔ کہ اگر کوئی گاڑی کسی جگہ بھی unload ہو وہ گاڑی واپس آئے گی اور پھر اس کو allot کیا جائے گا ۔ آپ ملاحظہ فرمائیں کہ اگر ایک گاڑی راؤنڈ جاتی ہے بلکہ رائے ونڈ تو بڑا سٹیشن ہے اس سے اگلے سٹیشن پر جاتی ہے ۔ وہاں پر small goods موجود ہیں لیکن وہ گاڑی رائے ونڈ واپس آئے گی اور پھر اس کی الاٹمنٹ کی جائے گی ۔ جناب والا ۔ اس کے پس منظر جو قوت ہے وہ کرپشن کا جذبہ ہے ۔ وہ اجارہ داری ہے ۔ وہ کنٹرول ہے ۔ اس لیے ریلوے کے افسر

allotment of wagons کو اپنے پاس رکھنا چاہتے ہیں ۔ اس طرح سے fuel کا بھی خرچ ہوتا ہے اور عوام کو بھی تکالیف ہوتی ہیں ۔ اور وقت پر ویگن بھی مہیا نہیں ہوتیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایسی برائی ہے جس کو جڑ سے اکھاڑنا ضروری ہے ۔ اگر میں غلطی نہیں کرتا تو چیف کنٹرولر اور سٹاف کنٹرولر کی صواب دید پر تمام ویگنز کی الاٹمنٹ کا مسئلہ چھوڑ دیا گیا ہے جو ہرگز درست نہیں ہے ۔

جناب والا ۔ میں نے کل بھی passing reference کیا تھا کہ کراچی بندر پر ۱۰۰ ویگنز کی روزانہ ضرورت ہے ۔ لیکن اس کے مقابلے میں آپ اس ضرورت کا ۴۰ یا ۵۰ فیصد arrangements کر رہے ہیں ۔ جناب والا ۔ اسی طرح سے ہماری ایک آرگنائزیشن گڈز ٹرینز کے متعلق ہے جس کا نام Road and Development Section ہے ۔ اس پر سالانہ ۴ لاکھ روپیہ ہم خرچ کر رہے ہیں، لیکن Road and Development Section کے متعلق جناب وائس چیئرمین جو یہاں موجود ہیں ، میری اطلاع کے مطابق انہوں نے دیکھا ہے کہ اس ڈیپارٹمنٹ کی output zero کے برابر ہے ۔ ۴ لاکھ روپیہ سالانہ اخراجات کے بعد ان کی برانچ میں کوئی ڈویلپمنٹ نہیں ہوئی ۔ میں سمجھتا ہوں کہ فوراً اس برانچ کو disband کر دیں اور جو افسر انچارج ہو اس کو معطل کیا جائے یا charge sheet کیا جائے بلکہ اس کو dismiss کیا جائے

جس نے ایسی برانچ سے کام نہیں لیا ۔ (وائس چیئرمین کے ریمارکس موجود ہیں) ۔

جناب والا ۔ میں گڈز ٹرین کے متعلق عرض کر رہا تھا کہ ریلوے کی اجارہ داری . . . . کیا ہے ۔ live stock cattle اور گھوڑوں کے شوقین ہمارے وزیر متعلقہ ہوں گے کیوں کہ یہ بڑے زمیندار ہیں ۔ ۔ ۔ ۔

**چودھری محمد سرور خان** ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ملک اختر صاحب ''گوروں'' کی وضاحت کریں ۔

**مسٹر سپیکر ڈپٹی سپیکر** ۔ یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے ۔

**ملک محمد اختر** ۔ جناب والا ۔ آج ریلوے کی گڈز ٹرین کی اجارہ داری ختم ہو چکی ہے ۔ ریلوے کے علاوہ اور دیگر ذرائع بھی ہیں جن کو لوگ استعمال کرتے ہیں ۔ اس طرح supply of cattle wagons ہے جو رشوت کے بغیر نہیں ملتیں ۔ breakdown in supply ہو جاتی ہے اور یہ معاملہ منتشر ہو کر رہ گیا ہے ۔ جناب والا ۔ اس طرح بھاری آئٹم بناسپتی چاول کے لیے ویگن نہ ہونے کے باعث ہم زر مبادلہ نہیں کما سکتے ہیں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

**چودھری محمد سرور خان** ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ ''بناسپتی چاول'' کی ہمیں سمجھ نہیں آ سکی کہ وہ کون سا چاول ہوتا ہے ۔

**ملک محمد اختر** ۔ جناب والا ۔ میں ایک گھنٹہ سے بول رہا ہوں اس لیے غلطی کا امکان ہو سکتا ہے ۔ میں correct کرتا ہوں ۔

**چودھری انور عزیز** ۔ جناب والا ۔ انہوں نے فرمایا ہے کہ میں ایک گھنٹہ سے بول رہا ہوں ، اس لیے وہ ''بناسپتی چاول'' کہہ رہے ہیں ۔

**مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر** ۔ ان کا مطلب ''باسمتی چاول'' سے ہے ۔

**چودھری انور عزیز** ۔ جناب والا ۔ ان کو یہ فرما دیں کہ وہ اپنا مطلب بیان کیا کریں ، تقریر نہ کیا کریں ۔

**مسٹر حمزہ** ۔ پنجابی کی ایک عام کہاوت ہے کہ گونگے کی باتیں گونگے کی ماں ہی سمجھ سکتی ہے ۔ تو آپ ہی شاید ان کی باتیں سمجھ سکتے ہیں ۔

**رانا پھول محمد خاں** ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ مسٹر حمزہ نے ممبر کو گونگا کہہ کر ان کی توہین کی ہے ۔ اس لیے ان کو یہ الفاظ واپس لینے چاہئیں ۔ اختر صاحب تو بہت ہی پیارے ممبر ہیں ۔ اور وہ زبان رکھتے ہیں ۔ وہ تو گونگے نہیں ہیں ۔

**مسٹر سنیئر ڈپٹی سپیکر** ۔ یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے ۔ ایوان کی کارروائی بیس منٹ کے لیے چائے کے وقفے کے لیے ملتوی کی جاتی ہے ۔

*The Assembly then adjourned for twenty minutes.*

*The Assembly met at 11.00. a.m. Mr. Senior Deputy Speaker in the Chair.*

**Mr. Senior Deputy Speaker** : Yes, Malik Sahib.

ملک محمد اختر (لاهور - ۲) - جناب سپیکر - میں اپنے بھائی حمزہ صاحب کے حکم کی تعمیل کرتے ہوئے کوشش کرتا ہوں کہ اس دھندے کو جلدی ختم کروں - صرف دو ایک پوائنٹ ہیں جن کا ذکر کرنا ضروری ہے -

جناب سپیکر - ریلوے میں ایک محکمہ ہے جس کا نام Chief Controller of Purchase and Supply ہے - اس میں کافی گڑبڑ ہے اور اس میں ہوتا یہ ہے کہ اگر کوئی چیز خریدنا ہو تو اس کے لیے quotation مانگی جاتی ہیں - مثال کے طور پر انہوں نے ایک مرتبہ holdall کے لیے quotation مانگی تو ان کو ایک quotation دی گئی اس کے بعد انہوں نے ایک اور نئی quotation مانگی وہ بھی دے دی گئی - تو پہلی quotation جو اس سے قبل دی گئی تھی وہ کافی زیادہ تھی اور بعد والی quotation کم تھی - لیکن ہوا یہ کہ نئی quotation کے مطابق انہوں نے purchase نہیں کیا بلکہ اس item کو معرض التوا میں رکھا -

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر - ملک صاحب - آپ تھوڑی دیر کے لیے رک جائیں تاکہ وزیر ریلوے اور ان کے عملہ کے لوگ آ جائیں -

ملک محمد اختر ۔ اس کے لیے پھر گھنٹی کیوں نہ بجا دی جائے ۔

مسٹر محمد اسلم خان خٹک ۔ جناب والا ۔ آپ ھاؤس کو adjourn کیوں نہ کردیں ۔ ۱۰ منٹ کے لیے ۔ اس لیے کہ There is no quorum

مسٹر سپیکر ڈپٹی سپیکر ۔ میں منسٹر صاحب سے درخواست کروں گا کہ ریلوے کا عملہ اور اس کے تمام لوگ جو جا چکے ھیں وہ ابھی تک نہیں آئے ھیں ، ان کو بلا لیا جائیں ۔

وزیر ریلوے ۔ جناب ریلوے کا عملہ ھاؤس کا ممبر نہیں ھے جو کچھ فرمانا ھو مجھ سے فرمائے ۔

مسٹر محمد اسلم خان خٹک ۔ جناب اس پر آپ رولنگ دیں کہ ''عملہ آ جائے'' سے کیا مراد ھے ۔

وزیر ریلوے ۔ جناب میں بہ نفس نفیس حاضر ھوں ۔

ایک آواز ۔ منسٹر صاحب تو موجود ھیں ۔

مسٹر سپیکر ڈپٹی سپیکر ۔ ملک صاحب ۔ آپ اپنی تقریر جاری رکھیں ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ میں مودبانہ عرض کر رھا تھا ۔

اب وزیر با تدبیر تشریف لے آئے ھیں تو میں پھر عرض کرتا ھوں کہ ریلوے میں چیف کنٹرولر آف purchase اینڈ سپلائی کا ایک محکمہ ھے ۔ اس میں ایک holdall کا quotation طلب کیا گیا ۔ آپ اس سے انداز لگائیں کہ کس قدر اس محکمہ میں کرپشن ھے ۔ جو quotation دیا گیا وہ ۲۸ روپے کا تھا ۔ لیکن اس میں ایک افسر تھے جنھوں نے holdall ۴۵ روپے کا purchase کیا تھا ۔ جناب والا ۔ وقت نہایت ھی کم ھے ۔ میں نے مثال کے طور پر یہ واقعہ عرض کیا ھے ۔ حقیقت میں اگر ۱۰۰ بدعنوانیاں کی جائیں تو ریکارڈ پر چند ھی رہ جاتی ھیں ۔ اسی طرح سے Cooperative Consumer Store کے جو head of the department ھیں ان کے متعلق کافی سے زیادہ شکایات ھیں ۔ بلکہ ایک بڑے افسر کے متعلق کہا جاتا ھے کہ ان کو ۵ ھزار روپیہ Cooperative Consumer Store کے payment کرنا ھیں ۔ اندازہ فرمائیے کہ اگر کوئی افسر ذاتی اثر و رسوخ سے اس کوآپریٹو سٹور سے جو چھوٹے ملازمین کی بہبود کے لیے قائم کیا گیا ھو ، اس store سے اس قدر قرضہ حاصل کر لے اور obstinately اس کی repayment نہ کرے تو ایسی صورت میں کیا نتائج ھوں گے ۔ جناب سپیکر ۔ میں یہ سمجھتا ھوں کہ شاید ۔ پی ۔ ڈبلیو ۔ آر ۔ کے Cooperative Consumer Store کے جو head لگائے گئے ھیں وہ superannuated افسر ھیں اور ان کو سب کی ناجائز خواھشات کی تکمیل کرنا پڑتی ھے ۔ جناب والا ۔ چہ جائے کہ fair price shops سے ریلوے کے چھوٹے ملازمین مستفید

ہوتے یہ سٹور بڑے افسران کا آلہ کار بن کر رہ گیا ہے اور اس کوآپریٹو سٹور سے چھوٹے ملازمین مستفیض نہیں ہوتے - تو پھر ان سٹورز کا کیا فائدہ - جناب والا- میں نہایت ادب سے وزیر متعلقہ سے معافی مانگتا ہوں اور اپنی گذارشات کو مکمل کرتا ہوں- اگرچہ میں - اپنی تقریر کا تہائی حصہ ہی مکمل کیا ہے لیکن چونکہ میرے دوستوں نے کہا ہے کہ ختم کردو اس لیے میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں -

مسٹر سپیکر ڈپٹی سپیکر — مسٹر حمزہ -

مسٹر حمزہ (لائل پور - ٦) — جناب والا - کل اور پرسوں میں نے گورنمنٹ پارٹی کے اکثر ممبران کی طرف سے جناب وزیر ریلوے پر تعریف کے پھول نچھاور ہوتے دیکھے - میرا خیال ہے کہ میں بھی کچھ اس میں حصہ دار بن جاؤں -

مجھے جناب وزیر ریلوے کی مصروفیات کا علم ہے اور ان مصروفیات کے باوجود انہوں نے جو تھوڑی بہت دلچسپی ریلوے کے محکمہ سے لی ہے یا اس کا کام چلانے میں دلچسپی لی ہے ، میں سمجھتا ہوں کہ وہ قابل داد ہے - جناب میں نے وزیر ریلوے کو اکثر اوقات مغربی پاکستان کے مختلف اضلاع میں اور خاص شہروں میں ڈسٹرکٹ کونسل اور میونسپل کمیٹیوں کے الیکشنوں میں انتظامیہ کو بہت ہی کامیاب طریقہ

سے استعمال کرتے دیکھا ہے ۔ اتنی مصروفیت میرے خیال میں ان کو ہے کہ محکمہ ریلوے کی بجائے اگر ان کو بنیادی جمہوریت کا محکمہ سونپ دیا جاتا تو وہ اس سے بھی زیادہ کام کر سکتے اور مؤثر ثابت ہوتے۔ جناب سپیکر ۔ میں نے کل جناب وزیر ریلوے کی تقریر دل پذیر بھی سنی اور جب ملک اختر صاحب نے محکمہ ریلوے کے سامنے ضروریات کی چیزوں میں اضافہ کی فہرست اس ایوان میں پیش کی تو میں بڑے ہی افسوس سے کہوں گا بلکہ یہ بڑے ہی افسوس کا مقام ہے کہ انہوں نے گھوڑے اور گدھے کی قیمت میں کوئی فرق نہیں رکھا ۔ جناب وزیر ریلوے نے فرمایا ہے کہ مسافر گاڑیاں ۱۹۳۸ء کے مقابلہ میں کئی گنا مہنگی ملتی ہیں ۔ میرا اندازہ ہے کہ کم از کم انہیں اس بات کا علم ہوگا کہ ۱۹۳۸ء میں جو گاڑیاں تھیں اور جو آج کل ہیں ان میں زمین آسمان کا فرق ہے ۔ آج کل تمام کی تمام گاڑیاں لوہے کی بنی ہوئی ہوتی ہیں ۔ انجنوں کے بارے میں بھی انہوں نے فرمایا لیکن انہیں پتہ ہوگا کہ ۱۹۳۸ء میں انجن کوئلے سے چلتے تھے اور اب تقریباً تمام کے تمام انجن ڈیزل سے چلتے ہیں ۔ ان ایام میں انجن کی طاقت زیادہ نہیں ہوتی تھی لیکن اب انجن کی طاقت کئی گنا زیادہ ہوتی ہے ۔

ایک ممبر — پوائنٹ آف آرڈر ۔ کیا وہ مجھے بتا سکتے ہیں

کہ انجن چاہے کوئلے کے ہوں یا ڈیزل سے چلنے والے ہوں کیا وہ مفت آ جاتے ہیں ؟

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر — آپ تشریف رکھیں ۔ یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے ۔

مسٹر حمزہ — جناب والا ۔ پہلے وقتوں کے انجن جو تھے ان کو ۶۰/۵۰ میل چلنے کے بعد تبدیل کرنے کی ضرورت پڑتی تھی لیکن آج کل کے انجن زیادہ مسافت طے کر لیتے ہیں زیادہ بوجھ کھینچ لیتے ہیں ۔ تو میرا خیال ہے کہ پہلے وقتوں کے انجنوں کا موجودہ انجنوں کے ساتھ مقابلہ کرنا یہ بھی ایک قسم کی زیادتی ہے ۔ جناب سپیکر ۔ میں آپ کی وساطت سے جناب وزیر ریلوے کے سامنے ان کے بہم پہنچائے ہوئے اعداد و شمار پیش کرتا ہوں ۔ ۱۹۵۰ء سے لیکر ۱۹۵۵ء تک ۳ لاکھ ۱۶ ہزار ۳۳۶ ٹن کوئلہ استعمال کیا گیا ۔ اب ۶۵/۱۹۶۴ء میں ۵۹ ہزار ۱۵۰ ٹن کوئلہ استعمال کیا گیا ہے ۔ اور وزیر ریلوے نے جب ڈیزل کا ذکر کیا تو اس کے ساتھ انہوں نے بتایا کہ ڈیزل کا استعمال محض اس لیے کیا جاتا ہے کہ ڈیزل کے استعمال سے بچت ہوتی ہے ، کم خرچ ہوتا ہے ۔ جناب سپیکر ۔ بعض باتوں کا انہوں نے جواب دیا ۔ لیکن میں نے اپنی تقریر میں ان سے عرض کیا تھا کہ انہوں نے خود تسلیم کیا

تھا کہ ہم نے ۲ فیصدی زائد پسنجر ٹریفک کی گنجائش رکھی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ اس افسوس ناک فیصلے کی نسبت انہوں نے بتایا تھا کہ ۵ فیصدی کرایہ بڑھا دیا تو ان کا مطلب تھا کہ جو ان کے نظرثانی شدہ تخمینے پچھلے سال کے ۲۶ کروڑ ۵ لاکھ تھے۔ اس کے مقابلہ میں موجودہ بجٹ میں انہوں نے ۲۶ کروڑ ۹۲ لاکھ کی گنجائش رکھی ہے۔ چاہئے تو یہ تھا کہ وہ اس کی گنجائش ۲۷ کروڑ ۸۷ لاکھ رکھتے۔ اس سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ جناب وزیر ریلوے نے اس مد میں آمدنی تقریباً ایک کروڑ کم رکھی ہے۔ ایک طرف تو یہ بتاتے ہیں کہ ریلوے دن بدن ترقی کے منازل بہت تیزی سے طے کر رہی ہے اور دوسری طرف وہ ایسے خیالات کا اظہار فرماتے ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ معاملہ حوصلہ افزا ہونے کی بجائے حوصلہ شکن ہے۔ صاف ظاہر ہوتا ہے کہ جو معروضات میں نے پیش کی تھیں ان کو وہ تسلیم کرتے ہیں۔ اور کیا ہی اچھا ہوتا کہ وہ بہادری کا ثبوت دیتے ہوئے جس کے متعلق معزز اراکین اسمبلی نے فرمایا تھا اگر وہ پہلے بہادر نہیں تھے تو اب کہنے کے بعد ہی بہادر ہو جاتے۔ جناب سپیکر۔ روڈ ٹرانسپورٹ کے ساتھ انہوں نے مقابلہ کا ذکر کیا۔ میرا مقصد یہ نہ تھا کہ یہ دو محکمے یا یہ دو شعبے اس طریقہ سے مقابلہ کریں۔ ان کو یہ علم ہوگا کہ سرمایہ دارانہ نظام میں مقابلہ ہی صارفین کے مفاد کا ضامن ہوتا ہے۔

اگر آمد و رفت کی سہولتیں بہم نہ پہنچائی جائیں اور مقابلہ بھی صحت مند نہ ہو تو مسافروں کے مفادات محفوظ نہیں رہ سکتے ۔ اس لئے میرے نزدیک اگر یہ محکمہ ٹھیک طریقہ سے چلتا ہو تو بہت بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کر سکتا ہے ۔ جناب وزیر ریلوے کو علم ہوگا کہ ایک گیلن تیل روڈ ٹرانسپورٹ کے مقابلہ میں جب ریل میں استعمال ہوتا ہے تو اس سے چھ گنا کام کرتا ہے ۔ ان کو یہ بھی علم ہے کہ روڈ ٹرانسپورٹ کو کئی قسم کی دقتوں کا سامنا ہے ۔ سڑکوں کی حالت کا ان کو علم ہے ۔ پرزوں کی مہنگائی کا ان کو علم ہے ۔ ان کو یہ بھی علم ہے کہ روٹ پرمٹ کن حالات میں اور کیوں دئے جاتے ہیں ۔ (روٹ پرمٹ لینے والا ان کو آگے کرایہ پر دے دیتا ہے) اور کتنا منافع کماتے ہیں ۔

ملک محمد اسلم خان ۔ کیا معزز ممبر اپنے main point کو چھوڑ کر بے معنی باتوں پر نہیں اتر آئے ۔ کیا وہ irrelevant نہیں ہو رہے ؟

**Mr. Senior Deputy Speaker :** Yes, Mr. Hamza should please try to be relevant.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ میں relevant ہوں ۔ چونکہ جناب وزیر ریلوے نے اپنی تقریر میں روڈ ٹرانسپورٹ کا بھی ذکر فرمایا تھا

اور آپ نے جو اعتراضات پیش کئے تھے میں ان کا جواب دے رہا ہوں ۔ میں عرض کر رہا تھا کہ ہم نے دیکھا ہے کہ روڈ ٹرانسپورٹ کے چلانے والے اور وہ لوگ جو لاریوں اور ٹرکوں کے مالک ہیں اور ملک کے مختلف حصوں میں رہتے ہیں ہم نے عملی طور پر دیکھا ہے کہ وہ لوگ چند سالوں میں خاص کر پاکستان بننے کے بعد کروڑ پتی بن گئے ہیں ۔ کیا وجہ ہے کہ ہمارا محکمہ ریلوے جس کے پاس ریل ٹرانسپورٹ کی اجارہ داری ہے اس کے باوجود دن بدن کرایوں میں اضافہ کرتا چلا جا رہا ہے اور وہ سہولتیں جو اس ملک کی آبادی کو بہم پہنچانی چاہئیں انہیں میسر نہیں آ رہیں ۔ جناب سپیکر ۔ جیسا کہ میں عرض کر چکا ہوں کہ حزب اقتدار کے معزز اراکین نے جناب وزیر ریلوے کی تعریفیں بھی کیں لیکن اس کے ساتھ ساتھ تقریباً ہر ایک نے ایک شرط لگائی وہ یہ تھی کہ ہمارے علاقے میں ریل کی سہولتیں خاطر خواہ طریق پر بہم نہیں پہنچائی گئیں ۔ جناب سپیکر ۔ چترال کے ممبر صاحب نے فرمایا کہ ہمارے علاقے میں لوہے کے بیشمار اور بیش بہا ذخائر موجود ہیں ۔ ریل کی سہولت اگر چترال تک پہنچا دی جاتی تو ہم ان ذخائر کی مدد سے اور بہت بڑی مقدار میں اچھے لوہے کی مدد سے ریلوے کو استفادہ کرنے کا موقع دیتے ۔ پھر کسی ممبر نے فرمایا کہ محکمہ ریلوے ایک خود مختار ادارہ ہے اور خود مختار ہوتے

ہوئے بھی لوگوں کو ان کی جائز سہولتیں بہم نہیں پہنچا سکتا ۔ حکومت نے اپنے فرائض سے مجرمانہ غفلت برتی ہے ۔ محکمہ ریلوے نے بھی مجرمانہ غفلت برتی ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ملک کے ان حصوں کو جہاں اس قسم کے قیمتی ذخائر ہیں ، ریلوے کی سہولتوں کی اشد ضرورت ہے ۔ اگر ان کو مناسب امداد دی جاتی تو آج محکمہ ریلوے جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے ، ملک کی ترقی میں حائل نہ ہوتا ۔ جناب وزیر ریلوے نے یہ فرمایا ہے کہ ہمارے پاس وسائل نہیں ہیں ، میں ان سے پوچھتا ہوں کہ آپ کی حکومت نے کروڑوں روپے یونین کونسل گھروں پر اور فیملی پلاننگ پر خرچ کئے ہیں ۔ آپ کے دولتمند کروڑوں روپے بڑی بڑی کوٹھیاں بنانے پر خرچ کر سکتے ہیں ۔ کیا آپ وہ تمام دولت ریلوے کی پٹڑی بچھانے پر صرف نہیں کر سکتے تھے ۔ آپ نے ریلوے کی پٹڑی بچھانے کی اہمیت کو نظر انداز کیا ہے ۔ مجھے بڑی خوشی ہوئی ہے کہ وزیر ریلوے نے فرمایا ہے کہ وہ آئندہ پانچ سال میں کئی سو میل ریل لائن بچھائیں گے ۔ جہاں تک ان کے وعدوں کا تعلق ہے اگر ہم ان کو مدنظر رکھیں تو اس کا سابقہ رویہ اور کردار اور ذہنی افتاد بتاتی ہے کہ وہ اس پر عمل نہیں کر سکیں گے کیونکہ اس پانچ سالہ منصوبہ میں انہوں نے محض ۱۳۷ کروڑ کی گنجائش رکھی ہے ۔ اس کے ہوتے ہوئے میں سمجھتا ہوں کہ ان کے دعوے اور وعدے

بالکل بے جا ہیں اور یہ اُن پر قطعاً عمل نہیں کر سکتے ۔

جناب سپیکر ۔ میں نے ریلوے کے میزانیہ پر اس وجہ سے بھی تنقید کی تھی کہ ایڈمنسٹریشن کے اخراجات دن بدن بڑھتے جا رہے ہیں ۔ جناب وزیر ریلوے نے مجھے جواباً یہ فرمایا کہ ہندوستان میں بھی ایسا ہوتا ہے ۔ اگر ہندوستان میں ایسا ہوتا ہے تو ہمیں اس سے کوئی سروکار نہیں ۔ میں جناب وزیر ریلوے سے پوچھتا ہوں کہ پچھلے چند سالوں میں جو اُن پر کل آمدنی کے مقابلہ میں ۵ فیصدی اضافہ ہو چکا ہے اس کی کیا وجہ ہے ؟ اگر آپ مجھے یہ کہیں کہ ہم نے ریلوے کے رولنگ سٹاک ، ریلوے لائن یا مشینری کو تا حد امکان استعمال کرتے ہیں ۔ تو اس کا لازمی نتیجہ یہ ہونا چاہئے تھا کہ اس کے جو overhead charges تھے ، وہ کم ہوتے ایڈمنسٹریشن کے اخراجات کم ہونے چاہئیں تھے ۔ آپ ایک طرف تو یہ کہتے ہیں کہ ہم مشینری سے ، رولنگ سٹاک سے ، زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھا رہے ہیں ۔ پھر ان کا تا حد امکان استعمال ہوتے ہوئے یہ over head charges کیوں بڑھ گئے ؟ اس سے میرے اس الزام کے صحیح ہونے کا ثبوت ملتا ہے کہ آپ کے افسران بالا نہ تو اہل ہیں اور اس کے ساتھ زیادہ روپیہ اپنی بہبود پر قوم کو نقصان پہنچاتے ہوئے خرچ کرتے ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ میں نے جناب وزیر ریلوے کی خدمت میں ریل کاروں کے اعداد و شمار پیش کئے تھے ۔ مگر وہ مجھے بتا نہیں سکے کہ ریل کاروں کی milage میں کمی کیوں ہوئی ہے ۔ دوسری طرف ریل کاروں کے چلانے اور انتظام کے لیے عملہ میں کیوں اضافہ ہوا ہے ۔ اس کی کیا وجہ ہے ؟ لیکن بجائے اس کے کہ وہ میرے اعتراضات کا جواب دیتے انہوں نے محض ہندوستان کی ایک مثال پیش کر دی ۔ میں ان سے پوچھتا ہوں کہ کیا آپ کو علم ہے کہ پچھلے چند سالوں میں ہندوستان ۔ اپنے مزدوروں کو تین بار ترقیاں دی ہیں ۔ ہندوستان کے مزدور آزاد ہیں اور اپنے حقوق کے لئے لڑ سکتے ہیں ۔ آپ صوبہ کی تمام آبادی کو غلام بنانے کی سازش کرکے اور خاص طور پر ریلوے کے مزدوروں کو اپنا غلام بنا کر ہندوستان کے ساتھ مقابلہ کیسے کر سکتے ہیں ۔ ماسوائے اس کے کہ آپ کہہ دیں کہ مقابلہ کرنا ہے ۔ وہ سہولتیں جو ہندوستان اپنے مزدوروں کو دیتا ہے ، اپنے صارفین کو دیتا ہے ، اس سے بھی تو اپنا مقابلہ کیجئے ۔

جناب سپیکر ۔ مجھے امید ہے کہ جناب وزیر ریلوے کو یہ علم ہوگا کہ ہندوستان نے نئی پٹڑی بچھانے کو اس قدر اہمیت دی ہے کہ پچھلے اٹھارہ سالوں میں جب سے انگریز یہاں سے گئے ہیں ہندوستان

نے پاکستان کی کل milage سے زیادہ ریلوے کی نئی پٹڑی بچھائی ہے ۔ اگر آپ اپنے مقابلہ میں ہندوستان کی مثال دیتے ہیں تو کم از کم ان کی جو اچھی باتیں ہیں ان کی تقلید کیجیئے ۔ مگر اس کے باوجود میں بحیثیت مسلمان یہ قطعاً پسند نہیں کر سکتا کہ ایک وزیر یہاں ہندوستان کی مثال پیش کریں اور جو کچھ وہ اس ملک میں کر رہے ہیں اسے اس کے جواز کے طور پر پیش کریں ۔

جناب وزیر ریلوے نے اپنی تقریروں میں یہ فرمایا تھا کہ ریلوے کی درجہ بندی میں کمی معاشرہ میں درجہ بندی میں کمی کے ساتھ ساتھ ہوگی ۔ میں آپ کی وساطت سے ان سے پوچھتا ہوں کہ میں پچھلی اسمبلی میں تین سال یہاں رہا اور موجودہ ایوان میں بھی حاضر ہوں اس وقت سے حزب اقتدار کے ممبر صاحبان کا یہ مطالبہ تھا اور ہے کہ ریلوے کے پانچ درجوں میں کمی ہونی چاہئے ۔ میں ان سے پوچھتا ہوں کہ اگر آپ ہماری بات سننے کے لئے تیار نہیں ، اس پر عمل کرنے کے لئے تیار نہیں تو کم از کم وہ معزز ممبران جو آپ کی طرف بیٹھے ہیں آپ ان کی بات تو سن لیں ۔ جب وہ آپ کی تعریفیں کرتے ہیں انہیں تو آپ قبول کر لیتے ہیں لیکن اگر وہ نقائص کی نشاندھی کرتے ہیں تو ان پر آپ اعتبار نہیں کرتے ۔ آپ ہمارے ساتھ جو زیادتی چاہیں کریں آپ بہت طاقتور ہیں ، آپ ہمیں آسانی سے نظر انداز کر سکتے ہیں لیکن وہ لوگ جو

آپ کے ساتھ ہیں آپ ان کی سچی باتیں تو سن لیا کریں اور ان پر عمل کر لیا کریں ۔

جناب سپیکر ۔ میں جناب وزیر ریلوے سے یہ پوچھتا ہوں کیا وجہ ہے کہ آپ نے مزید دو کروڑ کی رقم depreciation fund میں رکھی ہے ۔ حالانکہ اس کے لئے شرط یہ ہے کہ آپ اس میں capital at charge کا ۵٪ حصہ رکھیں ۔ پھر جب آپ اس کی گنجائش رکھ چکے ہیں تو پھر مزید رقم اس فنڈ میں شامل کرنے کی ضرورت کیوں محسوس ہوئی ۔ ایک کروڑ روپیہ آپ نے پسنجر ٹریفک پر ضائع کیا اور یہ دو کروڑ آپ غیر ضروری طور پر اس فنڈ میں شامل کر رہے ہیں ۔ اگر آپ کو واقعی یہ بچت کرنی تھی تو آپ کو ٹکٹوں پر ۵ فیصد اضافہ کی قطعاً ضرورت محسوس نہ ہوتی ۔ معلوم ہوتا ہے کہ آپ نے جب بجٹ بنایا تھا اس وقت آپ ۔ تمام صوبہ کی آبادی کی حالت کو نہیں دیکھا تھا ۔ کیا آپ کو اس چیز کا علم نہیں کہ ہمارے ہاں کپڑے کی قیمتیں بڑھ چکی ہیں ، نمک مہنگا ہو چکا ہے ۔ غریب لوگوں کا ان ضروریات پر زیادہ خرچ آئے گا ۔ لوگوں کو زیادہ پیسے ادا کرنے پڑیں گے ۔ آخر آپ نے یہ کیوں احساس نہیں کیا ۔ آپ کے پاس جب اتنا روپیہ ہے کہ اس سے آپ بچا سکتے ہیں اس کے باوجود آپ ۔ کرائے میں اضافہ کیا ہے ۔ یہ سنگدلی کا ثبوت ہے ۔ بڑے لوگ کبھی سنگدل نہیں ہوتے ۔ دوبارہ

سوچئے اور آپ نے ۵ فیصد اضافہ کی جو گنجائش رکھی ہے اس کو واپس لیجئے ۔

جناب سپیکر ۔ جناب وزیر ریلوے نے کیا خوب فرمایا ہے کہ ہمارے مزدوروں کی حالت بہت اچھی ہے ۔ میں ان کی خدمت میں چند منٹوں میں اعداد و شمار پیش کرتا ہوں ۔ پچھلے ایک سال سے جو ان کے مطالبات ہیں وہ یہ ہیں :۔

| *Category* | *Strength of Staff* | *Number of demand or Strike Notices* |
|---|---|---|
| Re-Packing Jamadar | 72 | 1 |
| Loco Running Staff (driver, Shunter, firemen) | 2500 | 5 demands |
| Assistant Jamadar Stores | 60 | 1 |
| Watchmen | 5000 | 24 |
| Steam Raisers | 32 | 1 |
| Bridge Khalasis | 22 | 1 |
| I. O. W. (mates) | 150 | 1 |
| Packers | 76 | 1 |
| Fitters Signal Shop | 54 | 1 |
| P. W. R. Union | 80,000 | 46 demands notice |
| Grade II Clerks | 2,000 | 82 demands |

پی ۔ ڈبلیو ۔ آر یونین جو پی ۔ ڈبلیو ۔ آر کی نمائندہ یونین ہے جس

کے ممبروں کی تعداد ۸۰ ہزار ہے ، انہوں نے ۴۶ مطالبات پیش کئے ۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ تقریباً ۹ ہزار میں ۲ ہزار گریڈ سیکنڈ (grade II) کلرک بھی شامل ہیں ۔ ۹۰ ہزار ملازمین نے آپ کے محکمہ کے سامنے ۸۲ مطالبات پیش کئے ہیں ۔ لیکن افسوس ہے کہ آپ کے conciliation افسران جو گورنمنٹ کے محکمہ کے اہل کار ہوتے ہیں اور افسر ہوتے ہیں ، انہوں نے اپنے مطالبات انڈسٹریل کورٹ میں پیش کرنے کی بھی زحمت گوارا نہیں کی ۔ لیکن گورنمنٹ نے دو مطالبات یا دو مقدمات انڈسٹریل کورٹ کے سامنے پیش کئے ۔ ان کا فیصلہ مزدوروں کے حق میں ہوا مگر ان پر آپ کے محکمہ نے آج تک عمل نہیں کیا ۔ لیکن اس کے باوجود ایک طرف تو آپ کا یہ رویہ ہے کہ آپ چھوٹے مزدوروں کے مطالبات ماننے کے لئے تو کیا سننے کے لئے بھی تیار نہیں ، اگر سنتے ہیں تو ان پر عمل کرنے کے لئے تیار نہیں ۔ دوسری طرف آپ نے اس محکمہ کو گئوشالہ سمجھا ہوا ہے ۔ آپ کے جتنے آفیسر ہیں وہ ناکارہ ہو گئے ہیں جن کے جسم اور دماغی حالت جواب دے چکی ہے آپ ان کو ان تمام کمزوریوں کے باوجود بدستور اس محکمہ میں رکھنے پر تلے ہوئے ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس کا مطلب یہ ہے کہ جس محکمہ کو چلانے کے لئے key posts یا کلیدی آسامیاں ایسے لوگوں کے پاس ہوں تو وہ پورے طور پر محنت کے ساتھ ، پوری قابلیت کے ساتھ

اور پوری دیانتداری کے ساتھ کام نہیں کر سکتے ۔ اور آپ کا محکمہ کسی طریقہ سے ٹھیک نہیں چل سکتا ۔ اس کا بین ثبوت آپ کا کام ہے ۔ آپ ہنگامی حالات کو بطور عذر لنگ پیش کرتے ہیں ۔ آپ کو پتہ ہے کہ جنگ میں معاہدہ تاشقند کی وجہ سے بھٹو صاحب باہر جا رہے ہیں ۔ ۔ ۔ (قطع کلامیاں) ۔

بیگم زاہدہ خلیق الزمان ــ جناب والا ۔ یہ ریل پر بولتے بولتے پٹڑی سے اتر جاتے ہیں ۔ (قہقہہ)

رانا پھول محمد خان ــ جناب والا ۔ سنٹرل گورنمنٹ کے وزیر کے متعلق جو الفاظ انہوں نے صوبائی اسمبلی میں استعمال کئے ہیں ، انہیں واپس لینا چاہئے ۔

مسٹر حمزہ ــ جناب سپیکر ۔ میں عرض کر رہا تھا ۱۹۶۲-۶۳ء میں ایڈمنسٹریشن پر کل خرچ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

رانا پھول محمد خان ــ جناب والا ۔ ''بھٹو صاحب جا رہے ہیں'' یہ الفاظ واپس لیں ۔

مسٹر حمزہ ــ وہ نہیں جا رہے ہیں ، آپ نکال رہے ہیں ۔

جناب والا ۔ اندازہ فرمائیں کہ ۱۹۶۲-۶۳ء میں جنرل ایڈمنسٹریشن پر ۱۲٫۵ فیصدی خرچ ہوتا تھا اور یہ لوگ جیسا کہ میں عرض کر

چکا ہوں ، بوڑھے ہو چکے ہیں اور آپ نے ان کو رکھا ہوا ہے اور ۱۲۰۵ فیصد ان پر خرچ کر رہے ہیں ۔

جناب والا ۔ جناب ملک اختر صاحب نے فرمایا ہے کہ اس محکمہ میں سب سے زیادہ رقومات طبی سہولتیں بہم پہنچانے پر خرچ ہو رہی ہے لیکن اس سے استفادہ بڑے بڑے افسر کرتے ہیں ۔ میں جناب وزیر ریلوے سے پوچھتا ہوں کہ آپ ان کو جو کشتے بہم پہنچاتے ہیں ۔ Cairns Hospital میں کشتوں کی ضرورت کن کو ہوتی ہے ؟ تمام کی تمام قیمتی دوائیوں کا بڑا حصہ آپ کے ریلوے کے افسران پر خرچ ہوتا ہے ۔ کیا چھوٹے اور غریب مزدور پر بھی خرچ ہوتا ہے ؟ آپ کے بڑے افسر اکثر اوقات ریلوے کے ڈاکٹروں سے علاج نہیں کرواتے وہ specialist سے علاج کراتے ہیں جو بڑے مہنگے نسخے لکھ کر دیتے ہیں اور ریلوے کو ان کا زیر بار ہونا پڑتا ہے ۔ آپ قدرت سے مقابلہ تو نہیں کر سکتے ۔ کسی سٹیج پر انسان بوڑھا ہو جاتا ہے اور اس کا جسم جواب دے جاتا ہے ۔ آپ ان لوگوں کو محکمہ میں رکھ کر تیزی کے ساتھ ان کو قبر کی طرف دھکیل رہے ہیں ۔ اگر وہ مر جائیں تو کیا محکمہ کا کام کھڑا ہو جائے گا ؟

**رانا پھول محمد خان** ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ میرے

معزز دوست جناب حمزہ صاحب کی ان کے برے اور ناکارہ ہونے سے کیا مراد ہے ۔ وہ ان سے کیا کام لینا چاہتے ہیں جو وہ نہیں کرتے ؟

**Mr. Senior Deputy Speaker :** This is no point of order.

مسٹر حمزہ ۔ اگر یہ لوگ آج یا کل نہیں ہوں گے تو کیا محکمہ کا کام نہیں چلے گا ۔ اس محکمہ میں آپ وہ لوگ لائیں جو بہتر طریقے سے کام کر سکتے ہیں ۔ ان میں اہلیت ہو ۔ ان میں کام کرنے کا جذبہ موجود ہو ۔ ان کے اندر کام کرنے کی قابلیت ہو اور وہ کام کرنا چاہتے ہوں ۔ آپ کا رویہ یہ ہے کہ جن کے ہاتھ پاؤں شل ہو رہے ہیں آپ ان کو بھی مواقع بہم پہنچاتے ہیں ۔

جناب والا ۔ صورت حال اس وقت یہ ہے کہ ۱۹۵۰ء میں ریلوے کے اہل کار ۱ لاکھ ۷ سو ۳۴ تھے جن کو وہ طبی سہولتیں بہم پہنچاتے ہیں ۔ ان کو طبی سہولتیں بہم پہنچانے کے لئے جو اہلکار ملازم رکھے ہیں ان کی تعداد ۱ ہزار ۱ سو ۱۹ ہے ۔ ۱۹۶۴-۶۵ء میں ۱ لاکھ ۳۰ ہزار ۳ سو ۵۷ اہلکار تھے اور ان کو طبی سہولتیں بہم پہنچانے والے ۳ ہزار ۳ سو ۹ تھے ۔ یعنی پہلے طبی امداد پہنچانے والے اہلکار کا ریلوے کے ملازمین کے ساتھ جو تناسب ہے وہ ایک کے مقابلہ میں ۵۲۱ ہیں ۔ اب ایک کے مقابلہ میں ۱۳۹ ہیں ۔ میں جناب وزیر ریلوے صاحب سے پوچھتا ہوں کہ اتنا خرچ بدستور کرنے کے باوجود ، اتنا عملہ

ملازمین رکھنے کے باوجود آپ کے محکمہ کے چھوٹے اہلکار آپ سے خوش کیوں نہیں ؟ ان کے جسم پر گوشت کا ٹکڑا نہیں ۔ ان کے رنگ پیلے ہو۔ ہیں اور وہ ملازم جس کی ضروریات پوری نہ ہوں جو اپنے جسم اور جان کے رشتہ کو اچھی طرح بمشکل قائم رکھ سکتا ہو آپ اس سے کس طرح توقع کر سکتے ہیں کہ وہ پوری تندہی کے ساتھ ، پوری یکسوئی کے ساتھ آپ کے محکمے کی خدمت کر سکے گا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ان وجوہات میں ایک بہت ہی اہم وجہ یہ بھی ہے بلکہ اس سے بڑی وجہ یہ ہے کہ آپ کے محکمہ میں اہلیت اور قابلیت روز بروز کم ہو رہی ہے ۔ آپ ان کی خدمت کیجئے وہ یقیناً آپ کی خدمت کریں گے ۔ سرمایہ جو آپ ان کے اوپر لگائیں گے اس سے چار گنا زیادہ فائدہ آپ کو پہنچے گا ۔ لیکن مسائل اس طرح حل نہیں ہوتے کہ ایسی یونین کو تسلیم کریں جو کٹ پتلی یونین ہو اور جو نمائندہ یونین ہو ان کو آپ ماننے کے لئے تیار نہ ہوں ۔ اگر ان کی طرف سے کوئی مطالبہ آپ کے سامنے پیش کیا جاتا ہے تو آپ ایوان میں آ کر کہہ دیتے ہیں کہ سب بالکل ٹھیک ہے ۔ یہ ''صاحب بہادر،، کی ذہنیت ترک کر دیں ۔ آپ اس ملک کے باشندے ہیں ۔ اگر آج کوئی انگریز یہ بات کہتا تو ہم ضرور مان لیتے کہ ان کو ہمارے ملک میں بسنے والے بھائیوں سے کیا ہمدردی ہو سکتی ہے ۔ کیونکہ وہ اس ملک کے باشندے ہی نہیں ۔

لیکن جناب تمن صاحب سے جب یہ بات سنی گئی کہ ان کے اہلکار بہت خوش ہیں ۔ ۔ ۔ ۔ آپ کے دور اقتدار میں ، آپ کے دور حکومت میں ، اس حکومت کے دور میں جو کہ بادشاہت کا دور ہے ۔ کم از کم ان غریبوں کے ساتھ یہ بادشاہوں والی باتیں تو نہ کیجئے ۔ آپ ان کا مذاق اڑاتے ہیں ۔ آپ ان کے معاملات میں دلچسپی نہیں لیتے ۔ چلئے اگر آپ ان کو انسان نہیں سمجھتے ۔ ان کی کوئی خدمت کرنے کے لئے تیار نہیں ہیں ۔ تو وہ محکمہ جو آپ کے سپرد ہے ۔ اگر آپ اس کی efficiency کو بڑھانا چاہتے ہیں تو جب آپ باہر سے انجن درآمد کرتے ہیں تو آپ ان کی بھی ضروریات کو پورا کیجئے ۔ پھر دیکھئے کہ یہ اہل کار کس قدر تندھی ، بہادری اور دلجمعی کے ساتھ آپ کی خدمت کر رہے ہیں ۔ جب آپ اُن لوگوں کی تعریفیں کرتے ہیں جو تمام کے تمام funds کو ضائع کر رہے ہیں ۔ تو آپ کو چاہئے تھا کہ آپ سب سے پہلے ان لوگوں کی تعریف کریں جو اپنے خون کے ساتھ اس محکمے کو سینچ رہے ہیں ۔ اپنا خون بہا کر اس کی خدمت کر رہے ہیں ۔ اپنے آپ کو تکلیف میں ڈال کر اور تمام مشکلات کے باوجود اس محکمے کی خدمت کر رہے ہیں ۔ یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے جنگ کے زمانے میں نہ صرف یہ کہ اس محکمے کی خدمت کی ہے بلکہ تمام ملک کی خدمت کی ہے ۔ مجھے بڑے افسوس کے ساتھ یہ کہنا پڑتا ہے کہ اس معزز ایوان کے اراکین نے چونکہ جناب تمن صاحب

سامنے موجود تھے ۔ کسی نے کہہ دیا کہ ان کا قد اونچا ہے ۔ کسی نے کہا کہ وہ گرانڈیل ہیں ۔ اور وہ ان کو ایک گرانڈیل وزیر دکھائی دیتے رہے ۔ لیکن اس محکمے کے وہ اہلکار جو بڑی تعداد میں ہیں اور پریشان حال ہیں ۔ ان کے متعلق کچھ بھی نہیں کہا ۔ ان معروضات کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

**میاں معراج دین** ــ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ میں آپ کی وساطت سے جناب حمزہ صاحب سے صرف یہ عرض کرنا چاہتا ہوں اور ان سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ کہیں تو وہ یہ کہتے ہیں کہ ریلوے کے کئی ایک ایسے انسان ہیں کہ جن کے جسم پر گوشت نہیں اور کپڑے ہیں ۔ اگر ان کو ریلوے کے پہلوانوں اور کبڈی کے کھلاڑیوں کو دیکھنا ہے تو وہ بھی ریلوے کے پاس ہیں ۔ اگر ان کو وزیر صاحب کے ڈبل ڈول پر اعتراض ہے تو وہ کیسے کپڑے ہو جائیں ۔ وہ کم از کم صرف یہ بتا دیں کہ وہ کپڑوں سے کیا کام لینا چاہتے ہیں اور پہلوانوں سے کیا کام لینا چاہتے ہیں ۔

**مسٹر سپیکر ڈپٹی سپیکر** ــ یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے ۔ آپ تشریف رکھیں ۔

**مسٹر حمزہ** ــ آپ ان پہلوانوں کو کراؤن بس میں بھرتی کر لیں ۔

**سردار محمد اشرف خان** ــ جناب والا ۔ حمزہ صاحب نے اپنی تقریر کے ابتدا میں کہا تھا کہ وہ وزیر ریلوے پر پھولوں کی بارش کرنے والے ہیں ۔ مگر ہم تو انتظار ہی کرتے رہے ۔ لیکن وہ شاید پھول نچھاور کرنا بھول گئے ہیں ۔

مسٹر حمزہ۔ ڈسٹرکٹ بورڈوں اور میونسپل کمیٹیوں کے الیکشنوں میں انہوں نے جو کارہائے نمایاں انجام دئے ہیں، میں نے ان کا ذکر کیا تھا۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر — مسٹر حمزہ۔ برائے مہربانی آپ تشریف رکھیں۔ فاروق صاحب!

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی۔ ۸) — جناب والا۔ ہم جنرل ایڈمنسٹریشن پر گفتگو کر رہے تھے۔ اور میں چاہتا ہوں کہ جنرل ایڈمنسٹریشن پر گفتگو کرنے سے پہلے وزیر محترم جناب تمن صاحب نے کل میری چند باتوں پر جو اعتراضات کئے تھے، ان کے بارے میں وضاحت کر دوں۔ میں نے کل اپنی تقریر میں ان کو اس طرف متوجہ کیا تھا کہ کراچی کی آبادی اس تمام صوبے کی کل آبادی کا پانچ فیصد ہے۔ اور آپ کے ترقیاتی بجٹ میں کراچی ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر — فاروق صاحب۔ آپ کل کی بحث کے متعلق حوالہ نہیں دے سکتے۔ آپ کٹ موشن پر ہی بولئے۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی — وہ بحث جنرل ایڈمنسٹریشن کے متعلق ہی تھی۔ اور میں ان کا جواب عرض کر رہا ہوں۔ کیونکہ آپ اس سے پہلے جواب کی اجازت دے رہے ہیں۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر — آپ نے تو ابتدا ہی اس بات سے کی ہے کہ ان کا جواب دینا چاہتے ہیں۔ بہرحال آپ صرف اس کٹ موشن پر ہی بولیں۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی — بہت اچھا جناب۔ میں اسے آگے کہیں

لے لوں گا ۔

جناب والا ۔ ہم ریلوے کی جنرل ایڈمنسٹریشن پر گفتگو کر رہے تھے ۔ اور جنرل ایڈمنسٹریشن کا خرچ ریلوے کے کل working expenses کا ایک جزو ہے ۔ اور جیسا کہ متعلقہ وزیر صاحب نے خود بھی اعتراف کیا تھا کہ ریلوے کا محکمہ رفاہی انداز پر چلایا جانے والا ایک صنعتی ادارہ ہے تو کسی صنعتی ادارہ کے working expenses کو عموماً دو حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے ۔ ایک حصہ براہ راست اخراجات کا اور دوسرا حصہ بالواسطہ اخراجات کا ۔ ریلوے کے براہ راست اخراجات وہ ہیں جو کہ ریل گاڑیوں کو پٹڑیوں پر رواں دواں رکھنے کے لئے ، ان کے انجنوں کو ایندھن پہنچانے کے لئے اور گاڑیوں کو چلانے پر کئے جاتے ہیں ۔ اور دوسرے اخراجات یعنی بالواسطہ اخراجات وہ ہیں جو اس تمام کام کی نگرانی اور اس کام کو صحیح طور پر چلانے اور اس کی دیکھ بھال پر کئے جائیں ۔ اور وہ اخراجات جنرل ایڈمنسٹریشن اور اس کے عملے کے متعلق اخراجات ہیں ۔ صنعتی اداروں کی کارکردگی سے تھوڑا بہت تعلق رکھنے والا ہر شخص جانتا ہے کہ انتظامیہ کے اخراجات کم و بیش ساکن ہونے چاہئیں ۔ static ہونے چاہئیں ۔ اس میں بہت زیادہ اتار چڑھاؤ نہیں ہونا چاہئے ۔ اگر operational expenses میں بہت زیادہ فرق ہو تو وہ بات سمجھ میں آ سکتی ہے کہ جب محکمے کے operations زیادہ ہوں تو ظاہر ہے کہ اس کے operational expenses بھی زیادہ ہوں گے ۔ اگر آپ گاڑیاں زیادہ چلائیں گے تو اس کے لئے زیادہ عملہ چاہئے ۔ اگر زیادہ گاڑیاں پٹڑیوں پر رواں ہوں تو اس کے لئے زیادہ انجن چاہئیں ۔ زیادہ انجن جب پٹڑیوں پر رواں ہوں تو اس کے لئے زیادہ ایندھن چاہئے ۔ اور یہ سب کچھ اخراجات میں اضافے کی صورت میں ظاہر ہوگا ۔ لیکن گاڑیوں کے زیادہ چلنے سے انتظامی خرچ میں کوئی

فرق نہیں پڑتا ہے ۔ اگر گاڑیوں کی تعداد دو یا تین یا دس ہزار ہو ۔ تو ریلوے بورڈ کے اخراجات میں کیوں اضافہ ہوا ۔ انتظامیہ کے اخراجات میں کیوں اضافہ ہوا ۔ دنیا میں صنعتی اداروں کے جتنے بھی حسابات ہیں ان میں یہ بات مسلمہ ہے اور مسلم‌الاصول کی حیثیت سے تسلیم کی جاتی ہے کہ operational expenses کے لحاظ سے انتظامیہ کے اخراجات میں بہت زیادہ اتار چڑھا نہیں ہونا چاہئے ۔ اگر یہ ایسا ہے تو

"There is something rotten in the state of Denmark"

اور جو اس کے ذمہ دار ہیں ۔ ضرورت ہے کہ وہ اس کی طرف توجہ دیں ۔ میں مثال کے طور پر بتاؤں گا کہ ۱۹۶۳-۶۴ء میں ریلوے کے انتظامیہ کے محکمے کا کل خرچ سات کروڑ تیس لاکھ روپے تھا ۔ اور ۱۹۶۶-۶۷ء میں جو آپ کا مطالبۂ زر ہے اور جو رقم اس بجٹ میں شامل ہے ، یہ آٹھ کروڑ چونتیس لاکھ روپے ہے یعنی اس میں ایک کروڑ چار لاکھ روپے زیادہ ہیں جو کہ چودہ فیصد کا اضافہ ہے ۔ اور اس کے مقابلے میں ریلوے کی آمدنی میں ۱۹۶۳-۶۴ء کے مقابلے میں صرف سات فیصد کا اضافہ ہے ۔ ایک طرف تو آپ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

**رانا پھول محمد خان** ــ جناب سپیکر ۔ میں آپ کی وساطت سے مولانا فاروق صاحب سے یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ آیا اس میں وہ رقم بھی شامل ہے ۔ جو مساجد کے چندے کے لئے اکھٹی کی گئی ہے ۔

**مسٹر محمود اعظم فاروقی** ــ آپ کی بات کا جواب دینا ضروری نہیں ہے ۔ ۔ ۔ ۔ تو ۱۹۶۳-۶۴ء کے مقابلے میں ۱۹۶۶-۶۷ء میں اگر آپ کی operations میں ، اگر ریلوے کی تمام کارکردگی میں صرف اتنا اضافہ ہوا ہے ۔ جو آپ کی آمدنی میں صرف سات فیصد اضافہ کرتی ہیں ۔ اور اس کے مقابلے میں انتظامیہ کے خرچ میں چودہ فیصد اضافہ ہوا تو یہ

قابل توجہ ہے ۔ میرے لئے تو یہ ممکن نہیں ہے کہ میں آپ کے بجٹ کے ایک ایک جزو کا جائزہ لے کر آپ کو یہ بتاؤں کہ کہاں پر leakage ہے اور کہاں پر wastage ہے ۔ آپ کہاں پر خرچ کم کر سکتے ہیں ، اور کہاں پر خرچ ضرورت سے زیادہ ہے ۔ یہ کام آپ کے بڑی تنخواہ پانے والے بڑے عملے کا ہے ۔ میں تو اس ایوان کو اور آپ کو اس بات کی طرف متوجہ کراؤں گا کہ آپ کے پاس ملک کی اتنی بڑی قومی دولت ہے جو آپ کو امانت کے طور پر دی گئی ہے ۔ اور آپ پر ایک فرض عائد کیا گیا ہے کہ اس فرض کو پورا کرنے کے لئے آپ نے اس ایوان کے سامنے اور خدا کے سامنے حلف اٹھایا ہے کہ آپ اس قومی دولت کو ایمانداری کے ساتھ اور حسن کارکردگی کے ساتھ ملک کے مفاد کے لئے استعمال کریں گے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ آپ کی یا آپ کے عملے کی یہ کوتاہی ہے ، یہ مجرمانہ غفلت ہے کہ وہ اپنی انتظامیہ کے اخراجات میں اس تیزی سے اضافہ کرتی جا رہی ہے ۔ جو کہ آمدنی میں اضافے کے تناسب سے بہت زیادہ ہے ۔ اور اگر یہ خطرناک رجحان جاری رہا تو شاید ایک دن آپ لوگوں کی ساری آمدنی بھی کرایوں کی مد میں اگر حاصل کر لیں تو بھی آپ کے اخراجات پورے نہ ہو سکیں گے ۔ اور پھر اس اضافے کا جو بہت زیادہ خطرناک رجحان ہے ۔ وہ یہ ہے کہ آپ کے زیادہ تنخواہ پانے والے عملے یعنی top management کے اخراجات میں اضافہ روز بروز تیزی کے ساتھ بڑھ رہا ہے ۔ اور اس کے مقابلے میں وہ عملہ جو حمزہ صاحب کے الفاظ میں واقعی بھٹیوں کے سامنے اپنے خون کو جلاتا ہے ۔ اور اپنے سینوں پر ریل گاڑیوں کو رواں دواں رکھتا ہے ۔ اس کی تنخواہوں میں اور اس کے معاوضے میں اضافہ اس رفتار سے نہیں ہو رہا ہے ۔ میں صرف دو مثالیں آپ کی خدمت میں عرض کروں گا ۔ آپ کے ریلوے بورڈ کا جو کہ آپ

کے اس محکمہ ریلوے کی انتظامیہ کا سب سے اونچا ادارہ ہے ، آپ کے بجٹ کے مطابق ۱۹۶۳-۶۴ء میں کل خرچ چار لاکھ اٹھاون ہزار روپے تھا ۔ میں اس ریلوے بورڈ کے عملے کی تنخواہ نہیں لے رہا ہوں ۔ میں اس میں صرف top management کی تنخواہ لے رہا ہوں جو ۴ لاکھ ۵۸ ہزار ہے ۔ آپ نے ۱۹۶۶-۶۷ء میں ۷ لاکھ روپیہ کا مطالبہ کیا ہے ۔ یعنی ۳ سالوں میں ۲ لاکھ ۴۲ ہزار روپیہ کے حساب سے ۵۴ فیصد اضافہ ہوا ہے ۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ ریلوے بورڈ کے اخراجات دو تین سالوں میں دوگنا بڑھ گئے ہیں ۔ اور ان میں ۵۴ فیصد کا اضافہ ہوا ہے ۔ اس کا مقابلہ operating staff سے لگائیں ۔ اس کے لئے ۱۹۶۵-۶۶ء میں ۷ کروڑ ۱۰ لاکھ روپیہ تھا ۔ اور اس سال ۷ کروڑ ۱۴ لاکھ روپیہ ہے ۔ یعنی ایک سال میں ۴ لاکھ روپیہ کا اضافہ ہوا ہے ۔ جو کہ ½ فیصد کے برابر ہے ۔ جو ۵۴ فیصد اضافہ تین سالوں میں ہوا ہے اس کی اوسط نکالیں تو ۱۸ فیصد سالانہ ہوتی ہے ۔ یعنی آپ کے ریلوے بورڈ کے اخراجات میں سالانہ اضافہ ۱۸ فیصد کا ہے اور operating staff یعنی نچلے درجہ کے ملازمین جن کے کندھوں اور سینوں پر محکمہ ریلوے بلکہ سارے ملک کی بنیاد قائم ہے ان کے لئے صرف ½ فیصد کا اضافہ کیا گیا ہے ۔ میں آپ سے یہ بات سیاسی نقطہ نگاہ سے نہیں کہہ رہا ۔ آپ ملازمین کے بوجھ کا جائزہ فنی نقطہ نگاہ سے لیں ۔ میں آپ کو اس بات کی طرف متوجہ کروں گا کہ آپ دیانتداری اور انصاف کی نظر سے ان کی ہر بات کو دیکھیں ۔ جو لوگ انتظامیہ کے top پر ہیں ۔ جن کی زندگیوں میں پہلے ہی عیش و آرام کے سامان مہیا ہیں ان کے معاوضوں میں اتنا زیادہ اضافہ غیر مناسب اور ناموزوں ہے ۔ اور نچلے عملہ پر اخراجات سے پہلے آپ کا صرف نظر بے توجہی انصاف کے تقاضوں کے مطابق نہیں ہے ۔

جناب والا ۔ انتظامیہ کے اخراجات کا ایک اور پہلو بھی ہے ۔ انتظامیہ کا خرچ کل اخراجات کا ۱۶ فیصد ہے ۔ میں کوئی کاروباری آدمی نہیں ہوں ۔ لیکن اس معزز ایوان میں بہت سے صنعت کار تشریف رکھتے ہیں وہ اس بات میں میری تائید کریں گے کہ کسی ادارہ کے overhead charges یعنی بالواسطہ اخراجات کسی ادارے کے کل اخراجات کے مبطاق ہونے چاہئیں ۔ ان اخراجات کا جو تناسب ۱۶ فیصد ہے ، یہ بہت زیادہ ہے ۔ اور کسی standard کے مطابق نہیں ۔ دنیا کے دوسرے ممالک میں ایسے اخراجات کا تناسب دس فیصد ہوتا ہے ۔ چونکہ یہ رفاہی ادارہ ہے ، اس لئے اس کا تناسب اس سے بھی کم ہونا چاہیئے ۔ آپ کا تناسب ۱۶ فیصد ہے اور یہ روز بروز بڑھنے پر مائل ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ محکمہ کا یہ اولین فرض ہے کہ ان اخراجات کو کم کرنے کے لئے ضروری اقدامات کرے ۔ وہ اقدامات کیا ہیں ۔ اس کا فیصلہ کرنا آپ کا کام ہے کہ کون سے اخراجات زائد ہیں اور کونسے ایسے کام ہیں جو بلاضروری ہیں ۔ اور leakage کہاں پر ہے اور اخراجات کہاں پر بے مصرف ہو رہے ہیں ۔ تین چار سالوں سے ہر سال کرایوں میں اضافہ کرکے آپ عوام کے کندھوں پر ناجائز اور بلاوجہ بوجھ لادنا چاہتے ہیں ۔ آپ نے فرمایا ہے کہ ہمارے ملک کے کرایہ جات دنیا کے دوسرے ممالک کے مقابلہ میں بہت کم ہیں ۔ اس کے متعلق میری عرض یہ ہے کہ آپ نے تصویر کا صرف ایک رخ پیش کیا ہے ۔ ارکان اسمبلی کو مغالطہ میں رکھنے کی کوشش کی ہے ۔ آپ نے امریکہ ، جاپان ، ہندوستان اور انڈونیشیا سے مقابلہ کرکے بتایا ہے کہ ہمارے ملک میں ریل کے کرایہ کم ہیں ۔ لیکن آپ نے کبھی یہ نہیں دیکھا کہ وہاں پر عوام کو سہولتیں بہم پہنچانے کے لئے وہاں کی حکومتیں کس طرح اپنے فرائض کو انجام دیتی ہیں ۔ آپ نے تصویر کا دوسرا رخ نہیں دکھایا ۔ کیا آپ کو معلوم

ہے کہ امریکہ میں per capita Income کیا ہے ۔ اگر اُن کے کرائے زیادہ ہیں تو وہاں کیا کیا سہولتیں ہیں ۔ میں آپ کو بتاؤں گا کہ پاکستان کے مقابلہ میں امریکہ کی per capita Income دس گنا زیادہ سے بھی زائد ہے ۔ اگر آپ کے فرمان کے مطابق ہی دیکھیں تو جیسا کہ آپ نے فرمایا ہے کہ پاکستان میں کرایہ کی شرح ۳ پیسے فی میل ہے اور امریکہ میں ۱۸ پیسے فی میل ہے ۔ تو یہ بھی ۶ گنا ہے ۔ لیکن اُن کی per capita Income ہمارے مقابلہ میں دس گنا ہے ۔ جبکہ کرایوں کی شرح اُن سے ۱/۶ حصہ ہے ۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ آپ کا یہ کوئی قابل قدر کارنامہ نہیں ہے ۔ میں یہ بھی عرض کروں گا کہ آپ دوسرے ملکوں کے ساتھ اپنا مقابلہ کرنے کی بجائے اپنے ملک کے حالات کیوں نہیں دیکھتے ۔ آپ عوام کے حالات کا جائزہ لیں ، اُن کے معاشی حالات کو دیکھیں اور پھر اس بنیاد پر فیصلہ کریں کہ کرایوں میں اضافہ کی ضرورت ہے یا نہیں ۔ اگر ضروری ہو تو پھر بے شک اضافہ کریں ۔ آپ پورے دلائل کے ساتھ ہمیں بتائیں کہ کرایوں میں اضافہ کی کیا ضرورت تھی ۔ معلوم ہوتا ہے بغیر اندازہ کئے اور بلا سوچے سمجھے ایسا کیا گیا ہے ۔ اور یہ آپ کی ناعاقبت اندیشی اور مکمل حالات سے بے خبری کا نتیجہ ہے ۔

وزیر ریلوے نے اس بات کا کوئی جواب نہیں دیا کہ آخر جب آپ کے پاس دو کروڑ روپیہ surplus موجود تھا تو پھر یہ کیا مذاق ہے ۔ کہ آپ اڑھائی کروڑ روپیہ کرایوں میں اضافہ کرکے حاصل کر رہے ہیں ۔ آپ نے جو دو کروڑ کا surplus بجٹ پیش کیا ہے ۔ اس کے متعلق سڑک پر چلنے والا ایک معمولی آدمی بھی کہہ سکتا ہے کہ یہ Balanced Budget نہیں ۔ سارے اخراجات کو پورا کرنے کے بعد جب دو کروڑ کی رقم بچ رہی ہے یعنی سود کی ادائیگی کے بعد ، قرض کی ادائیگی کے بعد ، انجنوں کے ایندھن کی قیمت ادا کرنے کے بعد ، Depreciation کے ۶ کروڑ بھی شمار کر لینے

کے بعد آپ کے پاس دو کروڑ روپیہ surplus ہے تو پھر یہ ڈھائی کروڑ روپیہ کرایوں کے اضافہ سے وصول کرنے کے کیا معنی ہیں ۔ یہ کون سا Budgeting کا طریقہ ہے ۔ Budgeting کے دو طریقے ہوتے ہیں ۔ ایک تو یہ طریقہ ہے کہ پہلے آمدنی کا اندازہ لگایا جائے اور آمدنی میں اضافہ کرکے جو ممکن العمل طریقے ہوں ان کا اندازہ لگایا جائے اور پھر اس کے ساتھ اپنے سارے خرچ کو اس خوش اسلوبی کے ساتھ اس حسن کارکردگی کے ساتھ adjust کریں کہ آپ کی آمدنی اور خرچ متوازن ہو جائے ۔ بجٹ بنانے کا یہ طریقہ مشکل طریقہ ہے ۔ اس بجٹ میں محنت لگتی ہے ۔ اس میں دماغ خرچ کرنا پڑتا ہے ۔ اس میں اللہ کی دی ہوئی عقل کو استعمال کرنا پڑتا ہے ۔ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ آپ پہلے خرچ کا اندازہ لگائیں ۔ یعنی فلاں مد میں اتنا خرچ ہے ، فلاں مد میں اتنا خرچ ہے ۔ Depreciation پر اتنا خرچ کرنا ہے ۔ تنخواہیں اتنی دینی ہیں پھر دیکھیں کہ آمدنی کیا ہے ۔ تو ٹیکس لگا دیں ۔ یہ بہت ہی آسان طریقہ ہے ۔

ملکوں کی بات چھوڑیئے ۔ خاندانوں کو دیکھئے ۔ اپنے گھر کے اندر دیکھئے ۔ ایک سگھڑ عورت وہ سمجھی جاتی ہے جو اپنے گھر میں شوہر کی تھوڑی سی آمدن میں اپنے گھر کو خوش اسلوبی کے ساتھ چلائے ۔ اور لوگ دیکھ کر کہیں کہ یہ عورت سگھڑ اور خانہ دار ہے ۔ کم آمدنی میں گھر صاف ستھرا ہے ۔ بچے صاف ستھرے ہیں ۔ بچوں کو کتابیں مہیا ہیں ۔ سکول بھی جاتے ہیں ۔ مکان بھی ٹھیک ہے ۔ لیکن وہ عورت جو کہ ۱۰۰ روپیہ کی کم آمدنی ہونے کے باوجود اپنے بچوں کو شان و شوکت سے رکھتی ہے اور جو آمدنی میں کمی ہو ۔ ہر مہینہ قرض لے کر پورا کرتی رہے ۔ تو کیا آپ اس کو اچھی Budgeting کہیں گے ۔ بالکل یہی مثال خاندانوں سے بڑھ کر اداروں پر جاتی ہے ۔ پھر ملکوں اور

حکومتوں میں جاتی ہے ۔ آپ بجٹ بناتے وقت اپنے ملک کو دیکھئے جہاں per capita Income ۳۵۹ روپیہ ہے ۔ لیکن وہ ملک جس کی ۸۰ فیصد آبادی نان شبینہ کو محتاج ہو ۔ اور جہاں کے عوام اپنی زندگی مشکلات اور بیماریوں میں بسر کرتے ہوں وہاں بجٹ بنانے کا یہ طریقہ نہیں ہے کہ پہلے آپ خرچ کا اندازہ لگالیں پھر آمدنی میں جو کمی ہو اس کو ٹیکس لگا کر پورا کریں ۔ ایسے ملک میں جہاں عوام کی یہ حالت ہو وہاں پہلے آمدنی کو دیکھا جانا چاہیئے اور پھر اس لحاظ سے اپنا خرچ خوش اسلوبی سے اور ایک سگھڑ عورت کی طرح چلایا جانا چاہیئے تب کہا جا سکتا ہے کہ اتنی بچت ہوئی ۔ اور پھر میں بھی اپنے ساتھیوں کی طرح مبارک باد کے پھول نچھاور کرتا مگر افسوس ہے کہ میں آپ کی توقع پوری نہیں کر سکتا ۔

**وزیر بنیادی جمہوریت** ۔ آپ ایک عورت کی طرح ریلوے منسٹر سے کیوں توقع کرتے ہیں ۔

**مسٹر محمود اعظم فاروقی** ۔ آپ کی انتظامیہ کے اخراجات میں جنہوں نے میری نظر کو اپنی طرف کھینچا ہے ، ایک خطرناک رجحان ہے اور وہ یہ کہ زرمبادلہ کا خرچ غیر ضروری جگہ پر ضائع ہو رہا ہے ۔ میں مثال کے طور پر تین محکمے بتاتا ہوں ۔ Accounts کے ڈیپارٹمنٹ میں ۱۹۶۵—۶۶ء میں زرمبادلہ کا خرچ ۱۵ ہزار تھا اور ۱۹۶۶—۶۷ء میں ۶۵ ہزار خرچ کا اندازہ ہے ۔ میڈیکل ڈیپارٹمنٹ کے سٹاف کے خرچ میں پہلے ۱۴ ہزار روپے کا زر مبادلہ تھا اور اب ۲۰ ہزار ہے ۔ Watch and Ward کے سٹاف میں زر مبادلہ کا کوئی خرچ نہیں تھا اب اس میں تین ہزار کا خرچ ہے ۔ اگرچہ یہ رقوم بہت چھوٹی ہیں مگر میں اس رقم پر نہیں جاتا میں صرف طرز فکر کی نشاندھی کر رہا ہوں کہ یہ زرمبادلہ کا خرچ کم سے کم تر ہونا چاہئے ۔

بلا ضرورت نہ ہونا چاہئے ۔ میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ یہ accounts کے ڈیپارٹمنٹ پر زرمبادلہ کا خرچ کیا معنی ؟ آپ کہتے ہیں کہ ہم accounts side کو modernize کر رہے ہیں ۔ میں کہوں گا کہ آپ اس کے لئے لاکھوں روپے کی مشینیں کیوں منگوا رہے ہیں ۔ وہ ممالک جو ترقیات کی منزل کے پہلے قدم پر ہیں اور جو ابھی اسی گہوارے میں ہیں وہاں طریقہ یہ ہونا چاہئے کہ ہماری افرادی قوت زیادہ استعمال ہو ۔ mechanization اور automation کم سے کم ہو ۔ کیونکہ اس طرح کے ممالک کو automation اور mechanisation سے دو نقصان پہنچ سکتے ہیں ۔

**وزیر مال** ــ یہ اُلٹی بات ہے ۔

**مسٹر محمود اعظم فاروقی** ــ قائد ایوان نفی میں سر ہلا رہے ہیں ۔ میں ابھی آپ کو بتاتا ہوں ۔ آپ یہ انصاف کے ساتھ سوچیں کہ وہ ممالک جو highly industrialised نہیں ہیں ، under-developed ہیں ۔ انہیں اگر آپ mechanisation کی طرف رجوع کریں گے تو نتیجہ یہ ہوگا وہ اپنے پیروں پر نہیں کھڑے ہو سکیں گے ۔ زر مبادلہ سے مشینیں درآمد کرنا ہوگا اور بیرونی ممالک سے مشینیں در آمد کرنے سے آپ کے foreign exchange پر مستقل بار پڑیگا ۔ اور اسکا دوسرا نقصان یہ ہے کہ آپ کی man power پر اسکا اثر پڑیگا ۔ جہاں پہلے چار آدمی کام کرتے تھے وہاں ایک آدمی کریگا اور تین آدمی بیکار ہو جائیں گے ۔ تو جن ممالک میں انڈسٹری کو کافی حد تک فروغ نہیں ہوا وہاں افراد کی طاقت کو زیادہ سے زیادہ استعمال کرنا چاہیے اور مشینوں کی طاقت کو اور بالخصوص در آمدی مشینوں کی طاقت کو کم سے کم استعمال کرنا چاہئے ۔ یہ میں مانتا ہوں کہ اس زمانے میں accountancy کا فن اہم ہو چکا ہے اور اس سے بہت فوائد ہیں لیکن آپ کے ملک میں جو Chartered Accountants, Registered Accountants, Cost

accountants کی کھیپ موجود ہے تو کیا ان میں سے کسی میں صلاحیت نہیں کہ وہ آپ کو advise کر سکے اور ان میں سے آپ کچھ لوگوں کو منتخب کر کے بیرونی ملکوں میں ٹریننگ کیلئے بھیج دیں اور وہ آپ کا کام چلائیں بجائے اسکے کہ آپ دوسرے ملکوں سے افراد بلا بلا کر مستقلاً ان پر خرچ کر رہے ہیں ۔

جناب والا ۔ میرے کئی دوستوں نے اس امر کی طرف توجہ دلائی ہے کہ آپ کے محکمہ میں کرپشن زیادہ ہے اور یہ کرپشن running سٹاف میں بھی اور دفتروں کے شعبوں میں بھی ہے اور ہر جگہ رشوت ستانیوں اور بدعنوانیوں کا بازار گرم ہے ۔ میں یہ نہیں کہتا کہ دنیا کا کوئی ادارہ جو انسانوں سے مرکب ہو اور انسانوں پر مشتمل ہو وہاں کرپشن کی مکمل بیخ کنی کی جا سکتی ہے ۔ کرپشن موجود تھا اور ہمارے ملک میں موجود ہے ۔ جب تک ہمارا قومی کردار اعلیٰ معیار پر نہیں پہنچتا کرپشن ضرور باقی رہیگا ۔ لیکن فکر وہاں لاحق ہوتی ہے جب اس سے ہر شخص متاثر ہو اور ہر شخص یہ محسوس کر رہا ہو کہ بغیر رشوت اور بغیر بدعنوانیوں کے کوئی کام نہیں ہو سکتا اور کوئی کاغذ کسی جگہ سے move نہیں کر سکتا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ کرپشن کا وجود بڑے پیمانہ پر موجود ہے اور اسکی ایک بڑی وجہ تنخواہوں کی کمی ہے اور عملہ کا غیر مطمئن ہونا ہے ۔ آپ نے فرمایا کہ ہمارا عملہ بہت مطمئن ہے ۔ ہمارے عملہ کے Industrial Courts میں صرف دو ایک cases pending ہیں ۔ میں آپ سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ یہ جو ۹۷ ہزار ملازمین کی یونین جسکو آپ تسلیم کر چکے ہیں انہوں نے اپنی آمدنی میں سے پیسے بچا بچا کر یہ میمورنڈم چھپوائے ہیں اور ہر ایک ممبر کے در پر جبین‌سائی کی ہے، در بدر پھرے ہیں اور اپنی شکایات پیش کی ہیں ۔ کیا یہ اس ادارہ کی کارکردگی کا مظہر ہے جسکے

کارکن مطمئن ہوں ۔ کیا جس ادارہ کے ملازموں کو اطمینان ہو انکا یہی طرز عمل ہوتا ہے کہ وہ اپنے مطالبے کو دنیا کے سامنے رکھیں اور انکے پاس لیکر جائیں ۔ اگر پھر بھی وزیر ریلوے اپنے سٹاف کے اطمینان سے مطمئن ہیں تو میں سمجھتا ہوں کہ وہ شدید غلط فہمی میں مبتلا ہیں ۔ ایک غلطی کو مان لینا اس سے بہتر ہے کہ برائی کے وجود ہی سے انکار کر دیا جائے۔ اگر کسی برائی کے وجود کو تسلیم کرنے سے انکار کر دیا جائے گا تو پھر کیا توقع کی جا سکے گی کہ اسکے حل کی بھی کوشش کی جائے گی ۔ اگر کسی برائی کو تسلیم نہ کیا جائے گا تو کیا اس حقیقت سے انکار آپ کے طرز عمل میں کسی اصلاح کی صورت پیدا کر سکے گا ۔ جو ان لوگوں کو تکلیفیں ہیں آپ ان کی طرف توجہ فرمائیں اور ان کے حل کی فکر کریں اور ان معاملات کو علمہ سے ملکر طے کریں ۔ جو آپ کو خبریں ملتی ہیں وہ اوپر اوپر سے ملتی ہیں ۔ اور یہ لوگ آپ کو اپنے عملہ اور سٹاف اور محکمہ کے صحیح حالات سے باخبر نہیں رکھتے۔ آپ عوام کے آدمی نہیں ہیں اور آپ نچلے طبقہ کے لوگوں سے ملتے نہیں ہیں تو آپ عوام کی صحیح شکایات کو نہیں سمجھ سکتے ۔

جناب والا ۔ میں آخر میں آپ سے یہ عرض کروں گا اور آپ یہ یقین کیجئے کہ میں کسی علاقائی تعصب میں مبتلا نہیں ہوں ۔ پہلے میں مسلمان ہوں اور پھر پاکستانی ہوں اور پھر کراچی کا ہوں یا ایبٹ آباد کا ہوں یا بلوچستان کا ہوں ۔ یقین کیجئے کہ میں اس بات کو پورے احساس ذمہ داری کے ساتھ کہتا ہوں اور خدا کے سامنے جواب دہی کے احساس کے ساتھ کہتا ہوں کہ مجھے سندھ کے تپتے ہوئے ریگستان اور پنجاب کی لہلہاتی ہوئی کھیتیاں ، کوئٹہ کی چٹانوں کی ترقی اور پشاور کے گاؤں کی بہتری سے اتنی ہی محبت ہے جتنی کراچی کے کسی علاقہ کی آبادی کی ترقی سے ۔ مجھے

افسوس ہے کہ آپ نے اس ایوان کو ایک مغالطہ دینے کی کوشش کی ہے اور یہ کہا ہے کہ آپ کراچی پر جتنی رقم خرچ کر رہے ہیں وہ اسکے حق سے زیادہ ہے ۔ آپ کے اعداد و شمار کے مطابق ۱۹۵۹-۶۰ء سے لے کر ۶۶ - ۱۹۶۵ء تک جو رقم خرچ ہو چکی ہے یا ۶۷ - ۱۹۶۶ء تک جو ترقیاتی سکیموں پر خرچ ہونے والی ہے وہ ایک ارب ۸۶ کروڑ سے کچھ زیادہ ہے ۔ یہ میں نے آپ کے اعداد و شمار کے مطابق عرض کیا ہے اور کراچی کی سرکار ریلوے پر آپ نے صرف ۴ کروڑ روپیہ صرف کیا ہے ۔ اور اس کا آپ نے اس ایوان میں اس طرح سے اعلان کیا ہے کہ جیسے کہ آپ نے حاتم طائی کی قبر پر لات مار دی ہو ۔ تو یہ آپ کے کل ترقیاتی خرچ کا ۲ فیصد بنتا ہے۔ کراچی کی آبادی جیسا کہ میں نے عرض کیا تھا، اس صوبے کی پانچ فیصد آبادی ہے ۔ تو کیا کراچی کو یہ حق نہیں ہے کہ وہ آپ سے اس بات کا مطالبہ کرے کہ اس کو اس کا حق ملنا چاہئے ۔ میرا مطالبہ آپ سے اس بات کا ہے کہ عدل و انصاف سے جو متعین اصول ہیں ان کے مطابق کراچی کے لوگوں کا جو حق ہے وہ آپ ان کو دیں ۔ ترقی کا یہ خرچ ، جو رقم کا ۲ فیصد ہے ، وہ آپ صرف کریں تو یہ زیادتی ہے ۔ ان پر کم از کم ۵ فیصد خرچ ہونا چاہئیے ۔ آپ کو معلوم ہے کہ کورنگی اور نیو کراچی کی بستیاں جو شہر سے ۱۵ تا ۲۵ میل کے فاصلے پر ہیں اور خصوصاً جبکہ انہیں آمد و رفت کی سہولتیں میسر نہیں تو ان کے لئے سفر کی سہولتیں بہم پہنچانا آپکا فرض اولین ہے ۔ آپ ہی بتائیے کہ کتنے پل کراچی میں ہیں جو اس حالت میں ہیں کہ جن پر مزید رقم خرچ کرنے کی ضرورت نہیں ہے ۔ میں نے اپنا دوسرا مطالبہ اس چیز کا کیا تھا کہ کراچی پر اس کے حق کے مطابق خرچ ہونا چاہئیے جو کہ نہیں ہو رہا اور میں نے یہ علاقائی تعصب کی بنیاد پر نہیں کہا تھا بلکہ اس لئے کہا تھا کہ عدل و انصاف کے تقاضوں پر جس علاقے کو ترقی کی ضرورت ہے تو اس

کے لئے اس کی ترقی کے لئے رقم خرچ کی جائے۔ تو میں محترم وزیر ریلوے کی خدمت میں گذارش کرتا ہوں کہ کراچی کی ترقی کے لئے آپ اپنی فراخدلی کا ثبوت دیں اور اپنے عملے کی بہبودی کی خاطر جو آپ ذرائع استعمال کر رہے ہیں ان پر نظر ثانی فرمائیں ۔ شاید اللہ تعالیٰ آپکو توفیق دے کہ میری بات آپ کی سمجھ میں آ جائے ۔

(اس مرحلہ پر حاجی سردار عطا محمد لنڈ تقریر کرنے کے لئے کھڑے ہوئے)

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ــ حاجی صاحب وقت بہت کم ہے اس لئے آپ تشریف رکھیں ۔ ریلوے منسٹر آپ کے اعتراضات کا جواب دیں گے ۔

سردار حاجی عطا محمد لنڈ ــ میں تو پہلے ہی سمجھ چکا تھا کہ مجھے اجازت نہیں ملے گی ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ــ آپ تشریف رکھیں ۔ مسٹر انور عزیز ۔

Mr. Anwar Aziz. Sir, I would rather not speak. Thank you, Sir.

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ــ حاجی صاحب ۔ آپ کو صرف دو منٹ مل سکتے ہیں ۔

سردار حاجی عطا محمد لنڈ ۔ جناب سپیکر ۔ مجھے آپ نے دو منٹ دیے ہیں اور دو کے معنی یہ ہیں کہ میرے جن دوستوں نے ، معزز ممبران نے ، اس کٹ موشن کے اوپر بات کی ہے اور بالکل صحیح بات کی ہے میں ان کی تائید کروں گا ۔ باقی جو حالات ہمارے حلقے کے ہیں ۔ میں افسوس سے یہ کہنا چاہتا ہوں کہ جس طور سے ہمارا پاکستان ترقی کر رہا ہے اسی طور سے ہمارے پست علاقے سندھ میں ترقی ہو رہی ہے ۔

مسٹر سپیکر ڈپٹی سپیکر ــ حاجی صاحب یہ جنرل ڈسکشن نہیں ہو رہی ۔ آپ کٹ موشن پر تقریر فرمائیں ۔

سردار خاجی عطا محمد لنڈ ۔ عرض کر رہا ہوں کہ ہمارے لیے کوئی خرچ نہیں رکھا گیا ۔ میں اسی پر بات کر رہا ہوں ۔ آپ نے اتنی زیادہ بھرتی ملازمین کی کی ہے ۔ مجھے اس سے انکار نہیں کیونکہ ممکن ہے انجن کے فیل ہونے پر یہ سارے لوگ ہیں وہ گاڑی کو کھینچیں گے ۔ لیکن اس پر مجھے بڑا اعتراض ہے کہ جتنی یہ بھرتی کی جاتی ہے بڑے بڑے افسر رکھے جاتے ہیں اور ان کی تنخواہیں اتنی ہیں کہ ہمارا پاکستان برداشت کرنے کے لائق نہیں ہے ۔ ہم باہر سے سود کے اوپر قرضہ لے کر ان کی تنخواہیں دیتے ہیں تو انہیں اس بات کا احساس ہونا چاہیے اور انہیں اپنی تنخواہوں سے خود بخود رضاکارانہ طور پر ہاتھ دھونے چاہئیں اور ان کو محسوس کرنا چاہئیے کہ جس طریقہ سے چپڑاسی اپنی گزر کرتے ہیں ۔ ان کے بھی بچے ہیں ان کے لیے بھی تعلیم ضروری ہے ان کے لیے بھی شادی غمی ہوتی ہے ۔ تو یہ صاحب وہی طریقہ استعمال کرتے ہیں جیسے لنڈن سے لوگ آ گئے جیسے انگریز تنخواہیں لیتے تھے تو اسی طرح کی بات پر یہ لوگ ڈٹ کر کھڑے ہو جاتے ہیں اور اس سے مجھے بڑا افسوس اور نفرت ہے ۔ اس بات کے کہنے کے بعد میں لا منسٹر صاحب سے عرض کروں گا کہ یہ غریب لوگ ہمارے وطن کے بہت خیرخواہ ہیں، محب وطن ہیں اور جو بڑی بڑی تنخواہیں لیتے ہیں جتنا ہو سکے ان کی تنخواہیں کم کردیں اور وہ قرضے جو پاکستان باہر سے لے رہا ہے اس سے نجات دلوائیں اور اس ملک کی حالت اچھی بنائیں ۔

میاں محمد اسلام ۔ جناب والا ۔ ہمارے معزز ممبر نے فرمایا ہے کہ افسروں کو چاہیے کہ اپنی تنخواہ رضاکارانہ طور پر کم کردیں ۔ میں

ان کی خدمت میں گزارش کرتا ہوں کہ وہ بھی اپنی تنخواہ رضاکارانہ طور پر بالکل ختم کر دیں تا کہ ہم ان کی تقلید کرسکیں ۔

سردار حاجی عطا محمد لنڈ ۔ میں معزز ممبر کی حمایت کرتا ہوں اور بڑی خوشی سے اس چیز کو قبول کرتا ہوں ۔

وزیر ریلوے (ملک محمد حیات خاں تمن) ۔ جناب والا ۔ وقت کی کمی کے باعث شاید جو کچھ میں عرض کرنا چاہتا تھا وہ نہ کر سکوں اور کل بھی وقت کی کمی کی وجہ سے جو کچھ میں عرض کرنا چاہتا تھا وہ نہ کر سکا ۔ حمزہ صاحب نے کچھ اعتراضات کیے ۔ بہر حال میں نے کوشش کی کہ میں ان کے اعتراضات کا جواب دے سکوں اور میں نے دیا ۔ جناب والا ۔ جو انہوں نے یہ فرمایا کہ ۱۹۳۸ء میں لکڑی کے ڈبے ہوتے تھے اور آجکل لوہے کے ہیں تو میں ان کی اطلاع کے لیے عرض کر دوں کہ اس وقت جو لکڑی کے ڈبے بنائے گئے تھے تو قیمت لکڑی کی بہت کم تھی اور اگر آجکل ہم لکڑی کے ڈبے بنائیں تو قیمت بہت زیادہ ہوگی ۔ لکڑی کی ہمارے ملک میں کمی ہے ۔ یہ جو انجن استعمال ہو رہے ہیں ان کی قیمت میں نے بتائی ہے کیوں کہ جو ہمارا خرچ ہو رہا ہے وہ اسی پر ہو رہا ہے جو ہم خرید رہے ہیں ۔ اس وقت کون سے ڈبے استعمال ہو رہے تھے اور اب کون سے استعمال ہو رہے ہیں ، اس چیز کا واسطہ نہیں ۔ اس وقت جو آجکل ڈبے استعمال ہو رہے ہیں ان کی قیمت زیادہ بیٹھتی ہے اور جو کچھ انہوں نے فرمایا اس کا آج کی بحث سے کوئی تعلق نہیں تھا ۔ چونکہ انہوں نے بار بار فرمایا اس لیے مجھے بھی خیال پیدا ہوگیا کہ میں بھی کچھ کہوں اور میرے لیے یہ لازم ہو گیا ہے ۔ وہ عرصے سے اس بات پر زور دے رہے ہیں کہ یہاں پر بادشاہت کا دور دورہ ہے ۔ مزدوروں کا گلہ گھونٹا جارہا ہے ۔ اگر آزادی نہ آتی تو آپ یہاں نہ ہوتے ۔ یہاں بادشاہت کا نہیں بلکہ جمہوریت کا دور

دورہ ہے ۔ یہ آپ کا حق ہے کہ آپ اپنے خیالات کا اظہار کریں مگر آپ کو وہ اعتراضات بھی نہیں کرنے چاہئیں جن کا آپ کو پتہ نہ ہو ۔ آپ اس پلیٹ فارم کو غلط طور پر استعمال کرکے ملک کے مزدوروں اور کسانوں کو اکساتے ہیں ۔ جناب والا ۔ یہ اس طریق پر قوم کی خدمت نہیں کر رہے ہیں بلکہ آپ اس کو نقصان پہنچا رہے ہیں ۔ اگر آپ اسی قسم کے خیالات کا اظہار کرتے رہے تو ملک کو نقصان ہوگا جس کی تلافی بھی نہیں ہوسکے گی ۔ آپ بھی پاکستانی ہیں ، ہم بھی پاکستانی ہیں آپ جو کچھ ان کی مدد کرنا چاہتے ہیں کریں لیکن للہ آپ طبقاتی جنگ ملک میں پیدا نہ کریں ۔

اس کے علاوہ جناب انہوں نے یہ فرمایا ہے کہ خاص طور پر ریلوے کے محکمے میں زیادہ عمر کے لوگ موجود ہیں ۔ اس کے متعلق جناب عرض یہ ہے کہ ۵۵ سال کی جو ترمیم منظور ہوئی ہے ریٹائرمنٹ کے لیے ، ہم جانچ پڑتال کرکے جتنے ایسے آدمی ہیں جو اچھی طرح سے کام نہیں کرسکتے ان کو پنشن پر بھیجیں گے ۔ لیکن ایک چیز یاد رکھنی چاہیے یہ ٹیکنیکل محکمہ ہے اور ہمارے ملک میں ٹیکنیشنز کی بہت کمی ہے ۔ ہم یہ نہیں چاہتے کہ ہمارے اس محکمہ میں کوئی خلا پیدا ہو جائے ۔

کراچی کے متعلق کیا عرض کروں ۔ جو کچھ کل عرض کیا تھا ۔ کراچی کے ساتھ بالکل نمایاں سلوک کیا گیا ہے جو کسی اور شہر کے ساتھ نہیں کیا گیا ۔ میں کچھ نہیں کہنا چاہتا ۔ مجھے کراچی سے ایسی محبت ہے جو باقی جگہوں سے ہے ۔ لیکن وہاں کے لباس اور شان و شوکت دیکھ کر کچھ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ وہاں ریلوے کی کوئی ایسی خاص ضرورت نہیں ۔ ریلوے کی ضرورت تو ان علاقوں میں ہے جہاں ہم اور حاجی صاحب بستے ہیں ۔ جہاں کے لوگ غریب ہیں ۔ ان کے لیے سستا سفر مہیا کرنا ضروری ہے (تالیاں)

اس کے علاوہ جناب میں اصل موضوع پر لوٹتا ہوں ۔ جناب والا ۔ اس ڈیمانڈ میں کل مطالبہ ۸ کروڑ ۳۰ لاکھ ۴۷ ہزار روپے کا ہے ۔ جو پہلے سے کوئی ۲۳ لاکھ ۶۵ ہزار روپے زیادہ ہے ۔ اس میں سٹاف کی سالانہ ترقی کا پندرہ لاکھ روپیہ ہے اور سرمائے کا ایک لاکھ روپیہ ہے ۔ اور باقی دس لاکھ ۵۸ ہزار روپے متفرق خرچ ہے ۔ اس میں جو کوئی اضافہ ہوتا ہے ، یہ ایک فیصدی ہے ۔

ہمارا جتنا اضافہ ہے یہ تمام ایک فیصد ہے ۔ جیسا کہ میں نے اپنی بجٹ تقریر میں عرض کیا تھا کہ جو ہماری آمدنی میں ۲ فیصد اضافہ ہوگا ۔ وہ اپنے اس ریلوے سٹاف کی بہتری پر استعمال ہوگا ۔ ایک کروڑ ۲۷ لاکھ کا منافع ہو گیا تو یہ رقم خرچ کرنی لازمی ہے ۔ جب تک زیادہ آدمی نہیں رکھیں گے ۔ جب تک زیادہ خرچ نہیں کریں گے ۔ یہ رقم جو ہے اس کا اتنا منافع نہیں ہوگا ۔

اس کے بعد جناب ریلوے بورڈ کا بار بار ذکر ہوا ہے ۔ میں نے اس کے متعلق کل بھی مختصر عرض کیا تھا لیکن آج ذرا اس کے متعلق مفصل عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ جیسا کہ جناب والا ۔ کل میں نے عرض کیا تھا ریلوے بورڈ ریلوے کا سیکرٹریٹ ہے ۔ ریلوے کے محکمہ میں ریلوے کا عملہ تقریباً ایک لاکھ ۳۰ ہزار ہے ۔ ۱۲ مختلف ڈیپارٹمنٹ ہیں ۔ بجٹ سال کا ترقیات اور ریونیو کے لیے تقریباً ۹۰ کروڑ روپے کا ہے ۔ کوئی کاروباری ادارہ ایسا نہیں جس کا بورڈ آف ڈائرکٹرز نہ ہو ۔ کوئی کارپوریشن نہیں جس کا بورڈ نہ ہو ۔ میں نہایت دیانت داری سے محسوس کرتا ہوں کہ ریلوے کا یہ ادارہ بغیر ریلوے بورڈ کے اتنا efficient نہیں ہو سکتا تھا جتنا آج ہے ۔ (تالیاں)

میں آپ کی اطلاع کے لیے عرض کردوں کہ ریلوے بورڈ پر کل ۱۲ لاکھ ۸۰ ہزار روپے خرچ ہوتے ہیں۔ جب کہ ریلوے کا سارا ترقیاتی اور ریوینو بجٹ ۹۰ کروڑ روپے کا ہے۔ میرے خیال میں اتنے بڑے سیکرٹریٹ کا یہ خرچ کوئی زیادہ نہیں ہے۔

اس کے علاوہ جناب یہ اعتراض ہے کہ ہم بچت نہیں کرتے۔ ہمارا خرچ زیادہ ہے۔ یہ میں عرض کردوں کہ جب سے یہ محکمہ صوبائی حکومت کے پاس آیا ہے دو مرتبہ اس پر چھان بین ہو چکی ہے۔ پہلے ایک کمیٹی مقرر کی گئی تھی جس میں خواجہ محمد صفدر صاحب بھی تھے۔ پھر دوبارہ ایک کمیٹی بنائی گئی۔ دونوں کمیٹیوں کی یہ رائے ہے اس محکمہ میں افسروں کی کمی ہے ان کی تعداد بڑھانی چاہئے۔ ان دونوں کی ایک ہی رائے ہے۔ اس کے بعد پھر بھی ہم ضروری سمجھتے ہیں کہ بچت ہونی چاہیے اور جو تجاویز وہ اس بارہ میں دیں گے ان پر لازماً غور ہوگا۔

اس کے علاوہ جناب یہاں یہ بھی اعتراض ہوا ہے۔۔۔۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ۔ پوائنٹ آف آرڈر جناب۔ میرا پوائنٹ آرڈر یہ ہے۔ ملک صاحب کو عرض کروں گا کہ میں نے جو عرض کیا تھا کہ تنخواہوں میں مساوات ہو، کیا وہ اس کا جواب دیں گے؟

وزیر ریلوے۔ تو جناب والا۔ جس دن آپ کی ڈسٹرکٹ کونسل کی تنخواہیں ایک ہونگی ہم بھی کوشش کریں گے کہ تنخواہوں میں کمی بیشی کریں۔ بہر حال جناب کوشش یہ ہے کہ بڑے افسروں کی تنخواہوں میں اضافہ کی بجائے کلاس ۳ اور ۴ کے ملازموں کی تنخواہوں میں اضافہ کیا جائے۔ پھر ایک سیکشن افسر کے متعلق اعتراض ہے کہ وہ لگا ہوا ہے۔ جبکہ اس

نے امتحان پاس نہیں کیا ۔ یہ ہمارے پاس سنٹرل گورنمنٹ سے آیا ہے اور سنٹرل گورنمنٹ نے اس پر سے امتحان پاس کرنے کی شرط ہٹا دی ہوئی ہے ۔ اور اب وہ ہمارے پاس موجود ہے ۔ پھر یہاں فارن کنسلٹنٹس کا سوال پیدا ہوا ہے ۔ اس کے متعلق یہ عرض ہے کہ loan ہمیں جو دیا گیا تھا اس میں یہ شرط تھی کہ وہ اس میں ایڈوائزر رہیں گے ۔ اس کے بعد ہمارے ملازموں کو جو میڈیکل سہولتیں حاصل ہیں ان کے بارہ میں مختلف خیالات کا اظہار کیا گیا ہے ۔ ملک اختر صاحب کی رائے ہے کہ خرچ کم ہے۔ حمزہ صاحب کا خیال ہے کہ ان کو جو طبی سہولتیں دی گئی ہیں وہ بہت زیادہ ہیں ۔ جناب والا۔ جہاں تک اپنے ملازموں کی دیکھ بھال کا تعلق ہے ہم اس کے لئے انتہائی کوشش کرتے ہیں ۔ میڈیسن کے بارہ میں کوئی سخت پابندی نہیں ہے ۔ میڈیکل ڈیپارٹمنٹ سب کے لئے یکساں ہے ۔ مجھے ایک سال میں ایک بھی شکایت ایسی نہیں پہنچی کسی ریلوے کے ملازم سے کہ اس کا صحیح علاج نہیں کیا گیا (تالیاں) ۔ اور اگر آپ کے پاس کوئی ایسی شکایت ہے تو میرے پاس بھیج دیں ۔ میں مکمل انکوائری کرا کے ایوان میں اس کا جواب عرض کروں گا ۔ ایسی ایک شکایت بھی کسی ممبر کے پاس نہیں پہنچی ہوگی کہ کسی ریلوے ملازم کا صحیح علاج نہ ہوا ہو ۔

اس کے بعد جناب یہ اعتراض تھا کہ فارنرز ہمارے پاس ملازم ہیں ۔ تو جناب ہمارے پاس کل ایک لاکھ ۳۰ ہزار ملازمین ہیں جن میں سے صرف ۱۳ فارنرز یا اینگلو انڈین ہیں ۔ یہ ٹیکنیکل نوعیت کا کام ہے اور ہم ٹیکنیکل آدمیوں کو رکھنے پر مجبور ہیں ۔ اس کے بعد جناب اعتراض ہوا کہ ہمارے پاس چیف انجنیئر اور ڈپٹی چیف انجنیئر زیادہ ہیں ۔ اس کے متعلق عرض ہے کہ جیسے جیسے ڈویلپمنٹ پروگرام زیادہ ہوگا ایسے ایسے اس کا خرچ بھی زیادہ ہوگا ۔ اس نسبت سے عملے کی بھرتی زیادہ ہوگی ۔ میں

ملک اختر صاحب کی اطلاع کے لئے عرض کردوں کہ آزادی کے وقت ہمارا ڈویلپمنٹ کا کل خرچ ایک کروڑ تھا اس کے مقابلہ میں آج ساڑھے چھبیس کروڑ روپے ہے ۔ اس لئے میرے خیال میں یہ آسامیاں کچھ زیادہ نہیں ۔ اس لحاظ سے انہیں ۲۶ گنا زیادہ ہونا چاہئیے تھا یہ اس کے مقابلہ میں صرف دو گنا ہے ۔

اس کے بعد over crowding کا یہاں ذکر ہوا ہے ۔ اس کے متعلق یہ عرض ہے کہ ۶۳ - ۱۹۶۲ء کے بعد ۶۰ نئی پسنجر ٹرینیں چلائی گئی ہیں ۔ اور ان کی تعداد میں مزید اضافہ کیا جا رہا ہے ۔ پھر یہ اعتراض تھا کہ ڈویلپمنٹ فنڈ میں زیادہ سرمایہ ڈالا گیا ہے جو اصول کے خلاف ہے اسے کیپٹل فنڈ چارج کا ۳۰/۱ رکھنا چاہئیے ۔ اگر زیادہ روپیہ ہمارے پاس بچ گیا ہے تو اسے اس فنڈ میں رکھنے سے میرے خیال میں ریلوے کے حالات بہتر ہونگے۔ اس سے خرابی نہیں ہوگی ۔ جس وقت ضرورت پڑے گی اور جیسا کہ مختلف ممبر صاحبان نے فرمایا ہے کہ یہ صد سالہ پرانا فرسودہ نظام ہے ابھی تک اس نظام کی دیکھ بھال اور مرمت کی میرے خیال میں خاص ضرورت پڑے گی جتنا سرمایہ اس فنڈ میں زیادہ ہوگا اتنی ریلوے ملازموں کی حالت بہتر ہوگی ۔

مسٹر سنیئر ڈپٹی سپیکر ۔ ملک صاحب اور وقت چاہئے ۔

وزیر ریلوے ۔ جناب والا۔ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

**Mr. Senior Deputy Speaker**: Now I will put the question. The question is—

> **That the total of Rs. 8,21,44,000 on account of Ordinary Working Expenses-General Administration-Total Other Expenditure-Recurring-Other than New Expenditure be reduced by Rs. 8,21,43, 999.**

*The motion was lost.*

**Mr. Senior Deputy Speaker**: The House is now adjourned to meet at 8-30 a.m. tomorrow.

*The Assembly then adjourned till 8-30 a.m. on Saturday, the 18th June, 1966.*

## APPENDIX I

**(Ref : Starred Question No. 1170)**

## APPENDIX 'A'

SOURCES AND QUANTITIES OF MATERIALS USED FOR WORKS UNDERTAKEN IN THE STEEL SHOP

| | | *Quantity* |
|---|---|---|
| 1. | Supplied by the Contractor— | |
| | Bricks | ... 3,500 Nos. |
| 2. | Railways own-sources— | |
| | 16 steel columns | |
| | 12 run-way girders | |
| | Ventilators weighing 0.75 tons | |
| | Gutters and down pipes weighing 1·5 tons | |
| | Sand | ... 470 Cft. |
| | Shingle | ... 270 Cft. |
| | Cement | ... 155 Cwt. |
| | Steel | ... 12 Cwt. |
| | Shingle | ... 9,250 Cft. |
| | Pacca Bricks | ... 206,000 Nos. |
| | Tar Coal (Bituman Straight) | ... 55 Tons, 19 Cwts. |
| | Cement | ... 18 Cwts. |
| | River Sand | ... 4,513 Cft. |
| | G. I. Sheet | ... 79 Nos. |

## APPENDIX 'B'

Details of works undertaken and completed during the year 1964 and 1965 and those which remained in hand.

---

I. Completed works—

1. Providing Canteen in Steel Shop, Moghalpura.

2. Providing dispensary in Steel Shop, Moghalpura.

3. Repairs to Class III staff quarters in Steel Shop, Moghalpura.

4. Annual repairs to service buildings and staff quarters in Steel Shop, Moghalpura.

5. Repairs to Chajja of Time Office in Steel Shop at Moghalpura.

6. Repairs to floors and walls of Manager's Bungalow in Steel Shop, Moghalpura.

7. Repairs to Bungalow No. 4 occupied by Manager, Steel Shop, Moghalpura.

8. Providing blast wall in Steel Shop, Moghalpura.

9. Repairs to roadways, rest shed, cycle-shed and petrol storage room.

II. Work which remained in hand—

1. Electric Sub-Station (Switch Room) in Steel Shop, Moghalpura.

2. Transformer Room for new Electric Furnace in Steel Shop, Moghalpura.

**APPENDIX**

Production of the Steel Shop, Moghalpura

| Period | Multan metal manufactured (tons) | Steel Castings (tons) | C. I. Castings (tons) |
|---|---|---|---|
| January 1964. | 690 75 | 162·70 | 65·25 |
| February 1964. | 596·20 | 168 80 | 49·00 |
| March 1964 | 272·45 | 72·25 | 4 00 |
| April 1964 | 528·55 | 163·15 | 53·00 |
| May 1964 | 661·55 | 178·75 | 49·00 |
| June 1964 | 662·35 | 163 85 | 52·50 |
| July 1964 | 623·90 | 177·00 | 53·10 |
| August 1964 | 665·05 | 154·95 | 56·50 |
| September 1964 | 665·15 | 178·75 | 48·00 |
| October 1964 | 692·25 | 158·85 | 48·00 |
| November 1964 | 640·80 | 133·40 | 57·10 |
| December 1964 | 522·65 | 96·00 | 63·25 |
| Total ... | 7,235·45 | 1,808·55 | 600·70 |
| January 1965 | 685·90 | 119·50 | 67·00 |
| February 1965 | 635 85 | 91·50 | 72 00 |
| March 1965 | 647·05 | 143 00 | 86·50 |
| April 1965 | 661·40 | 129·25 | 80·00 |
| May 1965 | 677·80 | 122·25 | 75·50 |
| June 1965 | 663·85 | 117·50 | 71·00 |
| July 1965 | 635·40 | 130·20 | 66·50 |
| August 1965 | 735 20 | 140 50 | 62 00 |
| September 1965 | 336 00 | 77·25 | 49 50 |
| October 1965 | 583·10 | 84·25 | 63·50 |
| November 1965 | 614 40 | 85·50 | 40·50 |
| December 1965 | 487·50 | 32·00 | 50 25 |
| Total ... | 7,363·45 | 1,272·20 | 783·75 |

'C'

During 1964 and 1965

| Metal Rolled (tons) | Kyes (Nos ) | Jaws (Nos.) | Grow Bars (Nos.) |
|---|---|---|---|
| 1,645·35 | 85,420 | 100,000 | 400 |
| 1,625 56 | 60,000 | 100,000 | 400 |
| 1,758·60 | 139,000 | 100,000 | 500 |
| 1,564·10 | 105,000 | 74,200 | 500 |
| 1,616·70 | 119,500 | 74,200 | 500 |
| 1,640·10 | 168,000 | 74,100 | 250 |
| 1,449 20 | 110,000 | 50,000 | 300 |
| 1,531·90 | 117,000 | 50,000 | ... |
| 1,698·75 | 110.000 | 50,000 | 600 |
| 1,543·90 | 90,000 | 52,520 | 500 |
| 1,445·60 | 74,000 | 79,480 | 400 |
| 878,45 | 50,000 | 80,000 | ... |
| 18,425·21 | 1,218,920 | 884,500 | 4,350 |
| 1,385·00 | 103,000 | 66,000 | ... |
| 1,346·45 | 96,500 | 62,000 | 381 |
| 1,669·00 | 117,000 | 50,000 | 350 |
| 1,280·25 | 133,000 | 50,000 | 162 |
| 1,547 80 | 109,100 | 50,000 | 400 |
| 1,507·20 | 114,000 | 50,000 | 350 |
| 1,156·05 | 95,990 | 56,000 | 400 |
| 1,454·70 | 117,000 | 50,000 | 140 |
| 702·05 | 39,000 | 26,200 | 248 |
| 1,495·90 | 65,150 | 25,000 | ... |
| 1,463·45 | 57,400 | 15,525 | ... |
| 1,070·05 | 39,800 | ... | ... |
| 16,086·90 | 1,086,940 | 500,752 | 2,431 |

## APPENDIX

(Ref : Starred Question

ANNEXURE

Particulars of packing wood of imported machinery received on various

| Name of the Division/ Workshop | Cost of packing charges debited to the Railway | | Cost of packing wood credited after its proper disposal | |
|---|---|---|---|---|
| | 1964 | 1965 | 1964 | 1965 |
| 1. D. S. Karachi | Not available as it is not shown separately in the quotations. | | Nil. | Nil. |
| 2. D. S. Sukkur | —do— | | Nil. | Nil. |
| 3. D. S. Quetta | —do— | | Nil. | Nil. |
| 4. D. S. Multan | —do— | | Nil. | Nil. |
| 5. D. S. Lahore | —do | | Nil. | Rs. 30.<br>Rs. 10. |
| 6. D. S. Rawalpindi | —do— | | Nil. | Rs. 5. |
| 7. Divl. Supdt. (Workshops) Moghalpura. | —do— | | Rs. 6,926·50 | Rs. 5,973·75 |
| 8. Assistant Works Manager/Signal, Lahore. | —do— | | Nil. | Nil. |
| 9. Assistant Works Manager/Bridges, Jhelum. | —do— | | Nil | Rs. 100. |

II

No. 1787)

'A'

Divisions and Workshops in 1964-65.

| Head of Account under which credited. | | Total quantity of packing wood received. | |
|---|---|---|---|
| 1964 | 1965 | 1964 | 1965 |
| Nil. | Nil. | Nil. | T Cwts. Qrs. Lbs.<br>0 — 2 — 0 — 0 |
| Nil. | Nil. | Nil. | Nil. |
| Nil. | Nil. | Nil.<br>T. Cwts. Qrs. Lbs. | Nil. |
| Nil. | Nil. | 0 — 7 — 0 — 0<br>0 — 0 — 2 — 4 | |
| Nil. | C-2511<br>C-2511 | Nil. | T. Cwts. Qrs. Lbs.<br>0 —12— 0 — 14<br>0 — 5 — 0 — 0 |
| Nil. | BB-3411 | 1 — 1 — 1 — 6 | 3 — 8 — 0 — 4 |
| WMS ACCOUNT<br>C—2121—B—12<br>C&W—91<br>H—2215/1/4 | | 299 —17 — 0 — 0 | 485 — 1 — 0 — 0 |
| Nil. | Nil. | Nil. | Nil. |
| CAP : 9600 W/Shop Manufacture suspense A/C. Bridge Workshop Jhelum. | | Nil. | 5 Tons. |

| | | 1964 | 1965 | 1964 | 1965 |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | | 3 | 4 | 5 |
| 10. | District Controller of Stores, Karachi Cantt/District Controller of Stores (Main Depot), Moghalpura/District Controller of Stores (Shops Depots), Moghalpura/, District Controller of Stores (Const.), Moghalpura. | Not available as it is not shown separately in the quotations. | | Nil. | Nil. |
| 11. | Manager Steel Shop, Moghalpura. | —do— | | Rs. 390 | Rs. 296 |

| 1964 | 1965 | 1964 | 1965 |
|---|---|---|---|
| 6 | 7 | 8 | 9 |
| Nil. | Nil. | Nil. | Nil. |



T. Cwts. Qrs. Lbs.
7 — 1 — 0 — 0

T. Cwts. Qrs. Lbs.
5 — 7 — 0 — 0

## APPENDIX

(Ref : Starred Question

ANNEXURE

| S. No. | Name of Officers | Designation | Station of posting. | Date of drawal of advance. |
|---|---|---|---|---|
| 1. | Mr. S. Altaf Hussain | Chief Personnel Officer. | Lahore | 13-5-58 ——— 6-7-65 |
| 2. | Mr. M. Khalil | Track Supply Officer. | Lahore (since retired from service) | 31-1-52 |
| 3. | Mr. Salimullah Khan | Dy. Chief Engineer (Track) | Lahore | 31-10-55 ——— 28-7-65 |
| 4. | Mr. M. M. A. Farookhi | Chief Officer/Admn. & Budget. | Lahore | 19-4-63 ——— 20-7-63 |
| 5. | Mr. M. Saeed | Supdt. Telegraph Railway. | Lahore | 18-4-62 ——— 18-5-62 |
| 6. | A. J. R. Qizilbash | Deputy Chief Operating Supdt. (Coaching). | Lahore | 20-10-64 |

III

No. 2322)

'A'

| Amount of advance | Whether house has been completed | Place where the house has been constructed/ being constructed. | Railway bungalow vacated or not. | Reasons for still being in occupation of Railway bungalow in Mayo Gardens, Lahore. |
|---|---|---|---|---|
| Rs. 50,400 | only partly completed. | Lahore | No | The construction is incomplete and only a portion of the house has been built. |
| 16,000 from P.I. Fund assets. | Yes | Lahore | Yes | This officer is not in the occupation of Railway Bungalow. |
| 14,850 | Yes | Karachi | No | These officers have constructed their houses at Karachi. |
| 33,500 | Yes | Karachi | No | As such the question of vacation of railway bungalows in |
| 18,844 | Yes | Karachi | No | Mayo Gardens, Lahore does not arise. |
| 33,600 | No | Karachi | No | The officer has purchased the land at Karachi but has not yet started construction of his house. |

| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
|---|---|---|---|---|
| 7. | Mr. M. B. K. Malik | Chief Commercial Manager. | Lahore | 13-6-64 |
| 8. | Mr. M. Rashid | Deputy Chief Mech. Engineer (Diesel). | Lahore | 11-6-65<br>3-2-66 |
| 9. | Mr. C. A. Vali | Chief Officer/Research. | Lahore | 30-1-65<br>10-6-65 |

| 6 | 7 | 8 | 9 | 10 |
|---|---|---|---|---|
| Rs. 33,600 | Yes | Lahore | No | The Officer has gifted the house to his son. |
| 40,800 | No | Islamabad | No | This officer is constructing the house at Islamabad. |
| 18,000 | No | Lahore | No | The officer has purchased the plot of land and total amount taken as loan has been spent by him on this account. |

# APPENDIX IV

(Ref : Starred Question No. 2429)

APPENDIX 'A'

NAMES AND DESIGNATIONS OF OFFICERS AND STAFF PROVIDED IN THE ORGANIZATION & METHODS BRANCH

| S.No. | Name | Designation |
|---|---|---|
| | **Gazetted Staff** | |
| 1. | Mr. Mushtaq Ahmad | Chief Officer (O & M). |
| 2. | Mr. S. M. Moin | Junior Officer(O &M)-I. |
| 3. | Mr. Abdul Majid | Junior Officer (O & M)-II. |
| 4. | Mr. Abdul Majid | Junior Officer (O & M)-III. |
| | **Non-Gazetted Staff** | |
| 5. | Mr. A. M. Ansari | Accountant. |
| 6. | Mr. Hashmat Yar Khan | Clerk Class 1. |
| 7. | Mr. Ahmad Mian | Clerk Class I. |
| 8. | Mr. K. K. Mumtaz | Clerk Grade III. |
| 9. | Mr. Rahat Ali Khan | Senior Chargeman. |
| 10. | Mr. Mumtaz Ahmad | Stenographer. |
| 11. | Mr. Abdul Hamid | Stenotypist. |
| 12. | Mr. Nazir Ahmad | Peon. |
| 13 | Mr. Mohammad Saeed | Peon. |
| 14. | Mr. Inayat Ali | Peon. |

# APPENDIX V

(Ref : Starred Question No. 3054)

ANNEXURE 'A'

## STATEMENT SHOWING MILAGES, WHERE EARTH WORK WAS DONE ON TANDO MUHAMMAD KHAN—MOGHALBIN RAILWAY CONSTRUCTION

| From Mile | To Mile | | Miles |
|---|---|---|---|
| 2.30 | 2.35 | = | 0.05 |
| 2.90 | 3.05 | = | 0.15 |
| 28.35 | 28.90 | = | 0.55 |
| 29.05 | 29.60 | = | 0.55 |
| 32.10 | 32.15 | = | 0.05 |
| 39.05 | 39.10 | = | 0.05 |
| 39.15 | 39.20 | = | 0.05 |
| 39.60 | 39.75 | = | 0.15 |
| 39.95 | 40.00 | = | 0.05 |
| 40.10 | 40.30 | = | 0.20 |
| 40.65 | 40.70 | = | 0.05 |
| 41.00 | 41.90 | = | 0.90 |
| 43.50 | 47.45 | = | 3.95 |
| 47.50 | 49.60 | = | 2.10 |
| 49.70 | 50.80 | = | 1.10 |
| 50.90 | 52.20 | = | 1.30 |
| 52.35 | 52.75 | = | 0.40 |
| 61.90 | 62.50 | = | 0.60 |
| 62.70 | 63.50 | = | 0.80 |
| 64.00 | 64.80 | = | 0.80 |
| 67.25 | 69.50 | = | 2.25 |
| | Total | | 16.10 miles. |

# APPENDIX VI

(Ref : Starred Question No. 3133)

ANNEXURE 'A'

STATEMENT SHOWING THE CATEGORIES OF STAFF WHOSE CONSOLIDATED SCALES OF PAY HAVE NOT YET BEEN NOTIFIED

| S. No. | Categories | Prescribed Scales |
|---|---|---|
| | **STORES DEPARTMENT** | |
| 1. | Head Accounts Clerk Grade VII. | 400-500 (old)<br>340-440 (Prescribed) |
| | **COMMERCIAL & TRANSPORTATION DEPARTMENT** | |
| 1. | Commercial Inspector (Catering). | 230-410 |
| 2. | Assistant Inspector (Traffic). | 125-225 |
| 3. | Assistant Record Keeper. | 75-150 |
| 4. | Assistant Record Keeper. | 60-120 |
| 5. | Goods Supervisor (Junior). | 185-225 |
| 6. | Signaller Grade IV. | 125-225 |
| 7. | Yard Foreman Grade IV. | 125-225 |
| | **CIVIL ENGINEERING BRANCH** | |
| | **Skilled Staff** | |
| 1. | Bridge Platers. | 60-4-100<br>60-2-80 |
| 2. | I. C. E. Drivers. | 60-4-100<br>60-2-80 |

| 1 | 2 | 3 |
|---|---|---|
| | **Semi-Skilled Staff** | |
| 3. | Grinders. | 38-45<br>40-65 |
| 4. | Slothers (in Signal Shops). | 38-45<br>40-60 |
| | STORES DEPARTMENT | |
| | **Skilled Staff** | |
| 1. | Saw Operators. | 60-80 |
| 2. | Hand Sawar. | 60-80 |
| | **Semi-Skilled Staff** | |
| 3. | Routing Machineman. | 38-45 |
| | MECHANICAL BRANCH | |
| | **Skilled Staff** | |
| . | Muir Hill Crane Driver. | 60-80<br>60-100 |
| 2. | Journal Turner & Burnisher. | 60-80 |
| 3. | Spray Painter. | |
| 4. | Screwing Machine Operator. | 60-100 |
| | **Semi-Skilled Staff** | |
| 5. | Journal Turner & Burnisher. | 38-45 |
| 6. | Screwing Machine Operator. | |
| 7. | Wheel Turner. | 40-60 |

| 1 | 2 | 3 |
|---|---|---|
| 8. | Browning Man. | 38-45 |
| | **Un-Skilled Staff** | |
| 9. | Engine Frame Cleaner. | 33-37 |
| | **Skilled Staff** | |
| 10. | Lister Truck Driver. | 60-100<br>—<br>60-80 |
| 11. | Brass Fitter. | —do— |
| 12. | Mobile Crane Drive. | 60-80 |
| 13. | Engraver. | 40-60<br>———<br>38-45 |
| 14. | Shop Messengers. | 28-32 |
| 15. | Trolleyman. | 33-37 |
| 16. | Coolies (Administration) (Office only) | 33-37 |
| 17. | Coolies (Fire Wood Depot). | 28-32 |

# APPENDIX VII

(Ref : Starred Question No. 3169)

ANNEXURE 'A'

LIST OF DRIVERS GRADE I & II WHO WERE CALLED FOR SELECTION OF DRIVERS GRADE III IN THE SELECTION HELD IN NOVEMBER 1965

| | Name | Qualification |
|---|---|---|
| 1. | Mr. Mohd. B. Nazir Khan/Ghulam Dastigir Khan | Under Matric. Passed Course P-9, Diesel Driver. |
| 2. | Mr. Noor-ul-Hassan Khan/M. U. Khan | Passed Course P-9. |
| 3. | Mr. Masood Ali Khan/K. Ullah Khan | Matric. Passed Driver Examination from his Parent Rly. |
| 4. | Mr. N. A. Lighton. | Passed Course P-9. |
| 5. | Mr. Mohd. Naqvi s/o Sibte Hussain | Under Matric. Passed Driver Examination from Parent Railway. |
| 6. | Mr. Aziz Ahmad s/o Jhandoo | Passed Course P-9. |
| 7. | Mr. Abdul Qayum/A. Majid | Passed Driver Examination from Parent Railway. |
| 8. | Mr. Hamesh Gul | Passed P-9 Course. |
| 9. | Mr. Mohammad Ahmad | —do— |

| | Name | Qualification |
|---|---|---|
| 10. | Mr. Mushtaq Ali s/o S. U. Ali | Under Matric. Passed Driver Examination from Parent Railway. |
| 11. | Mr. Asalat Ali Khan/Riasat Ali Khan | —do— |
| 12. | Mr. Noor Khan | Pass X standard & Passed course P-9. |
| 13. | Mr. Aziz-ud-Din/Zia-ud-Din | Matric Passed course P-9, Diesel Driver. |
| 14. | Mr. Mohammad Mian/Abdul Razzaq | Under Matric. Diesel Driver. Passed Course P-9. |
| 15. | Mr. Shahab Din | Passed Course P-9. |
| 16. | Mr. Zaheer-ud-Din/Mohammad Ali | Under Matric. Passed Course P-9. |
| 17. | Mr. Abdul Karim/A. R. | Passed Course P-9. |
| 18. | Mr. Abdul Hai/Ahmad Nabi | Passed English Test & P-9 Course Locally. |
| 19. | Mr. Sheikk Raba | Passed Shunter/Driver Examination from parent Railway. |

| | Name | Qualification |
|---|---|---|
| 20. | Mr. Mohammad Akbar/ Sultan Mohammad. | Passed Course P-9. |
| 21. | Mr. Mohammad Shafi/J. M. | —do— |
| 22. | Mr. Gazanfar Ali/Mohammad Hussain | —do— |
| 23. | Mr. Sk. Qamar Din/Ziauddin | Under Matric. Passed Course P-9. Diesel Driver. |
| 24. | Mr. Ghulam Mohy-ud-Din. | Passed Course P-9. |
| 25. | Mr. Shariat Hussain/Qudrat Ullah | Middle. Passed Course P-9 Diesel Driver. |
| 26. | Mr. Mohammad Hussain/Lal Mohd. | Matric. III Divn. Passed Course Diesel Driver. |
| 27. | Mr. Abdul Majid/Iman Din | Under Matric. Passed Course P-9. Diesel Driver. |
| 28. | Mr. T. A. Liegton/J. A. Ligton | Passed Course P-9. |
| 29. | Mr. Hakim Masih/Ghani | Under Matric. Passed Course P-9. |

| | Name | Qualification |
|---|---|---|
| 30. | Mr. Moossa/Ahmad | Passed Course P-9. |
| 31. | Mr. Fazal Haq s/o Qudrat Ullah | —do— |
| 32. | Mr. Mohammad Hussain/R.A. | Passed Course P-9. |
| 33. | Mohammad Bashir Ahmad/Azim-ud-Din | Passed Course P-9. |
| 34. | Mr. Anwar Ahmad s/o Ali Ahmad. | Passed Course P-9. |
| 35. | Mr. Ishrat Ali s/o Ahmad Ali | Passed Shunter & Driver Examination from Parent Railway. |
| 36. | Mr. Mohmmad Ibrahim/Fazal Ahmad | Passed Course P-9. |
| 37. | Mr. Hazir Ali Shah/Mohammad Shah | —do— |
| 38. | Mr. Ibrar Hussain/Altaf Hussain | —do— |
| 39. | Mr. Sher Mohammad/Din Mohammad | —do— |
| 40. | Mr. Mohammad Bachel/Khalil | —do— |
| 41. | Mr. Khabbar/Allah Bux | —do— |

| | Name | Qualification |
|---|---|---|
| 42. | Mr. Farzan Hussain/Ghulam Hussain | —do— |
| 43. | Mr. Mohammad Ramzan/Mohammad Bux | —do— |
| 44. | Mr. Mohammad Hayat/B.K. | —do— |
| 45. | Mr. Mohammad Ahmad/M.M. | —do— |
| 46. | Mr. Mohammad Bashir M.A. | Passed Course P-9. |
| 47. | M. A. Farooqi/A. Ghafoor. | Under Matric. Passed Course P-9. Diesel Driver. |
| 48. | Mr. Mohammad Hussain/S. A. Khan | —do— |
| 49. | Mr. Abdul Rashid/Inayat Karim | Matric 3rd Divn. Passed Course P-9. |
| 50. | Mr. S. A. Mansoori/Sk. Madhoo | Under Matric. Passed Course P-9. Diesel Driver. |
| 51. | Mr. Ghulam Hussain/Karim Bux | Passed Course P-9 locally. |
| 52. | Mr. Mohammad Abdul Hamid/ Sikander | Under Matric. Passed Course P-9. |

| | Name | Qualification |
|---|---|---|
| 53. | Atiq-ur-Rehman/Mohammad Azim. | Matric. Passed Course P-9 locally. Diesel Driver. |
| 54. | Mr. Mohammad Sarwar Khan | Matric Fail. Passed Course P-9. locally. |
| 55. | Mr. Qadar Bux/Khair Mohammad | Passed Course. P-9 locally. |
| 56. | Mr. Abdul Ghafoor/Ghani Khan | Passed Course P-9 locally. |
| 57. | Mr. Imam Bux/Mana Bux | Passed Course P-9 locally. |
| 58. | Mr. B. C. Ceicel/J. Ceical | Passed Course P-9 locally. Ex-Militaryman under Matric. |
| 59. | Mr. Abdul Rafiq/Khamida | Under Matric. Passed Course P-9 locally. |
| 60. | Mr. Shamas Din/Shahab Din | Under Matric. Passed Course P-9. |
| 61. | Mr. Rayyait Ullah/Inayat Ullah | Passed Course P-9. |
| 62. | Mr. Rasool Bux/E. Bus. | Passed P-9. Under Matric. |
| 63. | Mr. E. J. Marshal | Literate. Passed Course P-9. |

| | Name | Qualification |
|---|---|---|
| 64. | Mr. Mohammad Rafiq Hanfi/K-ur-Rehman | Under Matric. Passed Course P-9. |
| 65. | Mr. S. M. Ibrahim | Passed Course P-9 Matric 2nd Division. |
| 66. | Abdul Aziz/Nadir Ali | Passed Course P-9. ex-service-man, Matric. |
| 67. | Nabi Ullah | Passed Course P-9. |
| 68. | Mr. Ghulam Qadir/Ali Bux | Passed Course P-9. |
| 69. | M.. Abdul Razzaq/Mohammad Yusaf. | Passed Course P-9. |

ANNEXURE 'B'

NAMES OF DRIVERS GR. I & II SELECTED FOR THE POST OF DRIVER GR. III AS A RESULT OF SELECTION HELD DURING NOVEMBER 1965.

| S. No. | Name/Father's Name | Division |
|---|---|---|
| 1. | Mr. Aziz Ahmad s/o Jhandoo | SUK. |
| 2. | Mr. Abdul Karim s/o A.R. | LHR. |
| 3. | Mr. Moosa s/o Ahmad | SUK. |
| 4. | Mr. Azizudin s/o Ziauddin | MUL. |
| 5. | Mr. Hakim Masih s/o Ghani | KYC. |
| 6. | Mr. Mohd Shafi s/o J.M. | LHR. |
| 7. | Mr. Mohammad Ramzan s/o Mohammad Bakhsh | KYC. |
| 8. | Mr. Qamar Din s/o Zia-ud-Din | MUL. |
| 9. | Mr. Nazar Ali Shah s/o Mohammad Shah | LHR. |
| 10. | Mr. Mohammad Yayat s/o B.K. | LHR. |
| 11. | Mr. Mushtaq Ali s/o S. U. Ali | RWP. |
| 12. | Mr. Ghulam Mohiuddin | LHR. |
| 13. | Mr. Mohammad Hussain s/o Lal Mohammad | MUL. |
| 14. | Mr. Mohammad Hussain s/o A.R. | LHR. |
| 15. | Mr. Mohammad Ibrahim s/o Fazal Ahmad | LHR. |

# PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

## THIRD SESSION OF THE SECOND PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

**Saturday, the 18th June, 1966**

*The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore at 8-30 a.m. of the clock. Mr. Speaker, Chaudhri Muhammad Anwar, in the Chair.*

*Recitation from the Holy Qur'an by Qari Ali Hussain Siddiqi (Qari of the Assembly) and its translation.*

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَلَا تَطْرُدِ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ مَا عَلَيْكَ مِنْ حِسَابِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ وَّمَا مِنْ حِسَابِكَ عَلَيْهِمْ مِّنْ شَيْءٍ فَتَطْرُدَهُمْ فَتَكُوْنَ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ وَكَذٰلِكَ فَتَنَّا بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لِّيَقُوْلُوْٓا اَهٰٓؤُلَآءِ مَنَّ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنْۢ بَيْنِنَا ۭ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَعْلَمَ بِالشّٰكِرِيْنَ ۝ وَاِذَا جَآءَكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِاٰيٰتِنَا فَقُلْ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ كَتَبَ رَبُّكُمْ عَلٰي نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ ۙ اَنَّهٗ مَنْ عَمِلَ مِنْكُمْ سُوْۗءًا بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابَ مِنْۢ بَعْدِهٖ وَاَصْلَحَ فَاَنَّهٗ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ وَكَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ وَلِتَسْتَبِيْنَ سَبِيْلُ الْمُجْرِمِيْنَ ۝

(پ ۷ س ۶ ع ۱۲ آیات ۵۲ تا ۵۵)

اور جو لوگ صبح و شام اپنے پروردگار سے دعا کرتے ہیں اور اُس کی ذات کے طالب ہیں اُن کو مت نکالو ان کے حساب کی جوابدہی تم پر کچھ نہیں اور تمہارے حساب کی جوابدہی ان پر کچھ نہیں ان کو اگر نکالو گے تو ظالموں سے ہو جاؤ گے۔ اور اسی طرح ہم نے بعض لوگوں کی بعض کے ذریعہ آزمائش کی ہے۔ وہ کہتے ہیں کیا یہی لوگ ہیں جن پر اللہ نے ہم میں سے فضل کیا ہے۔ کیا اللہ شکر کرنے والوں سے واقف نہیں ہے۔ اور جو تمہارے پاس ایسے لوگ آیا کریں جو ہماری آیتوں پر ایمان لاتے ہیں تو ان سے السلام علیکم کہا کرو۔ اللہ نے اپنی ذات پر رحمت کو لازم کر لیا ہے۔ کہ جو کوئی تم میں سے نادانستہ کوئی برائی کر بیٹھے پھر اس کے بعد توبہ کرے اور نیکوکار بن جائے تو وہ بخشنے والا بڑا مہربان ہے۔ اسی طرح ہم اپنی آیتیں کھول کھول کر بیان کرتے ہیں تاکہ مجرموں کا راستہ ظاہر ہو جائے۔

وما علینا الا البلاغ

## STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

Mr. Speaker : Now the Question Hour. Kazi Muhammad Azam Abbasi.

**STRENGTH OF POLICE AND THE WEST PAKISTAN RANGERS IN HYDERABAD DIVISION**

*709. **Kazi Muhammad Azam Abbasi** : Will the Parliamentary Secretary Home be pleased to state :—

(*a*) the cadre-wise strength of Police and the West Pakistan Rangers in each District of Hyderabad Division during 1947-48 and 1963-64 ;

(*b*) the District-wise as well as year-wise expenditure incurred on pay and allowances of the Police and Rangers in the said Division during the said period ;

(*c*) the year-wise number of cases registered by the Police and Rangers in each of the said districts during the said years (*i*) under the Excise Act and (*ii*) for violation of traffic rules and (*iii*) for black marketing and (*iv*) smuggling ;

(*d*) the number of cases, out of those mentioned in (*c*) above in which the accused were finally (*i*) acquitted and (*ii*) convicted ;

(*e*) the number of accused in the cases mentioned in (*c*) above who belonged to (*i*) rural areas and (*ii*) urban areas, separately ;

(*f*) in case the number of cases mentioned in (*c*) above for the year 1963-64 was higher than that the year 1947-48 the causes thereof and the steps the Table of the House as Annexures 'A' and 'B'.*

**Parliamentary Secretary** (Mian Miraj Din) : Sir, the answer is placed on the table of the House as Annexures 'A' and 'B'.*

**مسٹر سپیکر**—میاں صاحب کیا یہی جواب ہے جو چھپا ہوا ہے ۔

**پارلیمنٹری سیکرٹری**—جی ہاں ..

**مسٹر سپیکر**—کوئی ضمنی سوال ؟

**قاضی محمد اعظم عباسی**—کیا وہ بتائیں گے کہ آیا ۱۹۴۷-۴۸ء میں ٹریفک، ایکسائز، سمگلنگ اور بلیک مارکیٹ کے کوئی مقدمات نہیں تھے ضلع حیدر آباد میں ؟

**پارلیمنٹری سیکرٹری**—جو کچھ اس میں لکھ دیا ہے وہی ہے ۔ اگر اس میں نہیں ہے تو پھر نہیں ہو گا ۔

**قاضی محمد اعظم عباسی**—کیا پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب بتائیں گے کہ حیدر آباد میں جو total cases ایکسائز کے مقدمات رجسٹر ہوئے ہیں ۱۹۶۴ء میں وہ ہیں ۹ ۔ اور سزا ہوئی ہے ایک میں ۔ بری ہو گئے ہیں ایک میں ۔ باقی کا کیا ہوا ۔

**مسٹر سپیکر**—آپ کون سے صفحے کا حوالہ دے رہے ہیں ۔

*Please see Appendix I at the end.

قاضی محمد اعظم عباسی — Appendix اے صفحہ ۳ کا حوالہ دے رہا ہوں ۔ آپ نے یہ بتایا ہے کہ حیدر آباد میں ایکسائز کے ۹ مقدمات رجسٹر ہوئے ہیں ۔ ایک convict ہوا ہے ۔ پھر آپ صفحہ پانچ پر آ جائیں acquittals پر ۔

**Minister of Revenue** : In 1964 in Hyderabad there were nine excise cases.

**Kazi Muhammad Azam Abbasi** : On page 5 you have given us that one was convicted and one was acquitted. My supplementary is what happened to the other seven cases ?

وزیر مال — یہ جو حیدر آباد کے سات مقدمات ایکسائز کے صفحہ پانچ پر ہیں ۔ یہ ۱۹۶۳ء کے ہیں . . . . .

**Kazi Muhammad Azam Abbasi** : Sir I am not asking about 1963, I am asking you about 1964. You have given us on page 3 that nine cases were registered in 1964. Again on page 5 about convicted and acquitted cases you have shown us that one case was acquitted and one case was convicted, then I am asking what happened to 7 cases.

**Minister of Revenue** : In 1964 the number of excise, traffic and black marketing cases registered by the Police. In 1964 the police registered 9 cases. This is given on page 3 only registered cases. Then on page 5 these are number of cases out of those mentioned above which resulted in acquittal or conviction. That was the number of cases registered. Nine is the number of cases which were registered in 1964 and then in Hyderabad excise cases conviction resulted only once. This was the conviction which was secured in 1964. One was convicted and one was acquitted.

**Kazi Muhammad Azam Abbasi** : My supplementary is what happened to 7 cases which were registered.

مسٹر سپیکر — عباسی صاحب جو مقدمات ۱۹۶۳ء میں رجسٹر ہوئے ہیں ان میں یہ ضروری نہیں کہ ان کا فیصلہ بھی ۱۹۶۳ء میں ہو گیا ہو ۔ اس کے بعد ۱۹۶۵ء میں یا ۱۹۶۶ء یا کسی اور سال میں ان کا فیصلہ ہو سکتا ہے ۔

**Minister of Revenue** : He has not asked about 1965. Have you asked about 1965 ?

**Kazi Muhammad Azam Abbasi** : Sir, I wanted to know that how many persons were acquitted and how many persons were convicted.

**Minister of Revenue** : I have told you that in 1964 out of 9 cases one was convicted the other was acquitted. I do not know what happened to the remaining cases. If you ask another question I will give a reply to that question. The accused might be absconding, the witnesses may not be available or proceedings might have been prolonged.

حاجی سردار عطا محمد لنگڑ — جناب والا ۔ جواب کے حصہ "ج" میں بتایا گیا ہے کہ ضلع تھرپارکر میں سمگلنگ

کے ۷ مقدمات درج ہوئے ۔ ان میں ۶ بری ہو گئے اور باقی ایک کہاں گیا ۔ اس میں نہ اس کو سزا ملی ہے نہ بری ہوا ہے ۔

**وزیر مال** — جناب والا ۔ حاجی صاحب سوال کی لسٹ کے کون سے صفحے کا حوالہ دے رہے ہیں ۔

**حاجی سردار عطا محمد لنڈ** — تیسرے صفحہ پر ۔

**وزیر مال** — حاجی صاحب صفحہ ۳ پر تھرپارکر کا کوئی کیس نہیں ہے ۔

**مسٹر سپیکر** — خانصاحب غالباً جو اردو میں سوالوں کی فہرست ہے وہ اس کا حوالہ دے رہے ہیں ۔ آپ انگریزی فہرست کا صفحہ ۴ ملاحظہ فرمائیں ۔

**وزیر مال** — جناب والا ۔ مجھے معلوم نہیں کیا ہوا ۔ ممکن ہے وہ بری ہو گیا ہو یا ممکن ہے ۱۹۶۵ء میں اس کا فیصلہ ہوا ہو ۔

**حاجی سردار عطا محمد لنڈ** — جناب والا ۔ یہ ۱۹۴۸ء کا کیس ہے ۔

**وزیر مال** — ممکن ہے ملزم مر گیا ہو ۔

**حاجی سردار عطا محمد لنڈ** — جناب والا ۔ کیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ ۱۹۶۳ء میں ضلع تھرپارکر میں سمگلنگ کے جو ۴۸ مقدمات درج ہوئے ان میں سے ۲۸ تو بری ہو گئے ہیں ۔ باقیوں کے متعلق کیا ہوا ۔ یہاں ان کو سزایابوں میں بھی نہیں دکھایا گیا ۔ اور نہ بری ہونے والوں میں دکھایا گیا ہے ۔

**وزیر مال** — جناب والا ۔ اس کے heading کو دیکھئے یہاں لکھا ہوا ہے "The number of excise, traffic, black-marketing, smuggling cases registered by the Police."

یہاں صرف وہ مقدمات ہیں جو پولیس نے رجسٹر میں درج کئے ہیں ۔ پہلے ان کی تفتیش ہوتی ہے ۔ پھر وہ عدالت میں جاتے ہیں اور وہاں سے بری ہوتے ہیں یا سزا ہوتے ہیں ۔ یہ صرف رجسٹرڈ کیسسز ہیں جو ۱۹۶۳ء میں ۴۸ تھے اور ۱۹۶۴ء میں

۵۰۶ تھے - یہ بری ہونے یا سزا پانے والوں کے اعداد و شمار نہیں ہیں -

**حاجی سردار عطا محمد لنڈ**—جناب والا - جواب میں جو اعداد و شمار بتائے گئے ہیں وہ بری ہونے کے اور دوسرے سزا پانے والوں کے ہیں - یہاں دونوں کے متعلق بتایا گیا ہے۔

**مسٹر سپیکر**—حاجی صاحب آپ تشریف رکھیں - خان صاحب وہ یہ پوچھنا چاہتے ہیں کہ سوال کی فہرست کے صفحہ ۴ پر ضلع تھرپارکر میں ۱۹۶۳ء میں ۴۸ سمگلنگ کے مقدمات تھے - اور صفحہ ۶ پر ۱۹۶۳ء میں تھرپارکر میں سمگلنگ کے مقدمات جو بری ہوئے ہیں ان کی تعداد ۴۱ دی گئی ہے - باقی سات کے متعلق کیا ہوا ؟

**وزیر مال**—جناب والا - میں حاجی صاحب کی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ یہ ضروری نہیں کہ مقدمہ جس سال درج ہو اس کا فیصلہ بھی اسی سال ہو جائے - اس کا فیصلہ اگلے سال بھی ہو سکتا ہے - ۱۹۶۳ء میں ۴۸ جو رجسٹرڈ مقدمات ہیں ان میں سے ۴۱ کو سزا ہوئی ہے - اب یہ کہ سات کا کیا ہوا ضروری نہیں ہے کہ باقیوں کا بھی اسی سال فیصلہ ہوا ہو - ۱۹۶۴ء میں فیصلہ ہو سکتا ہے اور یہ جو اعداد و شمار ہیں اگلے سال میں چلے گئے ہوں گے . . . . . .

**حاجی سردار عطا محمد لنڈ** — دیکھئے آپ اطمینان سے جواب نہیں دے رہے ہیں -

**Mr. Speaker : This is not a supplementary question.**

**حاجی سردار عطا محمد لنڈ**—جناب والا - ۴۸-۱۹۴۷ء میں تو بیس cases ہوئے ہیں - اور ان میں سے دس cases میں لوگوں کو سزا بھی دی گئی ہے - باقی cases کہاں گئے -

**مسٹر سپیکر** — اس کا جواب بھی وہی ہے - جو ابھی ابھی خانصاحب نے ارشاد فرمایا ہے -

**حاجی سردار عطا محمد لنڈ**—آپ نے فرمایا ہے کہ ۱۹۴۷ء میں چھیاسٹھ cases درج ہوئے تھے - اور اب ۱۹۶۶ء ہے - اس کو تو انیس برس ہو گئے ہیں -

مسٹر سپیکر — آپ کس چیز کے متعلق پوچھ رہے ہیں ۔

حاجی سردار عطا محمد لنگڑ — میں تھرپارکر اور سانگھڑ کے متعلق پوچھ رہا ہوں ۔

مسٹر سپیکر — آپ ایک چیز کے متعلق پوچھیں ۔ وہ دو سوالوں کا جواب کیسے دے سکیں گے ۔

(وقفہ) ۔

Next question. I cannot wait for such a long time. The member may please take his seat.

---

PROVISION OF LATRINES ATTACHED TO THE JUDICIAL LOCK-UPS IN HYDERABAD DISTRICT.

*710. **Kazi Muhammad Azam Abbasi :** Will the Parliamentary Secretary, Home be pleased to state :—

(*a*) the total number of judicial lock-ups in Hyderabad District along with the number of those amongst them provided with separate latrines for the use of inmates of the said lock-ups ;

(*b*) whether it is a fact that most of the judicial lock-ups mentioned in (*a*) above have no separate latrines and their inmates also use them as latrines without any privacy ;

(*c*) if answer to (*b*) above be in the affirmative, the action taken or intended to be taken by Government to provide separate latrines attached to the lock-ups ?

**Parliamentary Secretary** (Mian Miraj Din) : (*a*) Six. (one without a separate latrine).

(*b*) All are provided with separate latrines inside the Cells but not in strict privacy.

(*c*) where there is no such facility, the Commissioner, Hyderabad is being requested to provide such facility.

---

FARE METER FITTED IN MOTOR RICKSHAWS PLYING IN HYDERABAD CITY

*711. **Kazi Muhammad Azam Abbasi :** Will the Parliamentary Secretary, Home be pleased to state :—

(*a*) the number of Motor rickshaw plying in Hyderabad city and whether each of the said rickshaw is fitted with a properly functioning fare meter ;

(*b*) whether Government have taken any measures that the drivers of the said rickshaws charge fare from passengers according to the indications of the fare meters;

(*c*) whether each of the rickshaws drivers mentioned in (*b*) above is in possession of a proper driving licence;

(*d*) whether any of the drivers of the said rickshaws was ever challaned for plying a rickshaw with a learner's licence, if so, the number of such rickshaw drivers and whether their licences were confiscated ;

(*e*) if answer to (*d*) above be in the affirmative, whether the said confiscated licences have been re-issued to the said offenders; if so, reasons therefor ?

**Parliamentary Secretary** (Mian Miraj Din) : (*a*) Total number of rickshaws plying in Hyderabad District is 1,194 and all these rickshaws are fitted with fare meters.

(*b*) Regional Transport Authority Hyderabad has issued orders that fare should be charged according to the fare meter reading and that permits of defaulters would be liable for cancellation.

(*c*) Rickshaws drivers possess proper driving licences. One driver was detected driving rickshaw without driving licence. He was prosecuted under section 3/112 of Motor Vehicles Ordinance 1965, and was fined Rs. 38·00.

(*d*) Five drivers were detected driving rickshaws with learners licences, in Hyderabad city from 7th September, 1965 to 30th April, 1966. Their learners licences were confiscated.

(*e*) No.

حاجی سردار عطا محمد لنگ—جواب کے جزو (ب) میں یہ بتایا گیا ہے کہ ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی حیدر آباد نے احکامات جاری کر دیئے ہیں ۔ کہ کرایہ میٹر کے مطابق وصول کیا جائے ۔ تو کیا اس پر عمل بھی ہو رہا ہے یا نہیں ۔

وزیر مال(خان حبیب اللہ خان)— ہو رہا ہے ۔

حاجی سردار عطا محمد لنگ—اور انہوں نے جواب میں مزید یہ بھی کہا ہے ۔ کہ اس بات کی خلاف ورزی کرنے والوں کے پرمٹ رد کر دیئے جائیں گے ۔ تو آیا اس سلسلے میں کسی کا پرمٹ رد ہوا ہے یا نہیں ۔

**Mr. Speaker** : The number may give fresh notice for it.

---

ROBBERY AND MURDER OF TAXI DRIVERS IN HYDERABAD CITY

***713. Kazi Muhammad Azam Abbasi** : Will the Parliamentary Secretary, Home be pleased to state :—

(*a*) the number of Taxi drivers robbed in Hyderabad city during the years 1963-64 and 1964-65 ;

(*b*) the number of Taxi drivers murdered in the said city during the above said period ;

(*c*) the number of accused arrested for commission of the said offence alongwith the number of those amongst them who were convicted ;

(*d*) the steps so far taken by Government for the safety and security of the Taxi drivers in Hyderabad city ?

**Parliamentary Secretary** (Mian Miraj Din): (*a*), (*b*) and (*c*). Nil.

(*d*) Does not arise.

RAIDS CONDUCTED BY THE TRAFFIC POLICE FOR CHECKING THE SPEED OF VEHICLES IN HYDERABAD DISTRICT.

*714. **Kazi Muhammad Azam Abbasi** : Will the Parliamentary Secretary Home be pleased to state :—

(*a*) the number of raids conducted by the traffic police for checking the speed of vehicles in Hyderabad district during the year 1964-65 alongwith the nature of instruments used by the said police for the said purpose;

(*b*) the number of drivers challaned for fast driving in the said District during the said period and the action taken against the owners of the vehicles involved ?

**Parliamentary Secretary** (Mian Miraj Din) : (*a*) 149 raids were con ducted. Instruments used to check speed were "Stop Watches" and speedometers of Government Pick-up Van/Motorcycle.

(*b*) 711 drivers were prosecuted for overspeeding. Owners were also prosecuted and sent up for trial in the Court.

---

PROMOTION OF MIRZA SALEEM BEG, SUB-INSPECTOR, POLICE POSTED AT CHAK JHUMRA.

*834. **Mr. Hamza:** Will the Parliamentary Secretary Home be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that one Mirza Saleem Beg, Sub-Inspector, Police presently posted at Chak Jhumra, District Lyallpur was promoted by the D. I.-G. Sargodha on the eve of his transfer in supersession of 7 or 8 Sub-Inspectors senior to him ;

*2704. **Mr. Abdul Qayum Qureshi** : Will the Parliamentary Secretary, Home be pleased to state whether it is a fact that a large number of Civil and Criminal cases are in arrears in Civil and Criminal Courts at Bahawalpur and the present Civil Judges and Magistrates are unable to cope with the work if so whether Government intend to increase the number of Magistrates and Civil Judges during 1966-67?

**Parliamentary Secretery** (Mian Miraj Din) :

*Criminal cases pending on 31st May* 1966. 883

*Civil cases pending on 1st May* 1966

| | | |
|---|---|---|
| (*i*) Civl Suit | .. | 1,091 |
| (*ii*) Rent Cases | .. | 121 |
| (*iii*) Insolvency and guardian | .. | 44 |
| (*iv*) Execution applications | .. | 327 |

Present strength of Magistrates and Civil Judges is sufficient to cope up with the work, hence no need for increase during 1966-67.

---

EXECUTION OF PUBLIC WORKS BY DEPARTMENTAL OFFICIALS OR ON MUSTER ROLL SYSTEM

*2716. **Major Mir Badshah Khan Mahsood** : Will the Parliamentary Secretary, Home be pleased to state—

(*a*) whether it is a fact that according to Government instruction public works cannot be executed by the departmental officials or on muster roll system;

(*b*) whether it is a fact that nearly all the works in South Waziristan are executed by the departments concerned themselves or on muster roll system ;

(*c*) if answer to (*a*) and (*b*) above be in the affirmative, reasons for executing the works by the departments themselves or on muster roll system in South Waziristan and whether Government intend to put an end to the said practice ?

**Parliamentary Secretary** (Mian Miraj Din): (*a*) No. There are no Government orders banning the execution of works through muster roll. There are however departmental orders for avoiding execution of works through muster roll labour except in emergent cases.

(*b*) No. Almost all the works in Agencies South and North Waziristan are carried out through contractors nominated by the Political Agents concerned.

(*c*) Does not arise in view of (*a*) and (*b*) above.

---

POLYTECHNIC INSTITUTE IN TRIBAL AGENCIES

*2780. **Haji Ghulab Khan Shinwari:** Will the Parliamentary Secretary Home be pleased to state whether it is a fact that there is no Polytechic Institute in any of the tribal agencies, if so, whether Government intend to establish any such Institute in any of the agencies ?

**Parliamentary Secretary** (Mian Miraj Din) : There is no Polytechnic Institute in Tribal Areas. However, there is a proposal for the establishment of Polytechnic School at Chakdara in Dir State. This will also depend on the availability of funds. At present there is no such demand from the Tribal people.

TEACHERS INSTITUTE IN TRIBAL AREA

*2781. **Haji Ghulab Khan Shinwari**: Will the Parliamentary Secretary Home be pleased to state whether it is a fact that there is no Teachers Training Institute in the tribal area, if so, whether Government intend to open such Institutes in various parts of the said area ?

**Parliamentary Secretary** (Mian Miraj Din) : A Teachers Training Institute has already been established at Landikotal in Khyber Agency for training teachers in J. V. /J. A. V. and S. V. This Institute is for the time being enough for the tribal areas and there is no proposal for the opening of another Institute in the Third Plan.

---

DEGREE COLLEGES OF SOUTH WAZIRISTAN, NORTH WAZIRISTAN KHYBER AGENCY AND MEHMAND AGENCY

*2785. **Haji Ghulab Khan Shinwari**: Will the Parliamentary Secretary, Home be pleased to state—

(*a*) the number of degree Colleges functioning in special areas generally and in South Waziristan, North Waziristan Khyber Agency and Mehmand Agency particularly and the locations thereof alongwith the names of colleges in the said areas where arrangements for teaching science have been made by Government ;

(*b*) the names of Colleges out of those mentioned in (*a*) above where boarding houses have been provided ;

(*c*) whether Government intend to open more colleges in each of the agencies mentioned above, provide for hostels and arrange for teaching of science subjects there ?

**Parliamentary Secretary** (Mian Miraj Din) : (*a*) *Nil.* However science is taught in the Intermediate College at Thana, Parachinar and Miranshah.

(*b*) *Nil,* as there is no Degree College at present.

(*c*) Yes, there is a proposal for the opening of two Intermediate Colleges, one in Chitral and the other in Dir State during the Third Five Year Plan. This will depend on the availability of funds.

---

PAYMENT OF MONTHLY ALLOWANCE TO TEACHERS IN TRIBAL AREAS

*2796. **Mr. Jalal-ud-Din Khan** : Will the Parliamentary Secretary Home be pleased to state whether it is a fact that the teachers in tribal area were given monthly allowance at the rate of 20 per cent of their salaries up to 1947, but subsequently payment of this allowance to Non-gazetted teachers was withheld whereas the gazetted staff are in receipt of the said allowance if so, reasons for the discrimination?

**Parliamentary Secretary** (Mian Miraj Din) : It is a fact that teachers in the tribal areas were in receipt of Rs. 20 per month as trans-frontier allowance upto 31st December 1948. This allowance is being paid at 20 per cent of pay subject to maximum of Rs. 50/per month to the teachers both gazetted and non-gazetted Government servants provided they are non-locals.

---

WAQFS CREATED BY LATE SYED HAJI ABDUL RAHIM SHAH OF SUJAWAL, DISTRICT THATTA

*2837. **Syed Sher Ali Shah**: Will the Minister of Auqaf be pleased to state :—

(*a*) the names of Waqfs created by late Syed Haji Abdul Rahim Shah fo Sujawal, District Thatta;

(*b*) the area of agricultural land, houses and shops if any, donated by Syed Abdul Rahim Shah to each said Waqfs;

(*c*) the date on which the control and administration of said Waqfs was taken over by the Chief Administrator Auqaf;

(*d*) the cash balances of each said Waqf at the time the control was taken over;

(*e*) the aims and objects for which each Waqf was created;

(*f*) the up-to-date annual income derived from each said Waqf by the Auqaf Department;

(*g*) the up-to date annual expenditure incurred on the maintenance of property of each Waqf;

(*h*) the net cash balance of each Waqf up to 30th April 1966;

(*i*) whether it a fact that out of the cash balances of the said Waqfs, nothing has been spent so far on the aims and objects of the said Waqfs;

(*j*) if answer to (h) above be in the affirmative, reasons therefor and whether Auqaf Department intend to spend the amount on the aims and objects as laid down by the Waqf?

**Minister of Auqaf** (Malik Muhammad Hayat Khan Tuman): (*a*) to (*e*): Annexure 'A' is placed on the Table of the House.*

(*f*) and (*h*) Annexure 'B' is placed on the Table of the House.*

(*g*) Annexure 'C' is placed on the Table of the House.*

(*i*) No. Annexure 'D' is placed on the Table of the House.* which shows the extent to which the Auqaf Department is spending money towards that fulfilment of the objects of the Waqfs in question.

(*j*) Question does not arise.

---

MARKING AND SELLING OF TREES IN TRIBAL AREAS OF HAZARA DISTRICT

***2844. Sardar Gul Zaman Khan:** Will the Parliamentary Secretary Home be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that regular staff of Forest Department has been appointed in Tribal Areas of Hazara;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, whether any working plan of the forests in the said area was prepared;

(*c*) whether it is a fact that the trees in the said forests are crumbling down due to age;

(*d*) whether the trees in the said forests have been marked and sold out if not, reasons therefor?

**Parliamentary Secretary** (Mian Miraj Din): (*a*) Yes.

(*b*) Working Plan of the forests in the said areas has not been prepared on account of unsettled conditions and lack of proper protection of the staff. It will be prepared as soon as conditions permit. However, working schemes are under preparation in respect of those forests whose owners have agreed to the sale of trees.

(*c*) Unless the inventory of the forests takes place, no estimates of the overmature trees can be given.

(*d*) The forests in respect of which the working schemes are in hand and sale arrangement are nearing finalization are being marked for sale. This is further subject to determination of right of ownership.

---

*Please see Appendix VI at end.

ENFORCEMENT OF F.C.R. IN DE-EXCLUDED AREAS OF DERA GHAZI KHAN DISTRICT

*2857. **Sardar Manzur Ahmad Khan Qaisrani:** Will the Parliamentary Secretary, Home be pleased to state whether it is a fact that the inhabitants of De-excluded areas of District Dera Ghazi Khan have requested the Government for the enforcement of the F.C R. in that area; if so, the reasons for not acceding to th ir request ?

**Parliamentary Secretary** (Mian Miraj Din) : Yes. The matter is already under consideration of Committee appointed by the Central Government to consider restoration of the F.C R. 1901 after making provisions in accordance with the Constitution. Further action will be taken after the said Committee has finalized its recommendations ?

---

SHRINES IN TEHSIL ABBOTTABAD OF HAZARA DISTRICT

*2897. **Sardar Gul Zaman Khan:** Will the Minister of Auqaf be pleased to state—

(*a*) names and locations of shrines in Tehsil Abbottabad of Hazara District as under the control of Auqaf Department;

(*b*) annual income accruing from the said Shrines as well as the items on which the said income will be spent in Hazara District;

(*c*) number of employees of Auqaf Department working in Hazara District ?

**Minister of Auqaf** (Malik Muhammad Hayat Khan Tuman) : (*a*) There is no sharine under the administrative control of Auqaf Department in Tehsil Abbottabad, Hazara District.

(*b*) Question does not arise.

(*c*) employees as detailed below :—

*Staff in Mosques*

| | | |
|---|---|---|
| (1) | District Khatib .. .. .. | 1 |
| (2) | Naib Khatib (one for Mansehra and one for Haripur) .. | 2 |
| (3) | Imams .. .. .. .. .. | 8 |
| (4) | Khadims .. .. .. .. | 8 |
| (5) | Moazzin .. .. .. .. | 1 |

*Managerial staff*

| | | |
|---|---|---|
| (1) | Part-time Manager .. .. .. .. | 1 |
| (2) | Assistant Manager .. .. .. .. | 1 |
| (3) | Clerk .. .. .. .. .. | 1 |
| (4) | Peon .. .. .. .. .. | 1 |

---

QUESTIONS POSTPONED FROM THE LIST FOR FRIDAY THE 3RD JUNE 1966.

REPAIRS OF BUILDINGS ATTACHED TO SHAH SADIQ NAHANG SHRINE, DISTRICT JHANG

*1880. **Chaudhri Muhammad Idrees:** Will the Minister for Auqaf be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that nearly all the buildings attached to Shah Sadiq Nahang Shrines in District Jhang, have been badly damaged for want of epairs ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, expenditure so far incurred by the Auqaf Department on the repairs, if any, of the said buildings alongwith the details of repairs and dates on which the repairs were carried out and if no repairs have been carried out, reasons there for?

**Minister for Auqaf:** (Malik Muhammad Hayat Khan Tuman): That buildings attached to Hazrat Shah Sadiq Nahang Shrine in District Jhang need repairs is admitted.

(*b*) A sum of Rs. 2,000 was sanctioned in March, 1966 to carry out urgent repairs to the building. It is hoped that the amount will be spent before the close of the current financial year. A sum of Rs. 50,000 has also been provided in the Budget Estimates for 1966-67. Plans and estimates to cover the repairs for next year are being prepared. After approval repair works to the buildings will be taken in hand.

---

SMUGGLING CASES REGISTERED IN BORDER AREAS

*2264. **Chaudhri Muhammad Idrees:** Will the Parliamentary Secretary, Home, be pleased to state the number of smuggling cases registered in the border areas adjoining Bharat from 1st March, 1966 to 30th April 1966?

**Parliamentary Secretary** (Mian Miraj Din): 45 cases of smuggling were registered in the border areas adjoining India from 1st March 1966 to 30th April 1966.

---

## ADJOURNMENT MOTIONS

**Mr. Speaker:** Now we will take up adjournment motions. Their numbers are 26 and 27. Notices of these two motions were given by Haji Atta Muhammad Lund and Mr. Hamza. We are having general discussion on the General Budget day after tomorrow, and both the matters can very well be discussed during the discussion on the General Budget. I, therefore, withhold my consent under rule 47 of the Rules of Procedure.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ مودبانہ عرض ہے ۔ کہ میں جو معاملہ زیر بحث لانا چاہتا تھا ۔ اس کو بجٹ کی عام بحث کے دوران زیر بحث لانا قطعاً بیکار ہو گا ۔ یہ تعزیتی جلسہ ہو رہا ہے میرا خیال تھا کہ اگر یہ تحریک التوا اس ایوان میں پیش ہو جاتی تو شاید وزیر مال جو کہ قائد ایوان بھی ہیں ۔ ان کی حکومت یہ فیصلہ کر دیتی ۔ کہ وہاں پر تعزیتی جلسہ کرنے کی اجازت دیدی جائے ۔

مسٹر سپیکر ۔ میں نے اپنی رولنگ دیدی ہے ۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ جناب والا ۔ میری تحریک التوا بہت ضروری ہے ۔ کیونکہ وہاں پر بہت بد امنی ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ حاجی صاحب ۔ آپ پھر ۔ منگل اور بدھ کو بجٹ پر عام بحث کے دوران ان معاملات پر بحث کر سکتے ہیں ۔

**حاجی سردار عطا محمد لنڈ** ۔ وہاں پر تو حالات بہت بگڑ گئے ہیں ۔ وہ تو ایک رات بھی نہیں ٹھہر سکتے ہیں ۔ چہ جائیکہ آپ اسے تین دن کے لئے ملتوی کر رہے ہیں ۔

**مسٹر سپیکر** ۔ آپ پرسوں اس پر بحث کر سکتے ہیں ۔ اور تحریک التوا کے متعلق تو یہ عرض ہے ۔ کہ اگر تحریک التوا بے ضابطہ بھی قرار دی جائے ۔ تو بھی آپ کو بجٹ پر عام بحث کے دوران اس پر گفتگو کرنے کا موقع ملے گا بلکہ جو تحریک التوا ایک ماہ پیشتر بھی بے ضابطہ قرار دی گئی ہوں ۔ ان پر بھی آپ کو بولنے کا موقع اس بحث کے دوران مل سکتا ہے ۔ آپ تشریف رکھیں ۔

---

## WEST PAKISTAN BUDGET (RAILWAY) 1966—67

### DEMANDS FOR GRANTS IN RESPECT OF NEW EXPENDITURE (RAILWAY).

**Mr. Speaker** : Now we will take up the Orders of the Day. First item is voting on Demands for Grants in respect of New Expenditure (Railway) 1966—67.

Demand No. 1 is to be moved by a Minister

DEMAND NO. 1

**Minister of Railways** : Sir, I beg to move—

That a sum not exceeding Rs. 3,58,000 be granted to the Governor to meet new expenditure for the financial year ending on the 30th June, 1967, in respect of Ordinary Working Expenses—General Administration.

**Mr. Speaker** : Motion moved is—

That a sum not exceeding Rs. 3,58,000 be granted to the Governor to meet new expenditure for the financial year ending on the 30th June, 1967, in respect of Ordinary Working Expenses—General Administration.

There are some cut motions to this Demand and the first one is by Malik Muhammad Akhtar. The Member may please move it.

**Malik Muhammad Akhtar** : Sir, I be to move—

That the total of Rs. 3,58,000 on account of Ordinary Working Expenses—General Administration—Total New Expenditure be reduced by Rs. 3,57,999.

**Mr. Speaker** : Demand under consideration, motion moved is—

That the total of Rs. 3,58,000 on account of Ordinary Working Expenses—General Administration—Total New Expenditure be reduced by Rs. 3,57,999.

**ملک محمد اختر** (لاہور ۲)—جناب سپیکر ۔ مطالبہ نمبر ۱ کے جس حصے کے متعلق میں نے یہ تحریک تخفیف زیر پیش کی ہے ۔ میرا اس تحریک سے مقصد بالکل نئے عملے کو رکھنے سے متعلق ہے ۔ اور نئے اخراجات کی جو تفصیلات اس نئے عملے کے متعلق دی گئی

ہیں اس کا تعلق Executive Department, Miscellaneous Department and General Department کے علاوہ دیگر محکموں سے ہے ۔

جناب سپیکر ۔ مجھے چند نہایت ہی اہم اعتراضات کرنے ہیں جو نہ صرف اس اضافے کے متعلق ہیں جو وزیر متعلقہ کو اس عملے میں کرنا مقصود ہے بلکہ اس طریق کار سے بھی مجھے اختلاف ہے ۔ جس طریقے سے کہ نئی عارضی اسامیوں کے لئے بھرتی کی جائے گی ۔

جناب سپیکر ۔ مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ ایک خط جس کا نمبر ہے ۔ 831(E)/400, dated 10th March 1965 جس میں کہا گیا ہے کہ ریلوے کے محکمے میں اس وقت اس قدر عارضی اسامیاں ہیں ۔ کہ جن لوگوں کی تقرری عارضی طور پر کی گئی ہے بسا اوقات ان کا وقت اپنے اعلے افسران کے پیچھے بھاگتے رہنے اور اپنی اسامیوں کو آئندہ سال بھی جاری رکھنے کی کوششوں میں صرف ہوتا ہے ، اور اگر میں جناب وزیر متعلقہ سے گزارش کروں کہ محکمہ ریلوے میں کم و بیش ساٹھ فیصد ایسی اسامیاں ہیں جو کہ عارضی ہیں اور انہیں نا معلوم روز حشر تک عارضی رکھا جائے گا ۔

جناب سپیکر ۔ تین سال کے بعد ہر عارضی اسامی کو مستقل کر دینا چاہیئے لیکن جو افسران ہیں ان کی تقرری اور جو دیگر اشخاص ہیں ان کو بھی عارضی طور پر رکھا جاتا ہے ۔

جناب سپیکر ۔ اس کے بعد ان اسامیوں کے متعلق میرا دوسرا اعتراض یہ ہے کہ جیسا کہ حکومت مغربی پاکستان نے جو کہ اس وقت محکمہ ریلوے کو چلانے کی ذمہ دار ہے ۔ صوبائی پبلک سروس کمیشن مقرر رکھا ہے اور اسی طرح مرکزی حکومت نے مرکزی پبلک سروس کمیشن مقرر کر رکھا ہے ۔ تو محکمہ ریلوے کی جو آسامیاں ہیں اگر ان کو رکھنا مطلوب ہو تو اس کی جانچ پڑتال اور interview کے لئے اس قسم کی کوئی اعلے اختیارات کی کمیٹی بنا دی جائے ۔ یا اس کے لئے کوئی سروس کمیشن ہونا چاہیئے در اصل ریلوے کے بعض افسران ریلوے کو محکمے .....

**رانا پھول محمد خان** - پوائنٹ آف آرڈر - جناب سپیکر - میں نے پہلے بھی عرض کیا تھا - کہ ملک صاحب کی شیرین زبانی کی وجہ سے اکثر ممبران صاحبان باہر چلے جاتے ہیں - جس کی وجہ سے کورم نہیں رہتا - دیکھئیے - اب بھی کورم نہیں ہے -

**Mr. Speaker:** Let there be a count count was taken. The House is not in quorum. Let the bells be rung.

*(bells were rung for five minutes)*

**Mr. Speaker:** Five minutes are over. Bells should be stopped. Let the names of the Members who are present in the House be recorded.

*(The names of Member present in the House were recorded).*

**Mr. Speaker:** House is now in quorum. Yes Malik Akhtar.....

**مسٹر حمزہ** - جو موٹے ہیں ان کو دو گن لیں -

**سید یوسف علی شاہ** - اور جو لمبے ہیں ان کو بھی دو گن لیں -

**ملک محمد اختر** - جناب سپیکر - یہ جو نئی اسامیاں ہیں ان پر کم و بیش ۳ لاکھ روپے کے اخراجات سالانہ برداشت کرنا ہوں گے اس میں انتخاب کا جو طریق کار رائج ہے وہ مرکزی اور صوبائی حکومتوں سے قدرے مختلف ہے -

جناب سپیکر - ریلوے والوں نے ایک سلیکشن بورڈ بنا رکھا ہے اور میرے پاس لا تعداد مثالیں ہیں کہ بورڈ کی سفارشات پر بسا اوقات عمل نہیں کیا جاتا بلکہ انہیں معرض التوا میں ڈالا جاتا ہے اور سلیکشن بورڈ میں اس طرح ملازمین کو victimise کرتے ہیں -

جناب سپیکر - اصولی طور پر جب کہ مغربی پاکستان کے صوبے میں تمام اداروں کو recruitment ایک خود مختار ادارہ پبلک سروس کمیشن کرتا ہے جس کی ساخت اس قسم کی ہوتی ہے کہ وہ واقعی ایک independent ادارہ کہلانے کا مستحق ہے - ریلوے کے افسران سے مجھے عقیدت ہے اور میں ان کا احترام کرتا ہوں لیکن اصولی طور پر وہ کسی قسم کی recruitment کرنے کے مجاز نہیں - کیونکہ یہاں تو recruitment کرتے وقت favouritism اور nepotism کے دروازے کھل جاتے ہیں -

ریلوے کو اب تک ایک کمرشل ادارے کی حیثیت سے چلاتے ہیں چونکہ اس پر حکومت کا hold ہے اس لئے چاہیئے کہ یہاں بھی وہی اصول اور وہی طریقہ کار رائج ہو جو حکومت اپنے دوسرے محکمہ جات میں عمل میں لارہی ہے اور اس کا یہاں enforce اور introduce کرنا ضروری ہے اگر میں ریلوے بورڈ کی victimisation کے cases کے متعلق وزیر متعلقہ کی خدمت میں عرض کروں تو میں ان سے توقع کروں گا کہ وہ ان کی پوری چھان بین اور انکوائری کرائیں گے اور تکلیف کا سد باب کریں گے۔

جناب سپیکر ۔ ایک candidate نے اعتراض کیا کہ CPO اور CCM جو ایک خاص معاملہ میں سلیکشن بورڈ hold کر رہے تھے ان پر انہیں اعتماد نہیں تھا CPO صاحب کو تو remove کر دیا گیا ۔ لیکن یہ کہا گیا کہ CCM صاحب honest اور open hearted ہیں اس کے متعلق fair dealing کریں گے ۔ وہ candidates written test میں ان چند اشخاص میں سے تھا جو کامیاب ہوئے لیکن اس بچارے کو انٹرویو میں ختم کر کے رکھ دیا ۔ اس طرح کی اور مثالیں بھی ہیں کہ وہ لوگ جو de erve نہیں کرتے اور written test میں اچھے نہیں ہوتے interview میں انہیں آگے لا کر نوکری سے نوازا جاتا ہے۔

جناب سپیکر ۔ میں یہ گزارش کروں گا کہ ریلوے میں جو آپ نئی اسامیوں پر تقرری کر رہے ہیں ۔ میں اس سے ہرگز اتفاق نہیں کرتا ۔ میں اس نقطہ نگاہ سے سمجھتا ہوں کہ کافی فالتو اسامیاں ہیں ان کے لئے ایک High Powered Committee بنائیں تا کہ وہ retrench کرے ۔ اور جتنی فالتو اسامیاں ہیں انہیں ختم کر کے رکھ دے ۔ ان آسامیوں کی وجہ سے ہمارے ملک کو گراں قدر اخراجات کا متحمل ہونا پڑتا ہے ۔

جناب سپیکر ۔ ڈولپمنٹ کے نام پر یہاں جو کچھ ہو رہا ہے وہ آپ کے سامنے ہے ۔ اس لفظ سے اب ہمیں کوئی دلچسپی نہیں ۔ آج جس طریقہ سے اسے استعمال کیا جا رہا ہے ۔ مجھے دکھ اور رنج ہوتا ہے ۔ اس کی وجہ سے آج ہمارا ملک دیگر ممالک سے قرضہ جات حاصل کرنے پر مجبور ہے ۔ اگر آپ اپنے existing وسائل کو نہیں بڑھائیں گے اور اپنے اخراجات کو کم نہیں کریں گے ۔

تو یہ کوئی اچھے تدبر یا اچھی ایڈمنسٹریشن کا ثبوت نہیں ہوگا ۔

جناب سپیکر ۔ میں قطعی طور پر irrelevant نہیں ہونا چاہتا لیکن میں سمجھتا ہوں اور یہ ضرور کہوں گا کہ ہمارے ساتھ اور قوم کے ساتھ یہ بہت بڑی زیادتی ہے ۔ ہم نہیں چاہتے کہ آپ کسی غیر ملک کو development کے نام پر ہمارے معاملات میں interfere کرنے کی اجازت دیں ایسی ڈولپمنٹ سے ایک undeveloped country اچھی ہے جس میں ہم خودداری سے جی سکیں ۔ اس ڈولپمنٹ میں عارضی اور مستقل اخراجات ہیں جو ہر روز بڑھتے جاتے ہیں ۔ آپ نے انہیں اس بجٹ میں شامل کیا ہے ۔ بالخصوص اپنے ملکی حالات کے پیش نظر میں اس سے اتفاق نہیں کرتا اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ ہمارے National interest کے خلاف ہے ۔ ہمیں کسی فالتو establishment یا محکمہ کی ضرورت نہیں ۔ میں ان معروضات کو بار بار دہرا رہا ہوں ۔ چونکہ ان کو contradict نہیں کیا گیا اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ میرے خدشات یقیناً درست ہیں ۔ جب تمام محکموں نے ایمرجنسی کے موقع پر retrenchment کی تو اس وقت ریلوے نے نہیں کی تھی ۔ اگر ساڑھے بارہ فیصد کے حساب سے retrenchment کی جاتی تو ایک کروڑ روپیہ حاصل ہو سکتا تھا ۔ چہ جائیکہ آپ اب نئی اسامیوں کے لئے provisions کریں ۔

جناب سپیکر ۔ اس کے بڑے دور رس نتائج ہونگے جن سے ہمیں دو چار ہونا پڑے گا ۔ اس لئے کہ ہم نے اپنے پاؤں اتنے پھیلائے ہیں جس قدر چادر نہیں اس کا نتیجہ یہ ہے جو ہمیں ٦ ستمبر ١٩٦٥ء کو بھگتنا پڑا ۔ جن ممالک سے آپ نے aid لی ہے ۔ جب آپ نے ان کی اندھا دھند تقلید نہ کی تو انہوں نے ہم پر حملہ کرا دیا ۔ آج مغربی پاکستان کے بجٹ کا موقع ہے ۔ آپ عوام کے نمائندگان ہیں آپ یہ کر سکتے ہیں کہ غیر ضروری اخراجات سے نجات حاصل کریں ۔ میں سمجھتا ہوں

کہ اگر ہم اسمیں کسی قسم کی کوتاہی کریں گے تو مناسب نہ ہوگا - یہ ڈولپمنٹ جسکے نام سے مجھکو چڑ ہوگئی ہے - اور اسی ڈولپمنٹ کی آڑ میں دشمن کی فوجیں ہم پر چڑھ آئی تھیں اور انہوں نے ہم پر حملہ کردیا تھا - ہم جنسے aid کی ضرورت میں قرضے حاصل کرتے تھے انہوں نے اس ڈولپمنٹ کی آڑ میں ہمارے ملک کی سالمیت کو نقصان پہونچایا ہے - جناب ہم بلاوجہ اپنے اخراجات کو بڑھا رہے ہیں -

جناب سپیکر - میں گزارش کروں گا کہ جہاں تک ریلوے میں ان پوسٹوں اور موجودہ طریقہ کار کا تعلق ہے مثال کے طور پر اگر انکو غیر ضروری نہ سمجھا جائے تو میں کہوں گا کہ اگر یہ اس قدر عملے کے خیر خواہ ہیں تو انہوں نے superannuation کے جو بعض رواج تھے تاحال ان کو بنانے کیلئے کوئی عملی اقدامات نہیں کئے - جناب والا - اگر یہ عملہ کو مطمئن کریں اور ان میں وہی سپرٹ پیدا کریں جو جنگ کے دوران قدرت نے پیدا کر دی تھی - تو یہ عملہ زیادہ اچھے کام کر سکتا ہے یہ وہ عملہ ہے - جس نے جنگ کے دوران ۲۴ گھنٹے کام کیا - اگر اس عملہ میں ذرا سی efficiency بڑھا دیجائے تو یہ نئی آسامیاں جنکی تخلیق کی جا رہی ہے - ان سے ہم نجات حاصل کر سکتے ہیں - جناب سپیکر - اسکے برعکس یہ عملہ پارٹی باز افسروں کو اگر ناراض کرے تو انکے ظلم و ستم کا نشانہ ہو - جناب والا - میں کسی خاص افسر کو point out نہیں کرنا چاہتا ہوں بلکہ ایک مثال دیتا ہوں کہ کسطرح ان لوگوں نے موجودہ عملہ کی Effiociency کو ختم کرکے رکھدیا ہے - ۱۹۵۳ء میں ایک Seniority list بنی اور وہ publish ہوئی اور اسکے مطابق تقرری کر دی گئی اسکے بعد ایک نئے افسر (سی-ایی-او-صاحب) نے اس seniority list کو set aside کرکے دو ایسے اہلکاروں کی تقرری کی ہے جو محکمہ میں انتہائی بدنام ہیں میرے پاس انکی bad reports اور خراب ریکارڈ ہے میں کسی کی victimisation کا باعث نہیں بننا چاہتا اور

میں کوئی ایسی بات بھی نہیں کرنا چاہتا جو مبالغہ آرائی پر مبنی ہو - میں تو صرف آپکو ان بیماریوں سے نجات دلانا چاہتا ہوں اور نہ میں ان لوگوں کے خلاف کوئی ایسی بات کہنا چاہتا ہوں جو بڑے افسروں کا آلہ کار بن گئے ہیں اور میں کسی کیلئے کوئی ایسی بات بھی نہیں کہنا چاہتا کہ جو اس حد سے زیادہ ہو کہ جس حد تک اسنے کوئی غلطی کی ہو -

جناب سپیکر — یہ چھوٹے عملہ میں جو dissatisfaction ہے وہ بڑے عملہ کو جو سہولتیں حاصل ہیں انکی وجہ سے ہے - میں اس وقت دونوں کا comparison کرنا چاہتا ہوں اور وہ اسی حد تک comparison کرونگا کہ جو lower staff کی عدم اطمینانی کا باعث ہے اور lower staff کو وہ مراعات حاصل نہیں ہیں جو بڑے افسروں کو حاصل ہیں -

جناب سپیکر — اس ہاؤس میں انہوں نے بار بار ان saloons کا ذکر کیا ہے اور ان چلتے پھرتے محلات کا ذکر کیا جن میں اعلیٰ افسر اور انکی families انکے ساتھ سفر کرتی ہیں اور اسکے کے علاوہ جو دیگر الاؤنسز ہیں وہ بھی انکو ملتے ہیں باوجود اسکے کہ جس جگہ انکو جانا ہوتا ہے وہاں بہت اعلیٰ قسم کے rest house ہیں اور تمام راستوں میں اعلیٰ refreshment rooms ہیں - اسکے علاوہ وہ بہشت جسمیں ہمارے ریلوے کے اعلیٰ افسر اقامت پذیر ہیں - مثلاً میوگارڈن اور میوگارڈن کے کلب اور وہاں دیگر آسائشیں اور پھلوں کے باغات جو میوگارڈن میں موجود ہیں اور وہ ائرکنڈیشنر جو وہاں نصب ہیں تو اب بتائیے کہ کتنا تفاوت اعلیٰ افسروں اور lower staff میں ہے - جناب سپیکر- مجھے اسکے علاوہ ان مراعات کا بھی ذکر کرنا ہے جو بڑے افسروں کو حاصل ہیں اور چھوٹے افسر جن سے محروم ہیں - مثلاً ہر بڑے افسر کو آپ ۴ - ویگن بجری بڑے low ریٹ پر دیتے ہیں اور teak wood جو کافی امپورٹ کی گئی تھی اور اسکا بازار کا بھاؤ ۶۰ روپے فٹ ہے اسکو آپ hardboard سے replace کرکے بڑے سستے بھاؤ اور مارکیٹ value کے مقابلہ میں کافی کم بھاؤ پر افسروں کو

سپلائی کر رہے ہیں - جناب سپیکر - لکڑی کے سلیپر بھی آپ اپنے افسروں کو تھوڑے ریٹ پر سپلائی کرتے ہیں اگر میں یہ عرض کروں کہ بڑے افسروں نے ریلوے میں لوٹ مچا رکھی ہے تو اسمیں میں حق بجانب ہونگا - جناب سپیکر - کل ہاؤس میں کچھ بڑے افسروں کے متعلق باتیں آئی تھیں میں انکو repeat کرنا نہیں چاہتا کہ انہیں کس کس قسم کی سہولتیں حاصل ہیں لیکن یہ ضروری کہونگا کہ جو اس قدر سہولتیں آپ بڑے افسروں کو دیتے ہیں جن میں سے میں نے کچھ instances دی ہیں تو انکی وجہ سے ظاہر ہے کہ ماتحت عملہ میں بیچینی اور عدم اطمینان کی کیفیت پیدا ہو جائیگی - اور پھر ظاہر ہے کہ ماتحت عملہ ہر روز پمفلٹوں کے ذریعہ جو ہمارے پاس بھیجے جاتے ہیں چیخ و پکار کرتا رہتا ہے اور کریگا -

جناب سپیکر— اب میں ایک اور مثال دیتا ہوں کہ Burt Institute کے قریب subordinate سٹاف کے ۵۰ کوارٹروں کو ہائی آفیسرز کے residences میں convert کر دیا گیا - اب آپ اندازہ فرمائیں کہ بڑے افسروں کو جو سہولتیں میوگارڈن میں حاصل ہیں انکے مقابلے میں ماتحت عملہ کے ساتھ جب یہ سلوک کیا جائیگا تو ان میں وہ نیا جذبہ اور وہ سپرٹ جو پیدا ہو گئی تھی کہاں باقی رہے گی وہ تو ختم ہوجائیگی اور ختم کر دی گئی ہے - ہمیں چاہئے کہ ہم انکی شکایات کو دور کریں انکے زخموں کو مندمل کریں اور ان سے پیار اور محبت سے کام لیں انکو سہولتیں دیں انکے بچوں کو تعلیمی سہولتیں بہم پہنچائیں کل ہی میں نے کہا تھا . . .

**مسٹر سپیکر** — جو آپ نے کل فرمایا تھا وہ آج نہ فرمائیے -

**وزیر بنیادی جمہوریت**— پھر تو انکی تقریر ختم ہو جائیگی -

**ملک محمد اختر**—تقریر تو ابھی چلے گی -

جناب سپیکر—جسوقت ریلوے بورڈ کا تقرر کیا گیا اور آفیسرز آئے تو لاہور میں رہائشی مکانوں کی قلت کیوجہ سے آفیسرز

اور دوسرے سٹاف کیلئے مختلف درجہ مقرر کئے گئے اور سب کو ۸۵ روپے کسی کو ۱۰۰ کسی کو ۱۵۰ - اور کسی کو ۲۵۰ روپے جو مختلف categories کے مطابق دئے جاتے تھے - لیکن جناب سپیکر - اس پر جو implementation کی گئی وہ اسقدر اور اس حد تک نہیں کی گئی جس حد تک توقع کیجاتی تھی - اسکے مقابلہ میں ایک سیکشن آفیسر جسکی میرے پاس پوری فائل موجود ہے اسنے کہا کہ مجھے دو ہزار روپے پگڑی کیلئے ادا کرنے ہیں مجھے وہ رقم ادا کی جائے مجھے advance دیا جائے - اور اسکو advance دیا گیا - لیکن اس کے بعد scandalous پوزیشن یہ ہوئی کہ اسنے وہ دو ہزار روپے کسی اور کام میں خرچ کر دئے اس پر ایک بڑے افسر کا نوٹ موجود ہے - لیکن جب بڑے افسر نے اسپر نوٹ لکھا تو برابر کا بڑا افسر اسکی protection میں کھڑا ہو گیا -

جناب سپیکر - اسطرح سے یہ ریلوے کے ماتحت عملہ کو سہولتیں بہم نہیں پہنچا رہے جنکے متعلق میں نے تفصیل سے عرض کر دیا ہے ان کے بچوں کے لئے تعلیم کی سہولتیں بہم پہنچانا وغیرہ - مزید برآں ان کو سب سے بڑی دقت رہائش کی ہے جس کے لئے آپ کوئی معقول اور موثر انتظام نہیں کر رہے - ان کے لئے ہم طبی مراعات بہم نہیں پہنچا رہے تو آپ اندازہ فرمائیے کہ ان باتوں کے ہوتے ہوئے آپ ان سے اہلیت کار کی کیا توقع کر سکتے ہیں اور جب وہ دیکھتے ہیں کہ ان کے مقابلہ میں وہ لوگ جو بڑے افسران ہیں ان کو بے انداز آسائیشیں میسر ہیں تو ان کو اس چیز سے اور بھی اذیت محسوس ہوتی ہے - جناب سپیکر - اس کے بعد مجھے ایک اور نا اہلیت کا ذکر کرنا ہے - چاہئے آپ اسامیاں بھی بڑھالیں مگر ساتھ ہی ساتھ میں یہ ضرور کہوں گا کہ آپ کم از کم اس قدر متوقع آمدنی میں بڑھوتری دکھلائیے جس سے ہم یہ سمجھیں کہ یہ percentage ہماری increase کی ہوئی ہے اور اس صورت میں ہم آپ سے اتفاق کر سکتے -

جناب سپیکر — مجھے یہ گزارش کرنا ہے کہ یہ ریلوے کا وہ محکمہ ہے جس کا Commercial Manual کم و بیش ۱۹۳۰ میں بنایا گیا تھا اور ۳۱ سال سے اسکی relevancy اس طرح سے بن جاتی ہے کہ انہوں نے متعدد بار نئی آسامیاں پیدا کرا کر اس کے revision

کے لئے سٹاف مقرر کیا اور ظلم یہ کیا کہ ایک شخص کو جسکا تقرر کیا اس کی بھی لمبی سروس تھی اور اس کے بعد ایک اور نئے افسر کا تقرر کیا گیا ۔ وہ بھی اس قسم کا کیس تھا ۔ تو مجھے ایسی باتیں مطابقت پیدا کرنے کے لئے کرنی پڑتی ہیں کہ یہ جو آپ نئی اسامیاں رکھتے ہیں ان کا کیا حشر اور کیا حال ہوتا ہے ۔ جناب سپیکر ۔ مجھے گزارش یہ کرنا ہے کہ اگر ریلوے اپنی آمدنی میں اضافہ کر دیتی تو ہمیں ان پوسٹوں کے پیدا ہونے پر اعتراض نہ ہوتا ۔ ریلوے کی انکم کے بارہ میں ذرا سی ایک مثال پیش کرتا ہوں ۔ یہ وزیر متعلقہ نوٹ فرمالیں ۔ کوہ نور کیمیکل اینڈ پاک سیمنٹ فیکٹری کو انہوں نے اپنے اخراجات پر ساری کی ساری siding بنوادی ہے حالانکہ جو ان کو دیجائیوالی تھی اس میں کچھ حصہ پبلک کا تھا اور کچھ پرائیویٹ ۔ یہی سہولت کریسینٹ جوٹ مل جڑانوالہ کو نہیں دی گئی ہے ایسے اخراجات جو لوگ بے سود کرتے ہیں اگر نہ کریں اور اگر یہ ایسی corruption, nepotism and favourtism کا شکار نہ ہوں تو یہ ہو سکتا ہے کہ ہمارے وسائل اس قدر بڑھ جائیں کہ ہم اپنی ڈیولپمنٹ اپنے اخراجات سے ہی کر سکیں اور یہ جو تمام نئی آسامیاں پیدا کی جا رہی ہیں ان پر شاید ہم معترض بھی نہ ہوں ۔ میرے دوست ناراض ہو رہے ہوں میں اپنی تقریر کو مختصر کرنا چاہتا ہوں ۔ اب مجھے صرف ایک مثال leakage کی اور دینی ہے آپ اندازہ فرمائیں کہ آپ نے جو یہ monopoly سی بنا رکھی ہے اور ریلوے افسران کی یہ جو لمیٹڈ فرم ہے اور یہ ادارہ جس میں leakage ہے ۔ جس میں inefficiency جس میں corruption جس میں nepotism ہے جس میں favourtism ہے اس کا کیا جواز ہے ۔ مجھے باتیں تو بہت کرنی تھیں لیکن وقت بہت کم ہے میرے پاس لا تعداد مثالیں موجود ہیں لیکن میں وزیر صاحب سے عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ایک بہت بڑی leakage ہے جو وہ برائے مہربانی نوٹ فرمائیں اور اگر مناسب سمجھیں تو عمل کریں ۔ جناب سپیکر ۔ یہ ان کی ایک Economy Committee ہے جس نے رپورٹ دی ہے کہ تمام کے تمام ٹھیکے جو ہیں انہیں auction کرنا چاہئیے ۔ اس پر آپکی cabinet نے decision بھی دی ہے اور گورنر صاحب نے بھی اس فیصلے کے متعلق اپنا فرمان جاری کر دیا ہے لیکن جناب والا ۔ اس میں انہوں نے اپنے اختیارات کو بروئے

کار لاتے ہوے خود ہی exemptions کر دی ہیں - مثلاً پنکھوں کی سپلائی صراحیاں اور سگرٹوں کی سپلائی - اسکے بعد ریل کار ہے جو راولپنڈی تا لاہور کے درمیان چلتی ہے - اور جس سے کم و بیش پانچ دس ہزار روپیہ سالانہ auction کیوجہ سے حاصل ہو سکتے ہیں تو یہ تین چار ایسی مثالیں ہیں جن میں exemptions دیدی گئی ہیں اور اس طرح سے جو یہ معاملہ تھا اس پر عمل در آمد نہیں کیا گیا اور پھر جناب عمل درآمد کیا گیا ہے تو ان چیزوں پر مثلاً aerated water کی سپلائی کا contract ہوا ہے وہ ۱۰ ہزار کا ہوا ہے - ملتان اور سکھر کا ٹھیکہ ۳ ہزار پر اور کراچی اور کوئٹہ کا ٹھیکہ ۸۲ ہزار پر ہوا - جناب والا - اسکے بعد ایک طریقہ کار monopolize کرنے کا یہ کر دیا گیا ہے کہ جسوقت یہ ٹھیکے ڈیمانڈ کئے گئے تو بہت سے ٹھیکوں کو بڑی گاڑیوں کیساتھ ملا دیا گیا اور اس طرح سے وہ جو چھوٹے ٹھیکے دار تھے ان میں شرکت نہ کر سکے - مثال کے طور پر تیز رو کیساتھ ہواسی کو ملا دیا گیا بتائیے یہ کافی بڑی گاڑیاں ہیں ان کے contract کو ملا کر auction کرنے میں کیا مصلحت تھی - اس طرح سے جناب والا - مجھے صرف ایک مثال اور عرض کرنی ہے - جناب والا - یہ جو تیز گام اور خیبر میل کے کنٹریکٹ آکشن کئے گئے اس پر اغلباً ۶۰ ہزار روپیہ تین سال کے لئے ٹھیکہ کے طور پر وصول کیا گیا اور ان دوگاڑیوں میں سات ڈائیننگ کاریں ہیں جس کا مطلب ہے کہ انکو ۱۶۰۶ روپیہ ماہانہ ان تمام ڈائننگ کاروں کیلئے اور ۵۵ روپے ماہانہ یا ۸ روپیہ per dining car کیلئے مل رہا ہے یہ اسقدر اخراجات ریلوے کے اپنے اخراجات ہیں ان سے مطابقت کی جائے اور یہ دیکھا جائے کہ یہ defficiency کسقدر ہے اگر آپ ایسا کر دیں اور ان ڈائننگ کاروں کو remove کر دیں اور صرف Refreshment Rooms تک ہی اکتفا کریں تو میں سمجھتا ہوں کہ آپ کی انکم میں لاکھوں روپے کا اضافہ ہو سکتا ہے اور اس صورت میں اگر آپ کے عملہ کے اخراجات بڑھتے ہیں تو ہمیں کوئی اعتراض نہ ہوگا - ہمیں اس صورت میں آپ کی کسی ڈیویلپمنٹ پر بھی اعتراض نہ ہوگا - اسی طرح سے تیز رو اور تیز گام جو تھیں ان کا ٹھیکہ ۲ لاکھ ۳۷ ہزار روپیہ پر دیا گیا اور شاہین اور کراچی ایکسپرس کا ۷۲ ہزار روپیہ پر دیا گیا اور چناب ایکسپریس اور بولان میل کا ۵۲ ہزار روپیہ پر دیا گیا -

**مسٹر حمزہ** - پوائنٹ آف آرڈر - یہ کہاوت مشہور ہے کہ حصہ بقدر جثہ میں سمجھتا ہوں کہ ملک اختر صاحب نے کافی ٹائم لے لیا ہے اور بھی بہت سے ممبران ہیں جنہوں نے کٹوتی کی تحریکیں دی ہوئی ہیں -

**Mr. Speaker** : Malik Sahib, may p'ease be brief.

**ملک محمد اختر** - جناب میں حمزہ صاحب کے حکم کی تعمیل کرونگا -

**Mr. Speaker** : Although this is not a point of order but anyhow the member should be very brief so that we may be able to give time to other members also.

**ملک محمد اختر** - جناب سپیکر - میں یہ گزارش کر رہا تھا کہ اگر ان ایرکنڈیشنڈ کاروں کو ہٹا دیں اور صرف ریفرشمنٹ رومز پر ہی اکتفا کریں تو ہماری ریلوے کی آمدنی میں کافی اضافہ ہو سکتا ہے اور میرے اندازے کے مطابق ان میں ۸۲ سیٹیں نکالی جا سکتی ہیں اور اغلباً اگر لاہور سے کراچی تک کا کرایہ ۲۰ روپیہ بھی تصور کیا جائے تو اس طریقہ سے دو ہزار روپیہ کے قریب ایک گاڑی میں per trip اور واپسی کا کرایہ ملا کر ہمیں چار ہزار روپیہ کے قریب حاصل ہو سکتا ہے چہ جائے کہ اتنے قلیل معاوضہ کے عوض میں ان contractors کو دیا جائے -

جناب سپیکر - اس طرح سے اور بہت سی باتیں ہیں جو میں نے عرض کرنی ہیں لیکن وقت کی کمی کے پیش نظر میں ان میں سے صرف چند باتیں کہہ کے اپنی تقریر ختم کر دونگا - جناب سپیکر - اس عملہ میں کچھ عملہ واچ اینڈ وارڈ کا بھی ہے ان کے متعلق میں صرف اس قدر کہونگا کہ -

ہر کہ درکان نمک رفت نمک شد -

یہ لوگ بھی ان سے مل چکے ہیں اور جتنی وہاں pilfering اور leakage ہوتی ہے وہ سب ان سے مل کر کرتے ہیں - یہ جو آئل کی ویگنز ہیں ان کی بدستور cartage ہوتی ہے اور پٹرول نکال لیا جاتا ہے اور وہ لوگوں کی گاڑیوں میں استعمال ہوتا ہے یہ ایک regular feature ہے بلکہ لائلپور کی ایک فرم ہے جنہوں نے باقاعدہ ایک گینگ بنا رکھا ہے جو چلتی گاڑیوں سے تیل کو نکال لیتے ہیں - یہ محکمہ واچ اینڈ وارڈ بالکل بے سود

ثابت ہوا ہے ۔ انہوں نے کوئی ایسی کارکردگی نہیں دکھائی ۔ یہ جو ہمیں ۱۹۶۲-۶۱ء میں ۴ لاکھ ۳ ہزار روپے کے اور ۱۹۶۵-۶۴ء میں ۵ لاکھ ۹۳ ہزار کے کلیم ادا کرنے پڑے ہیں اس سے صاف ظاہر ہے کہ یہ محکمہ اپنے فرائض ادا کرنے میں ناکام رہا ہے ۔

اس طرح مجھے کچھ انجینئرنگ کے محکمہ کے متعلق بھی کہنا ہے ۔ اس کے لئے بھی یہاں ڈیمانڈ کی کافی رقم ہے ۔ اس محکمہ نے کوئی بھی اچھا تاثر نہیں دیا اور جو کام ان کے پاس تھا مثال کے طور پر عرض کرتا ہوں کہ کراچی کے آبرہا میں آٹو سگنل کا جو سسٹم تھا یہ کافی حد تک ناکام ہو چکا ہے ۔ اس محکمہ نے چار انجینئر اور نو ڈپٹی چیف انجینئر رکھے ہوئے ہیں ۔ وہ اتنا نہیں کر سکے کہ وہاں ایسی کیبل لگاتے جو واٹر پروف ہوتی ۔ اب کراچی کی humidity میں اس کیبل میں سے بجلی کی رو نہیں گذرتی اور یہ منصوبہ خاصا defective ہونے کی وجہ سے ناکام ہو کر رہ گیا ہے ۔ جناب سپیکر ۔ اب میں اور اس سے زیادہ نہیں کہنا چاہتا ۔ ماسوائے اسکے کہ یہ جو اخراجات ہیں جن کو ہم برداشت کر رہے ہیں یہ بلا وجہ ہم پر بوجھ ہیں جس طرح دوسرے محکمہ جات نے تخفیف کی ہے اسی طرح ہم اس محکمہ کے عملہ میں بھی تخفیف کرکے کم و بیش ایک کروڑ روپیہ بچا سکتے ہیں ۔ اب ہمیں خرچ میں چار لاکھ کے قریب اضافہ کرنا ہوگا ۔ افسر جو وہاں بیٹھیں گے خوش گپیاں ہانکیں گے تنخواہوں کے علاوہ ان کو جو اور مراعات ہوں گی سفر اور مکانات وغیرہ کی ان کے باعث ان کو ہمیں چار لاکھ کے علاوہ ایک لاکھ کی مزید رقم ادا کرنی ہوگی ۔

**Mr. Speaker** : I will now put the cut motion to the House.

**Mr. Hamza** : I have also got a cut motion on it.

**Mr. Speaker** : That is a different one.

The question is—

That the total of Rs. 3,58,000 on account of Ordinary Working Expenses—General Administration—Total New Expenditure be reduced by Rs. 3,57,999.

*The motion was lost.*

**Mr. Speaker** : Next cut motion is by Mr. Munawar Khan. The Member may please move it.

**Mr. Munawar Khan :** I beg to move—

That the total of Rs. 3,58,000 on account of Ordinary Working Expenses—General Administration—Total New Expenditure be reduced by Rs. 3,00,000.

**Mr. Speaker :** The motion moved is—

That the total of Rs. 3,58,000 on account of Ordinary Working Expenses General Administration—Total New Expenditure be reduced by Rs 3,00,000.

**Mr. Munawar Khan :** Sir, I am not prepared today for any speech. I give up my right and leave it to Mr. Hamza to pick it up.

**Mr. Speaker :** Mr. Hamza has got a similar motion. He may speak.

**مسٹر حمزہ** (لائل پور ٦) ۔ جناب سپیکر ۔ کل جب میری تقریر کے جواب میں وزیر ریلوے کا لہجہ کرخت اور سخت ہو گیا تھا آپ ایوان میں تشریف فرما نہیں تھے ۔ انہوں نے کل یہاں طبقاتی جنگ کا جو ذکر کیا تھا میں آپ کی وساطت سے ان کی خدمت میں مودبانہ عرض کرتا ہوں کہ اس سے قبل بھی ایک وزیر ریلوے اس قسم کی باتیں سنایا کرتے تھے ۔ بعد میں ان کو ترقی مل گئی اور وہ مرکزی وزیر اور مسلم لیگ کے سیکرٹری ہوگئے ۔ اب انہیں ان عہدوں سے علیحدہ کیا جا چکا ہے اور وہ ایک مل کے مالک بن چکے ہیں اور اب ان کا ضمیر بالکل مطمئن ہو چکا ہے ۔

**راجا پھول محمد خان** ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ کیا یہ کٹ موشن پر تقریر کر رہے ہیں یا وزیروں کا شجرہ نسب بیان کر رہے ہیں ۔

**Mr. Speaker :** That is totally irrelevant.

**مسٹر حمزہ** ۔ اب انہیں طبقاتی جنگ کا خطرہ نہیں رہا ۔ خدا کرے انہیں بھی کوئی ایسا موقع مل جائے اور اس قسم کی تلخ نوائی انہیں اس ایوان میں کرنے کی دوبارہ زحمت نہ گوارا کرنی پڑے ۔

جناب سپیکر ۔ میں جناب ملک محمد اختر صاحب کی طرح بڑی ہی مختصر اور relevant تقریر کرونگا ۔ انہوں نے نئے اخراجات کی تفاصیل کے صفحہ ۴۴ پر یہ فرمایا ہے ۔

Detailed traffic and engineering survey of Lyallpur—Risalewala—Tandlianwala—Okara rail link.

میں جناب وزیر ریلوے کی خدمت میں مودبانہ عرض کرونگا کہ آپ کو ضلع لائل پور کا خیال کس طرح آ گیا ؟

مسٹر سپیکر ۔ کونسا صفحہ ہے ؟

مسٹر حمزہ ۔ صفحہ ۴۴ ہے ۔ نئے اخراجات کی تفاصیل ۔

**Mr. Speaker** : Is it concerning Demand No. 1 ?

مسٹر حمزہ ۔ Yes Sir اس کے بعد صفحہ ۴۵ سے ڈیمانڈ نمبر ۲ شروع ہوتی ہے ۔ جناب سپیکر ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ان سے یہ نیک کام کیسے ہو گیا ؟ کیونکہ اس بد قسمت ضلع کی حالت یہ ہے کہ پچھلی دوسری جنگ میں جڑانوالہ اور لائلپور کے درمیان ایک ریلوے لائن تھی جسے انگریز نے جنگی ضروریات کے پیش نظر اکھاڑنا ضروری سمجھا ۔ لیکن ہمارے نئے حکمرانوں نے آج تک اس پٹڑی کو دوبارہ بچھانے کی زحمت گوارا نہیں کی ۔ خدا کرے آپ سروے کریں اور اس کے لئے کوئی سکیم بنائیں ۔ لیکن آپ کا جو سابقہ رویہ ہے وہ سوتیلی ماں یا سوتیلے باپ کا سا ہے جو محکمہ ریلوے نے اب تک لائل پور سے روا رکھا ہے ۔ اس کے پیش نظر میں سمجھتا ہوں کہ اس سروے کی توقع کم ہی ہے ۔

**Mr. Speaker** : The House is adjourned for 20 minutes' tea break.

*The Assembly then adjourned for twenty minutes.*

*The Assembly met at 11·00 a.m. Mr. Speaker in the Chair.*

**Mr. Speaker** : Yes, Mr. Hamza.

مسٹر حمزہ — جناب سپیکر ۔ میں نے پہلے ضلع لائل پور کے بارے میں عرض کیا ہے اب یہ گذارش کروں گا کہ محکمہ ریلوے میں accounts کا جو نیا طریق کار رائج کیا جا رہا ہے ۔ کل جناب وزیر ریلوے نے اس کے متعلق اعتراضات کا جواب دیتے ہوئے یہ فرمایا تھا کہ یہ طریق کار محض اس لئے رائج کیا جا رہا ہے کہ قرضہ دینے والے ملک نے یہ شرط عائد کی تھی کہ اس طریق کار کو رائج کیا جائے ۔

جو مطالبہ زر ہمارے سامنے آج اسمبلی میں پیش ہے اس میں جن اسامیوں کی گنجائش رکھی گئی ہے ان پر ایک لاکھ ۲۱ ہزار روپیہ خرچ ہوگا ۔ میں آج اسمبلی کے اجلاس میں آنے سے قبل یا بحث شروع ہونے سے قبل جناب وزیر ریلوے سے یہ توقع رکھتا تھا کہ حکومت پاکستان کے اس فیصلہ کے بعد کہ کوئی بیرونی قرضہ یا امداد

مشروط طور پر قبول نہیں کی جائے گی - وہ ایوان میں اعلان کر دینگے کہ چونکہ Consultants اور Accountants بیرونی ممالک کے کہنے پر یا انکے حکم پر لگائے گئے تھے اس لئے محکمہ اس سکیم کو ترک کرنے کا اعلان کرتا ہے -

جناب والا - ہمیں بعض اوقات یہ تاثر دیا جاتا ہے کہ ہم نافرمانبردار ہیں - لیکن جہاں تک مرکزی حکومت کے فیصلہ کا تعلق ہے - اس صدارتی نظام کے ہوتے ہوئے اور اس قسم کی صوبائی فرمانبردار حکومت کے ہوتے ہوئے یہ توقع تھی کہ صوبائی حکومت مرکزی حکومت کے اس فیصلے کا خیر مقدم کرے گی - اور اس کے اعلان کی روح کے مطابق عمل کرنے کی کوشش کرے گی - لیکن صبح مجھے یہ جان کر دکھ ہوا کہ وزیر ریلوے نے کم از کم نئی اسامیوں اور نئے نظام کو جو Accountants کے رائج کرنے کے متعلق ہے ختم کرنے کا اعلان نہیں کیا -

دوسرا اعتراض یہ ہے کہ جناب وزیر ریلوے یا ان کے محکمہ نے اس نظام کو اس کی کسی افادیت کی بنا پر قبول نہیں کیا اور ابھی جب کہ وہ experimental stage پر ہے چونکہ اس کی افادیت کا خود ان کو کچھ بھی علم نہیں وہ ایوان کو قطعاً مطلع نہیں کر سکے کہ اس نظام سے ریلوے کو فائدہ ہوگا یا نقصان - اس کے پیش نظر اگر جناب وزیر ریلوے نے صبح اس بارے میں کچھ سوچا ہوا تھا لیکن غلطی سے کہنا بھول گئے تو اب میری تقریر کے بعد جب جوابات دیں گے اعلان کر دیں تو میرے خیال میں یہ بالکل اس مثال کے مطابق ہوگا کہ "صبح کا بھولا ہوا شام کو گھر آ جائے تو اسے بھولا ہوا نہیں کہنا چاہئے" - اس کے پیش نظر اپنے فیصلہ پر نظر ثانی کرکے جو فیصلہ کریں گے وہ مرکزی حکومت کی پالیسی کے عین مطابق ہوگا -

جناب سپیکر - ایکس رے ڈیپارٹمنٹ کے لئے ریڈیالوجسٹ کی اسامی کی گنجائش رکھی گئی ہے اور محکمہ کی طرف سے بتایا گیا ہے کہ مریضوں کی تعداد میں اضافہ ہو گیا ہے - اس لئے آج میں کل والے الزام کو دھراتا ہوں کہ محکمہ ریلوے کی طرف سے جتنی طبی سہولتیں بہم پہنچائی جاتی ہیں ان کا فائدہ ادنیٰ ملازم کو قطعاً نہیں پہنچتا - یہ جو ریڈیالوجسٹ کی اسامی رکھی گئی ہے اس پر جو کچھ خرچ ہوگا میرے خیال میں اس کا عام کام کرنے والے کو کوئی فائدہ نہیں ہوگا اور نہ آج تک ان کو کوئی فائدہ ہوا ہے - محکمہ ریلوے سے کسی قسم کے فائدہ کی ہمیں امید نہیں رکھنی چاہئے -

**راجا پھول محمد خان** - پوائنٹ آف آرڈر - حمزہ صاحب کے نزدیک عام کام کرنے والوں سے کیا مراد ہے ؟

**مسٹر سپیکر** — یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں -

**مسٹر حمزہ** — میں نے اس ایوان میں مزدوروں کے متعلق معروضات پیش کی ہیں - اس ایوان میں اعداد و شمار پیش کئے ہیں - کہیں ان سے ہمارے وزیر صاحب یا ان کا محکمہ برہم نہ ہو جائے - اور اس لیبر یونین کے لیڈروں کو نظر بند نہ کرا دے - ہمیں معلوم ہے کہ جب کبھی ان کے متعلق اس ایوان میں آواز اٹھائی گئی وہ محکمہ ریلوے کو ناگوار گزری اور ان کی مشینری فوراً حرکت میں آئی اور بچارے مزدور لیڈروں کو جیل میں بھیج دیا گیا -

میں وزیر ریلوے کی توجہ اس امر کی طرف مبذول کراتا ہوں کہ ان کے چھوٹے ملازمین کی بڑی شکایت یہ ہے کہ جو لوگ شہر کے مختلف حصوں میں رہتے ہیں Cairns ہسپتال تک ان کی رہائش گاہ سے فاصلہ پانچ سات میل ہوتا ہے - پانچ سات میل کا فاصلہ طے کرکے ہسپتال تک آنے جانے کے لئے تین چار روپیہ کا خرچ برداشت کرنا پڑتا ہے - آپ خود اندازہ لگائیں کہ معمولی

مزدور یا کلرک جس کی آمدنی ۸۰ سے ۱۰۰ روپیہ تک ہو تین چار روپیہ خرچ کرکے ہسپتال سے کہیے دوائی حاصل کر سکتا ہے۔ اور اس دوائی میں اکثر اوقات پانی زیادہ دوائی کم ہوتی ہے - جن کو یہ سہولتیں بہم پہنچانا چاہتے ہیں یا سہولتیں بہم پہنچانے کا دعوےٰ کرتے ہیں وہ بالکل غلط ہے۔ اس محکمہ کا طریق کار یہ ہے کہ جب کوئی معمولی کلرک یا مزدور بیمار ہو جاتا ہے تو اسے بیماری کی صورت میں ڈاکٹر سے سرٹیفیکیٹ حاصل کرنا پڑتا ہے۔ اسکے بعد محکمہ اس کی رخصت منظور کرتا ہے اور دیکھا یہ گیا ہے کہ ڈاکٹر صاحبان (عام ڈاکٹروں کی طرح جنکا طریقہ کار ہی یہی ہے) میں سے اکثر ڈاکٹر بجائے اسکے کہ وہ مرہم پٹی کر کے انکو سہارا دیں اور مریضوں کی امداد کریں اسقدر سنگدل ہو گئے ہیں کہ وہ مریضوں سے بھی رشوت وصول کرنے میں عار نہیں سمجھتے - یہ ایک ایک دو دو روپے ان سے سرٹیفیکیٹ کے بہانے سے وصول کرتے ہیں۔ میں جناب وزیر صاحب کی خدمت میں عرض کروں گا کہ اگر ان کو طبی سہولتیں بہم پہنچانی مطلوب ہیں تو شہر کے اندر جہاں وہ کافی تعداد میں رہتے ہیں - انکے لئے ڈسپنسریاں کھولی جائیں تاکہ وہ ریلوے ہسپتال میں آنے جانے کی دقت سے بچیں اور ان کو اس طرح خرچ بھی برداشت نہ کرنا پڑے۔

جہاں تک افسروں کی بیماریوں کا تعلق ہے میں جناب وزیر ریلوے کی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ ان افسروں میں اکثر بوڑھے بھی ہو گئے ہیں لیکن ہو سکتا ہے کہ غریبوں پر جو ظلم و ستم ڈھائے جاتے ہیں یہ بیماریاں ان کی آہوں کی پیدا کردہ ہوں۔ ان کو چاہئے کہ وہ ماتحت عملہ کے ساتھ اچھا سلوک کریں تاکہ بیماری سے نجات ملی رہے یہ بڑا ہی اچھا نسخہ ہے اگر اس سلسلے میں وہ محتاط رہیں گے تو نتیجہ اچھا نکلے گا اور یقین کیجئے کہ اگر ماتحت عملہ کے ساتھ اچھا سلوک کریں گے تو انہیں بیماریاں کم ستائیں گی اور عام طور

ہر جو دوائیں وہ کھاتے رہتے ہیں اس کی ان کو ضرورت نہ پڑے گی۔

جناب سپیکر ۔ اس مطالبہ زر میں Coolers کے لئے Assistant Electrical Engineer کی اسامی کی گنجائش رکھی گئی ہے ۔ مجھے اس سے اختلاف ہے ۔ مجھے ذاتی طور پر علم ہے کہ ۵۰ فی صد Coolers صحیح کام نہیں کرتے بجائے اس کے کہ وہ ایسے لوگوں کو بھرتی کریں جو بذات خود کام کر کے اور اہلیت کے ساتھ اور ٹیکنیکل knowledge کے ساتھ تمام نقائص کو رفع کریں اور مشینری کو ٹھیک طریقہ سے چلائیں۔ محکمہ کا عام دستور یہ رہا ہے اور اس دستور کے مطابق آپ افسروں کو بھرتی کرتے ہیں میرے نزدیک اگر Assistant Electrical Engineer کے بجائے ایک Electrician بھرتی کر لیا جائے تو وہ کار گزاری کو بہتر بنا سکتا ہے ۔ آپ یقین کیجیئے کہ اگر آپ اس کے لیے ایک ڈویژنل انجینیر بھی مقرر کر دیں گے تو اس کی کار گذاری یا کام بہتر نہ ہوگا ۔ جناب سپیکر ۔ اس کے ساتھ ساتھ مجھے اس مطالبہ زر میں بڑی حیرانی یہ ہو رہی ہے کہ ماری انڈس میں اٹر کنڈیشنڈ ڈبوں کو جو ماڑی انڈس اور لاہور کے درمیان آتے جاتے ہیں اس کے لیے فنڈز مہیا کر دئے گئے ہیں ۔ ان ڈبوں (کوچز) کے سلسلے میں محکمہ کی طرف سے کہا گیا ہے (بلکہ وزیر ریلوے کی طرف سے یہ بتایا گیا ہے) کہ اس کی ضرورت اس لیے محسوس ہوئی ہے کہ اب افسران زیادہ تعداد میں ادھر دورے پر آتے جاتے ہیں اور افسروں کے ساتھ وزرائے کرام کا بھی ذکر ہے ۔ میں حیران ہوں کہ دو وزیر صوبائی حکومت کے کم ہو گئے ہیں اور دو تین وزرا کی مرکز سے بھی کمی ہونیکا خدشہ موجود ہے آخر اب وہ کون سے وزیر ہوں گے جو اس طرف دورے پر جائیں گے ۔

جناب سپیکر ۔ اس کے علاوہ جہاں تک ریلوے کی آمدنی کا تعلق ہے.....

**نواب زادہ صادق حسین قریشی** — پوائنٹ آف آرڈر۔ میں جناب کی معرفت حمزہ صاحب سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ آپ نے کیا اس کے متعلق فگرز لی ہیں کہ اس کی کتنی آمدنی ہے اور کتنا کرایہ ہے —

**مسٹر حمزہ**— جناب سپیکر - میں یہ عرض کر رہا تھا - شاید قریشی صاحب نے درمیان میں interrupt کیا ہے تو یہ کہنے لگے ہیں کہ بھٹو صاحب کو نوکری سے علیحدہ نہیں کیا جا رہا - - - - - - - -

Mr. Speaker : Nothing about that the member is not concerned with that.

**رانا پھول محمد خان** - پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب سپیکر حمزہ صاحب کی اس قسم کی تقریر کا یہ مقصد نہیں ہے کہ ان کی تقریر اخبار میں آئے اور انکی لیڈری چمک جائے - بھٹو اور دوسرے وزراء کا ذکر کر کے .....

**مسٹر سپیکر** - یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے -

**مسٹر حمزہ** - جناب سپیکر - عرض یہ ہے کہ افسروں کا خاص طور سے اس علاقہ میں دورہ کرنا میں سمجھتا ہوں غیر ضروری ہے - ریلوے کی آمدنی جو بڑھ رہی ہے وہ محض ریل میں کرایہ کی شرح کے بڑھنے سے بڑھ رہی ہے کام میں اضافہ نہیں ہوا ہے اور نہ کام ہوتا ہے محض افسران اور وزرائے کرام دورہ کرتے ہیں اور اسکے ساتھ ریلوے کا کوئی مفاد وابستہ نہیں ہوتا ہے یا یہ عام طور پر ذاتی اغراض کیلئے دورہ کرتے ہیں اور اس سے خواہ مخواہ ریلوے پر بوجھ ہوتا ہے - لہذا اس میں جو گنجائش رکھی گئی ہے میں اسکی مخالفت کرتا ہوں -

**مسٹر سپیکر** - حمزہ صاحب ہم اس کٹ موشن پر صرف ۱۲ بجے تک discussion کرینگے -

**مسٹر حمزہ** - جناب سپیکر - اس مطالبہ زر میں ایک ہیڈ کلرک کی گنجائش رکھی گئی ہے سب سے پہلے تو میں یہ عرض کردوں کہ یہ محکمہ ضرورت سے زیادہ غیر محتاط ہے کیونکہ اس محکمہ میں اس قسم کی وجوہات دی جاتی ہیں کہ جن سے

شکوک پیدا ہوں خاص طور سے وزیر ریلوے نے اپنے بیان میں فرمایا ہے کہ ہمارے عملے کے تعلقات بہت خوشگوار ہیں لیکن اس مطالبہ زر کیلئے جو وجہ جواز پیش کی گئی ہے اسمیں یہ فرمایا گیا ہے —

"Head Clerk, Grade V (upgradation)"

.....The Head Clerk of the Section should be in a higher grade so as to enable him to shoulder higher responsibilities. Apart from this, the work of the Section has also increased manifold".

اسکا مطلب یہ ہے کہ محکمہ کیطرف سے اہلکاروں کے ساتھ زیادتیاں کی جاتی ہیں - انہیں ان کا ازالہ کرنے کے لئے عدالتوں میں زیادہ بھگتنا پڑتا ہے اور اسی وجہ سے انکو ایک ہیڈ کلرک گریڈ V کی تعیناتی کی ضرورت پیش آئی - میرے خیال میں اس سے زیادہ ریلوے کے وزیر کے بیان کی مخالفت اور کون کر سکتا ہے - کم سے کم مجھے تو جرأت نہ تھی - میں ریلوے کے محکمہ کے افسروں کو داد دیتا ہوں کہ انہوں نے سچی بات تو کہی ہے اور جناب وزیر ریلوے کی بڑے اچھے الفاظ میں مخالفت کی ہے اور محکمہ کا آپس میں جو تعاون ہے وہ بھی یقیناً قابل داد چیز ہے -

جناب سپیکر - حقیقت یہ ہے کہ محکمہ کی طرف سے عام طور پر کہا جاتا ہے کہ محکمہ کے معاملات اور مقدمات کا فیصلہ محکمہ کے اندر ہی ہو جاتا ہے لیکن دیکھنے میں یہ آیا ہے کہ جب محکمہ میں معاملات کے فیصلہ کا وقت آتا ہے تو یہ افسران اپنی من مانی کرنے پر اتر آتے ہیں اور انصاف کشی کرنے میں ڈھٹائی سے کام لیتے ہیں اور لوگوں کی عرضداشتوں کی بھی کوئی وقعت نہیں ہوتی اس سے ہوتا یہ ہے کہ ایک طرف اہلکار - - - - - - - - - - -

**راٹا پھول محمد خان** - پوائنٹ آف آرڈر - جناب سپیکر - مسٹر حمزہ غریبوں کے بنیادی حق پر چھاپہ مارنا چاہتے ہیں کیا انکو عدالت میں جانے کا حق نہیں ہے ؟

**مسٹر سپیکر** ۔ رانا صاحب میں آپکی اطلاع کیلئے عرض کر دوں کہ پوائنٹ آف آرڈر یہ ہے کہ اگر ہاؤس میں کوئی کارروائی illegal ہے یا خلاف قانون ہے تو اسکی طرف آپ میری توجہ مبذول کرائیں اور جب آپ بولنا چاہیں تو پوائنٹ آف آرڈر raise کریں ۔

**مسٹر حمزہ** ۔ جناب سپیکر ۔ میں عرض کر رہا تھا کہ اس سے دو طرح کا نقصان ہوتا ہے ایک تو اہلکاروں میں بددلی پھیلتی ہے اور انہیں اخراجات اور پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ محکمہ ریلوے بہت زیر بار ہوتا ہے اور اکثر اوقات دیکھا گیا ہے کہ عدالتوں میں مقدمات جاتے ہیں جہاں پر کہ فریقین کے ساتھ زیادتی ہوتی ہے ۔ جب ان کے حق میں فیصلہ ہوتا ہے تو ریلوے ڈیپارٹمنٹ کو ہزاروں نہیں بلکہ لاکھوں روپیہ ان لوگوں کو ادا کرنے پڑتے ہیں اور اس سے محکمہ ریلوے زیر بار ہوتا ہے اور ملازمین کا معیار کار گردگی گرتا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ آپ کو چاہیئے کہ آپ اپنے نقطہ نظر کو تبدیل کیجئے ۔ آپ اپنے ماتحتوں کے مسائل کو سمجھنے کی کوشش کیجئے ۔ اگر آپ کے سامنے کوئی جائز عرض داشت آتی ہے تو اس پر ہمدردانہ غور کیجیئے اور اگر آپ کسی غلطی سے یا کسی کے کہنے پر کسی کو سزا دیدیں تو وہ بھی ناجائز ہے ۔ اگر آپ کے سامنے کوئی اہل کار کوئی representation پیش کرے اور یہ مطالبہ جائز ہو تو اس کیطرف آپکو توجہ دینی چاہیئے ۔ اور یہ بھی ایوان میں نہیں کہنا چاہیئے کہ ہمیں تو کوئی representation موصول ہی نہیں ہوئی ۔ جہاں کہیں غلطی ہو اس کی اصلاح کیجیئے کیونکہ اس میں آپکا بھی بھلا ہو گا اور محکمہ جو آپکو اتنی تنخواہیں ادا کرتا ہے اس کا بھی فائدہ ہوگا اور پھر قوم و ملک دونوں کو اس سے فائدہ پہنچے گا ۔

**خواجہ جمال محمد گرویجہ** ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ کیا حمزہ صاحب ہاؤس سمجھ کر تقریر کر رہے ہیں ۔ یا ×××*

**Mr. Speaker** : This remark by the member is not a Parliamentary one. He should withdraw his remark which he has made about the

*Expunged as ordered by the Speaker.

House and he should be careful in future. This remark by Mr. Koraija is expunged from the proceedings of the Assembly.

I would like to take strict action in future if any word of such nature is said about the House.

**Khawaja Jamal Muhammad Koreija**: I withdraw my remark, Sir.

**Mr. Speaker**: Next cut motion is from Mr. Farooqi.

**Mr. Mahmood Azam Farooqi**: Sir, I do not want to move my cut motion.

**Mr. Speaker**: Next one is from Haji Sardar Atta Muhammad. Yes, Haji Sahib.

**حاجی سردار عطا محمد لنڈ** (خیر پور - ۲) - جناب سپیکر - میں آپ کی وساطت سے ریلوے منسٹر کے ساتھ اس بات پر اتفاق کرتا ہوں جو انہوں نے بجٹ پر کی ہے - ان کاغذات میں جو مدیں رکھی گئی ہیں وہ بظاہر تو بہت خوبصورت دکھائی دیتی ہیں مگر اس کے اندرونی حصہ پر جب بھی کبھی میں نظر ڈالتا ہوں تو جس طریقہ سے ملک اختر صاحب اور حمزہ صاحب نے ہر ایک حصہ کے نقائص کو تفصیل کے ساتھ بیان کیا ہے اس تفصیل کے ساتھ مجھے اتفاق ہے - اس لئے میں جناب وزیر صاحب سے یہ عرض کرتا ہوں کہ ایک اچھے پاکستانی کی صورت میں اور ایک وفادار شہری کی حیثیت میں ذرا مہربانی کرکے اس محکمہ ریلوے کو اور اس کی انتظامیہ کو اچھی طرح سنوارنا چاہئیے -

**مسٹر سپیکر** - حاجی صاحب آپ کی اطلاع کے لئے عرض کردوں کہ جنرل ڈسکشن ختم ہو چکی ہے - نئے مطالبات زر ایوان کے سامنے پیش ہیں جو نئے اخراجات کے متعلق ہیں - آپ نے بھی موشن دے رکھی ہے - مطالبہ زر جو جائز ہیں وہ بجٹ میں پیش کئے گئے ہیں آپ ان کے متعلق اپنی تقریر کیجیئے -

**حاجی سردار عطا محمد لنڈ** —جناب سپیکر میرے لئے یہ لازم ہے کہ میں ایڈمنسٹریشن کے متعلق عرض کروں - اس بگڑی ہوئی انتظامیہ پر جس کے لئے یہ رقم مانگ رہے ہیں اور جو ہاؤس کے سامنے پیش کی گئی ہے مجھے بڑا اعتراض ہے اور اس کو کم کرنے کے لئے میں یہاں اس ہاؤس میں مغربی پاکستان کا نمائندہ ہونے کی حیثیت میں اور ایک

مسلمان کی صورت میں میں یہ عرض کرنا لازمی سمجھتا ہوں کہ یہ جو تناسب تنخواہوں میں رکھا گیا ہے یہ بالکل ٹھیک نہیں ہے ۔ ایک طرف ایک غریب آدمی کو ۸۰ روپے آپ تنخواہ دیتے ہیں اور دوسری طرف آپ کو چار ہزار روپے تنخواہ کے طور پر دئیے جاتے ہیں ۔ میں اس بات کو ہر وقت کہتا رہوں گا کہ جب تک یہ شکایت دور نہ ہو گی تب تک یہ جو grants مانگی گئی ہیں ان پر مجھے اعتراض ہو گا اور اس کے لئے میرے پاس کافی معقول وجہ ہے اور جو ہم باہر سے شرائط پر قرضے لیتے ہیں ان کے لینے کی ضرورت نہ ہوگی اگر بغیر کسی شرط کے بغیر سود کے کہیں سے ہمیں امداد ملے تو ہم اس کو خوش آمدید کرنے کے لئے تیار ہیں ۔ باقی یہ جو زیادہ اخراجات ہیں انہیں کم کر دیں ۔ بعد میں اگر ضرورت پڑے گی تو اس کام کو پورا کرنے کے لئے ہم ہر وقت تیار ہیں ۔ جنگ کے موقع پر لوگوں نے اپنے زیورات تک اور اپنی جائیدادیں تک بیچ ڈالیں ۔ تو یہ ٹھیک نہیں کہ امیر اور غریب کی تنخواہ میں اتنا فرق ہو ۔ ایک چپڑاسی ہے اس کے سات بچے ہیں اور ایک چیئرمین ہے اس کی تنخواہ چار ہزار روپے ہے اور صرف میاں بیوی ہیں ۔ چپڑاسی کی تنخواہ صرف ۸۰ روپے ماہوار ۔ اور یہ جو منسٹر صاحب کہہ رہے ہیں کہ حمزہ صاحب مزدوروں کو ابھار رہے ہیں تو اس سلسلہ میں آپ کو بتانا چاہتا ہوں کہ وہ ابھار رہے ہیں وہ مانگ رہے ہیں کہ ہماری یہ ڈیمانڈ ہے تو آپ ان کی اس ڈیمانڈ کو نظرانداز نہیں کر سکتے وہ ہماری ان باتوں سے نہیں ابھرتے ۔ آپ صحیح طریقہ سے اور عملی طور پر جتنے ان کے جائز مطالبات ہوں انہیں پورا کیجئے اوپر والوں کی تنخواہوں کو کم کیجئے اور نیچے والوں کی تنخواہوں کو زیادہ کیجئے میرا کہنے کا مطلب یہ ہے کہ مزدور لوگ ہمارے کہنے پر نہیں ابھرتے نہ ہمارے کہنے پر اکسائے جاتے ہیں ان کو تو روزگار چاہئے ۔ میں ان کو آپ سے لڑانا نہیں چاہتا ۔ وہ وفادار پاکستانی ہیں ۔ ان کے ساتھ کوئی امتیاز والی بات نہ کی جائے نہ ان کو اکسایا جائے کہ وہ کم تنخواہ پا رہے ہیں

آپ میں انتظامیہ کی حالت بتانا چاہتا ہوں میں منسٹر صاحب کو نظم و نسق کے متعلق بتاتا ہوں کہ ہم لوگ میراسی نہیں ہیں کہ کسی کی تعریف کریں یا اس واسطے کہ لوگ سن رہے ہیں اخبار پڑھ رہے ہیں گیلری میں بیٹھے ہوئے لوگ سن رہے ہیں اور ہم لوگ تعریف میں لگ جائیں - میراسی بنکر ہم یہاں تعریف کرنے کے لئے نہیں آئے -

**رانا پھول محمد خان** - پوائنٹ آف آرڈر - جناب سپیکر حاجی صاحب کا اشارہ ان ممبران کی طرف ہے جنہوں نے اس بجٹ کی تعریف کی ہے وہ ان کو لفظ 'میراسی' سے پکار رہے ہیں میں اس پر احتجاج کرتا ہوں اور گزارش کرتا ہوں کہ حاجی صاحب کو اپنے الفاظ واپس لینے چاہئیں کیا آپ ایسے الفاظ کو پارلیمانی الفاظ قرار دیں گے -

**مسٹر سپیکر** — میرے خیال میں حاجی صاحب نے یہ لفظ استعمال نہیں کیا -

**آوازیں** - کیا ہے -

**مسٹر سپیکر**—حاجی صاحب کیا آپ کا اشارہ فاضل ممبران کی طرف تھا -

**حاجی سردار عطا محمد لنڈ** --بالکل نہیں اس کا اشارہ میری اپنی طرف تھا -

**رانا پھول محمد خان**—پوائنٹ آف آرڈر - جناب سپیکر میں گزارش کرتا ہوں تعریف کرنے والے وہ کون سے ارکان ہیں ممبروں کے علاوہ جنہوں نے اس بجٹ کی تعریف کی ہے -

**مسٹر سپیکر**—آپ نتائج اخذ نہ کریں -

**رانا پھول محمد خان**—میں جناب سے گزارش تو کر سکتا ہوں -

**Mr. Speaker**: The member may please take his seat.

**حاجی سردار عطا محمد لنڈ**۔ میں منسٹر صاحب کو بتانا چاہتا ہوں کہ جو صحیح حالات ہیں وہ یہ ہیں کہ کراچی سے روہڑی اور روہڑی سے براستہ لاڑکانہ دادو اور کوٹری اور روہڑی سے جیکب آباد تک سب جگہ اتنی بد انتظامی ہے کہ وہاں کے لوگوں سے ٹکٹوں کے پیسے ٹی ٹی اور پولیس والے وصول کرتے ہیں ۔ جو لوگ دیر سے آتے ہیں ان کو ٹکٹ نہیں دیئے جاتے اور ان سے یہ لوگ کرایہ کے پیسے خود وصول کر لیتے ہیں ۔ اس طرح کم از کم ٹکٹوں کی ۲۵ فیصد رقم ان کے پاس چلی جاتی ہے ۔ اگر اس انتظام پر قابو پا لیا جائے تو اس سے کروڑوں روپے کی بچت ریلوے کو ہو گی ۔ اگر اس کا انتظام ہو جائے تو ریلوے کو یہ ضرورت نہ ہو گی کہ اخراجات کے لئے دوسروں کے سامنے ہاتھ پھیلا کر مانگیں ۔ ایک اور بات یہ ہے کہ ان تمام لائنوں کے اوپر کوئی پانی کا انتظام نہیں ۔

**مسٹر سپیکر** ۔ حاجی صاحب یہ عام بحث کا وقت نہیں ۔ آپ اس سٹیج پر ہر چیز پر بحث نہیں کر سکتے ۔ یہ جو اخراجات کر رہے ہیں آپ ان کے متعلق فرما سکتے ہیں ۔ میں اس کے لئے طریقہ بتا دیتا ہوں کہ انہوں نے اس کے لئے آپ کو ایک کتاب مہیا کی ہے ۔ آپ اس میں سے کسی مد کا حوالہ دے کر اس پر بحث کر سکتے ہیں ۔

**حاجی سردار عطا محمد لنڈ** ۔ جناب والا ۔ ہمیں یہ کتاب اردو میں بھی نہیں دے سکتے تاکہ ہم جتنی معلومات ہیں ان سے اپنے آپ کو آگاہ کرتے ہوئے ان کے متعلق گذارشات کر سکیں لازم ہے کہ ان کی یہ معلومات اردو میں فراہم ہونی چاہئیں ۔

**مسٹر سپیکر**۔ حاجی صاحب اگر آپ پر محل تقریر نہیں کرینگے تو مجھے یہ کہنا پڑیگا کہ آپ اپنی تقریر ختم کریں ۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ - میں ان الفاظ سے عرض کر دیتا ہوں کہ وہ تنخواہوں کو تناسب کے لحاظ سے کم کریں۔ بڑی تنخواہوں کو کم کریں اور اپنے اخراجات کو اپنے واصلات سے پورا کیا جائے - اور ساتھ ہی میرے جن دوستوں نے اس کے لئے مشورے دئیے ہیں میں ان کی تائید کرتا ہوں -

**Mr. Speaker**: Next cut motion is from Sahibzada Noor Hassan. He is not present.

I will now put the cut motion. The question is—

That the total of Rs. 3,58,000 on account of Ordinary Working Expenses—General Administration—Total New Expenditure be reduced by Rs. 3,00,000.

*The motion was lost.*

**Mr. Speaker**: The question is—

That a sum not exceeding Rs. 3,58,000 be granted to the Governor to meet new expenditure for the financial year ending on the 30th June, 1967, in respect of Ordinary Working Expenses—General Administration.

*The motion was carried.*

DEMAND No. 2

**Minister of Railway** (Malik Muhammad Hayat Khan Tuman): Sir, I beg to move—

That a sum not exceeding Rs. 1,05,31,000 be granted to the Governor to meet new expenditure for the financial year ending on the 30th June, 1967, in respect of Ordinary Working Expenses—Repairs and Maintenance.

**Mr. Speaker**: Motion moved is—

That a sum not exceeding Rs. 1,05,31,000 be granted to the Governor to meet new expenditure for the financial year ending on the 30th June, 1967, in respect of Ordinary Working Expenses—Repairs and Maintenance.

Now, there is notice of cut motions. **The first cut motion is from Malik Akhtar.** Yes Malik Sahib.

**Malik Muhammad Akhtar**: Sir, I beg to move :—

That the total of Rs. 1,05,31,000 on account of Ordinary Working Expenses—Repairs and Maintenance—Total New Expenditure be reduced by Rs. 10,52,999.

**Mr. Speaker**: Demand under consideration, motion moved is—

That the total of Rs. 1,05,31,000 on account of Ordinary Working Expenses—Repairs and Maintenance—Total New Expenditure be reduced by Rs. 10,52,999.

**Minister of Railways**: Opposed.

ملک محمد اختر (لاہور ۲)—جناب سپیکر — ڈیمانڈ نمبر ۲ کے یہ جو اخراجات ہیں میرا ان پر کٹ موشن دینے کا مقصد یہ تھا کہ ان میں مندرج چیزوں پر بحث کی جائے مرمت اور دیکھ بھال کے نئے اخراجات اس سے تعلق رکھتے ہیں -

**Mr. Speaker**: The member shall have to conclude at 11·45 a.m.

**ملک محمود اختر**—Alright Sir. جناب والا — میں جناب کے حکم کی تعمیل کرتے ہوئے صرف ایک دو چیزوں پر عرض کرونگا ۔ جناب سپیکر ۔ سب سے پہلے مجھے یہ گزارش کرنا ہے کہ وہ اصلاحات جو اچھے طریق سے دیگر محکمہ جات میں ہو چکی ہیں ۔ انہیں ریلوے کے محکمہ میں بھی شروع کر دینا چاہئے کیونکہ یہ بھی ایک قسم کا سرکاری محکمہ ہے ۔ اب میں جناب وزیر متعلقہ کی توجہ ان تکلیفات کی طرف دلاتا ہوں جن سے مسافروں کو دو چار ہونا پڑتا ہے ۔ جو مسافروں کو ریلوے عمارات کی باقاعدہ سالانہ مرمت نہ ہونے کی وجہ سے برداشت کرنا پڑتی ہیں ۔ جناب سپیکر ۔ اور تو اور یہاں مرمت کے نام سے مجھے خود ان کی مرمت کی ایک مثال یاد آئی ہے ۔ اس مرمت کے بعد بارش برسنے سے چھت میں سے جو پانی ٹپکا اس سے ان کی کم و بیش ایک ہزار کے قریب فائل متاثر اور غیر محفوظ ہوئیں ۔ اور یہ ان کا مرمت اور دیکھ بھال کا محکمہ ہے جس کے لئے ہم نے آج اتنی گراں قدر رقم ان کے لئے رکھی ہے ۔ یہ اپنی اس عمارت کے متعلق بھی جہاں ان کے اپنے اعلیٰ افسر جو کنٹرولنگ powers رکھتے ہیں بیٹھتے ہیں ان کی efficiency questionable ہے ۔ جناب سپیکر ۔ جس تیزی سے ہماری آبادی بڑھ رہی ہے اور جس شدت سے ہم نے ریلوے کی ضرورت کو محسوس کیا ہے ہماری expansion اس سے مطابقت نہیں رکھتی ۔

جناب سپیکر ۔ اگر میں ٹرک اور لاریوں کے روٹ پرمٹوں کا ذکر کروں تو میں غیر متعلقہ ہو جاؤں گا ۔ آپ اندازہ فرمائیں کہ یہ روڈ ٹریفک جس تیزی سے بڑھ رہی ہے ایک وقت آئے گا کہ تمام volume of traffic جو ہے یہ سڑکوں پر منتقل ہو جائے گا اور آپ کی ریلوے بے بس ہو کر رہ جائے گی اور اس کی آمدنی میں بے انتہا خسارہ ہو گا اور حکومت کو ڈیفینس کے نقطہ نظر سے ریلوے کو جو defficiency اور آمدنی میں

گران قدر خسارہ ہوگا اس کو پورا کرنے کے لئے گرانٹ دینی پڑے گی ۔

جناب سپیکر ۔ اگر ہمارے وزیر متعلقہ یہ چاہتے ہیں کہ ریلوے کو زندہ رکھا جائے تو اس میں انقلاب آفرین تبدیلیاں پیدا کرنی ہوں گی ۔ اگر آپ کے ریلوے کا گاہک ۔ آپ کے ریلوے کا مسافر ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

**مسٹر محمد ہاشم لاسی**—پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا یہ repair and maintenance کے سلسلے میں کچھ فرما رہے ہیں یا جنرل بحث کر رہے ہیں یا ٹرک اور لاریوں پر بات کر رہے ہیں ۔ یہ متعلقہ پوائنٹ پر بحث کریں ممبر صاحب غیر متعلقہ بحث کر رہے ہیں ۔

**Mr. Speaker** : I uphold the member's point of order. So far he is irrelevant.

ملک صاحب یہ فرمائیں صفحہ ۴۵ پر ڈیمانڈ نمبر ۲ جو ہے اس کی کس تفصیل پر آپ بحث فرما رہے ہیں ۔

**ملک محمد اختر**—ڈیمانڈ نمبر ۲ کا جو پمفلٹ ہے اس کے صفحہ ۲۵ پر جلی الفاظ میں یہ لکھا ہے —

"Passengers and other public amenities."

میں نے اس کو بڑے غور سے دیکھا ہے یہ گرانٹ repair کرنے کے متعلق ہے ۔ صفحہ ۲۵ پر جو ہے وہ یہ ہے —

"New Minor works—Passengers and other public amenities, staff welfare works, other new Minor Works."

**مسٹر سپیکر**—repairs and maintenance کی تفاصیل New Expenditure کے صفحہ ۴۶ پر دی گئیں ہیں ۔

**ملک محمد اختر**—میں public amenities کے متعلق عرض کر رہا ہوں کہ مسافروں کو زیادہ سہولتیں دینی چاہئیں ۔

**Mr. Speaker** : That is included in item No. 1, page 46 of the New Expenditure.

**Malik Muhammad Akhtar** : Sir, I spent about two hours in searching these items.

میں یہ تجویز پیش کروں گا کہ ہاؤس کی سہولت کے لئے اگر یہ آئیٹم علیحدہ booklet میں دی جائیں تو زیادہ مناسب ہوگا ۔

جناب والا ۔ میں عرض کر رہا تھا کہ public amenities جس قدر ہیں وہ ہمیں دینی چاہئیں جب دو اداروں کا روڈ ٹریفک اور ریلوے ٹریفک میں مقابلہ ہوگا ہم اگر اس قدر amenities نہیں دیں گے تو میں سمجھتا ہوں کہ ہماری ترقی میں بتدریج کمی واقع ہوگی ۔ اس لئے میں وزیر ریلوے سے گزارش کرتا ہوں کہ وہ ان چیزوں کا خیال رکھیں ۔ میرے پاس وقت نہیں ہے ورنہ میں سب amenities کو لیتا اب میں صرف ایک پوائنٹ کو ڈویلپ کروں گا آپ ریلوے کے پلیٹ فارم پر جائیے تو آپ پینے کے پانی کو لیجئے وہاں پینے کے پانی کے لئے گو انہوں نے کافی سقے رکھے ہوئے ہیں مگر ان میں نصف سے زیادہ تعداد افسروں کے بنگلوں کے پودوں کو پانی دینے میں مصروف ہیں ۔ میں نے دیکھا ہے کہ جہاں ٹھنڈے پانی کے بورڈ ہیں وہاں ٹھنڈا پانی مہیا نہیں ہو رہا ۔ حالت یہ ہوتی ہے کہ جب گاڑی چل رہی ہو تو لوگ پانی کے لئے بھاگ رہے ہوتے ہیں ۔ اس کے بعد آپ کے جو Water Carriers ہیں اور ان کی جو فوج ہے وہ اس وقت وہاں موجود نہیں ہوتی ۔ جناب وزیر ریلوے کسی وقت muster roll یا attendance check کریں تو میرے چارج کو درست پائیں گے ۔ ایک معمولی سی رعایت سے مسافر کو کس حد تک محروم رکھا گیا ہے ۔

جناب سپیکر ۔ اس کے بعد میں جناب وزیر ریلوے کی توجہ اشیا خور و نوش کی طرف دلاؤں گا ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ مغربی پاکستان میں بلکہ تمام دنیا کے ممالک میں سب سے زیادہ ملاوٹ شدہ (جناب وزیر صحت میری اس بات کی طرف دھیان فرمائیں) میں چیلنج کرتا ہوں ۔ میں ثابت کرنے کو تیار ہوں اور اگر آپ اسے ٹیسٹ کیس بنائیں تو یہ ثابت ہو جائے گا کہ سب سے زیادہ

ملاوٹ اشیا خور و نوش میں ہوتی ہے جو ریلوے مسافروں کو سہلائی کی جاتی ہیں - اور اس کے بعد ان کے ریٹ کو بھی آپ ملاحظہ فرمائیں کہ ان کے ریٹ آپ کے بازار کے ordinary rates سے دگنے ہیں - ٹھیکیدار یہ بہانا بناتا ہے کہ اسے زیادہ رقم دینی ہوتی ہے اور زیادہ روپیہ ادا کرنا ہوتا ہے - ان لوگوں کو جو مراعات دی جاتی ہیں وہ ریلوے کا ٹھیکیدار گورنمنٹ کے روپے سے دیتا ہے - ریلوے کا ٹھیکیدار یہ کام کرتا ہے کہ خور و نوش کی چیزوں کا بازار میں جو عام بھاؤ ہے اس سے ۳۰ فیصد رقم زیادہ چارج کرتا ہے اور پھر اس ۳۰ فیصد رقم کے ساتھ ۳۰ فیصد منافع شامل کرتا ہے - آپ خور و نوش کی اشیا کا چارٹ منگوائیں وہ چارٹ کے مطابق نہیں بیچے گا - میں دعویٰ کرتا ہوں کہ میں نے جو الزام لگایا ہے وہ ٹھیک ہوگا جب وہ ایک روپیہ کی چیز دو یا پونے دو روپیہ میں عام مسافروں کے پاس فروخت کرتے ہیں تو ان کا منافع کم و بیش ۲۰۰ فیصد ہو جاتا ہے - یہ برائی اس وقت بھی موجود تھی جب catering and vending کے ٹھیکے نیلام نہیں کئے جاتے تھے لیکن اب جب ٹھیکے نیلام کئے جاتے ہیں تو ٹھیکیدار جو منافع حاصل کریں اس میں سے کچھ رقم ریلوے کے اہلکاروں اور افسروں کی جیب میں ضرور جاتی ہے - بہت سے ممالک خور و نوش کے متعلق مراعات دیتے ہیں لیکن میں دعوے سے کہتا ہوں کہ ہماری ریلوے اپنے مسافروں کو یہ سہولتیں مہیا کرنے میں ناکام رہی ہے - اور اس کے علاوہ آپ اندازہ فرمائیں (یہ لمبی بات ہو جائے گی) کہ تھرڈ کلاس کے مسافروں کو آج جو مراعات یہ دے رہے ہیں وہ یہ ہیں کہ ڈبوں میں بہت زیادہ بھیڑ ہونے کی وجہ سے لوگ برانچ لائینوں پر گاڑی کی چھتوں پر سوار ہو کر سفر کرتے ہیں - وہ حادثہ کا شکار ہوتے ہیں چہ جائے کہ ان کو کسی قسم کی مراعات دیں؟ اس کے مقابلہ میں - ایئر کنڈیشنڈ بوگی میں سفر کرنے والے سے آپ کم کرایہ وصول کرتے ہیں - میرا اندازہ ہے کہ جو کرایہ آپ ایک تھرڈ کلاس بوگی میں زیادہ بھیڑ کی وجہ سے وصول کرتے ہیں وہ آپ کی ایئر کنڈیشنڈ بوگی سے دو چند ہو

گا ۔ جہاں تک مراعات کا تعلق ہے آپ ۔ ۔ فیصد مراعات تھرڈ کلاس کے مسافر کو نہیں دے رہے ہیں ۔

جناب والا اس کے علاوہ مجھے یہ بھی گذارش کرنی ہے کیا یہ بہتر اور مناسب نہ ہو گا ۔ اگر آپ ویٹنگ رومز میں اخبارات کا باقاعدہ انتظام کریں ۔ ۔ ۔ ۔

**Chaudhri Muhammad Nawaz :** Sir, his time is over now.

**Mr. Speaker.** Some time was taken by Mr. Muhammad Hashim by raising a point of order. Therefore he will get some more time. He will finish by 11-55 a.m.

**ملک محمد اختر ۔** جناب سپیکر ۔ ہمیں چاہیئے کہ جو تھرڈ کلاس کے مسافر ہیں ان کے لئے ایک علیحدہ ریفریشمنٹ روم اور آرام کرنے کے لئے جگہ مہیا کریں اور ان کو لٹریچر اور اخبارات مہیا کرنے چاہئیں ۔ جناب سپیکر ۔ میں کافی مواد مہیا کر سکتا ہوں لیکن میں حقیقت پسندی سے کام لیتے ہوئے چھوٹی چھوٹی باتوں کے متعلق عرض نہیں کروں گا ۔ اگر وزیر ریلوے آج حکم صادر فرما دیں کہ مراعات ہونی چاہئیں تو کل ہی یہ ہوزی کر سکتے ہیں ۔ یہ ایسی باتیں ہیں جن کا سد باب ہو سکتا ہے ۔

جناب والا ۔ ایک اور نکتہ جناب وزیر ریلوے صاحب کی خدمت میں پیش کرنا چاہتا ہوں اگر یہ چاہیں تو اسے چیک فرما لیں ۔ ٹکٹوں پر سرچارج اور ریٹ چھپا ہوا ہوتا ہے ۔ آپ کا جو کرایہ ہے اس کا ٹوٹل بھی چھپا ہوتا ہے ۔ بسا اوقات ٹکٹ کلارک جو رقم وصول کرتا ہے وہ سرچارج علیحدہ وصول کر لیتا ہے اور ہزاروں روپیہ کا فراڈ روزانہ ہو رہا ہے ۔ ریلوے کے چھوٹے سٹاف نے یہ کیا ہے کہ جب سے decimal coinage چلی ہر ٹکٹنگ کلارک زیادہ پیسے وصول کرتا رہا ہے ۔ چونکہ اس وقت سکہ اور ریزگاری نہ تھی سب اس کے شکار ہوئے ہیں ۔

کبھی ہم پچیس چھوڑ دیتے تھے ۔ اور کبھی پندرہ پیسے چھوڑ دیتے تھے ۔ اس طرح لوگوں سے ہزاروں بلکہ لاکھوں روپے کا fraud کیا گیا اور ان سے فالتو رقومات حاصل کی گئیں ۔ میں نے بہت سی چھوٹی چھوٹی باتیں بڑی کوشش کر کے جمع کی ہیں ۔ اور اگر جناب وزیر ریلوے کی طبع نازک پر گراں نہ گذرے تو یہ ایک سو بیس یا ایک سو پچیس صفحات کا نوٹ میرے پاس ہے ۔

وہ اسے لیکر مطالعہ کریں ۔ اور پھر ان کے متعلق تحقیقات کر سکتے ہیں ۔ چونکہ میرا وقت ختم ہو گیا ہے ۔ اس لئے میں اب بیٹھ جاتا ہوں ۔

**Mr. Speaker :** Mr. Hamza to move his cut motion.

**Mr. Hamza :** Not moving Sir.

**Mr. Speaker :** Mr. Munawwar Khan

**Mr. Munawar Khan :** Not moving, Sir.

**Mr. Speaker :** Sahibzada Noor Hassan, Haji Sardar Ata Muhammad Lund and Mr. Mahmood Azam Farooqi are not present. The Minister of Railway.

**وزیر ریلوے** (ملک محمد حیات خان تمن) ۔ جناب والا ۔ یہ مطالبہ زر repairs and maintenance کے متعلق ہے ۔ اور اس وقت جو exp nditure زیر بحث ہے وہ New expenditure ہے ۔ جس کے لئے کل مطالبہ زر ایک کروڑ پانچ لاکھ اکیس ہزار روپے ہے ۔ اس میں سے بچانوے لاکھ روپے flood relief اور دوسرے چھوٹے موٹے تعمیراتی کاموں کے لئے اور دس لاکھ اکیس ہزار روپے کا زائد خرچ ہے ۔ جو پچھلے سالوں کی نسبت تقریباً ایک فیصد زیادہ کی Demand ہے ۔ وقت کی کمی کی وجہ سے میں ساری تفاصیل تو عرض نہیں کر سکتا ہوں ۔ لیکن اگر حمزہ صاحب محسوس نہ فرمائیں تو میں عرض کر دوں کہ جنگ کے دوران اور اس کے ایک ماہ بعد ریلوے نے جو کام کیا اور جس طرح انہوں نے ہر چیز بر وقت پہنچائی اور اس کے علاوہ باقی ٹریفک کو بھی جاری رکھا ۔ تو یہ سب کچھ اچھی دیکھ بھال کا ہی نتیجہ ہے اگر دیکھ بھال اچھی نہ ہوتی تو یہ سارا کام نہ ہو سکتا ۔ اس کے علاوہ میں جناب والا کی خدمت میں چند اعداد و شمار پیش کرنا چاہتا ہوں اور وہ یہ کہ Engine failures اس سال سینتیس فیصد کم ہوئے ۔ پچھلے سال کی نسبت اس سال زیر مرمت گاڑیاں انتیس فیصد کم تھیں ۔ اور زیر مرمت انجنوں کی تعداد پچھلے سال کے مقابلے میں اس سال چوبیس فیصد کم رہی ۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ہمیں رولنگ سٹاک زیادہ تعداد میں مہیا رہا جس نے ہمیں ہنگامی دنوں میں بڑا کام دیا ۔ اس کے ساتھ ساتھ میں یہ بھی عرض کردوں کہ ہمارے سسٹم پر mechanical defects کی وجہ سے کوئی بھی حادثہ رونما نہیں ہوا ۔ اور یہ اچھی دیکھ بھال کا ہی نتیجہ ہے ۔ باوجود اس کے کہ ہمیں ملٹری ٹریفک کے لئے Lines خالی رکھنی

پڑیں - اور اپنی گاڑیوں کو delay کرنا پڑا یا انہیں روک دینا پڑا لیکن پھر بھی پابندی اوقات ۸۳٫۶ فیصد رہی - جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ ریلوے کے تمام رولنگ سٹاک اور ریلوے کے تمام assets کی دیکھ بھال اچھی طرح سے کی جاتی ہے - اور اس مد میں بالخصوص بچت کی جاتی ہے - میں ایک اور گذارش بھی کرنا چاہتا ہوں کہ جہاں پر پٹڑیاں نوے سال تک استعمال کی جاتی ہیں اور پھر انہیں دوبارہ بھٹی میں پگھلا کر ان سے مختلف چیزیں بنائی جاتی ہیں یعنی مختلف پرزہ جات اور انجنوں اور ڈبوں وغیرہ کی تجدید کر کے ان کو دوبارہ استعمال کیا جاتا ہے - سلیپروں کو مین لائن سے اکھاڑ کر برانچ لائن پر بچھایا جاتا ہے اور اس کے بعد Yards میں جو لکڑی بچ جاتی ہے - اسے دیگر متفرق کاموں میں استعمال کیا جاتا ہے - جناب والا - میں تو اس سلسلے میں بہت کچھ عرض کرنا چاہتا تھا - لیکن وقت کی کمی کے باعث اسی پر اکتفا کرتا ہوں -

**Mr. Speaker** : I will now put the cut motion to the House.

The question is—

That the total of Rs. 1,05,31,000 on account of Ordinary Working Expenses—Repairs and Maintenance—Total New Expenditure be reduced by Rs. 10,52,999

*The motion was lost.*

I will now put the Demand.

The question is—

That a sum not exceeding Rs. 1,05,31,000 be granted to the Governor to meet new expenditure for the financial year ending on the 30th June, 1967, in respect of Ordinary Working Expenses-Reapairs and Maintenance.

*The motion was carried.*

DEMAND NO. 4

**Minister of Railways** : I beg to move—

That a sum not exceeding Rs. 9,34,000 be granted to the Governor to meet new expenditure for the financial year ending on the 30th June, 1967, in repect of Appropriation to Funds and payment of Return on Central/ Provincial Government Capital Investments.

**Mr. Speaker** : Motion moved is—

That a sum not exceeding Rs. 9,34,000 be granted to the Governor to meet new expenditure for the financial year ending on the 30th June, 1967, in respect of Appropriation to Funds and payment of Return on Central/Provincial Government Capital Investments.

There are notices of cut motions and the first one is by Malik Muhammad Akhtar. The Member may please move it.

**Malik Muhammad Akhtar** : I beg to move.—

That the total of Rs. 9,34,000 on account of Appropriation to Funds and Payment of return on Central/Provincial Government Capital Investments—Total New Expenditure be reduced by Rs. 9,33,999.

**Mr. Speaker** : Demand under consideration, motion moved is—

That the total of Rs. 9, 34,000 on account of Appropriation to Funds and Payment of return on Central/Provincial Government Capital Investments—Total New Expenditure be reduced by Rs. 9,33,999.

**Ministar of Railways :** Opposed.

**ملک محمد اختر** (لاہور - ۲) ۔ جناب سپیکر ۔ اس مطالبہ زر نمبر ۴ پر مجھے کچھ اصولی باتیں عرض کرنا ہیں ۔ گو یہ درست ہے کہ ہمیں مرکزی حکومت کی ان صرف کردہ رقوم کو واپس کرنا ہے جو ہم نے ان سے حاصل کی ہیں اور ان رقوم کو واپس کرتے وقت اس پر وہ سود بھی ادا کرنا ہوگا جو اس investment کے ذریعے ہم پر واجب الادا ہے مگر مجھے اس کاروباری ادارے کی تمام working پر ایک بہت بڑا اعتراض ہے اور وہ یہ کہ ہم اسکو زیادہ calculate کر کے سود اور ان تمام رقوم کو جلد ادا کرسکتے ہیں اگر leakage کی جو items ہیں ہم ان پر مکمل کنٹرول کر لیں ۔ میری ناقص رائے میں ۔ اور اس قلیل وقت کے پیش نظر میں اس اتنی بڑی demand پر زیادہ تبصرہ کیا کرسکونگا ۔ لیکن اتنی گذارش ضرور کرونگا کہ ریلوے کی آمدنی میں جو leakage ہے اگر ہم اس پر مکمل کنٹرول کریں تو ہماری آمدنی میں کم از کم چالیس فیصد کا اضافہ ہو سکتا ہے ۔ ہمارے بعض جو وسائل ہیں وہ پورے طور پر فرسودہ ہو رہے ہیں اور اس فرسودہ نظام کی وجہ سے ریلوے کی آمدنی اتنی نہیں ہو رہی ہے بلکہ leakage کی percentage روز بروز بڑھ رہی ہے ۔ میں نے لاہور کے پسنجر ٹرین کے بکنگ آفس کی کھڑکی کے متعلق عرض کیا تھا کہ اگر اس سے leakage کے تناسب کا حساب لگایا جائے تو اس حساب سے سارے مغربی پاکستان میں کروڑوں روپے کی leakage ہوتی ہے جو ٹکٹ بیچنے والے کرتے ہیں ۔ اس لئے اس leakage کو دور کرنا چاہئے اور اسکے ساتھ ساتھ ہمارے پاس جو فاضل عملہ ہے اسکو retrench کرنا چاہئیے ۔ اگر ہم نے اپنی پالیسی میں اس طرح کی انقلاب آفریں تبدیلیاں نہ کیں تو ایک ایسا وقت بھی آئے گا کہ ہماری تمام آمدنی saturate ہو کر رہ جائیگی اور ہماری آمدنی ہمارے اخراجات کے مقابلے میں کافی حد تک کم ہو جائیگی ۔

جناب سپیکر ۔ یہ سہارا جو انکم بڑھانے کے لئے لیا گیا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ریلوے کی آمدن گذشتہ سالوں

سے بڑھ گئی ہے - لیکن آپ آبادی کو بھی دیکھیں آبادی کا تناسب دس سال میں دوگنا ہو جاتا ہے - اس تناسب کے اعتبار سے میں realistic figures دوں گا - اور اعداد و شمار پیش کروں گا اور بتاؤں گا کہ ہماری ریلوے کی آمدن میں جو اضافہ ہوا ہے وہ اس ratio سے نہیں ہوا جس ratio سے آبادی بڑھ رہی ہے -

**مسٹر سپیکر** - ملک صاحب آپ New Expenditure کے متعلق صفحہ ۷۴ ملاحظہ فرمائیں - اس میں جو provision رکھی ہے - اب آپ بتائیں کہ آپ کی تقریر کس طرح relevant ہے -

**ملک محمد اختر** - میں چاہتا ہوں کہ سود سے بچنے کے لئے انکم کو بڑھایا جائے - اور سود کے بوجھ کو ختم کیا جائے لیجئے اب میں دو نکتے پیش کرتا ہوں - وہ یہ کہ ہم جو قرضہ جات پر سود ادا کرتے ہیں - اس سے بچنے کے لئے loans کو اپنے ہاں float کیا جائے اور اس طرح رقومات حاصل کر کے سنٹرل گورنمنٹ کے بھاری سود سے بچیں یعنی loans کی رقوم حاصل کر کے اپنا قرضہ adjust کریں lower interest پر قرضہ جات لے کر آمدنی بڑھائی جائے - یہ آمدنی ٹکٹوں کی سیل سے بڑھائی جائے - ویگن کی سپلائی سے بڑھائی جائے - ہم جانتے ہیں کہ خود ساختہ shortage جو پیدا کی جاتی ہے وہ صرف رشوت حاصل کرنے کے لئے ہوتی ہے اور یہ طریقہ اختیار کیا جاتا ہے کہ جب بوگیاں allot کرنے کا موقع آتا ہے تو shortage بتائی جاتی ہے - یہ غلط طریقہ ہے - آپ ویگن کی سپلائی کی جتنی زیادہ سہولتیں دیں گے آپ کے commercial side پر اتنی ہی انکم بڑھے گی - اور اس طرح آپ سنٹرل گورنمنٹ کے سود کی رقم سے نجات حاصل کرسکیں گے - علاوہ ازیں یہ جو آپ گراں شرح پر سود ادا کرتے ہیں اس کے عوض آپ آسان شرائط پر سود حاصل کریں. اور اس بڑی رقم کو adjust کریں -

جناب سپیکر - اور بھی کافی Demands ہیں - میں زیادہ کچھ نہیں کہنا چاہتا - البتہ یہ ضرور عرض کروں گا کہ آئندہ سال جب بجٹ آئے اور یہی ریلوے منسٹر صاحب ہوں

تو ایک انقلاب آفرین بجٹ پیش کریں جس میں انکم زیادہ ہو اور آبادی کی increase سے مطابقت رکھے ۔ نیز اس میں leakage کو cover کر کے کروڑوں اور اربوں کی بچت ہو ۔

**Mr. Speaker:** I will now put the cut motion to the vote of the House.

That the total of Rs. 9,34,000 on account of Appropriation to Funds and Payment of Return on Central/Provincial Government Capital Investments—Total New Expenditure be reduced by Rs. 9,33,999.

*The motion was lost*

**Mr. Speaker:** Cut motions by Mr. Munawar Khan, Haji Sardar Atta Muhammad Lund, Mahmood Azam Farooqi, Sahibzada Noor Hassan and Mr. Hamza are not being moved. I will, therfore, put the Demand to the House.

The question is :

That a sum not exceeding Rs. 9,34,000 be granted to the Governor to meet new expenditure for the financial year ending on the 30th June, 1967, in respect of Appropriation to Funds and Payment of Return on Central/Provincial Government—Capital Investments.

*The motion was carried.*

DEMAND No. 5

**Mr. Speaker:** Next Demand.

**Minister for Railway:** Sir, I beg to move :

That a sum not exceeding Rs. 2,58,81,000 be granted to the Governor to meet new expenditure for the financial year ending 30th June, 1967, in respect of expenditure not met from Revenue.

**Mr. Speaker:** Motion moved is :

That a sum not exceeding Rs. 2,58,81,000 be granted to the Governor to meet new expenditure for the financial year ending 30th June, 1967, in respect of expenditure not met from Revenue.

There are notices of Cut Motions; the first is from Sahibzada Noor Hassan. He is not present. Next is Mr. Munawar Khan, he is also not present. Next is Mr. Hamza.

**Mr. Hamza** : Not moving, Sir.

**Mr. Speaker :** Mr. Farooqi.

**Mr. Mahmood Azam Farooqi** : Not moving, Sir.

**Mr. Speaker :** Next is Haji Sardar Atta Muhammad Lund. He not present.

I will, therefore, put the question.

The question is :

That a sum not exceeding Rs. 2,58,81,000 be granted to the Governor to meet new expenditure for the financial year ending 30th June 1967, in respect of expenditure not met from Revenue.

The motion was carried.

## RESOLUTION REGARDING PROJECT ESTIMATES FOR FUTURE YEARS (RAILWAY).

**Mr. Speaker :** Now we come to the Resolution regarding Project Estimates for future years. The Minister of Railway.

**Minister of Railway** (Malik Muhammad Hayat Khan) Sir, I beg to move:

> That the House do approve expenditure specified in the Statement, under Article 42, read with Article 89 of the Constitution in respect of Projects for the future years.

**Mr. Speaker:** The motion moved is:

> That the House do approve expenditure specified in the Statement, under Article 42, read with Article 89 of the Constitution in respect of Project for the future years.

Is there any opposition to this Resolution.

**مسٹر محمود اعظم فاروقی** (کراچی-۸) Yes Sir جناب والا ۔ یہ ریلوے کا ترقیاتی بجٹ ہے آپ نے جو موجودہ تیسرا پنج سالہ منصوبہ تیار کیا ہے اس میں دوسرے پنج سالہ منصوبہ کی نہ خرچ ہونے والی رقوم کی وجہ سے ایک بڑا اضافہ ہوا ہے اور اس رقم کو اس میں شامل کرکے یہ اب دو ارب ۳۵ کروڑ ۱۱ لاکھ اور ۲۶ ہزار روپے کا بجٹ ہے ۔

۱۹۷۰ء تک ریلوے جو رقم خرچ کرے گی اسے وضع کرنے کے بعد ۸۶ کروڑ کی بقایا رقم ہے جسے چوتھے پنجسالہ منصوبہ میں لئے جانے کا پروگرام ہے ۔ اس میں شک نہیں کہ اس منصوبہ میں بہت سی سکیمیں ریلوے نے ملک کے حالات کو سامنے رکھتے ہوئے مختلف علاقوں کے مفادات کے لئے مرتب کی ہیں اس کے لئے میں ریلوے منسٹر کا شکریہ ادا کروں گا اور تعریف بھی اس لئے کہ یہ منصوبہ انہوں نے کافی غور و خوض کے بعد مرتب کیا ہے ۔

میرا اندازہ ہے کہ جو منصوبہ پیش نظر ہے اس میں ترجیح یعنی order of priority ملک کی افادیت کے پیش نظر نہیں ہے بلکہ آپ کو modernization کا خبط ہے اور اسی کے تحت آپ کام کر رہے ہیں اس کے متعلق تو میں بعد میں کچھ عرض کروں گا لیکن سب سے پہلے میں اعتراف کرنا چاہتا ہوں کہ یہ منصوبہ جس محنت سے تیار کیا گیا ہے اس پر تبصرہ کرنے کیلئے نہ میں کوئی ماہر فن ہوں نہ ہی میرے پاس ماہرین فن کا عملہ موجود ہے اور ایسے معاملات میں جتنا وقت دیا جانا چاہیئے میرے پاس اتنا وقت بھی نہیں پھر بھی اس بجٹ کے مطالعہ سے اور جو اس میں اعداد و شمار دئے گئے ہیں ان سے میں جس نتیجہ پر پہنچا ہوں میں چاہتا ہوں کہ آپ کو اس سے مطلع کروں اور آگاہ کروں تاکہ اگر آپ کو مجھ سے اتفاق ہو تو آپ کو نظر ثانی کا موقع مل سکے اور اگر آپ کو اتفاق نہ ہو تو

آپ مطمئن ہوں تو میرا حق ہے کہ آپ مجھے بھی مطمئن کریں اور میرے اعتراضات کا جواب دیں ۔

جناب والا۔مجھے محسوس ہو رہا ہے کہ ملک کی افادیت سے زیادہ آپ نے modernization کے وہم کو پیش نظر رکھا ہے ۔ اس سلسلہ میں دو مثالیں دینا چاہتا ہوں ایک سکیم لاہور۔خانیوال الیکٹرک ٹرین کی ہے اور دوسری سکیم carriage فیکٹری قائم کرنے کی ہے ۔ لاہور خانیوال الیکٹرک ٹرین پر لاگت کا اندازہ ۱۲ کروڑ ۷۸ لاکھ روپے ہے اور carriage فیکٹری پر ۸ کروڑ ۹ لاکھ روپے کا اندازہ ہے ۔ لاہور۔خانیوال سکیم میں زر مبادلہ کا خرچ ۷ کروڑ ۳۷ لاکھ روپے ہے یعنی کل لاگت کا تقریباً ۷ فیصد carriage فیکٹری میں زر مبادلہ کا عنصر ۳ کروڑ ۱۰ لاکھ روپے ہے یعنی پہلی لاگت کا ۳۳ فیصد—ظاہر ہے کہ جہاں تک زر مبادلہ کے عنصر کا تعلق ہے تو carriage فیکٹری کا جو منصوبہ ہے اس میں زر مبادلہ کم خرچ ہوتا ہے اس سے ایک قدم آگے بڑھیے کہ ان سکیموں سے ملک کو فائدہ پہنچے گا اور کونسی سکیم ملک کے لئے زیادہ افادیت بخش ہے آپ نے اپنے قرطاس ابیض یعنی white paper میں کہا ہے کہ لاہور ۔ خانیوال کے درمیان بجلی کی گاڑی چلنے سے ملک کو بیرونی ایندھن پر کم انحصار کرنا پڑیگا اور spare parts کی درآمد بھی کم ہو گی اور اس طرح ملک کا زر مبادلہ بچے گا ۔ جہاں تک دوسری بات یعنی spare parts کی درآمد کا سوال ہے اس سے مجھے اسلئے اتفاق نہیں ہے کہ اس وقت جو ڈیزل انجن کے spare parts درآمد کرنا پڑتے ہیں تو بجلی کی گاڑی چلنے کے بعد وہ بھی بہر حال انجن سے چلیگی اور اس کے spare parts ملک میں نہیں بن رہے ہیں تو وہ بھی یقیناً درآمد کرنا پڑیں گے اور اگر بجلی کی گاڑی کے spare parts ملک میں بن سکتے ہیں تو پھر ڈیزل انجن کے spare parts بھی ملک میں کیوں نہیں بن سکتے ہیں ۔ اس طرح میں سمجھتا ہوں کہ خواہ وہ ڈیزل کا انجن ہو یا بجلی کا انجن ہو دونوں کو spare parts کی ضرورت ہوگی اس سکیم کیلئے آپ کی دوسری وجہ جواز یہ ہے کہ بیرونی ایندھن سے نجات مل جائیگی اور اس طرح زر مبادلہ بچ جائیگا ۔ میں آپ سے درخواست کروں گا کہ آپ اپنے بجٹ

میں جو بیرونی ایندھن کا خرچ ہے اس کا جائزہ لیکر دیکھیں کہ اس سے کتنی بچت ہوئی ہے - ۱۹۶۶-۶۷ء میں بیرونی ایندھن پوری ویسٹ پاکستان ریلوے پر یعنی پشاور سے کراچی تک اور کراچی سے کوئٹہ تک اور تمام برانچ لائنوں پر جتنا ایندھن خواہ oil کی صورت میں یا کوئلہ کی صورت میں خرچ ہوگا اس کی کل رقم میں سے اگر آپ freight اور unloading کے اخراجات کو نکال دیں تو زر مبادلہ کا عنصر میرے انداز کے مطابق تقریباً ۴ کروڑ روپے ہے یعنی پورے مغربی پاکستان کے تمام operations کیلئے ایندھن کے اوپر جو زر مبادلہ آپ خرچ کرتے ہیں وہ میرے اندازہ کے مطابق اور آپ کی مہیا کی ہوئی اعداد و شمار کی بنیاد پر تقریباً ۴ کروڑ سالانہ ہے ظاہر ہے کہ لاہور - خانیوال کا ۱۷۷ میل کا سیکشن ہے اس میں سے اس پر کتنی رقم خرچ ہو گی - میں نے بہت ہی محتاط اندازہ کیا ہے اور بہت سوچنے کے بعد میں سمجھتا ہوں کہ اس پوری ریلوے کا یہ ۵ فیصد سے زیادہ نہیں ہو سکتا بلکہ یہ ۱۷۷ میل ۵ فیصد سے بھی کچھ کم ہے لیکن اس سیکشن پر مقابلتاً زیادہ operation کو سامنے رکھتے ہوئے میرا اندازہ ہے کہ بیرونی ایندھن لاہور خانیوال کے درمیان جو پورے سال میں خرچ کرنا ہو گا اس کی رقم پورے زر مبادلہ کا ۵ فیصد یعنی تقریباً ۲۰ لاکھ روپے سالانہ ہو گی یعنی جو بات آپ ہم تک پہنچانا چاہتے ہیں وہ یہ ہے کہ ۷ کروڑ ۷۳ لاکھ یعنی تقریباً ۸ کروڑ روپے جو آپ زر مبادلہ کے طور پر صرف کر رہے ہیں اس گاڑی کو بجلی سے چلانے سے اس پر آپ کو بیرونی ایندھن میں بچت ۲۰ لاکھ روپے سالانہ ہو گی یعنی جو زر مبادلہ آج آپ خرچ کر رہے ہیں وہ تقریباً ۳۰ سال مئی اس بچت سے حاصل کریں گے میں آپ کو بتاؤں کہ اقتصادیات کا یہ مسلمہ اصول ہے کہ a pound today is better than a pound a year hence یعنی آج جو رقم آپ خرچ نہ کریں گے وہ اس سے بہتر ہے جو رقم ایک سال بعد خرچ کریں گے چونکہ inflating مارکیٹ میں روپے کی قیمت گھٹتی جا رہی ہے اسلئے جو ۷ کروڑ ۷۳ لاکھ آپ زر مبادلہ پر خرچ کر رہے ہیں اسے اگر ایندھن کی صورت میں ۳۰ سالوں میں پورا بھی کر لیں تو اس خرچ کا مداوا نہیں ہوتا - آپ نے white paper میں فرمایا ہے کہ یہ سکیم ۱۰ سال میں مکمل ہو جائیگی لیکن آپ نے اخراجات کی جو

phasing کی ہے اس کے مطابق ۱۹۶۹-۷۰ء میں اخراجات کرنے کے بعد کافی خرچ باقی رہیگا ۔ ایک طرف آپ اخراجات کی phasing میں ۱۲ کروڑ ۷۸ لاکھ روپے میں سے ایک کروڑ ۸۳ لاکھ روپے چوتھے منصوبے میں لیجا رہے ہیں دوسری طرف یہ کہہ رہے ہیں کہ سکیم ۳ سال میں مکمل ہو جائیگی ۔ یہ بات میری سمجھ میں نہیں آئی خیر یہ ایک ضمنی بات تھی میں یہ عرض کر رہا تھا کہ لاہور خانیوال پر بجلی سے آپ جو گاڑی چلا رہے ہیں اور اس میں جو زر مبادلہ کی بچت بتا رہے ہیں وہ بالکل nominal ہے اور اس کے مقابلہ میں خرچ بہت زیادہ ہے ۔ میں جس نتیجہ پر پہنچا ہوں وہ یہ ہے اور اس سکیم کی وجہ جواز صرف یہ ہے کہ آپ دنیا کے اور ممالک کی صف میں کھڑا ہونا چاہتے ہیں نہ یہ کہ آپ اس سے زر مبادلہ بچانا چاہتے ہیں ۔

اس کے مقابلہ میں آپ carriage فیکٹری کو لیجئے جیسا کہ میں نے عرض کیا کہ اس پر ۳۳ فیصدی زر مبادلہ کا خرچ ہے آپ کے کہنے کے مطابق آپ اس فیکٹری سے passengers کے لئے ۱۵۰ گاڑیاں سالانہ بنا سکیں گے اور آپ کی ضرورت بھی اتنی ہی ہے ۱۹۶۵-۶۶ء میں آپ نے تقریباً ۱۵۷ گاڑیاں درآمد کی تھیں ۔ ۱۹۶۶-۶۷ء میں ۱۵۰ سے اوپر ہی تعداد آپ نے درآمد کی تھی تو اس طرح سے یہ فیکٹری آپ کی passengers گاڑیوں کے بنانے میں خود کفیل ہو جائے گی ۔ تمن صاحب نے پرسوں کی تقریر میں بتایا تھا کہ passengers carriages کی درآمدی قیمت ۲ لاکھ ہوتی ہے ۔ اگر آپ یہ دو لاکھ روپے زر مبادلہ بچانا چاہتے ہیں تو ظاہر ہے کہ مختلف parts بنانے کے لئے سٹیل بھی امپورٹ کریں گے اور میرے conservative estimate کے مطابق فرض کیجئے کہ carriage پر ۵۰ ہزار روپیہ کا زر مبادلہ خرچ ہوتا ہے تو اگر آپ نے ۵۰ ہزار روپے کا زر مبادلہ ایک گاڑی پر بچا لیا تو ۱۵۰ گاڑیاں ملک میں بنانے پر ۷۵ لاکھ روپے کے زر مبادلہ کی بچت ہوئی اس طرح آپ ان دونوں سکیموں کا مقابلہ کریں یعنی لاہور خانیوال کی گاڑی بجلی سے چلا کر اس پر ۷ کروڑ ۵۰ لاکھ کا زر مبادلہ خرچ کریں اور سالانہ بچت ۲۰ لاکھ ہو اور carriage فیکٹری لگا کر اس پر تین کروڑ ۱۵ لاکھ کا یعنی تقریباً نصف زر مبادلہ خرچ کریں اور سالانہ زر مبادلہ کی بچت ۷۵ لاکھ روپے ہو تو ایسی حالت میں

یہ دیکھنا ہوگا کہ ان دونوں سکیموں میں کونسی سکیم بہتر ہے ظاہر ہے کہ carriage فیکٹری کی سکیم زیادہ بہتر ہے -

آپ نے جس طرح اخراجات کی phasing کی ہے اس میں چاہئے تھا کہ آپ دیکھتے کہ کس سکیم کو ترجیح دی جائے - ۱۹۶۵-۶۶ء اور ۱۹۶۶-۶۷ء میں آپ لاہور - خانیوال والی بجلی کی گاڑی پر ۲ کروڑ ۷۰ لاکھ روپے خرچ کریں گے - یعنی پوری لاگت کا پانچواں حصہ اور ان ہی سالوں میں آپ carriage فیکٹری پر ۰ لاکھ ۶۴ ہزار روپیہ خرچ کریں گے - اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ آپ نے اپنے منصوبے کے ان تمام ترقیاتی اخراجات میں جو آپ پانچ سالوں میں کرنا چاہتے ہیں - carriage فیکٹری کو ثانوی حیثیت دی ہے اور خانیوال - لاہور والی بجلی کی گاڑی کو اولیت دی ہے - پھر آپ نے پہلے فرمایا ہے کہ carriage فیکٹری پر ۳ کروڑ ۷۶ لاکھ روپے عام خرچ آتا تھا لیکن اب اس کی قیمت ۸ کروڑ ۹ لاکھ ہوگی - میں اس پر گفتگو نہیں کرتا ہوں کہ قیمت کیوں بڑھ گئی ہے - لیکن ان اخراجات میں جو آپ کے تخمینہ جات میں ہیں اس میں آپ نے carriage فیکٹری کی قیمت ۳ کروڑ ۷۶ لاکھ لگائی ہے بقیہ ۳ کروڑ ۳۰ لاکھ کے خرچ کا کوئی منصوبہ سامنے نہیں - یہاں آپ خود یہ فرماتے ہیں کہ carriage فیکٹری تقریباً آٹھ کروڑ میں بنائیں گے - پھر آپ بجٹ میں صفحہ ۷۰ تک کے منصوبے کے تحت بلکہ چوتھے پنج سالہ منصوبے میں جو رقم رکھ رہے ہیں اس کو شامل کرنے کے بعد آپ نے صرف دو کروڑ ۷۶ لاکھ کا provision کیا ہے - ۶۵-۱۹۶۶ء میں ۶۴ ہزار ۶۶-۱۹۶۷ء میں ۵۰ لاکھ ۶۷-۱۹۶۸ء میں ایک کروڑ ۳۷ لاکھ اور ۱۲ ہزار - ۶۸-۱۹۶۹ء میں ایک کروڑ ۳۵ لاکھ اور ۱۲ ہزار - ۶۹-۷۰ء میں پھر ایک کروڑ ۳۵ لاکھ ۱۲ ہزار - اور چوتھے پانچ سالہ منصوبے میں ۲۶ لاکھ یعنی کل ۳ کروڑ ۷۶ لاکھ ہوا - تو میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ یہ ۳ کروڑ ۷۰ لاکھ جو اس پر فاضل خرچ ہونے والا ہے یہ کہاں سے آئے گا - یہ آپ کے منصوبے میں سرے سے شامل ہی نہیں ہے میں تو یہ سمجھتا ہوں کہ اس سکیم کو مکمل کرنے کا آپکا ارادہ ہی نہیں - یعنی آپ ایک سکیم بناتے ہیں - اس کی لاگت کا اندازہ کرتے ہیں - پھر آپ کہتے ہیں کہ وہ سکیم

ہمارے لئے اتنی نفع بخش ہے کہ وہ ہمیں بڑی carriage فیکٹری کی درآمد سے آزاد کر دے گی ۔ زر مبادلہ ہمارا بچ جائے گا ۔ لیکن اس کا جو خرچ ہے اس کا منصوبہ میں کہیں ذکر نہیں ہے ۔ تو یہ ۳ کروڑ ۷۳ لاکھ اگر آپ خرچ نہیں کریں گے تو فیکٹری مکمل نہیں ہوگی اور جب فیکٹری مکمل نہیں ہوگی تو ظاہر ہے کہ وہ منصوبہ جو زر مبادلہ کے بچانے کا آپ کے پیش نظر تھا وہ پورا نہیں ہو سکے گا ۔ آپ کی دوسری سکیموں میں مجھے بہت گہرا جانے کا موقعہ تو نہیں مل سکا لیکن میں نے مثال کے طور پر صرف آپ کے سامنے دو مثالیں رکھی ہیں کہ ان سکیموں پر اور ان کے اخراجات میں افادیت کے لحاظ سے ترجیح نہیں رکھی گئی ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ کیرج فیکٹری کا منصوبہ اتنا مفید تھا کہ اس پر نظر ثانی کی جائے تا کہ اس کو شروع کر کے اور دو سال کے اندر اس کو مکمل کر کے آپ اپنا سارا زرمبادلہ کا خرچ پورا کریں ۔ میں توقع کرتا ہوں کہ وزیر متعلقہ جو یہاں موجود ہیں وہ اپنے جواب میں مجھے مطمئن کرنے کی کوشش کریں گے کہ کیا وجہ ہے کہ کیرج فیکٹری کے منصوبے کو آپ نے ثانوی حیثیت دی ہے اور لاہور اور خانیوال کی ریل کو آپ نے اولیت دی ہے جبکہ زرمبادلہ کی بچت دوسری سکیموں میں زیادہ ہے اور پہلی سکیم میں کم ۔ جناب والا ۔ وقت کم ہے اور میرے دوسرے ساتھیوں کو بھی بولنا ہے اس لئے مختصراً دوسری بات میں یہ عرض کرنی چاہتا ہوں کہ کراچی سرکولر ریلوے کا ذکر جب اس ایوان میں ہوا تو مجھے افسوس ہے کہ وزیر ریلوے نے اس بات کی کوشش کی کہ ایوان کی فکر کو غلط راہوں پر ڈال دیا جائے تا کہ ہم اصل موضوع سے ہٹ کر خوبصورتی سے کنارے کنارے سے نکل جائیں میں چاہتا ہوں کہ آپ میری بات کو سنیں اور اس کا جواب اس طرح سے دیں جس سے ہم مطمئن ہو سکیں ۔ ہم چاہتے ہیں کہ آپ ہمیں مطمئن کرا دیں کیونکہ ہمیں مطمئن کرانے کے معنی ہیں عوام کو مطمئن کرانا ۔ ادھر ادھر کا جواب دینے سے کوئی نتیجہ نہیں نکلتا آپ نے کل فرمایا تھا کہ کراچی میں مزید ترقیاتی سکیموں کی ضرورت اس لئے نہیں کہ وہاں بڑی بڑی کاروں والے لوگ بستے ہیں ۔ لوگ پیسے والے ہیں ان کو ضرورت نہیں کہ انہیں ریل کی سستی سواری ملے

جناب والا - یہی وہ باتیں ہیں جنکی وجہ سے مجھے مجبوراً عرض کرنا پڑتا ہے کہ آپ کو عوام کی تکالیف کی خبر نہیں - آپ محلوں میں رہتے ہیں محلوں میں بیٹھ کر نوکر شاہی کے ذریعے حکومت کرتے ہیں آپ کو عوام کی حالت کی خبر نہیں - کراچی میں آپ نے الفنسٹن سٹریٹ اور وکٹوریہ روڈ پر بڑی بڑی کاریں تو دیکھی ہوں گی لیکن آپ کو کیا یہ معلوم نہیں کہ وہاں پر نیو کراچی اور کورنگی بھی ہے جہاں لوگ بستے ہیں وہاں جا کر دیکھیئے کہ لوگ کس حال میں گزر کر رہے ہیں وہ لوگ جو نیو کراچی اور کورنگی میں ۲۰/۲۰ میلوں کے فاصلے پر رہتے ہیں صبح سورج نکلنے سے پہلے جب آپ اپنے گرم بستروں میں سوئے ہوئے ہوتے ہیں - وہ جاڑے کے دنوں میں ڈھوٹی کے لئے نکلتے ہیں اور پھر رات کو جب آپ کلبوں میں عیش و نشاط میں مصروف ہوتے ہیں وہ اپنے بچوں کو سوتا ہوا چھوڑ کر جاتے ہیں اور سوتا ہوا آکر دیکھتے ہیں - تو آپ کیا سمجھتے ہیں کہ ان لوگوں کے لئے سستی سواری مہیا کرنا ضروری نہیں ہے ؟ میں آپ کو اعداد و شمار بتاتا ہوں کیونکہ آپ نے تقریر میں یہ فرمایا تھا کہ سرکولر ریلوے کراچی میں قائم کر کے آپ نے کراچی کے لوگوں پر اتنا بڑا احسان کر دیا کہ اگر وہ تا ابد آپ کے قدموں پر اپنا سر رکھیں تو بھی حق ادا نہ ہو - جناب والا - آپ کے اعداد و شمار کے مطابق سن ۱۹۵۹ء سے لے کر ۱۹۶۶-۶۵ء تک جتنی رقم آپ خرچ کر چکے ہیں اور اس تیسرے پانچ سالہ منصوبے کے اختتام پر آپ ترقیاتی سکیموں پر پورے مغربی پاکستان میں جو رقم خرچ کریں گے وہ ۲ ارب ۸۰ کروڑ ۷۳ لاکھ روپیہ ہے - اس کا ۵ فیصد جو کراچی کی اپنی آبادی کے لحاظ سے اس کا حق ہے کہ اس کے اوپر خرچ کیا جاتا تو یہ تقریباً ۱۴ کروڑ بنتا ہے - چلئے میں آپ کو ڈھائی فیصد اور چھوڑ دیتا ہوں تو اگر اس لحاظ سے کراچی پر آپ نصف بھی خرچ کرتے تو آپ کو کراچی کے ترقیاتی منصوبے میں سات کروڑ روپیہ خرچ کرنا چاہئے تھا - اس کے مقابلہ میں آپ نے صرف کراچی سرکولر ریلوے کو ۴ کروڑ روپیہ سے بنانا ہے اور آئندہ تین سال تک کراچی کے لئے کوئی منصوبہ آپ کے پیش نظر اس بجٹ سٹیٹمنٹ میں نہیں ہے تو میں آپ سے یہ عرض کروں گا کہ جوابِ برائے جواب تو آپ ہمیں نہ دیں -

اس طریقہ سے آپ عوام کو مطمئن نہیں کر سکتے ہیں ۔ آپ ہمیں مطمئن کیجئے کیونکہ یہ ہمارا حق ہے ۔ میں پوچھتا ہوں کہ کیا وجہ ہے کہ اس ۲ ارب ۸۰ کروڑ روپیہ میں سے کراچی کو صرف ۳۴ کروڑ روپیہ اب تک آپ نے دیا ہے اور آئندہ کوئی رقم آپ کے پیش نظر نہیں ہے ۔ جناب والا ۔ ایک آخری بات میں اس سلسلہ میں عرض کروں گا کہ ان سکیموں میں آپ نے مسافروں اور سٹاف کی سہولتوں کے لئے اور ان کی بہبود کے لئے ایک کروڑ ۳۱ لاکھ روپیہ رکھا ہے جب کہ آپ نے Improvement Fund میں جو کہ مسافروں کے کرایوں کے سر چارج سے وصول کیا جاتا ہے اور آپ کے فرمانے کے مطابق اس سرچارج کا واحد مقصد یہ ہے کہ مسافروں کی بہبود کے لئے اور عملے کی سہولت کے لئے اس رقم کو صرف کیا جائے اس فنڈ میں جب آپ کے پاس سوا بارہ کروڑ کی رقم ۳۰ جون کو تمام ادائیگیوں کے بعد موجود ہے تو کیا وجہ ہے کہ آپ مسافروں کی سہولت کے لئے اور اپنے عملے کی بہتری کے لئے صرف ایک کروڑ روپیہ خرچ کر کے خوش ہو جاتے ہیں کہ آپ نے اپنا حق ادا کر دیا ۔ یا تو آپ یہ کہئے کہ ملک میں مسافروں کو سہولت اتنی ہی دی جا چکی ہے اور عملے کی بہتری کے لئے اتنا ہی کام کیا جا چکا ہے کہ اب اور کوئی خرچ کرنے کا راستہ نہیں ہے یا تو آپ یہ مانیں کہ اب مسافروں کو مزید سہولت کی ضرورت ہی نہیں یا آپ ان پر خرچ کریں لیکن اگر آپ پہلی بات مانیں گے تو اس کا لازمی تقاضا یہ ہوگا کہ یہ ۱۲ کروڑ روپیہ جو فاضل آپ کے پاس پڑا ہوا ہے اور اس کے خرچ کرنے کی ضرورت ہی نہیں تو میں پوچھتا ہوں کہ پھر کرایوں میں ۵ فیصد کا اضافہ کیوں کیا گیا ۔ اگر آپ وہ بات نہیں مانیں گے تو پھر مانئیے کہ ضرورت تو موجود ہے لیکن صورت حال یہ ہے کہ آپ قوم کے مہیا کئے ہوئے خزانے پر سانپ کی طرح بیٹھے ہوئے ہیں نہ خود کھاتے ہیں نہ دوسروں کو کھانے دیتے ہیں ۔ نہ خود روپے کو خرچ کرتے ہیں اور نہ عوام کی طرف اس کو منتقل کرتے ہیں اور نہ عوام کے مفاد کی آپ پرواہ کرتے ہیں اور اس کی وجہ صرف یہ ہے کہ آپ کو عام لوگوں

کی حالت کی خبر نہیں ہے - آپ محلوں میں سوتے ہیں محلوں میں جاگتے ہیں - محلوں میں ہی حکومت کرتے ہیں - جھونپڑیوں میں رہنے والے غریب لوگوں کی مشکلات کا آپ کو کوئی اندازہ نہیں ہے - میں ان گزارشات کے ساتھ وزیر ریلوے سے درخواست کروں گا کہ یا تو مجھے مطمئن کر دیں یا خود مطمئن ہو جائیں اور نظر ثانی کریں -

**Mr. Speaker : Mr. Hamza.**

**مسٹر حمزہ** (لائلپور - ٦) - جناب سپیکر - ان تخمینہ جات منصوبہ پر میں واقعی وزیر ریلوے کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور وہ اس لئے کرتا ہوں کہ حکومت نے آئندہ ترقیاتی منصوبہ میں گوجرہ کے لئے ایک Over Head Foot Bridge بنانے کی گنجائش رکھی ہے اور میں ان کی اطلاع کے لئے عرض کروں گا کہ یہ پل گوجرہ کی ایک انتہائی ضرورت تھی - چند دن ہوئے میں نے اس اسمبلی میں ہوم ڈیپارٹمنٹ سے ایک سوال کیا تھا محکمہ نے جواب دیا کہ گوجرہ کے لوگوں نے پچھلے سال ۲ ہزار ۱۴۱ روپیہ بطور جرمانہ ادا کیا ہے محض لائینوں کو کراس کرنے کے جرم میں اور ابھی ۹۰ مقدمات عدالت میں زیر سماعت ہیں - میرا خیال ہے گوجرہ کے لوگ پل نہ ہونے کی وجہ سے ہر سال کم از کم ۵ ہزار روپے بطور جرمانہ . . . . . اڑھائی ہزار جرمانہ - اڑھائی ہزار لائل پور کی عدالتوں میں دھکے کھانے اور آمدورفت کے خرچ کی صورت میں ادا کرتے ہیں - میں جناب وزیر ریلوے کی خدمت میں مودبانہ عرض کرونگا کہ میرے اس شکریہ کا حق اس صورت میں آپ پورا پورا ادا کریں گے جب آپ یہ پل جلد بنائیں گے اور پبلک کے گزرنے کی اس میں ضرور گنجائش رکھیں گے - یہ نہ ہو کہ دو پلیٹ فارموں کو ملا دیں - یہ ریلوے لائن ہمارے شہر کو دو حصوں میں تقسیم کرتی ہے - لوگ لائن پر سے گزرنے کے لئے مجبور ہیں - ورنہ پانچ فرلانگ کا چکر کاٹنا پڑتا ہے - اب جب کہ میں نے تھوڑی بہت خوشامد کی ہے آپ میرے علاقہ کے لوگوں پر احسان کر دیں تو بڑی مہربانی ہوگی -

جناب سپیکر - جناب وزیر ریلوے نے یہ بتایا ہے کہ وہ کیرج فیکٹری پہلی یہاں شہر لاہور کے بارڈر علاقہ میں لگا رہے تھے -

اب یہ فیکٹری راولپنڈی میں بنانے کا فیصلہ کیا ہے لاہور کے علاقہ کے لوگ جو بڑے بہادر گنے جاتے تھے اب گورنمنٹ ان کو بزدل بنانے پر تلی ہوئی ہے - یہاں وہ کیرج فیکٹری چار کروڑ ۷۶ لاکھ میں بنا رہے تھے اور اب یہ کیرج فیکٹری راولپنڈی میں ۸ کروڑ ۹ لاکھ میں بنائیں گے اور اس کے لئے بھی انہوں نے کوئی معقول گنجائش نہیں رکھی - جس سے ہم یہ سمجھیں کہ وہ وقت جلد آ رہا ہے جب ہمارا ملک گاڑیوں کے ڈبے بنانے میں خود کفیل ہو جائے گا - جناب سپیکر - جناب وزیر ریلوے جو بہت ہی دور اندیش ہیں - ان کی دور اندیشی کا ثبوت ہے کہ وہ آج وزیر ہیں لیکن مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ ہم نے یہ کیرج فیکٹری کا محل وقوع لاہور سے اس لئے منتقل کیا ہے کہ حالیہ جنگ میں ان کو یہ پتہ چلا کہ بڑے دھانہ کی لمبی مار والی توپوں سے لاہور اور فیکٹری پر ہندوستان والے بمباری کر سکتے ہیں - لیکن جہاں تک میرا خیال ہے یہ لمبے رینج کی توپیں ابھی ایک آدھ سال میں ایجاد نہیں ہوئیں - پاکستان اور ہندوستان کے تعلقات پچھلے اٹھارہ سال میں بھی قطعاً خوشگوار نہیں تھے - ہر وقت یہ خطرہ تھا کہ جنگ چھڑ جائے - انہیں اب سوجھی تو بہت دیر سے سوجھی - اگر قبل از وقت انہیں سوجھتی جیسے مسلمانوں کو سوجھنی چاہئے تو ہمارا بہت سا روپیہ بھی بچ جاتا اور اس کے ساتھ ساتھ کیرج فیکٹری لگانے میں اتنی تاخیر بھی نہ ہوتی - سب لوگ جانتے ہیں کہ وہ ممالک جہاں زرعی پیداوار کی بہتات ہے اور زرعی پیداوار برآمد کرتے ہیں تجارت کی شرائط دن بدن ان کے خلاف جا رہی ہیں - جو ملک زرعی پیداوار درآمد کرتے ہیں اس کی قیمتیں دن بدن کم کر رہے ہیں اور مشینری کی قیمتیں دن بدن بڑھ رہی ہیں - اس کا یہ مطلب ہوگا کہ جس وقت یہ کیرج فیکٹری گاڑی کے ڈبے بنانے شروع کرے گی خدا جانے اس وقت میں زندہ ہوں گا بھی یا نہیں خدا کرے وزیر ریلوے کی زندگی بہت لمبی ہو - محمد حیات ان کا پہلے ہی نام ہے - اس فیکٹری کے لئے آٹھ کروڑ کی جو گنجائش رکھی گئی ہے یہ رقم چار کروڑ سے آٹھ کروڑ ہو گئی ہے اور میرا خیال ہے کہ بعد میں یہ ۱۶ کروڑ سے تعمیر ہوگی - سب سے پہلے

اس ضرورت کا احساس مجھے اس وقت ہوا جب جناب ثمن صاحب وزیر ریلوے نہ تھے بلکہ سابقہ وزیر عبدالوحید خان کا عہد حکومت تھا ۔ ان سے میں نے اس بارے میں سوال کیا اور مجھے بڑے فخر کے ساتھ بتایا گیا تھا کہ پاکستان نے جب سے وہ آزاد ملک بنا ہے گاڑیوں کے تین ڈبے بنائے تھے ۔ دو تین دن ہوئے کسی معزز ممبر کے سوال کے جواب میں بڑے فخر کے ساتھ یہ بتایا گیا کہ ہم ۱۰ گاڑیوں کے ڈبے بنا چکے ہیں ۔ کتنی بڑی تعداد ہے اور مشکل یہ ہے کہ ہمیں مادی لحاظ سے اس حد تک طاقتور ہونا ہے کہ کل کو ہندوستان کا مقابلہ کر سکیں ۔ کل جناب وزیر ریلوے نے مجھ پر طبقاتی جنگ پر لوگوں کو اکسانے کا الزام لگایا ۔ مجھ سے پہلے فاروقی صاحب بھی فرما چکے ہیں کہ اعداد و شمار یہ بتاتے ہیں ۔ آپ کا طریق کار یہ بتاتا ہے ۔ آپ کی سنت اس کی نشان دہی کرتی ہے کہ اس ملک میں اگر کبھی طبقاتی جنگ ہوئی تو اس کی ذمہ داری آپ لوگوں پر ہوگی ۔ آپ اس چیز کو تسلیم کیجئے کہ ہمارے ملک میں عام طور پر مزدور کی حالت اچھی نہیں ہے ۔

**مسٹر سپیکر** ۔ کیا آپ ذاتی وضاحت فرما رہے ہیں ۔

**مسٹر حمزہ** ۔ عرض یہ ہے کہ امپرووِمنٹ فنڈ کی اتنی بڑی رقم ان کے پاس موجود ہے ۔ لیکن یہ اسے کسی ملازم کی بہبود پر خرچ کرنے کے لئے تیار نہیں اور کہتے یہ ہیں کہ لوگ مطمئن ہیں اور ہمارے سامنے یہ جواز پیش کرتے ہیں کہ ان پر زیادہ رقم خرچ کرنے کی ضرورت نہیں ۔ جناب سپیکر ۔ آپ کو یہ احساس ہوگا کہ اس ملک میں جو صنعتی ادارے ہیں وہ زیادہ تر پرائیویٹ افراد کے قبضہ میں ہیں ۔ محکمہ ریلوے حکومت مغربی پاکستان کا ایک محکمہ ہے ان کو اپنے ملازموں کے ساتھ اچھا سلوک کرنے اور انہیں سہولتیں بہم پہنچانے میں ایک معیار قائم کرنا چاہئے تھا جس کی تقلید پرائیویٹ کارخانہ دار کرتے لیکن اس کے برعکس کروڑوں روپے کی رقوم ان کے پاس جمع پڑی ہیں مگر یہ ان رقوم کو ان غریب لوگوں پر خرچ کرنے کے لئے تیار نہیں جن کی ضروریات انتہائی شدید ہیں ۔ یہ انتہائی قابل اعتراض چیز ہے اور میں سمجھتا ہوں

کہ ہماری حکومت طبقاتی جنگ کا مواد اکٹھا کر رہی ہے۔ جہاں تک اس ترقیاتی پروگرام کا تعلق ہے میں اس میں سے محض ایک مثال دیتا ہوں یہ آئٹم نمبر ۸۲۷ ہے۔ اس میں لاہور میں تیرنے کے لئے تالاب بنانے کی گنجائش رکھی ہے۔ مجھے جناب وزیر ریلوے کی خدمت میں عرض کرنا ہے کہ اس وقت چیئرمین اور وائس چیئرمین بھی بیٹھے ہوئے تھے۔ معاملہ یہ تھا کہ ان کے محکمہ والوں نے بغیر کسی اجازت کے سٹیل شاپ میں ساکن پانی کے گڑھے کے نام پر نہانے کا تالاب بنایا تھا۔ اور اس میں باقاعدہ پانی کے اندر بجلی چلانے کا بھی اہتمام تھا۔ قندیلیں بھی تیار کی گئی ہیں۔ میں ان سے یہ پوچھتا ہوں کہ جب آپ اس قسم کے کام بغیر کسی کی اجازت کے سٹیل شاپ اور دوسرے کارخانوں سے مال چوری کر کے بنا سکتے ہیں تو اس کی ضرورت آپ نے کیوں محسوس کی کہ جب آپ کے پاس Swimming Pool موجود ہے تو آپ کو نیا Swimming Pool بنانے کی کیوں ضرورت محسوس ہوئی۔

جناب سپیکر۔ پراجیکٹ اسٹیمیٹس جو پیش کئے گئے ہیں ان پر مجھے یہ بھی اعتراض ہے کہ وہ رقومات جن کے خرچ کی گنجائش رکھی گئی ہے ان کا بیشتر حصہ ضائع ہوتا ہے اور جہاں یہ بات کہی جاتی ہے کہ روز بروز working cost یا اخراجات کار میں اضافہ ہو رہا ہے تو اس کی وجہ جناب وزیر ریلوے صاحب یہ بتاتے ہیں کہ وہ تمام چیزیں جو ہم خریدتے ہیں ان کی قیمتوں میں پہلے کے مقابلہ میں بہت اضافہ ہو گیا ہے۔ میں ان کی خدمت میں عرض کروں گا کہ وہ ایک وجہ بھول گئے ہیں اور دیدہ دانستہ بھول گئے ہیں وہ یہ ہے کہ آپ کے افسران کی وشوت اور غبن کی شرح میں خاطر خواہ اضافہ ہو رہا ہے۔ جناب سپیکر اس کی بین مثال یہ ہے کہ انہوں نے ایک Swimming Pool بغیر کسی اجازت کے بنا دیا ہے دوسرے یہ ہے کہ یہ کیو—۲۸ کوارٹرز کی کیٹیگری ہے۔ اس میں دو کمرے ہوتے ہیں . . . .

**Mr. Speaker**: Is this item included in the Project Statement?

**مسٹر حمزہ** - دراصل یہ محکمہ ریلوے کے شائع کردہ تخمینہ جات میں شامل ہیں جو وہ آئیندہ سال خرچ کر رہے ہیں - اس میں ضروری تفاصیل دی گئی ہیں - اور ان سے پتہ چلتا ہے کہ یہ رقومات کو کس طرح ضائع کرتے ہیں اور اس چیز سے پتہ نہیں چل سکتا فرق صرف اتنا ہے - جناب سپیکر - ۴۲۸ پنکھے لاہور کے لئے اور ۴۰۶ پنکھے کسی دوسرے شہر کے لئے ہیں - میرے پاس شہروں کے نام نہیں ہیں - ۴۲۸ پنکھوں کے لئے ۱ لاکھ ۱۶ ہزار روپیہ کی گنجائش رکھی ہے اور ۴۰۶ پنکھوں کے لئے ۱ لاکھ ۱۰ ہزار روپیہ کی گنجائش رکھی ہے - پہلا شہر کراچی ہے اور دوسرا شہر لاہور ہے - کراچی میں فی پنکھے پر ۲۷۱ روپے خرچ آتا ہے - اور لاہور میں فی پنکھے پر ۲۷۰ روپے خرچ آتا ہے - اور جہاں تک مجھے علم ہے خوردہ فروش فی پنکھا تقریباً ۱۷۵ روپے میں فروخت کرتے ہیں - محکمہ ریلوے اتنی بڑی مقدار میں تھوک پنکھے خریدتی ہے لازماً ان پر ان کا خرچ ۱۶۰ روپے سے زیادہ کسی صورت میں نہیں ہونا چاہیئے - اگر ہم محکمہ کی بد اعتدالیوں، بدعنوانیوں اور رشوت ستانیوں کا اندازہ لگائیں تو ایک ایک پنکھے پر خرچ ایک سو روپیہ ناجائز اور زائد ہوتا ہے اور وہ روپیہ عوام کا ضائع ہوتا ہے -

جناب والا - ایسے ہی آئیٹم نمبر ۸۱۴ میں کراچی میں ۲۰۰ کوارٹروں میں بجلی لگوانے کی گنجائش رکھی ہے یہ دو کمرے کے کوارٹرز ہوتے ہیں - یہ کیو—۲۸ ہیں - ان پر ۲ لاکھ ۲۰ ہزار خرچ کرنے کی گنجائش رکھی گئی ہے ان کی electrification کے لئے ۸۰۸ روپیہ فی کمرہ خرچ آتے ہیں -

**مسٹر سپیکر** - حمزہ صاحب ان کا حوالہ جلدی دے دیجئے دراصل یہ ڈیمانڈ نمبر ۵ کے متعلق ہیں -

**مسٹر حمزہ** - جناب والا - ڈیمانڈ نمبر ۵ New Expenditure کے متعلق ہے اس پر بحث ہو سکتی ہے جتنا مطالبہ زر ہے وہ اس میں بھی شامل ہے - ہم نے جو رقومات خرچ

کرنی ھیں اور یہ تمام پراجیکٹ جن کا اس میں بھی ذکر ھے ۔ وہ محض ۱۹۶۶-۶۷ء کے لئے ھے اور ۵ سالہ منصوبے کے مطابق ھے .....

**مسٹر سپیکر** - پراجیکٹ سٹیٹمنٹ جو دی گئی ھے وہ علیحدہ ڈیمانڈ ھے ۔ اس کے متعلق ریزولیوشن پیش ھوا ھے ۔ یہ آئٹم strictly relevant ھو گی ۔

**مسٹر حمزہ** ۔ جناب ۔ سپیکر میں عرض کرتا ھوں کہ اس میں یہ رقومات شامل ھیں لیکن ان میں اتنی تفصیل نہیں دی گئی ۔ آخر یہ کس طرح گلچھڑے اڑا رھے ھیں ان کی کارکردگی کا اندازہ لگانے کے لئے اس document سے اندازہ لگانا پڑتا ھے ۔ (اگر میں غلطی پر ھوں تو معافی چاھتا ھوں کہ میں نے دو تین منٹ ضائع کئے ھیں ۔

جناب سپیکر ۔ میں عرض کر رھا تھا کہ آئٹم نمبر ۸۳۶ میں Works chargeable to improvement funds کا جو heading ھے وہ یہ ھے ۔

Works included in the A. D. P. for the year 1965-66 but not taken in hand due to emergency.

اب اس میں انہوں نے سٹاف کوارٹرز کی گنجائش رکھی ھے لیکن آئٹم نمبر ۸۳۶ میں بھی اس کا ذکر ھے ۔ پھر آئٹم ۸۴۳ میں بعینہ یہ آئیٹم پھر درج ھے ۔ اس میں بھی لکھا ھے کہ —

Works included in the A. D. P. for the year 1965-66 but not taken in hand due to emergency.

ایک ھی قسم کا کام دو جگہ پر درج ھے ۔ مجھے سمجھ نہیں آتا کہ یہ لکھوکھا روپیہ کی رقم جو ان کاموں کے لئے مختص کی گئی ھے دو جگہوں پر کیوں درج ھے اس سے صاف ظاھر ھے کہ یہ duplication کی گئی ھے ۔ یہ تمام رقم غلط طور پر درج کی گئی ھے ۔ میری معروضات کے پیش نظر جو پراجیکٹ سٹیٹمنٹ پیش کیا گیا ھے اس کے لئے میں جناب وزیر ریلوے سے توقع کرتا ھوں کہ وہ محض افسران کی طرف سے بہم پہنچائی گئی اطلاعات کا سہارا نہ لیا کریں ۔ (وزیر بنیادی جمہوریت کی طرف سے قطع کلامی)

وزیر بنیادی جمہوریت دخل در معقولات دیتے رہتے ہیں وہ اپنے محکمہ کی طرف توجہ دیں ۔ میں آپ سے امید کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو کافی طاقت بخشی ہے آپ اس طاقت اور قوت کو ٹھیک معنوں میں نیک نیتی سے استعمال کریں گے اور اس محکمہ کی کارکردگی کو آئندہ بہتر بنا سکیں گے ۔

**وزیر ریلوے** (ملک محمد حیات خان تمن) ۔ جناب والا آج تک ہم یہ سمجھتے رہے ہیں کہ کوئی اقدام جس سے ہم خود کفیل ہو سکیں اور بیرونی ممالک کی محتاجی سے نجات حاصل کر سکیں وہ ہمارے لئے نہایت ہی اچھا ہے ۔ لیکن آج جناب محمود اعظم فاروقی صاحب جیسے ذہین اور دانشمند ممبر سے سن کر حیران ہوا کہ انہیں اس پر بھی اعتراض ہے ۔ جناب والا ۔ جیسا کہ آپ کو معلوم ہے اور جیسا کہ ہنگامی حالات نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ ایندھن کی ہمارے ملک میں جو کمی ہے ہمارے لئے یہ ایسی محتاجی ہے کہ ضرورت کے وقت کسی موقع پر بھی ہمارا سارا ریلوے سسٹم فیل ہو سکتا ہے ۔ اس لئے اس محتاجی سے نجات حاصل کرنے کے لئے electrification پر زیادہ زور دیا گیا ہے ۔ اور اس کے لئے ہمارے پاس ایک ہی حل ہے ۔ ایک ہی چارہ کار ہے اس محتاجی سے نجات حاصل کرنے کے لئے اور وہ ہے electrification ۔ electrification بغیر کے یہ سسٹم نہیں چل سکتا ۔ اور یہ کبھی نہ کبھی فیل ہوگا اور فیل اس وقت ہو گا جس وقت اس کی ملک اور قوم کو اشد ضرورت ہو گی ۔ اس کے علاوہ ان کی اطلاع کے لئے عرض کئے دیتا ہوں کہ یہ ۱۲ کروڑ چند لاکھ کا اس پر خرچ ہے اور اس میں زر مبادلہ کا ۷ کروڑ کا حصہ ہے ۔ اس میں ۴ کروڑ کے ۲۹ نئے بجلی کے انجن منگائے جائیں گے تو اس لئے جو زرمبادلہ کا خرچ اس سکیم پر ہو گا وہ دراصل تین کروڑ کچھ لاکھ ہے ۔ اس کے بعد حمزہ صاحب نے کیرج فیکٹری کے متعلق ارشادات فرمائے تھے ۔ کیرج فیکٹری ملک کے لئے بہت

(1) Handoo.
(2) Kot Ghazi.
(3) Harbanspura.
(4) Lakho Dhir.
(5) Shadipur.
(6) Imampura.
(7) Kotli Ghazi.
(8) Madsoodupur.
(9) Salamatpura.
(10) Qilla Khozan.
(11) Duripur.
(12) Fateh Garh.
(13) Baghbanpura.
(14) Kotli Abdur Rehman.
(15) Sahowaripur.

*On Tehra Distributary*

(1) Tehra village.

---

PUBLICATION OF PAMPHLET NAMED 'WATER-LOGGING AND SALINITY IN WEST PAKISTAN'

***3261. Chaudhri Idd Muhammad** : Will the Minister of Irrigation and Power be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that a pamphlet named "Water-logging and Salinity in West Pakistan" was published during 1964 by Government in which programme for the protection of the land from Water-logging and Salinity was given ;

(*b*) whether it is a fact that according to the said pamphlet, the Province was divided into some natural regions for making investigation ;

(*c*) whether it is a fact that the report of the said investigation and the acrage location of land affected by water-logging and salinity has been submitted to Government ;

(*d*) if answer to (*a*) and (*c*) above be in the affirmative, the action Government intend to take for the eradication of water-logging and salinity in the Province?

**پارلیمنٹری سیکریٹری** (چودھری امتیاز احمد گل)۔(ا) جی ہاں۔

(ب) جی ہاں۔

(ج) جی ہاں۔

(د) تھور اور سیم کا انسدادی پراجیکٹ نمبر ۱ جو کہ سنٹرل رچنا دوآب میں واقع ہے۔ اور جس کا رقبہ ۱۲ لاکھ ایکڑ ہے پہلے ہی تکمیل پذیر ہو چکا ہے اور اب کام دے رہا ہے۔

پانچ اور منصوبے جو ۳۸ء۴ لاکھ ایکڑ رقبے پر مشتمل ہیں۔ زیر عمل ہیں۔ اس کے علاوہ چھ منصوبے جن کا رقبہ ۵ء۶۵ لاکھ ایکڑ ہے۔ تیسرے پنج سالہ منصوبے میں شامل کئے جائینگے۔

**خان اجون خان جدون** — جناب والا — Water-Logging ایک ایسا مسئلہ ہے کہ اب اس سے پشاور شہر کو خطرہ پیدا ہو گیا ہے اس کے متعلق اگر آپ کے پاس کوئی منصوبہ ہو تو کیا آپ اس کی details بتائیں گے؟

**Parliamentary Secretary:** This supplementary does not arise from this question. Still for the satisfaction of the Member and of the House itself I may add that the Government is aware of this calamity and that best efforts are being made to actually safeguard the cities and lands.

**Khan Ajoon Khan Jadoon:** This supplementary does arise out of this question. It is for the whole of West Pakistan. I wanted to know whether some funds or some schemes, etc., have been prepared.

**Mr. Speaker:** For the whole of West Pakistan or particularly for Peshawar Division?

**Khan Ajoon Khan Jadoon:** Sir, I am asking for Peshawar Division.

**Mr. Speaker:** The member should give fresh notice for that.

## QUESTIONS POSTPONED FROM THE LIST FOR MONDAY THE 6TH JUNE, 1966

### Delay in Granting Electric Connections for Tube-wells

***2019. Chaudhri Muhammad Nawaz:** Will the Minister of Irrigation and Power be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that Messrs. Muhammad Abdullah and Chaudhri Inayat Ullah of Chak No. 8/124, Tehsil Montgomery, submitted Application No. 1106-77, dated the 10th July 1960 to the Executive Engineer, Burewala, fot grant of Electric Connection for Tube-well;

(*b*) whether it is a fact that the said application was forwarded by the said Officer to Superintending Engineer, Electricity, Multan, for approval on 2nd November 1962,—*vide* his office letters Nos. 16288 and 12640;

(*c*) whether it is also a fact that after approving the grant of electric connection the said Superintending Engineer, directed the applicants to purchase Electric Motors for running the tube-well and to intimate such purchases to him and they complied with accordingly;

(*d*) whether it is a fact that no further action was thereafter taken by the Officer concerned and instead the Executive Engineer mentioned in (*a*) above filed the said applications in February 1966;

(*e*) if answer to (*a*) to (*d*) above be in the affirmative, reasons for which the applications were filed and in case the application were filed for no valid reasons whether Government intend to take action against the officials responsible therefor;

(*f*) whether Government have any proposal under consideration to prevent the staff of the Electricity Department from acting arbitrarily and to eleminate the danger of huge loss caused due to delay and the grant of electric connections for tube-wells ?

**Parliamentary Secretary** (Chaudhri Imtiaz Ahmed Gill): (*a*) No, but the applications were given to A. R. E., Burewala, who forwarded to XEN., Burewala.

(*b*) Yes, but the numbers quoted are not entirely correct.

(*c*) No, the cases were returned by the S. E. unapproved, -*vide* his No, 2077, dated 8th August 1962, being financially unjustified. No instructions for the purchase of motors were given to the applicants.

(d) No, the applications were filed in November 1962 being financially unjustified.

(*e*) Does not arise in view of replies given above.

(*f*) Does not arise as the application are required to complete their installations after the receipt of demand notice which in this case was never issued. The Department is, therefore, not responsible for the investments made by the applicants.

**چودھری محمد نواز**—جناب والا۔ میں آپ کی اطلاع کے لئے عرض کرتا ہوں کہ یہ جو سوال کا جواب دیا گیا ہے یہ بالکل غلط ہے میں اس کی back ground عرض کرتا ہوں جولائی سنہ ۱۹۶۰ میں جس وقت ان دونوں صاحبان نے درخواست دی تو اس وقت انہوں نے درخواستوں کے ساتھ پانچ پانچ سو روپے دئے اور طے یہ ہوا کہ ایک ایک ہزار روپے بقایا وہ ان سے بعد میں لیں گے۔ لیکن زمینداروں کی یہ ڈیمانڈ تھی کہ پہلے اس لائن کو مکمل کر دیا جائے پھر ہم دیں گے لیکن محکمہ کے عملہ کی ڈیمانڈ یہ تھی لائن بعد میں لگائیں گے پہلے ہمیں روپیہ دیا جائے، جس کے لئے میرے پاس اتنا مواد ہے اور اتنی چٹھیاں ہیں کہ اگر منسٹر صاحب دیکھنا چاہیں تو انکی تسلی کے لئے میں اس ایوان میں پیش کرنے کے لئے تیار ہوں۔ جناب والا—

**مسٹر سپیکر**—چودھری صاحب آپ اس کو سپلیمنٹری question کی شکل دیں۔

**چودھری محمد نواز**—جناب میں عرض کرتا ہوں یہ جو سوال ہے اسے پچھلی دفعہ postpone کرایا گیا تھا کہ اس پر ہاؤس میں discussion ہو جائے اور منسٹر صاحب کے علم میں یہ بات آ جائے کہ

ان غریب زمینداروں کا خون کس طرح سے چوسا جا رہا ہے میں بھی A.R.E. کے پاس گیا اور ریکارڈ دیکھا - - - - - -

**مسٹر محمود اعظم فاروقی** - پوائنٹ آف آرڈر - جناب والا - یہ منسٹر صاحب پر الزام لگا رہے ہیں کہ ان کی مرضی کے بغیر خون چوسا جا رہا ہے -

**چودھری محمد نواز** - جناب والا - میں بورے والا گیا اور میں نے ریکارڈ دیکھا اور یہ تاریخیں جو میں نے دی ہیں یہ میں نے وہاں سے نوٹ کرکے دی ہیں - میرے پاس فائل موجود ہے جس میں میں نے نوٹ کی تھیں اس کے بعد ان کا یہ کہنا کہ S.E. نے اجازت نہیں دی غلط ہے میں یہ ثابت کرنے کے لئے تیار ہوں کہ S.E. نے ہر لائن کی تکمیل کرنے کی اجازت دی ہے لیکن محض روپیہ نہ ملنے کی وجہ سے اس کو معرض التوا میں ڈال دیا گیا ہے -

**مسٹر ڈپٹی سپیکر** - چودھری صاحب - - - - -

**چودھری محمد نواز** - آپ مجھے دو منٹ کے لئے سن لیں جب سنہ ۱۹۶۵ء میں الیکشن ہو رہا تھا ان کے آدمی روپیہ لینے کے لئے ان لوگوں کے پاس آئے تو وہ لوگ میرے پاس آئے اور مجھ سے پوچھا تو میں نے کہا کہ الیکشن ختم ہونے دو میں آپ کے ساتھ چلوں گا، چنانچہ میں ان کے ساتھ گیا اور سارے واقعات جو درج کئے گئے ہیں وہ بالکل صحیح ہیں، اب چونکہ انہوں دیکھا کہ کھیل بگڑ گیا ہے اس لئے انہوں نے ante date کرکے یہ figures دی ہیں یہ غلط ہیں - میں منسٹر صاحب سے درخواست کرتا ہوں کہ ان کے خلاف تحقیقات کی جائے اور action لیا جائے -

**وزیر آبپاشی و برقیات** (ملک خدا بخش) - میں معزز ممبر کو یقین دلاتا ہوں کہ وہ مجھے کوائف دے دیں - میں یقیناً ذاتی طور پر اس کی تفتیش کرونگا اور action لوں گا -

---

WATER DISCHARGE CAPACITY OF LOWER BARI DOAB CANAL.

*2031. **Chaudhri Muhammad Nawaz** : Will the Minister of Irrigation and Power, be pleased to state :—

(a) the water discharge capacity in cusecs of Lower Bari Doab Canal ;

(b) whether the present supply of water in the said canal is sufficient for irrigation of the area commanded by the said canal ; if not, whether there is any scheme under consideration of Government to increase the capacity of the said canal ;

(*c*) the procedure adopted for Wara Bandi of water in the Lower Bari Doab Canal which emanates from Balloki Headworks and the principle kept in view for the Wara Bandi ;

(*d*) whether it is a fact that some area of Chichawanti Sub-Tehsil has been included in Khanewal Canal Sub-Division ;

(*e*) if answer to (*d*) above be in the affirmative, whether it is a fact that due to the fact mentioned in (*d*) above, the people of the said area are facing difficulties if so, whether Government would consider the advisability of attaching the said area to the Montgomery Division?

**Parliamentary Secretary** (Chaudhri Imtiaz Ahmed Gill) : (*a*) 8,650 Cusecs.

(*b*) The present supply of water in Lower Bari Doab Canal is sufficient for the irrigation of the commanded area. There is, however, a scheme for enlarging the capacity for the present to 9,000 for reclamation, Grow More Food, bara scheme and plantation.

(*c*) The basic principle of Rotational Programme is to distribute the available supply on a uniform and equitable basis to all the off-taking channels, and the same procedure is adopted.

(*d*) Yes.

(*e*) Government are not aware of any difficulty being faced by the people as Chichawatni Sub-Tehsil was included in Khanewal Sub-Division in the year 1948 and is continuing since then.

There is no proposal under consideration to transfer the said area to Montgomery Division.

**چودھری محمود فراز**—جناب میں نے پچھلے سال اسی سیشن میں یہ سوال دیا تھا کہ سب ڈویژن چیچا وطنی جو کہ خانیوال ڈویژن محکمہ نہر کے ساتھ منسلک ہے ، وہاں کے لوگوں کی تکلیف کے پیش نظر منٹگمری ڈویژن کے ساتھ لگا دیا جائے تو میں عرض کرتا ہوں کہ کیا پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب یہ فرمائیں گے کو اس تجویز کو انہوں نے فائنل کر دیا ہے یا معرض التوا میں رکھا ہے ۔

**Parliamentary Secretary**: That is of course lying with us. I assure the Member that we will examine and act accordingly.

---

LOWER BARI DOAB CANAL

***2407. Chaudhri Muhammad Nawaz :** Will the Minister of Irrigation and Power, be pleased to state :—

(*a*) the capacity of water in cusecs of Lower Bari Doab Canal at the time of the completion of the Project ;

(*b*) whether any alterations in the capacity of water in the said canal have been carried out after the completion of original Project ; if so, details thereof ;

(*c*) the capacity of water in cusecs of the said canal during 1965-66 in the Rabi and Kharif seasons and in case there be any difference ; reasons therefor ;

(*d*) whether it is a fact that there is a shortage of water-supply in the said canal resulting in considerable damage to the crops ;

(c) if answer to (d) above be in the affirmative, whether the question of enhancing the capacity of the said canal has been considered, if so, result thereof;

**Parliamentary Secretary** (Chaudhri Imtiaz Ahmed Gill): (a) 6,750 cusecs.

(b) Yes, details have been incorporated in the statement a copy of which is placed on the table of the House.*

(c) 8,650 cusecs. No difference.

(d) There was some shortage of water-supply during Rabi 1965-66 but there was not much damage to crops.

(e) The question of enhancing the capacity of canal has been under consideration. It is proposed to enhance its capacity to 9,000 cusecs for the present.

**چودھری محمد نواز**—جیسا کہ جواب (ای) میں درج کیا گیا ہے کہ پانی کی قلت تھی لیکن فصلوں کو زیادہ نقصان نہیں پہنچا میں پارلیمنٹری سیکریٹری صاحب کی اطلاع کے لئے اپنے ذاتی تجربہ کی بنا پر یہ عرض کئے دیتا ہوں کہ جہاں بھی گندم کی average ۲۰ من نکلتی تھی اس سال جیسا کہ میری ذاتی اپنی زمین میں ہوا پانی کی کمی کی وجہ سے ۵ من نکلی ہے۔

**پارلیمنٹری سیکریٹری**—میں نے جواب میں یہ نہیں کہا کہ کوئی نقصان نہیں پہنچا میں نے کہا ہے کہ یقیناً نقصان پہونچا ہے لیکن زیادہ نقصان نہیں پہونچا ہے۔ فاضل ممبر اس کو اچھی طرح جانتے ہیں ماشاءاللہ وہ زمیندار ہیں۔ میں انکی اطلاع کے لئے عرض کر دوں کہ اس سال بارشیں کم ہونیکی وجہ سے گندم کی فصل جہاں کہیں بھی ہوئی ہے وہ اتنی نہیں ہوئی ہے جتنی کہ ہوا کرتی تھی تو ان حالات کی بنا پر اگر کسی کھیت میں گندم کم نکلی تو اس کی وجہ یہ نہیں ہے۔

## WEST PAKISTAN BUDGET (GENERAL) 1966-67

### DISCUSSION ON THE GENERAL BUDGET AS A WHOLE

**Mr. Speaker:** The House will now have discussion on the General Budget 1966-67 as a whole Mr. Mahmood Azam Farooqi.

**مسٹر محمود اعظم فاروقی** (کراچی -۸)—جناب والا۔ میں آپ کے توسط سے سب سے پہلے وزیر مالیات کا شکریہ ادا کرونگا کہ انہوں نے اس سال اس ملک کے اس صوبے کے ۵ کروڑ عوام کو کسی نئے ٹیکس سے محفوظ رکھا اور میں بے شک ان کو اس کام پر مبارکباد دونگا۔

**مسٹر سپیکر**—فاروقی صاحب آپ ذرا ٹھہر جائیں۔

*Please see Appendix VIII at the end.

جو صاحبان بجٹ کی عام بحث میں حصہ لینا چاہتے ہیں وہ اپنے اپنے نام سیکریٹری اسمبلی کو دے دیں تاکہ اس طرح ٹائم regulate کیا جا سکے اور turn کے مطابق بھی کچھ فیصلہ کیا جا سکے -

**مسٹر محمود اعظم فاروقی**- جناب میں عرض کر رہا تھا کہ وزیر مالیات کے شکریہ کے بعد میں بے شک ان کو مبارک باد بھی دینا چاہتا ہوں کہ انہوں نے صوبے کے تمام اخراجات کو اس کی آمدنی کے اندر محدود رکھنے کی کوشش کی ہے اور بڑی خوش اسلوبی کے ساتھ اخراجات کو متوازن کیا ہے - اس میں شک نہیں کہ ترقیاتی خرچ میں اس بار پھر گزشتہ سالوں کی طرح قرضوں اور بیرونی قرضوں کا کثیر دباؤ ہے اور اسی پر ہمارا اعتراض مستقل ہے اس پر میں کسی اور موقع پر گفتگو کروں گا اور میں وزیر مالیات اور ان کے عملے کے افسران کو بھی مبارکباد دیتا ہوں کہ انہوں نے بجٹ کے مختلف کاغذات کو بڑی خوبصورتی سے مرتب کرکے ہمارے سامنے پیش کیا اور بالخصوص وائٹ پیپر یعنی قرطاس ابیض میں پچھلی ڈگر سے ہٹ کر اس میں تنوع اور اپج پیدا کرنے کی کوشش کی گئی ہے اور یہ بڑی مفید ثابت ہوئی ہے اور میرے جیسے کم فہم آدمی کے لئے بھی بجٹ کو سمجھنے میں سہولت پیدا ہو گئی ہے پھر اس میں دیئے ہوئے مختلف diagrams and graphs بڑے ہی مفید اور بڑھنے معلومات افزا ہیں میں توقع کرتا ہوں کہ ہر معزز ممبر اس سے استفادہ کرے گا -

جناب والا کسی ملک یا کسی ملک کے کسی حصے کا بجٹ صرف اعداد و شمار کا مجموعہ ہی نہیں ہوتا کہ جمع تفریق کرکے اس میں خسارے اور بچت کی رقم نکال لی جائے - بجٹ دراصل قوم کی امنگوں کا مظہر اور اس کے اصولوں کو منظر عام پر لانے والی دستاویز ہوتا ہے اور جب بجٹ پر بحث شروع ہو تو یہ دن دراصل یوم حساب ہے ان لوگوں کا جو اس ملک کے نظم و نسق کے ذمہ دار ہیں اور ان لوگوں کا جو اس ملک کے خزانوں پر قابض ہیں قوم اپنے کھیت کا دانہ دانہ اور اپنی کمائی کا پیسہ پیسہ قومی خزانے میں جمع کرتی ہے اور صرف زمین کے اوپر کے خزانے نہیں بلکہ زمین کے نیچے کے خزانے بھی ہم جن لوگوں کے ہاتھوں میں دیتے ہیں ہم کو ان سے یہ پوچھنے کا حق

حاصل ہے کہ آپ نے اس خزانے کو کس طرح استعمال کیا۔ قوم کو ان سے یہ پوچھنے کا حق حاصل ہے کہ جو اختیارات ملک میں نظم و نسق قائم کرنے کے لئے عدل و انصاف کرنے کے لئے آپ کو دئیے گئے تھے - آپ نے ان کو کس طرح استعمال کیا - آج اس ملک کے پانچ کروڑ عوام کو اپنے نمائندوں کی زبان سے آپ سے یہ پوچھنے کا حق حاصل ہے کہ ہمیں یہ بتائیے کہ ان بیشمار قاتلوں کا جنہوں نے دن دھاڑے بے گناہ انسانوں کا خون کیا ان کا آج تک پتہ کیوں نہیں چل سکا اور وہ کہاں ہیں میں آج آپ سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ بتائیے کہ وہ معصوم بچے جو اپنے گھر کی گلیوں کے سامنے کھیلتے کھیلتے آسمان اور زمین کے درمیان غائب ہو گئے - جنکی مائیں صبح سے شام اور شام سے صبح اسی انتظار میں گزار دیتی ہیں کہ ان کے بچے واپس آئیں گے لیکن وہ واپس نہیں آئے اور ماؤں کی گودیں بھری نہ جا سکیں - اس کا ذمہ دار کون ہے ان مجرموں کا پتہ کیوں نہیں چل سکا میں آج ان لوگوں سے جو ملک میں نظم و نسق قائم کرنے کے ذمہ دار ہیں پوچھنا چاہتا ہوں کہ وہ بتائیں کہ وہ میری عفت مآب بیٹیاں اور بہنیں جو سکول جاتے ہوئے اور سکول سے آتی ہوئیں دن کی روشنی میں اغوا کی گئیں ، جن کے آبگینہ عصمت کو توڑا گیا ان کے ملزمان کہاں ہیں - وہ کس کے سایہ عاطفت میں چھپے ہوئے ہیں کہ آج تک ان کا پتہ نہ چل سکا کہ وہ کہاں ہیں - اس ملک کے نظم و نسق کے ذمہ دار آپ ہیں، میں آپ سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ آج پورے صوبے میں دفعہ ۱۴۴ کا نفاذ کیوں ہے ، آج پورے صوبے میں عوام کی آواز پر تالے کیوں پڑے ہوئے ہیں ، آج ہمیں بولنے کی اپنی بات کہنے کی کیوں اجازت نہیں ہے میں آپ سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ لاہور اور ملتان کی سڑکوں پر میرے وہ بچے جو شہید ہوئے ان کے خون کی ذمہ داری کس کے سر پر ہے - وہ بچے جن کی بوڑھی ماؤں کے آنسو ابھی تک پایہ عرش پر لرزاں ہیں اور جن کی دبی ہوئی سسکیوں سے اس صوبے کی فضا مرتعش ہے اور جو بوجھل ہے ، ان بچوں کے خون سے کس کے ہاتھ رنگے ہوئے ہیں - کس کے دامن رنگیں ہیں اور وہ کون سی آستینیں ہیں جن سے ان معصوم بچوں کے خون کے قطرے آج بھی ٹپک رہے ہیں جناب والا - میں ان سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ جو بچے لاہور اور ملتان میں شہید کئے گئے ہیں ان کا جرم کیا تھا کیا ان کا

جرم صرف اتنا نہیں تھا کہ جب وہ اپنے ملک اور قوم کی خاطر دین و ملت کی خاطر جان دینے والے شہدا کو یاد کر رہے تھے تو اس وقت ان شہدا کی لاشوں پر بیٹھ کر ارباب حکومت نے امن کا ایک معاہدہ کیا ۔ ان کو اس سے اختلاف تھا قوم کے بیشمار افراد کو اس سے اختلاف تھا ، کیا آپ یہ سمجھتے ہیں کہ جو بھی آپ کام کریں جو بھی قدم اٹھائیں تو کیا اس سے سارے ملک کا متفق ہونا ضروری ہے ؟ اگر قوم متفق نہ ہو تو آپ کو یہ حق کس نے دیا کہ ان بندوقوں کی گولیوں کو جو دشمنوں کے لئے آپ کے ہاتھ میں دی گئی ہیں آپ ان سے ہمارے سینوں کو چھلنی کریں ، میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ اس قدر چھوٹی سی حزب اختلاف کے قائد یعنی خواجہ محمد صفدر کو اور ملک کے بیشمار سیاسی رہنماؤں کو آج جیلوں میں ان کو قید و بند کی زندگی گزارنے پر کیوں مجبور کیا گیا ہے ۔ کیا ان کا جرم صرف اتنا ہی نہیں تھا کہ انہوں نے اس امن کے معاہدے سے اختلاف کیا اور وہ معاہدہ جس کے بارے میں آج آپ بھی کہتے ہیں کہ وہ بے نتیجہ تھا اور اس سے کچھ حاصل نہیں ہوا ۔

**Mr. Speaker** : There should be no reference about the foreign policy.

**مسٹر محمود اعظم فاروقی**—بہت بہتر جناب۔

**Mr. Speaker** : This is not the proper forum for that.

**مسٹر محمود اعظم فاروقی**۔ جناب والا۔ میں فارن پالیسی پر گفتگو نہیں کر رہا بلکہ ملک میں اظہار رائے پر جو پابندیاں ہیں ان کے متعلق کچھ عرض کر رہا ہوں ۔

**Mr. Speaker** : The member was aiming at that.

**مسٹر محمود اعظم فاروقی**—تو جناب والا۔ میں عرض کر رہا تھا کہ اس صوبے میں اظہار رائے پر اور بات کرنے پر جو پابندیاں لگائی گئی ہیں ان کے توڑنے والوں کو جیل اور تلواروں کی سزا کیوں دی جاتی ہے ۔ اس کا ذمہ دار کون ہے ۔ آج ہمارے بنیادی حقوق کیوں سلب ہیں یعنی وہ بنیادی حقوق جو ایک انسان کو ماں کے پیٹ سے پیدا ہوتے ہی ملتے ہیں ۔ وہ حقوق جو اس دنیا میں ایک متمدن ملک اور ایک مہذب حکومت کے شہریوں کا پیدائشی حق ہیں ۔ وہ حقوق جو خود آپ نے اپنے بنائے ہوئے دستور میں اپنے ہاتھوں سے اس ملک میں نافذ کئے ہوئے ہیں ۔ کیا وہ حقوق محض زیب داستان کے لئے داخل

کتاب ہیں اور پھر آپ نے اپنی ہی مرضی سے ان کو خارج کتاب بھی کر دیا ۔ یہ آخر کیوں ؟ کیا اس ملک میں لوگوں کو اس بات کا حق نہیں ہے کہ وہ آپ سے اختلاف کریں اور اختلاف کا اظہار کر سکیں ۔

**وزیر بنیادی جمہوریت و سماجی بہبود** (میاں محمد یاسین خان وٹو)۔ یہ جو بنیادی حقوق کی suspension کے بارے میں کہا گیا ہے اور جو اس کے متعلق پالیسی ہے وہ مرکز ، حکومت سے تعلق رکھتی ہے ۔

**Mr. Speaker** : Yes the Minister is right.

**مسٹر محمود اعظم فاروقی**۔میں عوام کی آزادی کی بات کر رہا ہوں ۔ تو جناب والا ۔ یہ ہیں ملک کے حالات جن پر اظہار رائے کرتے ہوئے اور ملک کے افسوسناک حالات کو سامنے رکھتے ہوئے اور ان پر گفتگو کرتے ہوئے جب مجھے آپکے بجٹ کو دیکھنے کا موقعہ ملا اور میں نے اس کو دیکھا تو میں یہ محسوس کئے بغیر نہ رہ سکا کہ اس کے پیچھے نہ فکر ہے نہ کسی منزل کیطرف جانے کی سوچ ہے ۔ ایسا مجھے محسوس ہوا کہ جن لوگوں نے اس کو مرتب کیا ہے انہیں نہ تو اپنا ماضی یاد ہے اور نہ ہی اپنی منزل کی خبر ہے نہ ان کو یہ یاد ہے کہ وہ کہاں سے چلے تھے اور نہ ان کو یہ یاد ہے کہ انہیں کہاں پہنچنا ہے ۔ جناب والا ۔ آپ کا دستور ضمانت دیتا ہے اس بات کی کہ آپ کے ملک کے لوگوں کو اسلام کے مطابق زندگی بسر کرنے کے قابل بنایا جائیگا ۔ میں جب اس ضمانت کی روشنی میں آپ کے بجٹ کو دیکھتا ہوں تو میں یہ کہے بغیر نہیں رہ سکتا کہ جس میزانیے میں سود کی آمدنی اور خرچ کی رقم موجود ہو ، جس میزانیے میں شراب اور افیون کے اخراجات ہوں ۔ جس میں ناچ و رنگ کو قائم رکھنے والی اور ناچ و رنگ کی محفلوں کو فروغ دینے والے اداروں کے لئے grants موجود ہوں تو اس کے بارے میں یہ کہنا کہ یہ دستور کسی اسلامی ملک کا دستور ہے یا یہ بجٹ کسی ایسے ملک کا بجٹ ہے جو اسلامی ملک کہلاتا ہو اور جو یہاں اسلامی دستور نافذ کرنے کا دعوے دار ہو تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ دستور کا اور اسلام کا منہ چڑانا ہے تو یہ ایسی باتیں ہیں کہ جنکو دیکھ کر میں اپنے جذبات پر قابو نہ پا سکا کہ جس بجٹ میں آپ ناچ و رنگ کو فروغ دینے والے اداروں کے لئے ہزاروں روپے کی رقم مختص کرتے ہیں اسی بجٹ میں آپ نے دینی مدرسوں کے لئے

چند سو روپے دیئے ہیں اور یہ چند سو روپے دیکر آپ یہ سمجھتے ہیں کہ آپ اپنے دینی فریضہ سے بری الذمہ ہو گئے ۔ میں یاد دلاتا ہوں وزیر مالیات کو کہ ابھی چند دن ہوئے انہوں نے میرے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے فرمایا تھا کہ ہم جو سود دیتے ہیں ترقیاتی خرچ کے اوپر یہ وہ سود نہیں ہے جس کو اسلام نے منع کیا ہے ۔ میں آپ کی خدمت میں عرض کروں گا ۔ آپ خدا کے فضل سے مسلمان ہیں اور بڑے اچھے مسلمان ہیں ، حاجی ہی نہیں بلکہ الحاج ہیں ۔ میں آپ کی خدمت میں بڑے ادب سے عرض کرونگا کہ آپ کو یہ کس نے بتایا ہے ، کس مفتی نے آپ کو یہ بتایا ہے کہ یہ سود جو ہے اسے لینا اور دینا حرام نہیں ہے ۔ میں کہتا ہوں آپ مجھ سے نہ پوچھیں ۔ آپ ان پیروں سے پوچھیں جو آپ کے در پر جبہ سائی کرتے ہیں، ان علماء سے پوچھیں جو آپ کے اشاروں پر ناچتے ہیں ۔ آپ اپنی اس اسلامی مشاورتی کونسل سے پوچھیں ، جسے خود آپ نے اپنے ملک میں قائم کیا ہے ۔ کہ وہ اس سود کے بارے میں کیا کہتے ہیں ۔ میں جانتا ہوں کہ اسلامی مشاورتی کونسل اس سود کی حرمت کے بارے میں آپ کو متنبہ کر چکی ہے ۔ مجھے اس کا احساس ہے کہ اس معاشی نظام کو ختم کرتے کرتے وقت لگے گا ۔ یہ نظام راتوں رات تبدیل نہیں ہو سکتا ۔ لیکن آپ حق گوئی سے تو کام لیں ۔ اپنی غلطی کو مان تو لیں ۔ یہ کوئی طریقہ نہیں کہ آپ غلطی بھی کریں اور اس کے جواز کیلئے دلائل بھی لائیں ۔

ع چہ دلاور است دزدے کہ بکف چراغ دارد

جناب والا ۔ دستور میں ہم یہ دیکھتے ہیں کہ اس ملک کے لوگوں کو بنیادی ضروریات زندگی فراہم کرنے کی ذمہ داری حکومت کی ہے ۔ بنیادی ضروریات زندگی کیا ہیں ایک تو انسان کے جسم و جان کے رشتہ کو قائم رکھنے کے لئے غذا ہے ، دوسرے موسم کے سرد و گرم سے محفوظ رکھنے کے لئے لباس ہے ، تیسرے سورج کی تپش اور رات کی سردی سے بچانے کے لئے مکان ہے ۔ اور چوتھے صحت کو ٹھیک رکھنے کے لئے طبی امداد ہے ۔ یہ ہیں انسان کی بنیادی ضروریات زندگی، جن کو مہیا کرنا اس حکومت کا ہی نہیں بلکہ ہر متمدن اور مہذب حکومت کا فرض ہے ۔ وقت کم ہے اسلئے میں ان میں سے صرف ایک پہلو سے اس بجٹ کا جائزہ لونگا کہ یہ اس کو کہاں تک پورا

کرتا ہے - میں صرف طبی امداد کے سلسلہ میں بات کرونگا - طبی امداد یعنی انسان کی بیماری کو دور کرنے کیلئے دوا اور اسے علاج بہم پہنچانا ایک بنیادی ضرورت ہے - یہ ضرورت غذا سے زیادہ اہم ہے ، لباس سے زیادہ اہم ہے ، گھر سے زیادہ اہم ہے ، اگر کسی کو گیہوں میسر نہیں آتا تو وہ پتے کھا کر گزارہ کر سکتا ہے ، لیکن اگر وہ بیمار ہو ، اگر اس کی صحت جواب دے رہی ہے ، اگر اس کے قوا قابو میں نہ ہوں تو ہزاروں ایکڑ لہلہاتے ہوئے کھیت ، بیش قیمت سے بیش قیمت لباس - عالیشان سے عالیشان محل ، اس کیلئے بے کار ہیں، اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ طبی ضرورت ایسی بنیادی ضرورت ہے جس سے زیادہ قدروقیمت والی چیز انسانی زندگی میں کوئی دوسری نہیں - آپ کے بجٹ میں طبی امداد کیلئے کل ۷ کروڑ ۶ لاکھ کی رقم رکھی گئی ہے - یہ رقم اس آمدنی کے بعد ہے - جو طبی شعبوں سے آپ کو حاصل ہوتی ہے - اس صوبہ کی ۵ کروڑ آبادی کیلئے آپ نے ۷ کروڑ ۶ لاکھ کی رقم رکھی ہے ، یعنی فی کس سالانہ ایک روپیہ چالیس پیسے کا خرچ آپ کے پیش نظر ہے - اس ایوان کے بہت سے اراکین میرے سامنے بیٹھے ہوئے ہیں ، وزراء صاحبان بیٹھے ہوئے ہیں ، میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ ایک روپیہ چالیس پیسے ایک انسان کی طبی امداد کیلئے ایک سال میں خرچ کرنے کا منصوبہ کس ملک میں اس سے طبی امداد فراہم کر سکتا ہے - اپنے گھر میں اپنے بجٹ کا جائزہ لیجئے ایک بیمار کیلئے ایک دن کیلئے یہ رقم کافی نہیں ہے اور آپ ایک شخص کیلئے ایک سال کیلئے یہ گنجائش رکھتے ہیں یا تو آپ ملک کے حالات سے با خبر نہیں ہیں اور یا یہ خبر رکھنے کے باوجود آپ نے اپنے فرائض سے مجرمانہ غفلت کی ہے - پھر آگے چلئے اس صوبہ میں کل ۶ میڈیکل کالج ہیں - جن میں سے ۳ وہ ہیں جنہیں انگریزوں نے دور غلامی میں اس صوبہ میں جاری اور قائم کیا تھا - اس کے بعد ملک آزاد ہوا - بدنام سیاستدانوں نے اپنے دس سالہ دور حکومت میں ان میں دو میڈیکل کالجوں کا اضافہ کیا - پھر آپ کی رفاہی حکومت آئی آپ کی انقلابی حکومت کا دور شروع ہوا آپ نے پچھلے ۸ سال میں ان میں ایک کالج کا اضافہ کیا ہے - اور آج سے ۱۹۷۰ء تک کے اس منصوبہ میں کسی مزید میڈیکل کالج کی گنجائش نہیں ہے - یہ ۶ میڈیکل کالج آپ کو معلوم ہے پورے سال میں ۶۰۰ ڈاکٹر پیدا کرتے ہیں ، اگر آپ اس بات کی گنجائش رکھیں اور

اس حقیقت کو مدنظر رکھیں کہ بہت سے ڈاکٹر ملک چھوڑ کر چلے جاتے ہیں - پھر وہ بھی بہرحال انسان ہیں ، ان میں سے بعض انتقال بھی کر جاتے ہیں تو آپ کے صوبہ کی ڈاکٹروں کی ٹیم میں سالانہ ۵ صد افراد کا اضافہ ہوتا ہے - اس وقت آپ کے ملک میں ۹۷۰۰ ڈاکٹر ہیں - دوسرے الفاظ میں ہر ۵۳۰۰ اشخاص کے لئے صرف ایک ڈاکٹر آپ کے پاس موجود ہے - صوبہ کی طبی امداد کی حالت یہ ہے کہ ۵۳۰۰ افراد کے لئے ایک ڈاکٹر موجود ہے ، اور ڈاکٹروں کی اس ٹیم میں ۵ صد سالانہ کا اضافہ ہوتا ہے - اس کے باوجود بھی آپ کے سامنے کوئی منصوبہ نہیں ہے کہ آپ ڈاکٹر پیدا کرنے کے لئے مزید کالج کھولیں - پھر آپ کے جو موجودہ ہسپتال ہیں ، ان کی حالت یہ ہے کہ بے شمار ہسپتالوں میں دوا کی جگہ پانی دیا جاتا ہے - ڈاکٹروں کی جگہ وارڈ اٹنڈنٹ کام کرتے ہیں ، کیا آپ کو معلوم ہے کہ کراچی کے سول ہسپتال میں جو کراچی کا سب سے بڑا سول ہسپتال ہے اکثر اوقات ڈاکٹروں کی جگہ وارڈ اٹنڈنٹ مریضوں کے زخموں میں ٹانکے لگاتے ہیں - ایسے واقعات اخبارات میں موجود ہیں - آپ کو پورے صوبے میں ۱۵۰ رورل ہیلتھ سنٹر قائم کرنے تھے اور یہ آپ کا منصوبہ تھا ، لیکن آپ نے صرف ۷۰ سنٹر قائم کئے اور اس پر آپ کو بڑا ناز ہے کہ طبی امداد پر آپ اتنا بڑا خرچ کرتے ہیں اور یہ صوبہ کے لئے بہت کافی ہے - ترقیاتی خرچ کو شامل کرنے کے بعد ۱۹۶۵-۶۶ء کے نظرثانی شدہ بجٹ میں آپ نے طبی امداد کے لئے ۱۳ کروڑ ۷۸ لاکھ کی رقم مختص کی ہے - اس کے مقابلہ میں ۱۹۶۶-۶۷ء کے بجٹ میں آپ نے ۱۳ کروڑ ۳۸ لاکھ کی رقم مختص کی ہے - اس رقم میں سال بہ سال اضافہ ہونا چاہیئے تھا - میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ وہ کیا حالات تھے ، جن کے پیش نظر آپ نے اس سال طبی اخراجات میں ۴۰ لاکھ کی کمی کر دی ہے ، جبکہ دوسری طرف حالت یہ ہے کہ سول ایڈمنسٹریشن پر آپ نے ۱۹۶۵-۶۷ء میں ۲۵ کروڑ ۲۳ لاکھ خرچ کیا اور ۱۹۶۶-۶۷ء میں ۲۷ کروڑ اور ۵۳ لاکھ خرچ کرنے کا منصوبہ ہے - یہ خرچ ۱۹۶۳-۶۵ء کے مقابلہ میں ۱۳ فیصد زیادہ ہے اور ۱۹۶۵-۶۶ء کے نظرثانی شدہ بجٹ کے مقابلہ میں ۹ فیصد زائد ہے اور ملک کی ریونیو کی کل آمدنی کا تقریباً پانچواں حصہ ہے - اتنا بڑا خرچ سول ایڈمنسٹریشن پر اور اس کے مقابلہ میں وہ جو افادیت بخش محکمے ہیں -

جیسے تعلیم ، صحت اور زراعت یعنی وہ محکمے جو انسان کی ضروریات سے براہراست متعلق ہیں ۔ ان محکموں پر ۱۹۶۵-۶۶ء میں ۸۱ کروڑ ۴۸ لاکھ اور ۱۹۶۶-۶۷ء میں ۸۳ کروڑ ۴۵ لاکھ کا خرچ ہے ۔ یعنی اس میں صرف دو فیصد کا اضافہ ہے ، یعنی وہ محکمے جو کہ انسانوں کی بنیادی ضروریات سے متعلق ہیں ، مثلاً کھیتی ، تعلیم اور صحت وغیرہ اس کے خرچ میں آپ ۲ فیصدی کا اضافہ کرتے ہیں اور سول ایڈمنسٹریشن کے خرچ پر اسی عرصہ میں ۹ فیصدی کا اضافہ ہوتا ہے ۔ دراصل یہ رجحان کا پتہ دیتا ہے بجٹ میں اس خرچ کا اس طرح ہونا آپ کے فکر کا مظاہرہ کرتا ہے ۔ یا تو آپ کو ملک کے عوام سے کوئی دلچسپی نہیں ہے یا ان کے حالات سے آپ اتنے بے خبر ہیں کہ ان کی ضروریات ، ان کے بنیادی مسائل کو حل کرنے کیلئے کوئی خرچ نہیں رکھا گیا ہے اور وہ حکام اور وہ نوکر شاہی جن کے کندھوں پر آپ کا تخت سلطنت آراستہ ہے ۔ انکے خرچ میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے ۔

جناب والا — میں بجٹ کو دیکھ کر حیران ہوں کہ اس میں ملک میں گرانی کو دور کرنے کے لئے ، ملک کے حالات کو سدھارنے کیلئے اور عوام کی زندگی کے مسائل کو حل کرنے کیلئے گنجائش موجود نہیں ہے ۔ کیا آپ کو معلوم نہیں ہے کہ ۱۹۵۹-۶۰ء کے مقابلہ میں اس وقت اخراجات زندگی ۲۳ فیصد زائد ہیں ۔ میں یہ اعداد و شمار خود آپ کے شائع کردہ اعداد و شمار سے مہیا کر رہا ہوں ۔ ۱۹۵۹-۶۰ء میں قیمتوں کا انڈکس ۱۰۰ تھا اور اس وقت ۱۱۹۷۳ یعنی تقریباً ۲۰ فیصد پہلے سے زیادہ ہے ۔ cost of living کا انڈکس ۱۹۵۹-۶۰ء میں ۱۱۰ تھا اور اس وقت ۱۳۶ ہے ۔ اس میں ۲۳ فیصد کا اضافہ ہوا ہے ۔ اس کے مقابلہ میں فی کس آمدنی ۱۹۵۹-۶۰ء میں ۳۱۸ تھی اور اب ۱۹۶۴-۶۵ء میں ۳۵۹ روپے ہے ۔ اس میں ۱۳ فیصدی کا اضافہ ہے ۔ ان اعداد و شمار سے آپ دیکھیں کہ اخراجات زندگی ، جس تیزی کے ساتھ بڑھ رہے ہیں اس تناسب سے اس ملک کے رہنے والوں کی آمدنی میں اضافہ نہیں ہورہا ہے ۔ اس کا تقاضا یہ تھا کہ آپ اپنے بجٹ میں کوئی گنجائش اس بات کی رکھتے کہ لوگوں کی آمدنی میں اضافہ ہو یا کم از کم قیمتوں میں کمی واقع ہو ۔ میرا اشارہ اس وقت اس طرف ہے کہ پچھلے سال گیہوں کے لئے جو رعایت مقرر کی گئی تھی وہ آپ نے واپس لے لی ہے ۔ کیا آپ

کو معلوم ہے کہ اس کا اثر کہاں نہیں پڑے گا - گیہوں جو اس صوبہ کے رہنے والوں کی بنیادی ضرورت ہے۔ اور ان کے cost of living کا جو بنیادی خرچ ہے وہ اس میں شامل ہے - جب رعایت آپ نے اٹھا لی تو قیمت میں اضافہ ہو گیا - cost of living جو پہلی قیمتوں کی بنیاد پر ۲۳ فیصد زائد تھا اب اس میں مزید اضافہ ہو گیا - اس کے مقابلہ میں فی کس آمدنی میں اضافہ کی کوئی توقع نہیں ہے - اگر آپ نے یہ جان بوجھ کر کیا ہے تو میں آپ سے درخواست کروں گا کہ آپ اپنے محلات سے باہر نکلیں اور ذرا عوام میں آئیں اور عوام کے مسائل کو سمجھنے کی کوشش کریں اور ان کے مسائل کو حل کرنے کے لئے اپنے بجٹ میں گنجائش پیدا کریں -

جناب والا — دوسری طرف ترقیاتی خرچ میں قرض دیکھ کر میں حیران ہوں - یہ پچھلے سال کی ۱۷ روزہ جنگ میں آپ دیکھ چکے ہیں کہ بیرونی ممالک نے ہمارے ساتھ کیا معاملہ کیا جو ایڈ آپکو ملنی تھی اس کے لئے Consortium کا اجلاس ایک تاریخ سے دوسری تاریخ کو اور دوسری تاریخ سے تیسری تاریخ تک کو منتقل ہوتا رہا اور جس وقت ہم ٹھیک جنگ کے شباب پر تھے تو اس وقت اسلحہ کی امداد اور اقتصادی امداد سب کچھ روک دی گئی - میں حیران ہوں کہ آپ کا ترقیاتی بجٹ اب بھی ۳۱ فیصد بیرونی قرضوں کے اوپر منحصر ہے - جو پچھلے بجٹ میں بیرونی قرضوں کا تناسب یہ ہے کہ آپ کے قرطاس ابیض کے صفحہ ۲۵ کے مطابق ۱۹۶۵-۶۶ء میں ۱۴۱ کروڑ میں سے ۴۰ کروڑ بیرونی قرضے تھے - جو کل ترقیاتی خرچ کا ۲۸ فیصد ہے - پھر قرطاس ابیض کے صفحہ ۲۷ پر ۱۹۶۶-۶۷ء میں ۱۸۰ کروڑ میں ۵۵ کروڑ روپیے بیرونی قرضے ہے - اس طرح ۱۹۶۵-۶۶ میں اس کا تناسب ۲۸ فیصد ہے اور ۱۹۶۶-۶۷ء میں اس کا تناسب ۳۱ فیصد ہے -

جناب والا— میں یہ عرض کر رہا تھا کہ پچھلی جنگ میں ہم نے بیرونی ممالک کا رویہ بہت اچھی طرح دیکھ لیا تھا اور اس کا تقاضا یہ تھا کہ ہم اپنے اخراجات میں بالخصوص ترقیاتی اخراجات کے منصوبوں میں بیرونی قرضوں پر انحصار کم کرتے لیکن ہم نے پچھلے بجٹ کے مقابلہ میں ۳ فیصد کا اضافہ کر دیا ہے -

جناب والا— ابھی اخبارات میں اعلان ہوا ہے کہ Consortium کا اجلاس ۵ جولائی کو ہو رہا ہے اس میں ہمیں اقتصادی امداد دی جائے گی

ہمارے مرکزی وزیر مالیات اور صوبائی وزیر مالیات بہت خوش ہیں کہ اب ہمارے ترقیاتی اخراجات کامیابی کے ساتھ چلیں گے ۔ کیونکہ ان کی بیرونی امداد بحال ہو گئی ہے ، لیکن کیا آپ کو معلوم ہے کہ بیرونی قرضے آپ کس قیمت پر حاصل کر رہے ہیں ۔ میں پاکستان ٹائمز کا حوالہ دیتا ہوں جس نے ۱۷ جون کو امریکہ کے نیو یارک ٹائمز کے حوالہ سے خبر شائع کی ہے ۔

"Acco ding to the Newspa e s the Unit d States had been prepared to resume aid to Pakistan if he was not increasing her Military Spending."

یعنی Consortium کے اجلاس میں آپ کو قرضے اور امداد کی رقم کی منظوری دی تو جا رہی ہے ، لیکن اس میں یہ شرط لازم ہے کہ پاکستان اپنے دفاعی اخراجات پر اس حد سے زیادہ خرچ نہیں کریگا جو حد امریکہ متعین کرے گا ۔ پارلیمنٹری سیکرٹری فنانس نے مرکزی اسمبلی کے اجلاس میں سٹیٹمنٹ دی ہے کہ بیرونی قرضے کسی strings کے ساتھ نہیں لئے جائیں گے ۔ میں کہتا ہوں کہ ان کو جو قرضے دیئے گئے ہیں ۔ ۔ ۔

**وزیر خزانہ** ۔ اس اخبار میں جس کا آپ حوالہ دے رہے اس میں آپ مسٹر جانسن کی سٹیٹمنٹ پڑھ رہے ہیں ۔

**مسٹر محمود اعظم فاروقی** ۔ یہ آپ کو معلوم ہے ۔

**وزیر خزانہ** ۔ آپ کا زیادہ تعلق ان سے ہے ۔

**مسٹر محمود اعظم فاروقی** ۔ روپیہ آپ لیں اور اپنی وزارتوں میں تبدیلیاں ان کے اشارے پر آپ کریں اور الزام ہم پر لگائیں ۔

**Mr. Speaker**: Order please. Yes the Member may please go on with his speech.

**مسٹر محمود اعظم فاروقی** ۔ جناب والا — میں یہ عرض کر رہا تھا کہ آپ کی یقین دہانیاں کوئی وزن نہیں رکھتیں ۔ آپ نے اس خبر کی تردید کیوں نہیں کی ۔ امریکی قرضہ سے متعلق ان کا ہاتھ اوپر ہے اور آپ کا ہاتھ نیچے ہے ۔ اس لئے آپ کی بات بے اثر ہے ۔ آپ کی بات بے وزن ہے ، بات اس کی چلتی ہے جس کا ہاتھ اوپر ہو ۔ ادھر ملک کی حالت یہ ہے کہ لوگوں کے جان و مال کی حفاظت نہیں ہے ، عزت و آبرو کی ضمانت نہیں ہے ، لوگ اپنے جان و مال کو محفوظ نہیں سمجھتے ۔ سڑک کے حادثات کا یہ حال ہے کہ لوگوں کے لئے باہر نکلنا زندگی کو خطرے میں ڈالنے کے مترادف ہے ۔ سندھ کے مختلف حصوں میں جس طرح ڈاکے ، چوریاں اور بچوں کے اغوا کی وارداتیں

ہو رہی ہے ۔ وہ ناقابل بیان ہے ۔ آپ کی انتظامیہ کے خرچ میں اس کثیر اضافہ کے باوجود ملک کا نظم ونسق بد سے بد تر ہوتا جا رہا ہے ۔ ملک کی تو دولت smuggle ہو کر ملک سے باہر جا رہی ہے اور آپ کے ہاتھ اس کو روکنے سے قاصر ہیں اور میں نہیں جانتا ہوں کہ وہ کون سے ہاتھ ہیں جو اس میں شریک کار ہیں ۔

میں یہ جو باتیں آپ کے سامنے عرض کر رہا ہوں ان میں سے ایک ایک بات پوری ذمہ داری کے ساتھ عرض کر رہا ہوں ۔ میرے پاس اخبارات کے تراشے موجود ہیں ۔ میرے پاس دستاویزات موجود ہیں اور میں آپ کو بتا سکتا ہوں کہ یہ سمگلنگ چوری اور ڈکیتی کے واقعات ، یہ حادثات کے واقعات ، لوگوں کی جان و مال کا محفوظ نہ ہونا ، یہ تمام چیزیں ان اخبارات کے ذریعے سے اس ملک کے عوام کے کے سامنے اظہرمن الشمس ہیں ۔ یہ باتیں کسی سے ڈھکی چھپی نہیں ہیں اور نہ میں اپنی طرف سے کوئی الزام آپ پر دھر رہا ہوں ۔ میں ان الفاظ کے ساتھ اپنی بات ختم کرتا ہوں کیوں کہ میں آدھ گھنٹہ وقت لے چکا ہوں ، لیکن وزیر مالیات سے یہ گذارش کروں گا کہ جب مطالبہ زر پر تحاریک تخفیف زر کے سلسلے میں گفتگو کا موقع آئے گا تو میں زیادہ تفصیل کے ساتھ آپ کو اور باتیں بتا سکوں گا اور اس وقت صرف یہ عرض کروں گا کہ ۔

عجیب در دیست اندر دل اگر گویم زبان سوزد

وگردم در کشم ترسم کہ مغز استخوان سوزد

**Mr. Zain Noorani** (Karachi-I) : Mr. Speaker, Sir, Budget day the world over evokes considerable interest in view of the fact that people keenly await to see whether the Finance Minister would increase taxation or whether he would introduce new taxation. And since the end of the Second World War people all over the world have got used to the phenomenon of a Finance Minister every year bringing in either new taxation or enhancing taxation. Therefore, Sir, if ever a Finance Minister has come forward without any of these measures he has been compared to a "*prima donna*" who has lost her voice on her very first performance. Our Finance Minister, Sheikh Masood Sadiq, has proved to be an exception. He has not only produced a Budget with a surplus of five crores but that too after providing for a heavy expenditure of Rs 183 crores on Development. This is no mean achievement. It is an achievement which must be commended and the Finance Minister must be congratulated on this achievement by all Sections of the House. ("cheers".) But Sir, I, for one am hesitant in extending this congratulation merely because there is no fresh taxation or no enhanced taxation. The circumstances in Pakistan are different. The entire system of life in Pakistan has changed since the last war with Bharat. The entire concept of life in Pakistan has changed and we, the people of Pakistan, would be willing

to give our last pie that we own to the country provided it is spent on further development and for strengthening the nation which Quaid-e Azam achieved for us and which the President, Field-Marshal Muhammad Ayub Khan, has consolidated and strengthened.

Sir, there is no gainsaying the fact that we are facing a tremendous challenge on the economic front and, therefore, the Budget proposals must be judged from these contexts and the impediments that face us. The two major objectives which we must set for ourselves are: (1) the acceleration of the rate of our economic growth and (2) the bringing into being of a higher standard of life so that in the near future we can create a happier and more prosperous mass of people in this Province.

Now, Sir, if you examine the Budget proposals for the year 1966-67 which the Finance Minister placed before the House a few days back you will find that the present Government has gone out of its way to see that the Budget proposals meet and meet quite honourably these tests which any sane person can make of the present Budget. Sir, in my opinion the major problem which faces this country or rather this Province and which deserves the consideration and the full consideration of the Government is neither in the scope of agriculture, nor industry, nor keeping any check on the rising spiral of costs of essential commodities but it is the ravages and the danger from salinity. If you examine the figures that have been placed before us you will notice that the recent surveys conducted by the various agencies have proved that over fifty per cent of our land has been ravaged by salinity. This is not a new problem. I seem to remember this Assembly discussing this problem for the last many years. Crores of rupees have been spent to counteract this danger. I am, told, and so are we all, that WAPDA is the agency which is responsible for counter acting this danger. Sir, I may tell you that this is a danger which is not to be treated lightly. This is a war we have got to fight against salinity and in my opinion, speaking as a lay man, except for the various successful surveys that have been held, this mighty Moghal Empire of the 20th Century called the WAPDA has not succeeded in counteracting salinity to the extent that it should and the reason for it is that WAPDA has not been able to build up that efficiency, that enthusiasm and that doggedness of purposes which is required to fight a war. Sir, salinity must be fought on an emergency basis. It must be fought on a war footing. All red tapism must be done away with and if it is found necessary you can enhance the powers of the WAPDA. If more money is required you must provide more money. We the people in West Pakistan, will not grudge more money for fighting salinity even at our cost. Let me request you most humbly that next year when you come before us with your Budget proposals you must come with facts and figures to prove that definite progress has been made and that salinity is on the decrease and not on the increase. Please do not come with milk and water explanations of the surveys which WAPDA is conducting.

Next, I congratulate the Government of West Pakistan for having taken a positive action in leading the Province towards an Islamic state of life. The recent announcement of the ban or semi-ban on dancing and music in educational institutions is the first step towards this. The reference to prohibition to be extended to Karachi and the Southern Zone is the next step. I also congratulate the Government for not having cared for one crore and some odd lakhs which will be lost due to the introduction of prohibition. This is a right move and I only beseech of you to announce the date of prohibition and to enforce it in the strickest sense so that we do not come across people drinking whisky and Rum in silver tea kettles and cups.

The next point which I would like to raise is the allocation which has been made for rural development and welfare. I believe that a sum of Rupees five crores has been provided for this in this budget. For a country like ours, a country where the aim is to bridge the gap between the rural and the urban population this amount of five crores of rupees will be merely a drop in the ocean. However, the redeeming feature is the recent promise made by the Chairman in his broadcast that if this amount is not sufficient, more funds will be provided. I, for one, am sure that more funds will be necessary, and I hope the Minister incharge will look into it right from now so that the various rural welfare projects do not get postponed or hampered.

Now, Sir, I come to the basic development reservations. A sum of Rs. 183 crores has been provided in this, out of which very intelligently, and probably aptly, a sum of Rs. 83 crores or so has been reserved for the provincial schemes. This leaves nearly a hundred crore of rupees to be distributed between the various integrated units. Last year, I was a bit vocal about the appropriation for Karachi remaining static for the last six years whereas the appropriations for the other regions have been steadily on the increase. This year I will not raise this question because I have come to believe after a study of the budget figures that Rs. 10 crores or Rs. 11 crores, as has been provided this year, spent and spent properly, are much better than 14 crores of rupees provided on paper and not spent. Therefore instead of asking for an enhanced allocation for Karachi, I will request the Government to see it that these 11 crores of rupees are properly spent in the development of Karachi. However, I must say that I had hoped that this year atleast we would have been given an increased appropriation, but it appears to me that people in Lahore and elsewhere, people who do really matter, are convinced that Karachi is the land of plenty, that there are colossal houses and buildings, important people go round in air-conditioned American cars, and that there are multi-millions worth of industries. I admit that this is true. Karachi does have all this, but then, Sir with all the humility at my command, I say that this Karachi, this Utopia, which you talk and think of, is only less than 1/3rd of our Karachi. As for the other 2/3rd, the people living in this 2/3rd live in abject poverty. They live without roads, without lights, without all the basic amenities, which are necessary, and, Sir, there are areas in Karachi, which let out such a stink that if you, lucky people of Lahore, were to be taken there, you would run miles away, probably to Sheikhupura. One such area let me mention is, what is known as, the Lyari Quarters. This is a heritage which Pakistan received from undivided India. This is the area, where the poor Muslims of Karachi used to live, and it was because of this reason that the Hindu overlords of Karachi never developed this area. You will be surprised, Sir, to know that 18 years after the creation of this great Islamic State of ours, Lyari Quarters remains as it was, probably the affairs have deteriorated. Sir, the people who have been living in Lyari Quarters were promised time and again that they would be granted lease of their lands. Despite various promises, despite the positive resolution of the Karachi Municipal Corporation, till today this has not been done, and people live in complete confusion as to their status. As to the drainage a line, an antiquated one, does exist but the authorities are hesitant to give them connections. Water connections are unheard of, and the women have to travel for miles to the scanty community taps to get the water required for their daily use. This is also a part of Karachi. I am glad to know that the White Paper does mention this year that the K. D. A. would start the development of Lyari, and particularly the water and the sewerage would be looked into but then I feel that the Government is relying too much on, what is known as, the K. D. A..

Now, Sir, what is this K. D. A. Officially the K. D. A. means the Karachi Development Authority but in my opinion, and in the opinion of 99 per cent of the people living in Karachi, K. D. A. is the abbreviation and the polite form of naming huge and gigantic "Frankenstinian" monster which has been let loose on the people of Karachi. This is that citadel of bureaucratic rule where the common man has to pay even if he wants to see the chaprasi of the K. D. A. Before I proceed further Sir, lest it leads to any misunderstanding, let me make it clear that this K. D. A. is headed by a very honest and an amiable Director-General but unfortunately, for some obscure reason, he has got himself entangled in the cobweb of red-tapism, lethargy, inefficiency and the corruption, which abounds around him.

Sir, it has been said that with the construction of the displaced persons colonies in Landhi, Korangi, New Karachi and elsewhere, the housing problem of the people of Karachi has more or less been settled. If you, Sir, take the trouble of going with me to Karachi, I promise that I will prove to you that over 10 lakhs of people are still living in roadside hutments and jhuggis. Go to the K. D. A. and they will tell you that there are no quarters available, and that all the quarters have been allotted. Come with me and I will take you to the appropriate agents of the Administrative Officers of the K. D. A. For anything between 300 and 700 rupees you can get any number of quarters in these displaced persons colonies.

Now, Sir, I come to water. Water is the basic need of the people. It is the duty of every civic organisation to try and provide water just as it is the duty of the Government to provide water to its people. But what does this great K. D. A. do? It demands money, not for the water supplies but for the laying down of the lines for the water connections. The people living in the area known as the 'Murghi Khana' in Landhi had to pay thousands of rupees last year, and although over a year has elapsed, the water connection has, even today, not been laid. The residents of Ghizri have been asked to contribute Rs. 75,000 before even a foot of water-pipe is laid down. Now imagine Sir, poor hut-dwellers, poor, fishermen contributing Rs. 75,000 to get a crop of water. This is what the K. D. A. is.

Then we come to the other important question of the quarters built by the K. D. A. in Korangi. Last year I spoke about it and appealed to the Provincial Government to take up with the Centre to tape a humanitarian approach of the people living in Korangi quarters and not to charge them the interest on the amount that has been spent. The echos of what I said in this House last year have now reached the National Assembly, and this issue has been raised there also. I once again appeal to the Government, through the very worthy Minister incharge, to take up this matter with the Central Government. I even go further this year and say, do not only forego the interest but forego a portion of what you have spent also. Consider it a subsidy. You give subsidy for fertilizers, you give subsidy for seeds, you give subsidy for so many other things. None of it comes to Karachi. You will say subsidies are for productive items, but I say that human force is also a productive item.

The shirt you have worn today is also perhaps a result of the productiveness of those very people who live in Korangi. Can't you give them a little bit of subsidy by way of reducing the recoveries of the quarters that you have built? The next point I would like to talk about with regard to Karachi is the abominable standard of the road transport in Karachi. It is a pity, Sir, that while the rest of West Pakistan has at its back and call a Road Transport Corporation which is an off-shoot of a Government Department, Karachi, the premier city, is left in the haze of private enterprise and

private transport. Believe me, Sir, that if a survey is made of the transport situation in Karachi, you will find that the standard and the quality of transport in Karachi could be equalled with that of any district in the former Punjab before integration and before the coming into being of the West Pakistan Road Transport. Similarly, I believe, a problem of transport has arisen in and around Lahore with the declaration of the Ravi Bridge as unserviceable. Because of this heavy transport is being stopped on both sides of the bridge. A new bridge is to be constructed, but Sir, how long is that going to take one never knows? Therefore, my suggestion is that either the old bridge be re-inforced till such time as a new one is constructed or a temporary bridge, suitable for heavy traffic, be constructed so that these buses and trucks could go across the banks.

Coming back to Karachi, there is one more problem which faces Karachi and that is the multiple control and the multiple existence of various civic bodies. We have the mighty K.D.A., then we have the K M.C. then we have the Cantonment Board, then we have the Port Trust, and to crown it all, we have the Railways and the P.W.D. which have lands and rules of their own. Each one of them has land of its own, each one of them is trying to provide amenities and each one of them is trying to create confusion.

Would it not be in the fitness of things if some of them were wound up? Let the Cantonment Board concede all the land within the city limit to the Karachi Municipal Corporation. Let the Port Trust restrict itself to the task for which it has been formed. After all, it is not its function to provide luxurious residential plots in the "Laalazar" of the Queens Road area. That area should also immediately be transferred to the proper civic authority, I mean, the Karachi Municipal Corporation. Sir, it would be worthwhile to form a Commission to go into the working of the K.D.A. and to find out whether it has been working efficiently or whether it has been a waste of time to have set up this organization. A target should be fixed as to the number of years it would function and gradually, after completing the task set for it, it should be wound up and the functions handed back to the Municipal Corporation. I believe, one more hell is going to be let loose and that is the transfer of water and drainage to the K.D.A. from the K.M.C. If I were to speak on the problem that it would create and the inefficient manner in which the K.D.A would function, it would require me over two hours to do so. Sufficient to say, I would request the Minister to reconsider this decision. It is not going to be a good decision worthy of the name of the administration of this Province. I have spoken at length on the K.D.A. because as a Member of the Party to which the Government belongs I feel hurt to say that in this a Province where we are proud of the standard of administration which this Government has set up and maintained, the K D.A., and the manner in which it is functioning, is a cancer on your fair face. Sir, it is high-time that you did some thing about it.

Finally, before I forget, I must present one more bouquet to the Minister for Finance and to the people in the Finance Department for what they have now introduced in as much as they have now linked the collection agency with the Finance Department. This is going to be a very efficient system of budgeting and financing. Sir, after all, the spending department are the people, who control the purse strings and must also know at all times how much money they are going to have in that purse before they do something about spending it.

I thank you.

**چودھری محمد نواز** (منٹگمری—۲)۔ جناب سپیکر ۔ اس وقت
ہم ایک نہایت ہی نازک دور سے گذر رہے ہیں جو ہر صاحب بصیرت

پر عیان ہے ۔ ابھی کل کی بات ہے کہ ہم ایک ہولناک جنگ میں دکھیل دئے گئے تھے ۔ جو محض اتفاق نہیں تھا بلکہ بھارتی جارحیت کی سوچی سمجھی سکیم اور منصوبہ کا نتیجہ تھا ۔ اس جنگ میں ہمارے دشمن کے پیش نظر دو مقاصد تھے ۔

سب سے بڑا مکر و مقصد ہماری آزادی کو سلب کرنا اور ختم کرنا تھا اور اگر اس میں وہ کامیاب نہ ہو سکے تو ان کا دوسرا مقصد ہمارے اقتصادی حالت کو تباہ و برباد کرنا تھا ۔ اور ہمیں اتنا کمزور بنا دینا تھا کہ ہم کمزور ہو کر ہمیشہ ہمیشہ کے لئے ان کے دست نگر ہو کر رہ جائیں ۔

جناب والا ۔ خدا کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ میدان جنگ میں ہمارے دشمن کو ہماری جانباز فوجوں کے ہاتھوں شکست فاش ہوئی ۔ اور ان کے ناپاک ارادوں کو خاک میں ملا دیا ۔ مگر اس کے باوجود وہ دن رات جنگی تیاریوں میں مصروف ہے اور ہو سکتا ہے کہ وہ اپنی شکست کا بدلہ لینے کے لئے دوبارہ اس غلطی کا اعادہ کرے لیکن بنیا ذہنیت کے پیش نظر اغلب یہ ہی ہے کہ وہ دوبارہ ایسی غلطی نہیں کرے گا ۔

جناب والا — وہ اپنی خفت کو مٹانے کے لئے پاکستان کو اقتصادی لحاظ سے نقصان پہنچانے کے درپے ہے ۔ اور جس کا بین ثبوت ہمارے سامنے بھارتی روپیہ کی قیمت کو کم کرنے سے مل سکتا ہے ۔ اس نے روپیہ کی قیمت کم محض اس لئے کی ہے کہ ہماری برآمدات کو نقصان پہنچا سکے اور ہمارے اقتصادی ڈھانچے کو ختم کر سکے ۔ جناب والا — کوئی بجٹ ملک کے سیاسی—اقتصادی اور سماجی حالات کا آئینہ دار ہوا کرتا ہے ۔ ہنگامی حالات کا تقاضا ہے کہ ہم بجٹ کو تیار کرتے وقت ملک کے حالات کو پیش نظر رکھیں ۔

بھارت کی سیاسی اور اقتصادی چالوں کا موثر جواب دینے کیلئے ہمارے لئے اشد ضروری ہے کہ ہم زرعی پیداوار کو اتنا فروغ دیں اور انکو اتنا بڑھائیں کہ ہم اقتصادی محاذ پر بھی اپنے دشمن کو اسی طرح دندان شکن جواب دے سکیں جسطرح ہمارے جانباز نڈر دلیر فوجیوں نے اپنے سے چھ گنا

زیادہ بھارتی فوجوں کو چھمب جوڑیاں سیالکوٹ اور لاہور کے محاذ پر شکست دی تھی ۔

**Mr. Speaker :** The House stands adjourned for tewenty minutes.

*The Assembly then adjourned till 11-00 am. N.P.*

*The Assembly met at 11-( a.m. Mr. Speaker in the Chair.*

**Mr. Speaker :** Yes. Chaudhri Muhammad Nawaz.

**چوہدری محمد نواز ۔** جناب سپیکر ۔ میں عرض کر رہا تھا کہ اقتصادی محاذ پر بھی ہمیں دشمن کا مقابلہ کرنے کے لئے اس قدر مضبوط ہونا چاہئیے ۔

**Mr. Speaker :** The member may please take his seat. Let atleast one of the Ministers come to the House.

**مخدوم محمد شمس الدین گیلانی ۔** جناب کورم بھی نہیں ہے ۔

**Mr. Speaker :** Let there be a count. (*count was taken*) There is no quorum ; let the bells be rung. (*bells were rung*).

Five minutes are over and the House is still not in quorum. Let the names of the members, who are present in the House, be recorded.

(*Names were being recorded when more members entered the House*)

The House is now in quorum. Chaudhri Sahib may please resume his speech.

**چوہدری محمد نواز ۔** جناب سپیکر ۔ میں عرض کر رہا تھا ۔ کہ ہمیں اقتصادی محاذ پر بھی زیادہ مضبوط ہونا چاہئیے تاکہ ہم اس محاذ پر بھی بھارتی حملے کا اسی طرح موثر جواب دے سکیں جس طرح پچھلے سال ہماری نڈر اور دلیر فوجوں نے میدان جنگ میں دیا تھا ۔ حقیقت میں اس جنگ کا آغاز پچھلے سال جون جولائی میں ہو گیا تھا جب ورلڈ بنک نے ہماری اقتصادی امداد روک دی تھی اس وقت ہماری قوم میں ایک نئے جذبہ اور ولولہ نے جنم لیا تھا ۔ اور ملک کے طول و عرض میں اپنی مدد آپ اور ہمت مردان مدد خدا کا ورد ہر فرد کی زبان پر تھا ۔ ستمبر کی جنگ نے اس جذبہ کو قوت بخشی اور قوم اور ملک کے اس جذبہ نے ہمیں آزاد قوموں کی صف اول میں لاکھڑا کیا ۔ جناب والا ۔ ہمیں اس جذبہ کو زندہ رکھنا چاہئیے اور ہمیں اپنے اقتصادی معاملات کو خود حل کرنے کی کوشش کرنی چاہئیے ۔ دوسرے کی مدد پر

انحصار کرنا کوئی عقلمندی نہیں - اس میں شک نہیں کہ ترقی پذیر ملکوں کو دوسروں کی امداد لینی ہی پڑتی ہے - لیکن وہ امداد ایسی امداد نہیں ہونی چاہئیے جس سے ریاکاری مکاری اور مکر و فریب کی بو آتی ہو - اس سے موت بہتر ہے -

اے طائر لاہوتی اس رزق سے موت اچھی
جس رزق سے آتی ہو پرواز میں کوتاہی

جناب والا - ہمارے سامنے ان زندہ قوموں کی مثالیں موجود ہیں جن کو ان کے دوستوں نے اس وقت چھوڑ دیا - اس وقت ان سے منہ پھیر لیا جب وہ زندگی اور موت کی کشمکش میں مبتلا تھیں - جب ان کی کشتی بھنور میں پھنسی ہوئی تھی - جب ان کی کشتی بحر بیکران کی موجوں کے تھپیڑوں سے دو چار تھی -

**مسٹر سپیکر** - چودھری صاحب آپ بجٹ کے متعلق بھی کچھ کہیں -

**چودھری محمد نواز** - جناب والا - میں بجٹ کے متعلق ہی عرض کر رہا ہوں - ابھی چند سالوں کی بات ہے کہ جب روس نے چین کی یکدم امداد بند کر دی تھی تو روس کا یہ فعل چین کیلئے حیات نو کا پیغام ثابت ہوا -

**Mr. Speaker**: Chaudhri Sahib is not relevant.

**چودھری محمد نواز** - جناب والا - میں پوائنٹ پر ابھی آتا ہوں -

**مسٹر سپیکر** - آپ اپنے پہلے پوائنٹ پر relevant ہوں -

**چودھری محمد نواز** - میں ابھی پوائنٹ پر آرہا ہوں -

**مسٹر سپیکر** - آپ کی تقریر سے جو کچھ معلوم ہو رہا ہے وہ یہ ہے کہ آپ فارن پالیسی پر بحث کر رہے ہیں -

**چودھری محمد نواز** - جناب والا - میں صوبہ کی اقتصادی الت پر بحث کر رہا ہوں -

**مسٹر سپیکر** ۔ بہتر ہوگا کہ پہلے آپ اپنا نقطہ نظر واضح کردیں پھر اس کے متعلق تقریر فرمائیں ۔

**چودھری محمد نواز** ۔ جناب والا ۔ پچھلے سال جب ہماری اقتصادی امداد روک دی گئی تو وہ ہمارے لئے باعث رحمت ثابت ہوئی اور اس نے ہماری قوم کو ایک حیات نو بخشی ۔ اور یہ سب کچھ ہماری صحیح قیادت کا نتیجہ تھا ۔ ہم نے اپنے قائد فیلڈ مارشل صدر محمد ایوب خان کی راہنمائی میں اور صوبہ کے گورنر ملک امیر محمد خان کی سرپرستی میں ان کٹھن منزلوں اور دشوار گزار راستوں کو کامیابی سے طے کیا ۔

**مسٹر حمزہ** ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ میں نے اس ایوان میں دیکھا ہے کہ اگر ممبر صاحبان جناب صدر اور گورنر صاحب کے بارے میں کوئی تعریفی کلمات کہیں تو انہیں قبول کیا جاتا ہے اگر کبھی اس طرح اختلافی الفاظ استعمال کئے جائیں تو ان کی اجازت نہیں دی جاتی ہے ۔ دونوں کے لئے پنڈش ہونی چاہئے ۔

**مسٹر سپیکر** ۔ حمزہ صاحب اس کی صورت یہ ہے کہ ان کے personal conduct کو ڈسکس نہیں کیا جاسکتا لیکن جہاں تک اس بات کا تعلق ہے کہ اس میں کوئی امتیاز برتا جاتا ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ اس میں کوئی امتیاز نہیں برتا جاتا ۔ بلکہ ان کی تقریر کا یہ موضوع نہیں ہے کہ وہ ان کے personal conduct کو زیر بحث لائیں وہ صدر صاحب کو سربراہ مملکت ہونے کی حیثیت سے اور گورنر صاحب کو صوبہ کا ہیڈ ہونے کی حیثیت سے ، Just for argument's sake ، وہ ان کا حوالہ دیتے ہیں ۔

**مسٹر حمزہ** ۔ یہ ٹھیک ہے کہ personal conduct کو زیر بحث نہیں لایا جاسکتا لیکن اگر کسی پالیسی سے اختلاف ہو تو اس کے بارے میں کیا کرنا چاہیئے ؟

**مسٹر سپیکر** ۔ آپ حکومت کی پالیسی کو ڈسکس کر سکتے ہیں ۔

**مسٹر حمزہ** ۔ اگر نام لیا جائے تو اس پر اعتراض تو نہ کیا جائے گا ؟

**مسٹر سپیکر** ۔ آپ صرف حکومت کی پالیسی کو ٹیکس کرسکتے ہیں ۔

**چوہدری محمد نواز** ۔ جناب سپیکر ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ پچھلے سال کٹھن منزلیں تھیں ان کے لئے جو ہمیں صحیح قیادت ملی ان کی رہنمائی میں ہم نے ان کو طے کیا اور اس نازک دور میں بھی میں امید رکھتا ہوں کہ ان کی بصیرت ۔ ان کی ذہانت ۔ اور ان کی جسارت ہمیں اب بھی اس نازک دور میں کامیابی سے ہمکنار کریگی ۔

جناب والا ۔ ہمارے صوبہ کی اقتصادی حالت پہلے سے بہتر ہے جس کا بین ثبوت ہمارا موجودہ بجٹ ہے ہمارے وزیر خزانہ نے عوام پر ٹیکس نہ لگا کر بلکہ کوئی نیا ٹیکس نہ لگا کر عوام کے احساسات اور جذبات کی ترجمانی کی ہے جس کے لئے میں ان کو مبارک باد پیش کرتا ہوں ۔ (ہیئر ۔ ہیئر) لیکن اس کے ساتھ ساتھ میں ان کی توجہ دو امور کی طرف مبذول کرواتا ہوں ۔ یہ امر واضح ہے کہ ہمارا ملک ایک زرعی ملک ہے اور اس کی بیشتر آبادی دیہاتوں میں آباد ہے اور ہماری معیشت کا انحصار ہماری زرعی پیداوار پر ہے ۔ اور ہماری زرعی پیداوار کا انحصار ہمارے آبپاشی نظام پر ہے ہمارے صوبہ کا آبپاشی نظام اتنا اچھا نہیں میں تو یہ کہوں گا کہ ناقص ہے ۔ کیونکہ اگر آبپاشی کا نظام اچھا ہو تو ہمارے پاس اتنے وسائل ہیں کہ ہم اپنی پیداوار کو اس قدر بڑھا سکتے ہیں اس قدر فروغ دے سکتے ہیں کہ ہمیں ان غیر ممالک کی ، جن سے ہم گندم درآمد کرتے ہیں محتاجی سے نجات مل سکتی ہے ۔

جناب والا ۔ میں پہلے بھی عرض کر چکا ہوں کہ ہمارے صوبہ کی بیشتر آبادی دیہات میں آباد ہے اس کی بہبود اور اسکی فلاح کے لئے ہمارے وزیر خزانہ نے اس قدر توجہ نہیں دی جس قدر انہیں دینی چاہئے تھی ۔ ہمارے عوام دیہات سے بے روز گاری کی وجہ سے شہروں کی طرف رجوع کر رہے ہیں اگر دیہات میں امداد باھمی کی بنیاد پر سمال انڈسٹریز اور کاٹیج انڈسٹریز مہیا کر دی جائیں تو وہ لوگ جو شہروں کی

طرف رجوع کرتے ہیں وہ وہیں ٹھہر سکتے ہیں کیونکہ ان کو وہیں روزگار مہیا ہو سکتا ہے ۔ اس کے ساتھ ساتھ میں یہ بھی عرض کروں گا جیسا کہ عوام میں عام تعلیم حاصل کرنے کا شعور پیدا ہو گیا ہے اس طرح دیہاتی آبادی کا متوسط طبقہ بھی اپنے بچوں کو تعلیم دلوانے کیلئے شہروں کی طرف آرہا ہے اگر دیہات میں شہروں کی طرح اچھے معیاری سکول ہر یونین کونسل میں مہیا کر دیئے جائیں تو وہ لوگ دیہات میں رہ کر عوام کی خدمت کر سکتے ہیں ۔

جناب والا ۔ میں صرف ایک عرض کر کے اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔ جیسا کہ میرے دوست مسٹر زین نورانی نے دریائے راوی کے پل کے متعلق فرمایا ہے کہ اس پل کو دو دن سے بسوں کی آمد و رفت کیلئے بند کر دیا ہے اور جس کی وجہ سے لوگوں کو ناجائز تکالیف کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے میں یہ عرض کروں گا کہ اسکے متعلق جلد از جلد کوئی ایسا انتظام کیا جائے جس سے لوگوں کو جو تکالیف ہیں وہ رفع ہو سکیں ۔

جناب والا ۔ ان معروضات کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

**میاں معراج دین** (پارلیمنٹری سیکرٹری) ۔ جناب سپیکر ۔ ان موجودہ حالات میں جبکہ ہندوستان کے ساتھ جنگ کی وجہ سے ملک کی قومی اور صوبائی حکومتیں کئی ایک ہنگامی اخراجات کی وجہ سے زیربار ہیں ۔ صوبائی حکومت نے یہ متوازن بجٹ پیش کرکے یہ بات ثابت کر دی ہے ۔ کہ ہماری اقتصادی حالت مستحکم بنیادوں پر قائم ہے ۔ میں جناب وزیر خزانہ ان کے عملے کے افسران اور ان کے ماتحتوں کو مبارکباد پیش کرتا ہوں ۔ جنہوں نے دن رات محنت کر کے یہ فاضلہ بجٹ پیش کیا ہے ۔ اس بجٹ سے بالخصوص یہ بات تسلی بخش ہے کہ عوام پر کوئی نیا ٹیکس نہیں لگایا گیا ۔ لیکن پھر بھی ترقیاتی کاموں میں کوئی تاخیر نہیں ہوئی ۔ اور عوام کی فلاح و بہبود کے کاموں میں بالخصوص دلچسپی لی گئی ہے ۔ جناب والا ۔ جیسا کہ مجھ سے پیشتر میرے دو فاضل دوست فرما چکے ہیں ۔ میں بھی اس سلسلہ میں (چونکہ وزیر مواصلات و تعمیرات یہاں موجود نہیں ہیں) ۔ جناب قائد ایوان کی خدمت میں عرض کروں گا ۔ کہ دریائے راوی کے اس پار بسوں

کو جو دو روز سے کھڑا گیا ہے - اس کی وجہ سے لاہور کے عوام کو بڑی تکلیف کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے - اور جو بسیں ملتان اور قصور کی طرف سے آتی ہیں - وہ جب بادامی باغ میں آکر ٹھہرتی ہیں - تو ان میں سے اترنے والے وہ مسافر جو گوجرانوالہ ، راولپنڈی اور سرگودھا وغیرہ جانا چاہتے ہیں وہاں پر انہیں کوئی سواری اپنی منزل مقصود تک پہنچانے کے لئے نہیں ملتی - اس لئے وہ ٹیکسی اور ٹانگوں کے ذریعے کرائے کا مزید بوجھ برداشت کرتے ہیں - اس طرح جو مسافر باہر سے آتے ہیں - ان کو لاہور کے اندر داخل ہونے کے لئے مزید رقم خرچ کرنا پڑتی ہے - تو میں یہ عرض کروں گا کہ جس طرح پہلے کشتیوں کے پل بنے ہوئے تھے - اور جس سے آمدورفت میں بڑی مدد ملتی تھی - اس کے علاوہ ہنگامی حالات میں اور سیلاب کے دنوں میں جس طرح لوہے کا پل بنایا جاتا ہے - اسی طرح اب بھی لوہے کا پل بنا دیا جائے تاکہ عوام کو آنے جانے میں سہولت ہو - علاوہ ازیں موجودہ صورت حال کے پیش نظر پرائیویٹ ٹرانسپورٹ کمپنیوں کو کافی تکلیف کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے - کیونکہ انہیں راوی کے پل کے اس پار روک دیا گیا ہے - اور چونکہ ان میں سے پچانوے فیصد کمپنیوں کے دفاتر اور ان کی ورکشاپیں لاہور شہر کے اندر واقع ہیں - اور اس طرح ان بسوں کی دیکھ بھال اور دوسری چھوٹی موٹی مرمت کے سلسلے میں انہیں بڑی مشکل پیش آرہی ہے - لیکن گورنمنٹ ٹرانسپورٹ کی بسیں باقاعدہ راوی کے اسی پل پر سے گزر کر شہر میں داخل ہو رہی ہیں - تو یہ سوتیلی ماں کا سلوک private operators کے ساتھ کیوں روا رکھا جا رہا ہے - اسی طرح لاہور شہر کے باہر جب بسوں کے اڈوں کو بسایا گیا تھا - تو private operators نے یہ گذارش کی تھی - کہ ان کے ساتھ گورنمنٹ ٹرانسپورٹ کی بسوں کو بھی شہر سے باہر نکالا جائے - اس سلسلے میں کئی روز تک میٹنگ ہوتی رہی - اور بالآخر یہ فیصلہ کیا گیا - کہ گورنمنٹ ٹرانسپورٹ بھی private operators کے ساتھ ہی شہر سے باہر اپنا اڈہ لے جائیں گی - اور اس فیصلے پر عملدرآمد بھی ہوا - لیکن جن افسروں نے یہ وعدہ کیا تھا - ایک مہینے کے بعد وہ اپنے وعدے سے منحرف ہو گئے اور گورنمنٹ ٹرانسپورٹ کو اڈے کے لئے ریلوے سٹیشن کے پاس جگہ دیدی گئی - آپ کو یاد ہوگا کہ اس کے متعلق اس معزز ایوان میں ایک تحریک

التوا بھی پیش کی گئی تھی اور اس وقت کے متعلقہ وزیر در محمد اوستو صاحب اور اس وقت کے قائد ایوان جناب شیخ مسعود صادق صاحب نے یہ وعدہ کیا تھا اور اس ایوان میں ہمدردانہ غور کرنے کا یقین بھی دلایا تھا اور کہا تھا کہ ان سے جو کچھ بھی ہوسکا اس سلسلے میں کوشش کریں گے ۔ اس کے بعد جو کچھ بھی ہوا میں اسے دھرانا نہیں چاہتا ۔ لیکن یہ آپ کو معلوم ہے کہ اب بھی private operators کی بسوں کا دریائے راوی کے پل پر سے آنا جانا بند ہے ۔ لیکن گورنمنٹ ٹرانسپورٹ پر کوئی پابندی نہیں ہے ۔ مجھے یہ سمجھ نہیں آتی کہ کیا ہو مسافر گورنمنٹ ٹرانسپورٹ کے ذریعے راوی کے پل پر سے گزرتے ہیں آیا ان کا کوئی وزن نہیں ہوتا یا وہ ہیلی کاپٹر کے ذریعے پل کو عبور کرتے ہیں ۔ یا جن افسران نے یہ پابندی private operators پر لگائی ہے ۔ گورنمنٹ ٹرانسپورٹ میں سفر کرنے والے مسافر ان کے کندھوں پر بیٹھ کر راوی کو عبور کرتے ہیں ۔ اس لئے میں حکومت سے استدعا کروں گا کہ اس چیز کا تدارک کیا جائے تاکہ پرائیویٹ بسیں بھی لاہور شہر کے اندر آسکیں ۔ اس کے علاوہ چونکہ spare parts کی تمام دوکانیں بھی لاہور کے اندر ہی ہیں ۔ اور چونکہ پرائیویٹ بسوں کو لاہور شہر میں آنے کی قطعاً ممانعت ہے ۔ چاہے وہ بالکل خالی ہی کیوں نہ ہوں ۔ تو اس سلسلے میں بھی ان کو کافی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے ۔ اس لئے میں نہایت مودبانہ گذارش کروں گا کہ اس مسئلے پر ہمدردانہ غور فرمایا جائے ۔

جناب والا ۔ اب میں اپنے حلقہ نیابت کی پرانی اور دیرینہ مشکلات آپ کی وساطت سے حکومت کی خدمت میں پیش کرتا ہوں سب سے پہلے میں وزیر تعلیم جناب ملک خدا بخش صاحب کی خدمت میں یہ عرض کروں گا ۔ کہ باغبان پورہ میں لڑکوں اور لڑکیوں کے لئے دو انٹرمیڈیٹ کالج بن رہے ہیں ۔ جہاں تک مجھے یاد ہے لڑکیوں کے کالج کے لئے زمین بھی خریدی جا چکی ہے اور اس کی قیمت کی ادائیگی بھی ہو چکی ہے ۔ لیکن جو متعلقہ مزارعین ہیں وہ اس زمین کا قبضہ نہیں دے رہے ہیں ۔ تو اس سلسلے میں میری یہ گذارش ہے ۔ کہ محکمہ تعلیم کو یہ اختیارات حاصل ہیں کہ وہ تعلیم کے لئے کسی بھی عمارت یا زمین کو acquire کر سکتے ہیں ۔ تو ملک صاحب کی خدمت میں یہ گذارش ہے کہ وہ فوری طور پر

اس سلسلے میں کوشش کریں تاکہ لڑکیوں کے اس کالج کی تکمیل ہو سکے - اس طرح گورنمنٹ گرلز ہائی سکول کے لئے جو زمین امپروومنٹ ٹرسٹ نے دی ہے وہ ناکافی ہے اس کے ساتھ ملحقہ اور زمین بھی موجود ہے آپ یا تو اسے بھی اس کے لئے acquire کریں یا جس طرح بھی مناسب سمجھیں اس سلسلے میں اقدامات کریں تاکہ یہ دونوں عمارتیں جلد تیار ہو سکیں اسی طرح میں نے شاھدرہ کے متعلق بھی عرض کیا تھا - اور میاں محمد یاسین خان وٹو صاحب نے وعدہ کیا تھا - انہوں نے ایک وعدہ تو پورا کر دیا ہے - لیکن دوسرا وعدہ وہ پورا نہیں کر پائے - اس لئے میں جناب ملک خدا بخش صاحب سے یہ توقع کرتا ہوں - کہ وہ اس وعدے کو پورا کریں گے - کیونکہ شاھدرہ کے لوگ سکول اور کالج کی عمارتوں کے لئے زمین دینے کے لئے تیار ہیں - اس لئے اسی بجٹ میں اس سکول اور کالج کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کی کوشش کریں - اور اس سلسلے میں جو کچھ میاں صاحب اور ملک صاحب نے اب تک کیا ہے اگر اس کے لئے میں ان کا شکریہ ادا نہ کروں تو میرے خیال میں اپنے فرض کی ادائیگی میں کوتاھی کروں گا - کیونکہ انٹرمیڈیٹ کالج کے لئے زمین خرید لی گئی ہے - اور ملک صاحب خود اس میں ذاتی دلچسپی لے رہے ہیں - اس کے لئے میں ان کا مشکور ہوں - جناب والا - میں جناب وزیر بنیادی جمہوریت کی خدمت میں عرض کروں گا - کہ انہیں خود بھی اتفاق ہوا ہے کہ وہ دو تین مرتبہ وسن پورہ اور شادباغ میں جلسوں کے سلسلے میں گئے ہیں وہاں پر سڑکوں کی حالت اس قدر ناگفتہ بہ ہے کہ انہوں نے ان کی حالت دیکھ کر ان پر ضرور غور فرمانے کا وعدہ بھی کیا تھا - امید ہے کہ وہ وعدہ انہیں یاد ہوگا اس کے لئے وہاں کے پل کو کشادہ کرنا نہایت ہی ضروری ہے - اگر وہاں ایک روڈ کی تعمیر کی جائے تو ٹریفک کا زور دوسری سڑک پر بہت کم ہو جائے گا اس کے علاوہ میں ان کی خدمت میں یہ بھی عرض کروں گا کہ لاہور کارپوریشن میں بہت سی ناجائز تعمیرات ہو رہی ہیں اور بغیر نقشوں کے ہی عمارات کی تعمیر ہو رہی ہے - اس سلسلے میں وزیر بنیادی جمہوریت کی خدمت میں ایک representation بھی دی گئی تھی اور سیکرٹری صاحب کو بھی اس سلسلے میں عرض کی تھی کہ آپ دیکھئے کہ لاہور میں اس

وقت کیا ہو رہا ہے - لوگ اس قدر ناجائز کام کر رہے ہیں کہ اگر ایک گندے پانی کا نالہ گزر رہا ہے - تو کئی اصحاب ان پر دوکانات یا مکانات تعمیر کر لیتے ہیں - اور ان کے خلاف نہ تو کارپوریشن ہی کوئی اقدام کرتی ہے اور نہ ہی پی - ڈبلیو - ڈی اگر ایسا ہی ہوتا رہا اور ان ناجائز تعمیرات کو نہ روکا گیا تو پھر کیا ہوگا - اس کے علاوہ میں وزیر بنیادی جمہوریت کی خدمت میں مزید یہ عرض کروں گا کہ آپ کے محکمے کے تحت سوشل ویلفیئر سوسائٹیاں ہیں اور میرے حلقہ نیابت میں بھی ایسی انجمن موجود ہے جن کو آپ امداد دیتے رہے ہیں - لیکن اس مرتبہ اسے آپ نے کم امداد دی ہے - ان سے درخواست ہے کہ ان کو دی جانے والی امداد میں اضافہ کر دیں تاکہ وہ اپنا کام حسب معمول خوش اسلوبی سے کر سکیں -

علاوہ ازیں باغبان پورہ اور شاہدرہ کی جانب کوئی بھی ڈسپنسری یا ہسپتال نہیں ہے - جس کی وجہ سے پرائیویٹ ڈاکٹر بہت زیادہ کمائی کر رہے ہیں - تو میں وزیر متعلقہ سے یہ گذارش کروں گا کہ ہمارے اس علاقے کی طرف بھی توجہ دیں اور ان علاقوں میں ڈسپنسری یا ہسپتال کھولنے کے متعلق بھی سوچیں تاکہ عوام کی تکالیف رفع ہو سکیں - ان گذارشات کے بعد میں پھر عرض کروں گا کہ راوی پل پر پرائیویٹ بسوں کی آمدورفت کی طرف توجہ دیں تاکہ پرائیویٹ ٹرانسپورٹروں کی تکالیف کا ازالہ ہو سکے -

**خان اجون خان جھون** (مردان ۳)—جناب والا - میں اپنے قابل وزیر خزانہ کو اس بات پر ضرور مبارکباد پیش کروں گا کہ انہوں نے اس ایوان میں ایک متوازن اور tax free بجٹ پیش کیا ہے اگرچہ مرکزی حکومت نے بعض چیزوں پر جو ٹیکس لگائے ہیں ان کا بوجھ مغربی پاکستان کے عوام پر کافی حد تک پڑا ہے لیکن موجودہ حالات میں ہمارے عوام اس بات کے لئے تیار تھے کہ اگر وزیر خزانہ مغربی پاکستان میں بھی کوئی ٹیکس لگاتے تو وہ اسے قبول کرتے (نعرہ ہائے تحسین) جناب والا - جن حالات سے ہم گزرے ہیں ان کی وجہ سے ہمارے ترقیاتی منصوبوں کی رفتار میں تھوڑا سا فرق پڑا ہے اور میں یہ توقع رکھتا تھا کہ وزیر خزانہ کسی cess کی شکل میں یا کسی اور شکل میں کوئی مزید ٹیکس لگاتے

گے تاکہ ہماری تعلیمی اور ہماری اقتصادی ترقی کی رفتار میں فرق نہ آئے لیکن غالباً کسی مصلحت کی بناء پر انہوں نے ایسا نہیں کیا ۔

جناب والا ۔ ہمارا ملک ایک زرعی ملک ہے اور ہمارے ملک کے بچانوے فیصد عوام زراعت پیشہ ہیں آزادی حاصل کرنے کے بعد اگرچہ پچھلی حکومتوں نے زراعت کو ترقی دینے کے لئے کسان کی حالت کو سدھارنے کے لئے اور ملک کی پیداوار میں اضافہ کرنے کے لئے کافی کوششیں کیں لیکن ان کو خاطر خواہ کامیابی اس وجہ سے حاصل نہ ہوئی کہ وہ ہمیشہ سیاسی جوڑ توڑ میں لگے رہتے تھے اور ملک میں سیاسی استحکام نہیں تھا جناب والا ۔ جب ملک میں مارشل لاء لگا اور اس کے بعد جو زرعی اصلاحات نافذ ہوئیں ان کے پیش نظر اگر اس وقت سے لے کر آج تک کا جائزہ لیا جائے تو معلوم ہو گا کہ ہمارے ملک نے زرعی لحاظ سے کافی ترقی کی ہے اس کا بین ثبوت یہ ہے کہ جنگی حالات کے دوران ہمارے ملک میں کسی قسم کی غلہ کی کمی یا گرانی نظر نہیں آئی جناب والا ۔ جس طریق پر آبپاشی کی سکیمیں بنائی گئی ہیں اور maxican wheat کا seed جس طرح بتدریج زیادہ مقدار میں بویا گیا ہے اس کے پیش نظر مجھے یہ توقع ہے کہ 1968 یا 1970 تک ہمارا ملک گندم کی پیداوار میں نہ صرف خود کفیل ہو جائے گا بلکہ گندم export بھی کر سکے گا یہ ایک قابل قدر کارنامہ ہے لیکن جناب والا ۔ ہمیں اس پر اکتفا نہیں کرنی چاہیے ہمیں ابھی بہت کچھ کرنا ہے ۔

جناب والا ۔ کسانوں اور زمینداروں کو جو مراعات گورنمنٹ دیتی ہے خصوصاً fertilisers میں جو subsidy دیتی ہے وہ قابل تعریف ہے لیکن میں اس کے متعلق عرض کروں گا کہ ان subsidies کا فائدہ کسانوں تک نہیں پہنچتا اس لئے ان subsidies کو واپس لے لینا چاہیے کیونکہ کم از کم اب تک تو ان کا فائدہ کسانوں کو نہیں پہنچ رہا ۔ آئندہ کے متعلق کہہ نہیں سکتا ان subsidies کو اگر کسی دوسری شکل میں کسانوں کو مہیا کیا جائے تو اس سے بہتر نتائج برآمد ہو سکتے ہیں اس کی ایک صورت یہ ہو سکتی ہے کہ اس وقت زراعت کیلئے بجلی کی فراہمی کے سلسلہ میں

چھوٹے زمینداروں کو بہت زیادہ دقتیں پیش آ رہی ہیں small land holders پر بھی وہی شرائط لگائی جاتی ہیں جو industries کے لئے لگائی جاتی ہیں آپ اندازہ لگائیے کہ کہاں غریب کسان اور زمیندار اور کہاں industrialist کسانوں کو بھی یہ کہا جاتا ہے کہ پندرہ فیصدی return کی ضمانت دو اس کے بعد بجلی مہیا کی جائے گی ۔ جناب والا ۔ زراعت کو ترقی دینے کے لئے میں حکومت کے سامنے یہ تجویز پیش کروں گا کہ وہ fertilisers سے subsidy کو واپس لے لے کیونکہ اس کا فائدہ کسان کو نہیں پہنچتا کسان تو اٹھارہ بیس یا پچیس روپے میں ہی خریدتا ہے اس کا فائدہ تو کسی تیسرے آدمی کی جیب میں ہی جاتا ہے کسان کو یہ فائدہ نہیں پہنچتا اگر آپ کسان کو فائدہ پہنچانا چاہتے ہیں تو اس کا یہ طریقہ ہو سکتا ہے کہ آپ یہ subsidy بجلی کی مد میں شامل کریں اور اس میں سہولتیں مہیا کریں ۔ بلکہ میں یہ عرض کروں گا کہ کسانوں کو اپنی زمین کی آبپاشی کے لئے بجلی مہیا کرنے میں سہولتوں کے علاوہ انہیں کم نرخ پر بجلی مہیا کریں industries کو جس نرخ پر بجلی مہیا کی جاتی ہے اس سے چالیس فیصدی کم نرخ پر آبپاشی کے لئے مہیا ہونی چاہیے اور پندرہ فیصدی کی شرط بالکل ہٹا لینی چاہیے اس طرح ہمارے سابقہ صوبہ سرحد میں small land holders کی ہزاروں ایکڑ اراضی جو اس وقت آبپاشی سے محروم ہے (صوبہ کے دوسرے حصوں کی بھی یہی حالت ہو گی) وہ آبپاشی کی سہولتوں سے آراستہ ہو سکے گی اور پیداوار میں اضافہ کا باعث بنے گی ۔

جناب والا ۔ میں پاکستانی ہوں اور مغربی پاکستان کی وحدت میں مکمل اعتماد رکھتا ہوں (نعرہ ہائے تحسین) لیکن میں یہ ضرور عرض کروں گا کہ میں یہ چاہتا ہوں کہ ہمارا بجٹ اس طرح مرتب کیا جائے کہ اس میں regions کا ذکر نہ ہو جیسے Former N.-W.F.P. اور Former Punjab لیکن منصوبہ بندی اس طرح ہو اور اس کے نتائج اس طرح کے ہوں کہ کسی کو انگلی رکھنے کی گنجائش نہ ہو پچھلے تین چار سال سے جتنے بجٹ پیش ہوئے ہیں مجھے ان کا مطالعہ کرنے کا موقع ملا ہے اور موجودہ بجٹ کا بھی میں نے مطالعہ کیا ہے اس سے پسماندہ علاقوں کے لوگوں کے دلوں میں یقینی طور پر یہ احساس پیدا ہوتا ہے کہ انہیں بعض مدوں کے سلسلہ میں جو انہیں ترقی یافتہ علاقوں کے لوگوں کے برابر

لا سکتی ہیں iguore کیا گیا ہے مثال کے طور پر پاکستان کو بنے ہوئے اٹھارہ سال ہو گئے ہیں یونٹ کو بنے ہوئے دس سال ہو گئے ہیں لیکن سابقہ صوبہ سرحد کے خصوصاً قبائلی علاقوں کی ترقیات کی طرف کوئی ٹھوس توجہ نہیں دی گئی جس سے ٹھوس نتائج برآمد ہوتے حالانکہ دس سال کا عرصہ کافی ہوتا ہے اور اس میں کافی سکیمیں بنائی جا سکتی تھیں اور گورنمنٹ کا منشاء بھی یہی ہے اور آئین کی ضرورت بھی یہی ہے ۔ جناب والا ۔ قبائلی علاقے اور شامل شدہ علاقے (جو پہلے قبائلی تھے اور اب شامل ہو چکے ہیں) پسماندگی کے لحاظ سے ایک ہی سطح پر آتے ہیں ان کی حالت یہ ہے کہ ان کے لئے آبپاشی کی سکیمیں بالکل نہیں بنائی گئیں یہ کتنی افسوس ناک بات ہے وہاں پر لوگوں کی حالت کس طرح بہتر ہو سکتی ہے جب تک ان کو آبپاشی کی سکیمیں نہ دی جائیں قبائلی علاقوں کے لئے کوئی قابل ذکر بڑی سکیم اب تک وجود میں نہیں لائی گئی مردان کے شامل شدہ علاقوں کے متعلق عرض کروں گا کہ وہاں پر بڑی problem یہ ہے کہ علاقہ بارانی ہے جب تک وہاں کوئی dam نہیں بنایا جائے گا وہاں سے کوئی ایسی چیز پیدا نہیں کی جا سکتی جس سے کسان کی حالت بہتر ہو سکے اس علاقہ کے لوگ مجبوراً افیم کاشت کرتے ہیں تاکہ وہ اسے زیادہ قیمت پر بیچ سکیں جناب والا ۔ افیم کی smuggling کا ختم ہونا نہائت ضروری ہے مجھے اس سے مکمل اتفاق ہے اور اس کے لئے ایسے ٹھوس اقدامات ہونے چاہئیں جن سے افیم کی کاشت بند کی جا سکے لیکن اگر یہ چیز وہاں ختم کر دی جائے تو ان لوگوں کی جن کی اقتصادیات اس سے وابستہ ہے ان کی کیا حالت ہو گی ؟ میں یہ عرض کروں گا کہ دس سال سے یہ ذکر چلا آ رہا ہے لیکن کوئی ٹھوس سکیم نہیں بنائی گئی وہاں dam بنائے جائیں ٹیوب ویل لگائے جائیں تاکہ وہ لوگ گنا یا سبزیاں وغیرہ پیدا کر سکیں ! گندم تو ہوتی نہیں ۔ جو ہوتے ہیں لیکن جو سے کیا فائدہ؟

جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ حکومت کو چاہئے کہ اس طرف خصوصی توجہ دے ۔

جناب والا ۔ دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ حکومت نے کئی قوانین نافذ کئے ہیں لیکن بعض ایسے قوانین ہیں جو وہاں نافذ نہیں ہیں وہاں کے مخصوص حالات کے پیش نظر قانون نافذ کر کے ان کے معاملات کو حل

کرنا چاہئے اس کے لئے بہتر تو یہ ہے کہ وہاں کے لئے آپ ایک کمیٹی مقرر کریں تاکہ وہ دیکھے کہ کونسے قانون نافذ کئے جائیں اور کونسے قانون ایسے ہیں جو عوام کے لئے نقصان دہ ہیں اور ان کو اقتصادی حالت کے پیش نظر نافذ نہ کئے جائیں اس سلسلہ میں میں یہ عرض کروں گا کہ حکومت نے جو West Pakistan Arms Ordinance جاری کیا ہے وہ وہاں پر نافذ سمجھا جائے گا ۱۸۷۸ء سے ایسا کوئی ایکٹ سنٹرل گورنمنٹ کی طرف سے نافذ نہیں اب یکدم وہاں پر یہ قانون نافذ کر دینا درست نہیں مجھے معلوم ہوا ہے کہ ڈی آئی جی اور کمشنر صاحب فرماتے ہیں کہ وہاں ایسا قانون ہونا چاہیئے وہ لوگ without licence اسلحہ رکھتے ہیں اور باپ دادا سے یہ بات چلی آتی ہے انگریز کے زمانہ میں بھی تھی دراصل انہیں کچھ sentimental attachment بھی ہے اس کے علاوہ اگر اور کوئی قانون نافذ کریں گے تو وہ لوگ بخوشی قبول کر لیں گے میں تو سمجھتا ہوں بہتر یہی ہے کہ ایک کمیٹی بنائیں جس میں ان لوگوں کے نمائندے ہوں ڈپٹی کمشنر اور پولیس سفارش کرنے کے لئے حالات معلوم کرے۔

جناب والا۔ میں چاہتا ہوں کہ ملک کا بچہ بچہ ترقی کرے اور یہ بھی چاہتا ہوں کہ ہر شخص کا دل و دماغ تعلیم کی روشنی سے منور ہو میں اس regional allocation کے سخت خلاف ہوں آپ نے بجٹ میں ۸۰ کروڑ کی گنجائش رکھی ہے جس میں سے سابق صوبہ سرحد کے لئے صرف ۱۲ کروڑ کی رقم رکھی گئی ہے ۴۰ لاکھ پشاور یونیورسٹی کے لئے رکھا ہے میں آپ کی خدمت میں عرض کردوں کہ پشاور یونیورسٹی ایشیا میں واحد ادارہ ہے جس میں ایگریکلچرل کالج، انجینرنگ کالج میڈیکل کالج، لاء کالج، فارسٹ کالج، ہوم اکنامکس اور اسلامیہ کالج نہایت خوش اسلوبی سے کام کر رہے ہیں یہ residential یونیورسٹی ہے ۴ لاکھ میں وہ کس طرح اپنا کام کر سکیں گے اگر آپ اس یونیورسٹی کو گرانٹ دیتے وقت پاکستان کی باقی یونیورسٹیوں کے ساتھ compare کریں تو آپ اس بات کا ضرور خیال رکھیں کہ یہ Residential University ہے اور ایسی سہولتیں باقی یونیورسٹیوں میں نہیں ہیں آپ ان کی liabilities کو مد نظر رکھیں جن کی liabilities

زیاد ہوں وہاں زیادہ دیں اور جن کی کم ہیں انہیں کم ۔ مثلاً سندھ یونیورسٹی ہے اس کی liabilities پشاور یونیورسٹی سے کم ہیں میں چاہتا ہوں کہ آپ ایک حقیقت پسندانہ نقطہ نظر اختیار کرتے ہوئے گرانٹ دیں مجھے امید ہے کہ اس سلسلہ میں ملک خدا بخش صاحب میری عرضداشت پر ضرور غور کریں گے اور فنڈز کو زیادہ کرنے کے لئے وعدہ فرمائیں گے اور کوشش کریں گے کہ اگر گرانٹ زیادہ نہ کی جا سکے تو contingency fund میں سے رقم ادا کریں ایجوکیشن کے سلسلہ میں مجھے بہت کچھ کہنا ہے ہماری پرائمری اور مڈل کی حالت ناگفتہ بہ ہے اور بجٹ کو دیکھنے سے تو پتہ چلتا ہے کہ حالت اور بھی خراب ہو جائے گی کیونکہ آئندہ سال کوئی نئے پرائمری سکول مڈل یا ہائی سکول نہیں بنائے جائیں گے ۔

مشکل یہ ہے کہ جو جماعت پڑھنے کے بعد ساتویں میں کہاں داخلہ لیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے پاس فنڈز کی کمی ہے اسی لئے پچھلی دفعہ میں نے اسمبلی میں ایک تجویز پیش کی تھی کہ سابق صوبہ سرحد میں ایک ایجوکیشن سیس لگایا جائے ۔ اس سے بے شمار آمدنی ہوگی اور یہ ساری رقم تعلیم پر خرچ کی جائے اگر اس طرح کیا جائے تو سابق صوبہ سرحد کے ہر سکول میں مفت کتابیں مہیا کی جا سکتی ہیں وہ روپیہ جو collect ہو رہا ہے وہ Provincial Consolidation Fund میں جا رہا ہے ۔ اگر آپ چاہیں تو سارے علاقہ میں ٹاؤن کمیٹی سیس لگا دیں ۔ اور وہ رقم تعلیم کے لئے استعمال کریں جس طرح آپ نے sugarcane cess لگایا تھا اسی طرح ایک فنڈ ضرور ہونا چاہئے جو exclusively تعلیم کے لئے ہو ورنہ میں سمجھتا ہوں کہ آپ کی ساری پلاننگ بیکار ہو جائے گی ۔ سکولوں کی بلڈنگز خراب ہیں ان کی طرف بھی توجہ کی ضرورت ہے ۔

جناب والا ۔ غور فرمائیں کہ بڑی کلاسز نہ ہوں تو چار پانچ جماعت پڑھنے کے بعد وہ پھر غیر تعلیم یافتہ ہو جائے ہیں، اس سے کوئی فائدہ نہیں ۔ لہذا میں اس

بات پر زور دوں گا کہ آپ کوئی ایسا cess raise کریں جس سے تعلیمی ترقی کو بر قرار رکھا جائے ۔

جناب والا ۔ میں تعلیم کے سلسلہ میں پھر عرض کروں گا کہ تحصیل صوابی میں کوئی طالب علم انٹرمیڈیٹ کے تعلیم حاصل کرنے کے بعد آگے نہیں جا سکتا ۔ مردان کالج میں داخلہ نہیں ملتا اور نزدیک کوئی کالج نہیں جہاں وہ تعلیم جاری رکھ سکے ۔ اس لئے ڈگری حاصل کرنے کے لئے انہیں لاہور یا کراچی جانا پڑتا ہے لیکن بے شمار ایسے ہیں جن کے پاس فنڈز نہیں ہیں اور وہ نہیں جا سکتے ۔ مغربی پاکستان میں ایسے کتنے ہی کالج ہیں ہمارے ہاں سے ۔۔م طالب علم کامیاب ہوئے اور بہ مشکل امیر آدمیوں کے بچوں نے کہیں جا کر داخلہ لیا ۔ لیکن زیادہ وہ تھے جو انٹرمیڈیٹ کی تعلیم کے بعد کہیں نہ جا سکے ۔ اس لئے اس امر کی طرف زیادہ توجہ دینے کی ضرورت ہے ۔

اس کے بعد میں سیم اور تھور کا مسئلہ پیش کروں گا ۔ میں نے پہلے بھی عرض کیا تھا کہ میں ون یونٹ کا حامی ہوں ۔ اور میرا ارمان ہے کہ

ایک ہوں مسلم حرم کی پاسبانی کے لئے
نیل کے ساحل سے لیکر تا بہ خاک کاشغر

جناب والا ۔ سیم کا مسئلہ جس طریقہ سے حل ہو رہا ہے وہ قابل تعریف ہے ۔ جب آپ نے ون یونٹ بنایا ہے تو چاہئے کہ سارے صوبہ کے regions میں یکساں طور پر ان کے مسائل کو حل کریں ۔ لیکن کیا وجہ ہے کہ صوبہ سرحد میں جب سے ون یونٹ بنا ہے سیم اور تھور سے نجات حاصل کرنے کے لئے کوئی سکیم نہیں بنائی گئی اور نہ ہی کوئی تجویز کی گئی ہے ۔ کیا کوئی بتا سکتا ہے کہ اس کی کیا وجہ ہے ۔

پشاور شہر اور اس کے گرد و نواح میں بلکہ پشاور کا سارا ضلع سیم اور تھور کا شکار ہو گیا ہے صوابی تحصیل

کا بیشتر حصہ جس میں لاہور پولیس سٹیشن کا تین چوتھائی حصہ ۔ صوابی پولیس سٹیشن میں مرغذ اور بام خیل کا درمیانی حصہ ۔ مردان ضلع میں کالو خان پولیس سٹیشن کا کافی حصہ ہے جو سیم اور تھور کا شکار ہے جب میں وہاں جاتا ہوں تو مجھے رونا آتا ہے ۔ اگر اس کا علاج ہو سکے تو وہاں کی فصلیں ایسی ہیں کہ سونا اگل سکتی ہیں لیکن اس کی وجہ سے کوئی فصل نہیں ہو رہی ۔ ہم نے جب بھی دریافت کیا ہے یہی معلوم ہوا ہے کہ investigation ہو رہی ہے ۔ میں حیران ہوں کہ یہ چیز کس طرح چلیگی ۔ حکومت کو چاہیے کہ اس طرف خصوصی توجہ دے ۔

**Mr. Speaker:** The member may please take his seat now.

**سردار حاجی عطا محمد** (خیبر پور—۲) ۔

رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ ۔ وَیَسِّرْ لِیْ اَمْرِیْ
وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِیْ ۔ یَفْقَهُوْا قَوْلِیْ ۔

جناب سپیکر۔ اس بجٹ میں جو کچھ پیش کیا گیا ہے میں اس کے لئے تعریف کرتا ہوں ۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ہمارا ہمسایہ ملک ہندوستان ہمارے مرکزی اور صوبائی بجٹ کو دیکھ رہا تھا اور اس کو ہمارے متعلق یہ اندازہ تھا کہ یہ خسارہ کے بجٹ پیش کرینگے ۔ لیکن یہاں پر دونوں بجٹ میں بچت دکھائی گئی ہے ۔ اس طرح ان کا خواب شرمندہ تعبیر ہوا ۔

اس کے بعد میں اس بجٹ پر روشنی ڈالتے ہوئے یہ عرض کروں گا کہ ہمارے صوبہ مغربی پاکستان کے عوام اس بجٹ سے مطمئن نہیں ہیں ۔ اس وقت میں اس مقدس ہاؤس میں ۹۰ فیصد غریب عوام کی نمائندگی کر رہا ہوں ۔ اور ساتھ ہی ساتھ میں یہ بھی وضاحت کرنا چاہتا ہوں کہ حزب اختلاف کے جو لوگ بھی تقریر کرتے ہیں تو صاحب اقتدار لوگ ان کی باتوں کا مذاق اڑاتے ہیں اور مذاق میں ٹال دیتے ہیں ۔ جناب قائد ایوان سے میں خاص طور پر عرض کروں گا کہ میں ایک آزاد ممبر ہوں اور میں حزب اختلاف کے ساتھ نہیں ہوں لیکن میں مجبور ہوں کہ احکم الحاکمین یہ فرماتا ہے ۔

یٰاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَكُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِیْنَ ۝

اے ایمان والو ڈرو خدا سے اور جو لوگ سچ بات کہتے

ہیں ان کے ساتھ ہو جاؤ تو یہ لوگ جو صحیح بات کرتے ہیں اس لئے میں مجبور ہوں کہ ان کی تائید کروں ۔ صرف یہی حکم نہیں اور جگہوں پر بھی اللہ تعالیٰ قرآن شریف میں فرماتا ہے

وَلَا تَلْبِسُوا الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُوا الْحَقَّ وَأَنْتُمْ تَعْلَمُونَ ۝

اگر تم جانتے ہو تو نہ چھپاؤ، تو اگر میں بات نہ کروں تو میں اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کرنے والوں میں شمار ہوں گا اس لئے یہ جو بات کرتے ہیں ۔ میں بحیثیت مسلمان کے مجبور ہو کر اس کی تائید کرتا ہوں ۔

جناب سپیکر ۔ یہ بجٹ اسلامی مملکت کے شایان شان بجٹ نہیں ہے ۔ کیوں ؟ اس کی وجہ یہ ہے کہ پہلے جب پاکستان لیا گیا تھا تو بڑے بڑے وعدے کئے گئے تھے لیکن ۱۹ برس گزر گئے ہیں اور جو حکومتیں بر سر اقتدار آئیں ہیں ان سب کے یہی وعدے ہوتے رہے اور جب بھی الیکشن ہوا ہے اور ہم سے ووٹ مانگے گئے ہیں اور عوام سے ووٹ طلب کئے گئے ہیں تو یہی کہا گیا ہے کہ ہم اسلامی قوانین رائج کریں گے ۔ اس لئے جو حضرات آج اقتدار کی کرسیوں پر بیٹھے ہوئے ہیں میں ان کو یاد دلاتا ہوں کہ وہ اس کی طرف توجہ کریں ۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَوْفُوا بِالْعُقُودِ

"اگر ایمان ہے تو وعدہ کا ایفا کرو، کیا کیا آپ کے وعدے تھے ۔ آپ نے اسلامی قانون کہا تھا آپ نے رواداری کے لئے کہا تھا ۔ اسلامی مساوات کے لئے کہا تھا اور اسلامی تعلیم اور اردو زبان کے لئے وعدے کئے تھے ۔ اور جو صاحب بھی کرسی پر آئے تو ان کے یہ وعدے تھے لیکن آج تک یہ وعدے پورے نہیں کئے گئے ۔ اور جب یہ انقلابی حکومت وجود میں آئی تو ہم لوگوں کو امید تھی اور ہم لوگ بڑے خوش تھے اور جو وقت مارشل لاء کا گذرا اس میں عوام بڑے خوش تھے ۔ جس وقت مارشل لاء تھا تو اس وقت مشرقی پاکستان

اور مغربی پاکستان ارم کی طرح تھے اور یہ وہ وقت تھا جب کہ یہاں کے سب سے بڑے جرنل صدر مملکت محمد ایوب خان صدر تھے ۔ یہ امید تھی کہ وہ اسلامی قانون رائج کریں گے لیکن افسوس ہے کہ وہ ہمارا خواب شرمندہ تعبیر نہ ہوا ۔ اور اب اسلام کے حکم کے خلاف باتیں کی جا رہی ہیں وہ میرے لئے ضروری اور لازمی ہے کہ میں بتا دوں ۔ بجائے اس کے کہ آپ یہاں اسلامی تہذیب اسلامی رواداری اسلامی معاشرہ کی اصلاح کریں آپ یہاں لوگوں کو یورپ کی تہذیب کی ترغیب دے رہے ہیں ۔ میرے کہنے پر اعتبار نہ کریں آپ اپنا لباس دیکھیے آپ اپنا بود و باش دیکھئے آپ اپنی رہائش دیکھیے تو میرے اوپر ناراض نہ ہوں گے جب یہاں عائلی قوانین رائج ہیں جب یہاں خاندانی منصوبہ بندی پر عمل کیا جا رہا ہے جب یہاں کل انجمن خواتین پاکستان کا قیام عمل میں آچکا ہے اور جب یہاں آرٹ کونسل بن گئی ہے تو آپ اس کو کس طرح اسلامی مملکت کہتے ہیں ۔ آپ نے انگریزوں سے لڑائی لڑ کر یہ ملک لیا تھا اور آپ نے کانگریسیوں سے لڑائی لڑ کر یہ ملک لیا تھا اور آپ یہ کہتے ہیں کہ یہ ہمارا ملک اسلامی ہے تو آپ یہ بتائیے کہ آپ نے یہاں معاشرہ کیا درست کیا ہے ۔ آپ تو انگریزوں سے بھی آگے بڑھ گئے ہیں ذرا آپ اندازہ کیجئے کہ آپ نے ۴۷ ہزار روپے جو رکھے ہیں وہ صرف کل انجمن خواتین پاکستان کو فروغ دینے کے لئے ہیں یا تو یورپ کی تہذیب کو فروغ دینے کے لئے رکھے ہیں ۔ جہاں بازار میں جائیے ننگی تصویریں آپ کے سامنے آئیں گی ۔ افسوس یہ ہمارا ملک ہے اور افسوس کہ یہ اسلامی ملک ہے ۔ فلمیں دیکھیے تو ننگی تصویریں اور ان میں ننگے ناچ ہو رہے ہیں کیا یہ اسلامی مملکت ہے ؟ میں آپ کو پھر قرآن شریف کا حکم سناتا ہوں اور وہ لوگ جو کرسیوں پر بیٹھے ہیں وہ خود ہی فیصلہ کریں۔

وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝

"جو مذہب کے حکم کے خلاف دوسرا حکم چلائے گا وہ ظالم ہے" آپ سارے ممبر ہیں ۔ آپ لوگ جو یہاں قانون بنانے

کے لئے آئے ہیں آپ مسلمان ہیں یا ظالم ہیں - میں عرض کرتا ہوں کہ ۴۰ کروڑ روپے تعلیم کے لئے رکھے گئے ہیں بتائیے اس تعلیم سے ہم لوگوں کو فائدہ پہنچے گا ؟ اگر ہم انگریز ہیں یا گورے ہیں تو اس تعلیم سے معاشرہ بہتر نہیں ہو سکتا - اس ۴۰ کروڑ روپے میں اسلامی تعلیم کے لئے یا اسلامی معاشرہ کے لئے یا اسلامی تہذیب کے لئے کوئی بھی چیز نہیں رکھی گئی ہے اس میں ایسی کوئی اسلام کے لئے ضمانت نہیں دی گئی ہے کہ جس کی وجہ سے میں بجٹ کی تعریف کروں - اگر آپ ناراض نہ ہوں تو میں یہ بھی کہوں کہ تعلیم کے لئے جتنا بھی پیسہ رکھا گیا ہے وہ صرف بڑے آدمیوں کے بچوں کے لئے رکھا گیا ہے اور سرمایہ داروں کے لئے رکھا گیا ہے - عوام جو ۹۰ فی صدی ہیں ان کے لئے اور ان کی تعلیم کی اس میں کوئی ضمانت نہیں ہے - افسوس ہے ہمارے خون پسینے سے حاصل کئے ہوئے پیسے سے آپ عیش کر رہے ہیں آپ ہوائی جہازوں پر سیر کر رہے ہیں اور عوام کا کوئی خیال نہیں ہے - میں آپ سے کہتا ہوں کہ عوام بے غیرت نہیں ہیں غیرت دار ہیں اور آپ عوام کی تاریخ کے اوراق میں پڑھیں آپ عوام کو مجبور نہ کریں کہ حکومت سے جہاد پر آمادہ ہوں - ایک اور بات میں ایک گواہ کی صورت میں آپ سے بتاتا ہوں کہ جتنے ہسپتال ہیں وہاں ۹۰ فی صدی دوائیں ڈاکٹر بیچ رہے ہیں اور ہسپتالوں میں اگر وہ بیمار پڑیں تو غریبوں کے رہنے کے لئے کوئی انتظام نہیں ہے اس لئے آپ کو اس کی طرف توجہ دینی چاہیے - نظم و نسق کی حالت یہ ہے کہ ہمارے یہاں اغوا کی وارداتیں ہو رہی ہیں کبھی ہمارا کوئی آدمی اغوا کیا جاتا ہے کبھی ہمارا کوئی بچہ اغوا کیا جاتا ہے کبھی ہماری قوم کی لڑکی اغوا کی جاتی ہے اور پھر یہ کہا جاتا ہے کہ ۲۰ ہزار روپیہ دو تو اس میں ہمارا کیا قصور ہے اور وہاں کیوں ایسا کیا جا رہا ہے بجٹ میں اس کے تدارک کی کوئی ضمانت نہیں دی گئی - سوچنے کی بات یہ ہے کہ آخر کون آئے گا جو ہمارے ملک کی اصلاح کرے گا - آپ اور ہم سب نے مل کر اس ملک کی اصلاح کرنی ہے - تالیوں کے بجانے

سے کچھ نہ ہوگا آپ دیکھتے ہیں کون تالی بجاتے ہیں - تالی کے لئے وزراء صاحب کھڑے ہو جاتے ہیں - آپ اصلاح کریں اور سوچیں کہ اس بد انتظامی کا کون ذمہ دار ہے - آپ منسٹر ہیں میں آپ کو اس کے لئے ذمہ دار بناتا ہوں اس کی وجہ یہ ہے کہ جن علاقوں میں آپ نے اپنا دبدبہ رکھنا ہوتا ہے وہاں آپ دباؤ ڈالنے کے لئے ایس - پی اور ڈی - سی اپنی مرضی پر لینا چاہتے ہیں حتیٰ کہ پولیس کے سپاہی کو اور پٹواری کو آپ اپنی مرضی پر لینا چاہتے ہیں - آپ ان کے مرہون منت ہوتے ہیں اس لئے آپ ان پر نکتہ چینی نہیں کر سکتے - ان کو کچھ نہیں کہہ سکتے اس لئے وہ تمام عوام کو پامال کر دیتے ہیں یہ لیڈر یہاں بیٹھے سن رہے ہیں لیکن آپ اس کی کوئی پرواہ نہیں کرتے - لوگ فریاد اس لئے نہیں کرتے کہ وہ بدمعاشوں سے ڈرتے ہیں - یہ بالکل صحیح ہے لیکن ان لوگوں کا ڈر کون اتارے گا - اس کی ذمہ داری آپ لوگوں کے کندھوں پر ہے - آپ نے انتظام کرنا ہے ہمارا فرض ہے کہ ہم آپ کو بتا دیں - نظام قائم رکھنا آپ کا کام ہے - اور دیکھئیے اس میں کوئی مغالطہ نہیں ہے - آپ لوگ جو تنخواہیں لیتے ہیں وہ بہت زیادہ ہیں اور ملازم غریبوں کی کم ہیں - غریب ملازم تو اپنے خون اور پسینے اور محنت سے تنخواہ لیتا ہے اور اگر وہ عوام مطمئن نہیں ہے تو ہمارے لئے یہ جو تنخواہیں ہیں حرام ہوتی ہیں - یہ میں آپ کو کہہ دیتا ہوں کہ دیہاتوں کی حالت یہ ہے - غریب عوام خصوصاً رات کو سو نہیں سکتے - سپیکر صاحب میں ان کو کہہ دیتا ہوں کہ ان غریبوں کے لئے انتظام کریں یا نہ کریں یہ ان کی مرضی پر ہے -

## اِنَّ اللّٰہَ مَعَ الصَّابِرِیْنَ -

آدمی صبر کرتا ہے اور اگر آپ نہیں کریں گے تو اس کے لئے انتظام خدا کرے گا - اس لئے میں آپ کو متوجہ کرتا ہوں کہ آپ کے لئے بھی موقعہ ہے اتنے اختیارات کے باوجود یہ موقعہ برباد نہ کریں - اس کے بعد جنگلات کی بابت میں بتانا چاہتا ہوں کہ بس زنہر کے ساتھ جس سڑک

کے ساتھ جتنے درخت ہیں وہ ان کے قبضے میں ہیں - عموماً گذر لوگوں کا وہاں سے ہوتا ہے نقصان ہو یا نہ ہو لیکن ان کے اوپر یعنی غریبوں پر جو آس پاس میں رہتے ہیں ان پر جرم ڈال دیتے ہیں اور محکمہ جنگلات والے خود درخت بیچ کر کھاتے ہیں - آپ اس طرف توجہ کیجئے کیونکہ وہ خزانے میں شمار ہوگا - اریگیشن کی حالت میں آپ کو بتاتا ہوں انتظام کرنا آپ کا کام ہے وہ یہ کہ نہروں میں جو پانی جاتا ہے اس پانی پر کچھ نگران موجود ہوتے ہیں - پانی کا بند کرنا یا کم کرنا ان کا کام ہوتا ہے لیکن وہ پرواہ نہیں کرتے - کسی کو پانی ملتا ہے کسی کو نہیں ملتا وہ پیسے لیتے ہیں جن کو وہ پانی دیتے ہیں اور بعض اوقات پانی دے کر جو پیسے لیتے ہیں تو پھر پانی کو زیادہ بھی کر دیتے ہیں - پھر دوسری فصل پر اسی طرح کرتے ہیں - اگر کوئی ان کو پیسہ نہیں دیتا تو وہ اس کو تنگ کرتے ہیں اور جو دیتا ہے اس کو پانی دیتے ہیں - اس طرح پر آبیانہ میں حکومت کو نقصان اٹھانا پڑتا ہے اور ٹھیکیدار خوب کماتے ہیں -

**Minister of Finance :** Question !

**سردار حاجی عطا محمد** - آبکاری کی حالت بھی یہی ہے - ہمارے ضلع خیر پور میں نمک کی کان ہے - ہزاروں من روز نمک نکلتا ہے -

**وزیر خزانہ** - حاجی صاحب نمک کا محکمہ سینٹر کے پاس ہے کیونکہ آبکاری سنٹرل subject ہے

**سردار حاجی عطا محمد** - آپ سنیٹر کو پھر اطلاع دے دیں اب میں ریونیو کی بات کرتا ہوں - پنجاب میں پٹواری لوگ صرف یہ کرتے ہیں یعنی نمبر شماری اور وصولی نمبرداروں کی معرفت کی جاتی ہے لیکن ہماری طرف پٹواری دونوں کام کرتا ہے - رشوت کا بازار گرم رہتا ہے مگر جتنے لوگ پڑتال کرنے والے ہوتے ہیں ان افسران کی رسائی کمشنر اور ڈپٹی کمشنر تک ہوتی ہے - وہ تو صرف دستخط کر دیتے ہیں ریونیو کی انکم میں ۲۰ فیصد کمی ہو جاتی ہے تو ان چیزوں کو روکنے کے لئے آپ نے خود انتظام کرنا ہے - یہ خیر پور

ھی کی بات نہیں بلکہ ایسی چیزیں اور بہت سی جگھوں پر ھو رھی ھیں - بعد اچھے افسران بھی ھوتے ھیں تو میں ان کی تعریف کرتا ھوں -

**رانا پھول محمد خان** - پوائنٹ آف آرڈر - جناب سپیکر جس حلقے سے حاجی صاحب تعلق رکھتے ھیں وھاں کے افسران نیک اور دیانتدار ھیں تو میں یہ پوچھتا ھوں کہ یہ کون سے افسران کے متعلق شکایت کر رھے ھیں ؟

**سردار حاجی عطا محمد** - اور اس کے علاوہ میں حزب اقتدار کی اس طرف توجہ دلاتا ھوں کہ جب ھمارے چھوٹے علاقوں کو ون یونٹ میں شامل کیا گیا تھا تو ھمیں یہ معلوم نہیں تھا کہ آپ اندر سے سانپ اور باھر سے درویش یا یہ ھمیں معلوم نہیں تھا کہ اندر آپ شیر ھیں اور باھر آپ بھیڑ ھیں -

**میاں محمد شفیع** - پوائنٹ آف آرڈر - حاجی صاحب یہ الفاظ استعمال کر کے تمام ھاؤس کی توھین کر رھے ھیں ان کو اپنے الفاظ واپس لینے چاھئیں -

**مسٹر سپیکر** - وہ ایوان کے ممبران کے لئے نہیں ھے -

**میاں محمد شفیع** - انھوں نے ''آپ،، کا لفظ کہا ھے تو اس لفظ میں سب آتے ھیں -

**سردار حاجی عطا محمد** - میں شفیع صاحب کو بتاتا ھوں کہ جب ھم ون یونٹ میں شامل کئے گئے تھے تو اس وقت اور گورنمنٹ تھی - آپ سب انہیں کے پیروکار ھیں آپ تو دو قدم آگے ھیں -

**میاں محمد شفیع** - پوائنٹ آف آرڈر - جناب حاجی صاحب بات کو اٹھا کر وھیں لائے ھیں - وہ کہہ رھے ھیں کہ ھم پہلی حکومت کے پیروکار ھیں - گویا جو کچھ پہلی حکومت کے متعلق انھوں نے کہا ھے وہ ھم پر بھی صادق آتا ھے -

**مسٹر سپیکر** - میاں صاحب انھوں نے آپ کے متعلق تو کچھ نہیں کہا وہ ایوان کے ممبران کے متعلق کچھ کہہ رھے ھیں -

**حاجی سردار عطا محمد** - ہمارے چھوٹے علاقے کے ساتھ انہوں نے کیا سلوک کیا ہے وہ میں آپ کی خدمت میں عرض کر دیتا ہوں - وہ یہ ہے کہ یہ وہاں انہوں نے اس زبان کے جاننے والے آدمی بھیجے ہیں جو وہاں کی زبان نہیں جانتے وہ عدالت میں سررشتہ داروں کے کہنے پر انصاف کرتے ہیں جب لوگ ان افسروں کے سامنے شکایت لے کر آتے ہیں تو وہ اپنے ماتحتوں سے پوچھتے ہیں - کہ وہ کیا کہتے ہیں - وہ کہتے ہیں آپ کی تعریف کرنے آئے ہیں - آپ کا شکریہ ادا کرتے ہیں آپ بتائیں - یہ کیا سلوک ہے ہم لوگوں کے ساتھ آپ کا - میں آپ کو ایک مثال دیتا ہوں خیر پور میں ایک کروڑ کا ٹرسٹ تھا - آپ نے اسے ختم کر دیا ہے - یہ پس ماندہ علاقہ ہے ہمارے خیر پور کو ۲۵ فیصد محصول میں سے واپس کیا جاتا تھا آپ بہتر جانتے ہیں آپ خود اندازہ لگائیں ہم تو خوش تھے کہ بڑے علاقے کے ساتھ مل کر کچھ فائدہ ہوگا - پچھلے بجٹ میں سندھ کے لئے ۳۱ کروڑ تھا اب ۲۷ کروڑ رکھا ہے -

وما علینا الا البلاغ

**میاں سیف اللہ** (کراچی - ۴) - جناب سپیکر جناب وزیر خزانہ نے جو بجٹ اس ایوان کے سامنے پیش کیا ہے وہ قابل تعریف ہے - نہ صرف اس لحاظ سے کہ اس بجٹ میں کوئی مزید ٹیکس نہیں لگایا گیا بلکہ اس لحاظ سے بھی کہ انہوں نے خرچ پر قابو پا کر بجٹ کو سرپلس بنایا ہے علاوہ اس کے ترقیاتی کاموں کے لئے ۱۰۸۳ کروڑ جو مقرر کئے ہیں وہ قابل تعریف ہے میں جناب وزیر خزانہ کو مبارکباد پیش کرتا ہوں (تالیاں) -

موجودہ حکومت کی پالیسی ہمیشہ یہ رہی ہے کہ پسماندہ علاقوں میں زیادہ سے زیادہ ترقیاتی کام کئے جائیں تاکہ پسماندہ علاقوں میں رہنے والوں کی حالت بہتر بنائی جائے - کراچی پاکستان کا سب سے بڑا شہر ہے - مگر ساتھ ہی ساتھ اس شہر میں کئی علاقے ہیں جو کہ پسماندہ

اور پسماندہ علاقوں میں لیاری بھی شامل ہے جہاں کراچی کے پہلے باشندے آ کے بسے تھے ۔

**مسٹر حمزہ** - جناب سپیکر - لیاری بہت پیاری ہو گئی ہے - صبح بھی یہاں لیاری کا ذکر تھا - کیا یہ repetition نہیں ہے ؟

**مسٹر سپیکر** - ہر سوں ٹوبہ ٹیک سنگھ کی باری ہوگی ۔

**میاں سیف اللہ** - عرض یہ ہے کہ لیاری کا جو علاقہ ہے وہاں سے صوبائی اسمبلی کی دو سیٹیں ہیں - دو ممبر وہاں سے منتخب ہو کے آتے ہیں - مجھ سے پہلے دوسرے معزز رکن نے اس کا ذکر کیا آپ مہربانی فرمائیں مجھے بھی اپنے علاقہ کے لئے ضرور کچھ عرض کرنا ہے امید ہے آپ کی اجازت ہوگی ۔

پارٹیشن سے پہلے ۱۹۴۷ء میں جب کراچی کی آبادی ساڑھے تین لاکھ تھی اس وقت لیاری کی آبادی ۷۰ ہزار تھی یعنی کل آبادی کا تقریباً ۱/۴ حصہ ۔ اس علاقہ میں اس وقت زیادہ تر آبادی مسلمانوں کی تھی - میونسپلٹی کا کل کنٹرول ہندوؤں کے ہاتھ تھا - تب بھی لیاری کے علاقہ میں پرائمری سکول تقریباً ۴۸ تھے - جبکہ تمام کراچی میں ۱۳۱ پرائمری سکول تھے - یعنی ۱/۳ حصہ پرائمری سکولوں کا لیاری میں تھا - اب کراچی کی آبادی ۲۵ لاکھ کے قریب ہے اور لیاری کی آبادی ۷ لاکھ ہے یعنی کراچی کی کل آبادی کا ۱/۳ حصہ لیاری میں بستا ہے - یہاں زیادہ تر مزدور پیشہ ملازمت پیشہ اور چھوٹے دوکاندار رہتے ہیں یہ بہت پسماندہ علاقہ ہے - جناب سپیکر کراچی میں لڑکوں اور لڑکیوں کے کل پرائمری سکول ۸۶۷ ہیں - اور سیکنڈری سکول دو صد کے قریب ہیں کل کالج جس میں عورتوں کے لئے کالج بھی شامل ہیں ۴۴ ہیں - اگر آبادی کے لحاظ سے دیکھا جائے تو لیاری کے علاقہ میں کم از کم ۲۴۰ پرائمری ۵۶ سیکنڈری سکول اور ۱۲ کالج ہونے چاہئیں - مگر میں افسوس سے کہہ رہا ہوں کہ آج لیاری میں پرائمری سکول ۶۰ سے کم ہیں ۔

سیکنڈری ۱۰ سے کم ہیں - اور ایک بھی کالج نہیں - آپ دیکھیں کہ پارٹیشن سے پہلے پرائمری سکولوں کا ۱/۳ حصہ لٹیاری میں تھا اور اب پاکستان بننے کے بعد جب تمام ملک نے اتنی ترقی کی ہے - لٹیاری میں پرائمری سکول ۶۰ سے کم ہیں یہ بہت ہی افسوسناک بات ہے۔

جناب سپیکر - میں حلقہ ۴ کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں اس علاقہ میں زیادہ تر لٹیاری کا حصہ شامل ہے - اور ساتھ ہی ساتھ شیر شاہ کالونی - پٹھ کالونی بلدیہ کالونی ماری پور وغیرہ علاقے شامل ہیں -

**حاجی سردار عطا محمد** — پوائنٹ آف آرڈر جناب - عرض یہ ہے کہ یہ تمام ملک کے نمائندہ ہیں انہیں صرف اپنے علاقے کا ذکر نہیں کرنا چاہئے -

**وزیر خزانہ** - ابھی خود آپ نے میر پور کا ذکر خیر کیا ہے - حاجی صاحب بڑی جلدی بھول گئے ہیں -

**میاں سیف اللہ** - تمام ملک کے متعلق عرض کرنے والے بہت بیٹھے ہیں - میں صرف اپنے علاقہ کے متعلق کچھ عرض کروں گا - عرض یہ ہے کہ اس علاقہ کی آبادی تقریباً ۴ لاکھ سے زیادہ ہے - آپ یہ سن کر حیران ہونگے کہ وہاں کل ۵ ڈسپنسریاں ہیں یعنی ایک لاکھ آبادی کے لئے تقریباً ایک چاکی واڑہ میں ۲ بہادر کالونی میں ایک - میرا ناتھ میں ایک - ماری پور کے علاقہ میں ایک - جناب وزیر خزانہ نے کراچی کو جو رقم دی ہے وہ کافی ہے :—

۱۹۶۲—۶۳ میں ۱۱ کروڑ ۵۲ لاکھ -
۱۹۶۳—۶۴ میں ۱۱ کروڑ ۷۰ لاکھ -
۱۹۶۴—۶۵ میں ۱۱ کروڑ ۶۹ لاکھ -
۱۹۶۵—۶۶ میں ۷ کروڑ ۹۰ لاکھ -

پچھلے سالوں میں ۴۲ کروڑ ۴۱ لاکھ روپے ترقیاتی کاموں کے لئے کراچی کو دئے گئے اگر آبادی کے لحاظ سے دیکھا جائے لٹیاری پر تقریباً ۱۲ کروڑ روپے

خرچ ہونے چاہئیں - یعنی ہر سال تقریباً تین کروڑ روپے مجھے یہ بڑے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ ایک سوال کے جواب میں مجھے یہ بتایا گیا کہ تیسرے پنج سالہ منصوبہ میں ایک بھی سکیم لیاری کے لئے تیار نہیں کی گئی - آخر لیاری کے لوگوں نے کیا قصور کیا ہے کہ آپ انکی طرف بالکل توجہ نہیں دیتے ہم کراچی شہر کی اپنی میونسپلٹی اور کے-ڈی-اے سے یہ توقع رکھتے ہیں کہ وہ لیاری کے لئے کم از کم پکی سڑکیں، گندے پانی کے نکاس کے لئے نالیاں، پانی کی سپلائی، بجلی کی سپلائی، سکول اور کالج تاکہ ان کے بچے تعلیم حاصل کر سکیں - ڈسپنسریاں اور ہسپتال مہیا کریں گے - مگر میں عرض کروں کہ جہاں تک سڑکوں کا تعلق ہے لیاری میں زیادہ تو سڑکیں کچی ہیں - اور جو پکی ہیں ان کا بھی برا حال ہے - جگہ جگہ کھڈے ہیں مرمت کا کوئی انتظام نہیں ہے - نالیوں کے متعلق عرض یہ ہے کہ زیادہ تر سڑکوں کے کناروں پر نالیاں بالکل نہیں ہیں - جگہ جگہ گندہ پانی اکٹھا ہے - جس سے نہ صرف گندگی پھیلتی ہے بلکہ مچھروں اور مکھیوں کی پیدائش بڑی کثرت سے ہوتی ہے - جس سے بیماری پھیلتی ہے پانی کی سپلائی کے متعلق عرض کروں کہ یہ زیادہ تر کے - ڈی - اے کا کام تھا اس کے متعلق آپ پہلے بھی سن چکے ہیں ان کا کام تسلی بخش نہیں جہاں وہ پانی کا انتظام کر بھی رہے ہیں صرف چند ایک کنکشن دے رہے ہیں - لوگوں کو گھروں میں بالکل کنکشن نہیں دے رہے - پٹھان کالونی اور دوسری کالونیز میں اس کی سخت تکلیف ہے -

**مسٹر حمزہ** - پوائنٹ آف آرڈر - جناب والا میاں سیف اللہ خاں صاحب کی تقریر سے ظاہر ہوتا ہے کہ

* × × × × × × × × × × × × × × × × ×

**Mr. Speaker :** This is not a point of order, and the Member has absolutely not right to comment over the speech of a Member. I would expunge from the proceedings of the Assembly the remarks made by Mr. Hamza.

**میاں سیٹھ اللہ خان** - جناب والا - یہ سنا جا رہا ہے کہ کراچی میں پانی کی سپلائی کی سکیم کراچی ڈویلپمنٹ اتھارٹی کو دی جا رہی ہے - میں اس کے متعلق درخواست کرونگا کہ یہ سکیم کراچی ڈویلپمنٹ اتھارٹی کو بالکل نہ

Expunged as ordered by the Speaker.

دی جائے کیونکہ کراچی ڈویلپمنٹ اتھارٹی کا کام غیر تسلی بخش ہے ۔ اگر یہ کام اس اتھارٹی کو دیا گیا تو کام اور بھی زیادہ خراب ہو جائیگا ۔ لوگوں کو پہلے ہی بہت تکالیف اور شکایات ہیں ۔ کراچی میونسپل کمیٹی میں عوام کے نمائندے ہیں وہ اپنے کام کو پورا کر سکتے ہیں ۔ وہ کوئی کنٹرول بھی کر سکتے ہیں لیکن کراچی ڈویلپمنٹ اتھارٹی کا کوئی کنٹرول نہیں ہے ۔

جناب والا ۔ بجلی کے متعلق میں یہ عرض کرونگا کہ شیر شاہ کالونی میں لوگوں کو گھروں کے لئے کنکشن نہیں دئے جا رہے ہیں ۔ باوجود اس کے کہ لوگوں نے اس کے متعلق بہت درخواستیں دی ہیں ۔ سکول اور کالج کے متعلق میں پہلے ہی عرض کر چکا ہوں کہ آبادی کے لحاظ سے بہت کم ہیں ۔

جناب والا ۔ میں جناب وزیر خزانہ اور وزیر بنیادی جمہوریت کا تہ دل سے شکر گزار ہوں کہ انہوں نے پہلی مرتبہ لیاری کے لئے ساڑھے چار لاکھ روپیہ مختص کیا ہے اور یہ سکیم Water and Sewerage Service کے متعلق ہے ۔ کاغذات سے معلوم ہوا ہے کہ یہ کل رقم ۲ کروڑ ۳۳ لاکھ ہوگی ۔ جس میں سے یہ پہلی رقم اس سکیم کے متعلق دی گئی ہے جو بالکل نا کافی ہے ۔ میں درخواست کروں گا کہ اگلے سال براہ کرم اس رقم کو کافی زیادہ کیا جائے تاکہ لوگوں کی مشکلات اور تکالیف دور ہوں ۔

جناب والا ۔ اب میں مالکانہ حقوق کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ جنوری ۱۹۶۰ء میں ہماری حکومت نے لیاری کے باشندوں سے وعدہ کیا تھا کہ ان کو مالکانہ حقوق دے دیئے جائیں گے ۔ پچھلے سال بھی میں نے اپنی تقریر میں اپنی حکومت سے درخواست کی تھی کہ چونکہ حکومت نے یہ وعدہ کر دیا ہے لہذا لیاری کے باشندوں کو جلد از جلد مالکانہ حقوق دے دیئے جائیں ۔ لیکن مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے صرف آگرہ تاج کالونی کا کام مکمل ہو چکا ہے علاوہ اس کے یہ بھی کہا گیا تھا کہ بہار کالونی۔موسیٰ کالونی

میوہ شاہ کالونی وغیرہ کے سروے کا کام شروع کر دیا جائے گا اور یہ بھی بتایا گیا تھا کہ ملز ایریا اور بلدیہ کالونی کا lay out پلان تیار کیا جائے گا ۔ اب ڈیڑھ سال گزر چکا ہے لیکن ابھی تک کچھ نہیں ہوا براہ مہربانی مالکانہ حقوق جلد از جلد دیئے جائیں ۔ یہ کراچی Development Authority کے عملہ سے اتنی دیری ہو رہی ہے ۔ جب حکومت نے وعدہ کیا ہے کہ لوگوں کو مالکانہ حقوق دے دیئے جائیں گے تو اس طرح سستی سے کام کیوں ہو رہا ہے ۔

جناب والا ۔ میرے ایک سوال کے جواب میں وزیر صاحب نے فرمایا تھا کہ میوہ شاہ کالونی unauthorised کالونی ہے ۔ میں اس کے متعلق عرض کروں گا کہ میوہ شاہ کالونی لیاری کے لوگوں سے مختلف نہیں ہے ۔ یہ علاقہ پہلے غیر آباد تھا اور اس کی زمین کی قیمت کچھ بھی نہ تھی یعنی اسے دو آنے گز بھی کوئی لینے کے لیے تیار نہ تھا ۔ یہ لوگ وہاں آباد ہوئے انہوں نے اپنی چھپر اور جھونپڑیاں بنائی ہیں ۔ اب اس زمین کی قیمت بڑھی ہے ۔ یہ حق جو ان کا ہے ان کو دیا جائے ۔ آخر یہ کس لحاظ سے مختلف ہے ۔ لیاری کے لوگ جیسے بس رہے ہیں وہ بھی ویسے ہی بس رہے ہیں ۔ اس کے ساتھ ہی ساتھ میں پٹھان کالونی کے متعلق بھی عرض کروں گا کہ ان کو بھی مالکانہ حقوق جلد از جلد دیئے جائیں ۔

جناب والا ۔ آخر میں میں وزیر خزانہ کا تہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے اتنی رقم خرچ کرنے کے لیے مختص کی ہے ۔ ساتھ ہی ساتھ میں اپنی حکومت سے بھی درخواست کروں گا کہ وہ کراچی ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے عملہ کے متعلق بھی غور فرمائیں اور ان کے کاموں کو دیکھیں کہ ان میں اتنی سستی ۔ اتنی رشوت کیوں ہے اور وہ کیوں اپنا کام نہیں کرتے اس کی وجہ کیا ہے ؟ آپ پسماندہ علاقوں کی طرف بھی توجہ

دیں حالانکہ حکومت کی یہ پالیسی رہی ہے کہ پسماندہ علاقوں پر زیادہ خرچ کیا جائے اور پسماندہ علاقوں کے رہنے والوں ۔ لوگوں کی حالت جلد از جلد بہتر بنائی جائے ۔

جناب والا ۔ میں ان الفاظ کے ساتھ اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

**سردار محمد اسحاق خان** (کوئٹہ ۔ چاغی) ۔ جناب سپیکر ۔ میں آپ کی وساطت سے جناب وزیر خزانہ کو مبارک باد پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے ایک متوازن بجٹ پیش کرکے ہمیں شکریہ کا موقع دیا ہے ۔ جناب وزیر خزانہ کی خدمت میں میں اس پر بھی ہدیہ تبریک پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے کوئی نیا ٹیکس عائد نہیں کیا ۔

جناب عالی ۔ میں کوئٹہ ڈویژن سے تعلق رکھتا ہوں اور میں چاہتا ہوں کہ وہاں کے مسائل اپنے وزراء صاحبان کی خدمت میں اور حکومت کی خدمت میں پیش کروں اور مجھے امید ہے کہ حمزہ صاحب اس پر اعتراض نہیں فرمائیں گے ۔

جناب سپیکر ۔ جب سے ون یونٹ معرض وجود میں آیا ہے حقیقت ہے کہ کوئٹہ ڈویژن میں ترقیاتی کام ہوتا رہا ہے اور اس ضمن میں میں جناب صدر فیلڈ ماشل محمد ایوب خان صاحب اور جناب گورنر ملک امیر محمد خان صاحب کا تہ دل سے مشکور ہوں کہ وہ اس علاقے کی ترقی کے لئے خاص طور پر دلچسپی لے رہے ہیں ۔ جب کبھی بھی صدر صاحب اور گورنر صاحب وہاں تشریف لائے انہوں نے وہاں کے مسائل کو غور سے سنا اور وہاں کے حالات کا پورے طور پر جائزہ لیا اور کافی سے زیادہ دلچسپی لیتے ہوئے وہاں کے علاقے کی ترقی کے لئے کوشاں رہے مگر تاہم وہاں ایسے مسائل بھی ہیں جن کے متعلق ضرور کچھ نہ کچھ عرض کرنا پڑے گا ۔

جناب عالی ۔ پچھلے سال بھی میں نے بجٹ سیشن کے موقع پر اپنی مختصر تقریر میں عرض کیا تھا کہ کوئٹہ شہر میں پانی کے مسائل بہت اہم ہیں حکومت نے تیسرے ۵ سالہ منصوبے میں ۲ کروڑ کی رقم پانی کے لئے اور Sewerage سسٹم کیلئے رکھی تھی ۔ میں جناب وزیر آبپاشی ملک خدا بخش بچہ صاحب کی خدمت میں عرض کروں گا کہ وہ اس طرف خاص توجہ دیں تا کہ یہ رقم صحیح صرف ہو ۔ اور آئندہ

کوئٹہ میں پانی کا مسئلہ جو عرصہ سے زیر غور ہے اور وہاں کے لوگوں کو جو تکالیف ہیں وہ دور ہو سکیں اور پانی کا مسئلہ بھی حل ہو جائے - جناب والا - ایک سکیم واپڈا نے بھی بنائی تھی وہ یہ تھی کہ ڈیم بنانے تھے - کوئٹہ میں پانی کی اس سکیم کی طرف بھی توجہ فرمائیں - یہ سکیم ایریگیشن سے تعلق رکھتی ہے - اور میں وزیر متعلقہ کی خدمت میں گزارش کرنی چاہتا ہوں کہ پچھلے سال ایک کروڑ روپیہ کی رقم lapse کراکر surrender کر دی تھی - ہم ایک ایک قطرہ پانی کے محتاج ہیں - وہاں کوئی انڈسٹریز نہیں ہیں - کوئی تجارت نہیں ہے - وہاں کے غریب عوام اپنی چھوٹی چھوٹی اراضیات پر زراعت کرکے اپنا گزارہ کرتے ہیں - وہاں چھوٹے چھوٹے باغات ہیں جس سے وہ لوگ فائدہ حاصل کرتے ہیں - اس کے متعلق بھی عرض کرتا ہوں کہ محکمہ زراعت خاص طور پر توجہ دے تاکہ پانی کا مسئلہ حل کرنیکے لئے چھوٹے چھوٹے ڈیم بنانے کی سکیم تیار کریں - پچھلے سال بھی یہ سکیم مکمل نہیں کی گئی تھی - اور رقم واپس کر دی تھی - میں ملک خدا بخش صاحب کی خدمت میں گزارش کروں گا کہ آپ بلوچستان پر احسان عظیم فرمائیں اور پانی کا مسئلہ حل کریں - وہاں کاریز کے ذریعہ کھیتی باڑی ہوتی ہے - کیونکہ یہاں نہ دریا ہیں اور نہ پانی کے کوئی اور ذرائع ہیں - جس سے وہاں کے لوگ زراعت کو ترقی دے سکیں - میں ان کی خدمت میں گزارش کروں گا کہ اس طرف بھی خاص توجہ دیں -

جناب والا - دوسری گزارش یہ ہے کہ وزیر زراعت مخدوم حمید الدین صاحب کی خدمت میں ہاؤس میں بھی اور باہر بھی گزارش کی تھی کہ وہاں زراعتی ورکشاپ نہایت خستہ حالت میں ہے - کوئٹہ قلات ڈویژن میں زراعتی ورکشاپ میں نہ کوئی ٹریکٹر ہے نہ کوئی بلڈوزر ہے جس سے عوام فائدہ حاصل کر سکیں اور وہاں پر جو ایگریکلچرل انجینئر ہے - میں اس ایوان میں یہ کہنے کی جرات کر رہا ہوں - کہ وہ اس علاقے کے مسائل کی طرف کوئی خاص توجہ نہیں دے رہا ہے - اور نہایت لا پرواہی سے کام کر رہا ہے - وہاں پر اسوقت کئی ایک سکیمیں ہیں - جنکے لئے حکومت نے رقوم دے رکھی ہیں - کہ کنویں کھودے جائیں - یا پمپ اور انجن وغیرہ مہیا کئے جائیں - لیکن وہ ایگریکلچرل انجینئر اسکی طرف کوئی توجہ نہیں دے رہا ہے -

اس لئے میں قائد ایوان سے درخواست کرونگا کہ وہ وہاں پر زراعتی ورکشاپ کی طرف خاص طور پر توجہ دیں۔ تا کہ وہاں کے غریب عوام ان سے کچھ نہ کچھ فائدہ اٹھا سکیں ۔

جہانتک تعلیم کے مسئلے کا تعلق ہے۔میں نے اس سلسلے میں سوالات بھی اس ایوان میں پوچھے تھے۔وہاں پر جو گورنمنٹ کالج ہے اور جو کہ پوسٹ گریجویٹ کی کلاسوں پر مشتمل ہے۔وہاں پر کوئی ہوسٹل نہیں ہے۔ اور نہ ہی غریب طلباء کے لئے کوئی ذرائع مواصلات مہیا کئے گئے ہیں۔اسکے علاوہ پولی ٹیکنیک سکول جو کہ عرصہ سے شروع ہو چکا ہے۔ وہاں ٹیکنیکل سکول کے اندر ہی دو سکولوں کو سما دینا کوئی اچھی بات نہیں ہے ۔ اور پولی ٹیکنیک سکول کے لئے الگ جگہ ہونی چاہیئے تا کہ وہاں کے لوگ اس سے فائدہ اٹھا سکیں۔

دیگر یہ عرض ہے کہ میں گزشتہ تین سال سے یہ بات دہرا رہا ہوں اور اسوقت بھی میرا یہ مطالبہ ہے کہ سبی میں ایک انٹرمیڈیٹ کالج کا قیام ہونا چاہیئے۔ کیونکہ یہ ان عوام کا ایک دیرینہ مطالبہ ہے ۔ کوئٹہ شہر میں تین سال قبل فیلڈ مارشل محمد ایوب خاں خود گئے تھے ۔ اور وہاں پر انہوں نے ایک سیٹلائیٹ ٹاؤن کا سنگ بنیاد بھی رکھا تھا ۔ لیکن ابھی تک اس سیٹلائیٹ ٹاؤن کا پتہ ہی نہیں ہے ۔ اور یہ بھی معلوم نہیں ہو سکا ۔ کہ وہ سنگ بنیاد کہاں غائب ہو گیا ۔ آپ اسکا پتہ کرائیں ۔ کیونکہ وہاں کے متوسط طبقے کے لوگوں کو اس سیٹلائٹ ٹاؤن کی تعمیر سے کافی فائدہ پہنچ سکتا ہے ۔ لیکن مجھے اس کی وجہ معلوم نہیں ہو سکی کہ کونسی ایسی interested پارٹی ہے یا وہ کون لوگ ہیں کہ جنہوں نے یہ سنگ بنیاد ہی اوپر ہی اوپر سے اڑا لیا ہے ۔ اس لئے میں آپکی وساطت سے جناب قائد ایوان کی خدمت میں گزارش کرونگا کہ وہ مہربانی فرما کر اس چیز کے متعلق تحقیقات کرائیں ۔ کیونکہ متوسط طبقہ کے لوگوں کے پاس رہنے کیلئے وہاں پر کوئی جگہ نہیں ہے ۔ اور بالخصوص جو کم تنخواہ پانے والے سرکاری ملازم ہیں ۔ انکی رہائش کا کوئی بھی انتظام نہیں ہے ۔ تو اس وجہ سے وہ اس سیٹلایٹ ٹاؤن کی تعمیر جلد از جلد کریں ۔ اور اس مسئلے کو جس قدر جلد ہو سکے وہ take up کریں ۔

آخر میں میں یہ عرض کرونگا اور بالخصوص ریلوے منسٹر کی خدمت میں یہ عرض کروں گا کہ جو ریلوے لائین کوئٹہ سے چمن کو

جاتی ہے وہ چمن تک جا کر ختم ہو جاتی ہے ۔ اب گورنمنٹ کے زیر غور یہ سکیم ہے بلکہ اب تو اس کا فیصلہ بھی ہو چکا ہے کہ اس لائین کو افغانستان کے اندر لے جایا جائے ۔ جیسا کہ آپ کو معلوم ہے چمن ایک سرحدی قصبہ ہے ۔ اور وہاں ۔ کے لوگ اس قصبے کی سرحدی حیثیت سے کافی فائدہ اٹھاتے ہیں ۔ وہاں کے کلیرنگ ایجنٹس اور دوسرے کاروباری لوگ اس سے کافی فائدہ اٹھاتے ہیں ۔ تو اب حکومت کے اس فیصلے کے بعد کہ وہ ریلوے لائین افغانستان کے اندر لے جائیں گے ۔ تو یہ ان لوگوں کے ساتھ زیادتی ہے ۔ کیونہ ان لوگوں کا اور کوئی بھی ذریعہ معاش نہیں ہے نہ وہاں کوئی زراعت ہے نہ کوئی اور تجارت ہے اور نہ ہی کوئی کارخانہ ہے ۔ اور ان کی گزراوقات زیادہ تر اسی چیز پر تھی اس لئے میں آپکی وساطت سے جناب قائد ایوان کی خدمت میں عرض کروں گا کہ چمن کے لوگوں کو کوئی متبادل روزگار مہیا کرنے کے متعلق حکومت کو ضرور غور کرنا چاہئے کیونکہ اس کے بعد وہاں کے لوگ کیا کریں گے ۔

اسکے علاوہ میری یہ گزارش ہے کہ اس وقت حکومت مختلف کارخانوں کے لئے باہر سے کوئلہ درآمد کر رہی ہے ۔ اور اس پر ہمارا کثیر زرمبادلہ خرچ ہو رہا ہے تو میری گزارش یہ ہے ۔ کہ بلوچستان میں کوئلہ ہی ایک ایسی انڈسٹری ہے ۔ کہ جس پر لوگوں کا دارومدار ہے ۔ تو حکومت نے جو سکیم بنائی ہے ۔ اگر اسے عملی جامہ پہنایا جائے ۔ اور وہاں پر ایک Briquets plant قائم کیا جائے ۔ جب آپ یہ پلانٹ بڑے سائز کی بنائیں گے ۔ تو اس سے یہ فائدہ ہوگا ۔ کہ کارخانوں اور عوام کو فائدہ پہنچنے کے علاوہ زر مبادلہ بھی بچ جائے گا اور ان کے کوئلے کے لئے ایک تو الگ مارکیٹ مل جائے گی اور اس سے ان کو بہت فائدہ ہوگا ۔ میں عرض کروں گا کہ یہ پلانٹ جو کہ W.P.I. D.C. سے متعلق ہے اگر وہ اس سکیم کو جلد پایہ تکمیل تک پہنچائیں تو اس سے نہ صرف عوام کو ہی فائدہ ہوگا ۔ بلکہ اس طرح حکومت کو بھی زیادہ سے زیادہ زرمبادلہ بچ سکے گا ۔ ان گزارشات کے ساتھ میں جناب وزیر خزانہ کو ایک بار پھر مبارک باد پیش کرتا ہوں ۔

**میاں محمد اسلام** (رحیم یار خان-۲) — جناب والا - میں سب سے پہلے جناب وزیر خزانہ کی خدمت میں مبارکباد پیش کرتا ہوں - اور ساتھ ہی ساتھ کچھ اپنی گزارشات بھی پیش کرنا چاہتا ہوں - میں پہلے بھی جامعہ اسلامیہ یونیورسٹی کے متعلق عرض کرچکا ہوں - لیکن اس کے متعلق اس وقت تک کوئی خاطر خواہ انتظام نہیں کیا گیا - جامعہ اسلامیہ یونیورسٹی ایک اسلامی یونیورسٹی ہے - جو کہ مغربی پاکستان میں حکومت کی طرف سے اور محکمہ اوقاف کی طرف سے واحد یونیورسٹی ہے اس کو باقی یونیورسٹیوں کے برابر درجہ دیا جائے - میں نے پرسوں اخبارات میں پڑھا تھا - کہ محکمہ اوقاف اس یونیورسٹی سے ملحقہ کچھ درسگاہیں قائم کرنا چاہتی ہے - میں اس سلسلے میں مبارکباد پیش کرتا ہوں - اس کے علاوہ میں وزیر تعلیم کی خدمت میں بھی کچھ معروضات پیش کرنا چاہتا ہوں - کہ ہمارے بہاولپور ڈویژن میں مودب اور رفیق العلماء کا جو سکول پہلے سے موجود ہے - اس کا نصاب جامعہ اسلامیہ یونیورسٹی کے عین مطابق فرما دیا جائے -

جناب والا - مودب اور رفیق العلماء میں سائنس کی تعلیم نہیں دی جاتی - میں وزیرتعلیم کی خدمت میں عرض کروں گا - کہ وہ وہاں پر سائنس کو لازمی قرار دیں - تاکہ ہمارے طلباء رفیق العلماء بننے کے بعد جب میٹرک میں داخلہ لینا چاہیں - اور دوسرے سکولوں میں جانا چاہیں - تو سائنس پہلے سے ہی ان کے پاس لازمی مضمون کے طور پر موجود ہو - اس کے علاوہ رحیم یار خان جو کہ ضلع کا صدر مقام ہے - وہاں پر عوامی ایکسپریس کا ٹھہرنا انتہائی ضروری ہے - اس کے علاوہ وہاں پر ریلوے کراسنگ پل نہیں ہے - اس کا بھی ضرور انتظام فرما دیں -

جناب والا - میں وزیر تعلیم کی خدمت میں ایک اور گزارش بھی کروں گا - وہ یہ ہے کہ طلباء اور طالبات کے لئے علیحدہ یونیورسٹیاں قائم ہونا ضروری ہے - ہمارے پڑوسی ملک یعنی ہندوستان میں جہاں لادینی حکومت ہے ، اس میں دونوں قسم کی یونیورسٹیاں ہیں - ہمارے مغربی پاکستان میں بلکہ مشرقی پاکستان میں بھی طالبات کی علیحدہ یونیورسٹی ہونی چاہئیے -

**حاجی سردار عطا محمد لنڈ** — پوائنٹ آف آرڈر ۔
جناب سپیکر ۔۔۔

**وزیر بنیادی جمہوریت** (میاں محمد یاسین خان وٹو)—
جناب والا ۔

میان مولوی و حاجی رمزیست
کراماً کاتبین راهم خبر نیست

(قہقہہ)

**حاجی سردار عطا محمد لنڈ** — پوائنٹ آف آرڈر ۔
جناب سپیکر — بفضل خدا آپ ایک اچھے جج ہیں ۔ اس لئے آپ مہربانی کر کے فیصلہ کریں کہ جو کچھ میں نے عرض کیا ہے وہ صحیح ہے یا جو کچھ شیخ صاحب کہہ رہے ہیں وہ صحیح ہے ؟

**Mr. Speaker**: This is no point of order.

**میاں محمد اسلام** — جناب ریلوے پھاٹک کے متعلق عرض کروں گا کہ آمدورفت کے لئے ۔۔۔

**مسٹر سپیکر** — اسلام صاحب ۔ ریلوے بجٹ منظور ہو چکا ہے ۔ اب اس کے متعلق کچھ نہ فرمائیے ۔

**میاں محمد اسلام** — خان پور تا جیٹھہ بھٹہ ایک سڑک پختہ ہونا نہایت ضروری ہے ۔ میں وزیر متعلقہ کی خدمت میں عرض کروں گا کہ وہ اس پر پوری توجہ فرمائیں ۔

ایک اور گزارش یہ ہے ۔ کہ سڑکات کا محکمہ اور پی۔اینڈ۔آر۔ والے نہایت بدنیتی سے کام کر رہے ہیں ۔ وزیر صاحب اس محکمہ کی جانچ پڑتال ضرور فرمائیں ۔ تاکہ محکمہ والے جو بدنیتی یا بے ایمانی کرتے ہیں اس کا سد باب ہوسکے ۔

جناب والا ۔ میں آخر میں گورنر صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے بہاولپور کے لئے انجینیرنگ کالج اور یونیورسٹی کا قیام منظور فرمایا ہے ۔ میں وزیر زارعت و خوراک کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں ۔ اور سب سے آخر میں وزیر خزانہ کی خدمت میں مبارک باد پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے فاضل بجٹ پیش کیا ہے ۔

**چودھری محمد ادریس** (جھنگ - ۱)—جناب سپیکر - جب وسائل کی کمی ہو اور ضروریات زیادہ ہوں - جب امنگیں بہت بلند ہوں اور اخراجات کی فراوانی ہو - ملکی حالات کے پیش نظر دفاعی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے اور ان حالات کے پیش نظر جن سے ہم آج کل دو چار ہیں یا ان حالات کے پیش نظر جو سابقہ جنگ نے ہم پر مسلط کر دیئے بجٹ کا متوازن کیا جانا نہایت ہی دشوار کام ہے اور ایسے حالات میں ایک متوازن بجٹ پیش کرنا یقیناً مشکل ہو جاتا ہے - جناب والا - یہاں صوبائی بجٹ پیش ہونے سے پیشتر یہ توقع کی جا رہی تھی کہ جس طرح سے مرکز نے تینتیس کروڑ کے نئے ٹیکس لگائے ہیں یا مشرقی پاکستان نے جہاں جنگ کے اتنے زیادہ اثرات نہیں ہوئے اور جن کو سترہ روزہ جنگ کا بار نہیں اٹھانا پڑا - انہوں نے ایک کروڑ سے زائد کے ٹیکس لگائے ہیں اسی طرح یہاں بھی کچھ نہ کچھ نئے ٹیکس لگائے جائیں گے - اور جب ہم نے خود ریلوے بجٹ میں پانچ فیصد کرایہ کا اضافہ کیا تو یہ توقع یقین میں تبدیل ہو گئی تھی - کہ اس صوبہ میں بھی یقینی طور پر مزید ٹیکسوں کی تجویز کی جائے گی - لیکن جناب والا - جیسا کہ بعض افراد اور بعض خاندان چند مخصوص روایات اور عادات کے حامل ہوتے ہیں - اسی طرح سے اس صوبہ کی یہ خوش قسمتی ہے کہ ہمارے وزیر خزانہ بھی ایسے افراد یا ایسے خاندانوں سے تعلق رکھتے ہیں - جو اپنی مخصوص روایات کے حامل ہیں - جناب وزیر خزانہ ایک ایسے خاندان یا برادری سے تعلق رکھتے ہیں - جس میں کفایت شعاری یا کم خرچی روایت کی حد تک مروج ہے - چنانچہ جناب وزیر خزانہ نے اپنی روایتی کفایت شعاری سے کام لیتے ہوئے ان توقعات کے باوجود (جن کے لئے صوبہ کے لوگ پہلے سے تیار تھے کہ مزید ٹیکس لگائے جائیں گے) اس ہاؤس میں یہ اعلان کرکے کہ نئے ٹیکس نہیں لگائے گئے ہمارے لئے ایک خوشگوار حیرت کا سامان پیدا کر دیا - ان کا یہ بجٹ — — — —

**حاجی سردار عطا محمد لنڈ** — پوائنٹ آف آرڈر
جناب - معزز رکن اسمبلی تمام علاقوں کی بات کر رہے ہیں - کہ لوگ نئے ٹیکسوں کا انتظار کر رہے تھے ہمارے علاقہ کے لوگ تو یہ انتظار کر رہے تھے کہ حکومت پہلے ٹیکسوں میں سے بھی کچھ چھوڑ دے - (قہقہہ)

Mr. Speaker : This is no point of order.

**چودھری محمد ادریس** — جناب والا - موجودہ حالات میں اگر مزید ٹیکس لگا دیئے جاتے تو خیر ہور کے لوگ بھی خندہ پیشانی سے برداشت کرتے -

جناب والا - میں یہ عرض کر رہا تھا کہ وزیر خزانہ نے متوازن بجٹ پیش کرکے بہت بڑا کارنامہ کیا ہے - ان کا یہ بجٹ نہ صرف قابل تعریف ہے بلکہ اس پر جس قدر مسرت کا اظہار کیا جائے - بجا ہو گا -

جناب والا - سال رواں کا بجٹ جس وقت پیش کیا گیا - اس وقت ہماری امیدیں بڑی بلند تھیں - ہم نے خوش حالی کے لئے نئے نئے منصوبے بنائے تھے اور ہم ان منصوبوں کی طرف خوش حالی کے دور میں داخل ہونے کے لئے رواں دواں تھے - لیکن جلد ہی اس صوبہ کی معیشت ایسے حالات سے دو چار ہو گئی جہاں اس کے امتحان اور آزمائش کا وقت آ گیا - جناب والا - ابتداء ہی میں بلکہ بجٹ پیش ہونے سے پیشتر ہی بھارت سے رن کچھ کا تصادم ہو گیا - اس کے بعد غیر ملکی امداد میں تعطل پیدا ہو گیا - اور بعد ازاں بھارت کے بھرپور حملے سے ایسے حالات پیدا ہو گئے جنہوں نے اس صوبہ کی معیشت اور صوبہ کے مالی نظام کو نہایت ہی کٹھن اور مشکل امتحان میں ڈال دیا - حضور والا - کسی ادارے ، کسی حکومت یا کسی ملک کا امتحان مشکلات کے وقت ہی ہوتا ہے - جس طور سے ہماری معیشت اس کٹھن امتحان اور اس مشکل وقت سے

گذری ہے ۔ اس کے پیش نظر یہ ثابت ہو گیا ہے کہ اس صوبہ کی معیشت لازمی طور پر نہایت ہی استوار بنیادوں پر قائم کی گئی ہے ۔ اور بروقت ضرورت وہ نہ صرف دفاعی ضروریات کو پورا کر سکتی ہے بلکہ ترقیات کے منصوبوں میں کسی قسم کی کمی کئے بغیر اس میں ملک اور صوبہ کی تمام ضروریات کو پورا کرنے کی قوت برداشت موجود ہے ۔ اس صوبہ کی معیشت کا یہ استحکام موجودہ قیادت کا مرہون منت ہے جس نے اپنی دور اندیش پالیسیوں اور صحیح منصوبہ بندی سے اس صوبہ کے مالی نظام کو اس صوبہ کی معیشت کو اس حد تک تقویت بخشی ہے کہ وہ ہر آزمائش میں پوری اتری ہے ۔

جناب والا ۔ اس وقت موجودہ قیادت اور موجودہ حکومت کا مطمع نظر اور سب سے بڑا مقصد اس ملک سے غربت اور جہالت کو دور کرنا ہے ۔ اور جس حد تک بھی ممکن ہوتا ہے ۔ منصوبہ بندی اس طرح سے کی جاتی ہے کہ جلد از جلد اس صوبہ سے غربت اور جہالت کو دور کو دبا جائے اس میں شک نہیں کہ سال رواں میں اور اس سے پیشتر بھی اس صوبہ میں اور ملک میں صنعتی ترقی اور زرعی ترقی کی رفتار میں اضافہ ہوا ہے اور مزید اضافہ ہو رہا ہے ۔ لیکن جناب والا ۔ جیسا کہ یہ ہمارا دعویٰ ہی نہیں بلکہ ایک حقیقت ہے کہ ہمارا ملک ایک عظیم ملک ہے ۔ ہم ایک عظیم قوم کے فرد ہیں ۔ ہم ایک عظیم ملت سے تعلق رکھتے ہیں ہماری یہی عظمت ہماری ترقی ہماری خوشحالی ۔ ہماری آزادی و بقاء اور ملکی سالمیت کی ضامن ہے ۔ ہم اپنی عظمت میں جس حد تک اضافہ کریں گے ، ہم اپنی عظمت کو قائم رکھتے ہوئے اس میں جس حد تک اضافہ کریں گے ، اسی حد تک یہ عظمت ہماری آزادی ہماری سالمیت اور ہماری ترقی کی ضامن ہوتی جائے گی ۔

جناب والا ۔ پاکستان کے تین طرف تین ایسے بڑے ملک ہیں کہ جن کے مقابلہ میں ہمارا ملک آبادی کے

لحاظ سے اور رقبہ کے لحاظ سے بہت کم ہے ۔ ایک طرف تو روس ہے جو دنیا کے ترقی یافتہ ممالک کی صف اول میں ہے ۔ اس کے بے شمار وسائل ہیں ۔ دوسری طرف چین جیسا عظیم ملک ہے ۔ اور تیسری طرف بھارت ہے جو آبادی اور رقبہ کے لحاظ سے ہمارے ملک سے چار گنا بڑا ہے ۔ اس کے بھی بے شمار وسائل ہیں ۔ اس وقت بھارت ہمارا مسلمہ دشمن ہے ۔

حضور والا ۔ ہماری بقا اور ہماری خوش حالی کا دار و مدار ان حالات میں اس بات میں مضمر ہے کہ ہم اپنی قوت پیداوار کو زیادہ سے زیادہ بڑھائیں اور اپنی قوت کار کردگی میں اضافہ کریں تاکہ ہم اپنے بدترین دشمن کا مقابلہ کر سکیں ۔

جناب والا ۔ اعداد و شمار سے یہ بات ظاہر ہوتی ہے کہ پاکستان میں روزانہ کارکردگی کا معیار اوسط ایک گھنٹہ سے بھی کم ہے غالباً ۵۱ منٹ ہے ۔ لیکن چین کی روزانہ کار کردگی سے مقابلہ کریں تو ہمیں معلوم ہوگا کہ ان کا معیار ۶ گھنٹہ کے قریب ہے ۔ اگر ہمارے ملک کے تمام افراد خواہ وہ کسی شعبہ سے تعلق رکھتے ہوں مزدور ہوں یا امیر ۔ گورنمنٹ کے افسر ہوں یا تاجر پیشہ ہوں ۔ صنعتکار ہوں یا زراعت پیشہ ہوں وہ خواہ کسی شعبہ سے تعلق رکھتے ہوں ان کی روزانہ کارکردگی کا معیار ۵۱ یا ۵۲ منٹ ہے اگر یہ معیار چار گھنٹہ ہو جائے تو ملک خوش حال ہو جائے ۔ جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے کہ چین میں روزانہ کار کردگی کا معیار ۶ گھنٹہ ہے ۔ ہمیں چاہئے کہ اپنے عظیم دوست ملک کی پیروی کرتے ہوئے ۔ اپنی صلاحیتوں اور قوتوں کو بروئےکار لاکر پیداوار اور روزانہ کارکردگی میں اضافہ کریں اور اپنے بدترین دشمن سے مقابلہ کے لئے زیادہ مضبوط ہو جائیں ۔

حضور والا ۔ یہ حقیقت ہے کہ سابقہ چند سالوں سے ہمارا ملک صحیح منصوبہ بندی کی وجہ سے خوش حالی

کے دور میں داخل ہو رہا ہے اور وہ دن دور نہیں جب کہ یہ ملک بہت زیادہ خوش حال ہو جائے گا ۔ اور اس ملک کے باشندوں کا معیار زندگی بلند ہوگا ۔

جناب والا ۔ جب کوئی ملک خوش حال ہوتا ہے ۔ تو اس خوش حالی سے ملک کا ہر حصہ آبادی کا ہر طبقہ اور ملت کا ہر فرد بہرہ ور ہوتا ہے ۔ اس ہاؤس میں جب یہ شکایت کی جاتی ہے کہ صوبہ کے فلاں فلاں حصہ میں کم ترقی ہوئی ہے یا کسی ریجن میں کم پیسہ لگا ہے تو وہ اس خواہش کے پیش نظر کی جاتی ہے کہ ترقی و خوشحالی سے ملک کے ہر حصہ ۔ آبادی کے ہر طبقہ اور ملت کے ہر فرد کو بہرہ ور ہونا چاہئیے اور یہ خواہش یا مطالبہ صرف جائز ہے ۔ بلکہ خوشحالی سے بہرہ ور ہونے کے استحقاق کے عین مطابق ہے ۔

جناب والا ۔ اسی بجٹ میں سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ اس میں ترقیاتی پروگراموں کے لئے جو رقوم مختص کی گئی ہیں ان میں اس امر کو مد نظر رکھا گیا ہے کہ ہونے والی خوش حالی سے ملک کا ہر حصہ اور آبادی کا ہر طبقہ بہرہ ور ہو ۔ ان ترقیاتی پروگراموں میں سب سے پہلے حیدرآباد ڈویژن کو رکھا گیا ہے ۔ اور غالباً خیرپور بھی حیدرآباد ڈویژن میں ہے ۔

**وزیر بلدیات** (میاں محمد یاسین خاں وٹو) ۔ نہیں ۔ خیرپور ایک الگ ڈویژن ہے ۔

**چوہدری محمد ادریس** ۔ مگر حیدرآباد کے نزدیک ہے دوسرے نمبر پر سرگودھا ہے ۔ میں اس ڈویژن کے نہائیت ہی پس ماندہ ضلع جھنگ سے تعلق رکھتا ہوں ۔ اس لئے وزیر خزانہ کا خاص طور پر ممنون ہوں کہ انہوں نے سرگودھا ڈویژن کو دوسرے نمبر پر رکھا ہے جناب والا ۔ اس کے بعد میں ملک کے چند ایسے مسائل کا ذکر کروں گا جو فوری حل اور توجہ کے طالب ہیں ۔

**سردار حاجی عطا محمد** - میں معزز ارکان کو یہ بتانا چاہتا ہوں کہ خیر پور میں امرا کے محلات پر تو بہت کچھ خرچ ہو رہا ہے لیکن عوام کی بہبودی کے لئے کچھ نہیں ہو رہا ۔

**چودھری محمد ادریس** - اس کے بعد ملک کے چند ایسے مسائل پیش کرنا چاہتا ہوں جو فوری توجہ کے طالب ہیں اور اس امر کی ضرورت ہے کہ ان مسائل کو جلد از جلد حل کیا جائے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ حکومت ان مسائل کے حل کے لئے پہلے ہی جد و جہد کر رہی ہے لیکن میں چاہتا ہوں کہ ان کے حل کے لئے کام کی رفتار تیز کر دی جائے ۔

جناب والا ۔ جیسا کہ ہر بری چیز میں کوئی اچھا پہلو بھی ہوتا ہے اسی طرح بھارت کے ساتھ ۱۷ روز جنگ کی وجہ سے جہاں ہمیں بے شمار نقصانات اٹھانے پڑے وہاں ایک یہ حقیقت بھی ہمارے سامنے کھل کر آگئی کہ اس صوبہ میں اناج کی ہرگز کمی نہیں ہے ۔ اس سے پیشتر محکمہ خوراک کی طرف سے اعداد و شمار اور ماہرین کی juglary of figures سے یہ ظاہر ہوتا تھا کہ یہ علاقہ جو کبھی اناج کا گھر تصور کیا جاتا تھا اب اپنی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے خود کفیل نہیں ۔ اس مفروضہ کے پیش نظر ہم متواتر باہر سے اناج درآمد کرتے رہے جس سے ہمارے وسائل ضائع ہوتے رہے اور بے شمار زر مبادلہ خرچ ہوتا رہا ۔ جنگ کے دنوں میں یہ حقیقت ظاہر ہو گئی کہ اس صوبہ میں اناج کی بالکل کمی نہیں ۔ کمی اگر ہے تو صرف اس لئے کہ اس صوبہ سے بہت سارا اناج سمگل ہو جاتا تھا ۔ اس لئے سمگلنگ کو جس حد تک روکا جائے گا اتنی ہی جلدی ہماری خوراک کی کمی کے مسائل حل ہو جائیں گے ۔

جناب والا ۔ میں نے اپنے ایک سوال کے ذریعہ پوچھا تھا کہ مارچ اور اپریل ۱۹۶۶ میں بارڈر پر سمگلنگ کے

کتنے cases رجسٹر ہوئے ۔ تو عالیجاہ جواب میں ان دو مہینوں کے متعلق اعداد و شمار دئے گئے وہ میں عرض کرتا ہوں ۔ یہ وہ دو مہینے تھے جب بارڈر سے فوجیں واپس آرہی تھیں یا بارڈر کے نزدیک ہی تھیں اور دشمن کی فوجیں بھی بارڈر کے دوسری طرف قریب ہی تھیں یہی وہ دو مہینے تھے جبکہ لوگوں کے دلوں میں سمگلنگ سے سخت نفرت اور حقارت کے جذبات تھے ۔ اس کے باوجود ان دو مہینوں میں سمگلنگ کے ۴۵ cases رجسٹر ہوئے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ اچھی حالت نہیں اور نہ ہی یہ کوئی اچھی بات ہے ممکن ہے سمگلنگ کی واردات بہت زیادہ ہوئی ہوں یہ تو صرف وہ cases ہیں جو ہمارے Rangers کی عقابی نظروں کے سامنے آ گئے اور پکڑے گئے اور ان کے خلاف کارروائی کی گئی ۔ اس لئے میں یہ تجویز پیش کرتا ہوں اور اس کے پیش کرتے وقت میں وثوق سے کہتا ہوں کہ اس معزز ایوان کے جملہ ممبران اسکی تائید کریں گے کہ سمگلنگ کو روکنے کے لئے سمگلنگ کرنے والے کو گولی مارنے سے بھی دریغ نہیں کرنا چاہئے ۔ (نعرہ ہائے تحسین) ۔

صدر محترم ۔ ابھی چند روز ہوئے اس صوبہ کے گورنر نے بھی فرمایا ہے میں ان کی تقریر میں سے چند فقرے ہاؤس کے سامنے پیش کرتا ہوں ۔

"ہمیں ایک لمحہ کے لئے بھی نہیں بھولنا چاہئے کہ ہر قسم کی سمگلنگ ہمارے حق میں سخت مہلک ثابت ہو گی اور یہ کاروبار کرنے والے، قوم اور ملک کے کھلے دشمن ہیں ۔ قومی غیرت سے بیگانہ، جذبہ حب الوطنی سے یکسر خالی ہیں ۔ ان کو فوراً کچل دیا جائے"۔

جناب سپیکر ۔ سمگلنگ کو جتنی جلدی کچل دیا جائے اتنا ہی اچھا ہے ۔

**Mr. Speaker:** The member may please conclude his speech now.

**چودھری محمد ادریس** — جناب مجھے دس منٹ اور چاہئیں -

**مسٹر سپیکر** — صرف دو منٹ اور دئیے جائیں گے -

**Mr. Speaker:** This is extended by five minutes.

**چودھری محمد ادریس** — Thank you Sir اسکے بعد میں زبان کے مسئلہ کی طرف ہوس کی توجہ مبذول کراتا ہوں ۔ جناب والا - ہماری قومی غیرت کا تقاضا ہے کہ ہم اردو کو جلد از جلد وہ صحیح مقام دیں جس کے لئے ہمارے حالات ہماری قومی غیرت اور ملکی وقار تقاضا کرتے ہیں -

جناب والا - اس کے بعد میں شراب کے متعلق ذکر کرونگا -

جناب وزیر خزانہ نے یقین دھانی کرائی ہے اور پارٹی پروگرام بھی یہی ہے صدر مملکت بھی یہی چاہتے ہیں کہ شراب فوری طور پر بند کر دی جائے لیکن اگر آپ مجھے اجازت دیں تو میں آپ کے سامنے چند ماہ کے اعداد و شمار پیش کروں جن کی رو سے آپ دیکھیں گے کہ شراب میں کمی کی بجائے اضافہ ہو رہی ہے - آپ ملاحظہ فرمائیں کہ مغربی پاکستان کے اس حصہ میں جس میں سندھ اور کراچی شامل نہیں صرف ۵۸ ہوٹل اور کلب ایسے ہیں جن میں شراب بیچی جاتی ہے - یا جہاں شراب بیچنے کی اجازت ہے - لاہور میں اسوقت ۲۱ کلب اور ہوٹل ہیں جہاں شراب بکتی ہے -

یکم جولائی ۱۹۶۴ء سے ۳۰ جون ۱۹۶۵ء تک ۱۷۳۳۷ گیلن شراب consume ہوئی اور سال رواں میں یکم جولائی ۱۹۶۵ء سے ۳۱ جنوری ۱۹۶۶ء تک ۸۸۵۹ گیلن consume ہوئی - اس نسبت سے سال رواں میں شراب کی consumption کی مقدار ۱۶۰۰۰ گیلن ہو گی - سابقہ سال میں ۱۷۰۰۰ گیلن تھی اور اس سال ۱۶۰۰۰ گیلن ہوگی شاید اس سے بھی زائد ہو جائے -

یہ کمی بہت معمولی ہے۔ یہ اعداد و شمار میں نے اس جواب سے پیش کئے ہیں جو وزیر خزانہ نے میرے سوال کے جواب میں دیا تھا۔ یہ ایک ایسا مسئلہ ہے جس پر فوری طور سے توجہ دی جائے۔ ہمیں اگر اس میں کوئی نقصان ہوتا ہو خواہ ایک کروڑ کا بھی نقصان ہوتا ہو تب بھی اس کو فوری طور پر بند کر دیا جائے۔ صوبے کے عوام ایک کروڑ نقصان کا بوجھ برداشت کرنے کے لئے تیار ہیں اور تیار ہو جائیں گے۔ اس لئے اگر شراب بند کرنے سے کوئی مالی نقصان ہو تو اس کو ٹیکسوں سے پورا کر لیا جائے لیکن اس ام الخبائث کو فوراً بند کر دیا جائے۔

ایک اور مسئلہ یہ مشنری سکولوں کو بند کرنے کا مسئلہ ہے یہ مسئلہ جناب ملک خدا بخش صاحب کی اسلام سے والہانہ محبت کیوجہ سے ان کی توجہ کا محتاج ہے۔ مشنری سکول ہمیں جو نقصان پہونچا رہے ہیں اس کا تقاضا یہ ہے کہ اس کی طرف فوری طور سے توجہ دی جائے۔ ممکن ہے کہ اس مسئلہ کے حل میں کچھ دستوری مشکلات حائل ہوں لیکن مجھے توقع ہے کہ اگر ہم تھوڑی سی سوجھ بوجھ سے کام لیں گے تو اسکا حل نکل آئیگا۔

جناب میں قائد ایوان کی خدمت میں انکے محکمہ سے متعلق بھی کچھ اعداد و شمار پیش کرتا ہوں یہ محکمہ ان کی خاص توجہ کا محتاج ہے۔ میرا مطلب Settlement and Rehabilitation سے ہے اگر وہ نوٹ فرمالیں تو زیادہ بہتر ہوگا۔ لاہور شہر کی حدود میں کل زرعی اراضی ایک لاکھ آٹھ ہزار ایک سو اکیس کنال ہے۔ ۱۹۵۸ء سے لے کر اب تک ۹۹۲۱ کنال الاٹ ہو چکی ہے اور باقی اراضی کی ابھی تک الاٹمنٹ نہیں ہوئی ہے اس کو فوری طور سے الاٹ کیا جائے۔ یہ میں نے صرف لاہور کے فیگرز دیئے ہیں باقی شہروں کا بھی یہی حال ہے۔ جہاں تک houses اور shops کا تعلق

ہے میں ان کی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ لاہور میں مکانات اور دوکانوں اور دوسری جائداد کے کل یونٹ ۵۲۵۳۲ ہیں اس میں سے اب تک صرف ۲۲۳۰۷ کو پی-ٹی-او- issue ہوئے ہیں اس کا مطلب یہ ہے کہ آدھی سے زیادہ جائداد ابھی وزیر بحالیات کی توجہ کی محتاج ہے - یہ محکمہ ۱۹۵۸ء سے کام کر رہا ہے پہلے یہ مرکزی حکومت کے تحت تھا اب ایک سال سے بطور ایجنٹ صوبائی حکومت یہ خدمت انجام دے رہی ہے - یکم جولائی ۱۹۶۵ء سے ۳۱ مارچ ۱۹۶۶ء تک ہمارے اس محکمہ نے صرف دو ہزار دو سو پی-ٹی-او issue کئے ہیں اور کارکردگی کا یہ معیار اچھا نہیں ہے - جہاں تک انڈسٹریل یونٹوں کا تعلق ہے ان میں سے اب تک صرف ۱۷۳ - انڈسٹریل یونٹوں کے P.T.D. issue ہوئے ہیں اس سلسلے میں یہ بھی میں آپکی خدمت میں عرض کر دوں کہ صرف ۳۹ writs cases میں pending ہیں باقی cases کے dispose off کرنے میں کوئی امر مانع نہیں ہے - اس کی طرف توجہ نہیں دی گئی ہے - اس محکمہ کے کام کو جلد از جلد ختم کیا جانا نہایت ہی ضروری ہے -

اسکے بعد میں اپنے ضلع کے کچھ واقعات و حالات کی طرف توجہ دلاتا ہوں - جناب والا - میں اس سے پہلے لاہور سے ایک پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب اور کراچی کے دوسرے مہربان کو سن چکا ہوں - لاہور والوں کا خیال ہے کہ لاہور پسماندہ شہر ہے اور کراچی والوں کا بھی دعویٰ ہے کہ کراچی پسماندہ علاقہ ہے ان حالات میں جناب میرے ضلع کی حالت یہ ہے کہ وہ پسماندگی کا symbol ہے - وہاں نہ کوئی صنعت ہے نہ وہاں نہری پانی ہے اور نہ وہاں کوئی ترقی ہوئی ہے بلکہ ۱۷ سالوں میں کسی قسم کی وہاں کوئی صنعتی ترقی نہیں ہوئی ہے - اور نہ ہی کبھی اس طرف کوئی توجہ دی گئی ہے - یہاں شوگر ملز کا قیام نہایت ضروری ہے اس ضلع میں اگر ہم کسی نہر کا مطالبہ کریں تو شاید پورا نہ ہو ہمارا ملک خدا بخش بچہ صاحب سے یہ مطالبہ ضرور ہے کہ اس ضلع میں جہاں سے

دو دریا گذرتے ہیں اور جہاں دونوں دریاؤں کی نہریں ملتان اور بہاولپور اور بہاولپور کے اگلے علاقوں کو سیراب کرتی ہیں وہاں زیر زمین پانی کے ذخائر ایسے ہیں کہ ٹیوب ویلوں سے پانی کی کمی پوری کی جا سکتی ہے ہم نے اپنے اخراجات پر ٹیوب ویل لگانے کی درخواستیں دی ہیں ہمارے اوپر یہ مہربانی فرمائی جائے کہ ٹیوب ویلوں کے لگانے کی اجازت بلا تاخیر اور بلا خرچ دی جائے تاکہ یہ پانی نہ صرف ہماری پیداوار میں اضافہ کا باعث ہو ۔ بلکہ ملک کی خوشحالی میں بھی مدد ہو ۔

ایک اور مسئلہ کی طرف مجھے ملک خدا بخش صاحب کی توجہ مبذول کرانی ہے اور وہ ان کی خاص توجہ کا محتاج ہے ۔ مجھے اس ہاؤس میں یہ کہتے ہوئے فخر محسوس ہوتا ہے کہ میرے ضلع نے یا میرے شہر نے اس ملک کو عبدالسلام جیسا سائنس دان دیا ہے جو نہ صرف دنیا کا مانا ہوا سائنسدان ہے بلکہ وہ پاکستان کی شہرت اور عزت کا بھی باعث ہے ۔ لیکن پروفیسر عبدالسلام کا یہ شہر خود سائنس کلاسوں اور سائنس کی سہولتوں سے محروم ہے ۔ میرے شہر جھنگ میں ۱۹۲۶ء سے کالج ہے جو ۱۹۴۷ء سے ڈگری کالج ہے مگر اس میں سائنس کے پڑھانے کا انتظام نہیں ہے پچھلے سال جناب بچہ صاحب کی مہربانی سے عارضی طور پر سائنس کے پڑھانے کا انتظام ہوگیا تھا لیکن آج تک نہ عمارت بنوائی گئی ہے نہ سامان خرید کیا گیا ہے اور نہ کوئی گرانٹ دی گئی ہے اور نہ کسی قسم کی مزید سہولتیں مہیا کی گئی ہیں ۔ جن کی میں پروفیسر عبدالسلام کے نام پر التجا کرتا ہوں ۔ ہمارے ضلع میں لڑکیوں کے لئے انٹرمیڈیٹ کالج نہیں ہے لیکن اس کالج میں بھی نہ سائنس کلاسوں کا انتظام ہے اور نہ ہی انٹرمیڈیٹ کے بعد ڈگری تعلیم کا کوئی حل ہے ۔ جناب عالی ۔ لاہور جیسے شہر میں کو ایجوکیشن میں کوئی عار نہیں ہے یہاں کے لوگ اپنی بچیوں کو ایسے کالجوں میں بھیج دیتے ہیں جہاں co education ہوتی ہے لیکن چونکہ میرا شہر پسماندہ علاقہ میں ہے وہاں لوگوں کے لئے بڑا

مشکل ہے کہ اپنی بچیوں کو ایسے کالج میں بھیج دیں
جہاں co-education ہو - میں محفوظ تعلیم کے حق میں نہیں
ہوں اور نہ ہی یہ میرے شہر کے لئے موزوں ہے وہاں
چونکہ صرف گرلز انٹرمیڈیٹ کالج ہے اس لئے اس کو
ڈگری کالج کا درجہ دے دیا جائے تاکہ co-education کا
مسئلہ چل ہو جائے اور دونوں کالجوں میں سائنس کی تعلیم
کا فوراً انتظام کیا جائے -

**Mr. Speaker:** The House is adjourned for tomorrow to meet at 8-30 a.m.

*The Assembly then adjourned till* 8-30 *a. m. on Tuesday,* 21*st June,* 1966.

60 PLA—M—535—6.12-66—SGP,WP, Lahore

**APPENDIX**

(Ref: Starred

STATEMENT SHOWING INFORMATION REGION-GOING AND NEW

| Serial No. | Name of Scheme | Estimated Cost | Original | Grant in 1st List |
|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| | ON-GOING SCHEMES | Rs. | Rs. | Rs. |
| 1 | Bolan Dam Project .. | 6,40,000 | 50,000 | 50,000 |
| 2 | Construction and Remodelling Channel Existing at Gandawa. | 6,00,000 | 80,000 | 80,000 |
| 3 | Irrigation Scheme in Bela Division— | | | |
| | (*i*) Beruit Dhora (I) Scheme .. | 48,790 | | |
| | (*ii*) Siani Dhora (I) Scheme .. | 79,550 | | |
| | (*iii*) Sardar Muhammad Hassan Dhora | 33,718 | | |
| | (*iv*) Construction of Open Surface Walls in Goth Ayub. | 7,004 | 80,000 | 50,000 |
| | (*v*) Construction of Open Surface Walls in Goth Bared. | 7,967 | | |
| 4 | Construction of Diversion Weir on River Rakhshan near Panjgur. | 28,41,000 | 80,000 | .. |
| 5 | Remodelling Lehri River Irrigation Scheme. | 23,80,700 | 40,000 | 1,00,000 |
| 6 | Survey of Kachhi Plan .. .. | .. | 1,60,000 | 16,000 |
| 7 | Untem Irrigation Scheme .. | 5,08,824 | 1,60,000 | 1,00,000 |
| 8 | Remodelling of Bolan Weir Distry. System. | 5,61,150 | 1,60,000 | 1,00,000 |
| 9 | Chattar Irrigation Scheme .. | 3,89,000 | 33,000 | 33,000 |
| 10 | Sunni Spring Irrigation Scheme .. | 3,50,761 | 64,000 | 64,000 |
| 11 | Construction of Diversion Weir on Kilkaur near Hoshab. | 12,67,600 | 80,000 | .. |
| 12 | Uthal Khantra Irrigation Scheme .. | 9,82,500 | 1,50,000 | 1,50,000 |
| 13 | Titiani Irrigation Scheme .. | 14,25,327 | 11,50,000 | 1,50,000 |
| 14 | Diversion Weir Surma Sang Jhal .. | 1,88,849 | 48,000 | 65,000 |
| | NEW SCHEMES | | | |
| 1 | Construction of Zawa Sub-face Weir.. | 1,73,107 | 40,000 | 40,000 |
| 2 | Akra Kaur Irrigation Scheme .. | .. | 50,000 | 20,000 |
| 3 | Kud Irrigation Scheme .. | .. | 41,000 | 41,000 |
| 4 | Construction of Weir on Bore Nullah at RD 92,000 (46000) II Phase. | 3,84,964 | 40,000 | .. |
| 5 | Construction of small irrigation scheme in Karachi Civil Division— | | | |
| | (*i*) Mitho Dhora Irrigation Scheme | 19,260 | 80,000 | 80,000 |
| | (*ii*) Sukanai Irrigation Scheme .. | 65,983 | | |

Question No. 2126)

IRRIGATION SCHEMES IN KALAT IRRIGATION CIRCLE FOR 1965-66.

| Grant in 2nd List | Expenditure | Variation | Remarks |
|---|---|---|---|
| 6 | 7 | 8 | 9 |
| Rs. | Rs. | Rs. | |
| 50,000 | .. | (—)50,000 | Scheme under investigation and approval. |
| 1,000 | 150 | (—) 850 | Feasibility of the scheme is being re-examined. |
| 50,000 | 27,781 | (—)22,219 | The saving of Rs. 22,219·00 will be consumed on the works upto 30th June 1966. The estimated amount of Siani Dhora Scheme is for Rs. 79,550·00, out of which only Rs. 53,280·00 have been paid. The Scheme is expected to be completed by 30th June 1966 and this amount will be utilized. |
| 1,300 | 1,020 | (—)280 | Messrs Tribal Co. have received un-authorized payment and case is under investigation with Anti-Corruption and Director, Audit and Accounts, Works, West Pakistan. |
| 5,10,000 | 978 | (—)5,09,022 | Excess demand is due to settlement of liabilities for previous year. |
| 16,000 | .. | .. | This is survey work being done by Survey of Pakistan Department and debit is awaited from Survey of Pakistan. |
| 70,000 | 481 | (—)69,519 | Civil Department proposed shifting the regulator two miles upstream which was considered to be technically unsound, as such the scheme has remained under discussion. Commissioner, Quetta, has however recently agreed for carrying out the proposal frame by Irrigation Department and has lifted the ban. |
| 1,00,000 | 58,978 | (—)41,022 | Due to slow progress by local Contractor. |
| 33,000 | 240 | (—)32,760 | Scheme under revision hence work stopped. |
| 64,000 | 18,958 | (—)45,042 | Due to slow progress by the Contractor. |
| .. | 117 | (—)117 | Feasibility of the scheme is being re-examined. |
| 2,75,000 | 2,74,607 | (—) 393 | The work is in full swing and the additional funds have been demanded. Most of the saving will be consumed by 30th June 1966. |
| 1,50,000 | 744 | (—)1,49,256 | Most of the saving will be consumed by 30th June 1966. |
| 65,000 | 62,066 | (—)2,934 | Minor saving. |
| 40,000 | .. | (—)40,000 | The feasibility not yet established. |
| 2,000 | .. | (—)2,000 | Ditto. |
| 41,000 | .. | (—)41,000 | The scheme is situated in disturbed area and as such no work could be done. |
| .. | .. | .. | The feasibility not yet established. |
| 8,000 | 34,708 | (—)45,292 | Allotment will be utilized by 30th June 1966 and figures of 2nd List are received in full and in time. |

## APPENDIX II

(*Ref: Starred Question No.* 2127)

INFORMATION IN RESPECT OF NEW AND ON-GOING SCHEMES IMPLEMENTED DURING THE YEARS 1964-65 AND 1965-66 IN KALAT IRRIGATION CIRCLE.

---

(*i*) As per Column No. 1, 2 & 3 of Statement 'A' for 1964-65, and column 1, 2 & 3 of Statement 'B' for 1965-66.

(*ii*) As per Column No. 4 & 5 of Statement 'A' for 1964-65 & column No. 4 & 5 of Statement 'B' for 1965-66.

(*iii*) As per Column No. 6 of Statement 'A' & 'B'.

(*iv*) As per Column No. 7 & 8 of Statement 'A' & 'B'.

(*v*) As per Column No. 9 & 10 of Statement 'A' & 'B'.

(*vi*) As per Column No. 11 & 12 of Statement 'A' & 'B',

(*vii*) As per Column No. 13, 14, 15, 16, 17 & 18 of Statement 'A' for and 1964-65 and Column No. 13, 14, 15.

(*viii*) 16, 17 & 18 of Statement 'B' for 1965-66.

## APPENDIX VI

*(Ref: Starred Question No. 2171)*

| Serial No. | Name of work | Allotment | Expenditure | Savings | Remarks |
|---|---|---|---|---|---|
| | | Rs. | Rs. | Rs. | |
| | | | For 1963-64 | | |
| 1 | Constructing Makhi Dhand Drainage Project in Nara Canal Tract. | 5,00,000 | 4,82,924·05 | (—)17,075·95 | The saving was due to the fact that the R. C. C. Hume Pipes worth Rs. 19,175 were obtained during 1963-64 but due to non receipt of the Bill from the supplier, the payment could not be made hence saving. |
| | | | For 1964-65 | | |
| 1 | Constructing Makhi Dhand Drainage Project in Nara Canal Tract. | 5,10,000 | 5,10,789·92 | (+)789·62 | No saving. |
| 2 | Constructing of Subsidiary Weir below main Jamrao Weir of Nara Canal. | 4,00,000 | 4,03,883·00 | (+)3,883·00 | No saving. |
| | | | For 1965-66 | | |
| 1 | Constructing Makhi Dhand Drainage Project in Nara Canal Tract. | 1,60,000 | 15,422·86 upto April, 1966. | .. | The work is in progress and it is considered that the allotment will be consumed during the current financial year. |

APPENDIX

4904-O

## APPENDIX VII

(*Ref*: *Starred Question No.* 2659)

STATEMENT SHOWING THE NUMBER OF DAYS DURING WHICH THE FORDWAH CANAL REMAINED (*i*) IN FLOW & (*ii*) CLOSED

March .. Closed.

April .. (*i*) Flowed for one day only on 20th April 1966.

(*ii*) Closed for 29 days—

From 1st April 1966 to 19th April 1966= 19 days &
From 21st April 1966 to 30th April 1966= 10 days

Total .. 29 days.

May .. (*i*) Flowed for 16 days—

From 11th May 1966 to 17th May 1966 = 7 days
and
From 24th May 1966 to 31st May 1966 = 8 days

Total 15 days

(*ii*) Closed for 16 days—

From 1st May 1966 to 10th May 1966 = 10 days
and
From 18th May 1966 to 23rd May 1966 = 6 days

Total : 16 days

## APPENDIX VIII

*(Ref. Starred Question No. 2407.)*

STATEMENT SHOWING THE ALTERATION IN THE CAPACITY OF L.B.D.C. REVISED DURING VARIOUS YEARS

| Year | AUTHORISED FULL SUPPLY DURING | |
|---|---|---|
| | Kharif | Rabi |
| 1934 .. | 6,300 Cusecs | 5,850 Cusecs. |
| 1941 .. | 7,000 ,, | 6,550 ,, |
| 1963 .. | 8,650 ,, | 8,650 ,, |

(without reclamation, discharged)
10,501 Cusecs.

(with reclamation, Bara, etc. discharges).

# PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

## THIRD SESSION OF THE SECOND PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

**Tuesday, the 21st June, 1966**

*The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore at 8-30 a.m. of the clock. Mr. Speaker, Chaudhri Muhammad Anwar, in the Chair.*

*Recitation from the Holy Qur'an by Qari Ali Hussain Siddiqi (Qari of the Assembly) and its translation.*

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَيَدْعُ الْاِنْسَانُ بِالشَّرِّ دُعَآءَهٗ بِالْخَيْرِ ۭ وَكَانَ الْاِنْسَانُ عَجُوْلًا ۝ وَجَعَلْنَا الَّيْلَ وَالنَّهَارَ اٰيَتَيْنِ فَمَحَوْنَآ اٰيَةَ الَّيْلِ وَجَعَلْنَآ اٰيَةَ النَّهَارِ مُبْصِرَةً لِّتَبْتَغُوْا فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكُمْ وَلِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِيْنَ وَالْحِسَابَ ۭ وَكُلَّ شَيْءٍ فَصَّلْنٰهُ تَفْصِيْلًا ۝ وَكُلَّ اِنْسَانٍ اَلْزَمْنٰهُ طٰۗىِٕرَهٗ فِيْ عُنُقِهٖ ۭ وَنُخْرِجُ لَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ كِتٰبًا يَّلْقٰىهُ مَنْشُوْرًا ۝ اِقْرَاْ كِتٰبَكَ ۭ كَفٰى بِنَفْسِكَ الْيَوْمَ عَلَيْكَ حَسِيْبًا ۝ مَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا يَهْتَدِيْ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا ۭ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ۭ وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِيْنَ حَتّٰى نَبْعَثَ رَسُوْلًا ۝

(پ ۱۵۔ س ۱۷۔ ع ۱ و ۲۔ آیات ۱۱ تا ۱۵)

اور انسان جسطرح بھلائی مانگتا ہے اسی طرح برائی مانگتا ہے اور انسان دراصل جلد باز پیدا ہوا ہے۔ اور ہم نے دن و رات کو دو نشانیاں بنایا ہے رات کی نشانی کو تاریک بنایا ہے اور دن کی نشانی کو روشن تاکہ تم اپنے پروردگار کا فضل تلاش کرو اور برسوں کا شمار و حساب جان لو۔ اور ہم نے ہر چیز کو بخوبی تفصیل سے بیان کر دیا ہے۔ اور ہم نے ہر انسان کے اعمال کو اس کے گلے میں لٹکا دیا ہے اور قیامت کے روز بصورت کتاب اسے نکال کر دکھائیں گے جسے وہ کھلا ہوا دیکھے گا (کہا جائیگا کہ) اپنی کتاب پڑھ آج تو اپنا آپ محاسب کافی ہے۔

جو شخص ہدایت اختیار کرتا ہے بس وہ اپنے نفس کو ہدایت یاب بناتا ہے اور جو گمراہی اختیار کرتا ہے تو گمراہی کا اثر اسی کو ہوگا اور کوئی شخص کسی کا بوجھ نہیں اٹھائیگا۔ اور جب تک ہم رسول نہ بھیج لیں عذاب نہیں دیا کرتے۔

وما علینا الا البلاغ

## STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

**Mr. Speaker :** Now the Question Hour. Kazi Muhammad Azam Abbasi.

### PROMOTION OF LIVESTOCK AND THE BREEDING OF SHEEP AND POULTRY IN THE PROVINCE

***481. Kazi Muhammad Azam Abbasi :** Will the Minister of Agriculture be pleased to state whether there is any scheme for the promotion of livestock and the breeding of sheep and poultry in the Province; if so, details thereof?

**Parliamentary Secretary (Mian Ghulam Muhammad Ahmad Khan Maneka):** There are several schemes for the promotion of Livestock and the breeding of sheep and poultry, a list of which is placed on the Table of the House*.

**Kazi Muhammad Azam Abbasi :** Which are those districts in which grant-in-aid will be given ?

**وزیر زراعت** (مخدوم حمید الدین)—کیا فرمایا ہے ؟

**مسٹر سپیکر**—وہ یہ معلوم کرنا چاہتے ہیں کہ کن کن اضلاع کو Grant-in-aid دی جائیگی ۔

**وزیر زراعت**—ہم نے یہ سٹیٹ منٹ میں کب کہا ہے کہ Grant-in-aid دی جائیگی ۔ ہم نے یہ نہیں کہا ۔

**مسٹر سپیکر**—وہ یہ معلوم کرنا چاہتے ہیں - - - - -

**Kazi Muhammad Azam Abbassi :** In the statement which has been supplied to me it is written there "grant-in aid to different districts."

**وزیر زراعت**—نہیں ہم نے یہ نہیں کہا ۔

**میاں محمد شفیع**—کیا جناب وزیر موصوف یہ فرمائیں گے کہ مرغیوں کی پرورش کے لئے گورنمنٹ کیطرف سے کیا aid اور سہولتیں دی جا رہی ہیں ۔

**وزیر زراعت**—ایک دن کے چوزے بھی سپلائی کئے جاتے ہیں انڈے اور گوشت بھی سپلائی کیا جاتا ہے ۔ اور دونوں breeds کے انڈے بھی دیئے جاتے ہیں ۔

**خان اجون خان جدون**—Goats restriction آرڈیننس کے بعد ضلع مردان کے بعض علاقوں اور ضلع ہزارہ کیمبل پور اور سیالکوٹ کے بعض علاقوں میں خصوصاً یہ ایک اہم مسئلہ ہو چکا ہے ۔ کیا وہاں goats کے عوض sheep کے provide کرنیکی تجویز ہوئی phased پروگرام ہے ۔

**وزیر زراعت**—یعنی آپ چاہتے ہیں کہ گورنمنٹ provide کرے ؟ جناب breeding کے لئے Rams provide کئے جاتے ہیں ۔ sale کا rams کیا جاتا ہے تا کہ breeding purposes کے لئے کام آسکیں to improve the breed.

*Please see Appendix I at the end.

**راناپھول محمد خان**—کیا وزیر متعلقہ یہ فرمائیں گے کہ جو انہوں نے اپنے جواب میں لکھا ہے کہ مویشیوں کی افزائش نسل اور بھیڑوں اور مرغیوں کی افزائش نسل کے لئے کئی منصوبے ہیں جن کی فہرست ایوان کے سامنے پیش ہے - میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا ایسی سکیموں میں لاہور بھی شامل ہے اور اگر شامل ہے تو لاہور والی سکیم پر کس قدر خرچ کیا جائیگا -

**مسٹر سپیکر**—جہاں تک خرچ کا تعلق ہے اس کے متعلق آپ علیحدہ سوال دیجئے - مخدوم صاحب آپ ان کو یہ بتا دیجئے کہ لاہور کے لئے بھی کوئی سکیم ہے یا نہیں -

**وزیر خوراک و زراعت**—کوئی نہیں اگر اس فہرست میں یہ سکیم شامل نہیں ہے تو پھر نہیں ہے -

**قاضی محمد اعظم عباسی**—انہوں نے جو لسٹ سپلائی کی ہے جواب میں اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ یہ سکیم مختلف ساٹوں میں carry out کی جائی گی لیکن میرا یہ ضمنی سوال تھا کہ کون سے اضلاع ہیں تو اس میں میرا کہنے کا مطلب ہے کہ لاہور کا جواب بھی آ جاتا ہے -

**مسٹر سپیکر**—یہ لسٹ اضلاع کے لحاظ سے نہیں ہے اگر آپ اضلاع کے متعلق معلوم کرنا چاہتے ہیں تو اس کے لئے آپ علیحدہ سوال دیدیں -

**قاضی محمد اعظم عباسی**—میرا سوال تھا grants-in-aid کے متعلق - جواب دیا گیا - grants-in-aid to different districts. یہ سکیم میں شامل ہے لیکن میں پوچھنا چاہتا تھا کہ وہ کون سے ضلعے ہیں جن کو grants-in aid دی جاتی ہے -

**وزیر خوراک و زراعت**—grants-in aid کے متعلق ہم نے نہیں کہا ہے - اس کے متعلق آپ کہاں سے ٹائپ کرکے لے آئے ہیں - ہم نے یہ جواب نہیں دیا - grants-in-aid کا ہم نے ذکر نہیں کیا -

**مسٹر سپیکر**—مخدوم صاحب آپ اپنے جواب کا آئٹم نمبر ملاحظہ فرمائیں - وہ یہ معلوم کرنا چاہتے ہیں کہ وہ کون سے

اضلاع ہیں کہ جن کے متعلق grants-in-aid کا ذکر ہے جو کہ اس سکیم سے تعلق رکھتی ہیں -

**وزیر خوراک و زراعت**—نیا نوٹس دیجئے -

**خان اجون خان چدون**—کتنی رقم آپ نے مخصوص کی ہے grants-in-aid کے لئے -

**وزیر خوراک و زراعت**—اعداد و شمار اس وقت نہیں بتائے جا سکتے -

**خان محمد یوسف خان**—جناب یہ آپ کو معلوم ہے کہ بعض لوگ ایسے بھی ہیں جو بکریاں اور دودھ بیچ کر اس پر گزارا کرتے ہیں ان کے لئے کیا آپ نے کوئی متبادل سکیم بنائی ہے کہ جس سے وہ زندہ رہ سکیں -

**وزیر خوراک و زراعت**—متبادل سکیم سے کیا مراد ہے -

**خان محمد یوسف خان**—میرا مقصد یہ ہے کہ ان کا ذریعہ معاش کوئی اور پیدا کرنے کی تجویز کریں گے کیونکہ ان کا ذریعہ معاش تو آپ نے آرڈیننس کے ذریعے فی الفور ختم کر دیا ہے تو وہ کیسے زندہ رہ سکتے ہیں -

**وزیر خوراک و زراعت**—اس کے متعلق کوئی alternative ایسا نہیں ہے -

**قاضی محمد اعظم عباسی**—آئٹم نمبر ۹ میں آپ نے فرمایا ہے کہ breeding کے لئے key-villages کی سکیم تیار کی جا رہی ہے تو میں پوچھتا ہوں کہ ان key villages کا سروے ہو چکا ہے یا نہیں وہ کون سے key-villages ہیں -

**وزیر خوراک و زراعت**—یہ discretionary ہے - جہاں اس کی feasibility ہوگی وہیں یہ سکیم جاری کی جائے گی -

**خان ملنگ خان**—جناب والا - وزیر صاحب تیاری کرکے نہیں آئے اس لئے میں ان سے ضمنی سوال نہیں پوچھنا چاہتا -

**Mr. Speaker** : No comments, no more supplementaries.

HIGH PRICES OF FOOD GRAINS IN THE PROVINCE

*482. **Kazi Muhammad Azam Abbasi** : Will the Minister of Food and Agriculture be pleased to state:—

(*a*) the reasons for the high prices of foodgrains in the Province;

(*b*) the steps Government have taken or intend to take to wer these prices?

**Parliamentary Secretary** (Mian Ghulam Muhammad Ahmad Khan Maneka) : (*a*) (*i*) Rapid increase in population.

(*ii*) Improvement in the standard of living consequent upon increase in the *per capita* income.

(*iii*) Rapid urbanization as a result of quick development of industries in the Province.

(*iv*) Preference of consumers for goods of better quality.

(*v*) Reasonable prices are to be assured to the growers for their produce.

(*b*) (*i*) The Provincial Government are maintaining a reserve of 3·5 lac Tons of wheat at about 250 Distribution Centres in the Province for release to Traders, Roller Flour Mills and consumer.

(*ii*) Stocks of imported wheat are got milled by the Roller Flour Mills for sale of atta at the *ex*-mill price of Rs. 18.25 per maund with bag.

(*iii*) Indigenous wheat has been permitted to move freely within the Province, except the 'Border Area'.

(*iv*) Adequate quantities of Basmati rice have been ear-marked for internal consumption and sale through Ration Depots at Rs. 32·80 per maund with bag at up-country stations and Rs. 34·80 per maund with bag at Karachi.

(*v*) The Agents/Sellers in Hyderabad Region have been permitted to sell one wagon of Kangni/bidri rice in the open market anywhere in West Pakistan except the 'Border Area' on every 10 wagons of these varieties tendered to Government.

(*vi*) The Rice Dealers in Lahore Region have been authorised to sell Basmati rice equivalent to 20 per cent of the supplies tendered by them to Government in the free market.

(*vii*) To afford relief to the lower income groups, the stocks of brokens of various varieties of rice are permitted to move outside the 'Controlled Areas' of Lahore and Hyderabad Regions.

قاضی محمد اعظم عباسی—جب گورنمنٹ لاہور میں چاول کی فروخت کرتی ہے تو آپ ڈیلرز کو $\frac{1}{5}$ چھوٹ دے دیتے ہیں کہ وہ کھلی مارکیٹ میں بیچیں - مگر حیدرآباد کے لئے پوزیشن مختلف ہے ان کو — $\frac{1}{10}$ چھوٹ دیا ہے تو آپ نے یہ فرق کیوں رکھا ہے -

**مسٹر سپیکر**—مخدوم صاحب آپ کے پارٹ (۲) میں جو ہے اس میں آپ نے کہا ہے کہ ہم لاہور کے لئے ۲۰ فیصد باسمتی کا سپلائی کرتے ہیں جو کہ free, market میں فروخت ہوتی ہے اور اس کے بر عکس آپ نے حیدرآباد کے لئے ۱۰ فیصدی دیا ہے - یہ چیز جواب کے پارٹ ۵ میں دی ہوئی ہے -

**رانا پھول محمد خان**—جناب والا - اس جواب میں یہ لکھا ہے یعنی اردو کی کاپی میں کہ حیدرآباد میں ایجنٹوں و فروخت کنندگان کو یہ اجازت دے دی گئی ہے کہ وہ حکومت کی پیش کردہ کنکنی اور بڈری چاول کی ۱۰ ویگنوں پر ایک ویگن مغربی پاکستان میں کسی بھی جگہ ما سوائے سرحدی علاقوں کے فروخت کر سکتے ہیں اور لاہور ریجن کے تاجران چاول کو اس امر کا مجاز قرار دیا گیا ہے کہ وہ حکومت کو پیش کردہ باسمتی چاول کی مقدار کے ۲۰ فیصد مساوی مقدار کھلے بازار میں فروخت کر سکتے ہیں - تو اس چیز کے پیش نظر میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ یہ ۱۰ فیصدی حیدرآباد کے لئے بتایا گیا ہے اور لاہور کے لئے - ۲۰ فیصد تو یہ ایسی بات کیوں ہے -

**مسٹر سپیکر**—رانا صاحب کیا آپ نے ان کا یعنی قاضی محمد اعظم عباسی کا سپلیمنٹری سنا تھا -

**رانا پھول محمد خان**—جی نہیں -

**مسٹر سپیکر**—آپ کو سننا چاہئے تھا یہی سوال تھا جو انہوں نے کیا تھا -

**وزیر خوراک و زراعت**—جناب باسمتی چاول کا ڈیمانڈ زیادہ ہے بنسبت دوسرے قسم کے چاولوں کے -

**ملک محمد اسلم خان**—کیا یہ درست ہے کہ باسمتی چاول جو pr: کرتے ہیں ان کو ۲۰ فیصد اس لئے دیا گیا ہے کہ وہ بہتر چاول ہیں - اور دوسرے چاول جو حیدرآباد میں ہوتے ہیں وہ کم درجے کے ہیں اس لئے انہیں کم concession دی جائے -

**وزیر خوراک و زراعت**—یہی تو کہا گیا ہے کہ ان کی ڈیمانڈ زیادہ ہے ۔

**راؤ محمد افضل خان**—باقی علاقوں میں نقل و حرکت کی اجازت دے دی گئی ہے مگر سرحدی علاقوں کے لئے نقل و حرکت کی پابندی کیوں رکھی گئی ہے ۔

**وزیر خوراک و زراعت**—اندر آنے کے لئے کوئی پابندی نہیں ۔

**راؤ محمد افضل خان**—آپ نے حویلی اور بصیر پور کی جانب سے درآمد بند کی ہوئی ہے ۔

**وزیر خوراک و زراعت**—نہیں بند کی ہوئی ۔ جو border belt کے باہر ہے اس کو نہیں بند کیا ہوا ۔

**راؤ محمد افضل خان**—ملک کے اندر آنے سے تو نہیں بند کیا گیا ؟

**وزیر خوراک و زراعت**—border belt سے ملک کے اندر آنے سے بند کیا ہوا ہے ۔

**راؤ محمد افضل خان**—اس کا سبب کیا ہے ؟

**وزیر خوراک**—تا کہ نقل و حرکت دو طرفہ ہو سکے ۔

**مسٹر سپیکر**—راؤ صاحب سپلیمنٹری کرنے کا یہ طریقہ ہے کہ آپ سپلیمنٹری کریں اس کے بعد آپ اپنی نشست پر تشریف رکھیں ۔ پھر اس کا جواب سنیں اور پھر دوسرا سپلیمنٹری کریں ۔

**Kazi Muhammad Azam Abbasi** : The Minister should address the Chair. They are in direct conversation with each other.

---

JUTE PRODUCTION IN GHULAM MUHAMMAD BARRAGE AREA

***716. Kazi Muhammad Azam Abbasi :** Will the Minister of Agriculture be pleased to state:

(*a*) whether it is a fact that jute was grown by the West Pakistan Agricultural Development Corporation on an experimental basis in Ghulam Muhammad Barrage area;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, whether it is a fact that the West Pakistan Agricultural Development Corporation sent some specimens of the jute fibre grown in the said area to the British Jute Trade Research Association;

(*c*) if answer to (*b*) above be in the affirmative, whether it is a fact that the West Pakistan Agricultural Development Corporation has received from the said Association report stating that the jute fibre possess a very good degree of fineness and adequate strength;

(*d*) if answer to (*c*) above be in the affirmative, further steps Government intend to take in the matter?

**Parliamentary Secretary** (Mian Ghulam Muhammad Ahmad Khan Maneka): (*a*) Yes.

(*b*) Yes.

(*c*) Yes.

(*d*) An all out effort is being made to expand the area under jute. In 1963 the Corporation started with 1½ acres. The area in the current season is about 7000 acres. The programme is being followed in the form of a drive.

---

ESTABLISHMENT OF AGRICULTURAL WORKSHOPS IN HYDERABAD DIVISION

***982. Kazi Muhammad Azam Abbasi:** Will the Minister of Agriculture be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that Government have a scheme to establish some Agricultural Workshops in Hyderabad Division;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative; the number of Agricultural Workshops proposed to be established in the said Division along with their locations?

**Parliamentary Secretary** (Mian Ghulam Muhammad Ahmed Khan Maneka): (*a*) Yes.

(*b*) One Divisional Workshops at Hyderabad and three District Workshops one each at Sanghar, Tharparkar and Dadu.

قاضی محمد اعظم عباسی - یہ ورکشاپ جو ہیں
کیا ان کی مینجمنٹ ڈویژنل ورکشاپ کے ساتھ ہے ؟

وزیر زراعت - جی ہوتا ہے -

---

GOVERNMENT OWNED TRACTORS IN HYDERABAD DIVISION

***983. Kazi Muhammad Azam Abbasi:** Will the Minister of Agriculture be pleased to state:—

(*a*) the number of Government owned tractors in workable condition in Hyderabad Division;

(*b*) the procedure and conditions laid down for giving the said tractors on hire to the zamindars and cultivators of the said Division;

(*c*) the number of cultivators in the said Division, who hired the said tractors during the years 1963 and 1964 and from January 1965 to date separately along with the acreage of land brought under cultivation through these tractors;

(*d*) the rates fixed for the hiring of the tractors in the said Division and in case the said rates are to high, whether Government intend to reduce them?

**Parliamentary Secretary** (Mian Ghulam Muhammad Ahmad Khan Meneka): (*a*) Statement containing the required information is laid on the table of the House.

(*b*) Tractors are available on hire on the basis of first-come-first served. Hire charges are paid in advance.

Fifty per cent subsidy is allowed for 100 acres irrigated and 150 acres un-irrigated holdings. Twenty-five percent subsidy is allowed for holdings of 101—250 acres and 151—400 acres. No subsidy is allowed of or holdings of upper limits.

(*c*) and (*d*) Statement containing the required information is laid on the Table of the House.

| | *Number* |
|---|---|
| *Part* (*a*)— | |
| Fowler Chalenger Tractors .. .. .. | 10 |
| BTD - 2 Tractors .. .. .. .. | 22 |
| International Harvestor TD-9 .. .. .. | 8 |
| Caterpillar D-4 .. .. .. .. | 4 |
| Caterpillar D-7 .. .. .. .. | 2 |
| Caterpillar D-8 .. .. .. .. | 2 |
| Caterpillar D-6 .. .. .. .. | 9 |

| | *Farmers who availed the service (number)* | *Area levelled and ploughed (acres)* |
|---|---|---|
| *Part* (*c*)— | | |
| 1962-63 .. .. .. | 970 | 19,946 |
| 1963-64 .. .. .. | 793 | 16,189 |
| 1964-65 .. .. .. | 630 | 12,666 |

(*d*) Full rates are:—

| | *Per hour* Rs. |
|---|---|
| (*i*) Fowler Chalanger, International Harvestor TD-9 and Cater-pillar D-4 Type .. .. | 22·00 |
| (*ii*) BTD-20 Type .. .. | 42·00 |
| (*iii*) D-6 and D-7 Type .. .. | 31·00 |
| (*iv*) D. 8-Type .. .. .. | 54·00 |

Government have no intention to reduce the hire charges.

**میاں محمد شفیع**—میرے ایک سوال کے جواب میں وزیر موصوف نے فرمایا تھا کہ ضلع لاہور کے چھوٹے زمینداروں کے لئے جو تھوڑی تھوڑی زمین پر کاشت کرتے ہیں کچھ ٹریکٹروں کی سہولت کا انتظام کیا جائے گا - میں آج ہی سے دوبارہ پوچھتا ہوں کہ کیا اس سکیم کے تحت یہاں پر ٹریکٹر مہیا کئے گئے ہیں -

**وزیر زراعت** (مخدوم حمید الدین)—جی ہاں - میں عرض کروں کہ اس سلسلہ میں زرعی ترقیاتی بنک لوگوں کی مشکلات دور کر

دیں گے - وہ مان گئے ہیں - یہ بنک لوگوں کو کوآپریٹیو بنیاد پر جیسے آپ چاہتے تھے روپیہ دیں گے -

---

NEGLECT IN MAINTENANCE OF THE TREES GROWN ALONG THE CANALS IN RAHIMYAR KHAN IRRIGATION CIRCLE BY THE FOREST DEPARTMENT

*1127. **Khawaja Jamal Muhammad Koraija:** Will the Minister of Agriculture be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that the maintenance of the trees grown along the canals in Rahimyar Khan Irrigation Circle has totally been neglected since their transfer from the Irrigation Department to the Forest Department;

(*b*) whether it is a fact that the staff of the Irrigation Department used to look after the said trees while performing other duties;

(*c*) if answer to (*a*) to (*b*) above be in the affirmative, whether Government intend to retransfer the said trees to the Irrigation Department?

**Parliamentary Secretary** (Mian Ghulam Muhammad Ahmad Khan Maneka): (*a*) No.

(*b*) Yes.

(*c*) No, as the existing arrangements are quite satisfactory.

---

AUCTIOINING OF KIKAR TREES STANDING ON MINCHIN BUND

*1373. **Khawaja Jamal Muhammad Koraija:** Will the Minister of Agriculture be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that the Kikar trees standing on Minchin Bund Canal Region, Rahimyar Khan are more than 35 years old;

(*b*) whether it is a fact that stems of 95 per cent of the said trees are hollow and decayed from inside and the trees if auctioned would yield lacs of cubic feet of wood;

(*c*) if answer to (*a*) and (*b*) above be in the affirmative, whether the Forest Department intend to auction the said trees if not, reasons therefor?

**Parliamentary Secretary** (Mian Ghulam Muhammad Ahmad Khan Maneka): (*a*) No. The data regarding age of the trees was not supplied by the Irrigation Department at the time of transfer of the canalside plantation to the Forest Department and correct age can only be determined after proper investigation and detailed survey.

(*b*) No. Auction of trees is being done under a phased programme to get sustained yield and regular income spread over a number of years.

(*c*) Answer already given in paragraph (*b*) above.

---

AUCTIONING OF KIKAR TREES UNDER CONTROL OF FOREST DEPARTMENT CANAL REGION, RAHIMYAR KHAN.

*1374. **Khawaja Jamal Muhammad Koraija:** Will the Minister of Agriculture be pleased to state:—

(*a*) the number of Kikar trees, under the control of Forest Department Canal Region, Rahimyar Khan, the stems of which are decayed and have become hollow;

(*b*) the number of Kikar trees in the above said region which are in proper and perfect healthy condition;

(*c*) whether it is a fact that several trees, have fallen down owing to their old age, but have not been put to auction as yet;

(*d*) if answer to (*c*) above be in the affirmative whether the Forest Department intend to sell the said trees through auction; if so, when?

**Parliamentary Secretary** (Mian Ghulam Muhammad Ahmad Khan Maneka) : (*a*) Exact number of such trees standing over 4,163 miles cannot be enumerated at such a short notice. Some of the Kikar trees found along canals in Rahimyar Khan Canals Forest Division are mature, out of which a few have become hollow.

(*b*) The labour involved will not be commensurate with the purpose the reply will serve.

(*c*) Dead and wind fallen trees are being auctioned regularly.

(*d*) Sale of dead and wind fallen trees by public auction is a regular feature of the Department as and when required.

**خان محمد یوسف خان**—جناب کیا پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب یہ بتائیں گے کہ ان درختوں کو پہلے آپ نے نمبر نہیں کیا ہوا ۔

**وزیر زراعت** (مخدوم حمید الدین)—یہ تو ہم نے ایری گیشن والوں سے ابھی ابھی لئے ہیں انکا ریکارڈ ابھی حاصل نہیں ہو سکا ۔

**خان محمد یوسف خان**—اگر یہ دوسرے محکمہ سے آپ کو منتقل کئے گئے ہیں تو کیا وہاں ان کا نمبر نہیں ہوا تھا ۔

**وزیر زراعت**—میں نے عرض کیا ہے ابھی انکا ریکارڈ وہاں سے نہیں ملا ۔

---

PLANTATION OF TREES ALONG CANAL BANKS IN CANAL REGION RAHIMYAR KHAN

***1375. Khawaja Jamal Muhammad Koraija :** Will the Minister of Agriculture be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that the Forest Department undertook the plantation of trees along the Canal Banks in the Canal Region Rahimyar Khan, during August 1965;

(*b*) whether it is a fact that due to non-supply of water all the said plants have withered away;

(*c*) whether it is a fact that the Forest Department has moved the Irrigation and Power Department to provide water for plantation purposes;

(*d*) if answer to (*c*) be in the affirmative, action so far taken by the Irrigation and Power Department;

necessities that a nation requires. Unfortunately, that University is in very great difficulties because of finances and we find in the budget little support for that University. I may submit that it is one of the greatest aspirations of the people of that part of the Province to see this University thrive and thrive further and not that it should fall down or that it should be knocked out because of the paucity of funds. It would be a great irony of fate that this University, which was brought into existence by the infamous politicians, may now go out of existence in this reformed and progressive regime. I would, therefore, most humbly and emphatically submit that the honourable Finance Minister should come to the rescue of that University and give it as much funds as are possible in order to make it running. I would further submit that we have certain more difficulties. The first of all is that at the time of Integration it was rather ordered that the revenue appeals from the former N.-.W.F.P. would be heard at the Divisional Headquarters by the Revenue Members and the people of those far-flung areas would not be made to travel to Lahore for 4 or 5 or 6 hearings of a single case. This practice went on for some time but, of late, it has been totally given up. Our people, who do not know Punjabi or even Urdu language, have to come to Lahore and go about and search for the Revenue Board Office and then five or six times comings and goings from Lahore mean a lot to those poor people. I would, therefore, request him that the previous arrangements be restored and instructions issued that all appeals from that part of the Province shall be heard at the Divisional Headquarters. I would further submit that 90 per cent of the murder and heinous offences in that part of the Province go to the Tribunals under the Criminal Law Amendment Act because, as we find, there is little judicial evidence in these cases particularly due to the circumstances prevailing there. I have certain objections. First of all, the Home Secretary has been given the power to hear the appeals against the orders of the Commissioners. We find in many cases that the Home Secretary is junior in rank to some of the Commissioners against whose orders he has to hear appeals, and therefore, this is not a sound proposition and a sound forum of justice. At least, one who hears appeals must be senior in rank to the one against whose orders he is to hear the appeals. But here the things are just the opposite. I would suggest that at least a Member of the Board of Revenue should be given the powers to hear appeals under the Criminal Law Amendment Act cases against the orders of the Commissioners. Again, Sir, we experience the same difficulty. I remember in one case I had to come nine times to Lahore and attend to that appeal and it was adjourned some times because the Home Secretary was busy elsewhere, some times he was on a tour and some times when he was busy with the Law Minister. You can well imagine that instead of making litigation cheaper we are making it dearer and dearer. We are making it rather intolerable for the poor people to seek redress or to come to this forum at all. It is a discouragement rather than encouragement to have their grievances redressed. Just as I have requested that a Member of the Board of Revenue should go to the Divisional Headquarters for hearing appeals, similarly, I would request that all appeals against offences and convictions, under the Criminal Law Amendment Act, should be heard at the Divisional Headquarters, that is, Peshawar and D.I Khan, instead of making those people to come here.

I have another submission to make and particularly before Malik Khuda Bakhsh. The Qurum River and the Qurum Garhi Scheme, built on the Qurum River and which has cost crores of rupees, is a case involving distribution of water between the two tehsils, that is, up-stream people and the down stream people, and it has been hanging in the balance for the last 8 or 9 years inspite of the fact that several Tribunals were appointed and, at one stage, even arbitrators were appointed because of the dispute between the up-stream and down-stream people. Experts came there and they visited the site. They collected the data and everything and gave their opinion but that case is still hanging fire and no orders have yet been passed. No one in the Bannu District is yet sure of his rights as to how

much water he is going to get, what is his right in the channel and what he is likey to spend at his land because when he is not sure about the irrigation water how can he be sure of his developmental activities ?

**Mr. Speaker:** The member may please try to conclude his speech.

**Nawabzada Rahim Dil Khan :** Two minutes only.

I would submit that this file may be disposed of one way or the other. We are not grudging the supply of any amount of water to the up-stream people but all that is surplus must go to the down-stream people and this issue needs a decision and a quick decision for the better economy of that District.

I would also draw the attention of the Minister for Irrigation for the water logging problems, which is not only confined to the former Punjab but also the Frontier, be dealt with on larger scale. If somebody goes and takes the trouble of studying it along, he will find that even the metalled roads between Bannu and Dera Ismail Khan have been made like barren and that this water logging has made the land incapable of cultivation and extremely damaged. I am sure that the Minister for Communications knows it because recently he has earmarked some funds in order to repair that road. So I would submit that that should also be done on the earlier basis. I have one last request to make before the Irrigation Minister who is also the Education Minister, that if the unfortunate District in which there are not even the B.Sc. calsses anywhere in this age when the world has gone much ahead of us, I would submit that atleast a sum of Rs. 36,000.00 which amount the Principal of the College had requested rather thrice be given to him to meet the urgent requirement. This amount is meant for laboratory equipment and he does not need any more staff or any more accommodation or any other thing. I would again submit that this district at least should be provided with this amount of Rs. 36,000.00 which will provide other amenities besides the one already explained.

**رانا پھول محمد خان**—جناب سپیکر - میں فاضل ممبر کی تقریر کرنے سے پہلے یہ گزارش کروں گا کہ اس ہاؤس میں بہت سے ممبر صاحبان نے ان تین دنوں میں بولنے کی اجازت چاہی ہے - اور میں سمجھتا ہوں کہ ہم منتخب ہونے کے بعد جنرل ڈسکشن کے ان تین دنوں میں اپنے مسائل آپ کی وساطت سے اپنی حکومت کے سامنے پیش کر سکتے ہیں - اس لئے یا تو وقت کا تعین کر دیا جائے کیونکہ اس طرح ۱۰ ممبر صاحبان ایک دن میں بول سکیں گے اور کل جنرل بجٹ کا دن ختم ہو جائیگا اور اس طرح ۲۰ ممبر صاحبان دو دن میں بول سکیں گے - یا اس کیلئے وقت بڑھایا جائے یا شام کو اجلاس بلایا جائے تاکہ زیادہ سے زیادہ ممبر صاحبان اپنے علاقے کے مسائل پیش کر سکیں -

**مسٹر سپیکر**—رانا صاحب مجھے آپ کی تجویز سے پوری ہمدردی ہے - میں ایوان کی اطلاع کیلئے عرض کردوں کہ اس وقت مجھے جو فہرست پہنچی ہے اس میں ۴۰ ممبر ایسے ہیں جن کو جنرل بحث میں حصہ لینا ہے - اس ڈیبیٹ کیلئے سارا وقت جو ہمارے پاس ہے اس کو اگر تقسیم کیا جائے تو ۵ منٹ فی ممبر کے حساب سے وقت ملتا ہے

اس کے علاوہ وزرا صاحبان نے اس بحث کا جواب دینا ہے ان کو بھی ڈیڑھ گھنٹہ وقت مطلوب ہے۔ یہ ہاؤس کی مرضی پر منحصر ہے کہ گر وہ پچھلے ۲ر بیٹھنا چاہیں تو مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے۔ اور اگر کل بھی دو sittings کرنا چاہیں تو بھی مجھے اعتراض نہ ہوگا۔

**Is it the sense of the House that we should hold two sittings today and tomorrow (*Voices*: Yes.) Yes Khan Sahib.**

**Minister for Revenue** (Khan Habibullah Khan) : Sir, I am just consulting my colleagues. (*A Short pause*) Sir, if the Members agree to this then we should hold evening meetings today as well as tomorrow and I propose that today's evening sitting and tomorrow's morning sitting should be given to the Members and the Ministers would like to reply in the evening sitting tomorrow.

**Mr. Speaker :** Then that means we will hold second sitting today at 5-30 p.m. and we will go up to 8-30 p.m. and tomorrow also we will hold second sitting at 5-30 p.m. to 8-30 p.m.

(*Voices*: *Yes please*)

**Mir Yusuf Ali Khan Magsi** (Kalat I) : Keeping in consideration the burdens which we have undergone because of the War and also keeping in consideration the failure of our so-called friends to give us any financial aid in the time of need, this budget still more becomes a glowing tribute to the patriotism of the people, to the ability of the present Government and to the capability of the Finance Minister and the Finance Department in handling our finances so ably. But Sir, this budget is just like an episode that begins with the glorious climax and very sadly ends up in a heart-breaking anti-climax.

Now looking at Rs. 190 crores which have been provided for development and considering that there are no new taxes also, I think there can be no better climax to the beginning of this episode. But Sir, it would have been much better if the Finance Department in all its wisdom would have used this money and would have distributed this money as wisely as they have made the budget. Well Sir, in this connection. I would come directly to the area to which I belong. Now looking at the budget I find what the two Divisions—the Quetta and Kalat Divisisions—have got out of all this wealth. They have got about Rs. 3 crores only. Now Sir, West Pakistan does not mean only the cities of Karachi and Hyderabad or Lahore and Peshawar. The bulk of the people of Pakistan live outside these areas. They live at those places where they toil on lands and produce wealth and from that wealth the treasury is being filled. Then what are the reasons that those people who work laboriously to fill up the treasury, get much less benefit than the people living outside these areas.Now here, the Finance Minister is very much ready to build a new lane on the Mall Road. That he can, but why not build a road in an area like Kalat where the people have not seen a road, since Adam left Heaven. You can break an old bridge to build a new one but why not build a bridge in an area where the people have never seen a bridge at all. After all the strength of the country does come from the inside—by inside I mean that the disparity between the two areas i.e., between the most backward areas and the already developed areas, should be lessened. It can only be lessened when the people of the backward area get more for their development than the areas which are already developed.

Coming to Communications for example , in the whole of Kalat District or whole of Kalat Division, there can be hardly more than 200 miles of roads. It is worth pondering that even the Government Officials cannot travel or tour these

areas for non-existence of roads and over and above it, if it rains only once, the condition of the roads is at its very worst.

Last time some provisions for the construction of a very important road connecting Shadad Kot to the Divisional Headquarters of Kurdad, was made and now I see that that provision is missing and not mentioned again. There are many other things else. Now I come to the bridge, for example, being built in Quetta Division. This is the responsibility of the Buildings and Roads Department. There is a road which is less than half of the size of this hall and having been built within three years.

Regarding Water and Power, of course, there is practically no provisions for power anywhere in Kalat Division and this is the main thing which we need for development. After all we are as much patriotic as the others are and we have got the same feeling for the country. Hence we should be given a chance; we should be developed so much that we can contribute as like others for the welfare of the country and, I think, in this budget we are not provided enough to develop ourselves so much as to be at par with others. With this request, I would again draw the attention of the Finance Minister to kindly provide more funds for us and also to see to it that the amount which is provided is properly used and not mis-used.

**بیگم زاہدہ خلیق الزمان** (پی ڈبلیو نمبر ۱۰ زون ۱)—
جناب والا - میں وزیر خزانہ کے اس لاجواب اور ترقیاتی بجٹ کا پر زور خیر مقدم کرتے ہوئے انکی خدمت میں تحسین و آفرین کے پھول پیش کرتی ہوں - یہ بجٹ عوام کی خواہشات اور امنگوں کا آئینہ دار ہے - ہم اہل کراچی ان کے بے حد ممنون ہیں - کہ انہوں نے کراچی میں ترقیاتی منصوبوں کے لئے بہت کچھ عنایت فرمایا ہے - لیکن ہم ان سے یہ استدعا کرتے ہیں کہ براہ کرم ہمیں ان محکمہ جات کے سپرد نہ کیا جائے - جو ان منصوبوں کو بروئے کار نہ لاسکیں کے ڈی - اے کا محکمہ جن کے ہاتھوں میں ہماری قسمت سونپ دی گئی ہے - وہ ہماری ان ایک لاکھ جھونپڑیوں کے لئے کوئی منصوبہ تیار نہیں کرتا بلکہ وہ ''گلشن'' ایسی سکیمیں بناتا ہے - جنہیں دیکھ کر آپ لوگ بھی کہہ اٹھتے ہیں - کہ کراچی ایک بہت بڑا شہر ہے - وہاں موٹر کاروں اور ملبوسات کی نمائش ہوتی ہے - میں ان لوگوں کی اطلاع کیلئے عرض کردوں - کہ کراچی موٹر کاروں اور ملبوسات کی نمائش کا شہر نہیں ہے - بلکہ وہ ایک بڑا صنعتی شہر ہے - وہاں ہر جگہ کے لوگ اپنے کاروبار اور روزگار کے سلسلے میں آتے رہیں - اور قیام کرتے ہیں کراچی میں اسوقت بھی ایک لاکھ جھونپڑیاں موجود ہیں - اور از راہ کرم جب آپ اس شہر کی جگمگاتی سڑکوں کا ذکر کریں تو ان تاریک راہوں کا بھی ذکر کیا کیجئے جہاں تعفن و گندگی کی وجہ سے بیماریاں ڈیرے ڈالے

ہوئے ہے ۔ آپ کو علم ہونا چاہئے کہ وہاں رہائش کا معقول انتظام نہیں ہے ۔ اور نہ کوئی طبی سہولت حاصل ہے ۔ ڈی اے ۔ والوں کے پاس جو کوارٹر ہیں وہ لوگوں کو دیتے وقت ان سے کافی روپیہ وصول کرتے ہیں ۔ حالانکہ بچارے مزدور لوگ جوسو روپے ماہوار تنخواہ کے ہوض ملوں میں کام کرتے ہیں ۔ اور بعض کی تو اسی روپے ماہوار سے زیادہ آمدنی نہیں اس میں سے وہ ایک روپیہ روزانہ بس کے کرائے کی صورت میں ادا کرتے ہیں ۔ آپ ہی خیال فرمائیں ۔ کہ کراچی جیسے شہر میں اگر ایک آدمی ساٹھ یا ستر روپے ماہوار کماتا ہو اور اسکے بچے بھی ہوں ۔ اور اسی آمدنی میں سے ان بچوں کی پڑھائی وغیرہ کیلئے بھی انتظام کرنا ہو ۔ تو وہ اس میں کیسے گذارہ کر سکتا ہے اس لئے میں آپ سے پر خلوص التجا کرتی ہوں ۔ کہ آپ ان سب باتوں پر ضرور غور فرمائیں ۔ جناب والا ۔ آپ تو کراچی کے گوشے گوشے سے واقف ہیں ۔ کیونکہ آپ وہاں پر سیاسی جلسوں میں شرکت کر چکے ہیں ۔ اور جن علاقوں کا میں اب ذکر کرنا چاہتی ہوں ۔ آپ خود اسے ملاحظہ فرما چکے ہیں ۔ ان علاقوں میں غریب آباد بھی شامل ہے ۔ جہاں پر ابھی جھونپڑیوں میں آگ بھی لگی تھی ۔ آپ کو معلوم ہے ۔ کہ وہاں پر کے ۔ ڈی اے والوں نے لوگوں کو سو روپے تو دیدئے ۔ لیکن وہ سو روپے میں کوئی پلاٹ حاصل نہیں کرسکتے اور نہ ہی کوئی مکان تعمیر کر سکتے ہیں ۔ چاہئے تھا کہ ان لوگوں کو کسی ایسی جگہ پلاٹ دے دئے جاتے ۔ جہاں پانی مہیا ہوتا روشنی میسر آسکتی ۔ اور جہاں وہ اپنا گھر بنا کر قریب ہی اپنا کاروبار بھی کرسکتے ۔ آپ کو معلوم ہے کہ ان بد نصیبوں میں بھیری والے بھی ہیں اور مزدور بھی ان کو تو کہیں بیٹھنے بھی نہیں دیا جاتا اور نہ ہی وہ اپنے لئے کوئی دوکان یا کیبن حاصل کر سکتے ہیں ۔ آپ کو انہیں کسی قریبی جگہ میں کوئی پلاٹ دینا چاہئیے جہاں وہ اپنا کاروبار بھی کرسکیں ۔ یہ علاقے لیاقت آباد، گولی بار، گوجرنالہ کورنگی نالہ اور لالو کھیت ہیں ۔ اگر غریب آباد سے لوگوں کو کورنگی لانڈھی، ملیر جہاں اب بھی لوگ کیمپ جیسی کی حالت میں پڑے ہیں ۔ اور مسعود آباد جیسی جگہوں میں منتقل کردیا جائے جہاں پلاٹس بھی ہیں اور کوارٹر بھی موجود ہیں ۔ بیچارے غریب

آدمیوں کی وہاں پہنچ کیسے ہو سکتی ہے جبکہ گے - ڈی - اے - والوں سے جب ہم ملنے کیلئے وقت لیتے ہیں - تو وہ ہمیں ملنے کیلئے وقت نہیں دیتے - میرے پاس جب لوگ درخواستیں لیکر آتے ہیں اور میں انکی recommendation بھی کر دیتی ہوں - اور دن میں کئی مرتبہ انہیں ٹیلیفون بھی کرنے کی کوشش کرتی ہوں لیکن گے - ڈی - اے کا کوئی شخص ہم سے ملنے کیلئے تیار نہیں ہوتا - ہمیں حکومت سے کوئی شکایت نہیں ہے - انہوں نے ہمارے علاقے کیلئے کافی روپیہ دیا ہے - لیکن اب آپ ان حکمون کو کہیں کہ وہ ان ترقیاتی منصوبوں کو پایۂ تکمیل تک پہنچائیں - ہمیں اس کا احساس ہے - کہ آپ لوگ بھی یہ چاہتے ہیں کہ وہاں سے یہ ایک لاکھ جھونپڑیاں ہٹا دی جائیں - تاکہ وہ لوگ بھی آرام و آسائش سے رہ سکیں - آپ کو چاہیے کہ انکی تعلیم کا بھی خاطر خواہ بندوبست کریں - کیونکہ آج کے بچے ہی کل کے معمار ہوں گے - اگر ان کے ذہن کوئی غلط راستہ اختیار کریں گے - تو وہ حکومت پر بھی بار بن جائیں گے - آپ برائے کرم ان کے ہاتھوں سے قینچیاں چھین کر ان کی جگہ انہیں قلم دیجئے - تاکہ وہ ایک اچھے شہری اور پاکستان کے اچھے سپوت ثابت ہوں - آپ کو معلوم ہونا چاہیے کہ ہمارے غریب کراچی کے مہاجرین جن کے متعلق میں نے ابھی گزارش کی ہے - زبان حال سے پکار پکار کہہ رہے ہیں کہ -

ہمارا خون بھی شامل ہے تزئین گلستان میں -
ہمیں بھی یاد کر لینا چمن میں جب بہار آئے -

**Major Malik Muhammad Ali** (Sargodha III): Mr Speaker, Sir, the presentation of a Budget is an occasion when the tax-payer comes to know what tax he has to pay and what is being done with the money that he has paid and what progressive tendencies there would be as well as the plans for the future are known on that occasion. This is also an occasion when people comes to know a little of the administrative machinery, its efficiency and the lack of it. This would indicate that probably one would be wary to make comments. However at a forum like the Provincial Assemblies points have been brought up which dealt with Foreign Affairs, Defence and even Central Excise, Details were taken up about local matters about local bodies and such a rigmarole was made of it that at one stage even the Finance Minister shaking his head said, what would I do with all this. I would say that a Budget in modern times is a complex affairs. There are certain standards by which we judge it—whether the Budget is progressive, constructive and balanced !

Now, considering the Budget that has been presented, it is a surplus Budget. Somehow the Finance Minister has given us a Budget with a surplus of five crores. This follows immediately after a war and conditions which officially are still emer-

gent. India's old policy still continues, the sabre-rattling is there and yet the Finance Minister has given us a surplus Budget and most of all with no taxes. The decision about "No taxes" was a courageous decision and very obviously this is a lucid proof that the economy of this Province is sound. If the Administration even after a war can give us a Budget with no taxes, sure enough, the economy is on a sound footing. I, therefore, say that the Governor and the Finance Minister both deserve appreciation. At this occasion, I would like to bring up a few aspects which need further attention.

Needless to say that administration is doing so much and yet there is always a lot of room to improve things. I would, in this connection, like to raise an issue which probably is the only relevant issue at the Provincial basis, when we are considering the defence of the country. Defence is not a subject for us. But our share of the defensive aspect *demands that we* take measures which will strengthen our economy. Now in West Pakistan the economy, as far as I see, is based on agriculture. 84 per cent of population is dependent on agriculture; 64 per cent of our national foreign exchange is earned by agriculture; 54 per cent of the national income is contributed by agriculture, I would, therefore, say that agriculture is a must. On the issue of agriculture we have certain well-known problems. First, we must take steps to ensure a better productivity per acre in the agriculture sector. We need better distribution of fertilizers in a manner that it cheaply reaches the actual cultivator, that the middleman's profits are cut out, that the cultivator's difficulties in getting the fertilisers are eliminated.

The next in importance, would be mechanical farming. This budget has made a provision that increasingly agricultural machines will be available for agriculture....

**Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak** : Point of order Sir. A budget speech normally is one which the Members prepare with very great caution, consideration and they have very, very valuable suggestions to offer, and they not only concern the Finance Minister or the Revenue Minister, but they also pertain to all the Ministers. I would request the leader of the House to maintain the dignity and decorum and courtesy to the members so that when they come prepared, the Ministers should be there to listen to their grievances.

**Minister of Revenue** : I agree with you.

**Mr. Speaker** : I quite agree with the Member's views and I hope that while general discussion on the General Budget is going on, the Ministers would remain present in the House.

**Major Malik Muhammad Ali**: Sir, the Government has made a provision that by the next year we would have about 1030 agricultural machines also available for people to use on hire basis. The ADC has taken a step to provide, on no profit basis, agricultural machines that would be sold to the farmers. These are some of the steps which will help us in increasing our per acre production in the agriculture sector.

The next item in this sector is 'Grow More Food'. I think this should be the key to all our problems. This deserves full attention. We must have self-sufficiency in food. Here, I would like to give a few figures. In 1948-49 per capita poduction of foodgrains of wheat and rice, was 16 ozs. and in 1964-65 it is 15 ozs. The question is that our food production has got to keep pace with the increase in population. As it is, we seem to be fighting a losing battle. On the other side, I would quote certain figures that imports of foodgrains in 1949 were for 6 lakh tons, and in 1963-64 they were 16·55 lakh tons. The imports are rising at a steep rate, even though we are bringing in more land under cultivation. There is some increase in per acre yield. The fact remains that overall we are deficient of foodgrains. Now, that deficiency is increased by smuggling. There is no justification for that. Smuggling has to be rooted out. It has got to be stamped out as an emergent measure.

**Mr. Speaker :** The member may please try to conclude his speech now.

**Major Malik Muhammad Ali :** Allow me three minutes Sir.

I would now like to come back to certain problems of my area. In Sargodha, there is a Soon Valley which has had no development whatever for the last 30 years. It is an over-populated area. The main means of livelihood for the people is service in the Army, the Air Force and the Police. And yet they have no College. Without a college, they have to serve as subordinates. I think it is the right of the people to get an equal chance with others. Equip them with college education so that , they can make a stand and compete with others.

In the other region, next to it, which is along the foot of Salt Range, called the Modhari. This place needs an extension of the canal. The canal has gone just short of this area, and if it is extended, it would help the people in coming their means of livelihood. This region produces first class army trained drivers. The Army provides them with enough money and they can manage to buy a bus or a truck but what they need is a route permit. Help the poor people and they would help you in turn, and would provide the basis for political satability, rather than organising mamoth transport companies.

Another aspect is water-logging. I was surprised to find the other day that water-logging, which is a problem on province-basis, in the case of Sargodha plans had been completed to reclaim the land on both sides of Sargohdha town but the American experts believe that Sargohha is not worth it. They are not going to reclaim Sargodha area. As much as ten to fifteen miles outside Sargohha will not be reclaimed. The result would be that there would be no hinterland to support Sargodha. All this there is valuable land, which will gradually go waste. I would strongly recommend to the powers that be, that interest should be directed towards this and such vital areas should be given a chance and the land reclaimed. Once the land goes out of production, it would cost a lot more money to put it back and reclaim it.

With these words, Sir, I would like to thank the Finance Minister for giving us a balanced budget.

مسٹر سپیکر ۔ میاں محمد شفیع ؟

میاں محمد شفیع (لاہور ۔ م)۔ جناب سپیکر ۔ ۱۹۶۶-۶۷ کا بجٹ جو وزیر خزانہ نے اس ایوان میں پیش کیا ہے وہ ایک متوازن بجٹ ہے ۔ اور موجودہ ہنگامی حالات کے تحت یہ بجٹ ایک عوامی بجٹ کہلانے کا حق دار ہے ۔ کیونکہ موجودہ حالات کے تحت جو ہندوستان کے ناپاک حملے کے بعد پیدا ہوئے وزیر خزانہ کو یہ حق پہنچتا تھا ۔ کہ وہ مزید ٹیکس لگاتے ۔لیکن انہوں نے اس ایوان میں یہ اعلان کرکے کہ کسی قسم کا کوئی ٹیکس اس سال نہیں لگایا گیا ہے ۔ ایک قابل تحسین بجٹ پیش کیا ہے ۔ اور اس کے لئے وزیر خزانہ مبارک باد کے مستحق ہیں ۔ (نعرہ ہائے تحسین)

جناب والا ۔ اس بجٹ سے پہلے عوام اور کاروباری طبقہ کے اندر یہ رجحان پایا جاتا تھا ۔ کہ ہندوستان کے ناپاک حملہ سے ملک میں جو حالات پیدا ہوگئے تھے ان

کے تحت وزیر خزانہ حق بجانب ہونگے کہ کچھ نہ کچھ زائد ٹیکس لگائے جائیں - لیکن جب وزیر خزانہ نے ایوان میں یہ اعلان کیا کہ کسی قسم کا کوئی زائد ٹیکس نہیں لگایا جائے گا تو عوام میں اور خصوصاً کاروباری حلقوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی - میں ان کی خدمت میں عرض کروں گا کہ ہم نے ہمیشہ صدر محترم فیلڈ مارشل محمد ایوب خان اور گورنر مغربی پاکستان کے ہر حکم کے تحت آڑے وقت میں حکومت کا ساتھ دیا ہے - اور اب جب کہ وزیر خزانہ نے کوئی نیا زائد ٹیکس عائد نہیں کیا ہے تب بھی کسی وقت خدا نہ کرے کسی آڑے وقت یا جب ہنگامی حالات رونما ہوں تو بغیر کسی لیت و لعل کے ہم حکومت کے سربراہوں کی پیش کش کے تحت اپنی جان و مال کو قربان کر دیں گے

(نعرہ ہائے تحسین)

جناب والا - اس بجٹ کے مطالعہ سے میں نے دیکھا ہے - کہ اس میں کچھ خوبیاں بھی ہیں - وزیر خزانہ نے آمدنی اور خرچ کے حساب سے نہایت خوبی سے توازن کیا ہے - اس میں ۱۸۳ کروڑ کی رقم ترقیاتی کاموں کے لئے رکھی ہے مثلاً مکانات کی تعمیر او اسی طرح دیگر ڈولپمنٹ کے کاموں کے لئے ہے بجٹ کو ایسی اچھی طرح سے مرتب کیا ہے - کہ ہم ماہرین بجٹ کی تعریف کئے بغیر نہیں رہ سکتے - ہر کاروباری آدمی جس کو اکاونٹنٹ وغیرہ کی تھوڑی سی بھی واقفیت اور مہارت ہے وہ اس بجٹ کو باآسانی سمجھ سکتا ہے - اس لئے بھی یہ قابل تحسین ہے - اور ان کے عملہ جنہوں نے وزیر خزانہ کے ساتھ مل کر یہ بجٹ بنایا ہے - وہ بھی تحسین و آفرین کے مستحق ہیں - اس بجٹ کو دیکھنے سے ملک اختر صاحب اور حاجی صاحب جو حساب میں کمزور ہیں - وہ بھی اسے باآسانی سمجھ سکتے ہیں - یہی وجہ ہے کہ انہوں نے آسانی سے سمجھ کر اس کے حق میں باتیں کی ہیں - مجھے امید ہے - ملک اختر صاحب نے بخوبی سمجھ لیا ہوگا -

جناب والا ۔ اس کے بعد میں آپ کی وساطت سے اپنے وزیر خزانہ کی خدمت میں چند اور مسائل پیش کرونگا جو لاہور کے متعلق ہیں ۔ اور میں امید رکھتا ہوں کہ وہ اور دوسرے معزز وزرا نوٹ فرما کر ہمدردی سے غور فرمائیں گے ۔

جناب والا ۔ لاہور کے اندر جہاں بہت زیادہ آبادی ہے ۔ بڑے بڑے محلات اور بڑے بڑے بنگلے تعمیر ہو رہے ہیں ۔ غریب لوگوں کو اس بڑھتی ہوئی آبادی کے پیش نظر چھوٹے کوارٹر اور چھوٹے مکانات کی بے حد ضرورت ہے ۔ لاہور امپروومنٹ ٹرسٹ نے بے شمار سکیمیں بنا رکھی ہیں ۔ ان کے پاس بجٹ میں گنجائش نہیں اور وہ سکیمیں التوا میں پڑی ہیں ۔ اچھرہ کی ۲۰۰۰ ایکڑ زمین لاہور امپروومنٹ ٹرسٹ نے acquire کی ہوئی ہے ۔ جس کے لئے اسے کافی رقم مالکان زمین کو ادا کرنی پڑتی ہے ۔ وہاں پر غریب لوگوں کے لئے چھوٹی چھوٹی بستیوں اور چھوٹے کوارٹروں کی بھی تجویز ہے ۔ لہذا میں اپنے محترم وزیر خزانہ کی خدمت میں التماس کرونگا ۔ کہ ان سکیموں کو شروع کرنے کے لئے لاہور امپروومنٹ ٹرسٹ کو جس کا بجٹ کافی نہیں اپنے بڑے بڑے منصوبوں میں سے کچھ رقم دیں جو لاہور کی غریب آبادی اور متوسط طبقہ کے لئے مکانات بنانے کے لئے کافی ہو ۔

جناب والا ۔ لاہور کارپوریشن کی کل آبادی کا ۴۰ فیصد حصہ ایسا ہے جو دفعہ (۳) ۸۱ کے تحت زندگی بسر کر رہا ہے ۔ ان کے لئے کوئی انتظام نہیں کیا گیا ۔ اب وزیر بلدیات میاں محمد یسین خان وٹو صاحب نے فرمایا ہے ۔ کہ (۳) ۸۱ کے تحت جو علاقے آتے ہیں ۔ ان کے لئے حکومت نے فیصلہ کیا ہے ۔ کہ ۵۰ فیصد رقم کارپوریشن خرچ کرے گی ۔ اور باقی ۵۰ فیصد رقومات علاقہ کے لوگ خود ادا کریں گے ۔

اس وقت مشکل یہ ہے ۔ کہ جو لوگ ان علاقوں میں رہنے والے ہیں وہ ۵۰ فیصد رقم اپنے پراپرٹی ٹیکس اور ہاؤس ٹیکس کے ساتھ ادا کرنے کو تیار ہیں لیکن یکمشت

ادا کرنے کو تیار نہیں ہیں - دوسری طرف کارپوریشن بھی اپنے ۵۰ فیصد حصہ کے لئے فنڈز مہیا نہیں کر سکی - اس تکلیف کے پیش نظر کارپوریشن یہ سوچ رہی ہے - کہ نئے ٹیکس لاہور کے باشندوں پر لگا کر اس سکیم کو پورا کرے - لاہور پر پہلے ہی بے شمار ٹیکس لگے ہوئے ہیں اور لاہور کے باشندے ان سے عہدہ برا نہیں ہوسکے - اس لئے میری التماس ہے - کہ لاہور کے رہنے والوں پر یہ بہت زیادہ بار ہوگا اور اب جبکہ (۳) ۸۱ کے تحت جو سکیمیں ہیں ان کے لئے ۵۰ فیصد کارپوریشن خرچ نہیں کر سکتی اور بقایا جو ۵۰ فیصد یہاں کے باشندے خرچ کریں گے وہ یکمشت ادا نہیں کر سکتے تو آپ لاہور کارپوریشن کو ایڈ کے طور پر یا قرضہ کے طور پر اپنے خزانہ عالیہ سے ادا کردیں - اور (۳) ۸۱ کے تحت آنے والی آبادیوں میں گلیاں کوچے نالیاں بنا کر لاہور کے رہنے والوں کو آسانی سے زندگی بسر کرنے کا موقع عطا فرمائیں ۔ (۳) ۸۱ کے تحت آبادیوں کے لوگ جب لاہور کی عالیشان عمارات دیکھتے ہیں تو محسوس کرتے ہیں کہ ہم لاہور میں رہ رہے ہیں یا کسی گاؤں میں ہیں - مجھے امید ہے - کہ وزیر خزانہ محترم وزیر بلدیات کے ساتھ مل کر اس کے لئے کچھ نہ کچھ لاہور کارپوریشن کو قرضہ یا ایڈ کے طور پر عطا فرمائیں گے - کیونکہ لاہور کے شہری کسی قسم کا مزید ٹیکس کا بوجھ برداشت نہیں کر سکیں گے -

**Mr. Speaker**: The member may please try to conclude his speech.

**میاں محمد شفیع** - جناب والا - اس سے بھی اہم ایک اور مسئلہ ہے - جو میں لیڈر آف دی ہاؤس کی خدمت میں پیش کرونگا وہ وزیر مال بھی ہیں اس لئے نوٹ فرمالیں - اور کوئی نہ کوئی سبیل کریں -

جناب والا - لاہور میں پندرہ بیس سال پہلے کل آبادی کا ۴۰ فیصد حصہ وہ تھا جو لاہور شہر کے گرد و نواح میں چھوٹے چھوٹے مالکان زمین تھے - یعنی چھوٹے زمیندار اور کاشتکار تھے - آہستہ آہستہ جوں جوں آبادی بڑھتی گئی حکومت ان مالکان اراضی سے زمین حاصل کرتی رہی - چنانچہ

سول ایروڈروم والٹن ایروڈروم - گلبرگ - شادباغ - سمن آباد - اچھرہ وحدت کالونی اور نیوٹاؤن سکیم میں وہ تمام زمین آ گئی - آج سے پندرہ بیس سال پہلے یہ لوگ متمول زمیندار تھے لیکن آج ان کے پاس کوئی زمین نہیں - ان میں ایسے کتنے ہیں جن میں دستی کاشت کرنے والے خاندان ہیں - اور اب ان کے پاس کوئی زمین نہیں کہ وہاں بیٹھ کر زمین کاشت کریں - اگر ان کے لئے کوئی بندوبست ہو سکے تو وہ Grow more food کی سکیم کو کامیاب بنانے میں بے حد مدد دے سکتے ہیں - جیسا کہ آپ کو معلوم ہے - کہ گدو بیراج میں ۴ لاکھ ایکڑ زمین پڑی ہے - میری التماس ہے کہ جو لوگ آج سے پندرہ بیس سال پہلے لاہور کے متمول زمیندار اور کاشتکار تھے اور کاغذات مال میں ان کے اندراجات ہیں - انہیں آپ تھل پروجیکٹ - غلام محمد بیراج اور گدو بیراج میں جو زمین خالی پڑی ہے - وہ district.wise دے دیں - بہتر یہ ہوگا کہ ایک خاندان کو کم از کم ایک مربع زمین دی جائے - وہ خود وہاں بیٹھیں گے خود کاشت کریں گے اور حکومت کی آمدنی بڑھ جائے گی - اسی طرح Grow more food کی سکیم بھی کامیاب ہوگی اور وہ بھی خود بخود settle ہو جائیں گے -

مجھے امید ہے - میری اس گزارش پر وزیر مال ضرور غور فرمائیں گے اور اس پر کوئی نہ کوئی سکیم بنا کر کوئی نہ کوئی پروسیجر adopt کرتے ہوئے زمینیں عطا فرمائیں گے - میرا خیال ہے - کہ اسکے لئے سب کمیٹی بنائی جائے جسکے اندر پبلک کا بھی ایک نمائندہ ہو جو ہر پہلو پر غور کرکے ان لوگوں کو زمینیں الاٹ کرے - اسی طرح راولپنڈی ملتان لائل پور کے علاقوں میں بھی زمینیں گورنمنٹ نے لے لی ہیں - وہاں بھی لوگوں کو آباد کرکے زمینیں دیجائیں -

وقت کی قلت کی وجہ سے میں بہت سے points چھوڑتا ہوں صرف ایک point لاہور کی تعلیمی دقت کے مسئلہ کے سلسلے میں عرض کرونگا - ملک خدا بخش بچہ صاحب اسوقت یہاں تشریف نہیں رکھتے ہیں -

آوزیں - ہیں - بیٹھے ہوئے ہیں -

**میاں محمد شفیع** - میں نے دیکھا نہیں تھا ملک صاحب سے لاہور کا کوئی گلی کوچہ کوئی محلہ اور علاقہ ایسا نہیں ہے - جو پوشیدہ ہو - میرے خیال میں جہاں تک تعلیم کا تعلق ہے سب کچھ انکے علم میں ہے - (قہقہہ)

**وزیر مال** - جناب اس چیز کا کیا مطلب ہے - کہ ملک صاحب سے لاہور کا کوئی محلہ کوئی گلی کوچہ پوشیدہ نہیں ہے - (قہقہہ)

**میاں محمد شفیع** - جناب وہ یہاں کے رہنے والے ہیں اور یہاں کے باشندوں سے پوری طرح واقف ہیں - لاہور کے تعلیمی ادارے آج سے ۲۰-۱۵ سال پہلے جس قسم کے تھے اس طرح کے اب بھی یہاں چلے آ رہے ہیں - اور آج سے ۱۵ سال پہلے لاہور کی آبادی صرف ۸-لاکھ تھی - مگر وہ تعلیمی ادارے اب بھی کام کر رہے ہیں - اور آج لاہور کی آبادی ۱۸ لاکھ سے زیادہ ہے - صرف سنگ تھانے کی آبادی جو اسوقت ۴۰-۵۰-ہزار تھی اس کے لئے ایک ہائی سکول تھا اور اسمیں سانده - نواں کوٹ - راج گڑھ اور کرشن نگر کے علاقہ شامل تھے اور اس سکول میں ۴۵۰ لڑکے تعلیم پاتے ہیں آج وہاں ۲۱ سو لڑکے داخل ہیں اور انکو بیٹھنے کی جگہ بھی نہیں مل رہی ہے - میں نے ملک صاحب سے ایک ضمنی سوال پوچھا تھا تو انہوں نے جواب میں کہا تھا کہ لاہور میں تعلیمی سہولتیں بڑھائی جا رہی ہیں - اور ایک ضمنی سوال کے اندر انہوں نے فرمایا تھا کہ بجٹ کسی خاص علاقہ کیلئے نہیں رکھا جاتا ہے وہ تو بعد میں تقسیم کیا جاتا ہے - اسلئے جب لاہور میں تعلیمی ادارے کھولنے کا سوال پیدا ہوگا تو اس پر غور کیا جائیگا - آج سنگ تھانے کی آبادی - ۲ لاکھ ہوگئی ہے - اور دور و دراز علاقوں میں نئی بستیاں بن گئی ہیں اگر ملک صاحب غور فرمائیں اور مہربانی کریں تو بجٹ کے اندر اتنی گنجائش رکھوائیں کہ ایک ہائی سکول چوبرجی پر یا ملتان روڈ پر کسی جگہ قائم کردیں تو بڑی مہربانی

ہوگی - میری خواہش ہے - کہ یہ نیک کام ملک صاحب اپنے مبارک ہاتھوں سے سرانجام دیدیں -

**خان ملنگ خان** (ہزارہ ۵) - جناب والا - میں پچھلی دفعہ بھی اسمبلی کا ممبر تھا مارشل لاسے پہلے سے اسمبلی کا ممبر چلا آ رہا ہوں لیکن جتنے بجٹ بھی میری موجودگی میں بنے ہیں میں سمجھتا ہوں کہ ان تمام بجٹوں سے یہ بجٹ بہتر ہے - اسلئے کہ اس بجٹ میں عوام پر کسی قسم کے ٹیکس کا کوئی بوجھ نہیں ڈالا گیا ہے -

(نعرہ ہائے تحسین و آفرین)

یہ صرف میں ہی نہیں کہہ رہا ہوں بلکہ اسمبلی کے تمام ارکان اور تمام اخبارات گورنر صاحب کی رہنمائی میں انکی تمام کابینہ کو مبارک باد دے رہے ہیں -

جناب والا - جہاں تک ترقیاتی اخراجات کا تعلق ہے - اس سلسلے میں میری چند گزارشات ہیں - جناب ضلع ہزارہ ایک پسماندہ علاقہ ہے اور اسکی پسماندگی کی طرف میں توجہ مبذول کراتا ہوں - ضلع ہزارہ بدقسمتی سے وہ واحد ضلع ہے جو ہر لحاظ سے پسماندہ ہے - ذرائع رسل و رسائل کے لحاظ سے تجارت کے لحاظ سے تعلیم کے لحاظ سے غرض ہر لحاظ سے پسماندہ ہے - اور ان تمام واقعات کی روشنی میں ضلع ہزارہ کو اسکی اصل جگہ نہیں مل رہی ہے - لوگ کہتے ہیں کہ پریذیڈنٹ صاحب ہزارہ کے ہیں - میں کہتا ہوں کہ وہ ہزارہ کے نہیں ہیں - وہ سارے پاکستان کے ہیں اور کئی بار انہوں نے خود فرمایا ہے کہ جہاں تک ضلع ہزارہ کی ترقیاتی کاموں کا تعلق ہے یہ صوبائی حکومت کا کام ہے - ہمیں اس معاملہ میں کسی قسم کا دخل نہیں دینا چاہیئے - میں وزیر صاحبان کی خدمت میں عرض کرونگا کہ وہ ضلع ہزارہ کے مسائل کیطرف خصوصی توجہ مبذول فرمائیں اور وہاں کی پسماندگی کو دور کرنے کیلئے کوئی خصوصی قدم اٹھائیں - ضلع ہزارہ کی معاشی زندگی کا دارومدار جنگلات پر ہے - جنگلات میں جسقدر وہاں کرپشن ہے جسقدر جنگلات میں بد انتظامی ہے اسکےمتعلق میں وزیر صاحب کی خدمت میں چند گزارشات عرض کرونگا -اور وہ مہربانی فرما کر ان کی طرف توجہ فرمائیں -

پہلی چیز جناب والا یہ ہے کہ جنگلات دو قسم کے ہیں ۔ ایک reserved forest اور دوسرے گذارہ جات اور تیسری category انہوں نے جو بنائی ہے اس کو یہ waste land سے تعبیر کرتے ہیں لیکن اس میں جو درخت ہوتے ہیں اس کی یہ marking نہیں کرتے اس کی وجہ یہ ہے کہ اگر marking کر دی جائے تو وہ کسی کی ملکیت قرار پا جائیں پھر اس waste land میں درخت لگانے کے لئے فارسٹ ڈیپارٹمنٹ کو ہزاروں روپیہ دیا جاتا ہے میں دعویٰ کے ساتھ on the floor of the Hou-e کہتا ہوں کہ وہ رقم فارسٹ ڈیپارٹمنٹ والے کھا جاتے ہیں اور درخت نہیں لگاتے ۔ فارسٹ ڈیپارٹمنٹ والے گورنمنٹ سے درخت لگانے کو بیج خریدنے کے لئے (جس کو پشتو میں (بکیائڑہ کہتے ہیں) ہزاروں من کے حساب سے رقم وصول کرتے ہیں لیکن جتنی رقم وصول کرتے ہیں اس کا عشر عشیر بھی درخت لگانے پر صرف نہیں کرتے اور اس طرح سے جو رقم وہ لیتے ہیں اس کو خود کھا جاتے ہیں ۔ کھڑے درخت کی marking کی یہ حالت ہے فرض کیجئے کہ وہ کسی درخت کی انہوں نے marking کی اور کہا کہ یہ دو سو فٹ ہے لیکن جب وہ کاٹا جاتا ہے تو ۵۰ فیصد کم ہو جاتا ہے ۔ منڈی میں اس کا نرخ ۱۰—۱۲ روپے فٹ ہوتا ہے لیکن ٹھیکیدار اس کو ۸ روپے فٹ پر بیچکر رقم کما لیتا ہے ۔ آپ فارسٹ ڈیپارٹمنٹ کے ملازموں کا معیار زندگی دیکھیں وہ بڑی بڑی کاروں میں پھرتے ہیں بڑی بڑی کوٹھیوں میں رہتے ہیں آخر یہ روپیہ کہاں سے لاتے ہیں آپ اس چیز پر خصوصی توجہ دیں ۔ ہماری حالت تو یہ ہے کہ اگر وزیر صاحب سے عرض کریں فلاں فارسٹ ڈویژنل آفیسر جو ہے وہ ٹھیک نہیں ہے بلکہ corrupt ہے تو وہ اس وقت ہماری بات کا اعتبار نہیں کرتے کیونکہ ان تمام محکموں کا آپس میں گٹھ جوڑ ہوتا ہے یعنی فارسٹ رینجر ۔ فارسٹ گارڈز سب ملے ہوئے ہوتے ہیں ۔ گارڈز کے متعلق میں عرض کروں گا کہ وہ جنگلات میں اس قسم کے ناجائز چالان کرتے ہیں کہ جس کا کسی طور پر بھی جواز نہیں ہوتا ۔ ایک شخص جو پاؤں سے لنگڑا اور ہاتھوں سے لولا ہے اس کے خلاف رپورٹ ہو جاتی ہے کہ یہ شخص جنگل گیا تھا حالاں کہ وہ چل نہیں سکتا ۔ تو وہ جنگلات میں جا کر درختوں کی کٹائی کیسے کر سکتا ہے ۔ تو اس قسم کی مثالیں میں دے سکتا ہوں تو اس سلسلے میں پہلے میں وزیر جنگلات کی خدمت میں عرض کروں گا کہ وہ اپنے محکمہ پر کڑی نگاہ رکھیں اور اس چیز کی کوشش فرمائیں کہ بددیانتی دور کی جائے اور اگر یہ چیز دور ہو جائے تو ملک پر آپکا بہت احسان ہوگا اور ہمارے جنگلات

کی حالت یہ ہے کہ اس پر جس قدر روشنی ڈالی جائے اسی قدر کم ہے ۔ کسی بھی ملک کی تمام زمین کا ۲۰ فیصد کم از کم جنگلات پر مشتمل ہونا چاہئے لیکن پاکستان میں تین فیصد بھی نہیں ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ محکمہ جنگلات کے محکمہ کی زیادہ توسیع ہونے کے بعد ان جنگلات میں کمی آئی ہے ۔ میں بتا سکتا ہوں کہ ڈسٹرکٹ کونسل ہزارہ کی میٹنگ میں ایک ممبر نے سوال کیا تھا کہ جنگلات میں درخت کس قدر ہیں تو جواب میں بتایا گیا کہ فلاں جگہ درختوں سے بھری ہوئی ہے لیکن اب حالت یہ ہے کہ ان درختوں کو کاٹ دیا گیا ہے ۔ میں پوچھتا ہوں کہ وہ درخت کہاں گئے ۔ میٹنگ میں بھی سوال ہوا کہ درخت کہاں گئے تو انہوں نے کہا کہ ٹھیک ہے کہ کاٹ دیئے گئے ہیں ۔ اس قدر نقصان ہوا تو جس شخص نے یہ جرم کیا اس کے خلاف کیا کارروائی ہو رہی ہے ۔ اب میں پوچھتا ہوں کہ یہ کارروائی کون کرے گا ۔ کس کے خلاف کارروائی کی جائے گی ۔ در اصل بات یہ ہے کہ جنگلات والے خود ہی کاٹتے ہیں اور خود ہی بیچتے ہیں ۔ اس کے علاوہ زراعت کے متعلق میں عرض کرونگا کہ ضلع ہزارہ اگرچہ پہاڑی علاقہ ہے ۔ پھر بھی میں سمجھتا ہوں کہ اس کا دارومدار زراعت پر ہے ۔ اور اس ملک کا بحیثیت مجموعی بھی دارومدار زراعت پر ہے غلہ خواہ مکی ہو جوار ہو یا باجرہ ہو پیدا تو ہوتا ہے لیکن اگر آپ زراعت کو ترقی دینا چاہیں تو آپ کو اے ڈی سی کے ذریعے ہلکے پھلکے آلات اوزار وہاں کے زمینداروں اور کاشتکاروں کو تقسیم کرنے پڑیں گے اور تب ہی یہ ملک زرعی طور پر ترقی کر سکتا ہے ۔ کھاد کے متعلق یہ ہے کہ اس کا طریقہ تقسیم بالکل غلط ہے ۔ اے ۔ ڈی ۔ سی والے نہ وہاں آلات تقسیم کرتے ہیں اور وہاں کی جو کوآپریٹو سوسائیٹیاں ہیں ان کے ذریعے کھاد کی تقسیم ہوتی ہے اور وہ راستے میں ہی بلیک ہو جاتی ہے ۔ تیسرے ایبٹ آباد مانسہرہ اور ہری پور میں آپ نے چار ڈپو مقرر کئے ہیں ۔ میں گذارش کرتا ہوں کہ ایک ڈپو ہاٹا گرام میں بھی ہونا چاہئیے ۔ اس کے بعد میں تعلیم کے سلسلہ میں کچھ عرض کرونگا ۔ ہمارا علاقہ ابتدائی تعلیم کے سلسلے میں خود کفیل ہے ۔ وہاں پرائمری سکولوں کی کوئی ضرورت نہیں نہ لڑکوں کے لئے اور نہ لڑکیوں کے لئے ۔ وہاں ہائی سکولوں کی تعداد بھی کافی ہے ۔ مڈل سکولوں میں بھی سٹاف چلا جائے گا لیکن جہاں تک لڑکیوں کی تعلیم کا تعلق ہے تو اس علاقے میں جس سے میں تعلق رکھتا ہوں کوئی بھی مڈل سکول نہیں اور اس سال بجٹ

میں اس کے لئے کوئی رقم نہیں رکھی گئی - میں سمجھتا ہوں کہ لڑکوں اور لڑکیوں کے سکولوں کو upgrade کیا جائے اور لڑکیوں کی تعلیم کی طرف زیادہ توجہ دی جانی چاہئیے - اسلئے میں وزیر تعلیم کی خدمت میں گذارش کروں گا کہ لڑکیوں کے لئے ایک مڈل سکول بالا گرام میں ہونا چاہئیے - یعنی پرائمری سکول کو upgrade کر دیا جائے تو یہ ہم پر بہت بڑی مہربانی ہوگی -

**مسٹر ھمزہ**—پوائنٹ آف آرڈر - معزز ممبر جہاں تک مجھے یاد ہے پچھلی اسمبلی میں پارلیمانی سیکرٹری تعلیم تھے تو وہ ان دنوں کہا کرتے تھے کہ تعلیم کا محکمہ بہت تیزی سے ترقی کر رہا ہے اور آج یہ مختلف بتا رہے ہیں -

**مسٹر سپیکر**—یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے -

**خان ملنگ خان**—آپ کو غلطی ہوئی ہے - آپ غلط فرماتے ہیں میں نے کہا تھا جہاں تک ثانوی تعلیم کا تعلق ہے وہ پوری ہے اس کی ہمیں ضرورت نہیں - گورنر صاحب نے یہ مہربانی کی کہ ۱۹۶۲ء میں انہوں نے اس علاقے کی پسماندگی کے پیش نظر ۱۰ سال پہلے اس علاقے کو مراعات دیں ٹرائبل ایریا کے طور پر تو اس سے جو ہماری ترقی تھی وہ بہت تیزی کے ساتھ ہونے لگی اس لئے نہیں کہ میں اس وقت پارلیمانی سیکرٹری تھا میں آج بھی کہتا ہوں - - -

**مسٹر ھمزہ**—شکایت یہ ہے کہ اب آپ پارلیمانی سیکرٹری ایڈ تعلیم نہیں ہیں - - - - - -

**خان ملنگ خان**—آپکو غلط فہمی ہوئی ہے -

تو میں نے لڑکیوں کے لئے مڈل سکول کی ڈیمانڈ کی ہے اس کی التجا کی ہے - باقی میں کچھ انتظامیہ کے متعلق عرض کرونگا اور دو چار منٹ اور وقت لوں گا - میں نے کورٹ آف وارڈ کے متعلق عرض کرنا ہے وہاں ایک جائیداد ہے رستم خان مرحوم کی جس کو کورٹ آف وارڈ میں لے لیا گیا ہے - وہاں سیٹلمنٹ پہلے سے نہیں ہوا تو میں سمجھتا ہوں کہ جائداد کا کورٹ آف وارڈ میں لینا غلط ہے کیونکہ جس علاقے میں سیٹلمنٹ نہیں ہوتا تو وہاں کسی جائداد کا کورٹ آف وارڈ میں دینا یہ قانونی لحاظ سے اور قانونی شکل میں غلط ہے - کورٹ آف وارڈ کے owners یعنی جن کے کلیم ہیں وہ یہ کہتے ہیں کہ یہ تمام علاقہ ہمارا ہے

اور حکام ساری جائداد ان کے نام منتقل کر دیتے ہیں یہ غلط بات ہے کیونکہ جائداد لوگوں کی ہے - ٹرائیبل لوگوں کی آپس میں تقسیم ہے اور وہ جغرافیائی طور پر ہوئی ہوئی ہے - اس لئے میں گذارش کروں گا کہ ایک کمیٹی مقرر کر دی جائے اور وہ لوگوں کی اراضی اور حقوق ملکیت کے متعلق فیصلہ کر دے کہ فلاں زمین کا مالک کون ہے یا کون نہیں ہے آیا کورٹ آف وارڈ والے مالک ہیں یا دیگر لوگ اس کے بعد میں نے ایک اور گذارش کرنی ہے کہ دریائے سندھ میں بیشمار گیلیاں آتی ہیں - ٹھیکے دار لوگ جنگلات کو کاٹتے ہیں آزاد کشمیر گورنمنٹ کی اجازت سے - تو میرا کہنے کا مطلب ہے کہ عمارتی لکڑی گیلی کی شکل میں دریائے سندھ میں آتی ہے - جب وہ ہمارے علاقے میں پہنچتی ہے تو وہاں ایک مقامی خان ہے جو اس گیلی کو پکڑ لیتا ہے - میں کہتا ہوں کہ جب کہ وہاں انتظامیہ موجود ہے پولیس موجود ہے تو اس شخص کو حق نہیں پہنچتا کہ وہ لوگوں کی ملکیت پر ہاتھ ڈالے اور دن دھاڑے ڈاکہ ڈالے - وہ گیلی کو پکڑتا ہے اور محصول لیتا ہے اور فی گیلی ۲۰ یا ۳۰ روپیہ وصول کرتا ہے حالانکہ میں کہتا ہوں کہ ماسوائے اس ایجنسی کے کسی بھی شخص کو ٹیکس وصول کرنے کا حق نہیں ہے - تو اس چیز کی طرف میں منسٹر صاحب کی توجہ مبذول کراتا ہوں کہ وہ اس طرف اپنی توجہ فرمائیں - اب ملک صاحب کی خدمت میں میں یہ گذارش کرونگا کہ میں نے ایک سوال بھی کیا تھا کہ واپڈا والے اس علاقے میں سروے کر رہے ہیں تا کہ local sources سے اس علاقے میں وہ بجلی وغیرہ مہیا کریں - تو میں سمجھتا ہوں کہ وہاں اس طرح سے زیادہ خرچ آئیگا حالانکہ بجلی والے نہیں مانتے وہ کہتے ہیں خرچ کم آئے گا لیکن میں کہتا ہوں کہ زیادہ اس لئے خرچ آئے گا کہ وہاں کی زمین قیمتی ہے تو زمین کے مالکان کو جو عوضانہ دینا پڑے گا وہ بہت زیادہ ہوگا - بٹا گرام بٹے سے بہت نزدیک پڑتا ہے - اور بٹے تک بجلی گئی ہوئی ہے - تو میں سمجھتا ہوں کہ بٹا گرام کو آسانی سے یہ بجلی وہاں سے مہیا ہو سکتی ہے - ایک اور گذارش کرتا ہوں کہ زراعت میں ۵۰ فیصد لوگوں کا گزارہ مویشی اور بکریاں پالنے پر ہے - موجودہ Goat Restriction Ordinance اگر وزیر خوراک و زراعت توجہ فرمائیں تو وہ بہت سخت ہے تو یہ آرڈیننس ایسا ہے جس سے وہ لوگ جو کہ بکریاں پال کر گذارہ کرتے ہیں ان کے لئے خرچ کہاں سے آئے گا جتنی بھی ان کے پاس ہیں وہ پولیس انہیں پکڑ سکتی ہے اور کورپشن اس قدر بڑھ

گی ہے کہ جس وقت وہ بکریاں پکڑتے ہیں تو اس وقت میجسٹریٹ فوری طور پر ان کو نیلام کرنے کا حکم جاری کر دیتا ہے اب اسی قانون کے تحت نیلام ہوتا ہے ۔ بولی میں لینا یہ بھی جرم ہے جو بولی دیتا ہے وہ بھی قانون کی زد میں آ جاتا ہے ۔

قانون کے مطابق نہ تو انہیں بکریوں کو مارکیٹ میں لانے کی اجازت ہے اور نہ وہ انہیں پہاڑوں سے نیچے لا سکتے ہیں ۔ جہاں تک اس آرڈیننس کا تعلق ہے میں اس کے حق میں ہوں ۔ یہ میں سمجھتا ہوں کہ جنگلات کی تباہی اور فصلوں کی تباہی کا باعث بکریاں ہیں ۔ مگر جس طریقے سے آپ انہیں ختم کرنا چاہتے ہیں اس طرح یہ کبھی ختم نہیں ہوں گی بلکہ اس سے پیچیدگیاں بڑھیں گی اور لوگ ناراض ہوں گے ۔ غریبوں کا ذریعہ معاش جائیگا ۔ برائے کرم اسے کچھ ذرا نرم کریں ۔ دو تین ماہ مزید دیں ۔ جن لوگوں کے خلاف مقدمات رجسٹرڈ ہوئے ہیں ان کو واپس لیں ۔

**بیگم ممتاز صفدر** (پی ڈبلیو۔ ۱۰۰۔ زون نمبر ۵)— صاحب صدر۔ ہماری یہ معصوم خواہشات ہیں جو میری ایک بہن عرض کر چکی ہے اور میں بھی عرض کرونگی۔ میرے معزز بھائیوں کے بہت ڈیمانڈ ہیں ہمارے چھوٹے چھوٹے ڈیمانڈ ہیں جو ہم اپنے وزرائے گرامی سے کہتے ہیں ۔ سب سے پہلے تو یہاں وزیر صحت موجود نہیں ہیں میں انکی خدمت میں عرض کرونگی کہ ہمارے پشاور میں ۸ لاکھ آبادی کے لئے ایک ہی زنانہ ہسپتال ہے ۔ اسکی حالت اسقدر خراب ہے ۔ میں نے پچھلے سال یہاں عرض کیا تھا۔ ایک قابل لیڈی ڈاکٹر ہے لیکن اسے آپ نے بے دست و پا کرکے رکھ دیا ہے ۔ نہ وہاں دوائی ہے نہ اوزار ہیں۔ نہ مریضوں کے رکھنے کی جگہ ہے۔ اتنی زیادہ دقتیں ہیں۔ کس سے فریاد کریں ۔ ہمارے پاس سامان نہیں بیمار آتے ہیں۔ ہم انکا علاج نہیں کر سکتے۔ مہربانی فرما کر ہماری اس مشکل کو حل کریں دوسرے وہاں پر بستروں کی بہت کمی ہے ۔ اگر آپ مہربانی کریں اور ہمیں دو سو بستر اور دیں ایک زنانہ وارڈ اور دیں تو ہماری یہ مشکلات حل ہو جائیں ۔

اس کے علاوہ ہماری عورتوں میں مردوں سے زیادہ دق کا مرض ہے۔ عورتوں کے لئے ٹی۔ بی ہسپتال کا انتظام نہیں انکی یہ فوری ضرورت ہے ۔ ان کے لئے پشاور میں علیحدہ ٹی۔ بی ہسپتال دیا جائے۔

اس کے بعد ہمارے زچہ بچہ کے مرکز پشاور کے علاقہ میں بہت کم ہیں۔ دیہات میں ان کی زیادہ ضرورت ہے ۔ جو بڑے دیہات ہیں ان میں زچہ بچہ کے مرکز دیئے جائیں۔ اور دیہاتی عورتوں کو پشاور میں زچہ کو لانے کے لئے بہت تکلیف اٹھانی پڑتی ہے ۔ پچھلی دفعہ بھی عرض کر چکی ہوں مگر انہوں نے توجہ نہیں دی۔

اس کے بعد میں اپنے وزیر تعلیم کی خدمت میں عرض کرتی ہوں۔ میں نے مانا آپ نے تعلیم کو بہت فروغ دیا ہے مگر ابھی تک بچوں کو اتنی سہولتیں نہیں ہیں جتنی ہونی چاہئیں۔ چھوٹے چھوٹے کمروں میں کئی کئی بچوں کو گرمی میں اکٹھا بیٹھنا پڑتا ہے۔ پانی کا اچھا انتظام نہیں ہے ۔ ہمارے ہاں پرائمری سکولوں میں بہت بری حالت ہے۔ اس طرف توجہ دیں اور بچوں کو پڑھانے کے انتظام میں ہماری مدد کریں۔ پانی کے لئے ایسا خراب انتظام ہے اور جہاں ہے وہاں اتنا گندہ پانی ملتا ہے کہ اس سے اکثر بچے بیمار ہو جاتے ہیں۔ جب تک تعلیم کے لئے یہ سب سہولتیں نہ ہوں بچے کیسے تعلیم حاصل کر سکتے ہیں۔

اب میں جناب وزیر ریلوے کی خدمت میں عرض کرونگی کہ یہاں گداگری کو روکنے کا بل آ رہا ہے ۔ اس کے متعلق تقریریں ہو رہی ہیں لیکن ریلوے میں جتنی گداگری ہے وہ کہیں نہیں دیکھی۔ آپ فرسٹ میں بھی سوار ہوں تو فقیروں کے جتھوں کے جتھے وہاں موجود ہوتے ہیں۔ شاید ریلوے ملازموں کی ان کے ساتھ ساز باز ہوتی ہے اور وہ ان سے آمدنی میں حصہ بٹاتے ہیں۔ وہ ایک سٹیشن پر فقیروں کو سوار کرا دیتے ہیں۔ اور دوسرے پر انہیں اتار کر ان کی جگہ نئے فقیر لے آتے ہیں۔ میں وزیر ریلوے سے التماس کرونگی کہ اس چیز کو ختم کیا جائے اور کسی گداگر کو ریل میں اجازت نہ دی جائے ۔ ورنہ مسافروں کو بڑی تکلیف ہوتی ہے ۔

علاوہ ازیں پسماندہ علاقوں میں سوشل ویلفیئر کے کام کو توسیع دینے کی بہت ضرورت ہے ۔ ہمارے دیہاتی لوگ اس وقت ترقی کریں گے جب شہروں کی نسبت دیہات میں اس کام کے لئے زیادہ سہولتیں ہونگی اس لئے اس کام کے لئے بجٹ میں زیادہ گنجائش رکھی جائے ۔

اس کے علاوہ میں عرض کرونگی کہ پشاور میں شہر کے اندر میونسپل ایریا میں سڑکوں کی اس قدر بری حالت ہے ۔ کہ بیان میں نہیں آ سکتی۔ ہوچڑ خانے میں ہزاروں ذبیحے ہر روز ہوتے ہیں اور انکا سارا گند اور خون شہر کے اندر آتا ہے۔ کئی بار جاکر میونسپل کمیٹی

کے افسروں سے التماس کی ہے مگر وہ کہتے ہیں۔ کہ ہمیں بجٹ میں رقم نہیں دی گئی ہمارے پاس اتنی گنجائش نہیں ہے کہ ہم اس کا کچھ کریں ۔ میں وزیر خزانہ کی خدمت میں عرض کرونگی کہ وہ ہماری میونسپل کمیٹی کے ساتھ مہربانی کریں تاکہ ہماری سڑکوں اور بازاروں کی حالت بہتر ہو۔ اور ہمیں بوچڑ خانے کی سہولت دی جائے ہمارا اس سال کا بجٹ قابل ستائش ہے مگر میں سمجھتی ہوں کہ اس سے غریب عوام زیادہ متاثر ہونگے ۔ چاہئیے تھا کہ سامان تعیش پر ٹیکس لگائے جاتے جس سے سرمایہ دار متاثر ہوتے اور غریب اس سے بچتے۔ میں ان گذارشات پر اپنی تقریر ختم کرتی ہوں۔ (تالیاں)

**مسٹر سپیکر** — ملک محمد اختر۔

**ملک محمد اختر** (لاہور - ۲)۔ جناب سپیکر— اس ہاؤس میں گذشتہ دو روز سے ایک طرف وزیر خزانہ کو مبارکباد دی جا رہی ہے اور دوسری طرف کرپشن کا رونا رویا جا رہا ہے ۔ جہاں تک وزیر خزانہ کو مبارکباد دینے کا تعلق ہے ۔ وہ میرے بھائی ہیں میں سمجھتا ہوں کہ انہوں نے کافی کوشش سے ٹیکسوں سے بچانے کی کوشش کی ہے تاہم ان کے بجٹ میں کافی نقائص موجود ہیں۔ جہاں تک کرپشن کا تعلق ہے میں ہاؤس کا ہمنوا ہوں کہ ملک میں چور بازاری، رشوت، بلیک مارکیٹ، ذخیرہ اندوزی اور سمگلنگ وغیرہ کا رجحان بہت بڑھ رہا ہے ۔

جناب سپیکر— ایک طرف یہ حالت ہے کہ ہماری صوبائی اسمبلیاں جو ہمارے آئین کی دفعات ۳۰ تا ۳۹ کے تحت وجود میں آئی ہیں۔ یہ محض بجٹ کا ایک ادارہ بن کر رہ گئی ہیں۔ ۹۰ فیصد اخراجات اس نوعیت کے ہیں کہ ہم ان کے متعلق تحریک تخفیف نہیں لا سکتے ان میں کمی نہیں کر سکتے ۔ صرف ان پر بحث کر سکتے ہیں ۔ جناب والا ۔ سب سے پہلے میں آئین بنانے والوں کے اس عمل پر بحث کرتا ہوں کہ ہمارے جو ادارے ہیں یہ ہمارے امور میں کافی بے اثر ہیں۔ اس کے ساتھ آگے چلتے ہوئے میں یہ عرض کرونگا کہ اس صوبہ میں گذشتہ سات آٹھ سال سے ایک طرز کی حکومت ہے یا کم از کم یہ تو ہے کہ وہی صاحب جو مارشل لا ایڈمنسٹریٹر تھے وہی اب صدر مملکت ہیں۔ اس کے بعد یہ عرض کرتا ہوں کہ برائیوں کو آشکار کرنے والی سب سے بڑی ایجنسی پریس ہے اس کے متعلق سب سے پہلا وار موجودہ حکمران طبقہ کا ہے ۔ مارشل

لاء ریگولیشن کی دفعات ہی تھیں جن کے تحت پروگریسو پیپرز کو قبضہ میں لیا گیا تھا۔ اس کے بعد ضمیر قریشی کا قتل ہے اور اس قتل کے ملزموں کو آج تک کیفر کردار تک نہیں پہنچایا گیا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ ہماری انتظامیہ کی بد نصیبی ہے کہ وہ اس بارے میں فیل ہو گئی ہے ۔

جناب سپیکر—اس کے بعد میں اور بھی مثالیں پیش کرتا ہوں وہ یہ ہیں کہ پریس ایک ایسی چیز ہے جس میں کسی قسم کی بد عنوانی بھی آشکارا ہو جاتی ہے ۔ لیکن سب سے زیادہ رشوت ستانی محکمہ انفرمیشن میں ہے ۔ جناب سپیکر ۔ میں آج دعوے سے کہتا ہوں کہ یہاں ہمارے اخبارات کو جو اشتہارات دیئے جاتے ہیں ان کے بلوں کی ادائیگی کے لئے جو متعلقہ کلرک یا متعلقہ چھوٹا عملہ ہے وہ ہزاروں روپیہ کی رشوت وصول کرتا ہے ۔ جناب سپیکر ۔ آپ غور فرمائیں خود حکومت کی اپنی پالیسی اشتہارات کے متعلق کافی جانب دارانہ ہے ۔ اس میں کئی ایسی چیزیں ہیں جن سے پریس کو کافی نقصان پہنچایا جا رہا ہے ۔

جناب سپیکر۔ اب مجھے یہ گزارش کرنی ہے کہ Fact Finding Committee جس کے ہمارے وزیر اطلاعات۔ انفرمیشن سیکرٹری اور چیف سیکرٹری ممبر ہیں اور ان کے ساتھ ہمارے گورنر مغربی پاکستان بھی اس کمیٹی میں شامل ہیں اور یہ کمیٹی ویسٹ ونگ کیلئے ہے ۔ اس کمیٹی نے جو سرکار جاری کیا ہے اس میں تمام خود مختار اور نیم خود مختار اداروں کو اطلاع دی گئی ہے کہ ان کے اشتہارات حکومت کے احکام کے مطابق دیئے جائینگے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس سے بڑی بد عنوانی کوئی نہیں ہو سکتی۔ یعنی اخبارات کو اپنی مرضی کے مطابق چلانا ہماری حکومت کا سب سے بڑا مذموم فعل ہے ۔

جناب سپیکر—اب مجھے اس نام نہاد ٹرسٹ کے متعلق عرض کرنا ہے جو ہماری حکومت کے چند صنعتکاروں جو تقریباً ۲۰ خاندان کے افراد پر مشتمل ہے یعنی کم و بیش ۲۰ سرمایہ کار ہیں۔ جنہوں نے ۲۰ ملین ڈالر کمایا ہے ۔ یہ صنعتکار اب اخبارات میں آگئے ہیں۔ انہوں نے ایک میٹنگ کی اور میٹنگ کرنے کے بعد ایک پریس ٹرسٹ قائم کر دیا۔ مثلاً امروز، پاکستان ٹائمز . . . . . .

**مسٹر حمزہ**— پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب والا—میں ملک اختر صاحب سے اختلاف رکھتا ہوں یہ صنعتکار خود آگے نہیں آئے بلکہ حکومت ان کو آگے لائی ہے ۔

**Mr. Speaker:** This is not a point of order.

**ملک محمد اختر**— جناب سپیکر - لاهور میں امروز- پاکستان ٹائمز- مشرق اور کراچی میں انجام اور مارننگ نیوز اور ڈھاکہ کے اخبارات تمام پریس کی تحویل میں دیئے گئے ہیں- آج جو طریقہ اختیار کیا جاتا ہے وہ یہ ہے کہ پریس ٹرسٹ کے اخبارات کو تمام advertisement دی جا رہی ہے -

**وزیر خزانہ**- جناب والا - ملک اختر صاحب جو کچھ فرما رہے ہیں اس کا مغربی پاکستان کی حکومت کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے - یہ مغربی پاکستان کے متعلق فرمائیں- یہاں مرکزی حکومت کا بجٹ تو ڈسکس نہیں ہو رہا ہے -

**Mr. Speaker:** Sheikh Sahib is concerned with West Pakistan only.

**ملک محمد اختر**- جناب سپیکر—میں ان سے بھی اب بات کر لیتا ہوں-

جناب سپیکر—میں یہ عرض کر رہا تھا کہ مغربی پاکستان کا انفرمیشن ڈیپارٹمنٹ نہایت ہی جانب داری سے کام لیتے ہوئے چاہتا ہے کہ مذموم طریقوں سے ٹرسٹ کے علاوہ جو اخبارات ہیں انہیں ختم کر دیا جائے- چنانچہ اپنی advertisement اور اشتہارات انہیں کو بانٹتا ہے -

جناب سپیکر- اب میں اپنے بڑے بھائی کی خدمت اقدس میں حاضر ہوتا ہوں- اور گذارش کرتا ہوں . . . . . .

**چوہدری محمد نواز**- پوائنٹ آف آرڈر- جناب والا—ان کے بڑے بھائی تو گھر پر ہوں گے یہاں ان کا بڑا بھائی کوئی نہیں ہے - یہ کن کی خدمت میں حاضر ہونا چاہتے ہیں. . . .

**مسٹر حمزہ**—جناب والا- پنجابی میں ایک کہاوت ہے XXXXX* یہ ان کا طریق کار ہے -

**Mr. Speaker:** This is a vulgar remark.

**وزیر خزانہ**—یہ واقعی vulgar remarks ہیں -

**Mr. Speaker:** These remarks are expunged from the proceedings of the Assembly.

**ملک محمد اختر**—جناب سپیکر—میں دراصل کل کی بحث میں حصہ نہیں لے سکتا تھا کیونکہ اس قسم کا فیصلہ ہو گیا تھا کہ فارن پالیسی کو چھیڑا نہیں جا سکے گا - اگرچہ میرے نقطہ نظر سے ہمارے تمام بجٹ کا انحصار فارن ایڈ اور فارن پالیسی پر ہے - یہاں آپکے قرطاس ابیض کے صفحہ ۲۰ پر لا تعداد آئٹم ایسے ہیں جس میں فارن ایڈ اور interest شامل ہے - جو ہم نے ادا کرنا ہے -

*Expunged as ordered by the Speaker.

جناب سپیکر ۔ Consortium meeting ۵—۶ جولائی کو ہونے والی ہے (قطع کلامی) یہ میٹنگ جو ۵—۶ جولائی کو ہونے والی ہے اس کے متعلق وزیر خزانہ صاحب یہ فرمائیں گے کہ ۵۸۰ ملین ڈالر کی requisition گورنمنٹ پاکستان نے نہیں کی ہے جس میں ۲۸۰ ملین ڈالر Non Project Assistance کیلئے ہے اور ۳۰۰ ملین ڈالر پراجیکٹ کے لئے ہے اگر ان سے نجات حاصل کر سکتے ہیں تو یہ کہکر کر سکتے ہیں کہ کوئی ایسی رقم جو صوبہ کو دی جاتی ہے ۔ اس کا صوبہ سے indirect تعلق ہے ۔ میں سمجھتا ہوں اس میں یہ حق بجانب نہیں ہیں اگرچہ یہاں یہ رولنگ ہو چکی ہے ۔ کہ دو دن سے فارن پالیسی کو ڈسکس نہیں کیا جا رہا ہے ۔ ہماری بدقسمتی ہے کہ آج ہمارا بجٹ ایسا ہونا چاہیے تھا جس کا انحصار اور جس کی بنیاد گذشتہ جنگ پر ہوتی آپ کہتے ہیں، کہ ہم کوئی ٹیکس نہیں لگا رہے ہیں میں کہتا ہوں کہ آپ لگائیں اور ہمیں فوجی تربیت دی جائے تا کہ ہم فوج تیار کریں ۶ ستمبر کی جنگ کو مد نظر رکھتے ہوئے آپ نے نہ دفاع کیلئے اور نہ کوئی سول ڈیفنس کیلئے پرووِیژن رکھی ہے اور نہ ہی آپ نے compulsory ملٹری ٹریننگ کے لئے کوئی پرووِیژن رکھی ہے ۔

جناب سپیکر—مجھے یہ گذارش کرنا ہے کہ یہ بجٹ جس پر تحسین و آفرین کہا جاتا ہے اس میں جو defective پہلو ہیں میں انکی طرف آتا ہوں . . . . . .

**Mr. Speaker** : The member has only five minutes more.

**ملک محمد اختر**—جناب والا—مجھے ۱۰ منٹ دیئے جا رہے ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ اب ہماری مرکزی حکومت نے صدارتی حکم ۲۳ مارچ ۱۹۶۲ء کے ذریعہ سے ۳۰ جون ۱۹۶۵ء تک ۴ کروڑ سالانہ کی سود کی ادائیگی کی remission دی ہے اس طرح کل ۱۲ کروڑ کی remission دی گئی ہے ۔ ۱۹۶۶ء کے بجٹ میں ۴ کروڑ کی remission دی گئی اور اب دو کروڑ بقایاجات کا ہے اور چار کروڑ روپیہ سالانہ سود کی رقم اسطرح سے ۶ کروڑ بطور سود ایسی شقوں میں دینی ہو گی ۔

جناب سپیکر—اسی طرح صوبائی حکومت کو مرکزی ٹیکسوں سے پچاس فیصد کی بجائے پینسٹھ فیصد حصہ دیا جائے گا ۔ اس طرح سے سیلز ٹیکس میں ۲۹۷ کروڑ روپے اور انکم ٹیکس میں ۱۷۶۷ کروڑ روپے اور دیگر ٹیکسوں سے تریسٹھ کروڑ روپے وصول ہوں گے جو

کہ سال گذشتہ کے مقابلے میں نو کروڑ روپے زیادہ ہے - اگر یہ ۹ کروڑ روپے وزیر خزانہ کے اس پیش کردہ میزانیہ سے منہا کر دیا جائے تو ان کا یہ فاضلہ بجٹ خسارے کا بجٹ ہو کر رہ جاتا ہے اگر وہ اپنے وسائل کو بروئے کار لاتے - تو ہم ضرور انکے اس برائے نام فاضلہ بجٹ کی تعریف کرتے مگر یہ ایک mercenary بجٹ ہے جسے مرکزی حکومت کے رحم و کرم سے ایک فاضلہ بجٹ بنا دیا گیا ہے -

جناب سپیکر—اسکے بعد میں نہایت تیزی کے ساتھ وزیر خزانہ کے اس بجٹ کی چند خامیوں کے متعلق عرض کرونگا جس بجٹ کو قابل تحسین اور قابل توصیف گردانا گیا ہے - اور وہ خامیاں یہ ہیں - کہ وزیر خزانہ نے اپنی بجٹ تقریر میں فرمایا ہے - کہ ہمارے صوبائی ٹیکسوں کی وصولی کیلئے authorities مقرر ہیں - ان وصولیوں میں وہ leakage کرتے ہیں میں وزیر خزانہ کو اس بات پر مبارکباد دیتا ہوں کہ انہوں نے نہایت ہی bluntly اور freely اپنے عملے کے اس گناہ کو تسلیم کیا ہے - اسکے علاوہ مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ انہوں نے یہ بھی فرمایا ہے - کہ ان کی حکومت نے نیشنل فنانس کمیشن کی سفارشات پر عملدرآمد نہیں کیا - اور جو غیر منعفت بخش ادارے ہیں وہ انہیں تاحال اسی طرح سے چلا رہے ہیں اس بجٹ کا یہ بھی ایک salient feature ہے جسکے لئے میں ان کو مبارکباد پیش کرتا ہوں - اور وہ یہ ہے کہ اس بجٹ میں گیہوں اور آٹے کی قیمت بڑھ گئی ہے - اور انہوں نے اس سلسلے میں جو امداد دی تھی وہ بھی واپس لے لی ہے - اس طرح سے مصنوعی کھاد پر جو پچاس فیصد امداد دی جاتی تھی - وہ بھی پینتیس فیصد کر دی گئی ہے - اور ایگریکلچر ڈیویلپمنٹ کارپوریشن جو ''نہ نفع نہ نقصان،، کی بنیاد پر کام کر رہی تھی - اور جسکی دو کروڑ روپے کی liability ہو گئی تھی - اور جو سہولیتیں لوگوں کو دیتی تھی - وہ بھی اب ختم کر دی گئی ہیں -

جناب سپیکر—اب جو بڑا بھاری کارنامہ ہماری مغربی پاکستان کی حکومت نے کیا ہے - میرے پاس وزیر خزانہ کی بجٹ تقریر کا وہ تراشہ موجود ہے انہوں نے یہ بڑا احسان کیا ہے کہ انہوں نے بھارت سے جنگ کے دوران شہید ہونے والوں کے بچوں کو زیادہ وظائف دینے کی پیشکش کی ہے - اور ان کی غیر منقولہ جائیداد پر ٹیکس معاف کر دیا ہے - جناب والا - ٦ ستمبر کو گذرے ہوئے کم و بیش آٹھ نو مہینے گذر چکے ہیں - تو ہم نے اتنے دن گذر جانے کے باوجود نشان حیدر

عزیز بھٹی شہید ، میجر خادم حسین شہید ، بریگیڈیر شامی شہید، کرنل عبدالرحمن شہید ، فلائیٹ لیفٹننٹ یونس شہید اور دیگر ایسے گمنام شہیدوں کے بچوں کو کیا مراعات دی ہیں - میں سمجھتا ہوں اس سے بڑی چشم پوشی اور احسان فراموشی ہو ہی نہیں سکتی - کیونکہ ہم نے اس بجٹ میں انکے کیلئے کوئی بھی provision نہیں کی - چاہیے تھا - کہ ہماری صوبائی حکومت ان شہیدوں کی قدر و منزلت کیلئے کہ جنہوں نے ملک کے تحفظ کیلئے جان کی بازی لگا دی - اور جنکی بدولت آج ہم یہاں بیٹھے ہوئے ہیں - اس بجٹ میں کچھ provision کرتے - جناب سپیکر—بہتر ہوتا - اگر وزیر خزانہ ہماری دکھتی ہوئی رگ نہ چھیڑتے اور یہ بیان نہ دیتے - اور یہ اقدام نہ اٹھاتے - اور اگر انہوں نے کچھ ایسا اقدام کرنا ہی تھا - تو وہ ان شہیدوں کے شایان شان کوئی قدم اٹھاتے -

جناب سپیکر—بیگم صاحبہ کے متعلق میں یہ عرض کرونگا - (قطع کلامی) واٹر ریٹ کی جو آمدنی تھی - وہ ۱۹۶۴-۶۵ء میں ۲۹۶۴ کروڑ تھی (قطع کلامی) میں بیگم صاحبہ کی تائید کرنے لگا ہوں (قطع کلامی) جناب سپیکر—واٹر ریٹ کی آمدنی ۱۹۶۴-۶۵ء میں ۲۹۶۴۷ کروڑ تھی - ۱۹۶۵-۶۶ء میں بڑھ کر یہ آمدنی ۳.۶۲۷ کروڑ ہو گئی -

**چودھری غلام سرور**—جناب والا—معزز ممبر کس کو بیگم صاحبہ کہہ رہے ہیں - کیا وہ کسی ممبر کو بیگم صاحبہ کہہ سکتے ہیں -

**مسٹر سپیکر**—وہ ان کے کسی argument کا جواب دینا چاہتے ہیں -

**ملک محمد اختر**—میں تو ان کی تائید کر رہا ہوں - لیکن آپ تو ان کی تائید بھی نہیں کرنے دیتے -

**مسٹر سپیکر**—لیکن آپ نے ابھی تک ان کی تائید نہیں کی ہے - صرف ان کو مخاطب کیا ہے -

**وزیر لوکل گورنمنٹ**—یہ بھی بتایئے - کہ کس بیگم صاحبہ کی تائید کر رہے ہیں - (قطع کلامی)

**ملک محمد اختر**—جناب سپیکر—میں یہ عرض کر رہا تھا - کہ وزیر خزانہ نے ایک نہایت ہی اچھا کام کیا ہے - جس کیلئے میں ان کا مشکور ہوں - انہوں نے تسلیم کیا ہے - کہ واٹر ریٹ ۱۹۶۵-۶۶ میں ۲۹۶۴۷ کروڑ سے بڑھکر ۳.۶۲۷ کروڑ ہو گیا ہے - لیکن جو اخراجات

تھے - وہ گذشتہ سال میں ۱۲۶۹۰ کروڑ سے بڑھکر پندرہ کروڑ ہو گئے اس طرح پانچ کروڑ کا نقصان ہوا یہ تھیں salient feature اس بجٹ کی اب جو صوبائی حکومت کے ٹیکس ہیں - ان کے متعلق کچھ عرض کروں گا - کہ آپ اندازہ فرمائیں - کہ سٹیمپ ڈیوٹی ٹیکس کا بیشتر حصہ کون ادا کریگا - اسکا بیشتر حصہ عام لوگ اور متوسط طبقہ اور نچلا طبقہ ادا کرے گا - یہ ٹھیک ہے کہ ان میں موٹر وھیکل ٹیکس بھی شامل ہے جو کہ اونچے طبقہ کے لوگ ادا کریں گے - لیکن یہ تفریحی ڈیوٹی تو نچلے طبقے کے لوگ ادا کرتے ہیں - اور اسی طرح پراپرٹی ٹیکس کا زیادہ حصہ متوسط طبقہ ہی ادا کرتا ہے - اسی طرح آبیانہ اور Revenue کے جو ٹیکس ہیں - ان کا بوجھ بھی زیادہ تر غریب عوام پر پڑتا ہے اسی طرح میں محترمہ بیگم صاحبہ (جو کہ اس وقت ایوان میں موجود نہیں ہیں) کی تائید کرتا ہوں - کہ ٹیکسوں کا نوے فیصد بوجھ عوام پر ہے - میں اپنے لکیر کے فقیر محکمہ مالیات کو ہرگز قابل تحسین نہیں سمجھتا - ان کا کام یہ تھا کہ چونکہ ہم آج بھی جنگ سے دو چار ہیں - ہمیں جنگ کی تیاری کرنی چاہیے تھی اسکے لئے آج ہم کچھ اس قسم کے اقدام کرتے - کہ ہم ان عوام پر جو اپنی بیروزگاری کی وجہ سے اور انکا کام کم ہونے کی وجہ سے ٹیکس ادا نہیں کر سکتے - ان پر ٹیکسوں کا بار کم سے کم کرتے - ہمیں چاہئے تھا - کہ ہم ٹیکسوں کے لئے موٹر وھیکل ٹیکس اور اسی طرح کے دوسرے ٹیکس جو غیر لوگوں پر لگائے جا سکتے تھے ان وسائل کو بروئے کار لاتے - اور چونکہ ایسا نہیں کیا گیا ہے - اس لئے میں وزیر خزانہ کو ایک اچھا اور مدبر وزیر تصور کرنے کیلئے تیار نہیں ہوں انہوں نے جو کچھ کیا ہے - وہ محض اسی قدر ہے کہ ان ہی پچھلی باتوں کو نقل کر کے یہاں لے آئے ہیں -

جناب سپیکر - میں نے کراچی کے متعلق بڑے لمبے اعداد و شمار سنے ہیں - جو کہ میں سمجھتا ہوں کہ حالات اور واقعات سے بالکل مختلف ہیں مثال کے طور پر میں عرض کرونگا کہ کراچی کو ۱۹۶۴-۶۵ء میں ۱۰۶۰۲ کروڑ روپے امداد دی گئی - جسکو ۱۹۶۵-۶۶ء میں چھ کروڑ اور اب اسے بڑھا کر ۱۱۶۳۶ کروڑ روپے کر دیا گیا ہے - آپ خیال فرمائیں کہ اسکے مقابلے میں (میں لاہور کے متعلق عرض نہیں کرتا وہ میں کسی تحریک تخفیف زر پر بحث کے دوران عرض کرونگا) سابقہ صوبہ پنجاب کو ۱۹۶۴-۶۵ میں ۳۵۶۷ کروڑ روپے دیئے گئے تھے - جسے

بڑھا کر ۴۷۶۴۵ کروڑ ۱۹۶۵-۶۶ء میں اور ۴۷۶۴۸ کروڑ روپے اب ۱۹۶۶-۶۷ء میں کر دیا گیا ہے - یعنی چہ جائیکہ کراچی کی امداد میں ساڑھے چار کروڑ روپے کا اضافہ کیا گیا ہے - سابقہ پنجاب میں وہی پوزیشن ہے - میں نہ تو طبقاتی باتوں میں جاتا ہوں - نہ ڈسٹرکٹ اور ڈویژن کی باتوں سے مجھے کوئی سروکار ہے مجھے سارے مغربی پاکستان کی نمائندگی کرنی ہے اور اسی اصول کے تحت میں اپنی گذارشات عرض کر رہا ہوں - کہ بہاولپور میں یہ اضافہ اس طرح کیا گیا ہے - کہ بہاولپور کیلئے ۶۵-۱۹۶۴ء میں ۳۶۸۲ کروڑ روپے کی allocation تھی - جسے ۶۶-۱۹۶۵ء میں ۴۰۲ کروڑ کر دیا گیا تھا - اور اب اسے تقریباً ختم کر کے ۱۶۹۹ کروڑ کر دیا گیا ہے - اس طرح سے سابقہ سرحد کی allocation میں کافی اضافہ کیا گیا ہے - وہاں پر ۶۵-۱۹۶۴ء میں ۷۶۸۵ کروڑ روپے کی allocation تھی - ۶۵-۱۹۶۶ء میں اسے بڑھا کر ۹۴۳۹ کروڑ کردیا گیا تھا - اور اب ۶۷-۱۹۶۶ء میں ان میں مزید اضافہ کر کے اسے ۱۲۶۳۸ کروڑ کر دیا گیا ہے - اسی طرح سندھ کی allocation میں کمی کی گئی ہے - یہ ۶۵-۱۹۶۴ء میں ۲۹۶۷۱ کروڑ تھی اسے بڑھا کر ۶۶-۱۹۶۵ء میں ۳۱۶۷ کروڑ کر دیا گیا اور اب اس میں کمی کر کے ۶۷-۱۹۶۶ء میں اسے ۲۷۶۵۰ کروڑ کر دیا گیا ہے -

جناب والا - ایک اور بد نصیب علاقے کی مثال بھی مجھے آپ کی خدمت میں عرض کرنی ہوگی - اور وہ علاقہ ہے بلوچستان کا - بلوچستان کے لئے ۶۵-۱۹۶۴ میں ۵۶۶۴ کروڑ روپے کی allocation کی گئی تھی - جسے قدرے بڑھا کر ۶۶-۱۹۶۵ میں ۵۶۷۹ کروڑ کر دیا گیا تھا - مگر اب اس میں بے حد تخفیف کر کے اسے ۳۶۱۷ کروڑ روپے کردیا گیا ہے جناب والا - مجھے نہیں معلوم کہ وہ یہ اعداد و شمار کہاں سے لائے ہیں یا کیا وجہ ہے اور اس کے محرکات کیا ہیں - لیکن میں اتنا ضرور عرض کرونگا - کہ اس بجٹ کے اخراجات کو دیکھا جائے - تو عوام کو اگر بتایا جائے - تو ان سے ان کی تسلی نہیں ہوتی - ٹیکس عوام اور عام آدمی پر ہیں اور گورنمنٹ کی جو مشینری ہے اسکی leakage اور اسکی نا اہلیت کو مانا گیا ہے - اور محکموں کی تفصیلات میں دوسرے کی موقع پر عرض کرونگا فی الحال میں نے آٹے کے متعلق عرض کیا ہے - کہ آبیانہ بڑھ گیا ہے - اور یہ جو فاضلہ بجٹ قرار دیا گیا ہے - یہ در اصل مرکزی حکومت کے رحم و کرم کا بجٹ ہے ورنہ یہ خسارے کا بجٹ تھا

اور اگر میں یہاں پر صرف ایک بات عرض نہ کروں ۔ تو خلش رہ جائے گی ۔ کہ کم و بیش ایک سو ستر یا ایک سو اسی کروڑ روپے آپ نے ترقیاتی منصوبوں کے لئے دیئے ہیں اور چھیانوے کروڑ روپے آپ نے پچھلی مرتبہ دیا تھا ۔ یعنی کل ملا کر دو سو ستر کروڑ روپے بن جاتے ہیں ۔ اور آپ کا جو Third Five Year Plan ہے اس پر آپ کی حکومت نے تیرہ سو کروڑ روپیہ پانچ سال میں دینا تھا اسطرح سے آپ نے جو allocation کی ہے وہ کم و بیش دو سال میں چالیس فیصد ہو جانی چاہیئے تھی لیکن جو allocation آپ نے کی ہے یہ بالکل اس کا پچاس فیصد ہے اسطرح سے تیسرے پنج سالہ منصوبے کو allocation کم کرنے سے زبردست نقصان پہنچا ہے ۔

**مسٹر محمد ہاشم لاسی** (لس بیلہ ۔ قلات) ۔ جناب سپیکر ۔ جناب وزیر خزانہ نے ایک متوازن بجٹ پیش کر کے اور نہ صرف ایک متوازن بجٹ پیش کرکے بلکہ مغربی پاکستان کے عوام پر کسی قسم کا ٹیکس نہ لگا کر اپنی جن صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا ہے ۔ ان پر میں انہیں مبارکباد پیش کرتا ہوں (نعرہ ہائے تحسین) ۔

جناب عالی ۔ بجٹ کے مختلف items پر مختلف دوستوں نے مختلف خیالات کا اظہار کیا ہے ۔ لیکن میں اپنے اس پسماندہ ترین ضلع کی طرف وزرائے کرام اور اپنے دوستوں کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں ۔ میں ایک ایسے ضلع سے تعلق رکھتا ہوں جو فی الواقع پس ماندہ ہے یوں تو جیسے ہمارے محترم دوست چودھری محمد ادریس نے فرمایا لاہور والے بھی کہہ سکتے ہیں کہ ہم پسماندہ ہیں اور کراچی والے بھی کہہ سکتے ہیں کہ ہم پسماندہ ہیں لیکن ضلع لس بیلہ کے لئے پسماندہ کا لفظ استعمال کرنے کی بجائے میں یہ کہونگا کہ یہ پورے مغربی پاکستان میں پسماندہ ترین علاقہ ہے ۔ بلکہ پچھلے سال ہمارے بلند ہمت گورنر مغربی پاکستان نے اسے قحط زدہ علاقہ قرار دیا تھا اور آج بھی اس کی وہی پوزیشن ہے کیونکہ قریباً چار یا پانچ برس سے یہاں بارش نہیں ہوئی ۔ اسلئے میں یہ کہنے میں حق بجانب ہونگا کہ وہ علاقہ اس وقت بھی پسماندہ ترین ہونے کے ساتھ ساتھ قحط زدہ بھی ہے ۔

جناب والا ۔ ہمارے اس ضلع کو پہلے ریاست کی شکل دی گئی تھی ۔ اس کے بعد پاکستان کے وجود میں آنے کے بعد اسے ریاستی یونین میں تبدیل کر دیا گیا ۔ تھوڑے عرصے کے بعد ریاستی یونین سے نکال کر اسے قلات ڈویژن کا خیرو قرار دیا گیا ۔ کچھ عرصہ قلات ڈویژن میں رہنے کے بعد اسے کراچی ڈویژن کا حصہ تصور کیا جانے لگا اور اس وقت ضلع لس بیلہ کراچی ڈویژن کا حصہ ہے ۔ مسٹر سپیکر ۔ ہر آدمی یہ سمجھنے کے لئے تیار ہے کہ ضلع لس بیلہ جیسے قحط زدہ اور پسماندہ ترین علاقہ کی شمولیت کراچی کے ساتھ کر کے ایک بہت بڑا کار نامہ سر انجام دیا گیا ہے ۔ ہمیں خوشی ہے کہ stage by stage جس طرح سے ہمارے ضلع کو تبدیل کیا جا رہا تھا اب کراچی کے ساتھ اسکی شمولیت ہوگئی ہے ہم اس پر بھی خوش ہیں اور ضلع لس بیلہ کے عوام نے حکومت کے ہر اقدام کو جو اس نے کیا ہے بخوشی تسلیم کیا ہے اور ہمیشہ حکومت نے جو بھی قدم اٹھایا ہے اس میں ضلع لس بیلہ کے عوام نے اپنا فائدہ ہی تصور کیا ہے جیسا کہ میں نے عرض کیا جہاں تک اس پسماندہ ترین علاقے کی کراچی کے ساتھ شمولیت کا تعلق ہے یقیناً ضلع کے لوگ اور اس ضلع کے نمائندے خوش ہوئے کہ ہم بھی ایک بہترین شہر اور پورے مغربی پاکستان کے خوبصورت ترین شہر کے ساتھ شامل ہو گئے ہیں ۔ اور ہمارے لئے بھی وہی وسائل اور سہولتیں استعمال کی جائیں گی اور وہی طریق کار استعمال ہوگا اور وہی سہولتیں ہمیں مہیا کی جائیں گی جو کراچی کو دی جاتی ہیں لیکن جناب والا دیکھنے میں یہ آیا ہے کہ اس طرف بہت ہی کم توجہ دی گئی ہے ۔

**مسٹر حمزہ** ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ میں معزز ممبر سے اتفاق کرتا ہوں کہ اس علاقہ کے لوگ گورنمنٹ کی اس پالیسی سے انتہائی خوش ہیں اسلئے انہوں نے گورنمنٹ کے امیدوار کو بری طرح ہرایا ہے ۔

**مسٹر محمد ہاشم لاشی** ۔ میں حمزہ صاحب سے یہ کہوں گا کہ وہ ایک parliamentarian ہیں اور parliamentary language سے اچھی طرح واقف ہیں ۔ جب وہ پوائنٹ آف آرڈر raise کریں تو

بولنے والے ممبر کو کسی صحیح پوائنٹ آف آرڈر پر disturb کریں ورنہ بلاوجہ disturb کرنا مناسب نہیں - (خوب - خوب) وہ ہمیشہ تقاریر کرتے رہتے ہیں اور ہم اور ہمارے وزراء انہیں خندہ پیشانی سے سنتے ہیں - وہ غلط بات بھی کہتے ہیں تو ہم ہنس کر جواب دیتے ہیں - کم از کم ان کو یہ سوچنا چاہئے کہ ہر ممبر اتنا ہی حق رکھتا ہے جتنا وہ رکھتے ہیں (خوب - خوب) مخالفت برائے مخالفت بھی کی جاتی ہے تب بھی ہمارے وزراء اور ہماری اکثریتی پارٹی ان کی ہر بات کو allow کرتی ہے لیکن ہم نے کبھی ان کی غلط بات کا جواب دینا گوارا نہیں کیا اور ان کی غلط بات کو بھی تسلیم کرتے ہوئے لبیک کہا ہے -

جناب والا - میں اس ضلع کا ذکر کر رہا تھا کہ جس کو ریاست سے ریاستی یونین ، ریاستی یونین سے قلات ڈویژن اور قلات ڈویژن سے کراچی ڈویژن میں شامل کیا گیا ہے - میں اب اس کے نظام کی طرف آپ حضرات کی توجہ دلانا چاہتا ہوں - یہ شکوہ شکایت نہیں ہے لیکن میں وزرائے کرام سے یقیناً درخواست کروں گا کہ وہ اس طرف زیادہ توجہ فرمائیں گے - جناب والا - جہاں تک ضلع لس بیلہ کے محکمہ تعلیم کا تعلق ہے ، ہم کراچی کے ساتھ شامل ہیں - جہاں تک محکمہ صحت کا تعلق ہے ، ضلع لس بیلہ حیدر آباد ریجن کے ساتھ شامل ہے - جناب عالی - جہاں تک اریگیشن کا تعلق ہے ، ضلع لس بیلہ کوئٹہ قلات ڈویژن کے ساتھ شامل ہے - (قہقہہ) جہاں تک محکمہ زراعت کا تعلق ہے ، میں سمجھتا ہوں کہ شاید حیدر آباد ریجن کے ساتھ شامل ہے - جہاں تک دیوانی مقدمات کا تعلق ہے ، وہ جناب والا - ضلع لس بیلہ کے قاضی کی عدالت میں فیصلہ ہوتے ہیں - اور ان کی اپیلیں ڈویژن قلات کی مجلس شوریٰ سنتی ہے - اب آپ اندازہ لگا سکتے ہیں کہ اس قحط زدہ علاقے کے کسی ایک فرد کو اگر جنگلات کے سلسلہ میں بات کرنی ہو تو اسے حیدر آباد جانا پڑتا ہے - اگر محکمہ اریگیشن کے لئے کوئی سکیم لے کر جانا ہو تو اسے کوئٹہ قلات ڈویژن جانا پڑتا ہے - اور صحت کے متعلق اگر ایک unqualified compounder کی بھی ضرورت ہوتی ہے تو حیدر آباد سے رجوع کرنا پڑتا ہے - جناب والا - میں اپنے معزز دوستوں سے گذارش کروں گا کہ میری شکایت کو شکایت نہ سمجھتے ہوئے خدارا وہ صرف

اس طرف توجہ دیں اور کم از کم اس پسماندہ اور قحط زدہ علاقے کو سمجھنے کی کوشش کریں ۔ سوچیں کہ اس صورت حال کو کس طرح کس نظام میں تبدیل کیا جائے اور اس ضلع کی ضروریات کے متعلق ایک جگہ پر سر جوڑ کر سوچا جائے کہ وہ کس جگہ پر متعین کی جائیں ۔ مجھے ڈر ہے آئندہ کبھی ان کو ایسا بھی نہ سوچنا پڑے کہ اس ضلع کو دوبارہ کراچی سے نکال کر کسی اور ڈویژن کا حصہ بنایا جائے ۔

جناب والا ۔ ان محکمہ جات کی کارکردگی کے سلسلہ میں میں بعد میں وضاحت کروں گا لیکن اس نظام کو دیکھتے ہوئے مجھے یقین ہے کہ ہمارے وزرائے کرام جو ہر محکمہ سے الگ الگ تعلق رکھتے ہیں اور ہر محکمہ کو خوش اسلوبی سے چلاتے ہیں ، اس ضلع کی طرف خاص توجہ دیں گے ۔ میں فخر سے کہہ سکتا ہوں کہ ہمارے بہت سے وزراء نہایت competent ہیں اور ساتھ ہی ساتھ میں یہ بھی کہوں گا کہ اس بیلہ جیسی گورنمنٹ کراچی کے کسی علاقے میں بھی چل رہی ہے ۔ مثلاً کراچی کی ایک سڑک پر کوئی اعتراض کیا جائے اور اس کے متعلق کراچی میونسپل کارپوریشن سے کچھ کہا جائے تو وہ یہ کہتی ہے اس کا تعلق KDA سے ہے ۔ KDA کو لکھا جائے تو وہ کہتے ہیں اس کے لئے SITE کو لکھا جائے ۔ SITE سے رجوع کیا جائے تو وہ کہتے ہیں کہ یہ Cantonment Board کی سڑک ہے اور اس سڑک کا یہ حشر ہوتا ہے کہ اس کا کسی طرف سے بھی کوئی علاج نہیں ہو سکتا ۔ جس طرح ضلع اس بیلہ کا حال ہے ۔ مثلاً ایک سڑک ہے جسے شیر شاہ روڈ کہتے ہیں اور جو شاہراہ کوئٹہ قلات تک ہے ۔ اس کا کوئی والی وارث نہیں ہے ۔ جیسا کہ میں پہلے عرض کر چکا ہوں ۔ جس طرح اس بیلہ کے لوگوں کو اپنے مطالبات کے سلسلہ میں مختلف division سے رجوع کرنا پڑتا ہے ۔ لیکن اس سے پیشتر کہ میں وزیر مال کی توجہ اس امر کی طرف دلاؤں میں اپنے دوستوں سے گذارش کروں گا . . . . . .

**Mr. Speaker** : The member may please conclude his speech.

**مسٹر محمد ہاشم لاسی** ۔ جناب والا ۔ میں نے اپنے علاقہ کی بے شمار تکالیف اور ضروریات کا اظہار کرنا ہے اس لئے مجھے زیادہ وقت دیا جائے ۔

**Mr. Speaker** : Alright, the House is adjourned till 5-30 p.m. to day.

*The Assembly then adjourned till 5-30 p.m. the same day.*

*The Assembly met at 5-30 p.m. Mr. Senior Deputy Speaker. Syed Yusuf Ali Shah, in the Chair.*

**Mr. Senior Deputy Speaker :** Mr. Muhammad Hashim Lassi may please resume his speech.

**مسٹر محمد ہاشم لاسی**— جناب والا ۔ میں ضلع لس بیلہ کے نظام کی طرف اپنے دوستوں کی توجہ مبذول کرا رہا تھا ۔ کہ اس ضلع کو محکمانہ طور پر کتنی Divisions میں تقسیم کیا گیا ہے ۔ مجھے امید ہے کہ ہمارے محترم وزراء اس سلسلہ میں ذاتی طور پر توجہ دے کر نظام سے متعلقہ مسائل کو کسی حد تک بلکہ جہاں تک ممکن ہو حل کرنے کی کوشش کریں گے ۔

جناب والا ۔ ان محکمہ جات کی فرداً فرداً کارکردگی پر روشنی ڈالنے سے پہلے میں یہ مناسب سمجھتا ہوں کہ ضلع لس بیلہ کے ترقی کے میدان میں جو کچھ ہوا ہے ۔ اس کے سلسلہ میں کچھ ذکر کروں ۔ ضلع لس بیلہ کا حدود اربعہ ساڑھے سات ہزار مربع میل کے قریب ہے ۔ اور اس کی آبادی قریباً ایک لاکھ ہے ۔ اس ساڑھے سات ہزار مربع میل کے رقبہ میں آج تک محکمانہ طور پر کسی قسم کی فیکٹری ، کسی قسم کی دستکاری یا کسی قسم کی اور کوئی کارروائی نہیں کی گئی ۔ جس سے لوگ ہنر کی طرف متوجہ ہوں یا ان کے روزگار کے لئے کوئی ذریعہ نکل سکے ۔ جہاں تک عام سرمایہ دار لوگوں کا تعلق ہے ۔ وہ اپنا سرمایہ مختلف علاقہ جات میں لگاتے ہیں ۔ اور اس وسیع زمین کے ہوتے ہوئے انہوں نے یہاں اتنی مشکلات سمجھیں کہ انہوں نے کبھی ضلع لس بیلہ کے متعلق سوچا ہی نہیں کہ یہاں اتنی آسانی سے زمین مہیا ہو رہی ہے تو یہاں کوئی مل یا فیکٹری نصب کی جائے ۔ مجھے امید ہے کہ جہاں تک محکمہ جات کا تعلق ہے ۔ اس طرف ضرور توجہ فرمائی جائے گی ۔ جناب والا ۔ اس ساڑھے سات ہزار مربع میل کے رقبہ میں قریباً ایک ہی سڑک ہے جسکو آپ کوئٹہ—قلات روڈ کہتے ہیں ۔ اس سڑک کو تقریباً اٹھارہ برس کی مدت میں اسی میل تک پکا کیا گیا ہے ۔ باقی سڑک اس وقت تک کچی ہے ۔ اور چھوٹی چھوٹی

سب تحصیلوں میں جو سڑکیں ہیں ، ان کی طرف محکمہ نے کبھی توجہ ہی نہیں کی اور یہی وجوہات ہیں کہ رسل و رسائل کے ذریعے محدود ہونے کے باعث اس غریب ضلع کے لوگوں کو قحط زدہ اور پسماندہ ترین علاقہ کے لوگ کہنے کے لئے آپ خود بخود مجبور ہوتے ہیں ۔ جناب والا ۔ جیسا کہ ضلع لس بیلہ کے سلسلہ میں میں نے گذارشات کی ہیں وہ بہت سی stages سے گذر کر اب کراچی ڈویژن کا ایک ضلع شمار ہوتا ہے ۔ وہاں کے لوگ ، میں آپ کو ان کا ایک نمائندہ ہونے کی حیثیت سے یقین دلاتا ہوں ، کہ ہم خوش ہیں کہ ہم کراچی ڈویژن کا ایک حصہ ہیں ۔

**مسٹر سپیکر ڈپٹی سپیکر** — آپ کا وقت ختم ہو چکا ہے ۔ آپ اپنی تقریر ختم کریں ۔

**مسٹر محمد ہاشم لاسی** — جناب میں نے تو ابھی بہت سی گذارشات کرنی ہیں ۔

**مسٹر سپیکر ڈپٹی سپیکر** — کسی ممبر کو دس منٹ سے زیادہ نہیں مل سکتے ۔ آپ کو بارہ منٹ دئے گئے ہیں ۔ سات منٹ صبح اور پانچ منٹ اب ہو گئے ہیں ۔ اب دو منٹ میں ختم کیجئے ۔

**مسٹر محمد ہاشم لاسی** — جناب والا ۔ میری تقریر تو بہت لمبی چوڑی تھی ۔ اور میں سمجھتا تھا کہ آپ مہربانی کرتے ہوئے مجھے موقع دیں گے کہ میں کم از کم اپنے colleagues اور اپنے مہربان وزراء کو لس بیلہ کے حدود اربعہ اور ضلع کے پورے پورے حالات سے واقف کراؤں لیکن میں مجبور ہوں ، چونکہ آپ مجھے وقت نہیں دیتے ہیں ۔ اس لئے میں صرف یہ گذارش کروں گا کہ ضلع لس بیلہ کے سامنے ایک اہم تکلیف در پیش ہے ۔ اور وہ یہ ہے کہ ضلع لس بیلہ کے غریب باشندوں اور غریب زمینداروں کو اس وقت اس زمین کا مالک نہیں سمجھا جاتا ۔ اس میں شک نہیں کہ اب ہمارے سامنے لینڈ ریونیو بل آ رہا ہے ۔ جس پر مجھے مسرت ہے اور میں وزیر مال کو مبارکباد پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے اس کو بہترین طریق سے پیش کیا ہے ۔ مجھے امید ہے کہ ضلع لس بیلہ کے لوگ بھی اس سے فائدہ

اٹھائیں گے ۔ لیکن میں اس سلسلہ میں ایک وضاحت کرنا ضروری سمجھتا ہوں اور وہ یہ ہے کہ ضلع لس بیلہ میں اس سے پیشتر ایک ریاست تھی اور اس ضلع کی زمین کا آج تک سیٹلمنٹ نہیں ہوا ہے اس وقت وہاں سیٹلمنٹ ہو رہا ہے ۔ اس سلسلہ میں ان لوگوں کی مجبوریاں یہ ہیں کہ سیٹلمنٹ کے افسران اور قانونگو یا پٹواری ان سے ثبوت طلب کرتے ہیں ۔ یعنی پنجاب لینڈ ریونیو ایکٹ کے تحت عملدرآمد کرتے ہیں ۔ میں یہ عرض کرنا ضروری سمجھتا ہوں کہ ضلع لس بیلہ میں اس سے پیشتر زمینوں کا کوئی ریکارڈ نہیں تھا ۔ قریباً پانچ چھ برس سے بارشیں نہیں ہوئیں ۔ اور یہ حقیقت ہے کہ وہاں آج بھی دیوانی معاملات قاضی کی عدالت میں فیصلہ ہوتے ہیں ۔ قاضی کی عدالت میں شخصی گواہی کارآمد ہوتی ہے ۔

**مسٹر سپیکر ڈپٹی سپیکر** — تشریف رکھیں ۔ آپ کا وقت ختم ہو گیا ۔

**مسٹر محمد ہاشم لاسی** — جناب والا ۔ ایک ایسا مسئلہ تھا ۔ جس پر اگر روشنی ڈالی جاتی تو مناسب ہوتا ۔ از راہ کرم مجھے تھوڑا سا وقت دیا جائے ۔

**مسٹر سپیکر ڈپٹی سپیکر** — آپ تشریف رکھیں ۔ مسٹر محمد اسلم خٹک

**Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak** (Kohat II): Sir, on an occasion like this it is rather difficult for one to exactly know what one would like to say because there is lot one would like to say but the time is so limited that I would just try to glance through a few ideas that crossed my mind. When the Budget was presented, some how or other, my mind strolled back to the days of Caesars. I think it was somewhere in the B. Cs. that the *patra familia* tried to bestow his bounties or rather distribute them amongst those who were under his flag. In those days there were the Patricians, there were the Plebians and then there were the slaves. About six hundred years later in the firmament of Arabia a star rose and the illustrious Prophet tried to establish a classless society. Thirteen hundred years after that I still wonder whether we have really been able to establish a classless society under the Islamic flag or have we been able to establish Islamic Socialism. Going from the metaphysical to the mundane when I survey the world around me, and I look at some of the cities in the world, I find that their budgets are almost ten times greater than the entire Budget of Pakistan. Even when I stroll further I took at some of the Universities there and I find that the amount which they spend on a single item of research is more than the total Budget of East Pakistan, West Pakistan and the Central allocation for education. In the context of such a world wehre I live, in the context of such world, affairs where you have to compete with others when I look at my own budget, I just do not want to pass any comments. I think Sir, the Finance Department has done

their best to compile the demands of other departments and almost it took them six months to compile them and then present it in its best form. We would say it is a window-dressing; it is an advocacy of certain facts and figures before them. Having dabbled in budget making for some time—I know there is a lot visible and a still lot more which remains invisible. Such voluminious documents, Sir, take a long time to study, to digest and to analyise I for one have neither the stomach nor the energy nor the brain to analyse them nor am in a position to offer some constructive suggestions to the Government or suggest to them some alternatives. So believing in the patriotism of the Honourable Minister and the team of hard-working civil servants with him, I do not want, Sir, to go into the spheres of statistics and allocations. Sir, in a capitalistic economy where you have to judge schemes by a certain standards, I think it is impossible to go beyond certain scopes, these would be best described as a limited liability company with a limited objective and limited financing.

Sir, I would very much like to draw the Honourable Minister's attention to the countries around him. He should study what progress they have made in the various fields and I would just say to him : طرح نوافگن کہ ما در جدت پسند افتادہ ایم

and my submission to him and to his colleagues would be that an effort should be made to close the gap between the various incomes in this country of ours. Sir, when I mention about the countries around me, I have made some study of their economies and educational systems. Sir, in 1919 these countries were far behind of this subcontinent of Pakistan & India, and even by 1940 some of these countries had not made that progress which you see today. So let us study the ways and means adopted by them. Now, I know Sir, you would be looking at me trying to say that I should close. I shall do so but I would like to draw the attention of the Honourable Minister to the forces surrounding our country and to the influences that are there and to the typhoons which are building up all around the world & from which we shall not escape. Sir, no amount of palliatives, no amount of ordinances and no amount of make shift arrangements will save us unless we are prepared to go to the root cause of the entire things. Sir, I would like to tell you something, which I have admired in Churchil. He said that from student days he had cultivated a habit that when he used to retire to bed in the evening, he used to ponder over everything that had happened during the day and he used to correct himself or rectify the errors that he had comitted. He further said that in that way he wanted to prepare himself for that evening after which there would be no dawn and after which he would not be able to correct the actions or deeds which he had committed. Sir, that evening has to come to all of us and if the Honourable Ministers would keep that evening in view, I am quite sure, Sir, that our fate would be much better. Sir, a little while ago when we were at War with India. I for one feel that emergency is not over. On the national side, Sir we have devoted almost 50 per cent of our budget for the protcetion of our country. I had requested the Honourable Minister for Education some time ago, that was it is high time that he introduced compulsory Military Training in Schools and Colleges and that could be done on no cost basis. Sir, I had also referred to National Insurance Scheme and I think that it is something that we should really cater for. Sir, one of the most important things in our Government is the Services. I would like to pose a few questions to the Honourable Ministers, and I don't want any answer from them because I have already told them of the evening that has to come to all of us. Sir, do you really believe that the promotions and demotions made in the Services the extensions given to the Civil servants or even their transfers are all done in accordance with the rules and regulations on the subject the exigiencies of service or there are other considerations of which we are not aware? Sir, then, I would like to draw your attention to the state of corruptions in our country. Sir, again I don't want any answer. Sir, this is an evil that destroys the nation. If a man is prepared to sell his conscience, if a man is prepared to sell what he believes in, Sir, I for one can not trust such men that he would not sell even his country when the need be so arises. But

if you are satisfied about the steps you have taken to curb this evil which is a kind of cancer in our body politic, then, Sir, I am also satisfied.

**Mr. Senior Deputy Speaker :** Please try to conclude.

**Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak :** Alright Sir, then I have to skip over everything as a matter of fact. Sir, one thing that I could not understand was the revival of the allocation of the funds on the old provincial-basis. I for one Sir, don't believe in parity. Parity in what; is it parity in progress? I would rather suggest that let massive doses of economic aid be given to certain areas so that they are developed properly, then shift your money to other places. What is the use of spending a few lacs of rupees here and a few lacs of rupees there. This will not help anybody. I for one am prepared to accept from our side if the Government would like to give help in big doses to one area or two areas so that they are brought to a standard of which we should be proud of as Pakistanis.

Sir, I would just conclude in a few minutes. I would like to say this much that there are points that deserve the attention of the Government more closely.

One thing on the political side I would say that: Ministers you are the selection of 'Pukhta kaars', you must have great merit in you, you owe a great responsibility to your country and you owe a great responsibility to the future. If you are satisfied with the political trends in your country, if you are satisfied with the trends of democratic institutions growing in your country, if you are satisfied with the judicial system of your country then I have nothing to say. But I would earnestly request you to look into these affairs from the point of view of your conscience, Sir, I would like to make an appeal to Caesar from a Caesar.

In conclusion I would like to say to you Mr. Minister of Finance that your Department under your guidance has done a good job, considering the funds at your disposal and the unlimited begging bowls spread before them. In the context of the current economic policies and finances you could not have done better.

**چودھری عبید محمد** (لاہور - ۳) ۔ صاحب صدر ۔ میں وزیر خزانہ کو اس فاضل بجٹ پیش کرنے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں ۔ گذشتہ ستمبر میں ہمیں جن حالات سے دو چار ہونا پڑا وہ کسی سے پوشیدہ نہیں ہے ۔ جنگ چاہے ایک ہی دن کی کیوں نہ ہو ملک کے معاشی حالات پر ضرور اثر انداز ہوتی ہے ، مگر قابل تعریف یہ بات ہے کہ جنگ لڑنے کے بعد بھی ہم پر مزید ٹیکس کا بوجھ نہیں ڈالا گیا ۔

جناب والا ۔ لاہور کو ترقی یافتہ شہر کہا جاتا ہے اور مجھے یہ بھی تسلیم کرنے سے عار نہیں، لیکن لاہور سمن آباد کلبرگ مال روڈ اور میکلوڈ روڈ پر مشتمل نہیں ہے اس میں دھرم پورہ ، گلستان کالونی ، مغل پورہ ، میانی صاحب کی ایسی چھوٹی چھوٹی بستیاں بھی موجود ہیں جن کو ترقی یافتہ کہنا بجا نہ ہوگا ۔ ان علاقوں میں بسنے والے عوام زبوں حالی کی زندگی بسر کر رہے ہیں انہیں پینے کا پانی میسر نہیں ہے ۔ ان کو نہ کوئی تعلیمی مدد ملتی ہے ۔ جناب والا ۔ ان علاقوں کی ترقی اسی حالت میں ممکن ہے کہ جب میونسپل

ایکٹ کی دفعہ ۸۱ (۳) کو تبدیل کیا جائے وزیر خزانہ صاحب نے پریذیڈنٹ صاحب کے الیکشن کے دوران اپنی تقریروں میں اس دفعہ کو تبدیل کرنے کا وعدہ بھی فرمایا تھا ۔

جناب والا ۔ تعلیم کا شوق خواتین میں دن بدن بڑھتا جا رہا ہے مگر لڑکیاں پورے طور پر تعلیم نہیں حاصل کر سکتیں ، کیونکہ ماسٹر ڈگری کے لئے لڑکیوں کو یونیورسٹی میں داخلہ لینا پڑتا ہے ۔ جہاں مخلوط تعلیم ہے اکثر والدین اپنی لڑکیوں کو مخلوط تعلیم حاصل کرنے کی اجازت نہیں دیتے ، جس کی وجہ سے لڑکیاں اعلیٰ تعلیم نہیں حاصل کرسکتیں ۔ اس لئے لڑکیوں کے لئے ایک علیحدہ یونیورسٹی کا قیام ضروری ہے ۔ جناب والا ۔ محکمہ اوقاف کو ۷۰ - ۸۰ - لاکھ روپیہ حضرت داتا گنج بخش صاحب کے خزانہ سے حاصل ہوا ہے اور اس میں ایک ہزار روپے روزانہ کا اضافہ ہوتا جا رہا ہے حضرت داتا گنج بخش کے خزانے کی اس رقم سے ان کے نام کی ایک اسلامی یونیورسٹی قائم ہو سکتی ہے جس میں صرف قرآن شریف کی تعلیم دیجائے ۔ وزیر اوقاف اور وزیر تعلیم اس کی طرف توجہ دیں تو یہ قومی خدمت ہو جائیگی ۔ اس سے پہلے حکومت کی تعلیم یہ تھی کہ مسجد کے ساتھ مکتب بنائے جائیں تاکہ سکولوں کا کام پورا ہو جائے اس سکیم کو عملی جامہ پہنانے کی ضرورت ہے ۔ جناب والا ۔ اس معزز ایوان کے ممبران مجھ سے اتفاق کریں گے کہ دن بدن طالبعلموں پر مغربی تہذیب کا رنگ چڑھتا جا رہا ہے ۔ طالب علموں کا خاص طبقہ شراب اور جوا جیسا بیماریوں میں مبتلا ہے ۔ لاہور ریس کورس طالب علموں کی توجہ کا مرکز بن چکا ہے ، جہاں تک میری اطلاع کا تعلق ہے ریس کورس میں لڑکوں کی تعداد میں دن بدن اضافہ ہوتا جا رہا ہے ۔ طالب علموں کو اس مشغلہ سے باز رکھنے کے لئے ٹھوس اقدام کی ضرورت ہے ۔ جناب والا ۔ گذشتہ دنوں اخبارات میں شائع ہونیوالی خبریں اس امر کی گواہ ہیں کہ طالب علموں کو شراب خانوں میں اکثر پایا جاتا ہے اگر اس وقت شراب کو بند کرنا ممکن نہ ہو تو طالب علموں کو شراب خانوں میں جانے سے روکنے کے لئے سخت اقدام کرنے چاہئیں ۔

جناب والا — میں آخر میں جناب کی وساطت سے حکومت کی خدمت میں عرض کرونگا کہ ہمارے ملک میں سینما سستی تفریح ہے ہر غریب آدمی سارے دن کی تھکن اور پریشانی کو دور کر سکتا ہے - اس لئے سینما کی حالت بہتر کرنے کے لئے اور سینما کو ایر کنڈیشنڈ کرنے کے لئے حکومت کو مشینری کے لائسنس جاری کرنے چاہئیں - لاہور میں نئے سینما بنانے کے لئے لاہور کی سینما کمیٹی نے ۸ کنال کی جو زمین مقرر کی ہے - کراچی جیسے شہر میں اس کی کوئی پابندی نہیں ہے اور cinematograph ایکٹ میں بھی اس کی پابندی نہیں ہے اس لئے ۸ کنال کا جو فیصلہ ہوا ہے - وہ ختم کر دینا چاہئے -

**پارلیمنٹری سیکریٹری** (خان مکرم خان) — پوائنٹ آف آرڈر - جناب ایک طرف تو ممبر صاحب تماشی اور بد اعمالی اور ایسی ہی چیزوں کو ختم کرنے کے لئے کہہ رہے ہیں اور دوسری طرف سینما میں ائر کنڈیشنڈ مشینری لگانے کی کوشش کرتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ سینما تفریح کے ٹھکانے بن جائیں -

**مسٹر سپیکر ڈپٹی سپیکر** — یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے -

**چودھری عبید محمد** — سینما ایک اچھی تعلیم ہے -

ان گذارشات کے بعد میں ایک بار پھر وزیر خزانہ اور ان کے عملہ کا شکریہ ادا کرتا ہوں - اور ان کو مبارکباد دیتا ہوں -

**خان محمد یوسف خان** (راولپنڈی- ۲)—جناب سپیکر - وقت کی تنگی کی وجہ سے میرا خیال ہے کہ بولنے والے اصحاب ماسوائے اس کے کہ وہ اپنی شکایات یا مطالبات پیش کریں اور تیزی سے بولنے سے وہ تاثرات پیدا نہیں کر سکتے، جو ان کا مافی الضمیر کہنا ہے یا چاہتا ہے - بہر کیف میں اس معجز نما بجٹ کے پیش کرنے پر جناب وزیر خزانہ کو مبارکباد پیش کرتا ہوں -

**رانا پھول محمد خان**—پوائنٹ آف آرڈر - جناب سپیکر - میں یہ گذارش کروں گا کہ پہلے جو معزز ممبران تقریر کر چکے ہیں - ان کو آپ نے آدھ آدھ گھنٹہ دیا ہے - اور اب آپ پانچ یا ۱۰ منٹ دے رہے ہیں - اگر آپ خانصاحب کی تقریر کا وقت بجائے ۱۰ منٹ کے ۱۵ منٹ کر دیں تو بہتر ہے کیونکہ ابھی کل بھی آپ کے پاس وقت ہے -

**مسٹر سپیکر ڈپٹی سپیکر** — رانا صاحب در اصل مدرے پاس جو لسٹ ہے اس میں ۲۶ ممبر صاحبان تقریر کرنا چاہتے ہیں ۔ اور اس ۱۰ - ۱۰ منٹ کے وقت پر بھی مشکل سے ۱۲ - ۱۰ صاحبان سے زیادہ تقریر نہیں کر سکیں گے ۔

**رانا پھول محمد خان** — جناب والا ۔ ۱۰ منٹ زیادہ نہیں ہیں ۔ کل بھی آپ کے پاس وقت ہے ۔

**مسٹر سپیکر ڈپٹی سپیکر** — کل کے لئے اور لسٹ ہوگی ۔ یہ صرف آج کے اجلاس کے لئے ہے ۔ ۱۰ منٹ سے ۱۵ منٹ کر دینے کی گنجائش نہیں ہے ۔

**خان محمد یوسف خان** — جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا ۔ اور بجٹ کو معجز نما میں نے اس لئے کہا کہ ان حالات میں جیسے آج دو دن سے ہر ایک ایوان میں یہ کہہ رہا ہے اور ہر ایک متوقع تھا کہ جنگ کی وجہ سے ہم پر زیادہ taxes ضرور لگیں گے ، لیکن وہ نہ لگے ۔ میں اس مرحلہ پر کوئی طویل تقریر نہیں کر سکتا صرف چند ضروری امور کی طرف جناب وزیر خزانہ کی توجہ دلاتا ہوں کہ آپ کے بجٹ کے اندر جیسا ابھی اسلم خٹک صاحب نے ارشاد فرمایا تھا کہ ہمیں ہر بجٹ کے اندر یہ دیکھنا پڑتا ہے کہ آیا اسلامک سوشلزم کی طرف کس قدر توجہ دی گئی ہے ۔

وہ کون سے ایسے امور ہیں جن کو دیکھنے سے یہ معلوم ہو کہ فی الواقع ہمارا جو صحیح نصب العین ہے ہم اس کی طرف جا رہے ہیں ۔ میں افسوس کے ساتھ کہتا ہوں کہ اگر ہم بنظر عمیق دیکھیں تو سوائے تیرگی کے جس میں ہم ہوئے ہوئے رواں ہیں اسلامک سوشلزم نہیں نظر آتا ۔ جہاں تک اسلامک سوشلزم کا تعلق ہے یہ امر واقعہ ہے اور جہاں تک ہماری زبان کا تعلق ہے ہماری constitution کے دفعہ ۲۱۰ اور ۲۱۶ کے تحت ۱۰ سال کے بعد یعنی سن ۱۹۷۲ میں کمیشن مقرر ہوگا جو اس امر کا جائزہ لے گا کہ زبان اردو انگریزی کی جگہ لے سکتی ہے یا نہیں ۔ تاہم میں یہ عرض وزیر خزانہ سے عرض کرتا ہوں ان سے پوچھتا ہوں کہ اردو زبان کی ترقی کے لئے اس بجٹ میں ہمارے لئے کیا رکھا ہے ۔ یہ درست ہے کہ چند انجمن ہائے اردو ترقی کے لئے چند ایک grants دی گئی ہیں ۔ لیکن اگر آپ اس امر

کی اہمیت کو محسوس فرمائیں تو اس نتیجہ پر پہنچیں گے کہ قوموں کی ترقی کے لئے ان کے اپنے رجحانات اور احساسات اور قلب کی گہرائیوں تک پہنچنے کے لئے کوئی چیز اگر متحمل ہو سکتی ہے تو وہ زبان ہے ۔ اگر زبان غیر کی ہو تو خیالات کا سیلاب بھی غیر ہی کا ہوتا ہے ۔ قوموں کی زندگی کے لئے ان کی اپنی زبان جو ان کے خیالات کی ترجمانی کر سکے اس کا فصیح و بلیغ اور موثر ہونا نہایت لازمی ہے تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ جب تک ہم اس اردو زبان کو اپنے اس ملک کے اندر رائج کر کے یہ ثابت نہیں کرتے کہ یہ زبان ایسے انسانوں کی ہے جو خلوص رکھتے ہیں ، جو ترقی پزیر ہیں، جو ترقی پسند ہیں تو اس وقت تک ہم صحیح آزادی سے محروم ہیں ۔ آزادی کا منشا یہ نہ تھا کہ ملک لے کر اس کو بہترین طریقہ پر چلا سکیں بہترین نظم و نسق بحال کر سکیں بلکہ منشا یہ تھا کہ کسی نظریہ حیات کو سامنے رکھیں اور اس کی جانب ہمارا کارواں آہستہ آہستہ چلے تو اس سلسلے میں زبان سب سے پہلی چیز ہے جو اس گاڑی کو اچھی طرح کھینچ سکتی ہے وہ کون سی رکاوٹیں ہیں ؟ میں حکومت سے پوچھتا ہوں اگر ایک آرڈیننس کے ذریعے دوکانداروں کو آپ بند کر دیں کہ وہ اپنا کاروبار اور سائین بورڈ انگریزی کی بجائے اردو میں لکھوایا کریں تو آپ کو کیا رکاوٹ ہے ۔

اردو اس طرح ترقی کر سکتی ہے ۔ جی ٹی روڈ سب جانتے ہیں کہ وہ شیر شاہ سوری کی حکومت جو ایک عادل بادشاہ تھا کا ایک بہترین کارنامہ ہے تو اس نے اس سڑک کا نام سڑک اعظم رکھا تھا ، لیکن بد قسمتی سے غیروں کی حکومت آئی تو انہوں نے اس کو جی ٹی کے نام سے مشہور کر دیا ۔ کیا آپ اس کا نام شیر شاہ روڈ نہیں رکھ سکتے یا اس کا نام سڑک اعظم ہی رکھ دیا جائے ۔ آج کیفیت یہ ہے کہ ایک شخص پنجابی میں باتیں کرتا کرتا دو چار الفاظ انگریزی میں بول جاتا ہے تو اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ انگریزی کا دبدبہ جو اغیار کی حکومت میں تھا اب بھی وہ انگریزی زبان کے بولنے سے دوسروں کو دبا سکتا ہے اور اپنی زبان سے نہیں دبا سکتا ۔ تو میں یہ عرض کرتا ہوں کہ اردو زبان کی ترقی و ترویج کے لئے آج سے کام شروع کریں تاکہ سن ۱۹۷۲ میں جب کمیشن بیٹھے تو کوئی دقت پیدا نہ ہو تو اس کے پیش نظر ابھی سے چیزیں پیش کی جانی چاہئیں تاکہ اس کے متعلق فیصلہ مزید وقت نہ لے سکے اور میرا خیال ہے کہ انگریزی کی بجائے

اردو زبان فوراً جگہ لے سکتی ہے ۔ اس سے ہماری زندگی نئے موڑ پر چلے گی اور ہمارے ایک نئے دور کا آغاز ہو گا ۔ اس کے علاوہ میں عرض کرتا ہوں کہ گزشتہ دنوں میں نے سوال کیا تھا راولپنڈی کی نسبت کہ وہاں کتنے ہسپتال اور ڈاکٹر موجود ہیں ۔ اور کتنے ہسپتال ہیں جن میں ڈاکٹر موجود نہیں ہیں ۔ جواب تھا ۵۰ فیصدی ڈسپنسریاں خالی پڑی ہوئی ہیں جہاں نہ تو ڈاکٹر ہیں اور نہ ڈسپنسرز موجود ہیں ۔ صرف پنڈی ہی میں نہیں بلکہ بہاول پور اور سارے صوبے میں یہی کیفیت ہے ۔ آپ نے اناڑی ہاتھوں میں انسانوں کی صحتوں اور زندگیوں کو دے رکھا ہے اس کے بارے میں آپ نے کبھی سوچا ہے ۔ آپ یہ سب جانتے ہیں کہ ہمارے ڈاکٹر غیر ممالک میں جاکر وہ نام حاصل کر رہے ہیں ۔ میں یہ نہیں کہتا کہ وہ دوست ممالک میں جا کر نام حاصل نہ کریں اس سے بھی ہمیں فائدہ ہے ۔ ہمیں فارن ایکسچینج ملتا ہے اور اس میں شبہ نہیں کہ ہمارا بیرونی ممالک میں پراپیگنڈہ بھی ہوتا ہے اور یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ پاکستان اتنا ترقی یافتہ ملک ہے کہ اس کے پاس پروفیشنل لوگ اور ٹیکنیشن کثرت سے موجود ہیں، لیکن میں یہ کہتا ہوں کہ

اے چشم اشکبار ذرا دیکھ تو سہی
یہ گھر بہہ رہا ہے کہیں یہ تیرا ہی گھر نہ ہو

کیوں ایسا نہیں کیا جاتا کہ دوبارہ ایل ایس ایم ایف کی کلاسز جاری کی جائیں جیسا کہ تقسیم سے قبل باقی مقامات پر تھا جیسے پہلے کوئٹہ بہاول پور میں تھا اگر آپ ان کورسز کو جاری کریں تو آپ کے ڈاکٹروں کی تعداد میں اضافہ ہوگا اور دوسرے جو آج کل میڈیکل کالجوں میں داخلے کی پابندیاں ہیں انہیں کم کریں، انہیں دور کریں اور زیادہ سے زیادہ ڈاکٹر پیدا کریں ۔ خصوصاً اس صورت میں جب کہ آپ محسوس کر رہے ہیں کہ آپ کے ڈاکٹر بہت کم ہیں ۔ جناب والا ۔ میں نے گزشتہ اجلاس میں ایک ریزولیشن پیش کیا تھا جس میں یہ تھا کہ Murree Hills High Powered Commission. نے ۱۹۵۲ میں چند سفارشات کی تھیں کہ ان کو عملی جامہ پہنایا جائے اور ہاؤس میں وزیر متعلقہ نے اعلان فرمایا تھا کہ اگر میں اس ریزولیوشن کو واپس لے لوں تو اس کی تکمیل کے لئے کوشش کریں گے ۔ میں نے اس کے بعد دوبارہ سوال کئے تو وزیر محکمہ جنگلات نے ایک لسٹ عنایت فرمائی لیکن میں عرض کرتا ہوں کہ اس لسٹ سے یہ ظاہر نہیں ہوتا کہ سن ۱۹۵۲ سے لے کر آج تک وہ سفارشات جو اس غریب پسماندہ علاقے کے لوگوں کی تکالیف دور کرنے کے لئے کی گئی تھیں اور وہ اتنی جامعہ

سفارشات تھیں ان کو عملی جامہ پہنایا گیا ہے ۔ اگر ان کو عملی جامہ پہنایا جاتا تو میں سمجھتا ہوں کہ ان کی تمام تکالیف دور ہو جاتیں ۔ کارخانہ ایک بھی نہیں لگایا گیا ہم جانتے ہیں Rosin factory کو منتقل کیا جا رہا ہے ۔ گندہ بروزہ وہاں بہت زیادہ پیدا ہوتا ہے ۔ اگر فیکٹری کو وہاں نصب کیا جائے تو لوگوں کو روزگار مہیا ہوگا اور ان کی کئی تکالیف دور ہو جائیں گی ۔ اس کے علاوہ مری ہی ایک گرمائی مقام ہے تمام مغربی پاکستان میں اور دیگر جگہ پر ایسا کوئی مقام نہیں جہاں لوگوں کا موسم گرما میں اجتماع ہو سکے یا جہاں کہ وہ ٹھنڈک حاصل کر سکیں ۔ سوائے مری کے اور کوئی جگہ نہیں ہے تو اس مقام پر جہاں کہ بڑے بڑے امرا اور غربا بھی رہتے ہیں وہاں کوئی کالج اس وقت تک موجود نہیں ۔ یہ ایک معروف مقام ہے اور اس میں کالج کا ہونا نہایت ہی ضروری ہے اور غریب ہمسائہ لوگوں کی تعلیم کے لئے وہ کافی ہوگا اور اس کے علاوہ میں عرض کروں گا کہ پنڈی میں سب سے زیادہ problem اسلام آباد کے متاثرین کی ہے اس کے متعلق افسوس ہے کہ وقت نہیں ہے اور جو قانون اس سلسلہ میں ہے وہ سخت ہے ۔ وہ کس قدر تکالیف دہ قانون ثابت ہوا ہے ۔ تصور فرمائیے کہ پنڈی جیسے مقام پر ۲۰ ہزار روپیہ پر اس وقت اراضی فی کنال نہیں ملتی لیکن کیپٹل ڈیویلپمنٹ اتھارٹی اس کو صرف ۱۲۰ روپیہ فی کنال خرید سکتی ہے اور وہ لیتی ہے مگر ایسے حالات میں آپ سے میں کچھ نہیں کہہ سکتا کیونکہ اس قانون سے آپ کا تعلق نہیں لیکن جو اراضی آپ نے انہیں معاوضہ کے طور پر ملتان اور منٹگمری کی کالونیز میں دی ہے تو وہ ان کے لئے موزوں نہیں ہے اور غریب بیچارے لوگ ادھر ادھر مارے مارے پھرتے ہیں اور پانی بھی انہیں کئی مقامات پر نہیں ملا اور نہ ہی ان کو اراضی ملتی ہے ۔ بالعموم ہمارے معاشرے میں رشوت کی لعنت سرایت کر گئی ہے جس کی وجہ سے وہ بیچارے کئی کئی دن اور مہینے صرف کرتے ہیں اور پھر بھی ان کو موزوں جگہ نہیں ملتی ۔ جس کی بنا پر وہ کئی کئی دن اور کئی کئی مہینے صرف کرتے ہیں ۔ پھر جب ان کو اراضیات ملتی ہیں ۔ تو وہاں پانی نہیں ملتا ۔

اسی طرح راول ڈیم کے متعلق میں نے پہلے بھی عرض کیا تھا ۔ جب منگلا ڈیم کے لوگوں کو متبادل اراضی دی گئی ہے ۔ تو راول ڈیم

کے لوگوں کا کیا قصور ہے ۔ کس قصور کے تحت ان کی آراضی لے لی گئی اور انہیں دوسری کالونیوں میں متبادل آراضی نہیں دی گئی جیسے کہ دوسرے متاثرین کو دی گئی ہے ۔ انہوں نے بہت عرضداشتیں دی ہیں مگر وہ سب غیر موثر ثابت ہوئی ہیں ۔

**حاجی گلاب خان شنواری** (پشاور ایجنسی-۲) (پشتو) ۔ جناب صدر صاحب ۔ میں اپنے علاقے کی ضروریات عرض کرنے سے پیشتر اپنا یہ فرض سمجھتا ہوں کہ جناب وزیر خزانہ کی خدمت میں بغیر کسی ٹیکس عائد کئے ہوئے ایک متوازن بلکہ فاضل بجٹ پیش کرنے پر مبارک باد عرض کروں ۔ میری یہ مبارکباد اور بھی زور دار ہوتی ۔ اگر وزیر موصوف قبائلی علاقے کی ترقی کی جانب قدرے زیادہ توجہ فرماتے ۔ کیونکہ ہم بھی مغربی پاکستان کے عوام کی طرح پاکستان کا ایک حصہ ہیں ۔ اور بھارت سے حالیہ جنگ کے دوران ہم نے ہر قسم کی جانی اور مالی قربانی کرکے اس امر کا ثبوت بہم پہنچا دیا ہے ۔ کہ ہماری موت و زیست پاکستان کے ساتھ ہی وابستہ ہے ۔ تو اگر پاکستان کے دیگر حصوں پر گرانقدر اخراجات کئے جا سکتے ہیں ۔ اور ان کی تعمیر و ترقی کے سلسلے میں بعض سکیموں پر کروڑوں روپے خرچ کئے جا سکتے ہیں تو پھر کوئی وجہ نہیں ہے کہ ہمارے علاقے میں کہ جہاں پر نہ تو زراعت کے لئے ہی کوئی وسائل موجود ہیں ۔ اور نہ تعلیم اور صحت کے بارے میں ہی ہمیں کوئی سہولتیں مہیا ہیں ۔ وہاں پر زیادہ رقوم ترقیاتی کاموں پر خرچ نہ کی جائیں ۔ مجھے اس سلسلے میں یہ عرض کرنا ہے کہ ہمارے علاقے میں اکا دکا سکول ہماری ضروریات کے پیش نظر بالکل ناکافی ہیں اس لئے لازم ہے کہ نہ صرف یہ کہ وہاں پر بچوں کی تعلیم کے لئے نئے سکول ہی کھولے جائیں ۔ بلکہ ہمارے علاقے میں ایک کالج بھی کھولے جانے پر ایک ہمدردانہ غور فرمایا جائے کیونکہ وہاں پر جو بچے موجودہ سکولوں کی تعلیم سے فارغ ہو جاتے ہیں ۔ تو وہ اپنی تعلیم جاری رکھنے کے لئے شہروں میں نہیں جا سکتے ۔ کیونکہ اولاً تو شہروں میں رہن سہن گران ہے ۔ اور دوئم' اس لئے بھی کہ اگر انہیں شہروں میں کسی کالج کے ہوسٹل میں بھی رہنا پڑے ۔ تو بھی وہ یک تو ان اخراجات کے متحمل نہیں ہو سکتے اور دوسرا یہ کہ وہ اپنے ہی وطن عزیز میں گھر سے بے گھر ہو جاتے ہیں ۔ اور پھر ایک وجہ یہ بھی ہے کہ ہمارے علاقے کے عوام اس قدر غریب ہیں ۔ کہ ہم ان کی

تعلیم کا بے پناہ خرچ برداشت ہی نہیں کر سکتے اس لئے حکومت کو چاہئے کہ ہمارے بچوں کو زیادہ سے زیادہ تعلیمی وظائف عطا کرے تاکہ ہم اپنے بچوں کو ترقی کے اس دور میں کم از کم اس قابل بنا سکیں کہ ایک طرف تو وہ سرکاری ملازمتوں میں زیادہ سے زیادہ حصہ لیں اور دوسری طرف اپنے ملک اور قوم کی خدمت کا موقع بھی انہیں فراہم ہو سکے اسی سلسلے میں میں یہ بھی گزارش کرونگا کہ پشاور میں صرف ایک ہی یونیورسٹی ہے جوکہ سابق صوبہ سرحد اور اس سے ملحقہ تمام قبائلی علاقے کی تعلیم کے انتظام کے لئے ذمہ دار ہیں لیکن مجھے نہایت افسوس کے ساتھ اس حقیقت کو آج بیان کرنا ہے کہ حکومت نے اس یونیورسٹی کو بہت ہی کم گرانٹ دی ہے اور آپ یقین کیجئے کہ اس گرانٹ سے ہماری یونیورسٹی ہمارے بچوں کی تعلیمی ضروریات کبھی بھی پوری نہیں کر سکے گی اس لئے امید ہے کہ حکومت اس سلسلے میں اپنی خصوصی توجہ اس جانب مبذول کرے گی ۔

علاوہ ازیں مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ باڑہ سکیم کے تحت ہماری بہت سی بنجر اراضی آباش ہو جائیگی اور اس طرح ہماری خوراک کا مسئلہ کسی قدر حل ہو جائیگا، اس لئے میں حکومت سے استدعا کرونگا کہ وہ اس سکیم کو جلد از جلد پایہ تکمیل تک پہنچائے تاکہ خوراک کے سلسلے میں ہمارے لئے ایک مستقل ذریعہ پیدا ہوسکے اور اسی سلسلے میں میں جناب وزیر مال کی خدمت میں بھی یہ عرض کرونگا کہ انہیں ہماری حالت کا اچھی طرح سے علم ہے کہ ہمارا تمام تر علاقہ پہاڑی ہے اور غلے کی پیداوار کے لئے ہمارا کوئی بھی وسیلہ نہیں ہے اور اسی وجہ سے ہمارے علاقے کے عوام غربت کا شکار ہیں تو اگر ان کی حالت زار پر رحم فرما کر انہیں بیراجوں میں اراضی الاٹ کی جائے تو یہ ہم لوگوں پر ایک ایسا احسان ہوگا جوکہ عمر بھر نہیں بھلایا جا سکے گا کیونکہ اس طرح ہم غلے کے لئے دوسرے لوگوں کی محتاجی سے نجات حاصل کرلیں گے مجھے امید واثق ہے کہ جناب وزیر مال ضرور اس پر ہمدردانہ غور فرمائیں گے ۔

اس کے علاوہ میں یہ عرض کرونگا کہ حکومت ایک سکیم پر فیصلہ کرنے کے متعلق غور کر رہی ہے جس کے تحت ریل کی پٹڑی افغانستان کے اندر لے جائی جائے گی ۔ اس ضمن میں میں یہ عرض کرونگا کہ آپ کو اس بات کا علم ہے کہ ہم مدت مدید سے

تجارتی مال افغانستان ٹرکوں کے ذریعہ لاتے لیجاتے رہے ہیں اور اس وقت بھی صرف ہمارے علاقے کے تین ہزار ٹرک بار برداری کے اس کام میں مصروف ہیں۔ لہذا اس مجوزہ منصوبے کو پایہ تکمیل تک پہنچایا گیا تو ہمارے وہ لوگ جو اس کاروبار سے اپنا پیٹ پالتے ہیں بیروزگار ہو جائیں گے اور یہ تین ہزار ٹرک بھی بے کار ہو جائیں گے علاوہ بریں سابق صوبہ سرحد کے آڑھتی، دوکان دار اور مزدور طبقہ اور تمام وہ لوگ جو کسی نہ کسی ذریعے سے افغانستان کے ساتھ براہ راست تجارت کر رہے ہیں وہ سب کے سب ہی برباد ہو جائیں گے۔ اس لئے حکومت کو ان لوگوں کے ذریعہ معاش کے بارے میں بھی خاص توجہ دینی چاہیے کیونکہ یہ فیصلہ سابق صوبہ سرحد، بلوچستان اور قبائلی علاقے کے عوام پر جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے اثر انداز ہو گا۔

اس کے علاوہ حکومت نے سمال سکیل انڈسٹریز کی سکیم بھی شروع کر رکھی ہے لیکن ابھی تک ہم قبائلی لوگ اس سے مستفید نہیں ہو سکے ہیں اس لئے سکیم ہمارے علاقے میں بھی شروع کی جائے تاکہ ہمارے غریب عوام کو روزگار کا ایک نیا ذریعہ نصیب ہو سکے اور ہم اپنے بال بچوں کی صحت، تعلیم اور دیگر ضروریات کا خاطر خواہ انتظام کر سکیں۔

علاوہ ازیں لنڈی کوتل کے ہسپتال کو وسعت دینے کی سکیم کی منظوری تو دی جاچکی ہے، جس کے لئے ہم حکومت کے شکر گزار ہیں، لیکن ابھی تک اس سمت میں کوئی قدم نہیں اٹھایا گیا ہے اس لئے میں جناب وزیر صحت سے مودبانہ استدعا کرونگا کہ وہ اس سلسلے میں ضروری اور فوری اقدامات کریں کیونکہ آپ کو معلوم ہے کہ ہم اس وجہ سے کسقدر مصائب میں مبتلا ہیں اپنی تقریر ختم کرنے سے پیشتر میں ایک اور ضروری اور اہم امر کی طرف بھی حکومت کی توجہ منعطف کراؤنگا اور وہ یہ ہے کہ ہمارا Tribal Allowance اور ''مواجب'' اس قدر کم ہے کہ جب ان رقوم کی تقسیم متعلقہ گھرانوں میں کی جاتی ہے تو وہ ہر ایک کے حصہ میں دو دو چار چار روپے ہی آتے ہیں اس لئے میں حکومت سے پر زور مطالبہ کرونگا کہ ہماری Tribal Allowance اور مواجب کی رقوم میں مناسب اضافہ کر دیا جائے۔

آخر میں میں ایک بار پھر جناب وزیر خزانہ کی خدمت میں ایک نہایت ہی اچھا اور متوازن بجٹ پیش کرنے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں اور ساتھ ہی یہ امید بھی کرتا ہوں کہ وہ میری ان گزارشات پر ضرور غور فرمائیں گے۔

**مسٹر جلال الدین خان** (پشاور۔ ۲)(پشتو)—جناب صدر — میں وزیر خزانہ صاحب کو ایک متوازن بجٹ پیش کرنے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

**وزیر خزانہ**—جب آپ اردو بول سکتے ہیں تو تقریر اردو میں کیوں نہیں کرتے۔

**مسٹر جلال الدین خان** (پشتو)—جب آپ اردو بول سکتے ہیں اور انگریزی میں تقریر کرتے ہیں تو اگر میں پشتو میں اپنے خیالات کا اظہار کروں تو کیا حرج ہے۔

جناب والا۔ میرے علاقے کو جو تکالیف درپیش ہیں میں ان کے متعلق اس معزز ایوان میں کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں ہمارے علاقے کا انحصار کم و بیش بارشوں پر ہے اور اگر بارش ہو جائے تو ہماری فصلیں بھی ہو جاتی ہیں ورنہ وہاں پر کوئی فصل اگ ہی نہیں سکتی۔ اس لئے میں وزیر خزانہ کی خدمت میں گزارش کرونگا کہ وہ از راہ کرم ہمیں وہاں پر ٹیوب ویل لگانے کے لئے اس بجٹ میں رقم مہیا کریں۔

دوسری اہم تکلیف وہاں پر سڑکوں کی ہے وہاں سڑکیں تمام کی تمام کچی ہیں اور آمدورفت کے قطعاً ناقابل ہیں اور اگر کہیں بارش ہو جائے تو ان پر کم از کم دس دن تک آمدورفت ناممکن ہو جاتی ہے۔ اس لئے وہاں سڑکوں کو پختہ کرنا بے حد ضروری ہے جس کے لئے میں مودبانہ درخواست کرونگا کہ اس میزانیے میں اس مقصد کے لئے روپیہ فراہم کیا جائے میں آپ کی وساطت سے تمام وزراء صاحبان کو التجا کرونگا کہ وہ اس پر غور فرمائیں اور ہمیں سڑکوں کے لئے رقم مہیا کریں۔

**وادا پھول محمد خان**— جناب سپیکر۔ میں وزیر صحت سے عرض کرونگا کہ تقریر ان کی زبان میں ہو رہی ہے۔ اگر تکلیف کرکے ساتھ ساتھ ترجمہ کر کے ہمیں اس کا مطلب بتاتے جائیں تو ہم بھی سمجھ سکیں۔

**وزیر صحت** — سمجھانے والے بیٹھے ہوئے ہیں

**مسٹر جلال الدین خان** (پشتو) - جناب صدر - اس طرح ہمارے علاقے میں سکولوں کی حالت بھی انتہائی ناگفتہ یہ ہے اور وحدت مغربی پاکستان کو قائم ہوئے کئی برس گزر چکے ہیں لیکن نہ تو وہاں پر کسی مڈل سکول کو ہائی سکول کا درجہ دیا گیا ہے اور نہ ہی پرائمری سکول کا درجہ بڑھا کر اسے مڈل سکول کیا گیا ہے -اس لئے میں آپکی وساطت سے وزراٗ صاحبان کی خدمت میں درخواست کرونگا کہ وہ شری کیدہ کے مڈل سکول کو ہائی سکول ارمڑ پایان کے سکول کو ہائی سکول اور زاخیل کے پرائمری سکول کو مڈل سکول کا درجہ دینے کے متعلق ہمدردانہ غور فرمائیں کیونکہ یہ بہت اہم مسئلہ ہے اور وہاں کے بچوں کی تعلیم کو بہت نقصان پہنچ رہا ہے - ہمارے اس تمام علاقے میں صرف ایک ہائی سکول ادے زئی کے مقام پر واقع ہے جو ہماری تعلیمی ضروریات کا کفیل نہیں ہو سکتا اور جو بچے اس ہائی سکول سے فارغ التحصیل ہو جاتے ہیں تو پھر اپنے گاؤں سے دور شہر میں جاکر مزید تعلیم حاصل کرنا پڑتی ہے جو ہم غریب لوگوں پر اسقدر بوجھ کا باعث ہوتا ہے کہ ہم اسے برداشت نہیں کر سکتے اس لئے میں حکومت سے التماس کرونگا کہ اس مقام پر ایک انٹرمیڈیٹ کالج کھولنے کے بارے میں نہایت ہمدردی کے ساتھ غور فرمائیں -

اس کے علاوہ میں بجلی کے متعلق یہ گزارش کرونگا - کہ سابق صوبہ سرحد کی حکومت نے ہم پر بڑی مہربانی کی تھی ، لیکن اب کچھ عرصہ سے وہاں پر حکومت نے پندرہ فیصد surcharge لگا دیا ہے جسکی وجہ سے وہاں کے غریب زمیندار نہ تو پمپ ہی لگا سکتے ہیں - اور نہ ٹیوب ویل - چونکہ اس علاقہ میں غربت اور افلاس بہت زیادہ ہے - اس لئے مہربانی فرما کر سابق صوبہ سرحد پر عائد کردہ مذکورہ پندرہ فیصد surcharge معاف کر دیا جائے ، کیونکہ اس سے وہاں کی زراعت کو بیحد نقصان پہنچا ہے -

جناب والا - اسکے علاوہ مجھے ایک اور اہم گزارش بھی کرنی ہے - کہ ہمارے قبائلی علاقہ اور Settled Area کے درمیان کافی عرصہ سے ایک تنازعہ چلا آرہا ہے - اور جسکی وجہ سے وہاں پر ہمیشہ قتل، مقاتلہ اور خونریزی ہوتی ہے - اور جسکی طرف میں نے وزراٗ صاحبان کی توجہ اس ایوان میں سوالات پوچھ کر بھی دلائی تھی - اور ان سے زبانی بھی اس سلسلے میں گفتگو کی تھی - لیکن

ابھی تک اس پر کچھ غور بھی نہیں کیا جا سکا ہے - اب میں آپکی وساطت سے وزراء صاحبان کو پر زور درخواست کرونگا کہ وہ ان لوگوں کو اس خونریزی اور جانی نقصان سے بچانے کے لئے فوری طور پر حکم جاری کریں - وہ تنازعہ اس لئے ہے کہ وہاں کا جو علاقہ وارسک ڈیم کے تحت آگیا ہے - تو وہاں لوگوں کو چونکہ اس بات کا احساس ہے کہ وہ علاقہ سیراب ہو جائیگا - اس لئے اس زمین پر جوکہ سیراب ہونی ہے - قبائلی علاقہ اور Settled Area کے لوگوں کے درمیان تنازعہ ہو رہا ہے اور یہ انتہائی ضروری اور اہم مسئلہ ہے - اسکو جلد ازجلد حل کیا جائے -

دوسری گذارش یہ ہے کہ وارسک ڈیم کے تحت جو زمینیں آئی ہیں - وہ سب کی سب ''شاملات،، ہیں ، لیکن ان شاملات کا تصفیہ ابھی تک نہیں ہو سکا - اور اس وجہ سے وہاں پر اکثر جھگڑے ہوتے رہتے ہیں - اسلئے حکومت کو چاہیئے - کہ وہ ایک فوری حکم کے ذریعے ان شاملات کا جلد از جلد فیصلہ کرادے ، تاکہ اس طرح پیداوار میں بھی اضافہ ہو گا اور خوراک کے مسئلے کو حل کرنے میں بھی کافی مدد ملے گی -

**مسٹر سپیکر ڈپٹی سپیکر** — آپ تقریر جاری رکھیں -

**مسٹر محمد اسلم خان خٹک** — پوائنٹ آف آرڈر - جناب والا - میں تجویز کروں گا کہ معزز ممبر کی تقریر کا خان مکرم خان صاحب ترجمہ کر کے مطلب بتادیں -

**راذا پھول محمد خان** — جناب والا - میرے محترم بزرگ خٹک صاحب اردو اور پشتو دونوں زبانیں جانتے ہیں وہ اس کا ترجمہ کر دیں -

**مسٹر سپیکر ڈپٹی سپیکر** — جلال دین صاحب آپ نے تقریر ختم کر دی ہے -

**مسٹر جلال الدین خان** — جناب ممبر صاحبان پوائنٹ آف آرڈر اٹھا رہے ہیں - تو میں کیا کروں - بہرحال میں آپکی وساطت سے وزیر صاحب برائے محکمہ تعمیرات عامہ کی خدمت میں ایک بار پھر یہ عرض کرونگا کہ کوہ دامان کی سڑک - تنی - شمشتو روڈ جسکے لئے میں نے بارہا عرض کیا ہے کہ اس سڑک کے کناروں پر تقریباً ساڑھے چار لاکھ قبائلی اور Settled Area کے لوگ آباد ہیں -

اگر معمولی سی بارش یا کوئی اور گڑبڑ ہو جائے - تو اس پر دس دس دن تک آمدورفت نہیں ہو سکتی - اور ٹریفک بالکل بند ہو جاتی ہے - یہ ان لوگوں کے لئے ایک بہت اہم اور ضروری سڑک ہے - اسکی طرف وہ ضرور توجہ فرمائیں - اسکے علاوہ میں نے جناب وزیر تعلیم کی توجہ جن تین سکولوں کی طرف مبذول کرائی ہے - امید ہے کہ وہ اس پر ہمدردانہ غور فرمائیں گے اور اسی بجٹ کے دوران میں ہمیں یہ تینوں سکول مرحمت فرما دیں گے -

آخر میں میں ایک بار پھر جناب وزیر خزانہ کو اس اچھے اور متوازن بجٹ کے پیش کرنے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں -

**رئیس عطا محمد خان مازی بلوچ** (سانگھڑ - ۲) — جناب عالی — سب سے پہلے میں جناب شیخ مسعود صادق صاحب وزیر خزانہ کو متوازن بجٹ پیش کرنے اور اس میں نئے ٹیکس کو شامل نہ کرنے پر مبارک باد پیش کرتا ہوں - (ہیئر - ہیئر)

جناب والا - اس کے بعد میں اپنے علاقہ کے چند مسائل اس ایوان میں اور وزراء صاحبان کی خدمت میں پیش کرنا چاہتا ہوں - میرا علاقہ ضلع سانگھڑ ہے اور ضلع سانگھڑ پسماندہ علاقوں میں ایک ہے - یہاں سب سے زیادہ ضرورت مواصلات کے نظام کو سدھارنے کی ہے - جناب والا - شہر سانگھڑ ضلع کا ہیڈ کوارٹر ہے اور یہ تعجب کی بات ہے کہ یہ ریل کے ذریعہ سے کسی بھی شہر سے ملا ہوا نہیں ہے - جھول سٹیشن جو سانگھڑ سے صرف ۶ میل دور ہے اس کو اس کے ساتھ ملانے کیلئے پروگرام بنایا جائے - پہلے اس کے بارے میں سروے کا کام بھی ہوا تھا مگر اس پر عمل درآمد نہیں ہوا ہے -

جناب عالی - ٹنڈو آدم سانگھڑ کا تجارتی مرکز ہے - اگر ٹنڈو آدم سے سانگھڑ جایا جائے تو پکی سڑک صرف ایک ہے جسکا فاصلہ تقریباً ۴۰ میل کا پڑتا ہے - کیونکہ براستہ شاہ داد پور چکر لگا کر جانا پڑتا ہے اگر کوئی سیدھی سڑک تعمیر کی جائے تو یہ فاصلہ کئی گنا کم ہو سکتا ہے -

جناب والا - میں نے ایک سوال میں بھی پوچھا تھا کہ ٹنڈو آدم کو سانگھڑ کے ساتھ ریل کے ذریعہ ملانے کا کوئی منصوبہ ہے تو اس کا جواب وزیر ریلوے جناب ملک محمد حیات خان صاحب ٹمن نے نفی میں دیا تھا -

جناب عالی ۔ ہمارا ضلع چونکہ زراعتی ضلع ہے اور یہاں پر لوکل بورڈ نے راستے بنائے ہوئے ہیں جن کے ذریعہ چھوٹے چھوٹے گاؤں مارکیٹوں سے ملے ہوئے ہیں ۔ ان راستوں کی صحیح طریقے سے دیکھ بھال نہ کرنے کی وجہ سے سڑکوں کے نام و نشان تک مٹ گئے ہیں ۔ جس کی وجہ سے کاشتکاروں کو اپنا غلہ اور کپاس وغیرہ لے جانے میں کافی دقت کا سامنا کرنا پڑتا ہے ۔

جناب والا ۔ ایک راستہ بیرانی سے شہدادپور تک ہے جس سے بیرانی اور شہداد پور کا فاصلہ صرف ۱۰ میل ہے چونکہ اس راستہ کا نام و نشان تک مٹ گیا ہے اس لئے بیرانی سے شہدادپور جانے کیلئے ۲۲ میل کا چکر لگا کر جانا پڑتا ہے ۔ جناب عالی ۔ اس راستے پر تقریباً ۱۵ چھوٹے چھوٹے گاؤں آباد ہیں جن کے باشندوں کو نہایت ہی تکلیف کا سامنا کرنا پڑتا ہے ۔ تو میری یہ گذارش ہے کہ اس راستے کو پختہ بنایا جائے اگر یہ ممکن نہ ہو تو کم از کم اس کو کچا ہی بنا دیا جائے ۔ جناب والا ۔ اس راستہ میں پل تک مسمار ہو گئے ہیں اس کی دوبارہ تعمیر کی جائے ۔ تاکہ یہ راستہ آمدورفت کے قابل ہو سکے ۔

جناب والا ۔ ایک اور راستہ اسی قسم کا ہے جو ٹنڈو آدم سے ہوٹ شاہ کو جاتا ہے اس راستہ کی بھی بری حالت ہے اور آمدورفت کے قابل نہیں ہے ۔ اس راستہ پر بہت سے گاؤں آباد ہیں ان کے لئے کوئی اور آمدورفت کا ذریعہ نہیں ہے ۔ لہذا میری گذارش ہے کہ اس سڑک کو پختہ تعمیر کیا جائے ۔

جناب عالی ۔ بیرانی سے ایک اور سڑک جھنڈو سری کو جاتی ہے اس سڑک کا بھی نام و نشان مٹ گیا ہے اس سڑک کو اگر پختہ بنانا ممکن نہ ہو تو اسکو کچا ہی بنا دیا جائے ۔ اس پر مٹی وغیرہ ڈلوا کر اسکی مرمت کی جائے ۔ اور جو پلیاں وغیرہ ٹوٹ گئیں ہیں ان کی مرمت کی جائے ۔

جناب والا ۔ ایک سڑک ٹنڈو آدم سے میر پور خاص کے درمیان بنانے کا پروگرام تھا جس کے لئے زمین وغیرہ بھی حاصل کر لی گئی تھی لیکن اس پر ابھی تک کوئی کام شروع نہیں ہوا ۔ جناب عالی اس قسم کے کافی اور بھی راستے ہیں جس کا باقاعدہ سروے کرایا جائے ۔ جن راستوں کی خستہ حالت ہے ان کی مرمت کرائی جائے اور

جہاں پکی سڑکوں کی ضرورت ہے وہاں پکی سڑکیں بنائی جائیں ۔

جناب والا ۔ اسکے علاوہ آمدورفت کے متعلق ایک اور گذارش ہے ۔ اور وہ یہ ہے ۔ کہ جڑاؤ اور بات نہروں پر جو پل بنے ہوئے ہیں ۔ وہ بہت ہی پرانے ہو گئے ہیں ۔ اور انکی حالت خطرناک ہو گئی ہے ۔ اور انکی مرمت کی طرف کوئی توجہ نہیں دی جاتی ان میں سے ایک آدھ ہو تو بھاری ٹریفک کو گزرنے کی اجازت ہی نہیں دی جاتی ۔ اس لئے ان کو یا تو دوبارہ تعمیر کیا جائے ۔ یا جو قابل مرمت ہوں ۔ ان کی مرمت کی جائے ۔ اسکے بعد میں سیم اور تھور کے متعلق کچھ عرض کرونگا ۔ جناب والا ۔ ہمارے جڑاوں بان اور کیرو کیٹ نالوں کے دونوں طرف سیم بہت زیادہ بڑھ گئی ہے ۔ اور کئی ہزار ایکڑ اراضی اسقدر ناکارہ ہو گئی ہے ۔ کہ وہ کاشت کے بالکل ناقابل ہو گئی ہے ۔ اور بنجر ہو گئی ہے ۔ اس لئے حکومت کو چاہیئے ۔ کہ سیم اور تھور کے انسداد کے لئے کوئی موثر قدم اٹھائے ۔ اور کسی ٹھوس پروگرام کے تحت کام کرے ۔ تاکہ آباد کار اپنی اراضی سے پورا پورا فائدہ اٹھا سکیں ۔

جناب والا ۔ اسی طرح ہمارے ضلع میں تعلیم کا بھی کوئی خاطر خواہ انتظام نہیں ہے ۔ کئی دیہات ایسے ہیں ۔ کہ جہاں سے بچے کئی میل پیدل چل کر سکولوں کو جاتے ہیں ۔ اس لئے میں یہ گذارش کرونگا کہ اگر ایسے دیہات ہوں ۔ جو سکول کی عمارت کا خود ہی بندوبست کر سکیں ۔ تو ان کے لئے فوری طور پر پرائمری سکول کھول کر دیا جائے ۔ اسکے علاوہ لڑکیوں کی تعلیم کی طرف بھی فوری توجہ دینی چاہیئے ۔ اور اس سلسلے میں میں یہ گذارش کرونگا ۔ کہ ہر یونین کونسل میں لڑکیوں کے لئے پرائمری سکول کھولے جائیں ۔ اور صحت کے بارے میں یہ گذارش کرونگا ۔ کہ ہر یونین کونسل میں ایک دیہی صحت کا مرکز قائم کیا جائے ۔ اور دواؤں کا خاطر خواہ انتظام کیا جائے ۔ اور ہر یونین کونسل میں مویشیوں کے لئے بھی ایک ایک ہسپتال قائم کیا جائے ۔ شکریہ ۔

**Mr. Mazhar Hussain** (Dadu I) : Mr. Speaker, Sir, the Budget introduced by the worthy Finance Minister without taxes is a Budget of wisdom. Sir, I paid the same compliments to the Finance Minister during the last supplementary Budget which also was a tax free Budget. I have found in this House that certain Members from the Opposition side have not tolerated the Finance Minister being congratulated on the job—a creditable job—of introducing a Budget which is really an

uncommon Budget and reflects the wisdom of the Finance Minister. After all if anybody is worthy of any credit he should be given that credit.

Having very little time at my disposal I would now like to express my views on the present Budget. I have found that in the allocation that has been made region-wise the region of Sind has been given twenty-seven crores and some lakhs in the present Budget. This twenty-seven crores and some lakhs is less than last year allocation and also less than the allocation of the year before last. Last year this region of Sind was given thirty-one crores and the year before last it was given twenty-nine crores. Now this cut of five crores would adversely affect the development programme in the region of Sind which is already a backward region. I had said in my last Budget speech that the backward regions should be given as much as possible so that they should be able to develop to the extent of the developed regions. Sir, people living in the under-developed regions have got a right to the same facilities and amenities of life as people living in the developed regions. People living in the backward regions are subjected to the same kind of taxes and income from those regions is as much as the income from developed regions. I do not find any reason why then there should be this step-motherly treatment that so much should be allotted to this region and so much to that region. The allotment of the amount in the Budget should be made according to the necessities and needs of a particular region and not in a haphazard fashion. Now, Rupees twenty-seven crores may not be sufficient for the development of Sind Region. My submission, therefore is that before the Budget is introduced in this House there should be investigations in every region and difficulties of every region must be found out and the development programme should be formulated in accordance with the needs, difficulties and requirements of that particular region. If that is done it will be a praise-worthy Budget and then there should be nobody in the House who shall have reason to grumble or express his grievance.

Going through the Budget I have found that in the programme for the former region of Sind in Communications for example— I feel that there is nothing in particular and nothing substantial is given in the Communications Department. I have found that most of the amount is being spent on the construction of buildings. I feel that people who are in need of food, money and other amenities of life do not need places to live in. They need food and facilities for the development and uplift of their region. They need certain facilities and development programmes which should rather make their life more comfortable. Instead of construction of buildings there should have been a programme for the construction of roads, because construction of roads is helpful to the economy of the people. There are two big roads in the former regions of Sind one of them is the Indus High way on which construction work is in progress since 1947 and till today I would say, to the surprise of the House, it has not been completed. Whatever has been done is being undone because of the passage of heavy traffic on that highway and if immediate steps are not taken to have it repaired, I feel that, a vast portion of that road will disappear. That road is of strategic importance also and it has become impassable within a period of a year or two after its completion. Not only this road but also the link roads and small roads programme is not found in the present Budget. I feel that the roads that are already there is something of the remote past and there is no programme for the construction of new roads in the present Budget. Therefore, I say that on the communications side nothing has been done in this region.

Coming to the other aspect—Agriculture and Irrigation-there has been some programme in the present Budget for the Guddu Barrage but I find that land commanded by the Sukkur Barrage is completely neglected. There is no programme of irrigation schemes in the Sukkur Barrage area where vast lands are lying uncultivated because of lack of irrigation facilities. I had suggested in the last supplementary Budget that small irrigation schemes should be implemented in the Sukkur Barrage land so that a large portion of land should be brought under cultivation. I find that in the district of Dadu this Guddu land is still lying unirrigated. Although there were some schemes on paper which I find here in the Budget, it

is said that these schemes will be implemented. People are anxiously waiting for these schemes to be implemented. They have not been implemented so far. I do not know how long it will take.

**Mr. Senior Deputy Speaker :** Please try to conclude.

**Mr. Mazhar Hussain :** Alright Sir.

Sir I feel that our country is an agricultural country and in order to be self-sufficient in foodstuff we should have got irrigational programme; some irrigational schemes in the shape of dams, in the shape of tanks and lifts, so that the vast lands which are beyond the command of the barrage, should be brought under cultivation.

On the education and health side, Sir, I would suggest that there is a great need for having medical institutions. Stress should be laid more on the technical education than on any other education because technical education solves the difficulties of the people. I have found that there is a dearth of doctors and medical hands. So many hospitals are there but this country has got no trained doctors and those hospitals are under the charge of compounders, and they are not able to perform their duties properly. Therefore, there should be some technical institutions. Instead of primary and secondary schools, instead of constructing buildings for colleges and other educational institutions, I feel some technical institutions, like the medical and engineering institutions, should be opened so that the shortage of technical hands should be overcome.

**چوہدری محمد سرور** (سیالکوٹ - ۳) — جناب والا - میں فاضل وزیر خزانہ کو مبارک باد پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے انتہائی مشکل اور نامساعد حالات میں ، جبکہ گذشتہ سال صوبہ کے عوام جنگ اور خشک سالی کی ہولناکیوں سے نبرد آزما رہے ، اسوقت ایک متوازن اور نئے ٹیکسوں سے مبرا بجٹ پیش کر کے نہ صرف صوبہ کی مضبوط معیشت کو ظاہر کیا ہے بلکہ ملک اور صوبہ کی حکومت کی سلامت روی کو ظاہر کرنے میں بھی امداد کی ہے (نعرہ ہائے تحسین)

جناب والا - جب کوئی ممبر اس ایوان میں آئندہ مالی سال کے بجٹ پر تقریر کرنے کے لئے کھڑا ہوتا ہے تو اس کے پیش نظر دو زاویہ ہائے نگاہ ہوتے ہیں - ایک یہ کہ کیا یہ بجٹ ملکی ، صوبائی اور ملی تقاضوں کو پورا کرتا ہے اور دوسرے یہ کہ کیا یہ بجٹ اس حلقہ پر جس کا وہ نمائندہ ہے ، اثر انداز ہوتا ہے - جناب والا - ۶۷ - ۱۹۶۶ء کا یہ نئے سال کا بجٹ جہاں تک صوبائی اور ملکی حالات کا تعلق ہے ، یہ تمام تقاضے پورے کرتا ہے اور اس ضمن میں میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس پر حرف گیری کرنا ایک نا مناسب بات ہے - لیکن جب میں اپنے ضلع کے مخصوص حالات اور مخصوص ضروریات اور مخدوش حالات زندگی کو دیکھتا ہوں تو جناب والا - ایک خوفناک

قسم کی پریشانی مجھے لاحق ہو جاتی ہے۔ سیالکوٹ کا یہ ضلع انتہائی گنجان آبادی اور انتہائی قلیل زرعی زمین کے مالکان پر مشتمل ہے۔ اس کی دو تہائی آبادی غیر ملکی سرحدوں کے سامنے سینہ تانے کھڑی ہے اور اس ضلع میں آبپاشی کے نظام کو دیکھیں تو محسوس ہوتا ہے کہ شاید قبل از مسیح بھی یہی نظام تھا جو آج بھی رائج ہے یعنی بارش اور رہٹ۔ حالانکہ اہر چناب۔ راوی بیدیاں اور راوی مراله نام کی تین نہریں ضلع میں سے گزرتی ہیں لیکن اس کے باوجود اس بد نصیب خطہ ارضی کو ان نہروں میں سے ایک قطرہ آب بھی نصیب نہیں ہوتا۔ اور اس ضلع کو ان نہروں سے اگر تحفہ کے طور پر کوئی چیز ملی ہے تو وہ ہے سیم اور تھور کا تحفہ۔ اس کے علاوہ یہ ضلع دامن کوہ سے نزدیک تر ہونے کی وجہ سے اور نہروں میں ریتلی زمین کی وجہ سے ہر سال سیلاب کا نشانہ بنتا ہے۔ جس سے ہر سال لوگوں کی فصلیں۔ مویشی۔ چارہ اور مکانات متاثر ہوتے ہیں۔ اور کافی نقصان ہو جاتا ہے۔ اور میں یہ ظاہر کئے بغیر نہیں رہ سکتا کہ اس ضلع میں ہر سال نئے سرے سے rehabilitation کا کام کرنا پڑتا ہے۔ اور لوگوں کو ہر سال اپنی آباد کاری کی مہم چلانی پڑتی ہے جس کی وجہ سے انتہائی افلاس اس ضلع کے لئے مقدر ہو چکا ہے۔

جناب والا۔ وہ ساڑھے تین لاکھ افراد جو اس جنگ میں قطعی طور پر متاثر ہوئے تھے اور قلاشی محض ہو گئے تھے، ان کی داستان حیات سے اس ایوان میں کوئی ایسا آدمی نہیں، جس کو واقفیت نہ ہو۔ لیکن آج میں ان لوگوں کے متعلق ذکر کرنے لگا ہوں، وہ دو لاکھ انسان جو technically displaced persons war displaced persons نہیں کہلاتے اور حکومت کی طرف سے کو جو مراعات ملی ہیں، وہ ان سے مستفید نہیں ہو پاتے۔ بلاشبہ ان لوگوں نے اپنی عزت و آبرو محفوظ رکھی۔ بلاشبہ ان لوگوں نے اپنی جانیں محفوظ کر لیں لیکن میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ان کی فصلوں۔ مویشیوں اور چارے کو نقصان پہنچا ہے اور تمام تر باقی نقصانات کے باعث وہ اس جنگ سے اسی طرح متاثر ہوئے ہیں۔ جس طرح متاثرہ علاقوں کے لوگ۔ میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ اگر ساڑھے تین لاکھ قلاشی اور

متاثرہ لوگوں کے ساتھ یہ دو لاکھ بھی شامل ہو گئے تو یہ ساڑھے پانچ لاکھ انسان جو اس ضلع میں آباد ہیں ، یہ ضلع کی زبوں حالی میں اضافہ کریں گے ۔ لہذا میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ ان لوگوں کی اقتصادی زبوں حالی کو دور کرنے کے لئے فوری طور پر کوئی نہ کوئی قدم اٹھانا چاہیئے ۔

جناب والا ۔ سیالکوٹ کی بہت سی problems میں سے سب سے بڑی problem جو اسے در پیش ہے ، وہ آباد کاری کے سلسلہ میں ہے ۔ وہ لوگ جن کی زمینیں سرحدوں پر واقع ہیں یا وہ لوگ جن کی کوئی نہ کوئی جائداد ہے ان کے لئے اس ضلع کی سر زمین کچھ نہ کچھ کشش یا charm یا مجبوری کا باعث بن سکتی ہے لیکن میں خطرہ محسوس کر رہا ہوں کہ وہ لوگ جن کے لئے اس ضلع میں کوئی charm نہیں ہے ، جن کی کوئی جائداد نہیں ہے ، جو زرعی دستکار ہیں ، اور کسانوں کے ممد اور معاون ہیں ، وہ لوگ دوبارہ یہاں آباد ہونے کے لئے تیار نہیں ہیں اور اگرچہ میں سمجھتا ہوں کہ متاثرہ علاقہ میں ایڈمنسٹریشن نے پوری طرح نگاہ رکھی ہوئی ہے ، لیکن اس مخصوص علاقہ کے باہر جو سینکڑوں میل لمبی سرحد ہے ، وہاں لوگ واپس نہیں جا رہے ہیں یا جا رہے ہیں تو کوئی کام نہیں کر رہے ۔ وہ مکانات فروخت کر کے دوسرے علاقوں میں جا رہے ہیں ، جنہیں وہ زیادہ پر سکون اور محفوظ خیال کرتے ہیں اور وہاں اپنی محنت مزدوری شروع کر دیتے ہیں ۔ اور میں حکومت کے نوٹس میں یہ بات لانا چاہتا ہوں کہ اس ضلع کی زرعی پسماندگی جو اظہر من الشمس ہے اگر اس میں یہ بات مزید پیدا ہوگئی کہ زرعی دستکار جو کسانوں کے امدادی ہوتے ہیں ، وہ اب اس ضلع میں آباد نہ ہوئے تو میں سمجھتا ہوں کہ وہ اس ضلع کی زرعی پسماندگی کا آخری نقطہ زوال ہو گا ۔

جناب والا ۔ اس کے علاوہ یہ عرض کروں گا کہ اس ضلع میں جو سرکاری ڈسپنسریاں ، سرکاری سکول اور وٹرنری ہسپتال سرحدی علاقوں میں واقع ہیں ، حیرانگی کی بات ہے کہ گورنمنٹ کے ملازم وہاں جانے کے لئے تیار نہیں ہیں اور سالہا سال سے وہ ڈسپنسریاں ، ہسپتال اور سکول خالی پڑے ہیں ۔ متاثرہ علاقے کے علاوہ میں آپکو جسٹر کی مثال دیتا ہوں ۔ ڈیڑھ سال

ہے وہاں ڈسپنسری قائم ہے لیکن خالی پڑی ہے ۔ اسی طرح تمام سرحد پر ڈسپنسریاں خالی پڑی ہیں اور آج تک وہاں کوئی ڈسپنسر یا دوائی نہیں بھیجی گئی اور مجبوری یہ ظاہر کی جاتی ہے کہ وہاں کوئی آدمی جانے کے لئے تیار نہیں ۔

جناب والا ۔ سیالکوٹ کے مخصوص حالات ، جغرافیائی محل وقوع ، زرعی پسماندگی ، آبپاشی کے ناقص ترین ذرائع ، گنجان آبادی اور قلیل زرعی اراضی ، یہ تمام باتیں اس امر کی مقتضی ہیں کہ ایک ہائی پاور کمشن قائم کیا جائے ۔ جو اس ضلع اور اس علاقہ کے تمام حالات کا جائزہ لے اور تمام مسائل کو حل کرنے کے لئے بہ نظر عمیق دیکھے ۔ پھر حکومت کے پاس اپنی رپورٹ پیش کرے تاکہ اس علاقہ کو زبوں حالی سے نجات ملے ۔

جناب والا ۔ میں جناب وزیر تعلیم کی خدمت میں خاص طور پر یہ بات عرض کرنا چاہتا ہوں اور ان کے نوٹس میں یہ بات لانا چاہتا ہوں کہ خواتین کی یونیورسٹی کے متعلق غور فرمائیں ایسی یونیورسٹی امریکہ اور ہندوستان میں قائم ہے ۔یہ ملک ہم نے اسلامی نظریہ ۔ اسلامی کلچر اور اسلامی روایات کے نام پر حاصل کیا تھا لیکن اس کے باوجود یہاں اس بات کی ضرورت نہیں سمجھی گئی کہ یہاں پر ایک علیحدہ خواتین یونیورسٹی قائم کی جائے۔ یہ بات قطعی طور پر ظاہر ہے کہ یہاں پر ۷۰ فیصد آبادی ایسی ہے جو مخلوط تعلیم کو پسند نہیں کرتی ۔ اور اپنی بچیوں کو ان حالات میں تعلیم دینا مناسب نہیں سمجھتی ۔ اس لئے میں جناب ملک صاحب کی خدمت میں عرض کرتا ہوں ۔ وہ اس سر زمین کے ایک زیرک فرمود ہی نہیں بلکہ میں سمجھتا ہوں کہ وہ اپنے تمدن اپنی روایات اور اپنے کلچر کی وجہ سے ایک پرستار قسم کے آدمی ہیں جس طرح انہوں نے سکولوں میں ناچ اور گانے کو بہ یکہ جنبش لب بند کیا ہے ۔ اسی طرح خواتین کی یونیورسٹی کے معاملہ کو اس بجٹ سیشن میں پیش کر کے ملک کی اہم ضرورت اور تمدن کی بقا کی خاطر پاس کرا دیں گے ۔

**Mr. Senior Deputy Speaker** : Please conclude your speech now.

**چودھری محمد سرور خان** ۔ میں جلدی ختم کر دوں گا لیکن میرے ضلع کے مخصوص حالات جن سے اسے دو چار ہونا پڑا ہے ۔ میں چاہتا تھا کہ وہ تمام عرض کر دوں لیکن وقت کی کمی کے باعث صرف یہ عرض کروں گا کہ خواتین یونیورسٹی Old University Campus میں قائم کی جا سکتی ہے ۔ اس کے بعد یہ عرض کروں گا کہ لاہور اور سیالکوٹ کی جنگ کے سلسلہ میں ریڈیو سے مغنیوں نے بہت سے گیت اور نظمیں گائے یہ نغمے اور گیت سیالکوٹ کو زندہ رکھنے کے لئے اور لاہور کو دائم وقائم رکھنے کے لئے تھے ان میں سے بے شمار نغمے اب بھی زبان زد خلائق ہیں ۔ یہ سب کچھ ٹھیک تھا لیکن میں چاہتا ہوں کہ اب اس کی بجائے ان علاقہ جات کے باشندوں کی جنگی صلاحیت اور جذبہ حریت کو قائم رکھنے کے لئے ایک فوجی قسم کا ٹریننگ سنٹر جہلم اور حسن ابدال کے سکول کی طرح قائم کیا جائے اس قسم کے مرکز کی داغ بیل ان کے جذبہ حریت کو قائم رکھے گی اور یہ اعلان ہے اس عزم یقین اور حوصلہ کو بلند کرنے کا جو ان علاقوں کے لوگوں نے دشمن کا مقابلہ کرنے میں ظاہر کیا تھا ۔

ان علاقوں کی یہ اشد ضرورت ہے ۔ اس لئے اس پر ضرور غور کیا جائے ۔

**بریگیڈیر چودھری فتح خان** (راولپنڈی-۳)۔جناب سپیکر۔ شیخ مسعود صادق صاحب نے جو بجٹ ایوان کے سامنے پیش کیا ہے اس کے متعلق بہت کچھ اظہار کیا گیا ہے ۔ اپنوں نے تعریف کی اور مخالفین نے اس پر نکتہ چینی کی ہے جو کہ اصول کے مطابق تھی ۔ بہر حال اگر وہ نکتہ چینی کرنے سے پہلے اس بات کا احساس کرتے کہ پاکستان کس دور سے گذر رہا ہے اور ہمارے ہمسایہ ملک نے اپنا کیسا رویہ اختیار کر رکھا ہے تو ممکن ہے وہ کوئی نکتہ چینی نہ کرتے ۔

جناب والا ۔ پاکستان کے معرض وجود میں آنے سے پہلے وہ اس بات کے سخت مخالف تھے کہ پاکستان ایک علیحدہ سلطنت قائم ہو لیکن اللہ تعالی کے فضل و کرم سے یہ اسلامی

سلطنت قائم ہوئی - اس وقت سے ابتک انہوں نے ہر ممکن کوشش کی اور ذرائع اختیار کئے کہ کسی طرح یہ قائم نہ ہو۔ اب خدا کا شکر ہے کہ اس دور میں ہمارے رہنما صدر فیلڈ مارشل محمد ایوب خان قدرت کا ایک عطیہ ہیں ان کی قیادت میں پاکستانی قوم نے ہر قسم کی قربانیاں دی ہیں اور ہر قسم کی قربانی دینے پر کمر بستہ ہیں - اور پچھلے سال کی ۱۷ دن کی لڑائی نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ ہم اپنے سے کئی گنا زیادہ طاقت ور دشمن کو نہ صرف روکنے کی اہلیت رکھتے ہیں بلکہ اس کو منہ توڑ شکست بھی دے سکتے ہیں -

جناب والا۔ہمیں معلوم ہےکہ اب تک جبکہ ہندوستان والوں نے یہ رویہ اختیار کر رکھا ہے - اس کا ایک ہی حل ہے - کہ اگر ہم زندہ رہنا چاہتے ہیں تو ہمیں مکمل تیاری کرنی چاہئے - اگر ہم نے آئندہ اپنے آپ کو زندہ رکھنا ہے اور ہمیں اپنی نسلوں کو زندہ رکھنا مطلوب ہے تو ہر ممکن تیاری کریں اور اس کا ایک بار فیصلہ کریں تاکہ آئندہ ہندوستان کی دھمکیوں سے چھٹکارا پائیں - اس ضرورت کو پورا کرنے کے لئے حکومت جو کچھ ٹیکس عائد کرے - اور جتنا روپیہ وصول ہو دفاع پر خرچ کیا جائے - جو ترجمانی عوام کی خواہشات اور توقعات کی ترجمانی ہو گی - اگر آج تمام بجٹ دفاع پر خرچ کیا جاتا تو ہمیں اور زیادہ خوشی ہوتی بہرحال حکومت ہم سے حالات کو بہتر جانتی ہے اور زیادہ سوچ سکتی ہے - ہم سے جو کچھ ہو سکے گا ہم ہر قربانی کرنے کو تیار ہیں - اگرچہ انہوں نے دفاعی اخراجات کو ضرورت کے مطابق نکال لیا ہے اور پھر بھی ترقیاتی سکیموں کے لئے اس بجٹ میں گنجائش رکھی گئی ہے - اس پر طرہ یہ ہے کہ اس میں کسی بیرونی امداد کو کم از کم استعمال کیا گیا ہے - اس سے بھی بڑی خوبی یہ ہے کہ کوئی ٹیکس نہیں لگایا گیا اس لئے صرف ہم ہی نہیں بلکہ تمام مغربی پاکستان کے باشندے شیخ مسعود صادق صاحب کے شکر گذار ہیں اور ان کی خدمت میں ہدیہ تبریک پیش کرتے ہیں - اللہ تعالی کا یہ بھی شکر ہے کہ

اس آڑے وقت میں ہمارے گورنر ملک امیر محمد خان صاحب جو ایک مرد آہن ہیں اور جن پر ہم فخر کرتے ہیں انہوں نے صدر مملکت کے ہر اشارہ کو عملی جامہ پہنانے میں جو کام کیا ہے وہ اپنی مثال آپ ہیں ۔ اس کے بعد میں اپنے علاقہ کے متعلق چند گذارشات پیش کرنا چاہتا ہوں ۔ میں اپنے وزراء سے درخواست کروں گا کہ براہ مہربانی ہماری تکالیف پر غور فرمائیں ہمارے علاقہ میں سب سے بڑی تکلیف سڑکوں کی ہے ۔ آپ جانتے ہیں کہ جس علاقہ میں سڑکیں نہ ہوں وہ کبھی ترقی کے راستہ پر گامزن نہیں ہو سکتا ۔

میرا حلقہ نیابت تھانہ چونترہ تھانہ صدر بھرونی اور تحصیل گوجر خان ضلع راولپنڈی ہے ۔ اس علاقہ میں سڑکوں کی کمی ہے ۔ میرا تھانہ چونترہ جو کہ راولپنڈی سے دس پندرہ میل شروع ہو کر تیس چالیس میل اندر کی طرف پھیل جاتا ہے اور بالکل مرکز کے پہلو میں ہے ۔ اس کی ڈیڑھ لاکھ کی آبادی ہے اور یہ بہت زیادہ زرخیز ہے ۔ لیکن ابھی تک اس میں کوئی سڑک نہیں ۔ ۱۹۴۰ء سے لیکر اب تک ہم اس انتظار میں رہے ہیں اور ہم سے ہمیشہ وعدے ہوتے رہے ہیں ۔ بڑی مشکل سے جب ڈاکٹر خان صاحب کی حکومت تھی اس وقت انہوں نے ۱۰ لاکھ کی رقم پنڈی سے چکری تک سڑک بنانے کے لئے منظور کی ۔ ۱۰ میل کا ٹکڑہ تیار ہوا ۔ انہوں نے وعدہ تو کیا تھا کہ وہ دوسرے بجٹ میں ہمیں چکری تک سڑک بنوا دیں گے جو کہ اس علاقے کا مرکز ہے اور سب سے اہم مقام ہے مگر قدرت کو یہ منظور نہیں تھا اس کے بعد اب تک ڈویژنل کونسل سے ہمیں top priority مل رہی ہے ۔ ڈپٹی کمشنر اس سڑک کو زیادہ اہم قرار دیتے ہیں ۔ جتنے کہ اب اس علاقہ کو مرکز کی ضروریات پورا کرنے کے لئے چنا گیا ہے ۔ اور چیئرمین ایبڈو سی نے بھی اس سڑک کی سفارش کی ہے ۔ پچھلے دفعہ وزیر مواصلات نے بھی وعدہ کیا تھا کہ آئندہ بجٹ میں ہم غور کریں گے ۔ ہم ہنگامی حالات کی وجہ سے انہیں مجبور نہ کر سکے ۔ گو انہوں نے اب بھی اپنا

وعدہ دھرایا ہے ۔ اللہ کرے کہ وہ دن آئے کہ بجٹ میں ہمارے لئے بھی گنجائش ہو ۔ اگر چکری تک سڑک بن جائے اور اس کے بعد بیس پچیس میل کا ٹکڑہ آگے تلہ گنگ تک ملا دیا جائے تو میں یہ عرض کروں گا کہ تمام لائل پور سرگودھا میانوالی اور تمام دور کے جتنے مقامات ہیں وہ نزدیک ترین راستہ سے ہو کر راولپنڈی پہنچیں گے جو کہ آج کل ہمارا مرکز ہے ۔

میں ان سے گذارش کروں گا کہ وہ ہماری گذارشات پر غور فرمائیں ۔ ایک اور سڑک مندرہ سے چکوال تک موجود ہے یہ بھی نہائت اہم ہے اس پر بھی اسی طرح ٹریفک چھوٹے راستے سے ہو کر پنڈی تک پہنچ سکتا ہے ۔ اس کے علاوہ پچھلی دفعہ یہاں پر میرے ایک سوال کے جواب میں بتایا گیا تھا جب میں نے یہ دریافت کیا تھا کہ بھگام گوجر خان روڈ پر تعمیر کا کام کب شروع ہوا تو مجھے بتایا گیا تھا کہ جون ۱۹۶۵ء سے اس پر کام شروع ہو چکا ہے مگر اندازاً دو ماہ کا عرصہ ہوا کہ میں وہاں گیا تھا تو اس پر کوئی کام نہیں شروع ہوا تھا اس کے علاوہ ایک اور سڑک کے متعلق وزیر مواصلات نے فرمایا تھا جو چھان سے چونترہ براستہ لادیاں ۵۔ میل کا ٹکڑہ ہے جس کے لئے انہوں نے پہلی قسط بھی بھجوا دی تھی مگر ہنگامی حالات کے تحت یہ کام بند کرنا پڑا ۔ تو میں عرض کروں گا کہ ان سڑکوں پر توجہ فرمائیں اگر ان کے لئے گنجائش پیدا کی جائے تو عوام بہت مشکور ہونگے کیونکہ ان کے لئے یہ سڑکیں بہت اہم ہیں ۔

دوسری عرض میں سکول کے متعلق کروں گا کہ ہمارے علاقہ چونترہ میں دو ہائی سکول ہیں اور تین ہائی سکولوں کے لئے ڈسٹرکٹ کونسل نے سفارش کی ہے میں عرض کروں گا کہ ڈیڑھ لاکھ کی آبادی ہے اگر آپ ان پانچ ہائی سکولوں میں ایک کو انٹرمیڈیٹ کا درجہ دیدیں تو بڑی عنایت ہو گی کیونکہ راولپنڈی تک جانے کے لئے کوئی

ذرائع نہیں ہے یہ فوجی علاقہ ہے اور اس کی بہت ضرورت ہے پرائمری سکولوں کی عمارتوں کے لئے میں عرض کروں گا کہ پہلے جتنی بھی پرائمری سکولوں اور مڈل سکولوں کی عمارتیں تھیں وہ حکومت کی طرف سے تھیں اور بعد ازاں عوام نے اپنی مدد آپ کے تحت عمارتیں تعمیر کیں جو سکول والوں نے اپنی تحویل میں لے لیں مگر بہت عرصہ سے کسی قسم کی مرمت کا کام نہیں ہوا ہے نتیجہ یہ ہو رہا ہے کہ بہت سی عمارتیں گر رہی ہیں - جب یہ سکول ڈسٹرکٹ انسپکٹر کی طرف رجوع کرتے ہیں تو وہ یہ جواب دیتے ہیں کہ یونین کونسلوں کے چیئرمینوں سے ملکر انکی مرمت کروا لو -

**Mr. Senior Deputy Speaker :** Please conclude your speech.
آپ نے دس منٹ سے زیادہ لے لئے ہیں -

**بریگیڈیر چودھری فتح خان**—یونین کونسلوں کے پاس کوئی بجٹ نہیں ہے نتیجہ یہ ہے کہ نہ یونین کونسلیں کر رہی ہیں اور نہ حکومت کر رہی ہے اگر یہ سکول کی عمارتیں گر گئیں تو دوبارہ تعمیر نہ ہو گی اور پرائمری ایجوکیشن کو سخت نقصان پہنچے گا -

اب میں صحت کے متعلق کچھ عرض کروں گا ہمارے تھانے چونترہ میں پانچ ڈسپنسریاں ہیں لیکن کسی میں کوئی ڈاکٹر نہیں ہے چکری provincialised ڈسپنسری ہے ۱۹۴۷ء سے پہلے سے ہمیشہ وہاں ڈاکٹر رہا کرتے تھے لیکن سنہ ۱۹۴۷ء سے اب تک کوئی ڈاکٹر نہیں گیا - ہم نے ڈائرکٹر صاحب سے درخواست کی تو انہوں نے کہا کہ ہمارا علاقہ چونکہ اس قسم کا ہے کہ وہاں ڈاکٹروں کے لئے کوئی سہولتیں نہیں ہیں نہ سڑکیں ہیں نہ رہائش کا کوئی انتظام ہے اس لئے کوئی ڈاکٹر وہاں جانا پسند نہیں کرتا تو ان کو سہولتیں حکومت فراہم کرے گی یا ہمیں پوری کرنی ہیں - مہربانی سے کوئی ایسی صورت اختیار کی جائے کہ دیہاتوں میں بہ ڈاکٹر رہ سکیں اور میں یہ بھی عرض کروں گا کہ دیہات کی آبادی ۸۰-۸۵ فیصد ہے اگر دیہاتوں میں ڈاکٹر نہ ہونگے تو یہ چیز عوام کے لئے انتہائی مشکلات کا باعث ہوگی کیونکہ دیہاتیوں کے لئے دور دراز مقامات پر جانا مشکل ہے -

**Dr. Mrs. Ashraf Abbasi** (P. W. 152 Zone II): Mr. Speaker Sir, the time at my disposal is so short that when I look at the vastness of the subject, I just feel as what to touch and what not to touch. Sir, after extending my hearty congratulations to the Finance Minister and the concerned authorities who took so much trouble in giving us these figures of the balanced budget, I just want to make certain humble submissions.

Sir, I was going through the annual report of the Working Paper of the West Pakistan Public Service Commission for the year 1965.On page 9, Chapter 3 it is clearly written that so many cases of promotions had to be closed because the various Departments did not furnish the requisite information and the documents. Sir, this very well reflects on the negligence on the part of the Departments concerned. Sir, you know, a Government Servant, however big or small he may be, of course, has a right of promotion and if these requisite informations are not sent to the Public Service Commission in time, then, of course, they will suffer and in the long run they become so frustrated that tnat tells even upon their health and lives. Sir, here I would like to make one suggestion. As, Sir, the Finance Department at the end of the year, presents budget in the Assembly feeling a sense of responsibility that they have to do certain things in a certain period, similarly every department should be made to come out with a Working Paper showing as to how many cases of promotion and transfer etc., are pending with them, including other things. You will please appreciate that there are so many people staying for as long as ten years or so at one place while the other people who have no say in the Departments, they are thrown out at very unattractive places for years together. So if this Working Paper is presented by all the Departments then of course, they will also know their responsibility and we will also be in the better know. It will only then be reflected in the mirror and we will know what could be done and what could not be done. Sir, here we are already spending huge amounts on the Establishments and if even these minor things cannot be looked into, then what these departments are meant for.

Sir, I would like to touch another point also here. Sir, we know that most of our development programmes are financed out of foreign aid. Of course, every developing country has to take foreign aid otherwise things become rather impossible to go ahead. But Siris not it our duty to find out better terms for the same and choose such a country. Of course there are many countries who want to give us aid. But these donor countries also see their own interest but the main responsibility of self-interest falls on us to make a good choice. So it is the duty of our Government to see to our interest as the aid-giving countries see and they know very well that where they will be gaining and where not and under what terms and conditions. At the same time we should not at all depend on the foreign aid. And I may tell one thing that continuous aid will criple us for ever. Some time back I read an instance that there was a Muslim boy, quite healthy, travelling in a tram in Culcutta. A Hindu gentleman sitting nearby, gave him a rupee. Then another gentleman who was sitting by his side asked, "why that generosity?" He said, "keep quite, I have crippled him for ever."

Now, he will go on begging, he will never try to work. These are the points we should consider. We should see that this, of course stops at a certain stage.

The other thing that I wanted to say was regarding the Education Department. Sir as you know that at certain places we open new colleges. In the beginning when they are opened they are known as temporary colleges. Of course they know that these colleges will run for years together. In the past these colleges were made permanent in two or three years. Now the difficulty in tem porary colleges is that the staff working there is also temporary and it is after six eight or twelve months that the sanction is to be revised by the Government

and thereafter the staff can draw its pay. This creates many difficulties. There should be a certain time limit after which-say two or three years the colleges should become permanent automatically so that the staff is not put to inconvenience. Another thing which I find in the Education Department is that although we have increased the quantity of institutions but there is no quality at all. You come across so many students who have passed their M. A. and who cannot write a simple application. To improve the state of affairs I would suggest that apart from more schools and colleges there should also be training institutions for teachers. You would surely agree with me if you were to see the pitiable condition of the teachers and the way they teach. I would therefore submit that at each of the Divisional Headquarters there should a training institution for teachers. That alone will improve the present state of affairs in the Education Department.

Now, Sir, I will come to the Medical Department. This Department needs drastic changes. It is impossible to give you suggestions at this stage. But I think that some Committee should be appointed to go into the changes that we can bring about in this Department to make it really useful for our coming generations. Here I would make one request to the authorities concerned. Now that they have passed the Tabib Registration Bill they can register hakims and veds. But there should be one ban on them. As you are aware they are known as tabibs and veds but they give penicillin and chloromycetin to their patients and prescribe our medicine and use our scientific methods. If at all they are registered they should be allowed to practice in their own medicine. They should prescribe unani medicines. Why should they prescribe penicillin or chloromycetin. This creates a bad effect on the patients.

Sir, I associate fully with the views expressed by certain Members here about the condition of roads particularly in the Southern Region. Sir the roads there are in such a pitiable condition that you cannot drive for a mile. I would request the Finance Minister to please look into condition of roads and allocate some more amount for road building.

Sir, two years back it had been said that the Dadu-Moro bridge would be completed. Last year an allocation was also made in the Budget but I do know what happened to that. I would request the Finance Minister to see that this bridge is completed at least this year. Now, Sir, this is to be a traffic bridge. The Railway Minister is not here. I would suggest that it is in his interest also if this becomes traffic-*cum*-railway bridge. It will be very useful in that case because now from Larkana and Dadu people have to go one hundred miles up or one hundred miles down to go to Moro and Nawabshah. If it is only to become a traffic bridge people would be able to cover the distance in cars or buses only and the Railway would not be able to take advantage of that bridge.

Now, Sir, a word to the Revenue Minister. When the Government presented the Revenue Bill in the House I was really very thankful to him not only because he presented that Bill which was of course required a very long time back but at that time in his introductory speech he admited that as compared to other regions revenue was much more in the Southern Region. So, Sir, I would make one request through you that for the time being before this Revenue Bill becomes an Act and rules and regulations are framed thereunder we should get certain remissions on and *ad hoc* basis.

**Mr. Senior Deputy Speaker :** The House is now adjourned for twenty minutes for Maghreb prayers.

*The Assembly then adjourned for Maghreb Prayers.*

*The Assembly met at 7.30 p. m. Mr. Senior Deputy Speaker in the Chair.*

**Mr. Senior Deputy Speaker :** Rana Phool Muhammad Khan.

**رانا پھول محمد خان** (لاہور-۷) - جناب سپیکر - ستمبر کی جنگ کے بعد عام لوگوں کا یہ خیال تھا کہ اس دفعہ ہمارا بجٹ یقیناً خسارے کا بجٹ ہو گا - اور اس میں عوام پر زیادہ ٹیکس عائد کئے جائیں گے - مگر بحمداللہ نہ اس بجٹ میں عوام پر کوئی نیا ٹیکس کا بوجھ ڈالا گیا ہے اور نہ یہ خسارے کا بجٹ ہے اس طرح اگر میں جناب وزیر خزانہ کو ماہر مالیات کہوں تو یہ بے جا نہ ہوگا - میں جناب وزیر خزانہ کو اور ان کے محکمہ کے تمام افسروں اور اہلکاروں کو دلی مبارک باد پیش کرتا ہوں - (ہیئر - ہیئر)

جناب والا - اس کے بعد میں اپنے علاقے کے کچھ مسائل حکومت کے سامنے پیش کرنا چاہتا ہوں لیکن مجھے افسوس ہے کہ ان میں سے زیادہ وہ مسائل ہیں جو پچھلے سال انہیں دنوں جناب سپیکر کی وساطت سے اس ایوان میں وزراء صاحبان کے سامنے پیش کئے تھے مگر ان کا آج تک کوئی مداوا نہیں ہوا -

جناب والا - میں ضلع لاہور کی ایک پسماندہ تحصیل کا رہنے والا ہوں - یہاں ہمیشہ ترقیاتی کاموں میں شہر کو اولیت دی گئی ہے اس لئے ضلع لاہور کے دیہات ہمیشہ نظر انداز کئے گئے ہیں -

جناب والا - میری تحصیل چونیاں ہے جو آبادی کے لحاظ سے ضلع لاہور کی آبادی کا ۱/۲ حصہ سے کچھ کم ہے - اس لئے اگر وزیر تعلیم اس طرف غور فرمائیں تو معلوم ہو گا کہ وہاں تعلیم کی کیا حالت ہے - اس تحصیل میں ۵ ہائی سکولز ہیں جن میں سے ۳ گورنمنٹ ہائی سکولز ہیں اور ۲ ڈسٹرکٹ کونسل کے ہائی سکولز ہیں اور اس تحصیل میں ایک انٹرمیڈیٹ کالج ہے جس میں طلبا کی تعداد ۴۰۰ ہے - اس میں تمام دیہاتی طلبا تعلیم پاتے ہیں اور اس کالج میں کوئی ہوسٹل نہیں ہے - اس کالج کی بلڈنگ پر ۲ لاکھ روپیہ میونسپل کمیٹی نے خرچ کیا تھا مزید میونسپل کمیٹی کے پاس کوئی رقم نہ تھی اس لئے اس کالج کی بلڈنگ پورے طور پر مکمل نہ ہو سکی - باوجود اس کے کہ وزیر تعلیم

صاحب میری ہی تحصیل کے زمیندار ہیں لیکن انہوں نے آج تک کوئی توجہ نہیں فرمائی - میں ان سے نہایت مودبانہ درخواست کرتا ہوں کہ وہ اس طرف توجہ فرمائیں -

جناب والا - اس کے بعد میں یہ گزارش کروں گا کہ اگر اس کالج کو ڈگری کالج بنا دیا جائے تو ۶۰ میل کے اردگرد کے دیہاتیوں کو اس سے بہت فائدہ پہنچے گا -

جناب والا - اس کے بعد میں یہ عرض کروں گا - کہ اس صوبے کی پچاسی فیصد آبادی کو ان کا حق نہیں دیا جا رہا ہے - آپ اندازہ کیجئے - کہ اگر آپ دیہاتی طلباء کی تعداد کو یہاں کے جتنے اچھے کالج ، میڈیکل کالج ، انجینئر کالج اور دوسرے ٹیکنیکل اداروں میں دیکھیں - تو آپ کو معلوم ہوگا کہ وہ آٹے میں نمک کے برابر ہیں جب تک اس پچاسی فیصد آبادی کو ان کا پورا حق نہ دیا جائے - اسوقت تک صدر مملکت فیلڈ مارشل محمد ایوب خان اور گورنر مغربی پاکستان ملک امیر محمد خان کی وہ خواہشات پوری نہیں ہو سکتیں - جس کے بارے میں وہ بار بار اپنی دلی خواہش کا اظہار کرتے رہتے ہیں - کہ عوام کا معیار زندگی بلند کیا جائے اور عوام کا معیار زندگی اس وقت بلند ہوگا - جب کہ اس پچاسی فیصد آبادی کے حقوق انہیں پورے پورے دیئے جائیں گے اور معیار زندگی کبھی بھی بغیر تعلیم کے بلند نہیں ہو سکتا - اس لئے میں یہ عرض کرونگا - کہ ہماری حکومت کو چاہئے - کہ تمام اچھے کالجوں ،میڈیکل کالجوں ، انجینیرنگ کالجوں اور دیگر ٹیکنیکل اداروں میں دیہاتی طلبہ کے لئے پچاس فیصد نشستیں مخصوص کروا دیں - کیونکہ صرف فرسٹ ڈویژن حاصل کرنے والے طلبہ کو ہی وہاں پر داخلہ دیا جاتا ہے - آپ اس کا اندازہ فرمائیں - کہ جو بچے ایسے پرائمری سکولوں میں تعلیم پا رہے ہوں - کہ جہاں ایک ایک جماعت میں ساٹھ ساٹھ بچے پڑھتے ہوں اور ان کے پڑھانے کے لئے صرف ایک ہی استاد مقرر ہو - تو وہ کیسے فسٹ یا سیکنڈ ڈویژن حاصل کر سکتے ہیں - اس لئے میں یہ عرض کروں گا - کہ جیسا کہ میرے ایک فاضل دوست نے یہ تجویز پیش کی تھی - کہ ہر یونین کونسل میں ایک ایک مڈل سکول کھولا جائے اور اگر اس تجویز کو عملی جامہ پہنایا جائے - تو پھر ممکن ہے - کہ ہم اپنی اس کمی کو پورا کر لیں -

جناب والا ۔ اس کے علاوہ میں یہ عرض کروں گا ۔ کہ آپ کے ملک کی جتنی بھی خدمت یہ دیہاتی عوام کر رہے ہیں ۔ آپ ان کی خدمات کو نظر انداز نہیں کر سکتے ۔ مزدوری میں ، کاشتکاری میں ، فوج میں، لکڑیاں پہنچانے میں ، گھی پہنچانے میں ، غرضیکہ تمام ضروریات زندگی مہیا کرنے میں وہ آپ کی خدمت کرتے ہیں ۔ لیکن وہ ہر قسم کی رعایت سے محروم ہیں ۔ اس لئے میں یہ گزارش کروں گا کہ جب تک ملازمتوں میں اس پچاسی فیصد آبادی کے لئے کم از کم پچاس فیصد آسامیاں reserve نہ کی جائیں گی ۔ میں سمجھتا ہوں ۔ کہ اسوقت تک ان کا پورا حق انہیں نہیں ملے گا ۔ میں حکومت سے درخواست کروں گا ۔ کہ وہ محکمہ روزگار کو یہ حکم جاری کرے ۔ کہ وہ ملازمت کے لئے کارڈ جاری کرتے وقت لازمی طور پر پچاس فیصد کارڈ دیہاتی لوگوں کو ہی جاری کریں ۔

اس کے بعد میں جناب وزیر زراعت کی خدمت میں گزارش کروں گا ۔ کہ وہ ہمارے اس پسماندہ علاقے کی طرف ضرور توجہ دیں ۔ اور کیمیاوی کھاد کے سلسلے میں جو پندرہ فیصد رعایت واپس لے لی گئی ہے ۔ اس طرح ہمارے ساتھ انصاف نہیں کیا گیا ہے ۔ کیونکہ زمینداروں کو یہ کھاد پہلے ہی بلیک مارکیٹ میں ملا کرتی تھی ۔ اور اب اس پندرہ فیصد رعایت کے واپس لے لینے کے بعد تو بلیک مارکیٹ میں بھی اس کی قیمت مزید بڑھ جائیگی اور اس طرح اس کا مزید بوجھ زمینداروں اور کاشتکاروں پر ہی پڑے گا ۔

اس کے بعد میں وزیر آبپاشی کی توجہ اس طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں ۔ کہ ان کو علم ہے ۔ کہ ہماری تحصیل کو ہندوستان سے آنے والی نہریں سیراب کرتی ہیں اور اس تمام ضلع میں آبپاشی کے پانی کی قلت ہے ۔ لیکن اب انہوں نے وہاں پر ٹیوب ویل لگانے کا انتظام کیا ہے جس کے لئے میں ان کی خدمت میں مبارکباد پیش کرنے کے بعد یہ بھی عرض کرونگا ۔ کہ ہمارے لئے پانی کا انتظام کرنے اور ہماری خشکی کا بھی علاج کرنے کے بعد ایسا نہ ہو کہ گولی اندر اور دم باہر ہو جائے ۔ آپ کو معلوم ہے ۔ کہ آبیانے کی شرح کافی بلند ہے اور ہمارے کاشتکار اسے ہرگز برداشت نہیں کر سکتے ۔ اس لئے اس کی شرح کو بھی نہری آبیانے کے برابر کر دیا جائے ۔

ہماری تحصیل چونیاں میں گنے کی کاشت اس قدر زیادہ ہے ۔ اور اس میں اس قدر زیادہ رس ہوتا ہے کہ مردان اور پشاور کے گنے کی نسبت وہاں پر ایک من گنے سے چینی کی پیداوار اوسطاً کسی طرح بھی کم نہیں ہے ۔ لیکن وہاں کے کاشت کاروں کو گنا کاشت کرنے پر بھی ان کو ان کا پورا حق نہیں ملتا ۔ اس لئے تحصیل چونیاں میں پتوکی کے مقام پر ایک شوگر مل کا قیام کیا جائے ۔

جناب والا ۔ اس کے بعد میں یہ عرض کروں گا کہ ہماری حکومت بار بار یہ اعلان کرتی رہتی ہے ۔ اور اس کی دلی خواہش بھی یہی ہے کہ مشینی طریقۂ کاشت کو زیادہ سے زیادہ فروغ دیا جائے ۔ لیکن اس سلسلے میں جو مشکلات پیدا ہو رہی ہیں ۔ میں ان کی طرف جناب وزیر خزانہ کی توجہ دلاتا ہوں ۔ اور گذارش کرتا ہوں کہ زمیندار ٹریکٹر تو خرید لیتا ہے ۔ لیکن اس کے بعد آپ یقین کیجئے کہ اس کے ترقی کے وارنٹ جاری ہو جاتے ہیں ۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ تحصیل ہیڈ کوارٹر میں کوئی ورکشاپ نہیں ہے اور اگر کسی ٹریکٹر کا ایک معمولی سا پرزہ بھی خراب ہو جائے ۔ تو اس کے لئے مالک کو کم از کم ڈیڑھ دو سو روپے خرچ کرنے پڑتے ہیں ۔ اس لئے میری گذارش ہے کہ ہماری تحصیل ہیڈ کوارٹر میں ایک ورکشاپ قائم کیا جائے ۔ اس کے بعد میں یہ عرض کروں گا کہ اس تحصیل کے بیشتر رقبے میں میٹھا پانی پایا جاتا ہے اور اس لئے بہت سے زمیندار ٹیوب ویل لگا بھی چکے ہیں اور مزید زمیندار ٹیوب ویل لگانے کے خواہش مند ہیں ۔ لیکن آپ یقین کیجئے کہ ان کے لئے بجلی کا کنکشن لینا اس قدر مشکل ہے ۔ کہ جس کے بیان کرنے کی میری زبان طاقت نہیں رکھتی اور اگر کوئی شخص کنکشن لے بھی لے ۔ تو پھر اس کے بعد اسے میٹر دستیاب نہیں ہوتا ۔ اور یہ اس قدر مشکل کام ہے کہ اسمبلی کا ممبر بننا اس سے زیادہ آسان ہے ۔ اور اگر میٹر مل بھی جائے تو پھر اس کی ریڈنگ کا یہ عالم ہے ۔ (قطع کلامی) جناب والا ۔ آپ یہ اندازہ فرمائیں ۔ کہ وہاں پر محکمہ بجلی کی حالت یہ ہے ۔ جب ایک زمیندار ایک ٹیوب ویل کو متواتر ایک ماہ تک چلائے ۔ تو اس کا بل دو سو روپے تک آتا ہے ۔ لیکن اگر وہ اسے بالکل ہی

نہ چلائے - تو پھر ایسے سات سو روپے کا بل آتا ہے - اس لئے میں اس کے انسداد کے لئے وزیر برقیات کی توجہ دلاتا ہوں -

**مسٹر سپینکر ڈپٹی سپیکر** - آپ اپنی تقریر ختم کیجئے -

**مسٹر محمود اعظم فاروقی** - جناب والا - میری درخواست ہے - کہ چونکہ فاضل ممبر کو حکومت سے بہت سی شکایات ہیں - اور وہ غیر مطمئن ہیں - اور ان کے علاقے کی شکایات بھی زیادہ ہیں - اس لئے ان کو ان شکایات کو رفع کرنے کے لئے زیادہ وقت دیا جائے -

**مسٹر سپینکر ڈپٹی سپیکر** - آپ تشریف رکھیں -

**راذا پھول محمد خان** - جناب والا - لاہور ڈسٹرکٹ کونسل نے ایک سفارش کی ہے - اور مجھے امید ہے کہ جناب وزیر برقیات ضرور اس پر غور فرمائیں گے - اور وہ یہ ہے - کہ جب ان کے کلرک وہاں پر ریڈنگ کے لئے جائیں - یا بل تقسیم کرنے کے لئے جائیں - تو ہر یونین کونسل کے سیکرٹری کو بھی ساتھ لے جایا کریں - تو اس طرح وہ لوگ اس طرح کی زیادتیاں نہیں کر سکیں گے -

اس کے علاوہ میں یہ گذارش کروں گا - کہ ہماری تحصیل میں زیادہ آبادی مزارعین اور چھوٹے زمینداروں کی ہیں - اس لئے میں درخواست کروں گا - کہ ان کو مختلف بیراجوں میں ساڑھے بارہ ایکڑ فی خاندان کے حساب سے اراضی دی جائے - تاکہ وہ بھی ایک پاکستانی کی حیثیت سے اپنا گزارہ اچھی طرح سے کر سکیں - اسکے بعد جناب والا - میں نہایت ہی بلند اخلاق وزیر جناب وزیر صحت کی توجہ اپنے علاقے کی طرف مبذول کراتا ہوں کہ جہاں مریضوں کو سایہ بھی نصیب نہیں ہوتا - آپ دیکھیں کہ اس تحصیل میں پانچ چھ ہسپتال ہیں - اور ان میں کوئی بھی ایسا نہیں ہے - جہاں پر کہ بوس چارپائیوں کی بھی جگہ ہو - آج ہم ائیرکنڈیشنڈ کمروں میں پڑے ہوئے ہیں - اور وہ بچارے مریض اس کڑکتی دھوپ میں جہاں پر کہ سوائے آسمان کے اور کوئی سایہ بھی نہیں ہے - گرمی

میں تلملا رہے ہیں ۔ اس لئے اگر بھائی پھیرو ۔ پٹھانہ ۔ کنگن پور اور چونیاں کے مقام پر اگر ایک ایک وارڈ بھی تعمیر کرا دیں تو میں سمجھوں گا ۔ کہ وہ ہمارے علاقے پر احسان عظیم فرمائیں گے ۔

**Mr. Mahmood Azam Farooqi :** Shame, Shame.

**رانا پھول محمد خان**—آپ ہر - ان پر نہیں ۔

**نوابزادہ رحم دل خان**—ان کی تمام شکایت اب تک بچہ صاحب کے متعلق تھیں ۔ وہ آ گئے ہیں ۔ اب انہیں مزید وقت بھی دیجئے ۔

**مسٹر محمود اعظم فاروقی**—ان کے علاقے کی حالت بہت خراب ہے ۔ اور اس لئے ان کو وزراء صاحبان سے بھی شکایات ہیں ۔ اس لئے ان کو موقع دیا جائے ۔ کہ وہ اپنے علاقے کی حالت بیان کر سکیں ۔

**مسٹر سپیکر ڈپٹی سپیکر**—آپ تشریف رکھیں ۔

**رانا پھول محمد خان**—جناب والا—اب میں ایک ایسے مسئلے کی طرف وزیر بلدیات کی توجہ دلاتا ہوں ۔ جو نہایت اہم ہے ۔ ضلع لاہور کی ڈسٹرکٹ کونسل نے سو میل سڑکیں تعمیر کی ہیں ۔ اور ان کی تعمیر کرنے کے بعد اب ڈسٹرکٹ کونسل کی مالی حالت خراب ہونے کی وجہ سے ان سڑکوں کی حالت خستہ اور خراب ہو گئی ہے ۔ اسکے علاوہ میں اپنے سامنے تشریف فرما سفید قمیض اور شلوار میں ملبوس جناب وزیر مواصلات کی خدمت میں عرض کرونگا ۔ کہ اگر وہ ان سڑکوں کو اپنی تحویل میں لے لیں ۔ تو اس طرح وہ سرمایہ محفوظ ہو سکتا ہے ۔ جو ان سڑکوں کی تعمیر پر خرچ کیا گیا ہے ۔ ورنہ وہ تمام سرمایہ برباد ہو جائیگا ۔

جناب والا ۔ اس کے بعد میں جناب وزیر بنیادی جمہوریت سے یہ گذارش کرونگا ۔ کہ ہماری یونین کونسل کی بد دیانتیوں کو ختم کرنے کے لئے وہ کچھ ضروری اقدامات کریں ۔ اور وہ یہ کہ یونین کونسل کے سیکرٹری کو جب بطور سیکرٹری تعینات کیا جاتا ہے ۔ تو ان کی اس تقرری کے بعد انکے لئے ترقی کی کوئی گنجائش باقی نہیں رہتی اور جبتک ان کو یہ نہ بتایا جائے ۔ کہ وہ سپروائیزر

بھی ہو سکتے ہیں - تو یونین کونسلوں سے یہ ہیرا پھیری ختم نہیں ہو سکتی -

جناب والا - آپ دیکھیں گے کہ دیہاتی چیئرمینوں کے خلاف روزانہ سیکرٹریوں کے غبن کی وجہ سے پرچے ہوتے ہیں - اگر سیکرٹریوں کو پتہ ہو کہ انہیں ترقی دی جائے گی تو وہ دیانتداری سے اپنی ڈیوٹی سر انجام دیں -

اس کے بعد میں جناب کی وساطت سے حکومت سے مطالبہ کرتا ہوں کہ چونکہ ضلع لاہور ایک سرحدی ضلع ہے اس لئے اس کے ہر نوجوان آدمی کو فوجی تربیت دی جائے تاکہ ہم اپنا دفاع کر سکیں - (نعرہ ہائے تحسین)

**رائے منصب علی خان کھرل** (شیخوپورہ - ۳) - مسٹر سپیکر - بجٹ کے بارے میں یا حکومت کی اقتصادی پالیسیوں کے بارے میں جب بھی بات ہوتی ہے تو اعتراض اس بات پر یا اختلاف اس بات سے کیا جاتا ہے کہ حکومت بیرونی قرضہ جات پر انحصار کر رہی ہے اور یہ بیرونی یا غیر ملکی امداد ہماری آزادی اور ہمارے وقار کے خلاف ہے - میں اس کے بیرونی اثرات یا خارجہ پالیسی پر اس کے اثرات پر بحث نہیں کروں گا - کیونکہ وہ مرکزی مسئلہ ہے - لیکن میں یہ عرض کروں گا کہ اگر ہم نے اقتصادی طور پر اس ملک کو خود کفیل بنانا ہے - اگر معاشی طور پر ترقی کرنی ہے - اگر قومی آمدنی میں اضافہ کرنا ہے - تو یہ ضروری ہے کہ ہم اس وقت موجودہ حالات میں بیرونی قرضہ جات پر انحصار کریں اور اس قسم کے اعتراض میں سمجھتا ہوں کہ بغیر سوچے سمجھے کئے جاتے ہیں - محض جذبات کی رو میں بہہ کر کئے جاتے ہیں - اور ملک کے صحیح حالات سے عدم واقفیت کی بنا پر کئے جاتے ہیں - اگر آپ نے یہ فیصلہ کیا ہے یا کرنا ہے کہ اس ملک کو معاشی انقلاب سے روشناس کرانا ہے - اس ملک کو اقتصادی طور پر خود کفیل بنانا ہے اس ملک کو خوشحال بنانا ہے اور مستحکم اور مضبوط بنانا ہے تو یہ نہایت ضروری ہے کہ آپ اپنے ترقیاتی منصوبہ جات کی تکمیل کریں اور چونکہ آپ کے وسائل محدود ہیں چونکہ آپ

کے ذرائع کم ہیں - اس لئے بیرونی قرضہ جات پر انحصار کرنا پڑتا ہے - اس بارے میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ ہم کم سے کم قرضے لیں - کم سے کم قرضوں پر انحصار کریں اور کم سے کم سود پر قرضے لینے کی کوشش کریں لیکن یہ کہنا کہ قرضہ جات کو بالکل بند کر دیں میں سمجھتا ہوں کہ یہ نامناسب بات ہے اور اس میں کوئی دلیل نہیں ہے اور کوئی وزن نہیں ہے -

جناب والا - فاروقی صاحب نے فرمایا کہ حکومت کو یہ پتہ نہیں کہ اس نے اپنے سفر کی ابتدا کہاں سے کی اور اس کی منزل کیا ہے - میں ان کی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ ہماری منزل نہایت واضح ہے اور منزل یہ ہے کہ ہم نے اس ملک کو مستحکم بنانا ہے - ہم نے اس ملک کو معاشی طور پر خود کفیل بنانا ہے - ہم نے قومی آمدنی میں اضافہ کرنا ہے - ہم نے اس ملک کی معیشت کو زرعی معیشت کو انقلاب سے روشناس کرنا ہے - اور اس سلسلہ میں حکومت ہر ممکن کوشش کر رہی ہے اور یہ بجٹ بھی اسی عزم اور ارادے کا اظہار کرتا ہے - جناب والا - انہوں نے یہ بھی فرمایا کہ حکومت کو پتہ نہیں کہ اس نے اپنے سفر کا آغاز کہاں سے کیا تھا - میں ان کی خدمت میں عرض کروں گا کہ جب ہم نے سفر کا آغاز کیا تھا تو اس وقت ہمارے پاس کچھ بھی نہیں تھا - جیسا کہ عام طور پر مشہور ہے پاکستان کی تعمیر ایک قلم دوات اور کاغذ سے شروع کی گئی تھی - پہلے دس سال آپ نے اقتدار کی غیر مقدس جنگ لڑتے گذار دیئے - آپ نے اقتصادیات کی طرف کوئی توجہ نہ دی - آپ نے ملکی معیشت کی طرف کوئی توجہ نہ دی - آپ نے تعمیر کی طرف کوئی توجہ نہ دی - اور صرف تخریب کی طرف لگے رہے - ۱۹۵۸ء کے بعد جب یہ حکومت برسراقتدار آئی اور اس نے ملک کو سیاسی استحکام بخشا تو اس کے بعد یہ تمام توقی کے منصوبے بنائے گئے اور تعمیری کاموں کی طرف توجہ دی گئی - اور اس کے بعد ملک خوشحالی کی طرف قدم بڑھانے لگا - جناب والا - میں یہ سمجھتا ہوں کہ وزیر خزانہ نے جو بجٹ اس ایوان کے سامنے پیش کیا ہے وہ ملک

کو خود کفیل بنانے، اس کی زرعی معیشت کو انقلاب سے روشناس کرانے اور اس کو معاشی طور پر مضبوط تر بنانے کی طرف ایک عزم اور ارادے کا اظہار ہے (نعرہ ہائے تحسین) اور اس کی طرف قدم بڑھانے کی خواہش ہے۔ اس بنا پر میں سمجھتا ہوں کہ یہ بجٹ ہمارے حالات کے مطابق ہے۔ میں ان کی خدمت اس محنت اور کاوش کی بناء جو انہوں نے بجٹ تیار کرنے میں کی ہے اور ان کے بیدار مغز افسران نے جو کوشش اور محنت کی ہے۔ اس کی بناء پر مباوک باد پیش کرتا ہوں۔ دراصل ان کی محنت کا ثمر میرے یہ تعریفی جملے نہیں بلکہ عوام کے چہروں پر خوشحالی کی وہ مسکراہٹ ہے جسکی آرزو ان کے دل میں ہے اور جس کی آرزو میرے دل میں بھی ہے۔ (نعرہ ہائے تحسین)

جناب والا۔ حکومت زرعی معیشت میں انقلاب لانے کے لئے جو کوششں کررہی ہے، وہ کافی حد تک قابل ستائش ہیں۔ پانی اور زمین کے وسائل کو ترقی دینے کے لئے اور زمینداروں اور کاشتکاروں کو تمام قسم کی سہولتیں مہیا کرنے کے لئے حکومت قابل ستائش کوششں کر رہی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ چونکہ ہماری معیشت کا بہت حد تک انحصار زراعت پر ہے، اس لئے زراعت کو ترقی دینا اور زمین اور پانی کے وسائل کو ترقی دینا نہایت ضروری ہے اور حکومت نے ایک بالکل صحیح قدم اٹھایا ہے اور ملک کی ترقی کے لئے، ملک کی اقتصادی ترقی کے لئے اور ملک کو اپنے پاؤں پر کھڑا کرنے کے لئے یہ ضروری ہے کہ زیادہ تر توجہ زراعت پر دی جائے اور زراعت کے مسائل حل کرنے پر دی جائے۔ اس کے ساتھ ساتھ یہ بھی عرض کروں گا کہ زرعی ترقی کے ساتھ یہ بھی ضروری ہے۔ کہ آپ کاشتکاروں اور زمینداروں کے مسائل کو بھی دیکھیں اور ان کی مشکلات دور کریں۔ جن علاقوں میں ٹیوب ویل نصب ہیں وہاں ٹیوب ویل اکثر خراب ہو جاتے ہیں لیکن کوئی توجہ نہیں دی جاتی۔ کئی کئی ماہ جبکہ زمینداروں کو پانی کی اشد ضرورت ہوتی ہے، یہ ٹیوب ویل خراب رہتے ہیں۔ اور شکایات کے باوجود انہیں ٹھیک نہیں کیا جاتا۔ اس کے ساتھ یہ بھی عرض کروں گا کہ حکومت نے ان علاقوں میں آبیانہ کی شرح دوگنی کر دی ہے۔ حکومت کی یہ بات درست ہے کہ اسے ٹیوب ویل نصب کرنے کے لئے کافی اخراجات برداشت کرنے پڑتے ہیں اور اسلئے آبیانہ کی شرح بڑھانا ضروری تھا۔ لیکن اس شرح کو دوگنا کر دینا مناسب نہیں تھا۔ آپ ایک روپیہ کی بجائے سوا روپیہ وصول کرسکتے تھے۔ اور اس طرح اپنے اخراجات کو پورا کر سکتے تھے

لیکن یکلخت آبیانہ دوگنا کردینا کاشتکاروں پر یقیناً بوجھ ہو گا ۔ میں حکومت کی خدمت میں نہایت دلسوزی کے ساتھ یہ عرض کروں گا کہ اس مسئلے کی طرف فوری توجہ فرمائی جائے اور زمینداروں اور کاشتکاروں کے اس مسئلہ کو جو کہ نہایت اہم ہے حل کیا جائے ۔

| 6 | VII .. | 6·2 .. | | There should be three Forest Divisions in the District. | (a) and (b) Accomplished. No further action is to be taken.<br>(c) The staff posted in these Divisions stay there permanently. |
| 7 | VIII .. | 6·2 .. | | Increases of staff in areas where there is pressure of population. | The recommendation is being implemented as far as the Government allows. |
| 8 | IX .. | 6·4 .. | | Banishing of Goats .. | The Goat elimination ordinance has since been enforced by the Government. The goats of pastrol nomads however, do considerable damage while passing through the tract. This menace could not be brought under control for want of full co-operation by Civil and Police Authorities. |

| Serial No. | No. of recommendation given in the summary of recommendations Chapter III of the commission | No. of paragraph of the Commissions reports containing the recommendations | Summary of recommendations | Action taken by the Forest Department to implement the recommendations |
|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 10 | XI .. | 6·6 .. | Firm arrangement be made for stall feeding of horned cattle. | A Bhoosa supply depot was started through a contractor in Murree Hills out of Guzara Fund. The contractor later on reported that it is not a successful experiment and he had to suffer a loss. The case was since referred to Commission. In a progress note sent to the Commissioner, Rawalpindi it was suggested that such works should be done by the Co-operative department or some other agencies and baling machine can be handed over to that Department. |
| 11 | XII .. | 5·7 .. | Each Forest to be divided into four parts for rotational closure. | The Forest Department has enforced closure according to the prescriptions of the working plans. |
| 12 | XIII .. | 6·8 .. | Commutation of rights in Forests .. | Proposals already submitted to Chief Conservator of Forests, West Pakistan under C.F.R. Office No. 2525 of 7th April 1960. |
| 13 | XIV .. | 6·8 .. | Rights should be established and should pass on proportionately to heirs. | Ditto. |
| 14 | XV .. | 6·8 .. | Establishment of Sawn Timber Department. | No funds have been sanctioned by the Deputy Commissioner nor any officer has been detailed maintain sub-Depot. |
| 15 | XVI .. | 6·6 .. | Subsidised L.G.I. sheets should be supplied for roofing. | A scheme to Rs. 2,30,000·00 for the supply of corrugated iron sheets to the hill residents was submitted to the Government by the Chief Conservator of Forests, West Pakistan. The working party is in its meeting held on 7th January 1961, decides to see the possibilities of making the cost of corrugated sheets 50 per cent from Guzara funds and 50 per cent from the person to whom it is sold. |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | The proposal was examined in the meeting of Guzara Advisory Committee and it was decided that 50 per cent cost of the sheets cannot be financed from Guzara funds. The inhabitants also shown their inability to meet even half of the cost of sheets. |
| 16 | XVII | .. | 6·8 | .. | Contractors should not be allowed to remove lepa and tops of trees and should be used by locals. This concession has been allowed to the villagers. |
| 17 | XVIII | .. | 6·9 | .. | Supply of subsidized fuelthrough depots maintained by Forest Department. The Forest Department made requests to the Government for grant of subsidy but the request was not acceded to. |
| 19 | XX | .. | 6·14 | .. | Conferring of Powers of a Forest Officer and a Magistrate to the managing committee af a co-operative Society and Panchayat to facilitiate speedy disposal of petty cases. — |
| 20 | XXI | .. | 6·16 | .. | 95 per cent of sale proceed from trees on private land to go to owner and the rest to Guzara funds. At present 75 per cent of the sale-proceeds from trees on malkiyyat lands is allowed to the owners while 25 per cent goes to Central and village Guzara funds in equal halves. As the Central and Village Guzara funds are also spent for the Development of the tract and uplift of the people, the rise in owner's share was therefore deferred. This question will however again be considered by the Guzara Forest Development Committee constituted by the Commissioner, Rawalpindi in its next meeting. |
| 21 | XXII | .. | 6·17 | .. | Further Nautres be strictly prohibited and land should be maintained at common villages assets. The Deputy Commissioner, Rawalpindi, has directed all the Tehsildars to prepare cases for ejectment of those who encroached the Guzara Forests and has issued strict orders that no nautors-hence forth should be allowed to be made. |
| 23 | XXIV | .. | .. | | Arrangement should be made and large scale introduction of walnut and mulberries. Special arrangements are always made during the tree planting Weeks for distribution of these species free of cost amongst the public. |
| 24 | XIV | .. | 7·15 | .. | .. Moreover 10,000·00 were sanctioned from the Divisional Development Boards funds for raising of Walnut Nurseries. The nurseries at Patriata and Bhurban have since been raisd and walnuts plants being supplied to the people. |

(Sd.)
*O.C.F. Lahore Region, Lahore.*

67 PLA—535—15-12.66—SGPWP Lahore

# PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

## THIRD SESSION OF THE SECOND PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

**Wednesday, the 22nd June, 1966**

*The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore at 8-30 a.m. of the clock. Mr. Speaker, Chaudhri Muhammad Anwar in the Chair.*

*Recitation from the Holy Qur'an by Qari Ali Hussain Siddiqi (Qari of the Assembly) and its translation.*

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ يُغْشِي الَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهٗ حَثِيْثًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍ بِاَمْرِهٖ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ۝ وَلَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا وَادْعُوْهُ خَوْفًا وَّطَمَعًا اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ ۝

(پ ۸ - س ۷ - ع ۱۴ - آیات ۵۴ تا ۵۶)

بلاشبہ تمہارا پروردگار اللہ ہی ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ دن میں پیدا کیا پھر عرش پر متمکن ہوا۔ وہی تو ہے جو رات کو دن کا لباس پہناتا ہے کہ وہ اس کے پیچھے دوڑتا چلا آتا ہے۔ اور اسی نے سورج چاند اور ستاروں کو پیدا کیا سب ہی اس کے حکم کے مطابق کام میں لگے ہوئے ہیں۔ جان لو کہ ساری مخلوق بھی اسی کی ہے اور حکم بھی اسی کا۔ برکت والی ہے اللہ کی ذات اور وہ تمام جہانوں کا پروردگار ہے۔ تم اپنے پروردگار سے عاجزی کے ساتھ اور چپکے چپکے دعائیں مانگا کرو۔ بلاشبہ وہ حد سے تجاوز کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔

اور ملک میں اصلاح کے بعد فساد مت برپا کرنا اور اللہ سے ڈرتے ہوئے اور امید رکھتے ہوئے دعائیں مانگا کرو۔ بیشک اللہ کی رحمت بھلائی کرنے والوں کے قریب تر ہے۔

وما علینا الا البلاغ

## STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

**Mr. Speaker:** Now the Question Hour. Mr. Hamza.

EJECTMENT OF UNAUTHORIZED OCCUPANT OF RESIDENTIAL LAND (KILLA NO. 5, SQUARE NO. 82, CHAK NO. 220/RB) ON JHANG ROAD

*1652. **Mr. Hamza:** Will the Minister of Revenue and Rehabilitation, be pleased to state whether it is a fact that ejectment orders were passed by Malik Alam Khan, D.R.C. (C), Lyallpur, against the unauthorized occupation of residential land (Killa No. 5, Square No. 82, Chak No. 220/R.B.) situated on Jhang Road, within the municipal limits of Lyallpur City by Mr. Maqsood Ahmad, Inspector, Police; if so, whether the said ejectment orders have been executed; if not reasons therefor?

**Parliamentary Secretary** (Mr. Abdul Qayyum): (*a*) and (*b*), The land in question was originally an evacuee area and was in occupation of one Nur Muhammad, father of Maqsood Ahmad as a displaced person. He built a house as an unauthorised person on this area. Normally persons who have put up permanent construction on building sites are entitled to the transfer of such sites under Scheme No. VI framed under the Displaced Persons (Compensation and Rehabilitation) Act. Evacuee lands in and around Lyallpur were, however, exchangad with State lands as the evacuee area was required for the expansion of Lyallpur Town. The area in dispute was also included in the exchange list prepared for the purpose by the subordinate revenue staff. On exchange such evacuee lands have become State lands. Malik Alam Khan, Revenue Assistant, Lyallpur, issued ejectment notice to the occupants of such exchanged area including the unauthorized occupant of the land referred to in the question The land in question has since been transferred to Nur Muhammad under Scheme No. VI, and Permanent Transfer Deed has also been issued to him by the Deputy Settlement Commissioner concerned.

The question of allowing the aforesaid persons to retain the land underneath the house under the law and excluding the same alongwith a few other evacuee areas exchanged with State land is under consideration. If Government ultimately agree to exclude such lands from the exchanged list, it may not be necessary to eject the person concerned.

**مسٹر حمزہ :** پچھلی بار جب یہ سوال اس ایوان میں پیش ہوا تو میں نے جناب وزیر مال سے دریافت کیا تھا کہ ملک عالم خان ریونیو اسسٹنٹ لائل پور کے فیصلہ کی تاریخ بتائیں جس کے تحت انہوں نے نا ئائز قابض کو احکامات جاری کئے تھے -

**وزیر مال :** (خان حبیب اللہ خان)— ۱۹-۱۲-۶۰ کو نوٹس دیا گیا تھا -

**مسٹر حمزہ :** کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ جب سکیم ۶ کے تحت انہوں نے مستقل منتقلی کر دی تو ان احکامات کے جاری کرنے کے بعد منتقلی کے درمیانی وقفہ میں آپ کے محکمہ نے کوئی باضابطہ کارروائی کی تھی -

**وزیر مال :** جیسا کہ میں نے عرض کیا ۱۹-۱۲-۶۰ کو نوٹس جاری کیا گیا اور جب یہ کارروائی کی گئی کہ وہاں پر لائل پور

میں ڈپٹی سیٹلمنٹ کمشنر نے permanent Transfer Deed دے دیا تو اس درمیانی عرصہ میں ۱۹۵۹ کی سکیم جاری ہو گئی تھی - یہ واقعہ ۱۹۴۸ کے قریب کا ہے ، جب نور محمد نے خالی پلاٹ پر گھر بنایا تھا - ۱۹۵۹ میں جو سکیم بنی تھی اس کے مطابق جس کسی نے کسی خالی پلاٹ پر کوئی گھر بنایا ہو تو اس سکیم نمبر ۶ کے تحت اس کے خلاف کارروائی ہو سکتی تھی اور پلاٹ کی assessed price کے ساتھ ۵۰ فیصد اضافہ یا بطور جرمانہ یا ہرجانہ لیا جاتا تھا اور پھر P. T. D. دے دیا جاتا تھا اور یہ مناسب نہیں سمجھا جاتا تھا کہ اگر کوئی شخص کسی قسم کی تعمیر کرے ، گھر یا مکان بنا لے تو اس سے پلاٹ لے لیا جائے بلکہ اس پر ۵۰ فیصد penalty لگا دی جاتی تھی - یہ سکیم سنہ ۱۹۵۹ء میں منظور ہو چکی تھی - اس سکیم کے تحت اس کو permanent deed دے دیا گیا -

**مسٹر حمزہ** : کیا آپ میرے اس نقطہ نظر سے اتفاق کرتے ہیں کہ اگر قانون کا نفاذ کرنے والے قانون شکنی کریں تو ان کے خلاف ضابطہ کی کارروائی کرنا نا ممکن ہے -

**وزیر مال** : میں نے کب کہا ہے کہ قانون شکنی کرنے والوں کے خلاف کارروائی نہیں کیجائیگی آپ اطمینان رکھیں اور میں آپ کی اطلاع کیلئے اور ہاؤس کی اطلاع کیلئے عرض کردوں اور یہ بتانا چاہتا ہوں کہ جب آپ نے یہ سوال دیا اور میں نے اس کو study کیا اور مجھے معلوم ہوا تو ڈپٹی سیٹلمنٹ کمشنر جس نے یہ permanent transfer deed issue کیا ہے اس کے خلاف میں نے انکوائری کرنے کے آرڈر بھی issue کر دئے ہیں -

**سردار حاجی عطا محمد لنڈ** : سکیم نمبر ۶ کے تحت کیا ایسی ہی مراعات دوسروں کو بھی دیجائینگی -

**وزیر مال** : یہ مراعات کی بات نہیں ہے یہ تو انکے حق کی بات ہے ہمارا ان پر کوئی احسان نہیں ہے ، جنہوں نے پہلے کسی خالی پلاٹ پر مکان بنایا ہے یا دکانیں تعمیر کر دی ہیں ، ہم نے ان کے لئے سکیم نمبر ۶ بنائی ہے ، ہم ان کے مکانوں کو اور دکانوں کو رہنے دیں گے ، لیکن چونکہ بغیر اجازت تعمیر کی گئی ہیں اس لئے اس کی تشخیص شدہ رقم اور اس پر ۵۰ فیصدی جرمانہ ادا کرنا ہوگا

اگر وہ یہ رقم ادا کر دیں گے تب رہیں گے اور اگر یہ رقم نہیں ادا کریں گے تو ان کی تعمیرات کو گرا دیا جائیگا ۔

---

CULTIVATION OF LAND AFFECTED BY RECENT WAR

*2119. **Mian Muhammad Shafi**: Will the Minister of Revenue be pleased to state the approximate time by which the Agricultural land in the Province affected by the recent war will be made cultivable?

**پارلیمنٹری سیکریٹری** (مسٹر عبدالقیوم) : کل قابل کاشت رقبہ ۱۸۱٬۷۰۷ ایکڑ ہے ، جس میں سے قریباً ۸۱٬۶۸۷ ایکڑ میں اب تک ہل چلایا جا چکا ہے اور خریف کی بوائی شروع ہے، امید کی جاتی ہے کہ بقایا رقبہ میں اکتوبر ۱۹۶۶ کے آخر تک ہل چلایا جا چکا ہوگا اور رقبہ ربیع بوائی کے لئے تیار کر جائے گا ۔

**چوہدری محمد سرور** : کیا ریونیو منسٹر صاحب کو معلوم ہے کہ ٹریکٹروں کے ذریعہ کاشت کا تجربہ بارانی علاقوں میں ناکامیاب ہو رہا ہے ۔

**وزیر مال** (خان حبیب اللہ خان) : میری اطلاع کے مطابق تو کارروائی ٹھیک ہو رہی ہے اور وہ خریف کی کاشت کیلئے تیاری کر رہے ہیں ، مجھے کوئی ایسی شکائت نہیں ملی اور وہ سرکاری افسران جنکی ڈیوٹی لگا دی گئی ہے وہ ٹریکٹروں کے ذریعہ سے زمینیں آباد کرا رہے ہیں ۔

**چوہدری محمد سرور** : کیا ریونیو منسٹر صاحب یہ فرمائیں گے کہ آیا برسات میں ٹریکٹروں کا تجربہ نا کامیاب نہیں رہے گا کیونکہ بارانی علاقوں میں برسات میں ایک دن میں نمی اور ایک دن میں خشکی آ جاتی ہے ۔

**وزیر مال** : میرے فاضل دوست کمشنر انچارج کی تسلی کریں کیونکہ یہ بات میں نے عرض کی ہے کہ یہ ایک Human problem ہے اگر سب لوگ ہمارے ماتحت عملہ اور افسروں سے کہدیں کہ یہ طریقہ ناکامیاب رہیگا اور اس طرح نہ کرنا چاہیئے تو اس کے لئے کوئی اور تجویز پیش کر دیں ، کیونکہ ہمارا مقصد آباد کرنا ہے اگر آپ اس مقصد میں ہماری پوری طرح امداد کر سکتے ہیں تو ہم آپ کو خوش آمدید کہیں گے ۔

**چودھری محمد سرور** : بیلوں کیلئے جو رقم زمینداروں کو دینی بند کر دی گئی ہے کیا منسٹر صاحب اسکو دوبارہ دینے کے احکامات صادر کریں گے تاکہ برسات سے پہلے پہلے خریف کی فصل کاشت کی جا سکے ۔

**وزیر مال** : صدر محترم ۔ ابتدا میں یہ ایک تجویز تھی کہ لوگوں کو بیل خریدنے کیلئے نقد رقم دیجائے جب اس پر دوبارہ غور و خوض کیا گیا تو یہ معلوم ہوا کہ لوگوں کو نقدی دینا اور پھر یہ شرط لگانا کہ یہ نقدی بیلوں کی خرید پر صرف کی جائے مناسب نہیں ہے ، کیونکہ اس علاقہ میں بیل نہیں رہے تھے ، جب تمام لوگ چلے گئے تھے تو ظاہر ہے کہ بیل وغیرہ بھی نہیں رہے ہوں گے تو ایسی حالت میں ہم نے سوچا کہ بیلوں کا مہیا کرنا اور پھر ان کی خرید کرنا یا ان کو منڈیوں میں جا کر لینا ایک لمبا چوڑا قصہ ہے اس سے بہتر ہے کہ ٹریکٹروں کے ذریعہ سے آباد کیا جائے اور کیوں نہ لوگ سرکاری ٹریکٹروں کے ذریعہ سے زمینوں کی کاشت کریں اور زمینوں کو آباد کریں چنانچہ یہ تجویز پسند کی گئی اور دوبارہ بیلوں کو منڈیوں میں تلاش کرنا اور وہاں ان کو خریدنا اور ان کے لئے نقدی مہیا کرنا مناسب نہیں سمجھا گیا اور ٹریکٹروں کے ذریعہ سے زمینیں آباد کرنا آسان سمجھا گیا ۔

**میاں محمد شفیع** : جناب والا ! مجھے جو جواب ملا ہے اس میں لکھا ہوا ہے کہ جنگ کی وجہ سے کوئی ایک لاکھ ۸۱ ہزار ایکڑ کا علاقہ متاثر ہوا ہے ، جسمیں سے ۸۱ ہزار ٦ سو ۸٤ میں اس وقت ہل چلائے جا رہے ہیں اس میں خریف کی فصل تک بوائی ہو جائیگی اور ایک لاکھ ایکڑ آئندہ اکتوبر یا ربیع کی فصل تک آباد کرنے کا خیال ہے تو میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ اس ایک لاکھ میں سے کس ضلع کے علاقہ کو مخصوص کیا گیا ہے جس پر کاشت نہ کی جائے ۔

**پارلیمنٹری سیکریٹری** : بعض علاقے قابل کاشت نہیں ہیں ۔

**میاں محمد شفیع** : پہلے نہیں تھے یا اب نہیں ہیں ۔

**پارلیمنٹری سیکریٹری** : پہلے ہی نہیں ہوں گے ۔

میاں محمد شفیع : جنگ کی وجہ سے جو علاقے متاثر ہوئے ہیں اس میں سے کوئی علاقہ مخصوص کیا گیا ہے اور اس پر پابندی ہے ؟

پارلیمنٹری سیکریٹری : کوئی پابندی نہیں ہے ۔

---

VERIFIED UNITS OF CLAIMANTS REDUCED UNDER MARTIAL LAW REGULATION

*2434 **Chaudhri Muhammad Idreas** : Will the Minister of Revenue and Rehabilitation be pleased to state—

(*a*) the number of verified units of claimants under Schedule V of the scheme made under Act No. III of 1956.

(*b*) the number of verified units as reduced under Martial Law Regulation Nos. 89/91 ;

(*c*) the total number of verified units against which allotment of agricultural land has been made up to 30th April 1960;

(*d*) the number of such units against which no agricultural land was allotted up to 1st May 1966 and the steps Government intend to take to satisfy these claims?

**Parliamentary Secretary** (Mr. Abdul Qayyum): (*a*) Entitlement Certificates in form QPR-V for 66,913,138 Produce Index Units were issued against claims verified under Schedule V of Act III of 1956. This includes Produce Index Units in respect of claimants hailing from Indian occupied territory of Jammu and Kashmir State, Hyderabad Deccan, Manavadar, Sardar Garh and Junagarh.

(*b*) Fresh entitlement certificates in form MRV-A for 34,972,521 Produce Index Units were issued under Martial Law Regulations Nos. 89/91. This does not include entitlements in respect of claimants from the States mentioned in reply to part (*a*) of the question, which would be in addition as no revised MRV-A certificates were required to be issued in such cases and old entitlements in form QPR-V were to hold good. Separate figures for the aforesaid States are, however, not available.

(*c*) and (*d*) The required information is not readily available and its collection from the Districts will take a long time. It may, however, be mentioned that only 6,47/34, claims including those referred to in reply to part (*b*) of the question are pending allotment at present. Efforts are being made to finalize settlement of pending claims as early as possible.

---

ALLOTMENT OF LAND UNDER NEW COLONIZATION SCHEME IN TEHSIL FORT ABBAS

*2510. **Chaudhri Abdul Ghani** : Will the Minister of Revenue, be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that land was allotted by Government to tenants in 1955—57 under the new colonization scheme in Tehsil Fort Abbas, District Bahawalnagar.

(*b*) whether it is fact that possession of the said land has not so far been given to the said tenants; despite the fact that they have deposited the required amount in Government Treasury;

(c) if answers to (a) and (b) above be in the affirmative, whether Government intend to give possession of the said land to the said tenants?

**Parliamentary Secretary** (Mr. Abdul Qayyum) : (a) The land was allotted under the Abadkari Scheme in 1958 and not in 1955–57.

(b) There are only 138 persons who have not been given possession of the land for the reason that the land allotted to them had already been reserved for the settlement of Tribesmen in the year 1957.

(c) In view of the above reply the question of delivering possession of the land in question to these 138 persons does not arise.

**چودھری عبدالغنی** : جب یہ زمین ٹرائبل ایریاز کیلئے reserved تھی تو جن لوگوں نے ان کی رقومات داخل کی ہیں کیا ان کو متبادل زمین دینے پر گورنمنٹ غور کر رہی ہے اور کیا ان کو زمین دینے کیلئے تیار ہے -

**وزیر مال** - (خان حبیب اللہ خان) : کوئی زمین دینے کیلئے تیار نہیں ہے -

**چودھری عبدالغنی** : تو ان سے رقومات کیوں داخل کرائی تھیں -

**وزیر مال** : ان کو واپس کر دیا جائے گا وہ مانگیں ہم دے دیں گے -

**مسٹر سپیکر** : وہ یہ معلوم کرنا چاہتے ہیں کہ وہ رقومات داخل کیوں کرائی تھیں -

**وزیر مال** : بات جناب یہ تھی کہ کل ۱،۳۱۰ آدمیوں کو الاٹمنٹ کی گئی تھیں ان میں سے ۱،۱۷۲ کو قرضے مل چکے ہیں اور وہ آباد ہو چکے ہیں صرف ۱۳۸ آدمی رہ گئے تھے بعد میں یہ معلوم ہوا کہ یہ زمینیں ٹرائبل ایریاز کیلئے reserved تھیں غلطی سے ان کو الاٹ کر دی گئی تھیں ، لہذا ان کو قبضہ نہیں دیا گیا اب یہ سلسلہ چل رہا ہے اگر وہ رقم واپس مانگیں تو ہم ان کو رقم دینے کیلئے تیار ہیں -

**چودھری عبدالغنی** : اگر وہ زمین نہیں تو متبادل سرکاری زمین ان کو دی جائے -

**وزیر مال** : یہ ضروری نہیں کہ جو مانگی جائے وہ انہیں دیجائے ممکن ہے کہ ان سے دیگر لوگ زیادہ مستحق ہوں -

**مسٹر حمزہ** : جناب وزیر مال نے فرمایا ہے کہ ان ۱۳۸ آدمیوں کو غلطی سے یہ زمین دیدی گئی تھی حالانکہ یہ زمین سرحدی آزاد علاقہ کے لوگوں کے لئے ہی مخصوص تھی میں جناب وزیر موصوف سے یہ دریافت کرتا ہوں کہ ۱۳۸ آدمیوں کو بلا وجہ جو تکلیف ہوئی اس کی ذمہ داری کس پر ہے - وہ لوگ سال دو سال زمین کو کاشت کرتے رہے ہیں اور وزیر موصوف یہ بھی تسلیم کرتے ہیں کہ ان لوگوں نے رقومات بھی جمع کروائیں - اس کے پیش نظر میں دریافت کرتا ہوں کہ کیا حکومت ان لوگوں کو متبادل زمین یعنی سرکاری زمین دینے پر ہمدردانہ غور کرے گی ؟

**وزیر مال** : اس پر پہلے ہی غور کیا جا چکا ہے اور ہم نے مناسب نہیں سمجھا کہ ان کو اور زمین دیدیں کیونکہ وہ مستحق نہیں ہیں ، جو زمین ان کو پہلے دی گئی تھی وہ ٹرائیبل ایریا کے لئے مخصوص ہو چکی تھی جو کہ غلطی ہو گئی لیکن اگر آپ کہیں تو میں اس پر دوبارہ غور کروں گا اگر کوئی مجھے ایسا حل مل جائے کہ جس سے ان لوگوں کی تکلیف رفع ہونے کا امکان ہو اور ان کے حقوق بھی نہ چھینے جائیں اور ان کا کام بھی ہو جائے تو میں اس پر غور کرنے کے لئے تیار ہوں -

**مسٹر سپیکر** : خان صاحب بغیر پڑتال کے یہ الاٹمنٹ کیسے ہوئی -

**وزیر مال** : غلطی سے -

**Mr. Speaker** : Has the department taken any action [against the official concerned?

**Minister of Revenue** : This is a fresh question and I will, excuse me Sir, require a notice even from you. If you so desire, I will answer this question whether any action has been taken in this regard.

**Mr. Speaker** : This question will be repeated on the next turn.

**وزیر مال** : اگلی ٹون پر میں اس کا جواب دوں گا کہ جن لوگوں نے غلطی سے یہ زمین ۱۳۸ آدمیوں کو الاٹ کی ان کے خلاف کوئی کارروائی ہوئی یا نہ ہوئی اس کا جواب میں دوں گا -

**مسٹر حمزہ** : آپ نے یہ بھی جواب دینا ہے کہ آپ اس پر ہمدردانہ غور فرمائیں گے یا نہیں اور کیا آپ اپنے فیصلے سے ایوان کو آگاہ فرمائیں گے -

**وزیر مال** : میں نے کہہ دیا ہے کہ اگر ممکن ہوا تو میں اس پر ہمدردانہ غور کروں گا اس سے زیادہ اور کیا کر سکتا ہوں ۔

**مسٹر حمزہ** : اس عرصے کے دوران ہمدردانہ غور کے بعد میرے خیال میں آپ کو فیصلہ کر لینا چاہیئے ۔

---

LAMBARDARI FEE

***2526. Chaudhri Abdul Ghani:** Will the Minister of Revenue be pleased to state—

(*a*) whether it is a fact that the Lambardars in the former Bahawalpur Division do not get the same amount of Lambardari fee as their counterparts in the former Punjab area receive if so, reasons for this discrimination;

(*b*) amount of lambardari fee being paid to Lambardars in the former Punjab area and Bahawalpur Division?

**Parliamentary Secretary** (Mr. Abdul Qayyum): (*a*) Yes. The reason is that a different rate was prescribed in the former Bahawalpur State which is still in force.

(*b*) The rates of Lambardari fee being paid to the Lambardars, in the former Punjab and the Bahawalpur Division, are given below:—

| *Former Punjab* | *Former Bahawalpur* |
|---|---|
| Land Revenue 5% | 4% |
| Water rate 3% | 3% |

**چوہدری عبدالغنی** : تو ان میں فرق کیوں ہے ۔ جب پاکستان بن چکا ہے تو بہاول پور اور پنجاب میں فرق کیوں ہے اور اس فرق کی ذمہ داری کس پر ہے ؟

**وزیر مال** (خان حبیب اللہ خان) یہ جو سابقہ پنجاب میں لینڈ ریونیو کا ۵ فیصد پنجوترہ دیتے ہیں وہ واٹررےٹ کا ۳ فیصد دیتے ہیں تو یہ پنجاب لینڈ ریونیو ایکٹ کے تحت دیتے ہیں بہاول پور میں جو کہ ۴ فیصدی دیتے ہیں پنجوترہ نمبردار کو اور ۲ فیصدی دیتے ہیں آبیانہ تو یہ بہال پور کے قانون کے تحت دیتے ہیں ۔ اس وقت دونوں قوانین پر جو موجود ہیں عمل کیا جا رہا ہے ۔ آپ کو معلوم ہے کہ ہم نے لینڈ ریونیو بل اس ہاوس میں پاس کرنا ہے، جس کا مقصد یہ ہے کہ تمام مغربی پاکستان کے جتنے لینڈ ریونیو لاز ہیں ان کو اکٹھا کیا جائے اور ایک ہی قانون بنایا جائے ۔ جو نہی یہ لینڈ ریونیو بل پاس ہو جائے گا تو پنجاب اور بہاولپور دونوں کی سطح ایک ہی ہو جائیگی ۔

**ملک محمد اسلم خان** : کیا وزیر مال صاحب کو معلوم ہے کہ اب اس صوبہ میں نمبرداروں کی پوزیشن بہت خراب ہے - پہلے وہ کوشش کیا کرتے تھے کہ ہمیں نمبرداری ملے اور اب وہ کوشش کر رہے ہیں کہ نمبرداری چھوڑ دیں - تو کیا اس چیز کے پیش نظر وہ ہمدردانہ غور کریں گے کہ ان کی پوزیشن کو بہتر بنایا جائے -

**مسٹر سپیکر** : سوال تو پنجوترے کے متعلق تھا - اس کے متعلق آپ پوچھ سکتے ہیں کیا آپ کا یہ خیال ہے کہ پنجوترے کی terms بہتر بنائی جائیں -

**ملک محمد اسلم خان** : جی ہاں -

**وزیر مال** : نمبرداروں کی پوزیشن اتنی اونچی نہیں جتنی کہ ہونی چاہئیے - پہلے تو لوگ نمبرداری حاصل کرنے کے لئے مقدمہ بازی کرتے تھے - آپس میں لڑتے تھے - لیکن اب نمبرداری چھوڑنے کے لئے بھی تیار ہو جاتے ہیں تو بہت حد تک ان کا یہ سوال یا اندیشہ بالکل ٹھیک ہے لیکن ہم محسوس کر رہے ہیں کہ آجکل نمبردار نمبرداری لینے پر اتنے رضامند نہیں ہیں جتنے کہ پہلے ہوا کرتے تھے - تو اس کے متعلق ایک لمبی چوڑی کہانی ہے لیکن یہ درست ہے کہ آجکل ان کی پوزیشن گرتی جا رہی ہے - ابھی مانسہرہ سے ایک وفد آیا تھا اور انہوں نے لکھ کر دیا کہ اگر ہماری مانگیں نہ مانی گئیں مثلاً پنجوترہ زیادہ نہ ہوا اور ۵ فیصدی سے ۱۰ فیصدی نہ کیا گیا اور آبیانہ ۳ فیصدی سے بڑھا کر ۱۰ فیصدی نہ کیا گیا اور اگر ہمیں سرمایہ نہ دیئے گئے اور ہماری پوزیشن بنیادی جمہوریت کی سطح پر نہ لائی گئی وغیرہ وغیرہ تو ہم ہڑتال کر دیں گے ، لیکن جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے کہ ضمنی سوال کے جواب میں تو شاید میرے لئے ممکن نہ ہو کہ میں تسلی بخش بات کہہ سکوں -

**مسٹر سپیکر** : لیکن خان صاحب کیا یہ معاملہ حکومت کے زیر غور ہے یا نہیں ؟

**وزیر مال** : یہ بہت عرصے سے زیر غور ہے -

**ملک محمد اسلم خاں** : کیا وزیر صاحب کو معلوم ہے کہ جہاں وہ زمین جو کہ نہر کے پانی سے سیراب ہوتی ہے وہاں پر نمبرداروں کو نصف نصف مربعہ دیا جا رہا ہے ان کی خدمات کے صلے میں تو کیا کوئی ایسی سکیم ہے کہ جہاں کہ بارانی ایریا ہو یا وہاں ان کے لئے کوئی انتظام کیا جا سکے ۔

**وزیر مال** : مجھے جہاں تک معلوم ہے یہ Horse Animal Breeding کی سکیم ہے ، مگر جہاں نہری زمینیں ہیں وہاں نمبرداروں کو نصف مربعہ زمین دیجاتی ہے ، لیکن بارانی علاقہ میں ان کو دیجانی ممکن نہیں ۔

**مسٹر سپیکر** : نمبرداروں کو بھی بعض اوقات کچھ زمین دیجاتی ہے ۔

**وزیر مال** : یہ سکیم ایک عرصے سے چلی آ رہی ہے ۔

**ملک محمد اسلم خاں** : میرا خیال ہے کہ وزیر مال صاحب جس سکیم کے بارے میں فرما رہے ہیں وہ سکیم بریڈنگ purposes کے لئے ہے ۔ لیکن وہ بہت پرانی سکیم ہے ۔ لیکن اب ایک نئی سکیم بنی ہے جس کے تحت کسی حد تک ایکشن لیا جا رہا ہے وہ یہ کہ نمبرداروں کو ہر گاؤں میں نصف مربعہ دیا جائے ۔ میرا مدعا یہ ہے کہ جب irrigated lands پر انہیں نصف مربعہ دیا جا رہا ہے تو کیا بارانی ایریاز میں بھی انہیں دیا جائیگا ۔

**وزیر مال** : میرے محترم آپ تو بہت دور نکل گئے سوال تو صرف پنجوترے کا تھا ۔ آپ Breeding سکیم پر بھی چلے گئے ۔ آپ ایک نوٹس سوال کا دیدیں میں آپ کو مفصل جواب دیدوں گا ۔

**ملک محمد اسلم خاں** : میرا خیال ہے کہ وزیر مال صاحب نے خود Breeding کے متعلق فرمایا تھا اور جہاں تک پنجوترے کا سوال ہے تو اس کو بڑھانے کے لئے Irrigated areas میں کاشتکاروں کو نصف مربعہ دیا جا رہا ہے ۔ کیا وزیر مال صاحب کو اس سکیم کا علم نہیں ہے اور اگر علم ہے تو Unirrigated lands کے لئے کیا سہولت دی جائیگی ؟

**مسٹر سپیکر** : آپ معلوم کرنا چاہتے ہیں کہ یہ سکیم زیر غور ہے یا نہیں -

**ملک محمد اسلم خاں** : اگر نہیں ہے تو زیر غور لایا جائے -

**وزیر مال** : مجھے شرم نہیں آتی یہ کہنے میں کہ آپ مجھے fresh notice دیدیں میں جواب دیدوں گا اس میں کون سی بڑی بات ہے کہ مجھے علم نہیں ہے -

---

LAND REFORMS IN THE PROVINCE

***2703. Mr. Abdul Qayum Qureshi:** Will the Minister of Land Reforms, be pleased to state—

(*a*) the total acreage of land resumed under the Land Reforms in the Province where settlement operation has been completed;

(*b*) the total amount so far spent (*i*) on the implementaion of land reforms; (*ii*) to confer proprietary rights on tenants;

(*c*) the number of tenants in the Province or whom proprietary rights have now been conferred;

(*d*) the date since when settlement operation work was started in the Province?

**وزیر اصلاح اراضی** (ملک خدا بخش) : (الف) ۱،۹۰۲،۷۸۸ ایکڑ -

(ب) (۱) ۸۰۶،۹۲ ، ۴۸،۴۵ روپے -

(۲) افسوس ہے کہ مطلوبہ معلومات فراہم نہیں کی جا سکیں کیونکہ عملہ مرکب فرائض انجام دیتا ہے -

(ج) ۵۶،۰۴۰ مزارعین -

(د) ۱۹۵۹-۶۰ -

**مسٹر عبدالغفور قریشی** : اسمبلی میں اس کا جواب آتا ہی نہیں یا اس کا جواب میرے پاس ہی نہیں پہنچا - ویسے کتاب میں لکھا ہوا ہے افسوس کہ معلومات اکٹھی نہیں ہو سکیں -

**مسٹر سپیکر** : اسمبلی کے دفتر میں اس کا جواب بر وقت موصول نہیں ہوا -

**خواجہ جمال محمد کوریجہ** : پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ! یہ برتاؤ صرف بہاولپور کے ممبروں سے کیا جاتا ہے باقی کسی ممبر صاحب سے یہ سلوک نہیں کیا جاتا ۔

**مسٹر سپیکر** : کوریجہ صاحب آپ اطمینان رکھیں یہاں سب ممبران سے ایک جیسا سلوک کیا جاتا ہے ۔ یہاں بہاولپور ، فرنٹیئر ، پنجاب ، سندھ ، بلوچستان میں کوئی فرق نہیں ہے ۔ (تالیاں) ۔

**حاجی سردار عطا محمد** : میں جناب ملک صاحب سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ اس سوال کے بارے میں معلومات مہیا نہیں ہوئیں ۔ یہ سوال کب دیا گیا تھا ۔

**مسٹر سپیکر** : انہوں نے سوال کا جواب دے دیا ہے ۔ قریشی صاحب آپ نے سوال کا جواب سن لیا ہے ۔ کیا آپ اس کے متعلق ضمنی سوالات آج کر سکتے ہیں ۔

**مسٹر عبدالقوم قریشی** : نہیں صاحب اسے اگلی مرتبہ دوہرا دیا جائے ۔

**مسٹر سپیکر** : یہ سوال آئندہ باری پر دوہرایا جائیگا ۔

---

ISSUANCE OF P. T. DS. OF HOUSES, SHOPS AND PLOTS IN LAHORE CITY AND CANTONMENT AREA

***2721. Chaudhri Muhammad Idrees:** Will the Minister of Rehabilitation be pleased to state the number of Houses, Shops and Plots in Lahore City and Lahore Cantonment Area for which P.T. Ds. were not issued up to 31st March 1966 along with (*i*) reasons for not issuing the P. T. Ds. (*ii*) the date of their transfer, and (*iii*) amount recoverable from transferees?

**Parliamentary Secretary** (Mr. Abdul Qayyum): The total number of houses, shops and building sites in Lahore City and Lahore Cantonment Area for which P. T. Ds. were not issued upto 31-3-1966 is.....28,938.

(*i*) Reasons for not issuing P. T. Ds. are as follows:—

(*a*) Non-payment of transfer price by transferees.

(*b*) Non-payment of public dues by them.

(*c*) Non-payment of Settlement Fee by them.

(*d*) Cases pending in the High Court, the Supreme Court and the various Settlement and other courts for decision.

(*e*) Cases under investigation by Police Authorities.

(*f*) Non-submission of applications by transferees after clearance of all the dues.

(*ii*) The compilation of the required information showing date of transfer in each case will involve time and labour incommensurate with the result.

(iii) The value of evacuee properties is treated as confidential and the required information cannot be furnished.

**چودھری محمد ادریس** : شاپ والا - لاہور میں مکانوں ، دکانوں اور پلاٹوں کی کل تعداد باون ہزار ہے - جس میں سے ۲۸،۹۳۸ ایسے ہیں جن کے کاغذات ابھی تیار نہیں ہوئے - کیا جناب وزیر صاحب یہ بتائیں گے - کہ اس صوبہ کی تمام پراپرٹی کا فیصلہ کرنے کے لئے ابھی اور کتنا عرصہ درکار ہو گا ؟

**وزیر بحالیات** (خان حبیب اللہ خان) : بہت تھوڑا عرصہ -

**میاں محمد شفیع** : آپ نے فرمایا ہے کہ بہت سے کیس ہائی کورٹ میں ہیں - ان میں سے کئی ایسے ہیں جن کی فیس داخل نہیں ہوئی کئی ایسے ہیں جن کے بقایا جات باقی ہیں - ان سب کے لئے ۳۰ جون ۱۹۶۶ء کی تاریخ مقرر کی ہوئی تھی جس میں بہت تھوڑے دن باقی ہیں کیا آپ اس مدت کو بڑھانے کا ارادہ رکھتے ہیں ؟

**وزیر بحالیات** : ہم نے ہر ایک کو چھ ماہ مدت دی تھی - اس کا اعلان ہو چکا ہے وہ مشتہر ہو چکی ہے - اگر کوئی چھ ماہ تک کل بقایا جات داخل کر دیتا ہے تو اس کو فوراً پی-ٹی-ڈی جاری ہو جائیگا - لیکن اگر کوئی مقرر شدہ رقوم داخل نہیں کرے گا تو ان کے کلیم منسوخ کر کے نیلام کر دیئے جائینگے -

**میاں محمد شفیع** : جن لوگوں کے کیس ہائی کورٹ یا سپریم کورٹ میں ہیں اور ان کا ابھی فیصلہ نہیں ہوا کیا ان کے لئے بھی میعاد نہیں بڑھائی جائیگی ؟

**وزیر بحالیات** : اگر وہ ذمہ دار نہیں ہے تو اس کا کلیم منسوخ نہیں ہو گا - اگر اس نے بقایا جات اس لئے داخل نہیں کئے کہ اس کا مقدمہ ہائی کورٹ یا سپریم کورٹ یا کسی اور عدالت میں ہے خواہ اس کا فیصلہ نہیں ہوا تو اس کا کلیم منسوخ نہیں کیا جائیگا

**چودھری محمد ادریس** : میاں صاحب کا سوال یہ تھا کہ ایسوسی ایشن کے ذریعہ جو کلیم ہیں ان کے بہت سے مقدموں کے فیصلے نہیں ہوئے - وہ کیس ابھی تک ہائی کورٹ کے سامنے ہیں کیا ان کے لئے یہ میعاد بڑھائی جائیگی ؟

**چودھری عید محمد** : اگر انہوں نے کلیم داخل کر دیا ہو اور قیمت کا فیصلہ کم ہو جاتا ہے تو کیا ان کو کلیموں کی صورت یا نقدی کی صورت میں باقی ماندہ رقم واپس ملے گی ؟

**وزیر بحالیات** : اس وقت دیکھا جائیگا ۔

---

EVACUEE UNREGISTERED FACTORIES

*1722. **Chaudhri Muhammad Idrees** : Will the Minister of Rehabilitation be pleased to state —

(*a*) the total number of evacuee unregistered factories in the Province ;

(*b*) the number of said factories transferred to the persons entitled under Act No. XXVIII of 1958 and sold by auction under Scheme II of the said Act ; respectively ;

(*c*) the number of P. T. Os. and P. T. Ds. issued for said factories up to 15th May 1966 along with (*i*) reasons for not issuing the P. T. Os. and P.T.Ds. for the remaining factories ; (*ii*) amount recoverable from the transferees of each factory ; and (*iii*) date of transfer or auction thereof ?

**Parliamentary Secretary** (Mr. Abdul Qayyum) : (*a*) Presumably the member requires information about Industrial Concerns and Cinema Houses not allotted by the Industries Rehabilitation Board and disposed of by the Additional Settlement Commissioner. The total number of such concerns in the province is 3,640.

(*b*) (*i*) The number of the aforesaid concerns transferred to entitled persons .. 1,992

(*ii*) The number of the concerns sold by auction .. 1,185

Total .. 3,177

(*c*) The number of P. T. Os. issued up to 15th May 1966 .. 2,956

The number of P. T. Ds. issued up to 15th May 1966 .. 696

(*i*) Reasons for not issuing P. T. Os. for the remaining concerns are :—

(1) Cases under litigation.

(2) Failure to make part payment of transfer or auction price where required under the rules.

(*ii*) Reasons for not issuing P. T. Ds. are :—

(1) Non-payment of full transfer price.

(2) Non-payment of Public Dues.

(3) Non-payment of Settlement Fee.

(4) Incomplete or defective applications submitted for issue of P. T. Ds.

(5) Delay in scrutiny of Compensation Books presented for adjustment of transfer or auction price.

(6) Cases under litigation in the various Courts.

*(iii)* The value of property is treated as confidential and the required information can not therefore be furnished.

*(iv)* The date of transfer or auction of each Industrial Concern, etc., not allotted by the Board is not readily available and its collection will take time and labour incommensurate with the result.

**چودھری محمد ادریس** : یہ سوال اس لئے پوچھا گیا تھا ۔ کہ اعدادوشمار ان کے علم میں آئیں ۔ کیا اس کے بعد جناب قائد ایوان اس جائداد کا جلدی فیصلہ کئے جانے کے احکام صادر فرمائیں گے ؟

**وزیر بھالیات** (خان حبیب اللہ خان) : جی ہاں میں ضرور کوشش کرونگا ۔ جتنی جلدی تصفیہ ہو گا اچھا ہے ۔

**مسٹر حمزہ** : کیا جناب وزیر آباد کاری مجھے یہ بتائیں گے کہ تاخیر کی جو وجوہات یہاں بتائی گئی ہیں کیا وہ انہ سے مطمئن ہیں ؟

میں بذات خود ایک نان رجسٹرڈ فیکٹری اپنے نام منتقل کرانے کے چکر میں ہوں ۔ اس کے بقایا جات یا جو کچھ بھی تھا آج سے تین سال قبل ادا کر دئیے گئے تھے ۔ مگر پی۔ٹی۔ڈی جاری ہونے میں نہیں آتا ۔ جہاں تک میرا علم بلکہ تلخ تجربہ ہے اس کی جو وجوہات یہاں بتائی گئی ہیں وہ تمام کی تمام بے بنیاد ہیں ۔ آپ کے محکمہ کی کارکردگی انتہائی قابل اعتراض ہے ۔ اتنی بری ہے کہ اس سے پہلے کبھی کسی جگہ دیکھنے میں نہیں آئی ۔

**وزیر بھالیات** : اس تقریر کا شکریہ ۔ یہ سوال نہیں ہے بلکہ تقریر ہے ۔

**مسٹر سپیکر** : حمزہ صاحب آپ کو P.T.D. نہیں ملا حمزہ صاحب یہ فرما رہے ہیں کہ ان کو P.T.D. تین سال سے نہیں ملا ۔

**وزیر بھالیات** : جناب والا ۔ میں کھلے ایوان میں اور تمام ممبر صاحبان کے سامنے یہ وعدہ کرتا ہوں کہ اگر حمزہ صاحب میرے پاس آجائیں اور میری تسلی کرائیں اور جناب سپیکر

صاحب کی تسلی کرائیں کہ مجھے اس وجہ سے P.T.D. نہیں ملا اور بغیر کسی معقول وجہ کے P.T.D. نہیں ملا تو ان کو P.T.D. بھی مل جائے گا اور قصور وار آدمی کے خلاف کارروائی بھی کی جائے گی ۔

**حاجی سردار عطا محمد لنڈ** : میں جناب وزیر بحالیات صاحب سے پوچھتا ہوں کیا یہ ایسا تو نہیں کریں گے جیسے وزیر قانون صاحب کہتے ہیں کہ یہ عوام کے مخالف ہیں اس لئے ان کو نہیں دیا جائیگا ۔

**مسٹر سپیکر** : یہ کوئی ضمنی سوال نہیں ہے ۔

**میاں محمد شفیع** : جناب قائد ایوان نے فرمایا ہے کہ حمزہ صاحب کی تسلی کر دی جائے گی ۔ یہ حمزہ صاحب اکیلے کا سوال نہیں ہے یہ تو جنرل سوال ہے کہ جن کو P.T.Ds. نہیں مل رہے ہیں ان کو کیوں نہیں مل رہے ہیں ۔ یہ تمام کیلئے انکوائری کرنے کا سوال ہے اس میں حمزہ صاحب کے ساتھ خاص برتاؤ کی ضرورت نہیں ہے ۔ سب عوام کیلئے ایک جنرل آرڈر نکالیں کہ ان کو P.T.D. دیا جائے ۔

**مسٹر سپیکر** : یہ کوئی ضمنی سوال نہیں ہے ۔

**خان محمد یوسف** : جناب والا ۔ حمزہ صاحب اصرار فرما رہے ہیں کہ ان کو P.T.D. دیا جائے ان کو D.D.T. کیوں نہ دی جائے ؟ (قہقہہ)

**مسٹر حمزہ** : جناب والا ۔ میں نے ضمنی سوال اپنی ذات کے لئے نہیں کیا تھا ۔

آپ نے جو جواب دیا ہے وہ مبنی بر حقیقت نہیں ہے ۔ اگر وزیر صاحب یہ فرمائیں تو میں اپنے علاقے کے تمام لوگوں کو لے آؤں جنہوں نے P.T.Ds. کی شرائط پوری کی ہیں اور انہیں P.T.Ds. ابھی جاری نہیں ہوئے ۔

**وزیر بحالیات** : جناب والا ۔ حمزہ صاحب تو ایم ۔ اے (اکنامکس) ہیں ۔ تجربہ کار ہیں ۔ پارلیمنٹیرین ہیں ۔ میں یہ عرض کر دوں کہ ایک شخص مجھے یہ کہہ دے کہ گوجرہ میں چوری

ہوئی ہے ۔ ڈاکہ پڑا ہے آپ تفتیش کیوں نہیں کرتے تو اسکا کیا جواب دوں ۔ آپ میرے نوٹس میں کوئی Particular کیس لائیں کوئی خاص کیس یا کیسیز میرے نوٹس میں لائیں ۔ جب میں اسمبلی سے فارغ ہوں تب میرے نوٹس میں یہ چیز لائیں جس شخص کے متعلق یا جس علاقے میں اسکا تعلق ہو میرے نوٹس میں لائیں تاکہ اگر میرے بس میں ہو تو میں خود اسکی تفتیش کروں یا یہ کام کسی کے حوالے کروں ۔ اور مجھے اگر یہ معلوم ہوجائے کہ بغیر کسی معقول وجہ کے یا میرے دفتر والوں نے ناحق ناجائز اور بے انصافی سے اس کو P.T.D. نہیں دیا تو irrespective of the fact whether he belongs to this area or that area, to the Non-Claimant یا opposition or the Government Party. وہ مہاجر ہے یا لوکل ہے میں اس کیلئے کوشش کروں گا کہ اسکو P.T.D. دلا دوں اور جس نے عمداً بددیانتی کر کے یہ کارروائی کی ہے اسکے خلاف کارروائی بھی کرونگا ۔ (ہیئر ۔ ہیئر)

**ڈاکٹر سلطان احمد چیمہ** : جناب والا ۔ مجھے ریٹائر ہوئے اکتوبر میں ۳ سال ہو گئے ہیں لیکن مجھے ابھی تک پینشن نہیں ملی ۔ کیا وزیر صاحب پینشن دلا دینگے ۔

**وزیر بحالیات** : جناب والا ۔ میں ان کی اطلاع کیلئے عرض کئے دیتا ہوں کہ مجھے بھی پانچ سال سے پینشن نہیں ملی ہے ۔ پچھلے مہینے میری پینشن کا فیصلہ ہوا ہے یعنی مئی میں فیصلہ ہوا ہے ۔

**راؤ محمد افضل خان** : کیا وزیر بحالیات یہ ارشاد فرمائیں گے کہ کیا ان کے علم میں یہ بات ہے کہ یہاں ایسے قصبہ جات بھی ہیں جن میں ابھی تک Rehabilitation کا کام شروع ہی نہیں کیا گیا ۔

**وزیر بحالیات** : جناب والا مجھے کبھی ایسی شکایت نہیں ملی کہ ایسے علاقہ جات بھی ہیں جہاں Rehabilitation کا کام شروع نہیں ہوا ۔ اگر میں نے کوتاہی کی ہے تو میں اسکا ذمہ دار ہوں ۔ کیا یہ ان کا فرض نہیں ہے کہ وہ مجھے بتائیں حالانکہ وہ اپنے کام کیلئے ۵۰ مرتبہ میرے دفتر میں آئے ہیں اور اپنے ذاتی کاموں کیلئے ۵۰ مرتبہ میرے پاس آتے ہیں ۔

**رائو محمد افضل خان** : کیا یہ ممبران کے فرائض میں شامل ہے کہ وہ بتائیں - کیا وزیر بحالیات کے فرائض میں یہ چیز نہیں ہے ؟

**وزیر بحالیات** : جناب والا جب تک شکایت نہ ہو ہمیں کیسے پتہ چلے - جب وہ میرے دفتر میں گئے تھے تو اس وقت انہوں نے اطلاع کیوں نہ دی ؟

---

REPAIR OF MOSQUES DAMAGED IN WAR AFFECTED AREAS OF LAHORE AND SIALKOT DISTRICTS

***2740. Mr. Mahmood Azam Farooqi** : Will the Minister of Revenue, be pleased to state —

(*a*) the total number of Mosques damaged in the War Affected Areas of Lahore and Sialkot Districts;

(*b*) whether Government intend to repair the said Mosques;

(*c*) the amount allocated for the said purpose if any and if no amount has so far been allocated for the repair of the said Mosque, reasons therefor?

**Parliamentary Secretary** (Mr. Abdul Qayyum) : (*a*) The total number is 684; the break up being 173 in Lahore district and 511 in Sialkot district.

(*b*) It is considered that the repairs to Mosques should be paid for either through private charity or by political organisations.

(*c*) Does not arise in view of the answer to (*b*) above.

**مسٹر محمود اعظم فاروقی** : جناب والا - سوال کے حصہ ''ب'' کے جواب میں فرمایا گیا ہے کہ جو مساجد جنگ کے زمانہ میں تباہ ہوئی ہیں ان کی مرمت حکومت نہیں کرے گی - بلکہ سیاسی جماعتیں یا دوسرے خیراتی ادارے اس کام کو کریں گے - جناب والا میرے نزدیک ایک آبادی کے لئے مسجد اتنی ہی ضروری ہے جتنے سکولز اور ہسپتال ہیں - اگر سکولز اور ہسپتالوں کی مرمت کرانا حکومت کی ذمہ داری ہے تو مساجد کی مرمت کرانا حکومت کی کیوں ذمہ داری نہیں ہے ؟ حکومت کے ذمہ یہ کام ایک بنیادی حیثیت رکھتا ہے - سیاسی جماعتوں یا خیراتی اداروں کا کام ثانوی حیثیت رکھتا ہے - اوقاف ڈیپارٹمنٹ جبکہ تمام ٹیکسز وصول کر رہی ہے تو یہ ذمہ داری دوسرے لوگوں پر کیوں منتقل کی جاتی ہے -

**وزیر مال** (خان حبیب اللہ خان) : جناب والا - آپ کو موقع دیتے ہیں کہ آپ بھی اس ثواب میں شامل ہوں -

**چودھری محمد سرور خان**: کیا وزیر صاحب فرمائیں گے کہ کسی مذہبی جماعت نے بالخصوص جماعت اسلامی نے جس کو ملک میں استحکام نصیب ہے ان مساجد کی مرمت کے لئے پیش کشش کی ہے ؟

**پارلیمنٹری سیکرٹری**(مسٹر عبدالقیوم): ان کی دعوت دی جا رہی ہے ۔

**مسٹر محمود اعظم فاروقی**: جناب والا ۔ وزیر مال صاحب نے فرمایا ہے کہ دوسرے لوگ اس ثواب میں شریک ہوں ۔ اسلام نے ہر شخص کو ثواب میں سبقت کرنے کے لئے کہا ہے ۔ آپ کسی دوسرے کو کیوں موقع دیتے ہیں ۔ یہاں اللہ تعالی کی طرف سے آپ کو ثواب کا موقع ملا ہے اور اسلام کے اصول کے مطابق آپ کو اس کام کے لئے پیش کشش کرنی چاہیئے ۔

جناب والا ۔ میرے سوال کا جواب نہیں دیا گیا ۔ میں نے یہ پوچھا تھا کہ کیا یہ حکومت کی ذمہ داری نہیں ہے کہ جس طرح جنگ میں جو سکولز یا ہسپتال تباہ ہوئے ہیں ان کی مرمت کے لئے امداد دی گئی ہے اور مساجد جو لوگوں کی بنیادی ضروریات میں شامل ہیں وہاں سکولز اور ہسپتالوں کے ساتھ اس علاقے کی مساجد توجہ کی مستحق کیوں نہیں ہیں ؟

**وزیر مال**: فاروقی صاحب کی خدمت میں میں عرض کئے دیتا ہوں کہ سکولز اور ہسپتال حکومت خود بناتی ہے اس لئے سکولز اور ہسپتالوں کی مرمت بھی حکومت کے ذمہ ہوتی ہے ۔ اس لئے جو ہسپتال یا سکول مسمار ہوگئے ہیں اس کی مرمت بھی حکومت کرا رہی ہے یہ مساجد حکومت نے نہیں بنائی ہیں ۔ مساجد تو لوگ خود بناتے ہیں ۔ مخیر حضرات یا علاقے کے لوگ چندہ کر کے مساجد بناتے ہیں اور ان کو ثواب ہوتا ہے ۔ خیراتی ادارے یا رفاہی ادارے جو یہ کام کرتے ہیں یہ مرمت کروائیں یا ان کی مرمت لوگوں کے ذمے ہوگی ۔ اگر حکومت بناتی ہے تو حکومت لوگوں پر ٹیکس لگائے گی تو پھر آپ اعتراض کریں گے کہ یہ ٹیکس کیوں لگایا گیا ہے ۔ بجائے اس کے کہ تمام لوگوں پر ٹیکس لگایا جائے بہتر یہ ہے کہ سیاسی

جماعتیں یا مخیر حضرات یا مذہبی جماعتیں جیسے جماعت اسلامی ہے ان کی مرمت کریں -

**چودھری محمد سرور خان**—جناب والا - کیا حکومت اوقاف کی آمدنی ان مسجدوں پر خرچ کرنا مناسب نہیں سمجھتی -

**Mr. Speaker**: The member should better put this question to the Auqaf Department.

---

DAMAGE TO CURRENT WHEAT CROP IN HYDERABAD AND KHAIRPUR DIVISIONS DUE TO SHORTAGE OF WATER

***2745. Rais Khan Muhammad Khan Nizamani**: Will the Minister of Revenue, be pleased to state whether it is a fact that the current wheat crop had badly suffered in Hyderabad and Khairpur Divisions due to the shortage of water draught and scanty rainfall, if so, whether Government intend to grant any remission in land revenue in the said area?

**Parliamentary Secretary** (Mr. Abdul Qayyum): (i) No damage to current wheat crop is reported from Hyderabad Division except in taluka Matli. Slight damage was also suffered in the following portions of Khairpur Divisions:—

(*a*) Non-barrage area of Larkana district due to scanty rainfall;

(*b*) Khairpur and Nawabshah districts due to shortage of water and rainfall.

(*ii*) A proposal for the grant of a suitable remission in Taluka Matli is under consideration. In Khairpur Division the loss was not such as to warrant special remission. It will be given in individual cases if admissible under the Remission Rules.

**میر ولی محمد تالپور**—کیا یہ حقیقت نہیں ہے کہ سکھر بیراج کی tail پر واقع علاقوں میں گندم کی فصل کو بہت سخت نقصان پہنچا ہے -

**وزیر مال**—(خان حبیب اللہ خان)— جہاں جہاں نقصان پہنچا ہے وہ تو ہم نے بتا دیا ہے -

---

DESTRUCTION OF TORIA CROP BY PESTS IN HYDERABAD AND KHAIRPUR DIVISIONS

***2746. Rais Khan Muhammad Khan Nizamani**: Will the Minister of Revenue, be pleased to state whether it is a fact that the Toria crop of the current season in Hyderabad and Khairpur Divisions has been completely destroyed by pests, if so, whether Government intend to grant any remission in Land Revenue to the affected agriculturists in the said area ?

**پارلیمنٹری سیکرٹری** —(مسٹر عبدالقیوم)—(الف) حیدر آباد اور خیر پور ڈویژن میں توریہ کی فصل کو مندرجہ ذیل نقصان ہوا :—

**حیدرآباد ڈویژن**—نقصان کی رپورٹ تھرپارکر ۔ سانگڑھ اور ضلع حیدر آباد کے کچھ تعلقوں سے وصول ہوئی ہے ۔

**خیر پور ڈویژن**—صرف نواب شاہ کے ضلع میں کچھ نقصان ہوا تھا ۔

(ب) فصلی معافی ضلع سانگھڑ میں مستحق لوگوں کو دی جا رہی ہے ۔ مناسب معافی تھرپارکر اور ضلع حیدر آباد کے نقصان زدہ تعلقوں میں بھی دی جائے گی ۔ خیر پور ڈویژن میں معافی دینے کی کوئی تجویز نہیں ہے ۔

**رئیس خان محمد خان نظامانی**—یہ remission کب دی جائے گی ۔

**وزیر مال**—(خان حبیب اللہ خان)—یہ remission تو گرداوری کرنے کے فوراً بعد دی جاتی ہے کیونکہ یہ فصلی remission ہے ۔ تو اس کا مطلب یہ ہے ۔ کہ گرداوری کے فوراً بعد دی جائے گی ۔

---

DISBURSEMENT OF AMOUNT OF COMPENSATION TO LAND-OWNERS WHOSE LANDS WERE ACQUIRED FOR CONSTRUCTION OF PEHUR FLOW IRRIGATION CANAL.

***2752. Khan Ajoon Khan Jadoon** : Will the Minister of Revenue be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that out of Rs. 12,16,980 only Rs. 5,89,355 were disbursed from 27th June 1963 to 23rd May 1966 to land-owners, whose lands were acquired for construction of Pehur Flow Irrigation Canal;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, reasons for delay in disbursing the balance and the date by which the same is likely to be disbursed amongst the said land owners?

**Parliamentary Secretary** (Mr. Abdul Qayyum) : The information is being collected.

---

WATER-LOGGING AND SALINITY IN LANDS OF CHAK NOS. 45, 46 AND 47 IN GHULAM MUHAMMAD BARRAGE

***2885. Sardar Gul Zaman Khan** : Will the Minister of Revenue be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that the lands in Chak Nos. 45, 46 and 47 in Ghulam Muhammad Barrage have been rendered incapable of cultivation due

to waterlogging and salinity with the result that the cultivators of the said lands are unable to pay Government dues;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, whether Government intend to allow any remission to the said cultivators.

(*c*) whether Government intend to provide alternative lands to the said cultivators, if not, reasons therefor ?

**Parliamentary Secretary** (Mr. Abdul Qayyum) : (*a*) Excepting an area of 32 acres only in Chak No. 45, remaining areas in Chak Nos.45, 46 and 47 are not affected by water-logging and salinity.

(*b*) and (*c*) Does not arise in view of answer to (*a*) above.

**سردار گل زمان خان**—اس چک نمبر ۴۵ میں جو بتیس ایکڑ رقبہ متاثر ہو چکا ہے ۔ تو یہ رقبہ جس الاٹی کو دیا گیا تھا ۔ کیا اس بتیس ایکڑ رقبے کے لئے اسے کہیں کوئی متبادل اراضی دی جائے گی ۔

**وزیر مال**—(خان حبیب اللہ خاں)—میرے خیال میں یہ ان کو بھی علم نہیں ہے ۔ کہ یہ ایک شخص کا رقبہ نہیں ہے ۔ اس رقبے کے تو کئی ایک مالکان ہیں ۔ کسی مالک کا آدھ ایکڑ ۔ کسی کا ایک ایکڑ اور کسی مالک کی ایک کنال اراضی اس تمام رقبے میں تھی جو کہ سیم اور تھور سے خراب ہو چکی ہے ۔ تو اب یہ مشکل ہے کہ ہم ایسے چھوٹے چھوٹے کئی مالکان کو کہیں پر متبادل اراضی دیں ۔ البتہ اگر کسی کی اراضی اس طرح خراب ہو جاتی ہے تو اگر وہ حکومت کو درخواست دیں تو ان کو متبادل اراضی دینے کے متعلق غور کیا جاسکتا ہے ۔

**خان اچون خان چدون**—اگر میں جناب وزیر مال کے نوٹس میں کوئی ایسی مثال پیش کروں ۔ کہ ایک شخص کی تین سو ایکڑ اراضی جو کہ اس نے نیلام میں ایک لاکھ روپے کے عوض خریدی تھی ۔ اور خراب ہو چکی ہے اور اس سے کوئی فصل حاصل نہیں ہو سکتی ۔ تو کیا وہ اسے متبادل اراضی دیں گے ۔

**وزیر مال**—اس سوال کا تو اصل سوال سے کوئی تعلق نہیں ہے ۔ This is a hypothetical question

ALLOTING LANDS IN CHAK NOS. 45, 46 AND 47 OF GHULAM MUHAMMAD BARRAGE AREA

***2886. Sardar Gul Zaman Khan**: Will the Minister of Revenue be pleased to state :—

(*a*) the total number of persons who have been allotted lands in Chak Nos. 45, 46, and 47 of Ghulam Muhammad Barrage Area :

(*b*) the number out of those mentioned in (*a*) above who belong to the former N.-W.F.P. and Punjab separately ?

**Parliamentary Secretary** (Mr. Abdul Qayyum) :

| (*a*) *Chak No.* | *No. of persons allotted lands.* |
|---|---|
| 45 | 60 |
| 46 | 61 |
| 47 | 47 |
| Total .. | 168 |

(*b*) All allottees belong to Hazara District.

---

DISPUTE BETWEEN THE LANDLORDS AND TENANTS OF UPPER TANAWAL IN HAZARA DISTRICT

***2896. Sardar Gul Zaman Khan :** Will the Minister of Revenue be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that a Commission was constituted by Government some time ago for looking into the long standing dispute between the landlords and tenants of Upper Tanawal Area in Hazara District :

(*b*) if answer to the above be in the affirmative whether the said Commission has submitted its report, if so, findings and whether the said findings have been conveyed to the concerned land-owners and tenants ?

**Parliamentary Secretary** (Mr. Abdul Qayyum) : (*a*) A Committee and not a Commission, was constituted by Government.

(*b*) (*i*) Yes.

(*ii*) Summary of the findings and recommendations of the Committee approved by the Governor is enclosed.*

(*iii*) The findings have been forwarded to the Department/local officers concerned for necessary action.

**سردار گل زمان خان** : پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ میں آپ کی اجازت سے جناب پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب سے یہ درخواست کروں گا کہ اپر تناول کے مزارعین اور مالکان کے درمیان جو دیرینہ جھگڑا چلا آ رہا ہے ۔ اور اس کے متعلق جو رپورٹ آئی ہے ۔ اس کا اردو میں ترجمہ کر دیں ۔

---

*Please see Appendix I at the end.

**وزیر مال** : جواب تو انگریزی میں موجود ہے - اگر وہ فرماتے ہیں - تو میں اردو میں ترجمہ کئے دیتا ہوں -

**مسٹر سپیکر** : میرا خیال ہے کہ یہ دو صفحات پر مشتمل ہے -

**وزیر مال** : ہے تو پونے دو صفحے کی رپورٹ - لیکن اگر آپ کہیں - تو میں اردو میں ترجمہ کئے دیتا ہوں - یا اگر یہ کسی اور سے اس کا ترجمہ کرانا چاہیں - تو یہ ان کی مرضی ہے -

**Mr. Speaker :** The Minister need not translate it.

---

DECLARING GULLIAT AS BACKWARD AREA

***2898. Sardar Gul Zaman Khan :** Will the Minister of Revenue be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that the average area of agricultural land in possession of each cultivator in Gulliat area in Abbottabad Tehsil is 2 Kanals and 15 Marlas;

(*b*) whether it is a fact that the poor inhabitants of the said area have got no other means of livlihood and have to depend on only one crop growing on their lands;

(*c*) if answer to (*a*) and (*b*) above be in the affirmative, whether Government intend to declare the Gulliat as Backward Area; if not, reasons therefor?

**Parliamentary Secretary** (Mr. Abdul Qayyum) I am sorry, Sir, the reply is not yet ready.

**Mr. Speaker :** This question will be repeated on the next turn.

---

ALLOTMENT OF LAND TO RESIDENTS OF TRIBAL AREA

***2922. Haji Gulab Khan Shinwari :** Will the Minister of Revenue be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that uptil 3 years back the residents of tribal area used to be allotted lands by Government in the area of Ghulam Muhammad Barrage, Tehsil Liaqatpur, District Rahimyar Khan, District Muzaffargarh and Daira Din Panah;

(*b*) whether it is a fact that no land in the said areas has been allotted to the said residents for the last three years; if so, reasons thereof and whether Government intend to allot land to the residents mentioned above in the said areas, if so, when?

**Parliamentary Secretary** (Mr. Abdul Qayyum): (*I*) *Ghulam Muhammad Barrage.* (*a*) In 1959, an area of 10,000 acres (5,000 acres for D.I.Khan Division and 5,000 acres for Peshawar Division) was reserved in G.M. Barrage, for allotment to Tribesmen. 4,156 acres were actually allotted to them against this reservation.

(*b*) Yes. The allotment of remaining area to new settlers will be made as soon as the Deputy Commissioners are able to pursuade the tribesmen to settle in the Ghulam Muhammad Barrage area.

(*II*) *Tehsil Liaqatpur* (*a*) Yes. In 1957, an area of 5,000 acres of state land was reserved for the settlement of Tribesmen in Tehsil Liaquatpur, District Bahimyarkhan. Out of which an area of 3,000 acres has so far been allotted.

کو ہماری حکومت نے بھلا دیا بلکہ وہ لوگ جو ان شہدا کی یاد میں ان کی قربانیوں کی قدر کرتے ہوئے حکومت کے اقدامات کے خلاف آواز اٹھانے کے لئے سڑکوں پر آئے ان میں سے بعض کو ہماری حکومت نے شہدا کا مرتبہ دیا میں سمجھتا ہوں کہ یہ حکومت کا قوم پر احسان ہے کہ اس قوم کے فرزندوں کو حکومت نے بازاروں میں گولیوں کا نشانہ بنایا لیکن یاد رکھئے کہ یہ قربانیاں کبھی رائیگاں نہیں جائینگی اور آپ زیادہ دیر تک اس آمریت کو قائم نہیں رکھ سکیں گے ۔ جناب سپیکر صوبائی اسمبلی اور مرکزی اسمبلی دونوں عوامی نمائندوں کے ایوان میں چند دن پہلے میں نے یہاں ایک تحریک التوا پیش کی تھی اور نیشنل اسمبلی کے تین ممبران نے ملک لال خان مرحوم جو این ۔ اے ۔ پی ۔ کے مشہور لیڈر تھے کی تعزیت کے سلسلے جہلم میں جلسہ سے خطاب کرنا تھا لیکن ان کو بھی اجازت نہ دی گئی ۔ میں حکومت سے پوچھتا ہوں کہ اگر آپ نیشنل اسمبلی کے ممبروں کو بھی ملک کا بھی خواہ نہیں سمجھتے اور محب وطن نہیں سمجھتے اگر ان پر بھی پابندیاں لگانے کے لئے تیار ہیں تو بتائیے اس ملک میں پھر کون ہے جو محب وطن ہے اور آزادی کیا بلا ہے اگر حکومت ہمیں اس چیز کا اہل نہیں سمجھتی اور ہمیں اس حد تک نالائق سمجھتی ہے کہ ہم ملک کی بھلائی اور برائی میں تمیز نہیں کر سکتے تو اس اس حکومت کو ہم سے کسی قسم کا ٹیکس وصول کرنے کا کوئی حق نہیں ہے حکومت نے ہمارے حقوق سلب کئے ہوئے ہیں تو اس حکومت کو قطعی کسی قسم کا اخلاقی حق حاصل نہیں ہے کہ وہ ہم سے ٹیکس وصول کرے اگر آپ کا رویہ یہ ہے کہ آپ سارے مغربی پاکستان کی administrative مشینری اور انتظامیہ کو اپنے سیاسی مقاصد کے لئے استعمال کرتے ہیں تو آپ کو کیا حق حاصل ہے کہ اس انتظامیہ پر کئے گئے اخراجات ہم سے وصول کریں ۔

جناب سپیکر جب کوئی مسئلہ اس ایوان میں یا اس ایوان کے باہر پیش ہوتا ہے تو ہماری حکومت کی طرف سے جنگ اور ہنگامی حالات کا حوالہ دیے دیا جاتا ہے بڑے افسوس

کا مقام ہے کہ حکومت نے سابقہ پالیسی کو ترک نہیں کیا آپ کو اچھی طرح علم ہے کہ جب معاہدہ تاشقند ہوا تو اس کے چند ہی دنوں بعد ہماری حکومت نے یونین کونسلوں اور ڈسٹرکٹ کونسلوں اور میونسپل کمیٹیوں کے ایلکشن رچانے کا اعلان کیا آپ کو یاد ہو گا کہ انتہائی ڈھٹائی کے ساتھ جس کوتاہ اندیشی کے ساتھ جس کوتاہ نظری کے ساتھ انتظامیہ مشینری کو ہماری حکومت نے ڈسٹرکٹ کونسلوں کی ایلیکشن میں میونسپل کمیٹی کے ایلیکشن میں استعمال کیا اس کی مثال کسی بھی ملک میں کم ملے گی میں اس حکومت سے یہ پوچھتا ہوں کہ اگر آپ ہنگامی حالات کا حوالہ دیتے اور اپنی مذموم پالیسیوں کو ترک کرنے کے لئے تیار نہیں تو آپ اس قوم سے قربانی کا کیوں مطالبہ کرتے ہیں بتائیے قوم قربانی کس طرح دے اور کس کے لئے دے قوم وطن اور ملک کے لئے تو قربانی دے گی لیکن آپ لوگوں کی جو انتہائی کوتاہ اندیشی ہے اور جب تک آپ اپنے خلوص کا عملاً ثبوت نہ دیں گے تب تک آپ کے لئے کوئی قربانی نہیں دے گا جناب سپیکر میں حکومت کے سامنے قائداعظم کے فرمودات پیش کرتا ہوں انہوں نے گزیٹیڈ انسران کو چٹاگانگ میں خطاب کرتے ہوئے فرمایا تھا

"You have to do your duty as servants ; you are not concerned with this politician or that political party ; that is not your business. It is a business of politicians to fight out their case under the present Constitution or the future Constitution that may be ultimately framed. You, therefore, have nothing to do with this party or that party. You are civil servants."

جناب سپیکر اسی طرح انہوں نے سول انسران کو پشاور میں خطاب کرتے ہوئے فرمایا تھا

"May be, some of you may fall victim for not satisfying the whims of Ministers. I hope this does not happen, but you may even be put to trouble not because you are doing anything wrong but because you are doing right. Sacrifices have to be made and I appeal to you, if need be, to come forward and make the sacrifice and face the position of being put on the black-list or being otherwise worried or troubled. If you will give me the opportunity of your sacrifice, some of you will at least, believe me, we will find a remedy for that very soon. I tell you that you will not remain on the black-list if you discharge your duties and responsibilities honestly, sincerely and loyally to the State. It is you who can give us the opportunity to create a powerful machinery, which will give you a complete sense of security."

جناب سپیکر اس سے آگے انہوں نے فرمایا ۔

"and not merely should justice be done, the people should feel that justice has been done to them."

جناب سپیکر قائداعظم کے فرمودات سے ظاہر ہوتا ہے کہ حکومت اور انتظامیہ کا حکومت کے کام چلانے کے لئے غیر جانبدار ہونا کتنا ضروری ہے لیکن افسوس کا مقام ہے کہ ان نصیحتوں پر عمل کرنے کی قطعی کوشش نہیں کرتے میں اس بات کو تسلیم کرتا ہوں کہ آپ اپنی ان مذموم حرکات سے انتظامیہ کو اپنا آلہ کار بنائے ہیں بلکہ اس کو پورے طور پر بنا لیا ہے لیکن جب آپ اس انتظامیہ کو اپنا آلہ کار بنا چکے ہیں تو اب آپ کا یہ فرض ہے کہ آپ اس کے اخراجات بھی برداشت کریں اور اس ملک کی عام آبادی سے اگر ایک پائی بھی ٹیکس کے طور پر وصول کریں تو آپ کو اس کے وصول کرنے میں تھوڑی بہت شرم آنی چاہیے اور میں سمجھتا ہوں کہ آپ کو ۶ کروڑ ۷۹ لاکھ ۵ ہزار روپیہ جو انتظامیہ کے لئے مخصوص کیا گیا ہے عام آبادی سے وصول کرنے کا کوئی حق حاصل نہیں ہے اگر حق حاصل ہے تو جو مسلم لیگ کے عہدے دار ہیں ان سے وصول کیا جائے پبلک کا اس سے کوئی واسطہ نہیں۔

**Mr. Munawar Khan**: Excellent. Very good.

**مسٹر حمزہ**—جناب سپیکر میں جناب وزیر مالیات سے پوچھتا ہوں کہ آپ نے اس بجٹ میں ۱۱ کروڑ ۵۸ لاکھ ۳۲ ہزار کی گنجائیشن مالیہ کی مد میں رکھی ہے اور یہ پچھلے سال کی گنجائیشن کے مقابلہ میں تقریباً ۲۹ لاکھ زیادہ ہے میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ آپ نے یہ مالیہ کی مد اور اس میں اس قدر گنجائیشن ٹیکسیشن کے کن اصولوں کے مطابق رکھی ہے کیا آپ کو علم نہیں کہ مغربی پاکستان کے صوبے میں امسال لاکھوں من گندم کم پیدا ہوئی ہے بارشیں کم ہوئیں نہروں میں پانی کم تھا آپ کو چاہئے تھا کہ بجائے اس کے کہ آپ مالیہ کی مد میں رقم زیادہ رکھتے کہ وہ غریب جن کی فصلیں کم ہوئی ہیں ان کو مالیہ کی معافی دیتے اور ان کی جان کی حفاظت کرتے کیونکہ ایسا کرنا آپ کا فرض ہے جو آپ ادا نہیں کر رہے وہ زمین دار جنکے مویشی رات کو چوری کر لئے جاتے ہیں

آپ ان کی حفاظت نہیں کرتے آپ کو کیا حق حاصل ہے
کہ اتنی بڑی رقم چھوٹے زمینداروں یا کاشت کاروں سے وصول
کریں جناب سپیکر جب ٹیکس لگایا جاتا ہے تو اس کا ایک
معروف اصول یہ ہوتا ہے کہ ادا کرنے والے کی طاقت کو
دیکھا جاتا ہے آیا وہ اس کو ادا کر سکتا ہے یا نہیں
حکومت اس امر سے آگاہ ہے کہ اس سال فصلیں بری طرح
تباہ ہوئی ہیں اور اکثر کاشتکار اور زمیندار مشکلات میں مبتلا
ہو گئے ہیں تو کیا وجہ ہے کہ وزیر مالیات نے زیادہ
رقم کی گنجائیش رکھی بجائے اس کے کہ وہ اس میں کمی
کرتے جناب سپیکر میں جناب وزیر مالیات سے پوچھتا ہوں کہ
آپ نے اس سال پولیس کی مد میں ۱۷ کروڑ ۳ لاکھ ۶۷ ہزار
کی رقم رکھی ہے اور پچھلے سال ۱۴ کروڑ ۹۵ لاکھ ۶۳
ہزار کی گنجائیش رکھی تھی کیا آپ کو علم ہے کہ لاہور
میں بھی لوگوں کی زندگیاں محفوظ نہیں ہیں غنڈوں کو آزادی ہے اور وہ
آزادی آپ دیتے ہیں کیا آپ کو اس حقیقت کا علم نہیں
کہ آپ کے اس شہر کی حالت انتہائی خراب ہے ہم اپنے
علاقوں کا ذکر کیا کریں سندھ کے حالات کا کیا ذکر
کریں میں پوچھتا ہوں کہ جب آپ کی انتظامیہ مشینری
بالکل ناکام ہو چکی ہے تو کیا وجہ ہے کہ کروڑوں روپیہ
آپ ان پر نچھاور کر رہے ہیں آپ کو قطعاً حق حاصل
نہیں اگر آپ انتظامیہ کو محض ایسے اغراض کے لئے استعمال
کرنا چاہتے ہیں تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ mal-administration
ہے لا قانونیت ہے امن و امان کے خراب ہونے کی سب سے بڑی
وجہ یہی ہے انتظامیہ تو ایک ہی کام کر سکتی ہے وہ
یا تو آپ کے وہ سیاسی مقاصد پورے کرے گی یا اس کو
عوام کا خادم بننا ہو گا لیکن دیکھنے میں آیا کہ آپ
اس کو اپنے سیاسی مقاصد کے لئے استعمال کرتے ہیں اور آپ
کے عوام کا خادم ہونے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا لہذا
یہ تمام رقومات جو آپ ان سے وصول کرتے ہیں یہ طاقت کے
نشہ میں کرتے ہیں اور اسی لئے یہ مطالبہ ہمارے سامنے
پیش کرتے ہیں وگرنہ اگر اخلاق کو سامنے رکھا جائے اور
ٹیکسیشن کے سنہری اصولوں کو اگر سامنے رکھا جائے تو

معلوم ہو گا کہ آپ ظالم ہیں مظلوم سے آپ کیسے توقع کرتے ہیں کہ وہ آپ کو ٹیکس ادا کرے آپ ایک طرف ان کا خون چوستے ہیں اور دوسری طرف ان سے روپیہ کا مطالبہ کرتے ہیں

جناب سپیکر ۔ جناب وزیر مالیات جنہوں نے یہ میزانیہ محض ایک بنیے کی طرح تیار کیا ہے جیسے خان رحم دل خان صاحب نے فرمایا تھا ۔ انہوں نے آبپاشی میں ۳۰ کروڑ ۲۷ لاکھ کی گنجائش رکھی ہے ۔ اور یہ گنجائش پچھلے سال کے مقابلے میں زیادہ ہے ۔ کیا آپ کو یہ علم نہیں ہے کہ پچھلے سال دریاؤں کے پانی کی کمی کی وجہ سے اکثر علاقوں میں بہت کم فصلیں کاشت کی گئیں اور جہاں کاشت کی گئیں وہاں پیداوار بہت کم ہوئی ان علاقوں میں آج لوگ بھوکوں مر رہے ہیں ۔ جہاں کل غلے کا گھر تھا ۔ وہاں آج نہ تو انسانوں کے کھانے کیلئے غلہ میسر ہے ۔ اور نہ مویشیوں کے لئے چارہ ۔ آپ ان سے آبیانہ کیوں وصول کر رہے ہیں ۔ کیا جناب وزیر مالیات کو معلوم ہے ۔ کہ آبیانہ کی مد محض ایک فیس کی حیثیت رکھتی ہے ۔ آپ آبیانہ اس صورت میں وصول کر سکتے ہیں ۔ اگر پانی پوری مقدار میں مہیا کریں ان علاقوں میں پانی کی پوری مقدار مہیا نہ ہونے کی وجہ سے غریب لوگ انتہائی پریشان حالی کا شکار ہیں ۔ کیا وجہ ہے ۔ کہ آپ پچھلے سال کے مقابلہ میں بھی زیادہ آبیانہ وصول کریں گے ۔ یہ انتہائی زیادتی ہے ۔

جناب سپیکر افسوس یہ ہے ۔ کہ جناب وزیر مالیات کو پبلک فنانس کا صرف ایک ہی زریں اصول آتا ہے ۔ کہ فاضل بجٹ پیش کر کے حکومت والوں سے خراج تحسین وصول کیا جائے ۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں ۔ کہ اگر آپ خسارے والا بجٹ بھی پیش کرتے تو ان لوگوں نے تو آپ کی اتنی ہی تعریف کرنی تھی ۔ لیکن اس صورت میں آپ یقیناً حقیقت پسند ہوتے ۔ کیوں کہ ملکی حالات ایسے ہیں کہ آپ عوام سے زیادتی کئے بغیر فاضل بجٹ نہیں بنا سکتے تھے ۔ میں آپ سے یہ پوچھتا ہوں کہ آپ نے ان حالات میں پانچ کروڑ سات لاکھ کا فاضل بجٹ کیوں پیش کیا ۔ اس کے ساتھ ہی ساتھ محض

فاضل بجٹ پیش کرنے کے لئے آپ اعداد و شمار میں ہیرا پھیرا کی ۔ کیا آپ بتائیں گے ۔ کہ آپ نے یہ ۱۰ کروڑ کا کنٹنجنسی ائیٹم ترقیاتی اخراجات میں کومبین کوپن شامل کیا ہے ۔ حالاں کہ اسے ریونیو اخراجات میں شامل کیا جانا چاہئے تھا ۔ آپ نے محض دھوکہ سے ۱۰ کروڑ کی گنجائش رکھی ہے ۔ آپ نے ہمیں دھوکہ دینے کی مضموم کوشش کی ہے ۔

جناب سپیکر اس حکومت کی حالت یہ ہے ۔ کہ آج یہ حکومت قوم کی امنگوں کی تکمیل میں حائل ہے ۔ قومی خودداری کا جذبہ پامال کر رہی ہے ۔ اور قومی تعمیر کے لئے جن جن چیزوں کی اشد ضرورت ہے وہ اس سے بے نیاز ہے ۔ میں اس حکومت سے پوچھتا ہوں ۔ کیا قومی تعمیر کے لئے قومی زبان لازمی نہیں ۔ لیکن اس کے باوجود اس حکومت کے ایک بہت بڑے اور قابل قدر وزیر جنہیں اس حکومت میں بلند مرتبہ حاصل ہے ۔ پہلے تو وہ اردو کے حق میں بیان دیتے رہے لیکن چند ماہ بعد انہوں نے یہ کہہ کر ٹرخا دیا کہ جب تک آئین میں ترمیم نہ ہو ہم اردو کو قومی زبان نہیں بنا سکتے ۔ اور اسے وہ مقام نہیں دے سکتے جو اسے مغربی پاکستان میں حاصل ہونا چاہئے تھا ۔ میں آپ سے پوچھتا ہوں ۔ کہ وہ حکومت جو قومی تعمیر سے اس حد تک بیگانہ ہے ۔ اس حد تک دشمنی کا ثبوت دے رہی ہے ۔ اسے کیا حق حاصل ہے ۔ کہ وہ پورے مغربی پاکستان کی حکومت کہلائے اور ہم سے ٹیکسوں کا مطالبہ کرے ۔ میں حکومت سے دریافت کرتا ہوں ۔ کہ کیا اس کے فرائض میں یہ شامل نہیں ہے ۔ کہ ملک کی آبادی کو روزگار مہیا کرے ۔ آپ نے ملک کی عام آبادی کو تو کیا روزگار مہیا کرنا ہے ۔ ایک طرف آپ کا یہ دعویٰ ہے کہ ملک میں تعلیم یافتہ افراد کی شرح بڑھ رہی ہے ۔ لیکن کیا دوسری طرف آپ نے نہیں دیکھا ۔ کہ پہلے تو صرف غیر تعلیم یافتہ عوام بے روزگاری کا شکار تھے ۔ لیکن آج مغربی پاکستان میں ہمارے تعلیم یافتہ بھائی بھی بے روزگاری کا شکار ہیں ۔ ہمارے جوان بچے جو علم کے زیور سے آراستہ پیراستہ ہیں ۔ ان کی تمام کی تمام محنت اور قابلیت ضائع جا رہی ہے ۔ اور وہ بازاروں

میں دھکے کھاتے ہوں دفتروں میں ایک اساسی ہوتی ہے تو اس کے لئے بہت سفارشیں ہوتی ہیں اور جسے ملازمت ملتی ہے وہ بھی محض سفارش کی بنا پر ۔ کیا آپ کو یہ احساس نہیں کہ حکومت کے فرائض میں سے یہ بھی فریضہ ہے ۔ کہ صوبے کی عام آبادی کے لئے روزگار مہیا کرے صرف ایسی حکومت ہی حکومت کہلانے کی حقدار ہے ۔ ٹھیک ہے کہ آپ کے پاس ڈنڈا ہے آپ کے پاس اختیار ہے ۔ آپ طاقت کے نشے میں اندھے اور بہرے بھی ہیں ۔ خدا کے لئے ان مسائل کو سمجھئے میں آپ کے بھلے کی بات کہہ رہا ہوں ۔ اگر آپ نے ان مسائل کو حل کرنے کی کوشش نہ کی تو آپ خواہ کسی حد تک ناجائز ذرائع استعمال کریں ۔ آپ کے دن ختم ہونے کو ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ اس سال جناب وزیر مالیات نے یہ فرمایا ہے کہ پچھلے سال ۱۴ کروڑ ۲۵ لاکھ کی جو رقم یہی ترقیاتی پروگرام کے لئے منظور کی گئی تھی اور جو رقم نظر ثانی شدہ میزانیہ میں ۱۰ کروڑ تھی اسے گھٹا دیا گیا ہے اس سال بجٹ میں اس کے لئے کوئی گنجائش نہیں رکھی گئی ۔ بلکہ پہلے اس مد کی رقم ہمیں خیرات کے طور پر ملتی تھی اب قرضہ کے طور پر ملا کرے گی جناب وزیر موصوف کو یہ علم ہوگا کہ تیسرے پنج سالہ منصوبہ میں سارے مغربی پاکستان میں ۲۵ سو کروڑ روپے خرچ ہونے تھے ۔ جن میں سے ۱۱ سو کروڑ پرائیویٹ سیکٹر میں تھے اور ۱۴ سو کروڑ پبلک سیکٹر میں ۔ انہوں نے ترقیاتی بجٹ ایک سو اسی کروڑ سینتیس لاکھ کی گنجائش رکھی ہے ۔ جناب وزیر موصوف نے قرطاس ابیض میں یہ فرمایا ہے کہ ۱۹۰ کروڑ ۳۷ لاکھ میں سے ۱۰ کروڑ کم ہو گئے ہیں ۔ میں ان سے پوچھتا ہوں ۔ کہ اگر انہوں نے ۱۸۰ کروڑ ۳۷ لاکھ کی گنجائش رکھنی تھی ۔ تو ۱۹۰ کروڑ کا ذکر کرنے کی کیا ضرورت تھی ۔ جناب سپیکر حقیقتاً اس سال ترقیاتی پروگرام پر عمل کرنے کے لئے ہماری حکومت کو غیر ممالک سے ۵۵ کروڑ ۱۳ لاکھ روپے کی امداد کی ضرورت ہے ۔ میں ان سے پوچھتا ہوں کہ وہ کونسا ملک ہے جس سے یہ بیرونی امداد لینی ہے ۔ کیا آپ یہ بیرونی

امداد لینے کے لئے قومی خودداری کو ٹھیس نہیں لگا رہے ۔ کیا آپ نے تمام قوم کو ذلیل و خوار نہیں کیا ۔ ہمارے ملک کو ایسی ترقی کی قطعاً ضرورت نہیں جو ہمیں غیروں کا غلام بنائے ۔ آپ نے ملک کے وقار کو تباہ کیا ہے ۔ اور ملک کی سالمیت کو خطرہ میں ڈالا ہے ۔ جناب سپیکر آپ یقین کیجئے کہ وہ ممالک جن کے متعلق وہ یہاں فرما رہے ہیں ۔ کہ ہمیں ان کی ایڈ لینی پڑتی ہے ۔ ان میں سے بہت سے ایسے بھی ہیں ۔ جن کے اشاروں پر ہم نے وزارت میں تبدیلی کی ہے ۔ ایک طرف تو یہ وہ بیان دیتے ہیں کہ مشروط امداد قبول نہیں کی جائے گی ۔ اور دوسری طرف ہم یہ دیکھتے ہیں کہ ہم غیروں کے کہنے پر وزیر خارجہ کو بھی تبدیل کر دیتے ہیں ۔

**Mr. Speaker** : The member is not relevant.

**مسٹر حمزہ** ۔ جناب سپیکر میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ۵۵ کروڑ ۱۳ لاکھ روپے کے یہ قرضہجات کن سے وصول کر رہے ہیں چاہے وہ امریکہ ہو یا ویسٹ جرمنی یا انگلینڈ ان ملکوں کے اقتصادی حالات اس قسم کے ہیں کہ جب تک وہ ترقی پذیر ممالک کو ایڈ نہیں دیں گے ۔ وہ اپنے تمام کے تمام وسائل قومی ترقی کے لئے استعمال نہیں کر سکتے ۔ اگر وہ ایڈ نہ دیں تو وہ لازماً بے روزگاری کا شکار ہوں گے وہ ملک ہمیں ایڈ دینے پر مجبور ہیں ۔ لیکن دیکھنا یہ ہے کہ ایڈ کہاں سے ملتی ہے اور زیادہ سے زیادہ فائدہ ہمیں کہاں سے امداد لینے میں پہنچتا ہے ۔

جناب سپیکر یقین کیجئے کہ حکومت کی پالیسی سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اس نے امریکہ کے سامنے ہی نہیں ہے ۔ بلکہ ہندوستان کے سامنے ہاتھ جوڑ دئیے ہیں اور یہ انتہائی ہتک کا مقام ہے ۔ آپ اپنی قوم کی قربانیوں کو ضائع کر رہے ہیں ۔ (قطع کلامی)

**Mr. Speaker** : The member may please take his seat now. Yes Mr. Anwar Aziz.

**بیگم زاہدہ خلیق الزمان** ۔ کیا ہندوستان کے سامنے ہاتھ جڑوا رہے ہیں ۔

**Mr. Speaker** : Order, order.

**Chaudhri Anwar Aziz** (Sialkot IV): Mr. Speaker Sir, I am quite in agreement with Mr. Hamza when he says that our Minister did not deserve the amount of praise that has been bestowed on him. Actually, our Minister deserves much more praise that has been bestowed on him. Sir, I will take only a small amount of time to cover the area which I represent. Sir, I come from Narowal and Shakargarh in the District of Sialkot. In my last

speech on the budget, I threw a challenge to all the Ministers and requested them to visit that area once. In this speech, I will not even request them but read a couplet which will be representing our sentiments about the Ministers sitting here:

مجھ سے لا حاصل ہے میری حسرتوں کا پوچھنا
تم وہی آخر کروگے جو تمہارے دل میں ہے

Now Sir, the main point which I am to cover in my speech today is something that my friend Mr. Farooqi said in his speech about the day of the budget being the day of judgement for the Government and the Ruling Party. I like to say that this is also a day of judgement for the opposition and Opposition Parties. Sir, the Opposition here has very nicely played the role of pointing out mistakes of the Government. We are very much obliged to them for that. Whenever a Member of the Opposition stands up to speak, the officials, if you please observe, always get their note-books and start noting the suggestions. The Ministers also take a good note of the suggestions that come from them. We the people in the ruling party, also appreciate the criticism that they make. But Sir, what is this criticism in iteself? Let us look at that. Sir, an Opposition is a challenge to the Rulling Party. When the challenge is weak, the response is also going to be weak. The Opposition here has never been able to produce any alternative measures which should prove to the people at large and to this House that here is a suggestion which is better than the one which is at the moment before us. Sir, in the war of politics, bombs and bullets of ideas and views are thrown. Now let us look at the arsenal of this Opposition and we will find that they are a stagnant Opposition. They are unable to offer any constructive criticism; they are unable to give us any hope that they have got some ideas which, if we implement, will give us a better life in this country. It was not the Opposition that sits in this House-which is smaller in number—but number is not important here-but these were the ideas and it was the ideal of Pakistan that helped us fight the British and we got our freedom.

**Mr. Speaker**: Time being very limited I would request the member to come to the budget.

**Chaudhry Anwar Aziz**: Sir, this is budget. This is also a part of the budget speech as it can be covered in it. I am of this opinion Sir, because they are discussing the policy of the Government and I have also to discuss the policy of the Opposition.

**Mr. Speaker**: That would not be the budget speech.

**Chaudhry Anwar Aziz**: What would it be then, Sir.

**Mr. Speaker**: That would be irrelevant speech.

**Chaudhri Anwar Aziz**: Alright Sir; I think Sir, all the things which I have prepared go over-board.

I thought Sir, that I would be able to point out to the Opposition people here some constructive measures on which perhaps they, by putting better ideas, could compel us to come up with better ideas and if they put better ideas, we will come up which the best ones. This I was going to suggest to them and I was also going to cover some of the points which Mr. Farooqi raised.

**Mr. Speaker**: The member can cover the points raised by Mr. Farooqi.

**Chaudhry Anwar Aziz**: The points were so minor.....any way I would like to discuss Sir, and I have torn all these pages and thrown them being of no use and consideration.

**Mr. Speaker :** Yes please, no cross talk....

**مسٹر حمزہ** ۔ جناب انور عزیز صاحب گورنمنٹ پارٹی میں misfit ہیں ۔

**Mr. Speaker** : The member may please take his seat. He is not on a point of order.

**Chaudhry Anwar Aziz :** Sir, I would rather speak on the cut-motions; that is better to cover up my ideas; and I think Sir that you are not fair with me. These people have been raising very many issues in the past when other questions were before the House. I thought I will be able to give....

**Mr. Speaker :** So far as the points raised by the Opposition in respect of the Budget are concerned, the member can very well reply to those points.

**Chaudhry Anwar Aziz :** This is concerned in the general policy of the opposition and therefore, I do not think.....

**Mr. Speaker :** In that case the member would not be relevant.

**Chaudhry Anwar Aziz :** In that case, I won't speak Sir.

**میاں نذر محمد گلوکہ** ۔ (بہاول نگر ۱) جناب سپیکر میں آپ کے توسط سے وزیر خزانہ کو اس سال کا بجٹ پیش کرنے پر مبارک باد پیش کرتا ہوں ۔ (ہیئر ۔ ہیئر) جناب والا ڈیمانڈز اتنی ہیں کہ اس سال کا بجٹ اگر ایک ضلع کو دیا جائے تو میرے خیال میں ناکافی ہے ۔ میں جناب والا حیران ہوں کہ ضلع پشاور ۔ کراچی ۔ سرگودھا اور ہزارہ کے ممبر صاحبان نے فرمایا ہے کہ ہمارے اضلاع پسماندہ ہیں ۔

جناب والا میرا علاقہ تحصیل منچن آباد ضلع بہاول نگر ہے ۔ میں اس کے متعلق چند گزارشات کرتا ہوں کہ تحصیل منچن آباد میں صرف ایک سول ہسپتال ہے جو ٹاؤن کمیٹی کی تحویل میں چل رہا ہے ۔ اس کمیٹی کی کم از کم ایک لاکھ کے قریب آمدنی ہے ۔ جس سے ۲۰ ہزار روپیہ اس سول ہسپتال کو ادا کرتی ہے ۔ ۲۰ ہزار میں ملازمین کی تنخواہیں بھی شامل ہیں باقی کچھ معمولی رقم دوائیوں کے لئے بچتی ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ گورنمنٹ نے ابھی تک وہ ہسپتال اپنی تحویل میں نہیں لیا ۔ اس کے علاوہ وہاں پر تکلیف بھی ہے کہ وہاں پر ایم ۔ بی ۔ بی ۔ ایس ۔ ڈاکٹر کوئی بھی نہیں اور ایل ۔ ایم ۔ ایم ایف ڈاکٹر ہے ۔ تو جب کوئی مضروب وہاں پر لے جایا جاتا ہے تو اس کا نتیجہ ملنے میں بڑی دقت پیش آتی ہے ۔ کیونکہ بہاول نگر وہاں سے چالیس میل دور ہے ۔ اور لاش کو وہاں پوسٹ مارٹم کے لئے لے جایا جاتا ہے تو وہ راستے ہی میں خراب ہو جاتی ہے ۔ کیونکہ ٹرک کا

انتظام کر کے لاش کو اس میں لے جایا جاتا ہے اور وہاں سے اس کا نتیجہ لایا جاتا ہے - اس لئے میں وزیر صحت سے یہ درخواست کروں گا - (میں نے پہلے بھی ان سے درخواست کی تھی) کہ اگر وہ یہ ہسپتال اپنی تحویل میں لے لیں تو بہتر ہو گا اور وہاں پر ایک ایم - بی - بی - ایس ڈاکٹر بھی تعینات کرا دیں تو ان کی بڑی مہربانی ہو گی - اس کے علاوہ ہمیں پانی کی بڑی تکلیف رہتی ہے - لیکن اس سال وزیر آبپاشی ملک خدا بخش صاحب کی مہربانی اور ان کی خاص توجہ کی وجہ سے پانی کی قلت دور ہو گئی ہے - ملک خدا بخش صاحب ایک پرانے اور تجربہ کار آدمی ہیں اور ان پر ہم بجا طور پر فخر کر سکتے ہیں کیونکہ وہ عوام کی تکلیف کا پورا پورا احساس فرماتے ہیں - میں ریلوے بجٹ پر وزیر متعلقہ جناب ملک محمد حیات خان کو شکریہ ادا نہیں کر سکا - انہوں نے منٹگمری کے علاقے میں دس لاکھ روپے اس وکہ - وسائے والا لائین کے بچھانے کے لئے مختص کئے ہیں - جن کے لئے ہم ان کے مشکور ہیں -

ایک تکلیف ہمیں بجلی کے متعلق ہے -

**مسٹر حمزہ** - پوائنٹ آف آرڈر - کیا وزیر ریلوے کے متعلق یہ شکریہ باسی نہیں ہو گیا تھا -

**مسٹر سپیکر** - آپ تشریف رکھیں - یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے -

**ایک ممبر** - حمزہ صاحب - کسی کے شکریہ ادا کرنے پر کیوں ناراض ہو جاتے ہیں -

**ایک ممبر**—وہ ناشکر گزار واقع ہوئے ہیں -

**مسٹر حمزہ**—میں کسی کا شکریہ ادا کرنے پر ناراض نہیں ہوتا - بلکہ میں نے یہ کہا ہے - کہ یہ شکریہ باسی ہو گیا ہے -

**میاں نذر محمد گلوکا**—انہوں نے ہم پر مہربانی کی ہے اور ہمارا یہ فرض ہے - کہ ہم ان کا شکریہ ادا کریں - اگر آپ ٹوبہ ٹیک سنگھ کی رٹ لگاتے چلے جائیں -

**مسٹر سپیکر**—میاں صاحب ۔آپ اپنی تقریر جاری رکھیں ۔ آپ کا وقت ضائع ہو رہا ہے ۔

**میاں نذر محمد کالوکا**—جناب سپیکر ۔ وہاں پر ایک فرلانگ بھی پختہ سڑک نہیں ہے ۔ ہیڈ سلیمانکی سے ایک سڑک ۵ سال سے بنانے کی سکیم زیر غور چلی آ رہی ہے ۔ لیکن ابھی تک اس کے لئے کچھ بھی نہیں کیا گیا ۔ میں وزیر موصوف کی خدمت میں عرض کرتا ہوں ۔ کہ وہ اس سڑک کی طرف خاص توجہ مبذول کریں ۔ دوسری عرض یہ ہے کہ منچن آباد اور منڈی صادق گنج کے لئے بجلی کا ایک گرڈ سٹیشن ہے ۔ اور وہاں پر منچن آباد تک بجلی پہنچانے کے لئے دو لاکھ روپے کی منظوری بھی ہو چکی ہے ۔ لیکن ابھی تک وہاں پر بجلی نہیں پہنچ سکی ۔ اس کی جانب حکومت کو فوری طور پر توجہ دینی چاہئے ہمارے منچن آباد شہر میں ایک مڈل سکول اسی سال سے چلا آ رہا ہے ۔ لیکن گورنمنٹ نے اسے ابھی تک ہائی سکول نہیں بنایا ۔ اس لئے وزیر تعلیم کی خدمت میں یہ درخواست ہے کہ وہ براہ مہربانی اس سکول کو ہائی سکول کا درجہ دے دیں ۔ اس کے علاوہ وزراء صاحبان میں سے کوئی بھی بہاولنگر کے دورے پر کبھی نہیں گئے ۔ صرف میاں محمد یاسین خان وٹو دو ایک مرتبہ وہاں تشریف لے گئے ہیں ۔ اور ان کو ہماری تکلیف کا پورا پورا علم ہے ۔

**مسٹر حمزہ**—وہ برادری کی وجہ سے چلے گئے ہوں گے ۔

**میاں نذر محمد کالوکا**—وہ وزیر کی حیثیت سے گئے تھے ۔ اور جہاں تک برادری کا تعلق ہے ۔ تمام وزراء ہماری برادری میں سے ہیں چونکہ ہر کام میں انشا اللہ آتا ہے ۔ تو ملک خدا بخش صاحب کے نام سے پہلے چونکہ خدا کا نام آتا ہے ۔ اس لئے امید ہے ۔ کہ وہ اس طرف ضرور توجہ فرمائیں گے ۔

**وزیر مال** (خان حبیب اللہ خان) ۔ میرا نام حبیب اللہ ہے ۔ اللہ کا نام تو میرے نام میں بھی آتا ہے ۔

**میاں ذکر محمد کالوکا**—حبیب اللہ کی بات اور ہے۔ اور خدا کی بات اور ہے۔

**وزیر مال**—بات تو صرف یہ ہے۔ کہ وہ خدا کے بخشے ہوئے ہیں اور میں اللہ کا حبیب ہوں۔

**میاں ذکر محمد کالوکا**—بہرحال حبیب بعد میں آتا ہے۔ اور خدا پہلے آتا ہے۔

**مسٹر سپیکر**—آپ تشریف رکھیں۔ بیگم ممتاز جمال۔

**بیگم ممتاز جمال**—(ای۔ ڈبلیو۔ نمبر ۱۰۳ زون چہارم) ایں زمین پاک پاکستان ما۔ جان ما۔ ایمان ما۔ مژگان ما۔

جناب والا۔ یہ ہیں وہ جذبات جن کے تحت قوم کے ہر فرد نے ہنگامی حالات کے دوران حضرت قائداعظم محمد علی جناح کے ساتھ کئے ہوئے اس وعدے کو نبھایا۔ کہ اگر تم پر دشمن ٹوٹ پڑے۔ تو تم جنگلوں میں لڑنا پہاڑوں میں لڑنا اور دریاؤں میں لڑنا مگر میری امانت کو محفوظ رکھنا۔ اس پس منظر کے ساتھ اس ملک کے عام آدمی کے ذہن میں اس بجٹ میں ٹیکس کا تصور تھا۔ لیکن مبارکباد کے مستحق ہیں۔ جناب شیخ مسعود صادق صاحب اور ان کا عملہ جنہوں نے کوئی نیا ٹیکس نہیں لگایا۔ اور قوم کے سامنے ایک ترقیاتی اور متوازن بجٹ پیش کیا۔

جناب والا۔ پورے مغربی پاکستان کی خواتین کی نمائندگی ہم یہ پانچ خواتین کر رہی ہیں۔ اور ان پانچ خواتین میں سے ماسوائے ایک بہن کے جو ہمارے لئے بہت ہی قابل احترام ہیں۔ اور جنہوں نے ابھی تک اپنے خیالات کا اظہار اس معزز ایوان میں نہیں کیا ہے۔ باقی سب نے ہی اس کو ایک بہتر اور ترقیاتی بجٹ سمجھکر جناب وزیر خزانہ کو اس کے پیش کرنے پر داد دی ہے۔ اور خراج تحسین پیش کیا ہے۔ اور اس طرح پانچوں خواتین کی طرف سے جناب وزیر خزانہ کو داد اور خراج تحسین ملنا میرے خیال میں ایک بہت بڑا اعزاز ہے۔ جناب والا۔

ہم جس دن سے جنم لیتی ہیں - اور جب سے ہوش سنبھالتی ہیں - ہمیں گھر کا بجٹ سونپ دیا جاتا ہے - ہم زندگی کی منزلیں طے کرتی جاتی ہیں - اور اپنے مختلف روپ میں اس بجٹ کو متوازن رکھی جاتی ہیں - ہمارے سامنے وقت کے تقاضے بھی آتے ہیں - زمانے کے حالات بھی آتے ہیں اور اشیاء کی گرانی بھی آتی ہے - بچوں کی آمد میں گرمئی رفتار بھی ہوتی ہے - لیکن ان تمام تقاضوں کے باوجود ہم اپنی آمدنی کو اپنے حالات کے مطابق متوازن رکھتی ہیں - اور اپنے بجٹ کو ہمیشہ خسارے سے بچاتی ہیں - آپ اسے ہماری حسن خوبی یا کمال فن سمجھیں - یا ہاتھ کی صفائی سمجھیں (قطع کلامی) -

جیسا کہ قائد ایوان اسے ہاتھ کی صفائی بتا رہے ہیں - تو ہم اس مہارت کے تحت آپ کو خراج تحسین پیش کرتی ہیں - اور دعوے کر رہی ہیں کہ یہ ایک اچھا خاصہ کارنامہ ہے - اس قرطاس ابیض کے صفحہ دو کے مطابق ریونیو Receipt میں بتدریج اضافہ ہوا ہے -

**Mr. Speaker :** The House is adjourned for 20 minutes.

*The Assembly then adjourned for twenty minutes.*

*The Assembly met at* 11·00 *a.m.*

*Mr. Speaker in the chair.*

**Mr. Speaker :** Yes, Begum Sahiba.

**بیگم ممتاز جمال** - جناب والا جیسا کہ میں عرض کر رہی تھی اگر آپ White Paper کے صفحہ ۲ کو دیکھیں تو آپ کو یہ علم ہو گا کہ سنہ ۱۹۵۷-۵۸ء کی revenue receipts کی رقم 60·96 لاکھ تھی - سنہ ۱۹۶۶-۶۷ء میں ۱۷۷ کروڑ ۶۰ لاکھ کا اضافہ دکھا کر اور ریونیو surplus میں ۵ کروڑ کا اضافہ دکھا کر انہوں نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ ان میں ذہنی صلاحیتیں ہیں اور ہمارا ملک ترقی کی منازل طے کر رہا ہے - لیکن جہاں تک ہمارے پراونشل قرضوں کا تعلق ہے اگر آپ صفحہ ۱۲ کو دیکھیں تو اس سے آپ کو معلوم ہو گا کہ ۵ کروڑ سے بڑھ کر ساڑھے ۳۳ کروڑ ہو گیا ہے - جو میرے خیال میں ناقابل برداشت ہے - اور اس تصور سے میں حکومت کی خدمت میں عرض کروں گی کہ ملک کی

پیداوار بڑھا دیں اور صنعت کو فروغ دیں اور وہ تمام ایسے کام کریں جس سے ہم اپنے پاؤں پر کھڑے ہو سکیں - جناب والا پاؤں پر کھڑا ہونے سے مطلب یہ ہے کہ ہمیں دوسروں کا محتاج نہ ہونا پڑے - میں اس کی تفصیلات میں نہیں جاؤں گی کیونکہ وقت تنگ ہے لیکن میں ایک زندہ مثال دیتی ہوں اور وہ یہ ہے کہ حال ہی کے واقعات سے ہم نے دیکھا کہ ۱۰ کروڑ کی وہ رقم جو American Counter Part Fund سے ہم کو امداد کے طور پر ملتی تھی جیسا کہ صفحہ ۲۴ سے ظاہر ہے وہ اب امداد کے بجائے ہم پر Loan کی صورت میں ٹھونس دی گئی ہے - جناب والا اس کے بعد اگر آپ White Paper کے صفحہ ۲۳ کا مطالعہ کریں تو آپ کو ایک نہایت ہی خوبصورت جدت نظر آئے گی - جناب والا ۱۹۶۴-۶۵ء کے دوسرے پنج سالہ منصوبہ کا آخری سال تھا اور اس میں ہمارا بجٹ estimate ۲۱۰ کروڑ تھا - اب تیسرے پنجسالہ منصوبہ کا دوسرا سال ہے تو بجٹ estimate ۱۹۰ کروڑ ہو گیا ہے حالانکہ تیسرے پنجسالہ منصوبے کی رقم کی مالیت کا اندازہ اور دوسرے پنجسالہ منصوبے کی رقم کا اندازہ لگاتے ہوئے جو بتدریج ۵۰ سو کروڑ اور ۲۴ سو کروڑ ہے - بجٹ اسٹیمیٹ ۴۲۰ کروڑ ہونا چاہئے تھا اور سب سے بڑی لطف کی بات یہ ہے کہ آپ کو صفحہ ۲۶ کے پارٹ ,,سی،، کو دیکھ کر حیرانی ہو گی کہ اس میں ۱۰ کروڑ کا shortfall دکھایا گیا ہے - جناب والا یہ کیوں ؟ کیسے اور کس طرح ؟ میں یہ کہوں گی کہ یہ جناب وزیر خزانہ کے فن کی معراج ہے -

جناب والا اب میں زندگی کے ان مسائل کی طرف آتی ہوں جو نہایت ہی اہم اور فوری توجہ کے محتاج ہیں سب سے پہلے ہمارے ملک میں ہماری تعلیم کا مسئلہ ہے اور اس کے بعد صحت اور رہائش کا مسئلہ ہے - جناب والا پاکستان بنتے وقت اور وجود پاکستان کے بعد ہمارا یہ بھی خیال تھا کہ اس ملک میں تمام مشنری سکول ختم کر دیئے جائیں گے لیکن ہماری حیرت کی انتہا نہ رہی کہ وجود پاکستان کے بعد اس ملک میں تمام مشنری سکولوں کی

تعداد دن بدن ترقی کرتی گئی اور انہوں نے ہماری پود کو ایسا ذہن دیا اور ایسا جذبہ دیا جس کے ہم حق دار نہ تھے اور نہ حقدار ہیں ۔ اس لئے میں حکومت سے یہ اپیل کروں گی کہ وہ از راہ کرم اس ملک میں تمام مشنری سکولوں کو بند کر دے اور اس سٹینڈرڈ پر اپنے سکول چلائے تاکہ ہمارے بچے اسی طریقہ سے تیار ہو کر نکلیں جس کی تیاری ہمارے جذبات مانگتے ہیں ۔ جناب والا پچھلی دفعہ میں نے اپنی بجٹ کی تقریر میں ایک عرض کی تھی کہ اگر ملک کی بہتری اور سالمیت کو قائم رکھنا ہے تو ملک میں تعلیم کا معیار بڑھا دیا جائے ۔ جسے آج ایک سال کا عرصہ بیت چکا اور جس پر آج ۳۶۵ دن کی گردشیں بیت چکی ہیں مگر مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے ۔ کہ اب کے وقفہ سوالات میں میرے محترم صاحب تدبر وزیر جناب خدا بخش بچہ صاحب نے یہ فرمایا اور اعتراف کیا کہ اس ملک میں تعلیم کا معیار گرتا جا رہا ہے ۔ یہ کیوں ؟ میری تو سمجھ میں یہ بات نہیں آتی کہ آپ کے پاس ذہانت بھی ہے اور آپ کے پاس جلالت بھی ہے آپ کے پاس وہ تمام مراعات ہیں لیکن پھر بھی اس ملک میں تعلیم کا معیار دن بدن بگڑتا جا رہا ہے ۔ جناب والا میں اس ضمن میں ایک بات عرض کرتی ہوں کہ جس طریقہ سے آپ بچوں کو تعلیم دے رہے ہیں وہ ناقابل برداشت ہے آپ ہمارے بچوں کی ابتدائی زندگی کے سولہ سال برباد کر دیتے ہیں ۔ یعنی آپ پہلے ۱۶ سال بچوں کو ایسی تعلیم دیتے ہیں جن سے ان کو کوئی فائدہ نہیں ہوتا اور یہی وجہ ہے کہ اس ملک میں بیروزگاری ہے ۔ آپ اس کی یہی مثال لے لیجئے کہ آپ کی یونیورسٹی میں اب تک ۹۶ ہزار طالبعلموں نے میٹرک کا امتحان دیا ہے اور ۶۰ فیصدی کی امید ہے کہ وہ کامیاب ہو جائیں گے اس کا مطلب یہ ہوا کہ تقریبا ۶۰ ہزار لڑکے میٹرک پاس کر کے باہر آئیں گے ۔ مجھے اس تعلیم کے بعد ان کی کھپت بتائیے ۔ جناب والا آپ نے داخلہ بند کر دیا ہے ۔ آپ نے سکولوں اور کالجوں میں داخلہ کی ممانعت کر رکھی ہے جو میں بتا نہیں سکتی جیسے

آپ بھی جانتے ہیں اور میں بھی جانتی ہوں تو آپ مجھے بتائیے یہ قوم کے بچے کہاں جائیں ۔

جناب والا ۔ آپ کو یاد رہے کہ یہ ان ماؤں کے بچے ہیں جنہوں نے حصول پاکستان کے لئے زندگی نچھاور کر دی ۔ تا کہ ایک آزاد ملک کی آزاد فضا میں ہم آزادی کا سانس لے سکیں ۔ خدارا ان پر رحم کھائیے اور انہیں بھی جمہوری حقوق سے نوازئیے ۔ اور ان کی حالت کو بہتر بنانے کی کوشش کیجئے ۔ جناب والا میری عرض اس سلسلہ میں یہ ہے کہ جب میں نے یہ کہا کہ آپ قوم کے بچوں کے ۱۸ سال ضائع کرتے ہیں تو اس پر توجہ دینے کا ایک ہی طریقہ ہے وہ یہ کہ آپ بچوں کی فنی تعلیم کی طرف توجہ دیں ۔ جناب والا ۱۶، ۱۸ سال کی عمر تک ہم انتظار کرتے ہیں ۔ جب ہمارا بچہ بالغ اور جوان ہوتا ہے اور جس کے سہارے ہم نے زندہ رہنا ہوتا ہے تو اس وقت تک ہمارا بچہ بالکل بیکار ہو جاتا ہے اور مزید تعلیم کے لئے استطاعت ہی نہیں رکھتا ۔ اس واسطے میں کہتی ہوں کہ بچہ کا ذہن فنی تعلیم کے میدان میں اس طرح سے تیار کیجئے کہ وہ اس عمر میں آ کر آپ کے ملک کی چھوٹی چھوٹی صنعتوں میں جیسے کہ ٹرانسسٹرز ہیں ۔ ریڈیو ہیں ۔ بائیسکل ہیں اور موٹر مشینیں وغیرہ ہیں انہیں تیار کر سکے اور جوں جوں وہ عمر کی منزلیں طے کرتا جائے بی ۔ اے ۔ ایم ۔ اے کر کے وہ atomic energy کے کام انجام دینے تک پہنچ جائے ۔ تو جناب والا میں عرض کروں گی کہ اگر ان بچوں کے لئے ان کی ماؤں کے لئے ن کے لواحقین کے لئے جنہوں نے قوم اور ملک کے لئے قربانی دی ان کے لئے اگر آپ یہ سہولتیں مہیا کر دیں تو میں بہت ممنون ہوں گی اور آپ کا یہ قدم قوم اور ملک کے لئے بہت بہتر ثابت ہوگا ۔

جناب والا ۔ میری دوسری عرض صحت کے متعلق ہے اس معاملے میں میں یہ عرض کروں گی بلکہ مختصراً یہ عرض کروں گی کہ اس میں آپ Three Ds. کا فارمولا استعمال کریں پھر کوئی وجہ نظر نہیں آتی کہ آپ کے

ملک میں زندہ لاشیں نظر آئیں اور وہ حالت بھی نظر آئے جبکہ غریب عورتیں دو جان ہونے کی حالت میں سسکتی ہوئی ایک زخمی جانور کی طرح دم توڑ دیتی ہیں - اور صاحب اقتدار لوگ یہ کہتے ہیں کہ یہ ایک natural phenomenn تھا - یہ ہمارے صحت مند معاشرے کا تقاضہ نہیں - اس لئے میں عرض کروں گی کہ Three Ds. یعنی Drugs Diet and Doctors. کا انتظام کیجئے - اور انہیں مراعات دیجئے تو پھر کوئی جواز نظر نہیں آتا کہ آپ کے ملک میں کوئی مرد یا عورت صحت مند نظر نہ آئے - جناب والا - اب میں وزیر بحالیات کی خدمت میں ایک عرض کروں گی اور اپیل کروں گی کہ آپ اپنے اس سسٹم کو جس کے تحت آپ کی تمام اراضی جو پڑی ہوئی ہے اور جس کو آپ ۴۰/۴۰. ۵۰/۵۰. ہزار روپیہ کی بولیاں دلوا کر ایک مخصوص طبقے کے حوالے کر دیتے ہیں - آپ اس کو ختم کیجئے - اس کا قلع قمع کیجئے اور خدا کے لئے ملک میں ان انسانوں کی رہائش کا بندوبست کیجئے - جس ملک کے اوپر ان کا حق ہے - اور جنہوں نے ملک بنایا ہے - خدارا ان کو ایک مرلہ یا ۲ - ۲ مرلہ زمین دیکر ان کے لئے رہائش کا بندوبست کیجئے - ان کے لئے رہائش کا بندوبست کریں تو یقین جانئے کہ آپ کا لاء اینڈ آرڈر بھی maintain رہے گا - جو لوگ جھگیوں میں رہتے ہیں - جو لوگ سڑکوں پر سوتے ہیں - جو لوگ فٹ پاتھ پر سوتے ہیں - ان کو ملک کے ساتھ کیسے محبت ہو سکتی ہے - جب ان کو وہ سکون میسر نہ جو آپ کو میسر ہے - خدارا ان کے لئے ضروریات زندگی مہیا کیجئے اور کوشش کیجئے کہ ہمارے ملک کے تمام لوگوں کو آرام میسر ہو - آپ چونکہ وزیر بحالیات ہیں - اس لئے میں آپ سے عرض کروں گی - آپ ہمیں بحال کیجئے - آپ ہمیں بے حال مت کیجئے - خدارا میری گزارشات پر عمل کرنے کی کوشش کیجئے اور مجھے امید ہے کہ میری تمام گزارشات جو اس وقت میں اپنے وزراء کے سامنے اس معزز ہاؤس میں پیش کر رہی ہوں قابل توجہ ہوں گی اور وزراء اسی طرح سے نہایت ہی

خوبصورت پارلیمانی انداز میں ان گزارشات کا جواب دے کر ان پر عمل پیرا ہونے کی کوشش کریں گے - جس طرح پچھلے سال مارننگ شوز morning shows کے بند کرنے میں مسٹر غلام نبی میمن نے اپنے پارلیمانی انداز میں جواب دے کر اپنے کئے ہوئے وعدہ پر عمل پیرا ہونے کی کوشش کی تھی - جناب والا آپ نے دیکھا کہ ہنگامی حالات کے دوران آپ کے پاکستان کی اس حسین دوشیزہ نے جو کبھی اپنے گاؤں میں اپنے محبوب کا انتظار پائل کی جھنکار سے کرتی تھی کس طرح توپوں کی جھنکار میں اپنے رفیق حیات کو الوداع کیا - کس طرح اس ماں نے حنائی رنگ کا تصور لئے اپنے بیٹے کو خون میں نہلاتے ہوئے دیکھا - آپ نے وہ بچیاں بھی دیکھیں جن کا آنچل آج تک کسی غیر مرد نے نہیں دیکھا تھا - اور جن کی عصمتوں کے فانوس آپ کے سامنے بجھا دیئے گئے - مگر وہ آخری وقت تک دم توڑتے ہوئے کسطرح کہہ رہی تھیں پاکستان زندہباد یہ سب آپ کی دوا و دعا کی محتاج ہیں - خدا کے لئے عرض کروں گی کہ ان عورتوں کے لئے جن کا کوئی نہیں اور جو محتاج ہیں - ان کے لئے ہوسٹل قائم کر دیجیئے جس کو آپ Hostel for widows and divorced women کا نام دے دیں اور اگر آپ اس establishment کو ترتیب دے دیں گے تو اس کا نتیجہ ایک اچھی ہوگی اور اس طرح ہم ان خواتین کے لئے جو کہ ہمارے ملک کی امانت ہیں ایک اچھے طریقے سے Govt. Controlled Marriage Bureau کا انتظام بھی کر سکتے ہیں - اور Govt. Controlled Marriage Bureau کی آپ کے سامنے زندہ مثال ہے - جب کہ حالیہ جنگ کے دوران کئی ایک لاوارث خواتین جن کی شادیاں کر دی گئیں تھیں اور ہماری یہ سکیم نہایت ہی اچھی اور مفید ثابت ہوئی - اب جناب والا میں ملک کے یتیم خانوں کے متعلق آپ سے کچھ عرض کروں گی - گو آپ نے اس بارہ میں قانون ضرور نافذ کیا - لیکن اس کی گرفت بہت ڈھیلی ہے - خدارا یہ ہمارے وہی بچے ہیں - جن کے متعلق میں ابھی عرض کر رہی تھی ان کے اوپر قانون کی گرفت مضبوط کیجیے تاکہ یہ ہمارے بچے گلی کوچوں میں بھیک مانگتے

ہوئے نظر نہ آئیں - اور ہم کہہ سکیں کہ یہ ہمارے آزاد ملک کے شہری ہیں اور اچھے طریقہ سے رہ رہے ہیں -

**Mr. Speaker :** The lady member may please take her seat now. Mr. Baloch.

**خان محمد اذور علی خان بلوچ** - (لائلپور ۱) : جناب سپیکر میں اپنے ہردلعزیز اور باصفات فائننس منسٹر کو اس فاضل بجٹ کے پیش کرنے پر مبارکباد دیتا ہوں - کہ انہوں نے ہم لوگوں پر براہ راست کوئی ٹیکس نہیں لگایا - لیکن کچھ indirect tax لگا کر ہمیں زیر بار ضرور کیا ہے - زمیندار ایک ایسا طبقہ ہے جس کے منہہ میں زبان ہے بھی اور نہیں بھی - جہاں ہمیں پراپرٹی ٹیکس دینے پڑتے ہوں - جہاں ہمیں معاملے بھی دینے پڑتے ہوں وہاں اگر یہ ٹیکس کسی اور طبقہ پر لگائے جاتے تو شاید بجا ہوتا - میں نے پچھلے سال بھی عرض کیا تھا اور اپنے حلقہ نیابت کے لئے عرض کیا تھا وہ کچی آبادیوں کا مسئلہ تھا - ہمارے لائلپور شہر میں ۲۰/۱۹ سال ہو گئے ہیں ان لوگوں کو آباد ہوئے جو مہاجر ہو کر آئے وہ اب تک کچی آبادیوں میں بیٹھے سسک رہے ہیں - جن کو امید نہیں کہ ان کو کسی وقت بھی کوئی ایسی جگہ مل سکے جہاں کہ وہ سکون سے اپنی زندگی بسر کر سکیں - پچھلے دنوں ہمارے وزیر صاحب تشریف لے گئے تھے - میں نے جنیجو صاحب سے عرض کی تھی کہ آپ ان کچی آبادیوں کو ذرا دیکھیں اور وہاں کے لوگوں کو بسانے کے لئے جتنی کوشش آپ کر سکتے ہیں کریں اور جتنی جلدی یہ کام ہو جائے تو اتنا ہی بہتر ہے - مجھے معلوم نہیں کہ کیوں اتنے برسوں سے یہ مسئلہ اتنا التوا میں پڑا ہوا ہے - جگہہ جو ہے وہ کالونیز کے لئے مخصوص کی جاتی ہے لیکن ان لوگوں کو آج تک کوئی جگہہ میسر نہیں آ سکی - تو میں جناب کی وساطت سے جناب لیڈر آف دی ہاؤس کی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ وہ لوگ اتنے بے حال ہیں - کہ ان کی خدمت کرنا ہمارا فرض ہے - ہم اسی علاقے سے آئے ہیں -

ہمیں آپ کی خدمت میں استدعا کرنا ہے ۔ یہ کام آپ کا ہے اور آپ نے ہی اس کو سرانجام دینا ہے ۔ برائے مہربانی آپ جتنی جلدی ہو سکے آپ ان غریب لوگوں کو بسانے کی کوشش فرمائیں ۔ دوسرا مسئلہ سوئی گیس کا ہے ۔ وہاں پر جو سوئی گیس لگانے کا کام ہے تو اس کام کو جو کرنے والے ہیں انہوں نے آگے یہ چیز ٹھیکے پر دے دی ہے اور کنٹریکٹرز اور ٹھیکے داران اتنے high charges لے رہے ہیں ۔ کہ وہ لوگوں کی برداشت سے باہر ہیں ۔ برائے مہربانی یہ چیز بھی نوٹ کی جائے اور اس کے متعلق وضاحت سے پوچھا جائے کہ وہ لوگ جنہوں نے خود اس کام کو کروانا تھا ۔ انہوں نے پرائیویٹ لوگوں کو یہ ٹھیکے کیوں دیئے ہیں اور وہ کیوں لوگوں کے لئے بوجھ اور درد سر بنے ہوئے ہیں ۔ تیسری عرض جناب یہ ہے ۔ میں نے پچھلے سال بھی یہ عرض کیا تھا کہ ہمارے شہر سے دو تین سڑکیں جو باہر کو جاتی ہیں ان پر بسوں اور لاریوں کی بہت لوڈنگ اور ان لوڈنگ ہوتی ہے ۔ اس لئے جو ریلوے کراسنگ ہے اس پر پل کا بنانا ضروری ہے ۔ اس کے لئے کچھ رقم ڈسٹرکٹ کونسل نے بھی دے دی ہے ۔ میونسپل کمیٹی نے بھی دے دی ہے ۔ لیکن مجھے یہ پتہ نہیں کہ یہ معاملات کس مرحلہ پر ہیں اور یہ پل کیوں نہیں بنایا جا رہا ۔ مجھے یہ سن کر بڑا افسوس ہوتا ہے ۔ جب ہم دفتروں میں جاتے ہیں تو لوگ کہتے ہیں کہ ابھی بہت سے مرحلے طے ہونے والے ہیں ۔ جب ڈسٹرکٹ کونسل بھی روپیہ دے چکی ہے ۔ میونسپل کمیٹی نے بھی روپیہ دے دیا ہے ریلوے نے بھی اس کی منظوری دے دی ہے ۔ تو پھر اس کو آخری شکل دے کر پل کیوں نہیں بنایا جاتا ۔

اس کے علاوہ جناب عرض یہ ہے کہ ہمارا شہر لائل پور اتنا بڑا شہر ہے ۔ آٹھ لاکھ آبادی ہے ۔ مگر بچیوں کا صرف ایک ہائی سکول ہے ۔ سارے ضلع سے بچیاں وہاں آتی ہیں ۔ مگر کوئی تعلیمی ادارہ انہیں لینے کے لئے تیار نہیں ۔ یہ بچیاں باہر سے پڑھنے کے لئے آتی ہیں ۔ مگر یہاں کسی تعلیمی ادارے میں ان کا انتظام نہیں ہو سکتا ۔ جو تھرڈ ڈویژن والے ہیں انہیں تو خاص طور پر انکار کر دیا جاتا ہے ۔ کہ ان کو ہم نہیں لیتے ہم نے اپنے کالجوں اور سکول کا نتیجہ صحیح دکھانا ہے تو وہ بچیے جو تھرڈ ڈویژن

میں پاس ہوتے ہیں آخر وہ کہاں جائیں یا تو انہیں کارگی کے لئے بھیجیں یا ایسے ادارے قائم کریں جہاں وہ اپنی روٹی کھانے کے قابل ہو جائیں - اس کے لئے بھی واضح پالیسی بنانا بڑا ضروری ہے -

اس کے علاوہ جناب سپیکر میں آپ کی وساطت سے ایک اور عرض کرنا چاہتا ہوں - اور وہ یہ ہے کہ ہمارے لائل پور میں میڈیکل کالج ہونا بے حد ضروری ہے آپ اگر وہاں کسی وقت تشریف لائیں تو آپ دیکھیں گے کہ لائل پور مزدوروں کا اور مل مالکوں کا شہر ہے - جہاں اتنے مزدور بکتے ہوں وہ بیمار بھی پڑتے ہیں علاوہ ازیں ہمارے جو لڑکے وہاں سے پڑھ کر نکلتے ہیں - انکو دوسرے میڈیکل کالجوں میں داخلہ نہیں ملتا - مزید براں وہاں ٹی - بی کے اتنے کیسز ہوتے ہیں - مگر ان کی کوئی امداد نہیں ہوتی - لائل پور شہر میں سال بھر میں اوسطاً ٹی - بی کے اتنے کیسز ہوتے ہیں جو پاکستان کے کسی اور شہر میں نہیں ہوتے - وہاں صرف چند پرائیویٹ ادارے ہیں - جو اس بیماری کے سلسلے میں کچھ کوشش کرتے ہیں - انہیں میونسپل کمیٹی بھی کچھ امداد دیتی ہے - کچھ ڈسٹرکٹ کونسل بھی دیتی ہے - برائے مہربانی وہاں ایک میڈیکل کالج اور ٹی - بی کے سپشل ہسپتال کھولیں تا کہ وہ بیچارے مزدور جو سسک سسک کر بستروں پر جان دے دیتے ہیں - اور جنہیں مل مالک کوئی مدد نہیں دیتے اور انہیں نہیں پوچھتے ان کا کوئی بندوبست ہو سکے - اور ان کا کوئی علاج معالجہ بڑی اچھی طرح سے ہونا چاہیئے -

ان گذارشات کے ساتھ میں پھر آپ کی وساطت سے عرض کروں گا کہ وہاں کی کچی آبادی کا جو مسئلہ ہے اسے وہاں حل کر دیا جائے اور ایک اور بہت ضروری بات رہ گئی ہے جو یہ ہے کہ وہاں پر کھڈیوں کے لئے Three phase کونیکشن مل رہے ہیں - اب ٹاون پلیننگ والے ایک سکیم بنا رہے ہیں - اور ان کھڈیوں کو باہر زمین دے رہے ہیں میری گذارش ہے کہ ان کے کنیکشن اس وقت تک نہ کاٹے جائیں - جب تک وہ سکیم بن نہ جائے اور مکمل نہ ہو جائے - یہ غریب لوگ ہیں یہ کام کرکے اپنے بچوں کا پیٹ پالتے ہیں اگر کنیکشن کاٹ دیا جائے تو وہ بچوں کا پیٹ نہیں پال سکتے - جب تک

ان کا متبادل انتظام نہیں کرتے ان کے یہ تھری فیز یا ون فیز کنیکشن نہ کاٹے جائیں -

**نواب زادہ غلام قاسم خان خاکوانی** (ملتان نمبر ۱): جناب والا اس سے پہلے کہ میں ۱۹۶۶-۶۷ء کے میزانیہ پر کچھ عرض کروں اس ایوان کے ایک معزز رکن حمزہ صاحب نے جو اظہار خیال فرمایا ہے - اگر چہ ان کا جواب وزیر خزانہ کو دینا چاہیئے اور انشا اللہ دیں گے مگر میں ان کے نظریات بجٹ کے متعلق سننا چاہتا تھا - کہ ایسا متوازن بجٹ جو پہلے کئی سالوں میں اس ہاوس میں پیش نہیں ہوا اس کے متعلق ان کی کیا رائے ہو سکتی تھی - شکر ہے کہ انہوں نے اپنی تقریر معمول کے مطابق کی اور ان کے حملے اسی فرسودہ قسم کے تھے جسطرح وہ پہلے کیا کرتے تھے انہوں نے اسی پر اکتفا کی - انہوں نے پہلے پہل ہی یہ کہا کہ شیخ صاحب بجٹ کی تیاری کے دوران موجود نہیں تھے پھر ان کو یہ مبارکباد کیوں دی جاتی ہے وہ بخوبی جانتے ہیں کہ بجٹ کی تیاری اپریل اور مئی میں نہیں ہوتی بلکہ اس کی تیاری جنوری فروری سے ہی شروع ہو جاتی ہے - اور اس کی تکمیل اپریل اور مئی میں ہوتی ہے - وہ زمیندار ہوتے ہوئے یہ بھی سمجھتے ہوں گے کہ جو شخص کچھ بوتا ہے وہی اس کو کاٹتا ہے اس بجٹ کی تیاری میں وزیر خزانہ کا اپنا ہاتھ ہے اور ان کی اتنی ہی سر پرستی ہے - جتنی کہ ہونی چاہیئے اس کے علاوہ انہوں نے بار بار قائد اعظم کے فرمودات کا ذکر کیا ہے - مجھے بڑی حیرانی ہے کہ جس شخص نے پاکستان بننے سے آج تک یا اس سے پہلے قائد اعظم کے فرمودات پر کبھی عمل نہیں کیا آج وہ اس ایوان میں ان کا ذکر کر رہا ہے - وہ ہماری جماعت یا ہماری حکومت کو متنبہ کرتے ہیں مگر یہ ان کو حق حاصل نہیں پہلے انہیں خود عمل کرنا چاہیئے - پھر یہ کسی دوسرے پر بھی اعتراض کر سکتے ہیں میرے ایک بھائی تھے جن کو مسلم لیگ سے ساتھ بہت عقیدت تھی مگر سیاست سے بالکل علیحدہ رہے - میں نے ایک دن ان سے عرض کی کہ مسلم لیگ سے آپ کی جو اتنی عقیدت ہے اس کی کیا وجہ ہے - انہوں نے فرمایا کہ اس سے اسلئے عقیدت ہے کیوں کہ ہندوں کو اس سے نفرت ہے - میں سمجھتا ہوں یہ ضرور مسلمانوں کے فائدے کے لئے ہے - آج حمزہ صاحب نے چونکہ بجٹ کے

کسی پہلو پر کوئی اعتراض نہیں کیا تو اس سے میں سمجھتا ہوں کہ بجٹ کی تعریف ان کے دل میں ہے - ان الفاظ کے بعد میں اپنے موضوع پر آتا ہوں -

جناب والا اس ایوان کے معزز اراکین - تجارت پیشہ حضرات صنعت و حرفت کے ماہرین اور ان کے متعلق حضرات - کاشتکار - مزدور بالخصوص اور مغربی پاکستان کے عوام نے بالعموم اس بجٹ پر غور کرنے کے بعد خوشی اور سکون کا اظہار کیا ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ وہ قوم جو کسی آڑے وقت میں دشمن کا مقابلہ کرنے کے لئے اتنی یک جہتی - یک قلبی اور یک جان ہو کر ایک آواز پر کھڑی ہوتی ہے تو اس قوم پر اعتماد کرنا جو ایک اشارہ پر حکومت کا خزانہ کروڑوں روپے سے بھر سکتی ہے اس حکومت کے شایان شان بالکل نہ تھا کہ اس سال اس بجٹ میں کوئی ٹیکس لگاتی - اور یہ میں سمجھتا ہوں کہ بجٹ میں زیادہ تر فگرز کو مناسب جگہ پر رکھنا ہوتا ہے - مغربی پاکستان کی آمدنی میں اتنا اضافہ نہیں ہوا مگر بجٹ کی تیاری میں جس غور سے اور جس محنت سے تیاری کی گئی ہے میں ان بجٹ کے تیار کرنے والوں اور اس کی سرپرستی کرنے والے کو قابل تعریف سمجھتا ہوں اور ان کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں (ہیئر - ہیئر) -

جناب والا در اصل یہ حکومت کا فرض ہے کہ حکومت کے اراکین اور تمام محکمہ جات کے افسران آمدنی کے وسائل پر پوری نگاہ رکھیں اور تندھی کے ساتھ اس کی وصولی کے لئے کوششیں کریں اور اخراجات پر پورا کنٹرول کریں میں سمجھتا ہوں کہ کسی سال بھی ترقیاتی پروگرام کے علاوہ اس بجٹ میں ٹیکس لگانے کی ضرورت نہیں پڑے گی - جیسا کہ سال رواں کے ترمیم شدہ میزانیہ میں ٦ کروڑ روپیہ کی آمدنی کے مقابلہ میں اخراجات میں ٩ کروڑ کی کمی کی گئی ہے اور بجٹ ایک کروڑ سے ٥ کروڑ تک پہنچ گئی ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ کڑی نگاہ رکھنے کی وجہ تھی اور ان لوگوں کی قابل قدر خدمات تھیں جنہوں نے اپنے ملک کی آمدنی اور اس کے اخراجات پر پوری نگاہ رکھ کر اس بجٹ کو اس طرح فاضلہ بنایا - موجودہ بجٹ جو آئندہ سال کا بجٹ ہے اس میں یہ بات تسلی بخش ہے کہ ایڈمنسٹریٹو اخراجات میں کمی کا رجحان جو اڑھائی کروڑ کا پایا جاتا ہے یہ بھی قابل قدر بات ہے -

**Mr. Speaker :** The member may please try to conclude his speech.

میں تمام اراکین کی اطلاع کے لئے عرض کر دوں کہ جب chair کی طرف سے کہا جاتا ہے کہ please try to conclude تو یہ خوشی سے نہیں کہا جاتا ہے ۔ اس وقت میرے پاس جو فہرست ہے اس میں ۳۱ ممبر صاحبان کے نام شامل ہیں جن میں سے ۶ ممبر صاحبان بول چکے ہیں اور ۲۵ ممبر صاحبان ابھی باقی ہیں اگر وقت کو تقسیم کیا جائے تو مشکل سے ہر ممبر کو ۵ منٹ مل سکتے ہیں ۔ اگر scheduled time کے مطابق ایک بجے اجلاس ختم کیا جائے اور ساڑھے پانچ بجے سے ساڑھے آٹھ بجے تک اجلاس چلے تو یہ ہاؤس کی مرضی پر منحصر ہے ۔ کہ کیا فیصلہ کرتے ہیں ۔ اگر یہ اسی طرح اجلاس چلے تو ۵ منٹ سے زیادہ کسی ممبر کو وقت نہیں مل سکتا ۔

**نوابزادہ غلام قاسم خان خاکوانی**—جناب والا کچھ ممبر صاحبان کو ۱۰ منٹ ملتے ہیں اور کچھ کو ۵ منٹ ملتے ہیں ۔ اور میں سمجھتا ہوں The member who is relevant should be given more time. اپوزیشن کے بعض ممبران کو آدھ گھنٹہ وقت ملا ہے ۔

**مسٹر سپیکر**—اپوزیشن کے ممبر صاحبان کو آدھ گھنٹہ وقت ملا ہے ۔ اگر آپ بھی آدھ گھنٹہ بولنا چاہتے ہیں تو میں بیٹھنے کے لئے تیار ہوں ۔ مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے ۔

**نوابزادہ غلام قاسم خان خاکوانی**—جناب والا میرا یہ خیال تھا کہ جو ممبر relevant ہوں گے ان کو ۱۵ یا ۲۰ منٹ دیئے جائیں گے ۔ مجھے یہ پتہ نہیں تھا کہ مجھے ۵ منٹ ملیں گے ورنہ میں اپنی تمہید بند کر دیتا ہوں ۔

**مسٹر سپیکر**—اس لئے میں نے یہ چیز پوائنٹ آوٹ کی ہے کہ جس طرح ہاؤس کی sense ہوگی اسی طرح ہم چلیں گے ۔ سب ممبران اس میں حصہ لینا چاہتے ہیں اب سوائے اس کے اور کوئی ذریعہ نہیں کہ آج ہم دو بجے تک بیٹھیں اور رات کو ۱۲ بجے تک بیٹھیں ۔

**نوابزادہ غلام قاسم خان خاکوانی**—اگر جناب والا تقریر کرنے کے لئے ۵ منٹ وقت ملے ۵ منٹ میں تو آدمی اپنے موضوع پر نہیں آتا ۔

مسٹر عبدالقیوم (پارلیمنٹری سیکرٹری) : جناب والا میں چاہتا ہوں کہ وقت بڑھایا جائے تاکہ ممبر صاحبان کو کچھ نہ کچھ وقت دیا جائے کہ وہ اپنے حلقہ نیابت کے بارے میں اپنی مشکلات پیش کر سکیں ۔ ۵ منٹ وقت بالکل ناکافی ہے ۔ آپ نے آبزرویشن کے میران کو آدھ آدھ گھنٹہ وقت دیا ہے ۔

I certainly appreciate your anxiety for the Opposition but, I think, during the last one month that the House has been in session they have been occupying the floor most of the time. On this particular occasion of general discussion on the Budget we should also be given sufficient time so that we can represent our electorate. I suggest that the time of the House should be extended sufficiently so that every member could have the opportunity of taking part in the debate.

**Mr. Munawar Khan :** Why not the time be extended by two days more ?

**Mr. Speaker :** That is not possible.

**Minister of Revenue :** Sir, the Finance Minister is not here but my suggestion, if acceptable to the House, is that we should extend the time from 8-30 p.m. to 9-30 p.m. There is, I think, no other alternative. If the members are keen to take part in the discussion and they want to sit late I have no objection. I am personally prepared to sit till midnight. Of course, if it is the will of the House and they so desire, let it go on till 10 p. m.

مسٹر سپیکر— خان صاحب اس میں تکلیف یہ ہوگی کہ اجلاس ساڑھے پانچ بجے شروع ہوگا ۔ آپ نے شیخ مسعود صادق صاحب سے consult کر کے جو پروگرام بھیجا ہے اس میں آپ نے فرمایا ہے کہ ۶ بجے وزراء صاحبان تقریر شروع کریں گے ۔ ۶ بجے سے سوا سات بجے تک تین وزراء صاحبان بولیں گے اور اس کے بعد نماز کے لئے وقفہ ہوگا اور اس کے بعد شیخ صاحب ۴۵ منٹ بولیں گے ۔ اس طرح ڈیڑھ گھنٹہ زیادہ We will go up to 10 a. m. what is the harm. وقت مل سکے گا ۔

وزیر مال— ۱۰ بجے تک ہم بیٹھنے کے لئے تیار ہیں ۔ ایک رات ہمیں تکلیف کرنا پڑے گی ۔ ان کو accommodate کرنے کے لئے گھنٹہ آدھ گھنٹہ کی قربانی دینے میں کوئی حرج نہیں ہے ۔

**Mr. Speaker :** Let it be from 5 p.m. to 9-30 p.m.

وزیر مال ۔ اس میں تو بڑی تکلیف ہوگی ۔ گھر جانا اور لنچ کھا کر پھر جلد ہی لوٹ آنا ۔ اس میں بڑی تکلیف ہوگی ۔ اس کے بجائے اگر رات کو ایک گھنٹہ وقت بڑھا دیں ۔ تو زیادہ

بہتر ہوگا ۔ میرے خیال میں ساڑھے پانچ بجے شام سے دس بجے رات تک وقت رکھ دیا جائے ۔ (آوازیں ''ٹھیک ہے'' ''ٹھیک ہے'') ۔ اگر ایوان کی رائے یہی ہے تو پھر ساڑھے پانچ بجے شام سے دس بجے رات کا ہم وقت رکھ لیتے ہیں ۔

**مسٹر عبدالقیوم** ۔ جناب والا ۔ یہ ساری assessment کرکے بتا دیں ۔ کہ ممبران کو کتنا کتنا وقت دیا جائے گا ۔

**Mr. Speaker:** I will inform the House just now.

**نوابزادہ غلام قاسم خاں خاکوانی** ۔ جناب والا میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ایک نوزائیدہ مملکت کے لئے جس کے اپنے وسائل بھی محدود ہوں اور پھر ملک کی ہنگامی ترقی کے دوران اپنے سے پانچ گنا زیادہ طاقت سے جنگ کرنے کے بعد اپنی آمدنی اور اخراجات کو اسی توازن میں قائم رکھنا اور ترقیاتی پروگراموں کو بھی اسی طرح بدستور جاری رکھنا اور بغیر ٹیکس عائد کئے ایک فاضل بجٹ پیش کرنا یہ ملک کے اقتصادی استحکام کا ایک بین اور زبردست ثبوت ہے ۔ اور میں سمجھتا ہوں ۔ کہ پاکستانی قوم کو اس پر فخر ہونا چاہئے ۔ جناب والا ۔ موجودہ میزانیہ برائے سال ۱۹۶۶-۶۷ء میں آمدنی ۱۴۳۶۵۰ کروڑ دکھائی گئی ہے ۔ جو کہ پچھلے سال سے صرف ۳۶ لاکھ روپے زیادہ ہے ۔ اور جیسا کہ جناب کو اور اس ایوان کو بھی علم ہے کہ در اصل یہ اضافہ ۳۶ لاکھ کا نہیں ہے ۔ بلکہ بارہ کروڑ کا اضافہ ہے ۔ کیونکہ پچھلے سال کے بجٹ میں بہت کچھ ایسی grants تھیں ۔ جنہیں اس بجٹ میں شامل کرکے دکھایا گیا تھا ۔ اور وہ grants اس بجٹ میں سے خارج کر دی گئی ہیں ۔ اور اس طرح سے پھر بھی پانچ کروڑ روپے کا فاضلہ بجٹ پیش کیا گیا ہے ۔ اگر نئے اخراجات کی مد میں جو رقوم ڈالی گئی ہیں اسے بھی شامل کر لیا جائے ۔ تو اس طرح سے بھی آئندہ سال کے لئے فاضلہ بجٹ پیش کرنا جب کہ امتناع شراب کی حدود کو وسیع کرنے سے ایک کروڑ روپے کی کمی ہوئی ہے ۔ اس کے باوجود بھی اس طرح کا فاضلہ بجٹ پیش کرنا ایک قابل تعریف بات ہے ۔

میں ترقیاتی بجٹ کے سلسلے میں بھی کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ اور جیسا کہ میں نے پہلے بھی عرض کیا ہے ۔

اگر جناب وزیر خزانہ مجھے معاف فرمائیں ۔ تو میں چائے میں نمک ملانے کی اجازت چاہتا ہوں ۔ (کڑواہٹ کا ذکر نہیں کر رہا ہوں) ۔ مجھے اس ترقیاتی بجٹ کو دیکھتے ہوئے بڑا افسوس ہوا ہے ۔

**مسٹر سپیکر** ۔ میں ایوان کی اطلاع کے لئے یہ عرض کر دوں کہ تقریر کے لئے ہر فاضل رکن کے حصے میں سات منٹ آئیں گے ۔

**نوابزادہ غلام قاسم خان کھاکوانی** ۔ جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ترقیاتی بجٹ میں اس سال بمقابلہ سابق سال کے ایسی مدات میں جو کمی کر دی گئی ہے ۔ یہ تو ہر ملک ہر فرد کا ایک بنیادی حق ہے کہ اس کی جتنی بنیادی ضروریات ہوتی ہیں اسے مہیا کرنا حکومت ہی کی ذمہ داری ہوتی ہے ۔ اور وہ بنیادی ضروریات ہیں ۔ خوراک ، تعلیم ، صحت اور ہاؤسنگ ۔ جب میں نے یہ دیکھا تو مجھے بڑا افسوس ہوا کہ آئندہ ترقیاتی پروگرام کے تحت زراعت میں پانچ کروڑ کی کمی ، تعلیم کی مد میں چار کروڑ کی تخفیف ، صحت کی مد میں تین کروڑ اور ہاؤسنگ کے سلسلے میں اڑھائی کروڑ کی کمی کی گئی ہے ۔ اور اس کے مقابلے میں صنعت کی مد میں اضافہ کیا گیا ہے ۔ میں اس بارے میں وزیر مالیات سے ضرور وضاحت طلب کروں گا ۔ کہ یہ کمی کیوں کی گئی ہے ۔ اگر ہمارے شکوک رفع کر دئیے جائیں اور ہمیں یہ سمجھا دیا جائے کہ تیسرے پنجسالہ منصوبے میں ان مدات کے لئے جو رقوم رکھی گئی ہیں وہ پوری کی پوری ان پر خرچ ہوں گی اور وہ ساری کی ساری رقوم چاہے آئندہ سال ہی خرچ ہو جائیں تو بھی اس سے ہماری تسلی ہو جائے گی ۔

جناب والا ۔ اس بجٹ میں کوئی نیا ٹیکس تو نہیں لگایا گیا ہے ۔ لیکن زراعت پیشہ حضرات پر اور کاشتکاروں پر indirect ٹیکس ضرور عائد کیا گیا ہے ۔ اور کھاد کے سلسلے میں جو سراعات انہیں دی گئی تھیں ان میں سے پندرہ فیصد رعایت واپس لے لی گئی ہے ۔ اور تحفظ اشجار کے متعلق وزیر خزانہ نے اپنی بجٹ تقریر میں یہ جو فرمایا ہے کہ ''مفت را چہ باید گفت'' ۔ مجھے

اس پر بھی بڑا افسوس ہوا ہے - یعنی جو کہ انہیں یہ سہولت مفت حاصل ہو رہی تھی - تو وہ دیتے رہے تھے - یہ خیال ان کا درست نہیں ہے - یہ تو محکمے کی غلطی ہے کہ جس نے اس کو استعمال کرنے کے لئے پورے پورے مواقع مہیا نہیں کئے - اور جو مشینری اور آلات چھوٹے مزارعین کو دی جاتی تھیں ان سے اب یہ مراعات واپس لینا تو ان پر ظلم ہے - کھاد میں رعایت کی کمی اور زراعتی آلات کی بہم رسانی میں کمی اور پھر گندم کے نرخ میں اضافہ کرنا ان سب چیزوں کا اثر عام لوگوں پر ہی پڑے گا - حالانکہ میں خود بھی زمیندار ہوں اور گندم کا نرخ بڑھ جانے سے مجھے خوشی ہونی چاہئے تھی - لیکن اس کے باوجود مجھے اس پر افسوس ہے - چاہئے کہ عام آدمی کو گندم آسان اور کم نرخوں پر مہیا ہو . . . . .

**مسٹر سپیکر** - آپ تشریف رکھیں آپ کا وقت ختم ہو گیا ہے -

**میر علی گوہر چشتی** (منٹگمری ٦) : محترم سپیکر - میں اپنے خاندان کے افراد اور دوستوں کی طرف سے تمام اراکین ایوان کا تہ دل سے مشکور ہوں کہ جنہوں نے ایک قرار داد کے ذریعے میرے مرحوم بھائی پیر غلام علی چشتی کی وفات پر دس منٹ کے لئے ایوان کی کارروائی ملتوی کی تھی - نواب ملک امیر محمد خان صاحب گورنر مغربی پاکستان اور پاکستان مسلم لیگ کا بھی مشکور ہوں کہ جنہوں نے مجھے اس تاریخی ایوان میں عارف والا کے باشندوں کی نمائندگی کرنے کا موقع دیا -

جناب والا - میں نہ تو کوئی مقرر ہوں اور نہ ہی معاشیات کا ماہر - میری حیثیت ایک ایسے طالب علم کی سی ہے جو اچانک اساتذہ کے کمرے میں داخل ہو گیا ہو اور جسے نہ تو آداب محفل سے ہی کوئی واقفیت ہو اور نہ ہی نئے ماحول سے کوئی شناسائی ہو - اور اتفاق سے میرے حصے میں سب سے پہلے جو تقریر آئی ہے وہ بجٹ جیسے خشک موضوع پر ہے -

جناب والا - وزیر خزانہ جناب شیخ مسعود صادق صاحب نے جس دانشمندی اور قابلیت سے اس ایوان میں صوبے کا بجٹ

پیش کیا ہے اس کے لئے میں حکومت مغربی پاکستان کو مبارکباد پیش کرتا ہوں کہ اس کامیاب اور عوامی بجٹ میں ترقیاتی کاموں کے لئے زیادہ سے زیادہ رقم رکھی گئی ہے ۔ اور اس کے باوجود بھی غریب عوام پر کوئی نیا ٹیکس عائد نہیں کیا گیا ہے ۔ لیکن جناب سپیکر مجھے حیرت ہے کہ ضلع منٹگمری کے ساتھ کبھی بھی انصاف نہیں کیا گیا ہے ۔ حالانکہ ضلع منٹگمری میں سڑکوں کی حالت بڑی خستہ ہے ۔ خاص طور پر عارف والا ۔ منٹگمری روڈ پر تو اتنے گہرے گڑھے پڑے ہوئے ہیں کہ سفر کرتے ہوئے بسوں ، ٹرکوں اور موٹر کاروں کے پرزے چکنا چور ہو جاتے ہیں ۔ جس کی بناء پر منٹگمری پہنچنے کے لئے عارف والا کو براستہ پاک پٹن جانا پڑتا ہے ۔ اور انشاء اللہ دو ماہ کے اندر اندر پاک پٹن ۔ منٹگمری روڈ اتنی اچھی ہو جائے گی کہ ہمارے افسران ضلع پاک پٹن تحصیل کا دورہ بھی نہیں کر سکیں گے ۔ اور اس کے علاوہ چیچہ وطنی ۔ بوریوالا روڈ ان سے بھی کہیں زیادہ قابل رحم ہے ۔ اس سڑک پر موٹر کار کا تو ذکر ہی کیا ایک معمولی گدا بھی آسانی سے نہیں گذر سکتا ۔ اور اس علاقے کے باشندوں کو پاک پٹن عارف والا اور منٹگمری سے لاہور آنے کے لئے براستہ ملتان ایک سو چالیس میل کا فالتو سفر کرنا پڑے گا ۔ اس علاقے کے عوام حیرت زدہ ہیں کہ ہزاروں گالیاں کھانے کے باوجود بھی متعلقہ محکمے کے کانوں پر جوں تک نہیں رینگتی ۔ اور اس طرح جناب والا ۔ محکمہ واپڈا کے اخراجات اگرچہ بے پناہ ہیں مگر اس کی خدمات سخت قابل اعتراض ہیں ۔

جناب والا ۔ اصلاح اراضی یعنی سیم ۔ تھور اور آبپاشی ہمارے صوبہ کے اہم مسائل ہیں ۔ ان کے لئے بجٹ میں بہت کم گنجائش رکھی گئی ہے ۔ ضرورت ہے کہ زرعی ترقی اور غلہ کی فراوانی کی خاطر مزید رقم مہیا کی جائے ۔ میں اپنے ذاتی تجربہ کی بناء پر یہ عرض کر دینا چاہتا ہوں کہ گذشتہ دو برس سے محکمہ زراعت نے جو محنت اور ترقی کی ہے ۔ وہ قابل تعریف ہے ۔ اس سال محکمہ زراعت نے کاشتکاروں کو جو Mexican گندم کا بیج تقسیم کیا تھا ۔ اس سے اوسط پیداوار پچاس من سے ساٹھ من تک فی ایکڑ رہی ہے ۔ اگر محکمہ نے اپنی کارکردگی کو اسی طرح جاری رکھا تو انشاء اللہ آنے والے چند برسوں میں ہم اپنی ملکی

ضروریات پوری کرنے کے بعد ہندوستان اور دوسرے ملکوں کو امداد بھی دے سکیں گے۔

جناب والا ۔ سرحدی علاقوں کے لئے ۱۰۰ کروڑ روپیہ کی رقم بہت ہی کم ہے ۔ پختونستان کے ڈھونگ کا سد باب کرنے کے لئے حکومت مغربی پاکستان کو چاہئے کہ وہ اس علاقے کی ترقی کا خاص خیال رکھے اور ان کے لئے وافر رقم مہیا کرے (خوب ۔ خوب) ۔ اس علاقے کی مجموعی ترقی ہماری صوبائی اور سیاسی وحدت کے لئے نہایت ضروری ہے ۔ زیادہ متمول علاقوں کی بجائے ایسے علاقوں کی طرف زیادہ سے زیادہ دھیان دیا جائے ۔

جناب والا ۔ جیسا کہ میں عرض کر چکا ہوں ، اس سال کوئی نئے ٹیکس عائد نہیں کئے گئے لیکن پھر بھی منافع خور تاجر روزانہ استعمال کی چیزوں کی قیمتوں کو بڑھا دیں گے ۔ میں امید کرتا ہوں کہ حکومت قیمتوں کو بڑھنے سے روکے گی ۔

جناب والا ۔ ایک اور اہم ترین مسئلہ تعلیم کا ہے ۔ حال ہی میں گورنر صاحب کی صدارت میں صوبائی کابینہ نے زنانہ سکولوں میں ناچ اور راگ رنگ پر پابندیاں عائد کی ہیں ۔ اس فیصلے کو مغربی پاکستان کے ہر فرد بشر نے پسند کیا ہے (نعرہ ہائے تحسین) میں تجربہ کار وزیر تعلیم سے گذارش کرونگا کہ وہ نصاب تعلیم کو زیادہ سے زیادہ اسلامی رنگ دینے کی کوشش کریں ۔ یہ نصاب مسلمانوں کو تعلیم جدید دینے کے ساتھ ساتھ زیادہ سے زیادہ اسلامی اثرات کا حامل ہو تاکہ ہم غیروں کے اثر سے بالکل پاک ہوں ۔ ہماری عظیم الشان قومیت کا اب یہ فیصلہ نہیں ہونا چاہئے کہ ہمارے ملک کی یونیورسٹیاں ایسی منڈیاں بنی رہیں جہاں سستے غلام پیدا کئے جا سکیں بلکہ ان کا نمونہ وہ ہونا چاہئے جو بغداد ، قرطبہ اور الازہر کی یونیورسٹیوں کا ۔ یہ وہ یونیورسٹیاں تھیں جنہوں نے یورپ کو اپنا شاگرد بنایا ۔ اس سے پیشتر کہ اس دور میں ہم یورپ کو اپنا استاد بنائیں ، ہمارے دائیں ہاتھ میں سائنس ، بائیں ہاتھ میں فلسفہ اور سر پر کلمہ کا تاج ہونا چاہئے (نعرہ ہائے تحسین) ۔

جناب والا ۔ آخر میں میں اپنے حلقہ نیابت کی طرف سے اپنی بہادر فوج اور جاو ، لاہور ، قصور ، سیالکوٹ اور پاکستان کے ہر فرقے کے لوگوں کو خراج عقیدت پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے

حالیہ سترہ روزہ جنگ میں نہ صرف پرانی اسلامی روایات کو برقرار رکھا بلکہ اس میں شاندار اضافہ بھی کیا ۔

**مخدوم الحق علی شاہ قریشی** (جھنگ ۲) : جناب والا ۔ میں جناب وزیر خزانہ کو ایک متوازن سالانہ میزانیہ پیش کرنے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں ۔ مجھے اس بات کی خوشی ہوئی ہے کہ حج بیت اللہ سے واپسی پر یہ ان کا پہلا تعمیری کام ہے ۔ (قہقہہ) (خوب خوب) ۔ جناب والا ۔ ہندو کے ناپاک ارادوں کو ختم کرنے کے لئے ہمیں حالیہ جنگ سے دو چار ہونا پڑا ہے اور اس وجہ سے دفاع کے لئے ہمیں ایک ارب سے زیادہ روپیہ خرچ کرنا پڑا ہے ۔ اس خرچ کے باوجود ہمارے ترقیاتی منصوبوں میں کوئی مشکل حائل نہیں ہوئی ۔ اور اس چیز کا بین ثبوت یہ ہے کہ کوئی نیا ٹیکس عائد نہیں کیا گیا ۔

جناب والا ۔ جس دن یہ بجٹ پیش کیا گیا اسی دن ایوان میں ایک کاغذ تقسیم کیا گیا جو غالباً سب ممبروں کو ملا ہوگا ۔ اس میں یہ جو سر چارج ٹیکس اور زرعی ٹیکس ہے ، اس کا پر وفار ما بنا ہوا تھا جو کہ پچاسی فیصد دیہاتی آبادی پر عائد ہوتا ہے ۔ اگرچہ یہ پچاسی فیصدی آبادی اور بھی ہر قسم کے بوجھ اٹھا چکی ہے اور یہ بھی اٹھا لے گی لیکن میں عرض کروں گا کہ ہمارے حقوق کا تحفظ ہونا چاہئے ۔ میری گذارش ہے کہ حکومت اس پر غور فرمائے ۔

جناب والا ۔ اس کے بعد میں اپنے علاقائی مسائل کے متعلق کچھ عرض کرنا ضروری سمجھتا ہوں ۔ تحصیل جھنگ اور تحصیل شور کوٹ کا بیشتر حصہ دریائی علاقہ ہے ۔ اس زمین کو دڑھ کہا جاتا ہے ۔ 1937 میں اس وقت کی حکومت نے ہیڈ تریمو کے مقام سے ایک نہر نکالی تھی جس کو مکمل طور پر پکا کیا گیا تھا تاکہ اس علاقہ میں سیم اور تھور بڑھنے نہ پائے ۔ اب موجودہ واپڈا نے 1965 میں ایک نئی نہر نکالی ہے جسکو ہیڈ تریمو سدھنائی لنک کہا جاتا ہے ۔ یہ تین گنا بڑی ہے لیکن بالکل کچی ہے اور اس نے فوری طور پر سیم اور تھور پیدا کر دی ہے جس سے وہاں کے لوگ اور وہاں کی آبادی نالاں ہے ۔ بلکہ ہم لوگ وہاں سے نقل مکانی کرنے کے لئے تیار ہیں ۔ اس کے متعلق میں نے ایک سوال کیا تھا

جس کا یہ جواب ملا کہ فی الحال اس طرف کوئی توجہ نہیں کی گئی اور situation کو watch کیا جائے گا ۔

ہم نے مانا کہ تغافل نہ کرو گے لیکن
خاک ہو جائیں گے ہم تم کو خبر ہونے تک

جناب والا ۔ ہمارے ۔ تعلیمی مسائل حل کئے جائیں ۔ ہمارے پانی کے مسائل حل کئے جائیں ۔ میں مختصراً عرض کر رہا ہوں کیونکہ وقت تھوڑا ہے ۔ میں آخر میں وزرائے کرام کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ کسی حد تک وہ عوام کی ذمہ داریوں کو محسوس کرتے ہیں ۔ میں ان کی خدمت میں مزید استدعا کرتا ہوں کہ وہ پبلک کی دشواریوں اور مجبوریوں کو پیش نظر رکھیں ۔

کلی کا بے سبب سرمایہ عصمت نہیں لٹتا
چمن والے اگر گلشن کی خبر رکھتے ہیں

**مسٹر عبدالقیوم قریشی** (بہاولپور ۔ ۳ ) جناب سپیکر ۔ میں جناب کے توسط سے محترم جناب الحاج شیخ مسعود صادق صاحب اور ان کے رفقائے کار ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

**وزیر مال** (خان حبیب اللہ خان ) ۔ جناب والا ۔ ملک خدا بخش صاحب کا حکم ہے کہ ان کی طرف سے اس شعر کا جواب دوں جو ابھی ابھی اختر علی شاہ صاحب نے پڑھا ہے ۔ انہوں نے فرمایا تھا ۔

ہم نے مانا کہ تغافل نہ کرو گے لیکن
خاک ہو جائیں گے ہم تم کو خبر ہونے تک

ملک صاحب فرماتے ہیں۔

گو میں رہا رہین ستم ہائے روزگار
لیکن ترے خیال سے غافل نہیں رہا

(قہقہہ)

**مسٹر عبدالقیوم قریشی** جناب والا میں آپ کی وساطت سے محترم جناب الحاج شیخ مسعود صادق ان کے رفقائے کار اور ان کے عملہ کو رسمی طور پر نہیں بلکہ دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں جنہوں نے ان حالات میں جن سے ہم دو چار ہیں

کوئی نیا ٹیکس نہ لگائے ہوئے ایک اچھا بجٹ پیش کیا ہے جس کے لئے میں خراج تحسین پیش کرتا ہوں ۔

جناب والا ۔ پیشتر اس کے کہ میں کچھ کہوں کیونکہ اس کے متعلق تو بہت کچھ کہا جا چکا ہے میں یہ عرض کروں گا کہ میں تحصیل حاصل پور ضلع بہاولپور کا رہنے والا ہوں ۔ اس تحصیل کے عوام کی خواہش ہے کہ ان کی تکالیف کے متعلق چند الفاظ ارباب اقتدار کے کانوں تک پہنچائے جائیں چنانچہ وہاں کے چند مسائل کا ذکر اس معزز ایوان میں عرض کروں گا ۔

جناب والا ۔ وہاں سب سے بڑا مسئلہ پانی کا ہے ۔ جو زندگی اور موت کا سوال ہے ۔ جب سے بھارت نے پانی بند کیا ہے فورٹ عباس ، چشتیاں ، حاصل پور اور دوسرے علاقے بری طرح متاثر ہوئے ہیں ۔ پانی کی انتہائی کمی ہے ۔ اور نزدیک سے نزدیک کوئی انتظام نہیں ۔ اس کے متعلق میں بار بار اپنے محترم بزرگ ملک خدا بخش صاحب کی خدمت میں حاضر ہو چکا ہوں ۔ میں مشکور ہوں کہ انہوں نے ہمدردی کا اظہار کیا اور اب وہ کوشش بھی کر رہے ہیں پھر بھی میں ان کی توجہ اس امر کی طرف دلاؤں گا کہ وہ مزید کوشش جاری رکھیں ۔ اور مہربانی فرما کر ان بے بس اور بے کس بھائیوں کے لئے فوری انتظام کریں ۔ دوسرا مسئلہ حاصل پور میں کالونی ایریا کا ہے ۔ وہاں کوئی پختہ سڑک نہیں جب ہمارے ضلع کے ڈپٹی کمشنر جناب مختار مسعود صاحب تحصیل ہیڈ کوارٹر میں دورہ پر تشریف لے گئے تو وہاں پہنچنے کے لئے انہیں بہاولنگر کے راستہ ۵۰ میل کا فاصلہ طے کرنا پڑا ۔ یہ حقیقت ہے ۔ انہوں نے اظہار ہمدردی کیا یہ چیز اس بات کو ظاہر کرتی ہے کہ ان میں انسانیت کوٹ کوٹ کر بھری ہے ۔ یہ کتنی عجیب بات ہے کہ سڑک نہ ہونے کی وجہ سے انہیں اپنی تحصیل کا دورہ کرنے کے لئے دوسرے ضلع سے ہو کر آنا پڑا ۔

جناب والا ۔ میں نہایت مختصر طور پر یہاں اس حقیقت کا اظہار کروں گا کہ ہمیں سڑک نہ ہونے کی وجہ سے کیا کیا تکالیف کا سامنا کرنا پڑتا ہے ۔ سترہ اٹھارہ روز ہوئے ایک برات وہاں آ رہی تھی ۔ بسوں کے اڈے پر جب چالیس پچاس مسافر اترے تو ان کے لئے وہاں کوئی ٹیکسی نہیں تھی ۔ چنانچہ وہ برات وہیں سے واپس

چلی گئی اور یہ کہہ کر رشتہ سے انکار کر دیا کہ جہاں آنے جانے کے لئے کوئی راستہ نہیں وہاں رشتہ کرنے سے کیا فائدہ ۔

اس کے بعد میں ہسپتالوں کے متعلق عرض کروں گا ۔ وہاں ایک چھوٹا سا ہسپتال ہے جسے وہاں کی ٹاؤن کمیٹی چلا رہی ہے ۔ اس کے لئے ایک نئی بلڈنگ تیار ہو چکی ہے لیکن اصل کام ابھی تک باقی ہے ۔ پچھلے دنوں مجسمہ اخلاق وزیر صحت محمد علی خان صاحب کی خدمت میں حاضر ہوا تو انہوں نے تسلی و تشفی دی لیکن مجھے ڈر ہے کہ معاملہ وہیں کا وہیں نہ رہے ۔ اس لئے میں ان کی خدمت میں عرض کروں گا کہ وہ اس کی طرف فوری توجہ مبذول کریں ۔ حاصل پور کی تقریباً پونے دو لاکھ کی آبادی ہے ۔ وہاں کی ٹاؤن کمیٹی سات آٹھ ہزار روپیہ کے خرچ سے ہسپتال چلا رہی ہے لیکن اتنی کم رقم میں یہ کیسے ہوسکتا ہے ۔ اس کے علاوہ ایک چک ۱۰۳ مراد ہے وہاں ایک مڈل سکول ہے ۔ چھ سات سال سے اس آبادی کے لئے آزمائشی طور پر ایک ہائی سکول جاری ہے ۔ یہ ۲۰ میل کے فاصلہ پر ہے ۔ اس کی بلڈنگ تیار ہے ۔ اور میں یہ دریافت کرتا ہوں کہ اسے ہائی سکول کا درجہ دینے میں اب کیا hitch ہے ۔ ۱۹۴۷ء سے وہاں ۱,۵۰۰ کے قریب بے خانماں آئے ہوئے ہیں جو وہیں بیٹھے ہیں ۔ جہاں ان کو جگہ ملی ہے ۔ گورنمنٹ کی طرف سے انہیں اور کوئی جگہ میسر نہیں آ سکی ۔ میں نے اس سے پہلے ایک سوال کے ذریعہ سے عرض کیا تھا کہ وہ جہاں بیٹھے ہیں انہیں وہیں بیٹھے رہنے دیا جائے کیونکہ ان کے پاس پیسہ نہیں اور حکومت کے پاس جگہ نہیں ۔ اس لئے میں یہ عرض کروں گا کہ آپ اس جگہ کی قیمت مقرر کریں اور آسان اقساط میں ان سے قیمت وصول کرلیں ۔ آخر میں میں ایک اور لفظ اپنے ارباب اقتدار تک پہنچا دوں وہ یہ کہ ہمارا معاشرہ دن بدن خراب ہو رہا ہے ۔ میں منت کروں گا کہ جس طرح آپ نے تعلیم کے نصاب میں رد و بدل کیا ہے اس طرح سنیما کے نصاب میں تھوڑی سی تبدیلی کر دی جائے ۔ یعنی سنیما میں دوسرے قصوں کی بجائے محمد بن قاسم اور ایسے دوسرے بہادروں کے قصوں کے فلم دکھائیں اور ایسے نوجوان پیدا کریں جن کے دلوں میں تلوار اور بندوق سے محبت پیدا ہو جائے ۔ (نعرہ ہائے تحسین) اس لئے میں عرض کروں گا کہ سنیما کے نصاب میں تبدیلی کی اشد ضرورت ہے ۔

سید عبدالخالق (پشاور ایجنسی - م) جناب والا - قبل اس کے کہ میں بجٹ کے متعلق اور اپنے علاقہ کی تکالیف کے متعلق اس ہاؤس کے سامنے کچھ بیان کروں - بغیر نئے ٹیکس لگائے اس بجٹ کے پیش کرنے پر میں وزیر خزانہ کی خدمت میں مبارک باد پیش کرتا ہوں - ساتھ ہی یہ کہے بغیر نہیں رہ سکتا کہ ہمارے جو سرحدی علاقے ہیں وہ بہت پس ماندہ ہیں - ان کے لئے آپ نے ۱۹۷ کروڑ روپیہ کی جو رقم رکھی ہے وہ بہت کم ہے -

جناب والا - بجٹ تو ہر سال پیش ہوتا ہے اور اس میں نئے ٹیکس لگائے جاتے ہیں- اس سال جب بجٹ پیش ہونے والا تھا تو ہمارے دلوں میں شکوک و خدشات پیدا ہو گئے تھے - کہ ممکن ہے اس دفعہ بجٹ میں کافی نئے ٹیکس لگائے جائیں گے مگر پیش ہونے پر معلوم ہوا کہ حکومت نے کافی اہم ضروریات کے باوجود نئے ٹیکس لگانے سے گریز کیا ہے جس کے لئے وزیر خزانہ اور گورنر مغربی پاکستان کی خدمت میں جس قدر مبارک باد پیش کی جائے کم ہے - اس کے بعد میں اپنے علاقہ کی تکالیف کے بارے میں چند معروضات پیش کرنا چاہتا ہوں - سب سے پہلے میں یہ عرض کروں گا کہ ہمارے علاقہ مالا کنڈ میں لاکھوں ایکڑ زمین بنجر پڑی ہے اگر اس کے لئے ٹیوب ویل یا لفٹ کا انتظام ہو جائے تو پھر اس علاقہ میں کافی غلہ مہیا ہو سکے گا -

علاوہ ازیں ہمارے علاقہ میں بے روزگاری دن بدن بڑھ رہی ہے - لوگوں کے معاشی حالات خراب ہوتے جا رہے ہیں - میں استدعا کروں گا کہ اس علاقہ میں چند صنعتوں کا انتظام عمل میں لایا جائے تاکہ عوام کی پریشانی دور ہوجائے -

تیسری بات یہ ہے کہ میں اپنے علاقہ کے دیہاتوں کی سڑکوں کے متعلق ذکر کروں گا - آپ کو معلوم ہے کہ جن علاقوں میں سڑکیں نہ ہوں یا سڑکوں کی حالات اچھی نہ ہو تو اس علاقہ کے لوگوں کے معاشی حالات کبھی اچھے نہیں ہوسکتے ہیں ابھی میں اس علاقہ کی ایک خاص سڑک کا ذکر کروں گا - جس کا نام ہری چند شیگھڑ روڈ ہے - یہ ایسے علاقوں سے گذرتی ہے کہ اس سڑک کے ذریعہ سے لاکھوں من گنا شوگر ملوں کو مثلاً تخت بھائی- مردان اور چار سدہ کو مہیا کیا جا سکتا ہے - اور زمینداروں اور غریب کاشتکاروں کا گڑ

اور خام اجناس بھی اس سڑک کے ذریعہ منڈیوں تک پہونچائی جا سکتی ہیں - آج کل یہ سڑک اتنی خراب حالت میں ہے کہ بالکل کسی قسم کی آمدورفت کے قابل نہیں ہے - اس لئے میں وزیر موصوف کی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ اس سڑک کو گنے کے موسم کے شروع ہونے سے پہلے پہلے پختہ کر دیا جائے -

چوتھی عرض یہ ہے کہ ہمارے علاقہ مالا کنڈ میں موضع تانہ میں ایک انٹر کالج ہے جس میں کافی لڑکے تعلیم حاصل کرتے ہیں اور دور دور جگہوں سے مثلاً ریاست دیر باجوڑ سے اور چترال سے بھی آکر اس میں تعلیم حاصل کرتے ہیں۔ کیونکہ اس کالج میں اکثریت غریب بچوں کی ہے اور یہ انٹر کالج ہے - جب لڑکے انٹر کالج سے فارغ ہوتے ہیں تو وہ دور دراز کے کالجوں میں تعلیم حاصل کرنے سے قاصر ہوتے ہیں اس لئے میں استدعا کرتا ہوں کہ اس کالج کو ڈگری کالج کا درجہ دیا جائے تاکہ غریب طالبعلموں کا وہ مقصد پورا ہو جائے جس مقصد کے لئے وہ تعلیم حاصل کرتے ہیں - بس میں اس پر اپنی تقریر ختم کرتا ہوں -

**Dr. Sultan Ahmad Cheema :** (SIALKOT II): Sir, I congratulate the Finance Minister, Alhaj Shaikh Masud Sadiq, on presenting this well balanced budget. It is all the more creditable that no new tax has been imposed and the previous taxes have not been enhanced. It is a fact that taxes in our country are the minimum as compared with the taxes in the advanced countries and that is the reason why in the advanced countries there are provisions for free medical aid, free education, unemployment subsistence allowance, invalid pension, old age pension and such like other facilities. We should also try to join the advanced countries and provide such facilities to our people. This can only be possible if we offer more taxes to the Government. The rich people in our country are getting richer. Government should get more taxes from the rich people and avoid taxation on the poor class. I would like to say something about the problem of medical relief in our rural area. It is a pity that about 70 per cent of our rural dispensaries are without doctors. The reason is that we have abolished medical schools and no more licentiate doctors are being produced. Only Graduate doctors are qualifying from the various Medical Colleges. I am confining myself to one question only and that is what type of doctors will give maximum relief to the greater portion of our population with the lowest cost and within the shortest possible period without adversely affecting the efficiency of the service. A Medical Graduate, no doubt, is a basic doctor but he does not fit in the subordinate health service cadre for the rural area. He is the son of rich parents who is educated and brought up in a higher society. Therefore, he cannot adopt himself according to the expectations of the villagers. He is not satisfied with the accommodation and other facilities provided in a rural dispensary. He always thinks of some better post in a city and often succeeds but if he does not succeed he resigns his post and starts his own private clinic or proceeds abroad where he can get a fat salary with other facilities. Most of the licentiate doctors who are working in the rural areas have passed the condensed M.B.,B. S. course and now very

few are left behind to serve the rural population. The Graduate doctors are meant for officer cadre only but we should also have the subordinate cadre in the Health Services just like other departments of the Government. There are two types of doctors, in most of the countries as we have licentiate and Graduate doctors. In Japan and Russia still there are two types of doctors. It is recently that the licentiate course has been abolished in the United Kingdom after the National Health Scheme but we cannot claim to have reached such a stage for winding up this course for good. The stopping of licentiate course in our country has inflicted grevious blow to the medical relief and public health in the rural areas. To avoid this outcome, Russia had increased the number of medical schools from 65 to 985 in the year 1941. As a matter of principle we should consider this problem from the point of view of economy and our specific needs. Medical qualification cannot aim to produce physicians and surgeons ready for practice. It can so train students that practical experience in time will mature and equip them. Six eminent members of the Bhore Committee declared that they did not regard the licentiate doctors as imperfectly or hastily manufactured doctors as they had rendered meritorious services during the past. Thus, it can be safely asserted that a licentiate doctor is quite competent to serve the rural population. There are doctors of great fame and repute among the class of licentiate doctors, namely, Dr. Mathra Dass of Moga, Dr. Rehmat Ullah of Gojra, Dr. Muhammad Ismail, of Shuja Abad, Dr. Hassan Muhammad of Montgomery, Dr. Nasrullah Khan Cheema of Lahore, who has just retired from the Services Hospital, Lahore, Dr. Sial, Dr. Shafi and Dr. Alamgir of Multan and Dr. Anwar of Lyallpur. They were all licentiate doctors to start with. A licentiate doctor is not a averse to work in a village. He has no other place to go and he cannot proceed abroad as his qualifications are not recognised in the foreign countries. The Government will have to pay him less. He is liked by the rural population and his fees are not so exhoribitant as compared to the fees of a Graduate doctor. The Government have upgraded certain rural dispensaries to attract the services of Graduate doctors. But this has also proved a failure and many of the upgraded dispensaries are lying vacant. The problem of medical relief in the villages can only be solved if Medical Schools are started for training a greater number of licentiate doctors to serve the rural population.

**Mr. Speaker :** The member may please try to conclude his speech.

**Dr. Sultan Ahmad Cheema :** I have to make another suggestion that private sector of the medical profession should also be encouraged. The number of patients requiring medical relief is so great that Government would be meeting the needs of only a fraction of the population inspite of huge expenditure. The rest of the work is carried out by the independent medical practitioners practicing in the scientific system of medicine through their private clinics, hospitals and laboratories. It must, therefore, be recognised that independent medical profession forms the back-bone of medical profession and unless and until it is encouraged and afforded due protection and facilities it would not be possible to extend medical aid to the population as a whole.

**میر ولی محمد خان تالپور** (حیدر آباد—ہ) ۔ جناب سپیکر زیر بحث بجٹ کے اعداد و شمار سے جس خود اعتمادی اور یقین کا اظہار ہوا ہے اس سے ایک طرف ہماری اقتصادی مضبوطی اور دوسری طرف وزیر خزانہ اور ان کے عملے کی کارکردگی کی نشان دہی ہو رہی ہے ۔ گزشتہ ہنگامی دور سے گزرنے کے بعد ایک tax-free budget جس میں ۱۸۰ کروڑ کا ترقیاتی خرچ مخصوص کیا گیا ہو اس پر اگر ہم

وزیر خزانہ کو مبارکباد دیتے ہیں تو یہ ان کا حق ہے جو ہم ان تک پہنچا رہے ہیں - جناب والا حیدر آباد ڈویژن جیسے پسماندہ ڈویژن کو سب سے زیادہ ترقیاتی خرچ دینے پر ہم وزیر ممدوح کے شکرگزار ہیں اور اس کے ساتھ ملتجی بھی ہیں کہ پسماندہ علاقوں کو ان کے مخصوص صوبجاتی رقم سے بھی کچھ نہ کچھ دیا جائے - اس مبارکباد کے بعد شکوہ بھی ہوتا ہے - ۱۹۶۶/۱۹۶۵ء کے مالیاتی بل کی رو سے اگر کوئی ڈسٹرکٹ ایگریکلچرل ٹیکس سے متاثر ہوا ہے تو صرف سابق صوبہ سندھ ہی ہوا ہے حالانکہ اعداد و شمار اور حقائق اس وقت بھی بتا رہے ہیں کہ صوبہ سندھ کے آباد کار زمینداروں پر مزید زراعتی ٹیکس لگانا زیادتی ہے- وہ لینڈ ریونیو کی صورت میں بھی اتنا ہی دے رہے ہیں مالیاتی بل کا ایگریکلچرل ٹیکس ان پر عائد کرنا زیادتی تھا - جناب والا ہم ملتجی ہیں کہ مالیاتی بل جو کہ یکساں مالیاتی بل کہا جاتا ہے اس کو جلد از جلد بحال کرکے اس پر عمل بھی کیا جائے تاکہ ہم اس دھرے ٹیکس سے نجات حاصل سکیں - ایک انسان کی بقا کے لئے خوراک کا مسئلہ اولیت رکھتا ہے اور اس کا سارا انحصار اکثر زراعت پر ہے - جہاں تک بجٹ کے اعداد و شمار کا تعلق ہے تو مجھے یہ دیکھ کر بڑا افسوس ہوا ہے کہ زراعت کے شعبے میں ۵ کروڑ کی کمی اور صنعت کے شعبے میں ساڑھے نو کروڑ کا اضافہ - جناب والا زراعت کے شعبے سے تعلق رکھنے والوں پر نہ صرف مالیاتی ٹیکس ہی لگایا گیا ہے بلکہ indirectly یہ subsidies جو کم کی جاتی ہیں وہ بھی چھوٹے زراعت کے پیشے والوں سے تعلق رکھتی ہیں - میں اگر اس ضمن میں اپنے علاقے کی آبپاشی کے متعلق عرض کروں اور چند گزارشات پیش کروں تو میں سمجھتا ہوں اور امید کرتا ہوں کہ ہمارے محترم وزیر صاحب ضرور ان کی طرف توجہ دیں گے - سکھر بیراج اور غلام محمد بیراج سے سارے سندھ کی آبپاشی ہوتی ہے - جہاں تک سکھر بیراج کا تعلق ہے - اس کے upper reaches میں سیم اور تھور کی وبا ہے اور lower reaches میں خاص کر tail reaches میں پانی کی قلت ہے - اس مسئلے کو نپٹانے کے لئے میں سمجھتا ہوں کہ انتظامیہ کی کار گزاری کو اور تیز کرنا پڑیگا - کیونکہ tampering of the modules اور ناجائز طور پر پانی کی فروخت ایک وبا کی شکل اختیار کر چکی ہے - جناب والا اس کے بعد صحت کا محکمہ ہے - جس میں کمی دکھائی دے رہی ہے - اس میں تین کروڑ کی کمی ہے - میرا اپنا علاقہ دو لاکھ کی آبادی پر مشتمل ہے - تحصیل بدین اور

تحصیل ٹنڈو باگو میں ایک بھی تحصیل کے لیول کا ہسپتال نہیں اور نہ اس میں کوئی دیہی طبی مرکز ہے ۔ اس علاقے کے لئے صرف ڈسٹرکٹ کونسل کے چار لاکھ روپے سارے ضلع کے لئے منظور کئے جاتے ہیں جس سے تحصیل کا حصہ منظور کیا جاتا ہے ۔ اس سے آپ سمجھ سکتے ہیں کہ ان حالات میں ان لوگوں کی زندگی کیا ہو گی ۔ جناب والا میں دیکھ رہا ہوں کہ آپ گھڑیال کی طرف دیکھ رہے ہیں اس لئے میں ان سب باتوں کو چھوڑ کر مواصلات اور اِبلاغ عامہ کے بارے میں کچھ عرض کروں گا ۔ مجھے کچھ زیادہ عرض کرنے کی ضرورت نہیں کیونکہ اخبارات بھرے پڑے ہیں ۔ نوابشاہ اور دادو کے اضلاع میں اب حالات اتنے خراب ہو چکے ہیں کہ ہم سمجھتے ہیں کہ اب یہاں مارشل لا نافذ کیا جائے گا جیسے پہلے ہو چکا ہے لیکن ہم مارشل لا سے ڈرتے ہیں اس لئے میری استدعا ہے کہ ان حالات پر سختی سے قابو پایا جائے تاکہ وہ لوگ جو دن بھر محنت کرتے ہیں وہ رات کو کم از کم چین کی نیند سو سکیں ۔ مواصلات کا جہاں تک تعلق ہے چاہے اے ۔ ڈی ۔ سی کے راستے ہوں چاہے بی ۔ ایچ ۔ آر کے ہوں مگر حالت یہ ہے کہ ایک سال بنے اور دوسرے سال خراب ہو گئے ۔ یا ختم ہو گئے پھر کہا جاتا ہے کہ فنڈز نہیں ہیں یہ جو عملہ کام کر رہا ہے ان کی کارگزاری اتنی اعلیٰ نہیں کہ وہ ٹھیکے داروں پر کوئی ضبط رکھ سکیں لیکن جناب والا ایسے حالات میں جب کہ کسی ملک کی پہچان صرف اس کے راستوں سے ہی ہوتی ہو کہ یہ ملک ترقی یافتہ ہے یا نہیں تو ان پسماندہ علاقوں کو اگر دوسرے ترقی والے علاقوں کی سطح پر نہ لایا گیا تو یقیناً پاکستان کبھی خوشحال نہیں کہلائے گا آخر میں میں ایک مثال دے کر برقی شعبہ جات کی طرف آپ کی توجہ دلاتا ہوں ۔ تلہاڑ ایک ریلوے سٹیشن ہے ۔ اس میں ایک شوگر فیکٹری ہے اور ایک rice husking mill ہے ۔ اس سے پاور لائین صرف ایک فرلانگ کے فاصلے پر جا رہی ہے اور گذشتہ دو سالوں سے اس شہر کو بجلی مہیا نہیں ہو سکی ۔ تحصیل ٹنڈو باگو اور تحصیل ہیڈ کوارٹر پر ۴ عدد چاولوں کی فیکٹریاں ہیں ۔ پانچ ہزار کی مردم شماری ہو چکی ہے اس کے شمال میں بجلی ہے اس کے مشرق میں بجلی اور جنوب مغرب میں بھی لیکن یہ شہر ابھی تک بجلی سے مستفید نہیں ہو سکا ۔ ان حالات کے پیش نظر میں سمجھتا ہوں کہ میں نے اپنے فرض کی ادائیگی کی ہے اور اب میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

**نوابزادہ شیخ عمر** (قلات مکران خاران) ۔ جناب سپیکر میں اپنے ساتھیوں کا ممنوا ہوتے ہوئے جناب وزیر خزانہ کو ان کے اس فاضل بجٹ پر مبارکباد پیش کرتا ہوں ۔ چونکہ وقت بہت کم ہے اور مجھے بہت کچھ کہنا ہے اور وقت جو مجھے دیا گیا ہے وہ صرف سات منٹ ہے لیکن پھر بھی میں کوشش کروں گا کہ میں اپنے علاقے کی پسماندگی پر کچھ نظر ڈالوں ۔ مکران وہ پسماندہ علاقہ ہے جو ۳۶ ہزار مربع میل تک پھیلا ہوا ہے اور اگر اس کی پسماندگی کو دیکھا جائے تو ہماری مثل ایک شتر سوار کی سی ہے جو کہ ہم اس ترقی کے دور میں جیٹ کی رفتار کا اندازہ کرتے ہوئے اس کے ساتھ چل رہے ہیں ۔ وحدت مغربی پاکستان کا اتحاد ہمارے لئے ایک ٹھوس حقیقت ہے اور یہ ہمارا ایمان ہے کہ ہم نے سن ۱۹۵۶ء سے آج تک اس کا پورے طور پر ساتھ دیا ہے اس لئے کہ ہمارا یہ خیال ہے کہ اس میں کوئی فرق قومیت کے لحاظ سے نہیں ہونا چاہئیے ۔ یہ نہ بلوچوں کا ہے نہ پنجابیوں کا اور نہ سندھیوں کا اور نہ پٹھانوں کا بلکہ مجموعی طور پر یہ وہ سر زمین ہے جسے مغربی پاکستان کہا جاتا ہے ۔ ہم یہ سمجھتے ہیں کہ ہماری پسماندگی کا ایک واحد حل یہ ہو سکتا ہے کہ اگر اس کا تجزیہ کیا جائے اور یہ دیکھا جائے کہ وہ علاقے جو زیادہ سے زیادہ پسماندہ ہیں انہیں کیسے زیر ترقی لایا جا سکتا ہے تو اس سے یہ اندازہ ہو سکتا ہے کہ کون سے علاقے پسماندہ ہیں اس کے بعد اگر حکومت ان مختلف پسماندہ ٹکڑوں کو باری باری لے کر ان کو ترقی دے تو یہ چیز ہمارے لئے مفید ثابت ہو سکتی ہے اور اس طرح اس ترقی کے دور میں ہم اپنے دوسرے بھائیوں کے ساتھ مل کر چل سکتے ہیں اس وقت ہمارے کراچی کے بھائی اور دوسرے حضرات بھی یہ کہتے ہیں کہ ہم پسماندہ ہیں لیکن میں یہ کہوں گا کہ لاہور اور کراچی کے مقابلے میں ہمارے علاقے کی پسماندگی کا اسی سے اندازہ کیجئے کہ جہاں ان کے درمیان تین انجنوں والا ٹرائی ڈینٹ جہاز چلتا ہے ۔ ہمارے علاقے میں ڈکوٹہ کی سروس چلائی جا رہی ہے وہ بھی پچھلے دو ماہ سے اور وہ بھی تسلی بخش نہیں ہے ۔ ان تمام حالات کے باوجود اس علاقے میں ایک میل لمبی سڑک بھی نہیں ہے بارش ہونے پر دو دو مہینے تک ایک تحصیل دوسری تحصیل سے منقطع ہو جاتی ہے اور آج اس ہال میں افسروں کی گیلری میں ایسے اصحاب بیٹھے

ہوئے ہیں جنہیں ۱۹۴۸ء سے آج تک اس علاقے کا بخوبی جائزہ لیا ہے ۔ وہ اس علاقے سے پوری طرح واقف ہیں ۔ وہ میرے ہمنوا ہوں گے کہ ہمارا یہ علاقہ کس حد تک پسماندہ ہے ۔ اب میں اپنے علاقے کی ایک مثال پیش کرتا ہوں ۔ چار سال ہوئے ہم نے ڈویژنل کونسل کی سطح پر ایک انٹرمیڈیٹ کالج کا مطالبہ کیا تھا ۔ ڈسٹرکٹ سطح پر اس سلسلہ میں کئی بار یہاں آئے ۔ اس سال ہمیں یہ کہا گیا کہ کالج قائم ہو جائے گا ۔ حکومت تو اس بات سے بخوبی باخبر ہے ۔ کہ ہمارا علاقہ اتنا دور دراز ہونے کے باوجود وہاں پر ایک ضلع مکران میں چھ ہائی سکول ہیں اور قلات ڈویژن میں کسی ایک ضلع میں اتنے ہائی سکول نہیں ہیں اور وہاں ہمارے طلبا تناسب سے تین چوتھائی حصہ زیادہ تعلیم حاصل کرتے ہیں ۔ انہیں میٹرک کرنے کے بعد چھ سو میل سفر کرکے کوئٹہ میں جانا پڑتا ہے ۔ یا لاہور اور دوسرے شہروں میں آنا پڑتا ہے ۔ ان کی پسماندگی کی یہ حالت ہے ۔ مگر اس کے باوجود وہ بھیک مانگ کے تعلیم حاصل کرتے ہیں ۔ اس لئے گزارش ہے کہ اس دور دراز علاقے کی تعلیم کی طرف سب سے پہلے توجہ دیں ۔

اس طرح صحت کے متعلق میں یہ عرض کروں گا کہ اس دور دراز علاقے میں ڈاکٹر اور نرسیں وغیرہ جانے کے لئے تیار نہیں ہوتے ۔ میں نے گذشتہ سال بھی عرض کیا تھا ۔ اب پھر عرض کرتا ہوں ۔ وزیر صحت صاحب اس طرف خاص طور پر غور فرمائیں ۔ اس علاقہ میں جانے کے لئے محکمہ صحت کے ملازموں کو خاص الاؤنس دیا جائے ۔

ہمارا سب سے زیادہ دار و مدار زراعت پر ہے اور زراعت کی ترقی کا دار و مدار مشینی کاشتکاری پر ہے ۔ اگر ہم یہ کہیں کہ ہمارے پاس اب تک تمام کوئٹہ قلات ڈویژن میں صرف ایک ہی ورکشاپ ہے تو بیجا نہ ہو گا ۔ میری خواہش ہے کہ حکومت اس علاقے کے ہر ضلع میں ایک ورکشاپ قائم کرے ۔ اس کے علاوہ وہاں جو ٹریکٹر مہیا ہیں ۔ وہ بہت ناکارہ ہیں ۔ تقسیم سے پہلے کے وہاں پڑے ہوئے ہیں ۔ اگر ان کا ایک پرزہ بھی خراب ہو جائے تو اس کی درستی کے لئے کوئٹہ جانا پڑتا ہے ۔ ہماری پسماندگی کے پیش نظر ان چیزوں کی طرف خاص توجہ دینے کی ضرورت ہے ۔ مجھے یقین ہے کہ حکومت ہماری پسماندگی کو نظر انداز نہیں کرے گی اور مجھے یقین ہے کہ اس علاقے کو زیادہ سے زیادہ ترقی دی جائے گی ۔

**صاحبزادی محمودہ بیگم** (پی ڈبلیو ۱۰۳ زون ۳) - صدر محترم - محترم وزیر خزانہ ملک کے بہت بڑے سیاست دان ہیں - ان کو اتنی مبارکبادیں مل چکی ہیں کہ میری سمجھ میں نہیں آتا کہ میں کن الفاظ میں صوبے کے عوام کی طرف سے انہیں خراج عقیدت پیش کروں - ہمارے وزیر خزانہ اپنی لیاقت اپنی قابلیت اور اپنے سیاسی شعور کی وجہ سے ملک میں ایک نمایاں حیثیت رکھتے ہیں - اس دور میں جب کہ صوبے کے عوام بے چین اور تھوڑے سے بیقرار بھی تھے کہ سنٹر کا میزانیہ پاس ہونے کے بعد صوبے کے میزانیے سے ان پر کیا بوجھ پڑتا ہے - یہ میزانیہ پیش ہونے کے بعد ان کو ایک بیرت ہوئی ہمارے وزیر خزانہ بہت بڑے سیاست دان تو ہیں وہ قوم کے نباض بھی ہیں - انہوں نے قوم کی نبض پر ہاتھ رکھا ہے اور یہ بجٹ بلا شک و شبہ ٹھیک بجٹ ہے -

جناب سپیکر - عوامی مسائل اس درجہ ہیں کہ میری سمجھ میں نہیں آتا کہ کس کس کا ذکر کروں - سب سے بڑا اور اہم مسئلہ جو ہمیں درپیش ہے اور جو قوم کا مطالبہ ہے - یہ دفاع کا مسئلہ ہے میں جانتی ہوں کہ اس کا تعلق سنٹر کے ساتھ ہے - مگر ہماری یہ اسمبلی وہ ادارہ ہے جس کے ذریعہ ہم سنٹر کی خدمت میں یہ عرض کر سکتے ہیں کہ بارڈر ایریا کے جوانوں کو لازمی فوجی تربیت دی جائے (تالیاں) وہاں نہ صرف لازمی بلکہ جبری فوجی تربیت دی جائے اور بڑی تعداد میں اسلحہ دیا جائے - آج سے آٹھ ماہ پہلے ہماری جوان بہو بیٹیاں دشمن اس لئے لے گیا کہ ہمارے کسی جوان کے پاس کوئی اسلحہ نہ تھا - ہم لوگوں کو فوجی ٹریننگ نہ تھی -

جناب والا جہاں تک صحت اور تعلیم کا تعلق ہے - یہ دو نہایت اہم موضوع ہیں - میں سب سے پہلے تعلیم کی طرف آتی ہوں - جناب والا گزشتہ بیس سال کے عرصہ میں ہم نے جو کچھ کیا وہ ہمارے اور ہماری قوم کے سامنے ہے - میں حکومت سے پوچھتی ہوں کہ آج بیس سال کے بعد ملک کی ۸۰ فیصدی آبادی ناخواندہ کیوں ہے - ہماری تعلیم میں کیا خامی ہے کہ اس وقت بھی ہمارے علاقے کے عوام ناخواندہ ہیں - ہمارے ساتھ کے کئی ایسے بڑے ممالک ہیں جنہوں نے تقریباً ہمارے ساتھ ہی آزادی حاصل کی تھی مگر وہاں ترقی کی رفتار

اس قدر تیز ہے کہ آج وہاں ۸۰—۹۰ فیصد عوام خواندہ ہیں جس ملک کے ۸۰ فیصد عوام خواندہ ہوں اس ملک میں ترقی کا رجحان جتنا ہو گا وہ آپ کے سامنے ہے۔

ہم دن رات اسلام اسلام اسلام کے نعرے بلند کرتے ہیں۔ مگر فی الحقیقت ہمارے ۷۰ فیصد افراد کو یہ معلوم نہیں کہ اسلام کا صحیح مطلب کیا ہے جہاں مولانا مودودی نے اسلام کا نعرہ بلند کیا ہم نے سمجھا کہ وہ ہماری کرسیاں چھین لیں گے۔ جناب والا یہ ہماری آپ کے بس کا روگ نہیں ہے۔ میں یہ سمجھتی ہوں کہ وقت آ گیا ہے اور صوبے کے عوام کا یہ مطالبہ ہے کہ آپ ایک خود مختار نیم سرکاری ادارہ واپڈا یا پی۔ آئی۔ڈی۔سی کی طرز کا بنائیں۔ جس میں ممتاز ماہرین تعلیم رکھے جائیں جو یہ ریسرچ کریں کہ ہماری تعلیم میں کیا نقائص ہیں اور ہمیں کس قسم کی اسلامی تعلیم اختیار کرنی چاہیے میں خود آپ کے ساتھ اتفاق کرتی ہوں کہ انگریزی سکولوں میں بالخصوص نقائص ہیں لیکن خدا را یہ بتائیں کہ ہم کس قسم کی تعلیم حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ ہمیں خود معلوم نہیں ہوتا کہ جو ہم کہتے ہیں اسکا مطلب کیا ہے۔ آپ ایک نیم خود مختار ادارہ قائم کریں جس میں educationist ہوں جو یہ ریسرچ کریں کہ اسلامی اور مذہبی تعلیم جس کا ہم پرچار کرتے ہیں اور جو اس ملک اور صوبہ کے عوام کا مطالبہ ہے کن خطوط پر ہونی چاہئیے۔

جناب والا قومی زبان کا مسئلہ اتنا اہم ہے مگر ایجوکیشن سے متعلقہ افسران جو بہت لائق اور کابل ہیں وہ انگریزی زبان کے ساتھ لپٹ گئے ہیں۔ وہ انگریز کی حکومت کے سایہ میں ۲۰۰ سال رہے ہیں انہیں انگریزی زبان سے وابستگی ہے ہم نان آفیشیل بھی رہے ہیں لیکن کم رہے ہیں اور وہ زیادہ رہے ہیں انہوں نے ۲۰ سال کے عرصہ میں ملکی زبان کی ترقی کو بالکل روک دیا ہے۔ افسران بالا کبھی زبان اردو کی ترقی نہیں ہونے دینگے جب تک ان پر خاطر خواہ دباؤ نہ ڈالا جائے گا۔ جناب والا کوئی ملک کبھی ترقی نہیں کر سکتا جس کی اپنی قومی زبان نہ ہو۔ (ہیئر۔ ہیئر)

جناب والا ہم نے یہ ملک اس لئے تقسیم کرایا تھا کہ ہمارے مطالبات ہمارا معاشرہ اور ہماری تہذیب علیحدہ ہے۔ ہمارا رہن سہن الگ ہے لیکن ہم نے ۲۰ سال میں ثابت کر دیا ہے کہ ہم بہت بڑے نقال ہیں۔ کیا کوئی معقول وجہ ہے کہ ہم ۲۰ سال کے عرصے میں

اپنی قومی زبان کو فروغ نہیں دے سکے اس کے راستہ میں سب سے بڑی رکاوٹ ہمارے افسران بالا ہیں - میں وزیر تعلیم سے اور اپنی حکومت سے توقع کروں گی کہ وہ زبان کے مسئلہ کو اہم سمجھیں اور احساس کمتری میں مبتلا نہ ہوں - ابھی حال ہی میں باہر کے ممالک کے لوگ آئے ہیں اور وہ اچھی بھلی انگریزی جانتے تھے لیکن انہوں نے ہمارے سامنے ایک لفظ بھی انگریزی کا نہیں بولا اور اسکے باوجود ہم لوگ اس درجہ نقال ہیں کہ جس کو انگریزی نہ آئے ہم اسے سمجھتے ہیں کہ وہ کمتر ہے - حقیر ہے - اس لئے میں دوبارہ گذارش کروں گی کہ وہ قومیں کبھی ترقی نہیں کر سکتیں جن کی اپنی زبان نہ ہو -

**مسٹر سپیکر**—بیگم صاحبہ خواتین کے متعلق بھی کچھ فرما لیجئے—وقت ختم ہو رہا ہے -

**صاحبزادی محمودہ بیگم**—جناب والا آپ نے آبزیشن کے ممبران کو آدھ آدھ گھنٹہ وقت دیا ہے - ہم پانچ خواتین ہیں اس لئے ہمیں بھی آدھ آدھ گھنٹہ وقت دیا جائے -

**چودھری محمد نواز**—پوائنٹ آف آرڈر—جناب والا ہاؤس میں ۵ خواتین ہیں—باقی تمام مرد ہیں —اس لئے پانچ خواتین کو اس نسبت سے زیادہ وقت ملنا چاہیئے -

**مسٹر سپیکر**—یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے-

**صاحبزادی محمودہ بیگم**—جناب والا اب میں تعلیم کے متعلق عرض کروں گی—ہمارے وزیر تعلیم بہت اچھے ہیں اور ان سے پہلے جو وزیر تعلیم تھے وہ بھی بہت اچھے تھے اور جو بعد میں آئیں گے وہ بھی بہت اچھے ہو گے - یہ سلسلہ وزرا کے آنے کا ہمیشہ قائم رہے گا اور ہمیشہ قائم رہا ہے لیکن بات وہی ہوتی ہے جو زندہ رہتی ہے -

جناب والا صحت کے متعلق کچھ عرض کروں گی - صحت کی حالت بہت ناگفتہ بہ ہے - اس کے متعلق میں ایک ہی مثال پیش کروں گی اور وہ یہ ہے کہ میو ہسپتال جو ہمارے ملک میں سب سے بڑا ہسپتال ہے اس میں جب کبھی بھی کسی غریب کو خون کی ضرورت ہوتی ہے تو اس کا اشتہار مشرق اخبار میں چھپ جاتا ہے اور اس میں کہتے ہیں کہ فلاں مریض کو خون کی ضرورت ہے لہذا اس کیلئے خون

مہیا کیا جائے ۔ جناب والا جس ملک کی صحت کی یہ حالت ہو کہ خون مہیا کرنے کی اپیل اخبار میں آئے تو اس کے متعلق آپ کیا اندازہ کریں گے ۔ جب تک لوگ خون دیں گے اس وقت تک مریض یقیناً مر جاتا ہے ۔

جناب والا ! مفت طبی تعلیم کی بے حد ضرورت ہے ۔ ملک کے ہسپتالوں کی جو حالت ہے اس کی نسبت میں عرض کر چکی ہوں (سپیکر صاحب مجھ سے ناراض ہو رہے ہیں کہ آپ کا وقت ختم ہو گیا ہے ) جناب سپیکر مغربی پاکستان کی خواتین کا یہ متفقہ مطالبہ ہے کہ ان کے لئے ایک اور زنانہ میڈیکل کالج ہونا چاہیے میں نے گزشتہ ۴ سال میں اپنی ہر تقریر میں یہ مطالبہ کیا تھا کہ یہ بہت بڑا ظلم ہے کہ ۲۰ سال کے عرصہ میں خواتین کو صرف ایک میڈیکل کالج ملا ہے اور اس میں بھی داخلہ ملنا ناممکن سمجھا جاتا ہے ۔ میڈیکل کالج کے لئے بھی میری ذاتی رائے ہے کہ ایک نیم خود مختار ادارہ بنایا جائے جیسا کہ میں ایجوکیشن کے متعلق ذکر کر چکی ہوں جو ریسرچ کریں کہ ملک میں بیماریوں کی روک تھام کیسے ہوسکتی ہے اور ملک میں مفت طبی امداد کے لئے کیا وسائل اختیار کئے جاسکتے ہیں ۔

جناب والا دوسرا اہم معاملہ جو سب سے بڑا ہے وہ لینڈ ریونیو کا ہے ۔ میں اس کی نسبت زیادہ تفاصیل میں نہیں جاؤں گی — مجھے بے حد خوشی ہوگی کہ اگر محترم وزیر مال خود اس طرف توجہ دینے کا وعدہ فرمائیں ۔ لینڈ ریونیو کا معاملہ ایسا تعجب خیز ہے کہ جتنی ہماری آمدنی ہوتی ہے تقریباً اتنا ہی اس پر خرچ ہو جاتا ہے ۔

جناب والا ! سب سے بڑا شکوہ ہمیں قابل احترام وزیر خزانہ سے ہے ۔ بہاول پور کے لوگ تابعدار لوگ ہیں جن میں ایک میں بھی ہوں لیکن انہوں نے خدا جانے کیوں اس دفعہ بہاول پور کے ساتھ قطعی سوتیلی ماں جیسا سلوک کیا ہے ۔ بہاول پور کے وزیر کے پاس ۴ دن سے روتی رہی کہ آپ ہی کچھ کریں ۔ انہوں نے کہا کہ ۱ کروڑ روپیہ اور ہمیں دیں گے لیکن ہمیں بے حد افسوس ہوا کہ اس وقت ۱ کروڑ روپیہ کی کوئی پروویژن نہیں ہے ۔ ہم عام طور پر

افسران بالا سے سن رہے ہیں کہ بہاول پور کی طرف سے سکیمیں نہیں لائی جائیں ۔ کیا سکیمیں ہم نے بنانی ہیں ۔ آپ لوگ وہاں ایڈوائزر بھیجیں ۔ آپ کے وہاں افسران بالا جائیں اور وہاں جا کر سکیمیں بنائیں ۔ کیا یہ طریقہ کار ہے کہ سب لوگوں کی طرف سے سکیمیں آتی ہیں ۔ جناب والا جو پچھلے سال ہمیں ملا تھا وہ بھی خرچ نہیں ہوا۔ اب بھی ہمیں تقریباً ۲ کروڑ کم دیا گیا ہے ۔ میں وزیر مالیات کی خدمت میں آپ کی وساطت سے عرض کروں گی کہ آپ بہاولپور کی حالت پر رحم کریں — یہ ایک پسماندہ علاقہ سمجھا جاتا ہے اور اس کو ترقی کی اتنی ہی ضرورت ہے جتنی کے دوسرے پسماندہ علاقوں کو ترقی کی ضرورت ہے ۔

وزیر بحالیات اس وقت ایوان میں موجود نہیں ہیں جو اکثر مجھ سے ناراض رہتے ہیں—ان کی خدمت میں عرض کروں گی کہ ۲۰ سال سے ہم روتے آ رہے ہیں کہ صوبے میں آباد کاری ہو جائے لیکن خدا کا شکر ہے کہ گزشتہ ڈیڑھ دو سال سے صوبہ میں آبادکاری ہو رہی ہے میں اس کی تفاصیل میں نہیں جاؤں گی لیکن ان کی توجہ اس طرف ضرور مبذول کراؤں گی کہ گزشتہ ۲۰ برس گزرنے کے بعد اس وقت بھی آبادکاری کا معاملہ توجہ کا مستحق ہے — آپ اپنی پہلی فرصت میں اس کی طرف توجہ فرمائیں ۔

اب میں وزیر مواصلات کی خدمت میں عرض کروں گی کہ یہ ٹھیک ہے کہ سب لوگوں کے اپنے اپنے علاقے میں مشکلات ہیں لیکن میرا علاقہ پورا مغربی پاکستان ہے جس کے متعلق میں نے عرض کیا ہے ۔ آخری بات جو میں کرنا چاہتی ہوں وہ یہ ہے کہ لاہور کی مال روڈ اتنی اندھیری ہے کہ اس پر کچھ دکھائی نہیں دیتا ۔ میں ان کی خدمت میں عرض کرتی ہوں کہ یہ مغربی پاکستان کا صدر مقام ہے اس کی سڑکیں روشن ہونی چاہئیں ۔ جو یہاں پیدل گزرتے ہیں ان کو ایک دوسرے کی شکل نظر نہیں آتی اور وہ آپس میں ٹکرا جاتے ہیں ۔ (قطع کلامی)

جناب والا سوشل ویلفیئر کے وزیر یہاں موجود نہیں ہیں میں ان کی خدمت میں بھی کچھ عرض کرتی ۔

**مسٹر سپیکر**—بیگم صاحبہ آپکا وقت ختم ہو گیا ہے بہتر ہے کہ آپ یہ باتیں کسی اور وقت کہیں —

**Malik Muhammad Aslam Khan** : (CAMPBELLPUR I) Mr. Speaker, Sir, the Report on the background of the Budget is very useful for the Members of this House in understanding the implications and the technicalities of the Budget. The need for this was felt in previous years and the gesture made during this year for which we are very grateful to the Finance Minister.

Sir, the gallant decision of the Finance Minister not to impose any new taxes has to be viewed against the background of the exceptionaly hard times through which our country passed during the last few months. The financial difficulties, which the Nation had to face with regard to non-receipt of foreign aid, were aggravated by the surprise attack of India. The House is aware of the far-reaching economic implications of the war, which we have fought, and for a period of several months all the normal activities, including the development projects had to be suspended. All available funds were diverted towards the war effort. It is, therefore, all the more creditable for the Finance Minister to prepare a budget in which no new taxes have been imposed and at the same time the tempo of the development has been kept.

This is, to my mind, financial management at its best. Before I proceed on to the examination of the budget itself I would like to say that I am much encouraged by the determination of the Finance Minister to achieve a better realisation of the revenues from within the existing sources. The House would recall that I laid emphasis on this particular point in my last speech on the Budget that it is a matter which has remained neglected for a very long time and must have caused substantial losses to the provincial revenues. I hope and feel that I am justified in saying that the difference of Rs. 6·18 crores in the budget estimates and revised estimates of receipts will fast disappear and in fact, substantial surplus will be effected. We are satisfied that inspite of this, the provincial income has increased by rupees 6·18 crores. The provincial surplus has actually increased from Rs. 1·95 crores to Rs. 5·02 crores. For the next financial year the total receipt of Rs. 177 crores is higher estimate than the actual current financial year's receipts. But I venture to suggest that if the collection of revenue is still more stream-lined, I am sure, this surplus will increase manifold. The reduction of the revenue expenditure by Rs. 2·75 crores against last year's estimates is a good sign but the Government is keen to reduce and control its expenditure on unremunerative investment.

The single most important feature of the present Government in my view is the headway, it has made in the development plans of the country. Inspite of the social and political handicaps, especially during the last twelve months, I hope efforts would continue with full vigour. The figure of Rs. 180·37 crores, which has been proposed for the expansion of the development plans, is very favourable when compared with the original provisions of Rs. 190 crores last year which was later on reduced to Rs. 140 crores due to emergency. I will compare this figure with the programmes of the last year to draw attention to the revenues which, in my opinion, are necessary. Taking first water and power section, I noticed that Rs. 68 crores have been ear-marked for this as against the original provision of Rs. 62 crores last year and Rs. 49 crores in the revised plan. There is no doubt that the importance of this is felt and shown by the allocation made. In fact it is one of the most important projects of our area because majority of our people's livelihood depends on it. But while we want a rapid expansion in those resources we also want to be sure that the benefits are being given to the people in proportion to their needs. We know from the common experience that an agriculturist wanting to instal tube-well for irrigating his land is put to every hardship and trouble in this respect. I would request the Minister concerned that for such schemes provision should be made that electric connections of tube-wells should at once be given to such farmers who desire to instal tube-wells and such automatic schemes should be

made that when an area is matured for electricity and for tube-wells those connections should be given automatically.

Sir, Government should also look into the programmes of WAPDA. In those projects where it has itself undertaken to sink tube-wells the work is performed so casually and so slow that one has to see to believe it. I was encouraged to learn that the WAPDA has promised to instal about 40 tube-wells in my constituency but unfortunately I see that during the last one year they have not been able to instal even a single tube-well. They keep on shifting pipes and instruments from one place to another in such a manner that whenever they are needed at a place they are never available. This position is quite scandalous and needs urgent remedy. The second most vital section is that of the agriculture. For this section Rs. 31 crores have been set aside against Rs. 46 crores of last year and Rs. 34 crores in the revised plan. Although a large share has been given for agriculture and agricultural projects, no provision has been made for the Co-operative Department and rural credit. Whatever credit and loans are given to the landlords and the farmers are given to the big landlords and big farmers and the poor are always deprived. To get loan is so difficult that usually the poor farmers forget about it.

The third major factor is the industry for which Rs. 20 crores have been ear-marked. The extension of the industry in the last few years has been so rapid that even this moderate allocation of Rs. 20 crores, as compared to WAPDA is satisfactory in itself but I must express my concern in two respects. In the first place, inspite of the declared policy of the Government to spread industry as widely as possible no substantial steps have been taken to do so and I see that even at this time most of the industries are being set-up in the areas where there are already many industries existing.

**Mr. Speaker:** Please conclude.

**Malik Muhammad Aslam Khan :** Apart from the economic factor we are backward from the strategic point of view. We have made our industry an easy target for the enemy. Furthermore, important areas continue to be neglected inspite of their strong demands. My own District Campbellpur, for example, has strong claims for industrialization both on account of geographical and economical considerations as well as for the valour and chivalry with which its sons fought during the last war. Campbellpur is mostly a barani area where agricultural improvement has very strong limitations and the agriculturists who want to work and work hard, even they cannot improve their income because of the natural conditions. Under these circumstances, I would insist that some industry at least should be established and specially when 1,819 new schemes are to be developed during this Five-Year Plan, a few should fall to the category of my district. I have drawn attention to some special problems of the budget as relating to my constituency and I thank you for your indulgence if I have diverted from the main line of discussion.

**Mr. Speaker :** Please finish in two minutes.

**Malik Muhammad Aslam Khan :** Sir, the two main sources of income for the provincial Government, apart from the provincial receipts, are the share assigned by the Central Government and the foreign grants. I have already drawn your attention to the provincial field wherein the Central assignment has increased very steadily over the years. We expect Rs. 229 crores in sales tax and about 18 crores in income-tax. This is in addition to the grant-in-aid from the Central Government on which we mostly depend for our developing programmes. The sharp fall in the foreign grant from Rs. 14·40 crores to Rs. 5·44 in one year is very noticeable. We know that lot of international politics is involved in it and, therefore, far from having any regrets for this decline in the foreign grant we would actually like this aid to be

eliminated altogether if our sovereignty is involved. In any case, it is a matter of pride for us that we are covering a programme of development worth Rs. 180·37 crores with our own resources mostly while there are only Rs. 5,42 crores of the foreign grant. There are many more points which I would like to discuss but as the time is short.....

**Mr. Speaker :** The member may please resume his seat now.

*(The House is adjourned to meet again at 5-30 p.m. today.*

*(The Assembly then adjourned till 5-30 p.m. the same day)*

*(The Assembly met at 5-30 p.m. Mr. Speaker in the Chair)*

**Mr. Speaker :** The House is obviously not in quorum. Let the bells be rung for 5 minutes. (Bells were rung for five minutes).Five minutes are over. Let the names of the Members who are present in the House be recorded.

*(Names of the Members present in the House were recorded)**

**Mr. Speaker :** The names of the Members who are present in the House have been recorded. They are 20 in number. The House is still not in quorum and is adjourned for 15 minutes.

*(The Assembly then adjourned for fifteen minutes)*

*(The Assembly met at 5·50 p. m. Mr. Speaker in the Chair.)*

**Mr. Speaker :** Let there be a count. *(Count was taken and 42 members were found present).* The House is in quorum. Sahibzada Noor Hassan.

**صاحبزادہ نور حسن**(بہاولنگر ۴)—جناب والا ۔ ہمارے فاضل ممبران نے تحسین و آفرین کے کافی پھول برسائے ہیں ۔ اور میرے خیال میں حقیقت یہ ہے کہ وہ اپنے دلی خیالات کی ترجمانی نہیں کرتے تھے ۔ بلکہ حالات کا تقاضہ انہیں مجبور کرتا تھا اور اس کے سوا وہ اور کچھ نہیں کر سکتے تھے ۔ کیونکہ کسی قسم کا constructive criticism وہ پارٹی میں بھی نہیں کر سکتے ۔

جناب والا ۔ کسی ملک کا بجٹ اقتصادی ترقی کا آئینہ دار ہوتا ہے ۔ یہ صرف مجموعہ اعداد و شمار ہی نہیں ہوتا بلکہ اس سے پوری قوم کی زندگی متاثر ہوتی ہے ۔ وہ اعداد و شمار جو مختلف علاقوں کی ترقی کے لئے یا وہ رقوم جو وقف کی جاتی ہیں وہ سب عوام کی بہبودی کے لئے ہوتی ہیں ۔ ہمارے وزیر خزانہ صاحب نئے ٹیکس نہ لگانے کی وجہ سے قابل مبارک باد ضرور ہیں لیکن انہوں نے کبھی بیٹھ کر یہ خیال نہیں کیا کہ عوام کی Taxable capacity کیا ہے ۔ اور corrupt حالات سے کتنی کم ہو جاتی ہے ۔ ان کو کیا معلوم ہے کہ ایڈمنسٹریشن نے عوام کی Taxable capacity کو کس حد تک کم کر

*Please see Appendix III at the end.

دیا ہے - ہماری حکومت کی administrative mechinery سے جن لوگوں کا واسطہ ہے وہ اتنے corrupt ہیں کہ ہمارے عوام کی آمدنی کا بڑا حصہ وہ خود لے جاتے ہیں - انہوں نے ہمارے عوام کی Taxable capacity کو بالکل محدود کر کے رکھ دیا ہے - بجٹ کے اعداد و شمار کے مطابق یہ آمدنی یعنی Revenue Receipts سے ۱۷۷ کروڑ دکھائی گئی ہے - میرے خیال میں غریب کی جیب سے ایک ارب روپیہ افسران کی جیبوں میں جاتا ہوگا جہاں اس روپیہ سے ان کی کوٹھیاں بنگلے اور محلات تعمیر ہوتے ہیں - میں حکومت کی corruption کے متعلق اس لئے زور دے رہا ہوں کیوں کہ عوام کا یہ سب سے بڑا مسئلہ ہے اور یہ ہر جگہ موجود ہے - ہر دفتر میں ہر جگہ کوئی بھی محکمہ اس سے محفوظ نہیں - بڑے سے بڑا دفتر اس سلسلہ میں سبقت لے گیا ہے - یہ جو دفتر ہیں یہ رشوت کی دوکانیں ہیں - صبح سے شام تک ان میں یہ دھندہ چلتا ہے اس لئے میں اس امر پر زیادہ زور دوں گا تا کہ آپ کو حقائق سے مطلع کر دوں - لیکن میں سمجھتا ہوں کہ میری ان گذارشات کی بنا پر مجھے کہیں ملک دشمن عناصر میں شمار نہ کر لیا جائے - حقیقت یہ ہے کہ جن کو آپ ملک دشمن سمجھتے ہیں ان میں بعض ایسے ہیں جن کو میں نیک اور محب وطن سمجھتا ہوں - جنگ کے دوران یہ ثابت ہو چکا ہے کہ خواہ کوئی بھی پاکستانی ہو ملک کی بقا اور سالمیت کے لئے کسی قسم کی قربانی دینے سے دریغ نہیں کرتا - اور جو یکجہتی کا مظاہرہ ہوا ہے اور جو معرکہ حق و باطل کے درمیان کسی نے بھی مخالفت نہیں کی آپ کو اس کی مثال بھی نہیں ملے گی -

اب جناب والا - میں پھر corruption کی طرف لوٹ آتا ہوں - میں یہ پوچھتا ہوں کہ ہماری حکومت نے کیا effective steps لئے ہیں اور کون سا طریق کار اختیار کیا ہے - کہ جس سے اس کا قلع قمع ہو جائے اور اس کی بیخ کنی ہو جائے - حالات یہ ہیں کہ حکومت کے خزانہ سے روپیہ ترقیاتی سکیموں کے لئے منظور ہوتا ہے اس میں سے really ۵۰ فی صد utilize ہوتا ہے - باقی جعلی ٹی اے بلوں اور اس قسم کے دوسرے ذرائع میں ختم کر دیا جاتا ہے - یہ لوگ چھوٹے سے بڑے تک سب ہمارے اخراجات کے استحکام پر ہر وقت ایک ضرب کاری کی حیثیت رکھتے ہیں - لیکن ان میں خوش قسمتی سے کچھ نیک نہاد بھی ہیں - اور ان کی نیکی انہیں مجبور کرتی ہے کہ وہ ان کاموں میں حصہ نہ لیں تو یا تو وہ زیر عتاب آتے ہیں - یا ان کے لئے

ترقی کے دروازے مسدود ہو جاتے ہیں ۔ شاید اس کا پس منظر ملک کے سیاسی حالات بھی ہوں اور سیاسی حالات نے corruption کی ترویج میں کافی part ادا کیا ہو ۔ کم سے کم مجھے نہیں معلوم ہو سکا کہ ہماری وہ کون سی اغراض ہیں جن کے پیش نظر ہم ان چیزوں کو check نہیں کر سکتے اور اس کی بیخ کنی ہمارے بس کا روگ بھی نہیں رہی ہے ۔

اب آپ پولیس کو لے لیں تو افسران بالا کا تو کیا کہنا نچلے طبقہ میں جو لوگ ہیں وہ بھی اپنے آپ کو بہت کچھ سمجھتے ہیں S. Ps. میں بیشتر S. Ps. ایسے ہیں جن کا میں نام نہیں لینا چاہتا مجھے معلوم ہے کہ وہ فی تھانہ ہزاروں روپے کی تعداد مقرر کئے ہوئے ہیں کہ ہم اتنا وصول کریں گے اور ان کے عملہ کے افراد ان کو رنگیلا افسر کے نام سے پکارتے ہیں تو جب وہ رنگیلے ہیں تو ان کا عملہ بھی رنگیلا ہی ہوگا ۔ اور پھر یہ بھی قابل ذکر چیز ہے کہ یہ S. Ps. اور ایس ۔ آئی ۔ یہ وہ لوگ ہیں جو ہمارے وزراء صاحبان کے سامنے جب آتے ہیں تو بھیگی بلی بنکر آتے ہیں ویسے ان کو دیکھا جائے تو رعونت کا ایک مجسمہ ہیں اور جس وقت غریبوں اور متوسط طبقہ کے لوگوں کو ان سے واسطہ پڑتا ہے تو میرے خیال میں ان کی دستبرد سے کوئی بھی محفوظ نہیں رہتا ۔ جناب والا ان لوگوں کی خاطر ہماری حکومت سول ایڈمنسٹریشن کی اس برانچ میں پچھلے سال کے مقابلے میں ایک کروڑ ۳۱ لاکھ روپے زیادہ خرچ کر رہی ہے ۔ اس رقم کا کل خرچ ۱۳ کروڑ ۷ لاکھ ۷۶ ہزار جو ہے تو پچھلے سال کی نسبت اس سال ایک کروڑ کی رقم زیادہ کرنے کی وجہ جواز کم سے کم میری سمجھ میں نہیں آئی ۔ اگر یہ رقم ۵ کروڑ کی آبادی پر تقسیم کی جائے تو تقریباً تین روپے فی کس پولیس پر صرف آتا ہے ۔ تو یقین مانئے کہ یہ ۱۳ کروڑ کی رقم گورنمنٹ کے خزانے سے جائے گی اور کروڑہا روپیہ لوگوں کی جیب سے پولیس کے پاس چلا جائے گا ۔

ایک اور بات قابل ذکر ہے اور وہ یہ کہ hired convict سے جو آمدنی ہوتی ہے وہ دو لاکھ ۱۳ ہزار ۸ سو تھی اور آئندہ بجٹ میں یہ ۷۳ ہزار ہو گئی اسمیں ایک لاکھ ۶۵ ہزار کمی کی وجوہات کیا ہیں اور یہ کمی کیوں ہوئی ۔ سمگلنگ کی روک تھام کے

اقدامات یقیناً غیر مکتفی ہیں - پچھلے دنوں چودھری محمد ادریس صاحب نے بھی ذکر کیا تھا اور انکے ایک سوال کے جواب میں یہ بتایا گیا تھا کہ ۴۶ cases register کئے گئے ہیں تو میرے خیال میں سینکڑوں ایسے ہونگے جو unnoticed بھی ہوں - جناب والا فوجوں کی واپسی سے پہلے جن لوگوں کیلئے اسمگلنگ کا کاروبار بند تھا اب انکے لئے پھر باب الرزق کھل گیا ہے اور انکے لئے جو اقدامات اختیار کئے گئے ہیں وہ غیر موثر ہیں -

**Mr. Speaker :** The member may please conclude his speach.

**صاحبزادہ نور حسن** — جناب والا ہمارے ملک میں اسمگلنگ کی روک تھام کی بجائے ایسی سرگرمیوں پر کنٹرول کیا جاتا ہے - اور بغض ایسے آدمیوں کو یہ ٹھہکر جیل میں نظر بند کر دیا جاتا ہے کہ یہ سیاسی استحکام میں خلل ڈالتے ہیں - اور سیاسی استحکام میں خلل ڈالنے والوں کی مدد کرتے ہیں جناب والا یہ کیسا سیاسی استحکام ہے کہ وزراء آرام کی نیند بھی رات کو نہیں سو سکتے اور انہیں اس بات کا بھی علم نہیں ہے کہ کل انکا کیا حشر ہوگا -

اب جناب والا ! مجھے کچھ معروضات صحت کے متعلق کرنا ہیں - فاروقی صاحب نے اس سلسلے میں کچھ کہا تھا - صحت پر اس سال ۷ کروڑ اور کچھ لاکھ روپئے خرچ کئے جائینگے - میرے خیال میں یہ کافی نہیں ہیں - کیونکہ صحت کی اہمیت سے انکار نہیں ہو سکتا - میں سمجھتا ہوں کہ صحت پر نہ صرف یہ کہ اخراجات زیادہ کئے جائیں بلکہ دور افتادہ اور پسماندہ علاقوں میں ڈسپنسریاں قائم کی جائیں - ہمارے ہاں تو طبی سہولتیں ہی موجود نہیں ہے -

جناب والا اگر اجازت ہو تو چند گذارشات میں اپنے علاقے کے متعلق کر لوں -

**مسٹر سپیکر** - ذرا جلدی سے کیجئے گا -

**صاحبزادہ نور حسن** — جناب والا پچھلے سال بہاولپور ڈویژن میں ۳ کروڑ ۸۲ لاکھ روپئے منظور کئے گئے تھے اس سال وہاں

کیئے ایک کروڑ ۹۹ لاکھ کی رقم منظور کیگئی ہے - وزیر خزانہ صاحب یہاں پر موجود نہیں ہیں - میں گزارش کروں گا کہ ہمارے حال پر رحم فرمائے جیسا کہ صاحبزادی صاحبہ نے اس بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے میں انکی تائید کرتا ہوں اور درخواست کرونگا کہ ہم لوگ بالکل پسماندہ علاقہ کے لوگ ہیں اور اس علاقہ کی ترقی کے لئے اتنی رقم مختص کر دینا کافی نہیں ہے میں نہیں سمجھتا کہ ہم پچھلے ایک سال میں اتنے ہی develop ہو چکے ہیں کہ اب مزید ڈویلپمنٹ کی ضرورت نہیں ہے ہمیں ترقی یافتہ علاقوں کے برابر لانے کیلئے کافی روپے کی ضرورت ہے -

**Mr. Speaker :** The member may please resume his seat.

**میجر میر باد شاہ خان محسود** - ڈیرہ اسماعیل خان ایجنسی -۲ (پشتو) : جناب سپیکر صاحب السلام علیکم - جناب والا - قبل اس کے کہ میں بجٹ پر کچھ عرض کروں اور اپنے علاقے کی تکالیف بیان کروں میں جناب شیخ صاحب وزیر خزانہ کو اس بغیر ٹیکس فاضل بجٹ پر مبارک باد پیش کرتا ہوں - باوجود اس کے کہ اس بجٹ میں میرے علاقہ کیلئے اتنی رقم نہیں رکھی گئی جتنی کہ اس علاقہ کے لئے ضروری تھی بہر حال بجٹ مجموعی طور پر شاندار ہے -

جناب سپیکر صاحب — آپ کو علم ہے کہ میرا علاقہ ساوتھ وزیرستان بہت ہی پسماندہ اور پہاڑی ہے اس لئے میں یہ عرض کرتا ہوں کہ یہ حکومت کا فرض ہے کہ اس علاقہ کے عوام کی بہبود کے لئے زیادہ سے زیادہ کوشش کرے اور اس علاقہ کے تمام قدرتی وسائل کو بروے کار لاتے ہوئے اس علاقہ کے عوام کو ترقی کرنے میں امداد دے - اس کے علاوہ میری گذارش ہے کہ میرے علاقہ میں جو کام واپڈا اور P.W.D. والے کر رہے ہیں وہ مسٹررول اور ڈیپارٹمنٹل طریقہ سے کرتے ہیں جو کہ ماسوائے میرے علاقہ کے تمام ویسٹ پاکستان میں کسی جگہ پر نہیں ہوتا اس کے متعلق میری یہ گذارش ہے کہ یہ طریقہ کار ٹھیک نہیں ایک دن یا ایک ماہ کا

کام ہو تو سٹررول یا ڈیپارٹمنٹل طریقہ پر ہو مگر یہ تو سالہا سال اسی طریقہ سے کام ہو رہا ہے - جس میں زیادہ گریز کا امکان ہے اس لئے اسے فوری طور پر بند کرکے ٹھیکہ پر دیا جاوے اس کے علاوہ میں آپ کی توجہ ڈیرہ دریا خاں کی پل کی طرف مبذول کراتا ہوں - جناب والا اگر ڈیرہ دریا خاں پل تیار ہو جائے تو ڈیرہ اسماعیل خاں کے لئے ترقی کے راستے کھل جائیں گے - جناب والا آپ اس بات سے اندازہ لگائیں کہ گرمیوں کے دنوں میں اگر کسی آدمی نے لاہور یا کراچی یا پنڈی وغیرہ جانا ہوتا ہے تو اسے براستہ کالا باغ میانوالی یا ڈیرہ غازی خاں کوٹ ادو کے راستے سے ۲۰۰/۰۰ میل کا چکر کاٹ کر جانا پڑتا ہے اگر یہ پل بن جائے تو ہمیں صرف ۱۴ میل کا راستہ طے کرنا پڑے گا -

جناب والا - میں تو ہر جگہ گورنمنٹ کوشاں ہے کہ جلد سے جلد پاکستان کو مکمل طور پر ترقی یافتہ ملک بنایا جائے میں اس بارہ میں آپ کی توجہ ڈیرہ اسماعیل خاں کے ایک صحت افزا مقام کی طرف مبذول کراتا ہوں جناب سپیکر صاحب شیخ بدین کا پہاڑ ڈیرہ اسماعیل خاں اور بنوں کے درمیان درہ پیزو پر واقع ہے اگر اس کو جانے والی سڑک کو کشادہ کرکے موٹروں کے قابل بنایا جائے تو جگہ کافی ترقی کر سکتی ہے اور گرمیوں کے موسم میں اضلاع ڈیرہ اور بنوں کا ضلعی صدر مقام بن سکتا ہے - اور وہاں پر فون اور ڈاک خانہ کا بھی مناسب انتظام کیا جاوے -

جناب والا - اب میں آپ کی خدمت میں یہ عرض کرتا ہوں کہ پی - ایل ۴۸۰ ڈویلپمنٹ کے لئے جو روپیہ دیا جاتا ہے اس کا استعمال صحیح طریقہ سے نہیں ہوتا اور تمام روپیہ بغیر علاقہ کو فائدہ پہنچائے فضول ضائع ہو جاتا ہے اس لئے اس روپیہ سے ضلع ڈیرہ اور پنجاب میں زمینیں خرید کر میرے علاقہ کے عوام کو دی جائیں یا اس روپیہ کو ہمارے بچوں کی تعلیم پر خرچ کیا جائے آخر میں میری یہ عرض ہے کہ گمل زام (گل کچھ سکیم) کے لئے بجٹ میں جو روپیہ رکھا

گیا ہے یہ بہت کم ہے اس طرح منصوبہ کو پایہ تکمیل تک پہنچنے میں کافی وقت لگے گا مہربانی کرکے اس کے لئے بجٹ میں مزید گنجائش رکھی جاوے ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں اور صاحب صدر کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ مجھے تقریر کا موقع دیا۔

**حاجی سعد اللہ خان** (ڈیرہ اسماعیل خان— ایجنسی-۱) (پشتو) : جناب والا ۔ قبل اس کے میں بجٹ کے بارہ میں کچھ عرض کروں اور اپنا حق آپ سے مانگوں میں وزیر خزانہ جناب شیخ مسعود صادق کو عوامی بجٹ پیش کرنے پر مبارک باد پیش کرتا ہوں۔

جناب سپیکر صاحب ۔ میں آپ کی وساطت سے وزرا صاحبان کی خدمت میں یہ عرض کرتا ہوں کہ ہم جو سوالات اسمبلی میں کرتے ہیں ان کا جواب صحیح دیا کریں مثال کے طور پر میں نے ایک سوال اپنے حلقہ نیابت نارتھ وزیرستان کے بارہ میں کیا تھا مگر آپ نے جواب ساوتھ وزیرستان کا دیا کہ وانہ میں ٹریکٹر موجود ہیں یہ کہاں کا انصاف ہے کہ سوال میں اپنے علاقہ نارتھ وزیرستان کا پوچھوں اور جواب مجھے میجر میر بادشاہ کے علاقہ ساوتھ وزیرستان کا دیا جائے یہ سراسر ہماری حق تلفی ہے آپ ہمارے حقوق کے محافظ ہیں آپ براہ مہربانی اس طرف فوری توجہ دیں۔ جناب سپیکر صاحب ۔ اسی طرح میں نے ایک سوال وزیر تعمیرات سے کیا تھا کہ دتہ خیل ۔ سمین موم اور رزاخیل کی سڑکوں کی حالت ناگفتہ بہ ہے انکو پکا کیا جائے اور پل بھی بنائے جائیں مگر وزیر موصوف کی طرف سے جواب ملا کہ سڑکیں پختہ ہیں ۔ جناب والا یہ علاقہ میرا ہے اور میں اس کے ایک ایک انچ سے واقف ہوں یہ سڑکیں انگریزوں نے اپنے دور حکومت میں تعمیر کی تھیں اور اسکے بعد آج تک اس کی دیکھ بھال نہیں کی گئی اب یہ کچی سڑک سے بھی بدتر ہیں ۔ اور کسی قسم کے ٹریفک کے قابل نہیں ہیں کیونکہ جابجا گڑھے پڑ گئے ہیں ۔ اب میں ہسپتالوں کے بارہ میں یہ عرض کروں گا کہ میرے علاقہ میں ادویات کا کوئی سالانہ کوٹہ مقرر نہیں ہے ۔ ادویات مریضوں کی تعداد کے حساب سے منگوائی جاتی ہیں اس سے عموماً ہسپتال میں ادویات میسر نہیں آتیں مہربانی کرکے سالانہ کوٹہ مقرر کریں ۔ اس کے علاوہ دریائے ٹوچی کے کناروں پر آبادی کے بچاؤ کے لئے ہر دو کناروں پر بند باندھنے کی سکیم مرتب کی جاوے اس سے ایک طرف آبادی محفوظ ہو جائے گی اور دوسرا زمین کٹاؤ سے بچ

جائے گی ۔ آخر میں یہ عرض کروں گا کہ ہماری ایجنسیوں کے بچوں کے لئے ملازمتوں میں کوٹہ مقرر کیا جائے اور ہمارا مقابلہ آپسمیں ایجنسیوں کے ساتھ ہونا چاہئیے نہ کہ دوسرے اضلاع کے ساتھ ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

**خانزادہ تاج محمد خان بدگش** (کوہاٹ ۱) ۔ جناب سپیکر ۔ موجودہ بجٹ پر بہت کچھ کہا جا چکا ہے لیکن میں یہ ضرور کہوں گا کہ یہ ایک اچھا بجٹ ہے کیونکہ اخراجات کو ایسے طریقہ پر ڈھالا گیا ہے جسمیں نہ تو نئے ٹیکسوں کی تجویز کیگئی ہے اور نہ ہی پرانے ٹیکسوں کی کوئی تجدید کی گئی ہے ۔ لہذا میں یہ کہنے میں حق بجانب ہونگا کہ یہ عوامی بجٹ ہے اور عوام کے تقاضوں کو پورا کرتا ہے جسکے لئے میں جناب وزیر خزانہ کو مبارک باد پیش کرتا ہوں اور جناب گورنر صاحب مغربی پاکستان کی فہم و فراست دور اندیشی اور اچھی پالیسیوں کی داد دیتا ہوں جس سے کہ حکومت کا یہ موجودہ ڈھانچہ بڑی کامیابی سے چل رہا ہے اور وہ دن دور نہیں کہ پاکستان ہر دور میں اپنے آپ کو خود کفیل اور اپنے پاؤں پر کھڑا ہونے کے قابل ہو سکے گا ۔

جناب والا میں آپ کی وساطت سے اپنے حلقہ نیابت کی چند معروضات پیش کرنا چاہتا ہوں اور امید کر رہا ہوں کہ متعلقہ وزرا صاحبان غور فرما کر عملی قدم اٹھائیں گے ۔

کوہاٹ میں صرف ایک ہی ڈگری کالج ہے جو کہ وہاں کی بڑھتی ہوئی آبادی کے لئے بالکل ناکافی ہے کیونکہ اس میں نہ تو وہاں کے ٹیچنگ سٹاف ۔ پرنسپل و طلبا کے لئے رہائیش کا معقول انتظام ہے اور نہ ہی سائینس لیبارٹری ہے جس سے کہ طلبا اور اساتذہ کو سخت دشواری کا سامنا کرنا پڑتا ہے ۔ اس کے علاوہ کوہاٹ شہر و چھاونی جو آرمی ہیڈ کوارٹر ہونے کے اعتبار سے بہت اہم جگہہ ہے میں کوئی گرلز کالج نہیں ہے جس سے کہ عوام اور فوجی حکام کو سخت دشواریاں پیش آ رہی ہیں اور یہ اہل کوہاٹ کا بہت ہی پرانا مطالبہ ہے کہ گرلز کالج جتنی بھی جلدی ہوسکے انٹرمیڈیٹ کالج برائے خواتین کھولا جاوے ۔

جناب والا ۔ پچھلے سیشن میں پورا یقین دلایا گیا تھا کہ سن ۶۷/۶۶ میں ضرور گرلز کالج کھولا جائے گا لیکن ابھی تک اس

تجویز کوئی پر عمل در آمد نہیں ہوا اس کے علاہ وہاں کوہاٹ شہر میں گرلز ہائی سکول ہے لیکن وہ اتنا تنگ و تاریک ہے کہ وہاں پڑھانے کا کوئی معقول انتظام نہیں لہذا وہاں چھ عدد کمرے بنانے کی اشد ضرورت ہے ۔ اس کے علاوہ کوہاٹ شہر میں صرف تین قبل از قیام پاکستان ہائی سکول ہیں جو وہاں کی شہری آبادی کے لئے بالکل ناکافی ہیں لہذا یہاں پر ایک نئے ہائی سکول کی منظوری دیجاوے ۔

جناب والا ۔ چونکہ ہماری آبادی کے ۹۰ فیصد لوگ کاشت کار ہیں لہذا جہاں پر نہروں کا انتظام نہ ہو سکتا ہو ہماری ساری توجہ ٹیوب ویل سکیمز کی طرف ہونی چاہئے ۔ اس بجٹ میں کوہاٹ کے لئے کوئی رقم ٹیوب ویل ۔ ہم کی لئے نہیں رکھی گئی ۔ لہذا میں وزیر زراعت سے استدعا کرونگا کہ موضع لاچی، ٹیری، منڈ وری، گمبٹ، برقہ اور تنگی الگڈا میں ٹیوب ویل سکوم نافذ کی جائے تاکہ لوگ اس سے فائدہ اٹھائیں ۔ اور ملک غلہ پیدا کرنے میں خود کفیل ہو ۔ محکمہ آبپاشی کوہاٹ نے جو مختلف سکیمیں حکومت کو بھیجی ہیں انہیں جلد منظور کر کے عملی جامہ پہنایا جائے ۔ جناب والا اس کے بعد میں ہسپتالوں کے متعلق عرض کرتا ہوں ۔ کوہاٹ میں صرف ایک بڑا ہسپتال ہے جو اس آبادی کے لئے کافی نہیں ہے ۔ وہاں ہر وقت ہزاروں مریض ہوتے ہیں ۔ آپریشن تھیٹر میں سامان بالکل نہیں ہے ۔ لیڈی ڈاکٹر کو ڈیڑھ میل کا راستہ کاٹ کے آنا پڑتا ہے ۔ اس تاخیر سے بسا اوقات ڈلیوری کیسز میں مرگ ہو جاتی ہے ۔ وہاں سامان مہیا کیا جائے ۔ علاوہ ازیں چار ایسی یونین کمیٹیاں ہیں جہاں ایک ایک چھوٹی ڈسپنسری کھول جائے تو حالت کافی سدھر سکتی ہے ۔ شادی پور میں ایک ڈسپنسری بنی ہے لیکن نہ وہاں ڈاکٹر ہے اور نہ کمپونڈر ہے ۔ وہاں پر بھی پورا انتظام کیا جائے ۔ ہنگامی حالات میں جو ڈاکٹر صاحبان بلائے گئے تھے انہیں واپس بھیجا جائے کیونکہ ہسپتال ٹیری، شکردرہ، لاچی، کوہاٹ خالی پڑے ہیں ۔

سڑکوں کے متعلق میں یہ کہوں گا کہ شکردرہ روڈ، ٹیری روڈ، چور لکی روڈ اور ڈھوڈا روڈ ان سڑکوں کی حالت ناگفتہ بہ ہے ۔ بارش کے دنوں میں یہ علاقے ضلع کے صدر مقام سے بالکل الگ تھلگ ہو جاتے ہیں ۔ ان سڑکوں کو پختہ کیا جائے اور اس طرح ضلع کوہاٹ کے ایک قدیم مطالبے کو پورا کیا جائے ۔

اس کے بعد میں جناب عالی سے یہ بھی کہوں گا کہ کوہاٹ کی بڑھتی ہوئی آبادی کو مد نظر رکھتے ہوئے وہاں سیٹلائیٹ ٹاؤن کا ہونا ضروری ہے جس کے لئے ہمارے ڈپٹی کمشنر صاحب سفارش کر چکے ہیں - اور میں یہ ضرور کہوں گا کہ ہمیں حکومت نے ایسا ڈپٹی کمشنر دیا ہے جو ہر طرح سے موزوں اور دیانت دار انسان ہے - اور ضلع کی بہبود کے لئے پوری طرح کوشاں ہے - جناب عالی ضلع کی اضافی بستی کی منظوری جلد دی جائے -

ضلع کوہاٹ کے موضع ٹیری، جٹا، گمبٹ، لاچی میں پینے کے پانی کی سخت کمی ہے اسکی طرف توجہ دینے کی سخت ضرورت ہے - کوہاٹ شہر اور چھاؤنی میں بھی پینے کے پانی کے منصوبہ کو مکمل کیا جائے -

موضع لاچی کو کوہاٹ بذریعہ ریل ملا دیا جائے - اور شکردرہ روڈ کی کالا باغ تک توسیع کی جائے اور اسے جلد از جلد مکمل کیا جائے -

موضع ٹیری کو تحصیل کا درجہ دیا جائے کیونکہ وہاں کی آبادی زیادہ ہے اور ہر لحاظ سے یہ تحصیل ہیڈ کوارٹر بننے کے لائق ہے -

حالیہ جنگ میں کوہاٹ میں بمباری سے تباہ ہونے والے مکانوں کے لئے تین تین سو روپیہ دیا گیا ہے جو بالکل ناکافی ہے - ان لوگوں کو دوبارہ آباد کرنے کے لئے پوری امداد دی جائے - بہتر یہ ہوگا کہ حکومت ان کی طرف پوری توجہ دے - آخر میں میں ایک دفعہ پھر جناب وزیر خزانہ کو مبارک باد پیش کرتا ہوں اور ساتھ ہی امید کرتا ہوں کہ میرے حلقہ نیابت کی معروضات (جو کہ اہم اور اشد ضروری ہیں) کی طرف پوری توجہ کی جاوے گی -

جناب والا - میں آپکی وساطت سے اپنے حلقہ نیابت کی چند معروضات پیش کرنا چاہتا ہوں اور امید کرتا ہوں کہ متعلقہ وزراء صاحبان غور فرما کر عملی قدم اٹھائیں گے -

**سردار محمد ایوب خان** (بہاولپور - ۱) جناب والا - وقت کی کمی کے باعث میرے لئے یہ انتہائی ضروری ہو گیا ہے - کہ میں سب سے پہلے زیر بحث میزانیے میں آئندہ سال بہاولپور ڈویژن کے لئے جو ایلوکیشن کی گئی ہیں - ان کے بارہ میں چند بنیادی گذارشات آپ کی خدمت میں پیش کروں - جناب والا وحدت مغربی پاکستان سے قبل بہاولپور میں ہر سال اڑھائی سے لیکر تین کروڑ روپے سالانہ تک ترقیاتی سکیموں پر خرچ کیا جاتا تھا - وحدت مغربی پاکستان کے بعد یہ ترقیاتی رقومات اس قدر کم ہو گئیں - کہ بہاولپور کے رہنے والوں کو اس کا شدت سے احساس ہوا اور وحدت مغربی پاکستان کے بعد پہلی صوبائی اسمبلی میں بہاولپور کے نمائیندگان نے اپنی اس حق تلفی کا پوری شد و مد سے اظہار کیا مگر شومئی قسمت سے کئی سال تک ہماری یہ صدا بے اثر ثابت ہوئی - سال ۱۹۶۰ء میں ہماری پیہم کوششوں کی وجہ سے صوبائی حکومت نے بالآخر اور خصوصی طور پر جناب گورنر مغربی پاکستان نے اس امر کو تسلیم کیا کہ یہ حقیقت ہے کہ وحدت مغربی پاکستان سے لیکر ۱۹۶۰ء تک بہاولپور کی اس معاملہ میں حق تلفی ہوتی رہی ہے - اس وقت ہم سے یہ وعدہ کیا گیا کہ اس حق تلفی کو جس قدر جلد ہو سکے گا پورا کیا جائے گا - لیکن اس کے بعد بھی کچھ عرصہ تک نتیجہ خاطر خواہ نہ نکلا اسکے متعلق میں نے کئی بار اس ایوان میں اپنے جائز مطالبات کا ذکر کیا ہے ۱۹۶۳-۶۴ سے بہاولپور کے ان حقوق کو تسلیم کرتے ہوئے وہاں کے ترقیاتی پروگرام کے لئے رقومات میں اضافہ کیا گیا ہے - ۱۹۶۲-۶۳ء میں بہاولپور میں کل ۶۳ لاکھ کی ایلوکیشن ہوئی - ۱۹۶۳-۶۴ء میں یہ ایلوکیشن بڑھا کر تین کروڑ ۴۷ لاکھ تک لائی گئی - سال ۱۹۶۴-۶۵ء میں یہ ایلوکیشن ۴ کروڑ ۶۲ لاکھ تک لائی گئی - اور سال ۱۹۶۵-۶۶ء میں یہ پھر کم کر کے ۲ کروڑ ۳۲ لاکھ تک لائی گئی - مگر اس سال ہمارے اصرار پر حکومت نے مزید ۶۰ لاکھ روپیہ یکمشت ترقیاتی کاموں کے لئے ہمیں دیا - مگر گذشتہ سال ہنگامی حالات کی وجہ سے اس رقم سے کوئی فائدہ نہ اٹھایا گیا - جناب والا اس سال کا بجٹ دیکھ کر جہاں ہمیں اور بہلوں سے انتہائی خوشی ہوئی ہے وہاں اس بات کا شدت سے احساس ہوا ہے کہ بہاولپور کے حقوق کو پھر نظر انداز کر دیا گیا ہے اور اس کی ترقیاتی سکیموں کے لئے جو رقم دی گئی ہے - وہ پہلے سے کم کر کے ایک کروڑ ۹۹ لاکھ کر دی گئی ہے -

جناب والا پہلے بھی کئی بار اس کے متعلق عرض کیا چکا ہے ۔ کہ بہاولپور کا بیشتر حصہ کم ترقی یافتہ علاقوں پر مشتمل ہے اور ضرورت اس بات کی تھی کہ و حدت کے بعد جس قدر جلدی ہو سکتا اس کم ترقی یافتہ علاقہ کو باقی ترقی یافتہ علاقوں کے دوش بدوش لا کھڑا کیا جاتا مگر یہ ہماری امید تھی یہ پایہ تکمیل کو نہیں پہنچ سکی ۔ میں گذارش کرونگا کہ حالات یہی رہے تو ہو سکتا ہے یہ تلخی خدا نخواستہ بڑھتی جائے اور اس کا نتیجہ اچھا نہ نکلے میں فنانس منسٹر صاحب کی خدمت میں استدعا کرونگا کہ وہ از راہ کرم اس معاملہ پر دوبارہ غور کریں اور بہاولپور کی جائز ضرورت کو تسلیم کرتے ہوئے ایک معقول رقم بہاولپور کے ترقیاتی کاموں کے لئے مختص کی جائے ۔

جناب والا چند ایک اور گزارشات مجھے پیش کرنی ہیں ۔ بہاول پور کے متعلق اگر قرطاس ابیض میں دیکھا جائے تو اس کے صفحہ ۷۹ کو ملاحظہ کرنے سے پتہ چلے گا کہ سال رواں یعنی ۱۹۶۵-۶۶ء میں سالانہ ترقیاتی پروگرام کے لئے ۱۴۰ کروڑ روپیے کی رقم مختص کی گئی تھی اور اس میں سے بہاول پور کو ۲ کروڑ ۲۳ لاکھ روپے دیئے گئے تھے آنے والے سال میں سالانہ ترقیاتی پروگرام میں ۱۸۰ کروڑ اور ۳۷ لاکھ کی رقم مختص کی گئی ہے مگر دوسرے علاقوں کی نسبت بہاول پور کو بہت کم رقم ملی ہے ۔ ۱ کروڑ ۸۹ لاکھ کی allocation میں زیادہ رقم ان سکیموں کے لئے مختص کی گئی ہے جو original سکیمیں ہیں ۔ اور نئی سکیموں کے لئے شاید چند لاکھ سے زائد رقم نہیں دی گئی ہے ۔

جناب والا انڈسٹری کے لئے ۳۷ نئی سکیموں میں سے بہاولپور کے لئے صرف ۵۰ ہزار روپیہ کی ایک معمولی سی رقم مختص کی گئی ہے ۔ انڈسٹری کے بارے میں اس معزز ایوان میں ہم بار ہا اپنی گزارشات پیش کر چکے ہیں کہ بہاول پور ضلع اور خصوصی طور پر بہاول پور شہر کو زندہ رکھنے کے لئے وہاں پر ایک بھاری انڈسٹری کا قیام بڑا ضروری ہے ۔ کچھ ایسا وہاں کوئی انتظام ہو سکے تو بہت مناسب ہوگا ۔ بہاول پور کے شہر کی اپنی حالت یہ ہے کہ وہاں کے لوگ اس قدر متمول نہیں ہے کہ وہ از خود کوئی انڈسٹری کا قیام کر سکیں اس کے متعلق حکومت

کو توجہ دلائی گئی تھی اور کہا گیا تھا کہ کم سے کم پی-آئی-ڈی-سی کی اس طرف توجہ دلائی جائے اور وہ بہاول پور میں ایک ٹیکسٹائل مل کا اجرا کرے تاکہ وہاں کی حالت اچھی ہو سکے ۔ کچھ عرصہ سے مجھے معلوم ہوا ہے کہ بہاول پور میں ٹیکسٹائل مل کھلنے لائسنس جاری ہو چکا ہے مگر اس کے متعلق ابھی تک کوئی اقدامات ایسے نہیں کئے جا رہے ہیں جس سے ہماری تسلی و تشفی ہو کہ وہاں ٹیکسٹائل مل کا قیام عمل میں آ جائیگا ۔

جناب والا اس طرح محکمہ صحت میں ۴۵ نئی سکیموں میں بہاول پور کھلئے صرف ۶ ہزار روپیہ مختص کیا گیا ہے اور اس ۶ ہزار روپیہ سے بہاول پور ہسپتال کے لئے ایک ایئر کنڈیشنر لیا جائیگا ۔

جناب والا مواصلات کے ضمن میں ۲۱ نئی سکیموں میں سے بہاول پور میں ایک نئی سکیم بھی نہیں ہے ۔ اس کا مطلب کیا یہ ہوا کہ بہاول پور کو سڑکوں کی ضرورت نہیں ہے ؟ کیا بہاول پور کو ہسپتالوں کی ضرورت نہیں ہے ؟ کیا بہاولپور کو ترقیاتی کاموں کی ضرورت نہیں ہے ؟ کیا بہاول پور اس قدر ترقی یافتہ ہو گیا ہے کہ محض چند لاکھ روپیہ دینے سے اس کا کام پورا ہو جائے گا ۔ میری یہ چند گزارشات ہیں اور میں توقع رکھتا ہوں کہ فاضل وزیر مالیات پوری توجہ سے ہماری یہ تکلیف رفع کریں گے ۔

**Mr. Speaker :** Mr. Muhammad Akbar Kanjoo.

**Minister of Revenue :** With your permission, Sir, I want to say that while the Opposition Members were making their speeches, we tried to be present here to listen to them so that we may be in a position to reply to their criticism. Now you must have noticed, Sir, that after this Morning Session when we decided that we should assemble this evening, all the Opposition Members and Members of the independent party also, except one, Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak, who has just now arrived, are absent.

**Mr. Speaker :** Sahibzada Noor Hassan is present.

**Minister of Basic Democracies :** He had to take his turn, Sir, that is why he is present.

**Minister of Revenue :** Sir, it cannot be a mere coincidence, I suspect that there is probably some sort of plan on the part of the Opposition Members to absent themselves *in toto*. I think Sir even courtesy demands that they should be present here on they should listen to the replies which

are being given from this side of the House. Particularly the Ministers will be replying to the criticism on the points, which had been raised during the discussion. It is simply a matter of courtesy and I suggest you should call them in, if they are present in the lobby. I would request them to come inside the House and listen to the replies to be given by the Ministers. I request and appeal to them.

**Mr. Speaker :** I quite agree with the learned leader of the House that the Opposition Members should be present in the House when they suppose and when they demand that when they are making the speeches, the Ministers should be present in the House. After all courtesy demands that when the Ministers address the House, they should be present so that they may listen to the speeches of the Ministers. Will Shahibzada Noor Hassan please contact them and ask them to come inside the House?

(*Sahibzada Noor Hassan went out of the House to contact members of the Opposition*).

**مسٹر محمد اکبر خان کانجو** (رحیم یار خان ۴)—

(شعر)

امیر جمع ہیں احباب درد دل کہہ لے
پھر التفات دل دوستاں رہے نہ رہے

جناب سپیکر سب سے پہلے میں وزیر خزانہ صاحب کو ایسے ہنگامی حالات میں نئے ٹیکس لگائے بغیر متوازن بجٹ پیش کرنے پر ہدیہ تحریک پیش کرتا ہوں ۔ (ہیئر—ہیئر)

جناب والا ۱۹۶۶—۶۷ کے بجٹ میں ترقیاتی پروگرام کے لئے کثیر رقم رکھی گئی ہے ۔ صوبائی سکیموں وغیرہ کو نکال کر باقی تقریباً ۱۰۰ کروڑ روپیہ علاقائی ترقیاتی سکیموں پر خرچ کیا جائے گا اس لئے اس بجٹ کو ترقیاتی بجٹ کہا گیا ہے ۔ میں اس بجٹ کو ترقیاتی سفارشی بجٹ کہوں گا ۔ جناب والا اس کثیر رقم سے بہاول پور کے حصہ میں تقریبا ۲ کروڑ روپیہ آیا ہے ۔ شیخ صاحب !

آپ ہی اپنی جفاؤں پہ ذرا غور کریں
ہم اگر عرض کریں گے تو شکایت ہوگی

وزیر خزانہ صاحب نے اس معزز ایوان میں اعلان فرمایا تھا کہ واقعی بہاول پور کے ساتھ ناانصافی ہوتی رہی ہے اور یہ بھی اعلان فرمایا تھا کہ گزشتہ نا انصافیوں کا آئندہ ازالہ کیا جائے گا ۔ گزشتہ

سال ۳ کروڑ روپیہ دیئے گئے جو ہنگامی حالات کی وجہ سے خوچ نہیں ہوئے ہیں - اب چاہئیے تو یہ تھا کہ اس سال مزید اضافہ کیا جاتا لیکن ۱ کروڑ روپیہ کم کر دیا گیا ہے - بہاول پور کے ساتھ صرف یہی نہیں ہوا بلکہ اکثر معاملات میں نا انصافیاں برتی جاتی ہیں - ملازمتوں میں ہمارے ساتھ امتیازی برتاؤ کیا جاتا ہے - صنعت کے متعلق عرض ہے کہ ہمارے علاقے میں صنعت کی اشد ضرورت ہے - صادق آباد میں وہاں کے لوکل زمینداروں نے ٹیکسٹائل مل کیلئے درخواستیں دی تھی مگر افسوس ہے کہ ان کو نظر انداز کیا گیا ہے اور ایک ایسے آدمی کو ٹیکسٹائل مل لگانے کی اجازت دی گئی ہے جو ہمارے بہاول پور سے تعلق نہیں رکھتا ہے - اگر آپ مجھے معاف کریں تو میں یہ کہوں گا کہ اس کو محض صوبائی حکومت کے بہت بڑے افسر کا رشتہ دار ہونے کی بنا پر ٹیکسٹائل مل لگانے کا لائسنس دیا گیا ہے - حالانکہ تحصیل صادق آباد کے زمینداروں نے بھی ٹیکسٹائل مل لگانے کے لئے درخواستیں دے رکھی تھی- اور اسی طرح ہم اہل رحیم یار خان صادق آباد میں ایک شوگر مل لگانا چاہتے ہیں - اور جہانتک مجھے معلوم ہوا ہے - یہ شوگر مل بھی وہی بڑا افسر اپنے نام پر لینا چاہتا ہے - (آوازیں - آپ نام لے لیں)

**مسٹر محمد اکبر خان کلہو** :جناب والا ! اجازت ہے -

**مسٹر سپیکر** :آپ کو نام لینے کی ضرورت نہیں ہے -

**مسٹر محمد اکبر خان کلہو**: بہت اچھا جناب - بہر حال سمجھنے والے سمجھ رہے ہوں گے - (قطع کلامی) ٹیکسٹائل مل کا لائیسنس جس شخص کو دیا گیا ہے - وہ کوآپریٹو بنک کا منیجر ہے - جسکی تقریباً پانچ سو روپے تنخواہ ہوتی ہے -

**وزیر مال** :جناب سپیکر - بہتر ہو گا کہ وہ نام لے لیں - کیونکہ انہوں نے کہا ہے کہ سمجھنے والے سمجھ رہے ہوں گے تاکہ اگر کوئی اسکی تردید کرنا چاہے تو وہ اسکی تردید کرے -

**مسٹر سپیکر** :خان صاحب - اگر آپ چاہتے ہیں - کہ وہ نام ضرور لیں - تو میں بھی ان سے یہی کہونگا کہ وہ نام ضرور لیں- لیکن ویسے پارلیمانی طریقہ یہی ہے - کہ ایوان میں نام نہ لیا جائے - کیونکہ خان صاحب چاہتے ہیں اسلئے نام ضرور لیا جائے -

**مسٹر محمد اکبر خان کانجو:** وہ سابقہ سیکرٹری صنعت اور موجودہ WPIDC کے چیئرمین محمد عاشق خان مزاری ہیں ۔

**Finance Minister** : Sir, to my personal knowledge he has no brother at all and he is the only child of his parents.

**مسٹر محمد اکبر خان کانجو**—میں نے بھائی نہیں کہا ہے ۔ اس کا ایک رشتہ دار افتخار احمد ہے ۔ جو کہ ملتان کوآپریٹو بنک کا منیجر ہے ۔ آپ اسکی تحقیقات کریں ۔ میں تو نام بتا رہا ہوں ۔ اسکے علاوہ بھی نہیں ۔ اس بڑے افسر کو خوش کرنے کے بیس پچیس میل لمبی بجلی کی لائین اسکی بستی تک لے گئے ہیں ۔ جس پر تین لاکھ روپے خرچ ہوئے ہیں اور دوسری طرف یہ ہے ۔ کہ زراعت کو فروغ دینے کے لئے انہوں نے ٹیوب ویل لگانے کے لئے درخواستیں دی ہیں ۔ اس پر خرچ نہیں کیا جاتا ۔ میں مثال کے طور پر اپنے علاقے کے متعلق عرض کرونگا ۔ کہ میں نے میرے بھائیوں اور ہمسایوں نے تیرہ درخواستیں ٹیوب ویل کے لئے دی ہیں ۔ جن پر کلیتاً ستر ہزار روپے خرچ آتا ہے ۔ لیکن ڈیڑھ دو برس ہو گئے ہیں ۔ لیکن کوئی بھی ہماری بات نہیں سنتا اور ایک وہ ہیں کہ جنکی بستی دریا کے کنارے واقع ہے ۔ وہاں تک بیس پچیس میل لمبے فاصلے تک بجلی کے کھمبے اور تاریں لے جائی گئی ہیں ۔ جس پر تین لاکھ روپے خرچ آیا ہے ۔ اسی طرح سڑکوں کی حالت یہ ہے ۔ کہ میرے حلقہ نیابت کے لئے تین لاکھ روپیہ پچھلے کئی سال اس سلسلے میں منظور ہوا تھا حالانکہ وہ بڑی اہم سڑک تھی ۔ لیکن اس سڑک کو غیر اہم قرار دیا گیا ۔ کیونکہ اسی افسر کی بستی تک چھ لاکھ روپے خرچ کرکے پکی سڑک بنائی تھی اور ہماری اس سکیم کو معطل کرکے اس افسر کی بستی تک سڑک بنا کر دی ہے ۔ حالانکہ وہ ڈیرہ غازی خان میں رہتا ہے اور اس کا ہمارے ضلع سے کوئی تعلق نہیں ہے ۔ اس طرح آپ پانی کو لیجئے ۔ ہماری نہر کو جس وقت ڈیزائن کیا گیا تھا ۔ کہ وہ اتنے بڑے ضلع کو سیراب کریگی ۔ اب ہمارا ضلع کافی بڑا ہو گیا ہے ۔ ہمارا اپنا پانی کم ہے ہماری اپنی زمینوں کو تو پانی نہیں دیا جاتا ۔ لیکن اس افسر کی دریائی زمین کو پانی دیا جاتا ہے اور حالانکہ وہ دریائی یونٹ ہے ۔ وہ آبیانہ بھی دریائی بھرتے ہیں ۔

جناب والا ہمارے رحیم یار خان کے مسائل میں ایک مسئلہ یہ بھی ہے ۔ کہ وہاں پر گرلز کالج نہیں ہے اور نہ ہی رحیم یار خان

ہے سو سو میل کے فاصلے تک کوئی گرلز کالج ہے اس لئے میں وزیر تعلیم ہے مودبانہ التماس کرونگا ۔ کہ وہاں کے لئے ایک گرلز کالج کی منظوری عطا فرمائیں ۔

جناب والا اسکے بعد میں سیم اور تھور کے بارے میں بھی کچھ عرض کرونگا ۔ میں چار سال سے اس معزز ایوان کا ممبر چلا آ رہا ہوں اور میں پچھلے چار سال سے چیخ رہا ہوں ۔ اور اپنی حکومت کو متوجہ کر رہا ہوں ۔ کہ رحیم یار خان کا زرخیز علاقہ سیم اور تھور کی زد میں آ رہا ہے ۔ اور لاکھوں ایکڑ کے لہلہاتے کھیت سیم اور تھور کی زد میں آ کر برباد ہو رہے ہیں ۔ لیکن مجھے افسوس ہے کہ واپڈا نے اس سال جو سکیمیں سیم اور تھور کے انسداد کے لئے منظور کی ہیں ۔ تو اس میں بھی رحیم یارخان کا نام نہیں ہے ۔

ے سبب آگئے ہیں کچھ آنسو ۔ میری آنکھوں کا اعتبار نہ کر

جناب والا ۔ وزیر خزانہ کہتے ہیں ۔ کہ ہم نے کوئی نیا ٹیکس نہیں لگایا ہے ۔ مگر ذرا آپ یہ بھی ملاحظہ فرمائیں ۔ کہ حکومت ساڑھے چودہ روپے من گندم خریدے گی اور سوا سترہ روپے من کے حساب سے بیچے گی ۔ تو اسطرح سے کیا یہ پونے تین روپے من ٹیکس گندم پر نہیں لگایا گیا ۔ اسکا بوجھ امیر پر تو نہیں پڑتا ۔ وہ تو بیس روپے من کے حساب سے بھی خریدے گا ۔ یہ بوجھ تو اس غریب پر پڑیگا ۔ جسکی یومیہ آمدنی دو روپے یا اس سے بھی کم ہے ۔ یہ منافع حکومت کیوں کمائے ۔ گندم انسان کی ایک اہم ضرورت ہے ۔ اسکی ضرورت امیر اور غریب دونوں کو ہی ہوتی ہے ۔ آپ کو کیا حق ہے ۔ کہ آپ گندم پر اس طرح سے ٹیکس لگا کر پونے تین روپے فی من منافع کمائیں ۔

شراب خوری کے متعلق وزیر خزانہ صاحب فرماتے ہیں ۔ کہ شراب خوری بند کر دی گئی ہے ۔ اور اب شراب بہت کم ہو گئی ہے میں کہتا ہوں کہ شراب خوری میں اضافہ ہوا ہے ۔ بات صرف یہ ہوئی ہے ۔ کہ شراب کی قیمتیں بڑھا دی گئی ہیں اور اوکل شراب جو کیکر کی چھال اور گڑ سے بنائی جاتی ہے ۔ وہ ڈرموں کے ڈرم بن رہی ہے ۔ آپ نے قانون بنا دیا ہے کہ شراب پینا جرم ہے آپ میرے ساتھ اس شہر میں چلئے اور چل کر دیکھیں کہ

بڑے ہوٹلوں میں بغیر لائسنس اور بغیر پرمٹ کے شراب پی جاتی ہے۔ اور علی الاعلان پی جاتی ہے۔ آپ قانون کیوں بناتے ہیں۔ آپ قانون کا احترام کریں۔ آپ اتنی بڑی بڑی سزائیں نہ دیں۔ آپ سزاؤں کو بیشک کم کریں اور پھر دیکھیں کہ اس پر پابندی ہوتی ہے یا نہیں اس طرح سے آپ نے بدکاری کے متعلق بھی قانون بنایا ہے۔ لیکن بدکاری پر بھی اسکا کوئی اثر نہیں ہوا۔ کیونکہ آپ اسکے انسداد کے لئے قانون کو نہیں برت رہے ہیں۔ اگر اس مضبوط حکومت نے بھی ان برائیوں کو نہ روکا تو پھر اس ملک کا خدا ہی حافظ ہے۔ بے حیائی اور عریانی بڑھ رہی ہے۔ موجودہ حکومت نے زنانہ سکولوں اور کالجوں میں ناچ اور گانوں پر جو پابندی عائد کی ہے۔ میں اسکی تعریف کرتا ہوں۔ اور انکے اس اقدام کو سراہتا ہوں۔ جناب والا۔ آپ چوری کی واردات کو دیکھیں۔ بلکہ آجکل تو چوری بھی سینہ زوری ہوگئی ہے۔ آپ دیکھیں کہ انارکلی جیسے پر رونق بازار میں کس طرح عورتوں سے پرس چھینے جاتے ہیں اور کوئی ان کو پوچھتا تک نہیں۔

**مسٹر سپیکر:** آپ تشریف رکھیں۔

**چودھری منظور حسین** (شیخوپورہ۔ ۲)۔جناب والا! جن حالات میں سے ہمارا ملک گذرا اور گذر رہا ہے۔ اس کے پیش نظر خیال تھا کہ جناب وزیر خزانہ صاحب ضرور ہی کوئی نیا ٹیکس عائد کریں گے۔ لیکن بجٹ دیکھ کر عوام کے دلوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔ کیونکہ اب سے چند روز قبل مرکزی حکومت کے بجٹ میں چند ایک نئے ٹیکس عائد کئے گئے تھے اور مشرقی پاکستان کی حکومت نے بھی نئے ٹیکس عائد کئے تھے۔ اسلئے عوام کا خیال تھا کہ ان پر بھی ٹیکس کا مزید بوجھ ڈالا جائیگا۔

جناب سپیکر۔ ہمارا ملک ایک زرعی ملک ہے اور یہ ملک اس وقت تک ترقی نہیں کر سکتا۔ جس وقت تک ہم زراعت کی طرف پوری توجہ نہ دیں اور جب سے پاکستان معرض وجود میں آیا ہے۔ ہمارے حکمران اپنی زیادہ تر توجہ انڈسٹریز کی طرف دیتے رہے۔ اگر وہ زراعت پر زیادہ توجہ دیتے۔ تو آج پاکستان غلہ برآمد کرتا۔ درآمد نہ کرتا۔ میں حکومت کی توجہ خاص طور پر زراعت ہی کی طرف دلانا چاہتا ہوں۔ کیونکہ جب میرے ایک فاضل

دوسرے ڈاکٹر سلطان احمد چیمہ نے اپنی تقریر میں سوائے ڈاکٹروں کے مسائل کے اور کوئی بات نہیں کی ۔ تو میں نے ان سے پوچھا ۔ کہ کیا آپ کے پاس اور کوئی بات کہنے کے لئے نہ تھی ۔ جو آپ ڈاکٹروں ہی کی بات کرتے رہے ۔ تو انہوں نے جواب میں فرمایا کہ چونکہ وہ ڈاکٹر ہیں اس لئے یہ ان کا فرض تھا ۔ کہ وہ ڈاکٹروں کے متعلق ہی گفتگو کرتے ۔ اس لئے میں بھی چاہتا ہوں ۔ کہ اگر حکومت خوراک کے معاملے میں خود کفیل ہو جائے ۔ تو ہمارے بہت سے مسائل حل ہو جائینگے ۔ گذشتہ جنگ کے دوران میں جب ہندوستان کو خوراک کا مسئلہ در پیش تھا ۔ تو ہمارے ملک میں اس وقت بھی خوراک کی کمی نہ تھی ۔ خوراک کے متعلق میں چند ایک تجاویز اس معزز ایوان کی خدمت میں پیش کرنا چاہتا ہوں ۔ ہمارا ضلع جو پہلے سیم اور تھور کی وجہ سے تباہ حال تھا ۔ اب وہاں ٹیوب ویل لگانے کی وجہ سے یہ تمام ضلع سرسبز اور شاداب اور زر خیز ہو گیا ہے ۔ اور میں اس کے لئے جناب گورنر مغربی پاکستان کا اپنے ضلع کے عوام کی طرف سے شکریہ ادا کرتا ہوں کہ یہ انتہائی خوشی کا مقام ہے ۔ کہ ہمارے ضلع میں ایک زرعی فارم میں پچاس من فی ایکڑ کے حساب سے گندم پیدا ہوئی ہے ۔ لیکن چونکہ ابھی تک زراعت کی طرف پوری توجہ نہیں دی جا رہی ہے جو زمینداران اپنے ٹریکٹر خریدتے ہیں ان کے لئے وہاں پر کوئی ورکشاپ موجود نہیں ہے ۔ اور اس لئے اگر ان کا کوئی معمولی سا پرزہ بھی خراب ہو جائے ۔ تو زمینداروں کے ٹریکٹر ناکارہ ہو جاتے ہیں ۔ اسی طرح ان کے لئے مصنوعی کھاد بہت ضروری ہے ۔ پچھلے سال اسکو سستا کر دیا گیا تھا لیکن اس سال پھر قیمت بڑھا دی گئی ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ حکومت کو کھاد اس سے بھی سستی کرنی چاہئیے تاکہ زمیندار اسے زیادہ سے زیادہ استعمال کر سکیں ۔ اس کے علاوہ حکومت کو یہ انتظام کرنا چاہئیے کہ bull-dozer اور tractor ایسے چھوٹے زمینداروں کو کرایہ پر دے جو انہیں اپنی جیب سے نہیں خرید سکتے ۔

اس کے علاوہ میں وزیر تعلیم جناب ملک صاحب کی خدمت میں اپنی ایک پرانی گزارش دھرانا چاہتا ہوں جناب ملک صاحب جب شیخوپورہ تشریف لے گئے تھے تو میں نے گزارش کی تھی کہ شاید تمام مغربی پاکستان میں سوائے شیخوپورہ

کے کوئی ایسا ضلع نہیں جہاں لڑکیوں کے لئے کالج نہ ہو ۔ اگر آج ہم یہ کہیں کہ شیخوپورہ ایک پسماندہ ضلع ہے ۔ تو شاید وہ نہیں مانیں گے کیونکہ وہ لاہور کے نزدیک ہے لیکن وہاں پر لڑکیوں کے لئے کوئی کالج نہیں ہے اور عوام کو بڑی تکلیف ہے ۔ ملک صاحب سے پہلے بھی میں نے عرض کی تھی کہ وہاں پر انٹر اور ڈگری کالج کی علیحدہ علیحدہ بلڈنگ بنی ہوئی ہے ۔ اگر ان کو ایک جگہ پر اکٹھا کر دیں تو بغیر کسی خرچ کے حکومت وہاں لڑکیوں کا کالج چلا سکتی ہے اس کے علاوہ یہ گذارش بھی کرنا چاہتا ہوں کہ ضلع شیخوپورہ میں لڑکیوں کے لئے صرف ایک سکول ہے جس میں اسوقت چھبیس سیکشن ہیں اور کمروں کی تعداد صرف چودہ ہے ۔ باقی بارہ سیکشن دھوپ میں یا درختوں کے سایہ میں بیٹھ کر تعلیم حاصل کرتے ہیں ۔ ہوسٹل بن چکا ہے لیکن boundary wall نہیں ہے ۔ جب تک boundary wall نہ ہو لڑکیوں کے لئے وہاں رہنا نا ممکن ہے ۔

جناب والا ۔ ہمارے ضلع میں اور اکثر اضلاع میں منڈیوں میں مارکیٹ کمیٹیاں بنی ہوئی ہیں ۔ میں وزیر زراعت کی توجہ اس طرف دلانا چاہتا ہوں ۔ کہ مارکیٹ کمیٹیوں کے پاس بہت سے فنڈز جمع ہیں اور کئی سالوں سے وہ فنڈ جمع ہیں ۔ اور مارکیٹ کمیٹیاں انہیں کسی طریقے سے بھی خرچ نہیں کر رہیں ۔ فنڈز ہر سال جمع ہوتے جا رہے ہیں ۔ میں وزیر صاحب کی خدمت میں گذارش کروں گا کہ وہ خاص منصوبے بنائیں تاکہ جتنے فنڈز جمع ہیں وہ زمینداروں کی بہبود کے لئے خرچ کئے جا سکیں ۔

**Mr. Speaker:** The Member may please take his seat now. Mr. Abdul Qayyum.

**مسٹر عبدالقیوم** (کراچی ۲) : جناب سپیکر ۔ اگرچہ میں نے اپنا نام پرسوں سویرے دیا تھا لیکن اتفاق سے میری باری اس وقت آئی ہے جبکہ ہم بجٹ کے اختتام کے قریب پہنچ چکے ہیں ۔

**مسٹر سپیکر** ۔ میرے خیال میں آپ کی باری اس سے بھی بعد آنی چاہئے تھی ۔

**مسٹر عبدالقیوم** : وزراء صاحبان بھی notes لے لے کر تھک چکے ہیں - بہر حال میں دو تین گذارشات آپکے سامنے پیش کرنا چاہتا ہوں - امید ہے کہ ان پر کچھ نہ کچھ توجہ دی جائے گی -

جناب والا - اس ایوان میں تعلیم پر کافی زور دیا گیا ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ میرے نزدیک بھی تعلیم کا مسئلہ بہت اہم ہے - جس ملک میں تقریباً پچاسی فیصدی آبادی جاہل ہو، وہاں ترقی کی زیادہ امید نہیں کی جا سکتی - کئی مرتبہ ہم نے سنا ہے کہ چین نے اگرچہ آزادی ہمارے بعد حاصل کی تھی مگر پھر بھی اس ملک نے بڑی حیرت انگیز ترقی کی ہے - جہاں تک میں نے مطالعہ کیا ہے اسکی سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ وہاں تعلیم عام ہے - جو میزانیہ اس وقت ہمارے سامنے ہے اس میں تعلیم کے لئے چالیس کروڑ روپیہ کی رقم مختص کی گئی ہے - اس صوبہ کی آبادی پانچ کروڑ ہے اور میرے اندازے کے مطابق ایک کروڑ بچے ایسے ہیں جو سکول جا رہے ہیں - اس حساب سے چالیس روپیہ فی کس تعلیم کے لئے متعین کئے گئے ہیں - یہ رقم مشکل سے روزانہ اخراجات کے لئے کافی ہو سکتی ہے - اور تعلیم کے لئے مزید سہولتیں مشکل سے پوری ہو سکتی ہیں - جناب والا - میرے ذہن میں ایک تجویز ہے اور وہ یہ ہے کہ تعلیم کی ضرورت اتنی اہم ضرورت ہے کہ اس کو ہنگامی مہم چلا کر پورا کرنا چاہئے - میری تجویز یہ ہے کہ صوبائی حلقوں کی بناء پر ہر حلقہ میں تعلیم کے لئے ایک کمیٹی کی تشکیل کی جائے جس کے سربراہ وہاں کے صوبائی اسمبلی کے معزز رکن ہوں - تعلیم کا عملہ اور انتظامیہ کا عملہ اس کمیٹی میں شریک کیا جائے - اس حلقہ میں تعلیم کی ضروریات کا جائزہ لیا جائے اور جائزہ لیتے وقت جو نجی سکول ہوتے ہیں اور جن کو تجارتی طریق سے چلایا جاتا ہے ان کو بھی تحویل میں لیا جائے - اس کے علاوہ یونین کمیٹیوں کے سکول اور گورنمنٹ کے سکول جو ہیں، ان سب کو شمار کرکے تعلیم کی ضروریات کا اندازہ لگایا جائے کہ بجٹ سے جو رقم

فراہم ہوئی ہے اس کو پیش نظر ، رکھ کر اور کتنی رقم کی ضرورت ہوگی - پھر وہ کمیٹی اپنی مدد آپ ، کے اصول پر ایک منصوبہ بنائے کہ کم از کم کتنے عرصے میں ، دو یا تین سال کے عرصے میں ان تعلیمی ضروریات کو پورا کیا جائے - ہر حلقہ میں ، ہر جگہ پر مخیر حضرات بھی موجود ہوتے ہیں - وہاں coss بھی لگایا جا سکتا ہے - میں وزیر تعلیم کی خدمت میں عرض کروں گا کہ اس طریقے سے وہ اس قسم کا کوئی منصوبہ بنائیں تاکہ اس ملک کی ایک اشد ضرورت پوری ہو سکے -

جناب والا - کراچی کے مسائل کے متعلق اور K. D. A. کے متعلق کراچی کے کچھ ممبران نے بڑی کڑی تنقیدیں کی ہیں - مجھے بھی ان سے کسی حد تک اتفاق ہے کہ رشوت بھی ہے کچھ نظم و نسق کی خرابی بھی ہے اور کچھ کوتاہیاں بھی ہوئی ہیں - لیکن مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ کسی ایک ممبر نے بھی اس مسئلہ کا صحیح حل نہیں بتایا - چونکہ میری قوم ان مسائل کی بہت زیادہ شکار ہے اور چونکہ میری constituency ایسی ہے جس میں بہت سی ایسی نئی آبادیاں ہیں جن کے مسائل بہت زیادہ ہیں اس لئے مجھے K. D. A. کے سربراہ، چیئرمین اور ڈائریکٹر جنرل سے اکثر تبادلہ خیالات کرنے کا موقع ملتا ہے - میرے خیال میں اس سے کسی کو انکار نہیں ہو سکتا کہ چیئرمین اور ڈائریکٹر جنرل بڑے دیانتدار - محنتی اور فرض شناس افسر ہیں اور ہمیشہ مسئلے حل کرنے کی کوشش کرتے رہتے ہیں لیکن ان کے ساتھ تبادلہ خیالات کرنے سے میں اس نتیجے پر پہنچا ہوں کہ ان کی اپنی مجبوریاں ہیں - پانی کو لیجئے - پانی کے لئے کراچی میں اس سال ساٹھ لاکھ کی رقم رکھی گئی ہے - میرے اندازے کے مطابق چالیس فیصدی آبادی ایسی ہے جسے پانی کی ضرورت ہے - ساٹھ لاکھ کی سکیم سے یہ ضرورت پوری نہیں ہوتی - میں وزیر خزانہ سے درخواست کروں گا کہ اگرچہ گیارہ کروڑ کی allocation جو کراچی کے لئے کی گئی ہے ، وہ کافی ہے لیکن ساٹھ لاکھ روپیہ جو پانی کے لئے مختص کیا گیا ہے ، وہ بہت کم ہے -

اسی طرح سے آباد کاری کے متعلق شکایت کی گئی ہے - جناب والا - وہاں پر کافی نئی بستیاں بنائی گئی ہیں -

نارتھ کراچی لیجئے یا کورنگی لیجئے - لیکن پھر بھی ضرورت بہت کافی ہے - اس میں بھی افسروں کی مجبوری ہے کیونکہ وہاں پر اتنی allocation نہیں ہے - اتنے funds نہیں ہیں -

جناب والا - رشوت کے متعلق میں عرض کروں گا کہ ایک مرتبہ اپنے علاقہ میں مجھے ایک جلسہ عام سے خطاب کرنے کا اتفاق ہوا وہاں کے لوگوں نے شکایت کی کہ ہمارے KDA کے افسر کلرک اور دوسرے افراد ایسے ہیں کہ کچھ روپے لیکر ناجائز طریقہ پر لوگوں کو آباد کرتے ہیں - جب KDA کے بڑے افسر سے شکایت کی تو انہوں نے کہا کہ اس کام پر جو آدمی مقرر کیا ہے - اس کو ۵۰، روپیہ ماہوار تنخواہ ملتی ہے - اتنے کم تنخواہ دار کو بہت اہم کام دیا گیا ہے کیونکہ زیادہ تنخواہ کی گنجائش نہیں اگر وزیر خزانہ زیادہ رقم منظور کر دیں تو توقع ہے - کہ معقول تنخواہ والا آدمی رکھنے سے یہ شکایت جاتی رہے گی - کیونکہ وہ ذمہ داری سے کام کریں گے - بہر حال انہوں نے مناسب انکوائری کا یقین دلایا - ان وجوہات کے پیش نظر ضروری ہے - کہ ہم محکمہ کی دشواریوں کی طرف توجہ دیں -

اس کے علاوہ ایک اور شکایت ہے وہ یہ کہ کراچی میں جھگیاں بہت زیادہ ہیں - رہائش کا کوئی معقول انتظام نہیں اس لئے ان کی تکالیف کو بھی دور کرنے کی کوشش کی جائے - جھگیوں کی تکالیف دور کرنے کے سلسلہ میں کافی عرصہ سے متواتر کوشش جاری ہے لیکن فنڈز کی کمی ہے اور تکالیف دور نہیں ہو سکیں -

نیز میری constituency میں جو لوگ آباد کئے گئے ہیں ان کو ابھی تک مالکانہ حقوق نہیں دیئے گئے - اس سلسلہ میں میں نے وزیر بلدیات سے مختصراً ذکر کیا تھا - میں ایک تجویز بھی لایا ہوں جو میں ان کی خدمت میں پیش کر دوں گا - وہ یہ ہے کہ میرے علاقہ کے جن لوگوں کو ۲۰ سال کے عرصہ کے لئے قسطوں پر مکانات دئے گئے

ہیں ۔ اگر وہ یکمشت رقم ادا کر دیں ، تو کیا وزیر صاحب اس بات پر تیار ہوں گے کہ ان کے مکانات کی قیمت کو نظر ثانی کر کے ان میں مناسب کمی کریں ۔

اس کے بعد کراچی بلدیہ کے متعلق بھی ذکر کروں گا ۔ مجھ سے پہلے کراچی کے ممبران اس کا ذکر کر چکے ہیں وہ یہ کہ اب جو پانی کا انتظام KDA کو دیا جا رہا ہے بہتر یہ ہے کہ بلدیہ کے ہاتھوں میں ہی رہے ۔ وہ ایک جمہوری ادارہ ہے اور پانی کا عوام کی ضروریات سے تعلق ہے اگر بلدیہ سے لے لیا گیا تو کافی خرابیاں پیدا ہو جانے کا امکان ہے ۔

**Rana Chander Singh :** (Tharparkar II): Sir, thank you very much for giving me an opportunity to take part in the discussion on the General Budget. Mr. Speaker I congratulate the Hon'ble the Finance Minister and those Officers and experts who took part in its framing. Sir, this Budget is not a usual routine Budget but an historical Budget. (applause) Why I call it an historical Budget? Because it is a Budget which was prepared during a very critical period, the events during the emergency that this country has passed through, yet this Budget is tax-free and well-balanced. Sir, I would even suggest through you, that a line be written in the History of Pakistan.

*"that West Pakistan Budget after War was tax-free".*

Sir, though I am not an expert to point out that this item should be adjusted here or there or such item is less or more. As, you know, many of my colleagues on both sides have made suggestions in this regard. When, I say, I am not an expert and still praise the Budget as a whole, not merely being tax-free or well-balanced but of its framing during critical times. The question would arise, what were those events? In one word I would describe. 'war'. The question would arise again: 'war with whom" --war with a neighbour who is bigger in size, larger in army and bolder in suppressing the will of those who fight for self-determination. Such a secular state forced war on West Pakistan. On the other side a country which is shorter in size, smaller in army but bolder in supporting those who fight for self determination.

Sir, if a country having the idea to bring about and force war on neighbours and still call itself a secular state it is for the people of the universe to judge and not for merely Pakistanis. If a nation or a country which could fight for its honour and integrity till the last man, whether a soldier or civilian, and then call her a religious state Mr. Speaker I have the honour to congratulate Pakistan.

Lastly I also feel it my duty to congratulate Malik Amir Mohammad Khan, the Governor of West Pakistan, under whose guidance the Finance Minister and his experts gave this tax-free and well-balanced budget to this Province.

Sir, It is also my duty to bring to the notice of the Finance Minister and other hon'ble Ministers the difficulties and grievances of those whom I represent. Sir, as the time is very short, I would take up one problem facing my constituency, and that is of irrigation. Umar Kot Sub-Division, newly

created, has got its full supply of 2,300 cusecs and against that for over about eight years, we are receiving less than 1,300 cusecs every season. It has never gone more than 1,300 cusecs, with the result that seasonal water rotation are enforced and continuously for eight years, two complete days water supply is closed in a week. In other words 1/3rd of each month or the whole kharif season the water supply is stopped. Our Irrigation Minister himself is an agriculture expert and can understand that if this is the condition, what would be the condition of the crops each year. Over and above that, we have to pay full water tax. Since we get so much less water, still we have to pay full water rate. The main reason of this acute scarcity is not completely due to inefficiency of department but of the main Nara canal.

**Mr. Speaker :** Please try to conclude your speech.

**Rana Chander Singh :** So I would be obliged if the Minister's attention is carried on to this problem.

On the other side, i.e., the health, Sir, in the Thar desert sub-division of Tharparkar District, for example, one tehsil Chachro itself is bigger in area than the entire district. There are four other adjoining tehsils except one Umarkot taluka the rest is called desert sub-division. There is not a single hospital in existence. So I request the Health Minister that he should also consider this problem.

On the education side, Sir, there is not a single College in the entire desert Sub-division. Therefore, this also requires the attention of the Minister concerned.

So, Sir, these are few problems of the backward area and they should be given top priority rather than be neglected, as had been done for so many years.

**Mr. Speaker :** The House is adjourned for fifteen minutes for Maghrab prayers.

*The Assembly then adjourned for Maghrab Prayers.*

*The Assembly met at 7-30 p.m. Mr. Speaker in the Chair.*

**Mr. Speaker :** Diwan Syed Ghulam Abbas Bukhari.

**دیوان سید غلام عباس بخاری - (ملتان ۷) :**
جناب والا پیشتر اس کے کہ میں بجٹ پر اپنی تقریر شروع کروں میں یہ عرض کرنا اپنا فرض سمجھتا ہوں کہ بجٹ کی عام بحث پر ہر ممبر کی یہ خواہش ہوتی ہے کہ وہ اپنے قومی مسائل اور علاقائی مسائل پیش کرے اور بجٹ پر بھی کچھ بولے ساڑھے سات بجے منسٹر صاحبان نے اپنے جواب شروع کرنے ہیں اور مجھے معلوم ہوا ہے کہ ابھی آٹھ دس ممبر صاحبان نے بولنا ہے تو جناب ہمارا یہاں مہینہ بھر ٹھہرنا ضائع جاتا ہے کہ ہم اپنے علاقائی مسائل بیان نہ کریں اور قومی مسائل پر کچھ عرض نہ کریں - اس کے متعلق میں یہ گذارش کرنا چاہتا ہوں کہ اگر کسی ممبر کو محروم رکھا جائے گا تو معزز ایوان کے ساتھ نا انصافی ہو گی ہم تو باہر کی نا انصافیوں کا رونا

رونے یہاں آتے ہیں یہاں کی نا انصافی کا رونا رونے کہاں جائیں گے ۔

**مسٹر سپیکر** : دیوان صاحب صورت یہ ہے کہ آٹھ دس ممبر صاحبان بولنا چاہتے ہیں ۔ ہم کوشش کریں گے کہ ہر ایک کو موقع دیا جا سکے ۔ آپ اپنی تقریر شروع کریں ۔

**دیوان سید غلام عباس بخاری** : جناب والا بہت ہی نیک اور مبارک ساعت تھی ۔ جب کسی نے یہاں یہ رسم ڈالی تھی کہ قومی اداروں کی کارروائی کا آغاز کلام پاک سے شروع کیا گیا تھا ۔ آج میرے ایک معزز دوست نے سرکار دو عالم کے ذکر جمیل سے اپنی تقریر کا آغاز کیا اس کے ساتھ میں تھوڑا سا اضافہ کرنا چاہتا ہوں اور بہتر سمجھتا ہوں ۔ کہ اپنی تقریر اللہ تعالی کے نام سے شروع کروں ۔

بسم اللہ الرحمان الرحیم نحمدہ ، و نصلی علی ، رسولہ الکریم ۔

جناب والا ۔ آج میں یوں محسوس کرتا ہوں ۔ جیسے مجھے دو امتحانوں سے گذرنا پڑ رہا ہے ۔ الیکشن کے وقت مجھے صرف ایک ہی امتحان سے گزرنا پڑا تھا ۔ آج دو امتحانوں سے گزرنا پڑا ہے ۔ کہ پانچ سات منٹ میں بجٹ کے بارہ میں بھی کچھ عرض کروں صوبہ کے عوامی مسائل پر بھی کچھ عرض کروں اور اپنے علاقہ کے مسائل بھی پیش کروں یہ میرے لئے بہت بڑا امتحان ہے ۔ میں کوشش کروں گا کہ تھوڑے وقت میں اپنی معروضات کو ختم کروں ۔

جناب والا ۔ سب سے پہلے میں اللہ تعالی کا شکر گذار ہوں اور معزز ایوان کی طرف سے اپنے مالک کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ اس نے اس ملک کو قائم کیا ۔ اور پھر اب تک اس کے فضل سے یہ قائم چلا آ رہا ہے ۔ اور پچھلے دنوں میں جتنی مشکلات سے اس قوم نے اور اس ملک نے ایک بہت بڑے دشمن کا مقابلہ کر کے کامیابی اصل

کی ہے اس میں بھی میرے مالک کا بہت دخل عمل ہے ۔ میں صمیم قلب سے اپنے مالک کا شکریہ ادا کرتا ہوں ۔

جہاں تک بجٹ کا تعلق ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ بجٹ بہت متوازن ہے اور بہت تفصیلی بھی ہے ۔ اور اس میں ترقیاتی کاموں کے لئے بھی ۸۲ کروڑ کی رقم مختص کی گئی ہے ۔ اور اس کے باوجود عوام پر کوئی نیا ٹیکس نہیں لگایا گیا ۔ اس کے لئے میں جناب وزیر خزانہ ان کے معاونین اور چونکہ یہ سب کچھ گورنر صاحب کی سر پرستی میں ہوا ہے اس لئے میں ان سب کو دلی مبارک باد پیش کرتا ہوں ۔ جناب والا ۱۹۶۶-۶۷ء کا سال ہمارے پانچ سالہ منصوبہ کا دوسرا سال ہے اور کسی بھی منصوبہ کے پہلے دو سال ایسے ہوتے ہیں جیسے ایک درخت کے لئے جڑیں اور تنا ہوتا ہے ۔ ان دو سالوں ۱۹۶۵-۶۶ء اور ۱۹۶۶-۶۷ء کی اہمیت ہمارے پانچ سالہ منصوبے کے لئے جڑوں اور تنے کی سی اہمیت رکھتی ہے جن ترقیاتی پروگراموں کو اس بجٹ میں قائم کیا گیا ہے میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں توفیق عنایت کرے کہ ہم منصوبہ کے آخری سال تک تمام تجاویز کو پورا کر سکیں ۔

**مسٹر حمزہ** : جناب سپیکر مخدوم صاحب نے ابھی تک صرف دعا کے بارہ میں فرمایا ہے ۔ کچھ دوا کے بارہ میں بھی فرما دیں ۔

**دیوان سید غلام عباس بخاری** : جناب والا ۔ میں ایک مسلمان ہوں اور حمزہ صاحب کو واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ میں دعا اور دوا دونوں چیزوں میں ایمان رکھتا ہوں ۔ جناب والا میں عرض کر رہا تھا ۔ جناب وزیر خزانہ نے اپنے بجٹ میں فنڈز کی جو ایلوکیشن کی ہے اس میں حیدر آباد کے لئے بارہ کروڑ تیس لاکھ روپیہ رکھا کراچی کے لئے ۱۰ کروڑ ۳۶ لاکھ روپیہ رکھا ہے ۔ خیرپور کے لئے ۱۰ کروڑ ۸۳ لاکھ روپیہ رکھا ہے لیکن ملتان کا اس میں اپنی مبارک اور پیاری زبان سے کوئی ذکر نہیں کیا ۔ جس کے متعلق ہمیں بڑی توقع تھی کہ وہ جو

بھی ایلوکیٹ کرتے کم از کم اپنی بجٹ تقریر میں ملتان کا ذکر تو کر دیتے ۔

جناب والا جہاں تک بجٹ کے فنڈ کی allocation کا تعلق ہے میں نے ہر بجٹ کے موقع پر تقریر کرتے ہوئے ایک تجویز پیش کی تھی اور آج بھی اس پر قائم ہوں ۔

**رانا پھول محمد خان** : پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا میاں محمد اسلام صاحب جب تقریر فرما رہے تھے تو ان پر اعتراض کیا گیا تھا ۔ کہ وہ تو اپنی تقریر پڑھ رہے ہیں لیکن دیوان غلام عباس صاحب کو تقریر پڑھنے کی اجازت دی گئی ہے ۔

**مسٹر سپیکر** : دیوان صاحب تقریر پڑھ نہیں رہے ہیں بلکہ وہ اپنے Notes سے مدد لے رہے ہیں ۔

**سید دیوان غلام عباس بخاری** : جناب والا میں تقریر پڑھ نہیں رہا ہوں بلکہ اپنے Notes سے مدد لے رہا ہوں ۔

جناب والا میں یہ عرض کر رہا تھا کہ میرے بہت سے دوستوں کو یہ اعتراض ہے کہ ان کے علاقوں کیلئے خاطر خواہ فنڈز کی allocation نہیں کی گئی ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ان کا یہ اعتراض جائز ہے اور ہمیشہ قائم رہے گا ۔ اس اعتراض کیلئے ہمیشہ میری یہ تجویز رہی ہے اور اس پر میں اب بھی زور دوں گا کہ بجٹ کے مطابق ہمیشہ یہ بنیادی اصول طے کر لیا جائے کہ جتنے قومی پراجیکٹ ہیں ۔ صوبہ کے بڑے پراجیکٹ کے لئے فنڈز علیحدہ کرتے ہوئے باقی جتنی رقم ترقیاتی کاموں کے لئے ہو اس کو ڈویژن — ڈسٹرکٹ بلکہ آبادی کے لحاظ سے تقسیم کر دیا جائے تاکہ کسی ممبر کو یا کسی علاقے کو یہ اعتراض نہ ہو کہ وہاں کی ترقیاتی سکیموں کے لئے کم و بیش رقم دی گئی ہے ۔

جناب والا — میں نے ابھی تعلیم کے متعلق کچھ کہنا تھا - اور اسکے بعد زراعت کے متعلق کچھ کہنا تھا - پولیس کے متعلق کہنا تھا بلکہ معاشرے کے متعلق اور بھی بہت سی باتیں ہیں جن کو میں چھوڑنے پر مجبور ہوں -

میں اب جناب کی خدمت میں اپنے علاقہ کے امور کے متعلق عرض کرتا ہوں کیونکہ وہاں کیلئے بہت کم رقم رکھی گئی ہے -

جناب والا ملتان ایک بہت ہی اہم ضلع ہے اور مغربی پاکستان کا ایک اہم ڈویژن ہے - کمشنری کا صدر مقام ہے اور ضلع کا بھی صدر مقام ہے - مگر میں نے وہاں دیکھا ہے کہ وہاں تعلیمی ادارے اتنے محدود اور کم ہیں کہ آئے دن عوامی نمائندگان کو بہت سے مسائل ایسے پیش آتے ہیں اور جب ہم دیکھتے ہیں - کہ ہمارے نوجوان داخلے نہیں لے سکتے تو ہمیں خون کے آنسو رونے پڑتے ہیں - اس وقت وہاں کئی ادارے نجی طور پر چلائے جا رہے ہیں تو میں پر زور اپیل کروں گا کہ ملتان کے لئے مزید تعلیمی ادارے کھولے جائیں اور ایک علی گڑھ یونیورسٹی کی لائن پر تعلیمی ادارہ قائم کر دیا جائے جس سے وہاں کے عوام کی کافی تشنگی پوری ہو سکے گی -

جناب والا ! ملتان کا ضلع زمینداروں کا ضلع ہے - ہر طرف شوگر ملز قائم کرکے زمینداروں کی کماد کی بہت سی تکالیف رفع کر دی گئی ہیں مگر ہمارے ضلع ملتان میں جہاں کماد بہت پیدا ہوتا ہے شوگر مل نہ ہونے کی وجہ سے ضائع ہو جاتا ہے - اور اس کیلئے ہمارے پاس کوئی خاطر خواہ انتظام نہیں ہے کہ کماد شوگر مل پر بھیج کر فائدہ اٹھا سکیں -

جناب والا مدت سے یہ مطالبہ چلا آ رہا ہے - کہ ملتان جیسی ثقافتی جگہ پر اس وقت تک ریڈیو سٹیشن

قائم نہیں کیا گیا جو باقی بہت سی کمشنریوں کے صدر مقام پر یہ چیز قائم ہو چکی ہے - تو میں جناب کی وساطت سے قائد ایوان کی توجہ دلاؤں گا کہ وہ اس چیز کو نوٹ فرما لیں اور ریڈیو سٹیشن جلدی قائم کرائیں -

**مسٹر حمزہ** :پوائنٹ آف انفرمیشن جناب سپیکر وزیر ریڈیو سٹیشن کون ہے-

**سید دیوان غلام عباس بخاری** : جناب والا میرا تعلق ملتان کے جنوبی اور مشرقی علاقہ سے ہے جن میں دو تحصیلیں شجاع آباد اور لودھراں ہیں - جناب والا ہماری گورنمنٹ کی انتہائی کوشش تھی کہ ترقی یافتہ علاقوں کے مقابلہ میں پسماندہ علاقہ جات کو ترجیح دی جائے اور کوشش کی جائے کہ پسماندہ علاقے ترقی یافتہ علاقوں کے مقابلہ میں ترقی حاصل کرلیں - ( ہیئر - ہیئر ) میں جناب کی وساطت سے اس ایوان میں اپنے وزرا صاحبان کو توجہ دلانا چاہتا ہوں کہ اگر کوئی علاقہ ملتان جیسے ضلع کے ترقی یافتہ ہوتے ہوئے بھی پسماندہ ہے تو وہ تحصیل شجاع آباد اور لودھراں کا علاقہ ہے - سڑکوں - تعلیم آبپاشی بلکہ ہر پہلو سے میں اپنے وزرا صاحبان کی توجہ دلاتا ہوں خصوصاً شجاع آباد جلال پور - جلال پور لودھراں - لودھراں کہروڑ - کہروڑ - دنیا پور - اور دنیا پور سے بستی ملو اس سڑک کے لئے میں انتہائی دل کی گہرائی سے اپیل کروں گا - کہ اس کو وزیر مواصلات جناب جنجوعہ صاحب اپنی سکیم میں شامل کریں کیونکہ مجھے نظر نہیں آتا کہ یہ سڑکیں ضلع کونسل کے محدود وسائل سے پوری ہو سکیں اس کے علاوہ جہاں تک میں نے اس بجٹ میں دیکھا ہے میں وزیر خزانہ صاحب کا شکر گزار ہوں کہ انہوں نے ایک آدم پل بنانے کے لئے فنڈ allocate کئے ہیں - تو عنقریب وہاں کشتیوں کا پل فارغ ہو جائے گا - تو اس کیلئے میں اپیل کروں گا کہ وہ پل پلار پور کے مقام پر دریائے ستلج پر قائم کر دیا جائے اور ایک نئی سڑک بستی جلال پور اور اوچ شریف کے ساتھ ملا دی جائے جس سے کراچی سے لاہور آنے والے لوگوں کا ۳۰ میل کا چکر

بچ سکے گا یعنی ۴۰ میل کی مسافت بچ سکے گی ۔

جناب والا ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

**خواجہ جمال محمد کوریجہ** : (رحیم یار خان - ۱):
جناب سپیکر سب سے پہلے میں وزیر خزانہ صاحب کو اس بجٹ پر جو انار کی مانند خوبصورت ہے مبارکباد پیش کرتا (ہیئر - ہیئر) (قطع کلامی) چونکہ اس میں خوشبو نہیں ہوتی ۔ جناب والا میں ابھی چند ایسے امور کی طرف ان کی توجہ مبذول کراتا ہوں ۔ جو اہمیت کے لحاظ سے کسی طرح بھی کم نہیں ہیں ۔

جناب والا ہمارے ملک میں یقیناً ترقی کا دور دورہ ہے لیکن ہمارے حصہ میں بہار کی بجائے خزاں کے تند و تیز جھکڑ آئے ہیں ۔ (ہیئر - ہیئر) ہمارے علاقہ کو ترقی کی منزل سے دور رکھا جا رہا ہے جس کا بین ثبوت موجودہ مالی سال کا بجٹ ہے ۔

جناب سپیکر بہاولپور جس کو ماضی میں ۳ کروڑ ۸۲ لاکھ روپیہ دیا گیا تھا اور آج اس بہاول پور کو ۱ کروڑ ۸۹ لاکھ روپیہ دیا گیا ہے ۔ جناب والا اس علاقہ کے ساتھ بہت زیادتی کی گئی ہے ۔ جو ہر لحاظ سے پسماندہ ہے ۔ جناب والا اگر سرمایہ کی گورنمنٹ کو ضرورت تھی بھی تو وہ کسی ایسے علاقے سے لے لیتے جو خاصا ترقی یافتہ ہوتا ۔ جناب والا اس علاقہ میں نہ تعلیم ہے اور نہ ہسپتال و رسائل کے وسائل ۔ جناب والا یہ بے حد زیادتی ہے اس لئے میں وزیر خزانہ کی خدمت اور جناب گورنر صاحب کی خدمت میں مودبانہ التماس کروں گا کہ بہاول پور کو ۲ کروڑ کی رقم سپلیمنٹری بجٹ میں جتنی جلد ممکن ہو سکے دی جائے تاکہ ہمارے بہاولپور کے جو مسائل ہیں وہ حل ہو سکیں ۔ اور یہ ڈویژن مغربی پاکستان کی ترقی یافتہ ڈویژنوں کی صف میں آسکے ۔

جناب سپیکر - تمام ملک میں سڑکوں کا جال بچھایا گیا ہے - لیکن اس جال میں ہماری قسمت کی مچھلی پھر بھی نہیں پھنس سکی - خان بیلہ سے ملکانی تک کی سڑک جو اس وقت تک کچی اور ناقابل استعمال ہے - اور جس کے بے پناہ کھڈے ان پر سفر کرنے والوں کے دماغی توازن کو ضائع کر دیتے ہیں - اور انسانی وجود کا انگ انگ دکھنے لگتا ہے - اگر اس سڑک پر ایک بار سواری گزر جائے - تو گھنٹوں تک اس علاقہ کا گردو غبار اس کی پاسبانی کرتا رہتا ہے - اور اس غبار کو قدرتی پوڈر سے تشبیہ دی جاسکتی ہے - جناب والا اس سڑک کی تعمیر اس لئے ضروری ہے - کیونکہ یہ سڑک دریائی علاقے چاچڑاں شریف - راجن پور اور علی پور یعنی بہت سے اہم شہروں سے رابطہ پیدا کرنے کا ایک اہم اور واحد ذریعہ ہے -

جناب سپیکر - جب سیلاب آتا ہے - اور لوگ مجبوراً اس سیلاب زدہ علاقہ سے باہر نکلتے ہیں - تو وبائی امراض کی لپیٹ میں آجاتے ہیں - اور راستہ مسدود ہونے کی وجہ سے ہسپتال تک نہیں جا سکتے - اور اس طرح مجموعی طور پر انہیں جانی نقصان اٹھانا پڑتا ہے تو جب جانی نقصان کا سوال درپیش ہو - تو اسکے لئے تو حکومت کو ضروری طور پر اس سڑک پر توجہ دینا چاہئے - اور جن اہم قصبوں کا میں نے ذکر کیا ہے یہاں سے آم اور کھجور اور دوسری اجناس کی ملک کے اندرونی حصوں میں اسی بے کار سڑک کے ذریعہ ترسیل کی جاتی ہے -

**مسٹر سپیکر** : آپ اپنی تقریر ختم کریں -

**خواجہ جمال محمد کوریجہ** : جناب والا - مجھے کم از کم دس منٹ اور دیں - میں ایک پسماندہ علاقہ سے تعلق رکھتا ہوں - اور مجھے وزراء صاحبان کی خدمت میں بہت کچھ عرض کرنا ہے -

**مسٹر سپیکر** : آپکو زیادہ وقت دیا جانا ممکن نہیں ہے -

**خواجہ جمال محمد کوریجہ** : جناب والا - میرا علاقہ جہاں ہر قسم کی ترقی کے تکلف سے بے نیاز ہے - وہاں تعلیمی

لحاظ سے بھی پسماندہ ہے - میں وزیر تعلیم صاحب ' صاحب کشف و کرامات ' کی توجہ تحصیل لیاقت پور کی طرف مبذول کراونگا - کہ وہاں پر ایک کالج کے قیام کا بندوبست کیا جائے - تاکہ وہ لوگ جو بالکل ہی پسماندہ ہیں - اور جن کی مالی حالت اتنی کمزور ہے کہ وہ دور کے کالجوں میں اپنے بچوں کو تعلیم نہیں دلوا سکتے - تو اس سے بھی نتیجہ اخذ ہوتا ہے - کہ وہ بچے میٹرک پاس کرنے کے بعد بھی اسی پرانے طریقے پر گامزن ہوتے ہیں - یعنی ان کے لئے سوائے ہل چلانے اور مزدوری کرنے کے اور کوئی چارہ نہیں ہوتا - لہذا میں ان کی خدمت میں التماس کرونگا - کہ وہاں پر ایک کالج کا قیام عمل میں لایا جاوے -

جناب والا - ہمارے ملک میں بے حیائی ، عریانی اور ہمچو قسم لغویات جو ہمارے معاشرے پر اثر انداز ہو رہی ہیں - وہ صرف اسی تعلیم کی وجہ سے ہیں - اگر ہماری تعلیم اسلامی قدروں کی اساس پر ہو - اور غیر ملکی زبانوں کو بھی مناسب اعتبار سے جگہ دی جائے - تو اس طرح جو نظام تعلیم کا ڈھانچہ تیار ہوگا - اس میں دیگر اقوام کی ترقی کے ساتھ ساتھ اسلامی تعلیم میں بھی ترقی ہو گی - کیونکہ ہمارے معاشرے میں انسانیت تو موجود ہے - وہ خون بھی ہے - جو ابوبکر صدیق ، عمر فاروق ، عثمان غنی اور علی مرتضے میں موجود تھا - لیکن نظام تعلیم کچھ اس طرح کا ہو گیا ہے - اس وجہ سے ہمارے معاشرے پر برا اثر پڑ رہا ہے - اگر تعلیم کو صحیح کر دیا جائے - تو میں یہ بات یقین کے ساتھ کہہ سکتا ہوں - کہ ہم میں وہ اہلیت آسکتی ہے - جو کہ آج سے تیرہ سو سال پہلے تھی -

جناب سپیکر - لیاقت پور ایک منڈی کی حیثیت رکھتا ہے - جس میں کہ اس وقت تک کوئی بھی مل نہیں ہے - اور وہ کسی مل یا کسی صنعت کے نہ ہونے کی وجہ سے کوئی ترقی نہیں کر سکتا ؛ اگر وہاں پر ایک شوگر مل لگائی دی جائے - تو میرے خیال میں یہ پسماندہ علاقہ بیحد

ترقی کر جائے گا ۔ اور وہاں کے عوام اس حکومت کو دعائیں دیں گے ۔ ہماری حکومت کے جتنے بھی وزراء ہیں ۔ قابل قدر ہیں ۔ ان میں الحاج بھی ہیں ۔ میں ان کی خدمت میں عرض کرونگا ۔ کہ وہ اس علاقے کی طرف اپنی توجہ مبذول کریں ۔

**خان محمد اکبر خاں** (ڈیرہ اسماعیل خاں—۱) — جناب صدر صاحب ۔ اس سے پیشتر کہ میں اپنے علاقے کی بابت کچھ عرض کروں ۔ میں وزیر خزانہ کو اس متوازن میزانیہ کے پیش کرنے پر مبارک باد پیش کرتا ہوں ۔ میں ایک پسماندہ علاقہ ڈیرہ ۔ اسماعیل خان سے تعلق رکھتا ہوں ۔ اس کے بہت سے اضلاع پسماندہ ہیں ۔ اور جب گرمیوں میں دریائے سندھ میں طغیانی آتی ہے ۔ تو دامان کا علاقہ سب پانی پانی ہو جاتا ہے اب ہماری حکومت نے چشمہ کے مقام سے لیکر کالا گوڑہ تک جو بند تعمیر کیا ہے ۔ اس کی وجہ سے اب بہت سا علاقہ دریائے سندھ کی طغیانی کی دست برد سے بچ گیا ہے اگر اس بند کو ڈیرہ اسماعیل خان تک لے جایا جائے تو مجھے امید ہے ۔ کہ ڈیڑھ لاکھ کی مزید آبادی دریائے سندھ کی مزید طغیانی کی زد سے محفوظ ہو جائیگی ۔ علاوہ ازیں ڈیرہ اسماعیل خاں میں سڑکیں نہ ہونے کے برابر ہیں ۔ ایک سڑک جو ڈیرہ اسماعیل خاں سے بنوں کو جاتی ہے ۔ اور ایک سڑک ڈیرہ اسماعیل خاں سے ٹانک تک جاتی ہے ۔ اسکے علاوہ ایک سڑک ڈیرہ غازی خاں کو جاتی ہے ۔ ایک تونسہ شریف سے ہو کر وہاں جاتی ہے ۔ یہ سب سڑکیں انتہائی ناگفتہ بہ حالت میں ہیں ۔ اور اس سڑک پر سفر کرنے والے کی بھی حالت وہی ہوتی ہے ۔ جیسا کہ میرے دوست نے ابھی ابھی فرمایا ہے ۔ کہ گردو غبار کی وجہ سے انسان کا نہ منہ نظر آتا ہے نہ سر ۔ اگر حکومت مہربانی کرکے اس سڑک کی تعمیر کرے ۔ تو اس سے عوام کی تکلیف رفع ہو جائیں گی ۔

اس کے علاوہ ڈیرہ اسماعیل خان میں اس موسم میں پہاڑوں اور ندی نالوں میں بارش کی وجہ سے بے پناہ طغیانی آتی ہے اور سب دامانی علاقے اس پانی میں ڈوب جاتے ہیں ۔ اور اس طرح پانی کھڈوں میں بہ کر بہت سی

اراضی کو خراب کر دیتا ہے ۔ تو میری یہ مودبانہ گذارش ہے ۔ کہ حکومت وہاں پر کوئی ایسا منصوبہ بنائے ۔ کہ یہ پانی قابو میں آ سکے ۔ اور اسے آبپاشی کے لئے استعمال کیا جا سکے ۔ اس طرح وہاں کے عوام اس سے استفادہ کرتے ہوئے حکومت کو دعائیں دیں گے ۔

گورنر مغربی پاکستان نے ہم پر ایک مہربانی فرمائی ہے ۔ کہ دریا خان کے مقام پر دریائے سندھ کے اوپر ایک پل کی منظوری عطا فرمائی ہے ۔ جس کی وجہ سے ضلع ڈیرہ اسماعیل خان ہزار گنا بہتر ہو جائے گا ۔ کیونکہ اس کی وجہ سے ہماری تجارت کو بہت فائدہ پہنچے گا ۔ برائے مہربانی اس پل کی تعمیر کو جلد مکمل کیا جائے ۔ تاکہ ہمارے عوام اس تکلیف سے نجات حاصل کریں ۔ یہ تکلیف ہمیں آباو اجداد کے وقت سے ہے ۔ اور وہ یہ ہے ۔ کہ کشتیوں کے ذریعے دریائے سندھ کو عبور کیا جاتا ہے ۔ اور ہمیشہ ہر سال کئی لوگ دریا میں ڈوب کر مر جاتے ہیں ۔ یہ تکلیف ہمیں عرصے سے ہے ۔ اور ابھی تک ہمیں حکومت نے اس مصیبت سے نجات نہیں دلائی ۔ اس لئے ہم اس پل کی تعمیر کی تجویز کے لئے حکومت کے بے حد احسان مند ہیں ۔ علاوہ ازیں ڈیرہ اسماعیل خان کے ضلع میں پانی بالکل دستیاب نہیں ہوتا ۔ اگر میں تفصیل کے ساتھ عرض کروں ۔ تو یہ ایک لمبی فہرست ہے ۔ ان دیہاتوں کی جہاں پر کہ پینے کا پانی نہیں ملتا ۔ اور جہاں پر لوگ میلوں چل کر اپنے لئے پینے کا پانی لاتے ہیں ۔ اس لئے اگر اس علاقے میں ٹرائل بور کئے جائیں ۔ اور ان کی تکالیف کے پیش نظر وہاں ٹیوب ویل نصب کئے جائیں ۔ تو وہ لوگ حکومت کو ہمیشہ دعائیں دیں گے ۔

ضلع ڈیرہ اسماعیل خان نے ہمیشہ حکومت کی ہر معاملے میں امداد کی ہے ۔ چاہے جنگ ہو ۔ یا کوئی اور مسئلہ ہو اس علاقے نے ہمیشہ ہی حکومت کی تائید و حمایت کی ہے اور ہمیشہ ہی حکومت کے ساتھ رہے ہیں ۔ اس لئے حکومت کو بھی چاہئے ۔ کہ ان لوگوں کے ساتھ خصوصی مہربانی کا سلوک کرے ۔

**راؤ محمد افضل خاں** ۔ (منٹگمری ۔ م) ۔ میں جناب الحاج شیخ مسعود صادق صاحب اور ان کے محکمہ کے افسران کو یہ متوازن بجٹ پیش کرنے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں ۔

جناب والا ۔ پاکستان کو معرض وجود میں آئے ہوئے قریباً اٹھارہ سال گزر چکے ہیں لیکن جس بدقسمت ضلع سے میں تعلق رکھتا ہوں (وہ ضلع منٹگمری ہے ) اس ضلع میں آج تک کوئی ترقیاتی کام گورنمنٹ کی طرف سے سر انجام نہیں دیا گیا ۔ (قطع کلامیاں)

**Mr. Speaker** : Order please.

**راؤ محمد افضل خاں** ۔ اس میں شک نہیں کہ اس ضلع سے بیک وقت دو دو منسٹر صوبہ اور مرکز میں رہے ہیں مگر آج تک کوئی ایک انڈسٹری اس ضلع میں نہیں لگائی گئی ۔ خدا جانے اس کا کیا سبب ہے بلکہ میں تو آج یہ درخواست کروں گا کہ جو صاحب بہاولپور کے اندر انڈسٹری لگانا چاہتے ہیں وہ اپنا اثر و رسوخ استعمال کرکے منٹگمری میں انڈسٹری لگالیں ۔ اس ضلع کے عوام نہایت ناگفتہ بہ حالت میں ہیں کیونکہ اکثر کاشتکار .....

**خواجہ محمد جمال کوریجہ** ۔ اپنے علاقہ کو یہ کہہ رہے ہیں تو پھر ہمارے علاقہ کو کیا کہیں گے ؟ back ward

**Mr. Speaker** : Order please.

**راؤ محمد افضل خاں** ۔ جناب یہ عادت سے مجبور ہیں ۔

جناب والا ۔ چھوٹی چھوٹی holdings کے سبب وہاں کے کاشتکار قریباً بیدخل کر دیئے گئے ہیں کیونکہ لوگ اپنا رقبہ خود کاشت کر رہے ہیں ۔ اسلئے یہ اس علاقہ کی بڑی ضروری demand ہے کہ وہاں پر کوئی نہ کوئی heavy industry لگائی جائے ۔ میرے ضلع کی گنے کی فی ایکڑ پیداوار دوسرے اضلاع سے اگر زیادہ نہیں تو کم بھی نہیں ۔ اگر وہاں

sugar factory کی منظوری دے دی جائے تو نہ صرف زمینداروں بلکہ اس علاقہ کے کاشتکاروں کو بھی بہت فائدہ پہنچ سکتا ہے ۔

اس کے علاوہ جناب والا ۔ چونکہ ہمارا ملک ایک زرعی ملک ہے ، اس لئے زراعت کی طرف ہمیں خاص توجہ دینی چاہئے ۔ مگر حکومت نے اپنے اس بجٹ میں جس میں کوئی نیا ٹیکس نہیں لگایا گیا ، مصنوعی کھاد پر پندرہ فی صدی جو رعایت دی جاتی تھی ، وہ واپس لے کر قریباً پندرہ کروڑ روپے کا ٹیکس زمیندار پر عائد کر دیا ہے ۔ پھر جناب والا ۔ Plant Protection Department جو ابھی ابھی introduce کیا گیا تھا ، اس کی ادویات جو زمیندار کو مفت دی جاتی تھیں ، ان کے لئے اب بقول شیخ صاحب کے نصف رقم زمیندار سے وصول کی جائے گی ۔ یہ بھی ایک بہت بڑا ٹیکس زمیندار پر لگ گیا ہے ۔ اس کے علاوہ زمیندار پہلے O.G.L. سکیم پر ٹریکٹر حاصل کر لیا کرتے تھے لیکن وہ سکیم بند کر دی گئی ہے ۔ اب زرعی بینکوں کے ذریعہ زمیندار چھ فی صد سود دے کر (چاہے اس کے پاس اپنا روپیہ ہو بھی) ٹریکٹر حاصل کر سکتا ہے ۔

**مسٹر حمزہ** — ساڑھے سات فی صد ۔

**راؤ محمد افضل خاں** — جی ہاں ساڑھے سات فیصد ۔ اس کے متعلق عرض کروں گا کہ یہ O.G.L. Scheme دوبارہ جاری کرائی جائے (خوب خوب) ۱۹۵۵ء میں games Finlay & Co., کے پاس Ferguson ٹریکٹروں کی ایجنسی تھی یہ games Finaly and Co., پچاس فیصدی ٹریکٹروں کے spare parts منگایا کرتی تھی لیکن اب Ferguson ٹریکٹر جو مقبول عام ہے ، اس کی یہ حالت ہے کہ اس کے رنگ یا پسٹن اگر آپ مارکیٹ سے لینے جائیں تو وہ پہلے سے دو گنا قیمت پر آپ کو ملتے ہیں ۔ اس کے علاوہ یہی حال علی آٹوز والوں کے پاس جو super major کی ایجنسی ہے ، ان کا ہے ۔ ان کے spare parts وہ بلیک مارکیٹ میں فروخت کر دیتے ہیں اور زمیندار کو جو ہیلنڈر پسٹن ساڑھے چھ سو روپے میں ملنا چاہئے وہ قریباً

چودہ سو میں مل رہا ہے - زمیندار کو ایک ٹریکٹر کی overhauling کے لئے قریبا ساڑھے تین ہزار روپیہ درکار ہے - جناب والا - زمینداروں پر ان بڑھتے ہوئے ٹیکسوں، مزدوروں کی مہنگائی ، ادویات کی مہنگائی، ٹریکٹروں کی دقت ان سب چیزوں سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ زمیندار بالکل پس کر رہ جائے گا (خوب خوب) اگر اس طرف خاص توجہ نہ دی گئی تو یہ پچاس فیصدی آبادی جس کو backbone کہا جاتا ہے ، بالکل ختم ہو جائے گی -

**Mr. Speaker :** The member may please conclude his speech now.

**راؤ محمد افضل خاں** — مجھے پانچ منٹ اور ملیں گے یا چار ؟

**مسٹر سپیکر** — ایک منٹ -

**راؤ محمد افضل خاں** — جناب والا - ہمارے دیہات میں جو تعلیمی معیار ہے اس کے متعلق مثال کے طور پر عرض کروں گا کہ ہمارے اساتذہ جو دیہات میں پڑھا رہے ہیں وہ اس طرح پڑھاتے ہیں ''سی - اے - ٹی - کیٹو'' - ''آر - اے - ٹی - ریٹو'' - جناب والا - جو بچہ کسی ایسے سکول میں پڑھ کر آئے گا ، آپ اندازہ لگا سکتے ہیں کہ وہ اگر میٹرک سیکنڈ ڈویژن میں بھی پاس کر لے تو بڑی غنیمت ہے - میں جناب وزیر تعلیم کی خدمت میں عرض کروں گا کہ وہ کالجوں میں ہمارا کوٹہ مقرر کریں - ہمارے لئے پچاسی فیصد کوٹہ ہونا چاہئے (خوب - خوب) اس کے علاوہ جناب والا - وہ بچے جو سینٹ فرانسس گرامر سکول کوئٹہ ، ایچی سن کالج لاہور اور لارنس کالج گھوڑا گلی میں تعلیم پاتے ان کے مقابلہ میں یہ ''آر - اے - ٹی - ریٹو'' والے بچے کبھی آگے نہیں آ سکتے - میں یہ درخواست کروں گا کہ اس پچاسی فیصدی آبادی کے لئے جو بالکل ختم ہو چکی ہے ، پچاسی فیصدی حق سی - ایس - پی اور پی - سی - ایس گریڈ میں رکھا جائے (خوب - خوب) میں یہ وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ اس پچاسی فیصدی میں سے آئے ہوئے افسران ہرگز

corrupt نہیں ہوں گے - اور بہت اچھے ایڈمنسٹریٹر ثابت ہوں گے - (خوب - خوب) -

جناب والا - اس کے علاوہ میرے علاقے کی چند تکالیف ہیں جو میں بڑی جلدی جلدی عرض کئے دیتا ہوں -

جناب والا - تحصیل دیپالپور میں بجلی پہنچ چکی ہے میں جناب وزیر بجلی سے عرض کروں گا (قہقہہ اور قطع کلامیاں) میں نے یہ اس لئے عرض کیا ہے کہ محکمہ کا چارج لیتے ہی انہوں نے بجلی کی طرح کام کیا ہے اور ہماری سب مشکلات کو حل کر دیا ہے - اس لئے میں نے انہیں وزیر بجلی کہا ہے (خوب - خوب) انہوں نے ایک آدمی permanently یہاں اسمبلی ہال میں بھی رکھا ہوا ہے جو ہماری مشکلات کو حل کر رہا ہے - میرے علاقے میں ہیڈ سلیمانکی - بصیر پور - منڈی ہیرا سنگھ اور حجرہ ان چار قصبات میں سے دو میں بجلی جا چکی ہے - وہاں تو جلدی لائن کو energise کرنے اور connection دینے کی ہدایت کی جائے اور باقی دو قصبات میں بجلی پہنچائی جائے -

**Mr. Speaker :** The member may please take his seat now.

**راؤ محمد افضل خاں** — ایک منٹ جناب عالی - بہت اہم بات ہے - صرف ایک منٹ -

**Mr. Speaker :** Last sentence.

**راؤ محمد افضل خاں** — جناب والا - سترہ سال گذر چکے ہیں اور اتنی دراز مدت میں آج تک مہاجرین صحیح طریقے پر آباد نہیں ہو سکے - ( خوب - خوب ) ان کے ہزاروں کیس ابھی تک سنٹرل ریکارڈ میں پڑے ہوئے ہیں - اور لاکھوں ایکڑ زمین ابھی مہاجرین کو الاٹ ہونے والی ہے - میں اپنی تحصیل کے دو قصبات کے نام لے سکتا ہوں جن میں آج تک rehabilitation کا کام شروع نہیں ہوا - یہ ہیں قصبہ دیپالپور اور قصبہ حجرہ - میں توقع کرتا ہوں وزیر بجالیات سے کہ وہ اس سلسلہ میں فوری طور پر قدم اٹھا کر لوگوں کو ان کے permanent حقوق دلائیں گے -

**سید عنایت علی شاہ**—(پشاور م) جناب والا ۔ یہ مسلمہ حقیقت ہے ۔ کہ ملک میں جنگ تباہ کاریاں بربادیاں اور گوناگوں اخراجات اس کے بجٹ پر اثر انداز ہوتی ہیں ۔ اور ملک کی معیشت استحکام اور ڈویلپمنٹ کے لئے ایک متوازن میزانیہ تیار کرنے کے لئے یہ امر ضروری ہو جاتا ہے ۔ کہ حالات کے مطابق مزید taxes کا سہارا لیا جائے اور عوام کو ہی ویسے taxes برداشت کرنا پڑتے ہیں ۔

گزشتہ ستمبر میں بھارت کے ساتھ ہماری زبردست جنگ ہوئی ۔ اور گوناگوں تباہ کاریوں اور بربادیوں کے پیش نظر یہ قیاس تھا کہ حالیہ جنگ میں مزید ٹیکسوں کی بھرمار ہوگی ۔ اور عوام کو ان کا بوجھ برداشت کرنا پڑے گا ۔ جب یہ بجٹ ایوان میں پیش ہوا ۔ اور محبران کے سامنے آیا ۔ در حقیقت ایک معجزہ تھا کہ نہ تو کوئی ٹیکس لگایا گیا ۔ اور نہ سابقہ ٹیکسوں میں کچھ ایزادی کی گئی ہے ۔ اس لئے یہ ایک کامیاب ترین بجٹ ہے ۔ میں پشاور ڈویژن کے عوام کی طرف سے وزیر خزانہ کو دلی مبارک باد پیش کرتا ہوں ۔

جناب عالی ۔ پاکستان ایک فلاحی مملکت ہے ۔ اور فلاحی مملکت کے لئے یہ ضروری ہوتا ہے ۔ کہ ہر فرد بشر ہر طبقہ خیال اور ہر علاقہ کے لوگوں کو مناسب سہولتیں اور پھلنے پھولنے کے مساوی مواقع فراہم کئے جائیں لیکن مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے ۔ کہ ایک اچھے بجٹ کے باوجود ہمارے علاقہ ex-N.W.F.P. کے لوگوں کو بہت سی سہولتوں اور مراعات سے محروم کیا گیا ہے ۔ پشاور ڈویژن اور سابقہ صوبہ سرحد کے دوسرے علاقوں کی آبادی مغربی پاکستان کی آبادی کا ۲/۱۱ حصہ ہے ۔ کل آبادی ۶ کروڑ ۳۸ لاکھ ۸۰ ہزار ہے ۔ اس میں سے صوبہ سرحد کی آبادی ۷۶ لاکھ کے قریب ہے ۔ اس لحاظ سے ۲/۱۱ کا تناسب ہو جاتا ہے ۔ اور رقبہ کے لحاظ سے صوبہ سرحد مغربی پاکستان کا ۲/۱۵ حصہ ہے ۔ مجموعی طور پر آبادی اور رقبہ کے لحاظ سے تقریباً ۱/۷ بن جاتا ہے ۔ لہذا چاہئے یہ تھا ۔ کہ ڈولپمنٹ کی سکیموں کے لئے مختلف محکمہ جات کو جو روپیہ مہیا کیا گیا ہے ۔ اس میں سے صوبہ سرحد کو ۱/۷ ملنا چاہئے تھا ۔

جناب عالی ۔ سب سے پہلے میں Water and Power کے متعلق عرض کروں گا ۔ اس کے لئے ۸۸ کروڑ ۸۳ لاکھ روپیہ مختص کیا گیا ہے ۔ اس میں سے ہمارے علاقہ ex-N.W.F.P. کے لئے ۷ کروڑ ۴۳ لاکھ ملا ہے ۔ حقیقت یہ ہے ۔ اور انصاف کا تقاضا بھی یہ ہے کہ یہ چاہیے تھا کہ ۱/۷ حصہ کے مطابق ہمیں ۹ کروڑ ۸۰ لاکھ دیا جاتا ہے ۔ لیکن بدقسمتی سے اور خدا جانے کن وجوہات کی بنا پر ہمیں نظر انداز کیا گیا ہے ۔ اس طرح سے ہمیں دو کروڑ ۳۶ لاکھ روپے کا خسارہ اٹھانا پڑا ہے ۔ آپ کو علم ہے کہ تمام مغربی پاکستان میں جو زمین زیر کاشت ہے ۔ وہ ۳۸ لاکھ ۳۰ ہزار سات سو ایکڑ ہے ۔ اور سابقہ صوبہ سرحد میں تین لاکھ ۵۰ ہزار زیر کاشت زمین ہے پھر بھی ہمیں سارے حقوق نہیں ملے ۔ ہمارے ساتھ کتنی زیادتی کی جاتی ہے ۔ زراعت کے لئے آپ نے ۲۶ کروڑ ۳۵ لاکھ روپیہ کی رقم رکھی ہے ۔ لیکن ہمارے لئے صرف ۹۰ لاکھ کی رقم مقرر کی گئی ہے ۔ ہماری آبادی اور رقبہ کے لحاظ ۱/۷ سے حصہ کے حساب سے ۳ کروڑ ۸۰ لاکھ دینا چاہیے تھا ۔ اس کا یہ مطلب ہوا ۔ کہ ایک کروڑ ۹۰ لاکھ کا خسارہ اٹھانا پڑا ہے ۔

صنعتوں کے لئے ۲۰ کروڑ ۵۹ لاکھ مقرر کیا گیا ہے ۔ لیکن ہمیں ۱۶ لاکھ ۷۳ ہزار ملا ہے ۔ آپ یقین جانیں ۔ جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے چاہیے تو یہ تھا کہ دو کروڑ ۹۳ لاکھ روپیہ دیا جاتا ۔ اس میں سے صرف ۱۶ لاکھ ۷۰ ہزار روپیہ دیا گیا ہے ۔ یعنی ۱/۲ کی بجائے ۱/۲۳ حصہ دیا گیا ہے ۔ یہ زیادتی کی انتہا ہے ۔ میری سمجھ میں یہ بات نہیں آ رہی کہ ہمارے ساتھ سوتیلی ماں کا سا سلوک کیوں کیا جارہا ہے ۔

میں تو حیران ہوں ۔ کہ صرف ۱۶ لاکھ کی رقم کیوں رکھی گئی ہے ۔ میں اس کو بڑھانے کی سفارش کروں گا تاکہ اس سے تو صرف محکمہ صنعت کے افسران کے T.A. اور D.A. تو پورے ہوں اور کچھ تو نہیں بن سکتا ۔

ہیلتھ کے لئے ۵ کروڑ ۹۵ لاکھ روپیہ کی رقم مقرر کی گئی ہے ۔ اس میں سے ہمارے حصہ کے مطابق چاہئے تو یہ تھا ۔ کہ ۷۸ لاکھ روپیہ ملتا ۔ لیکن بدقسمتی سے اس میں بھی ہمیں نظر انداز کیا گیا ہے ۔ اور ۳۶ لاکھ ۳۸ ہزار کی رقم مخصوص

کی گئی ہے - جب ہم وزیر صحت کے پاس جاتے ہیں اور ان کی خدمت میں عرض داشت پیش کرتے ہیں تو وہ فرماتے ہیں کہ بجٹ میں رقم نہیں پیسے نہیں - آج یہ حقیقت ہمارے سامنے آئی ہے کہ حکومت نے سابقہ صوبہ سرحد کے محکمہ صحت کی طرف زیادہ توجہ نہیں دی - وہاں کی حالت یہ ہے کہ اگر کہیں ڈسپنسری ہے - تو سٹاف نہیں اگر سٹاف ہے تو دواؤں کا فقدان ہے - بعض جگہ ہسپتالوں میں تو کتوں نے ڈیرے ڈال رکھے ہیں بعض ڈسپنسریوں میں رات کو الو بولتے ہیں -

Physical Training کے لئے ۱۰ کروڑ ۳۳ لاکھ کی رقم مقرر کی گئی ہے چاہئے تو یہ تھا کہ ۱/۷ حصہ کے مطابق ایک کروڑ ۶۲ لاکھ دیا جاتا - لیکن ہمیں صرف ۴۸ لاکھ دیا گیا ہے - میرا مطلب ہے - اس میں ہمیں ایک کروڑ ۱۶ لاکھ خسارہ برداشت کرنا پڑا ہے -

جناب عالی ہمارا علاقہ بھی دوسرے علاقوں کی طرح پاکستان کا حصہ ہے - آپ ہمارے ساتھ کیوں زیادتی کے درپے ہیں - آپ کو چاہئے - کہ ہمارے علاقہ کی ترقی کے لئے اتنی کوشش کریں جتنی کہ دوسرے علاقوں کے لئے کرتے ہیں -

**چودھری عبدالغنی** — جناب والا - ہمارا علاقہ بھی بہت پس ماندہ ہے - اگر مجھے دو منٹ کے لئے کچھ عرض کرنے کا موقع دیا جائے - تو مہربانی ہوگی -

**مسٹر سپیکر** — اب اور زیادہ وقت نہیں دیا جا سکتا وزیر صاحب نے ساڑھے سات بجے تقریر شروع کرنا تھی - مگر اب ۸-۲۰ ہو گئے ہیں -

**چودھری محمد سرور** — جناب والا آپ نے تمام معاملات کے متعلق نیشنل اسمبلی کا طریق کار اختیار کیا ہے - اب جب کہ رات کو تمام وزرا نے تقریریں کرنی ہیں - تو کیا کھانے کا بندوبست بھی کیا جائے گا -

**وزیر خزانہ** — اگر کورم نہ توڑیں - تو میں رات کے بارہ بجے تک بیٹھنے کو تیار ہوں -

**مسٹر حمزہ** — جناب سپیکر آپ کو یہ علم ہے کہ جب بجٹ کا پروگرام چھپا تھا تو ہم نے آپ کی خدمت میں حاضر ہو کر یہ عرض کیا تھا کہ بجٹ کی تیاری کے لئے جو عام طور پر وقفہ دیا جاتا ہے ہماری اس فیاض حکومت نے وہ بھی نہیں دیا ہے اور آپ کو علم ہے جیسا

کہ اس ایوان میں کہا گیا ہے کہ ہم صاحب کشف و کرامات بھی نہیں ہیں - یہاں ایک سرکاری پارٹی ہے اور اس کے علاوہ کوئی دوسری پارٹی نہیں ہے -

**Mr. Speaker :** This is no occasion for a speech Mr. Hamza.

**مسٹر حمزہ** — تو دو تین ممبر جو یہاں اپوزیشن میں بیٹھے ہوئے ہیں اگر آپ اتنی رات تک تقریروں کا سلسلہ جاری رکھیں گے تو کل وہ بجٹ کے متعلق مطالعہ کرکے اس پر اعتراضات یا اس کی خوبیوں کے بارے میں کچھ بھی مواد پیش نہیں کر سکتے - ہماری مشکلات کا آپ کو احساس ہونا چاہئے - حکومت کی تنگ دلی یا اپوزیشن کشی جو کچھ ہے وہ آپ کے سامنے ہے -

**وزیر خزانہ** (شیخ مسعود صادق) — جناب ہماری پارٹی کے ممبران کو آپ نے صرف ۵ - ۵ ۷ - ۷ - منٹ دئے ہیں اور اپوزیشن کے ہر ممبر کو آدہ آدہ گھنٹہ بلکہ ۴۰ - ۴ منٹ دئے ہیں - یہ لوگ تو اس وقت تھے بھی نہیں آپ ان کو گھروں سے بلایا ہے -

**مسٹر حمزہ** — میں نے عرض کیا تھا کہ آپ نے ہم کو تیاری کا وقت نہیں دیا -

**Mr. Speaker :** The member may please take his seat.

**سردار منظور احمد خان قیصرانی** (ڈیرہ غازیخان—۱) — حضور والا میں جملہ وزرا کی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ ہماری جو تکالیف ہیں ان کو وہ توجہ سے سنیں تاکہ ہم اپنی منزل مقصود تک پہنچ سکیں - میری سب سے پہلے یہ گذارش ہے کہ ڈیرہ غازیخان ایک بیک ورڈ علاقہ ہے او اس کی طرف کوئی توجہ نہیں دی گئی اور نہ اس بجٹ میں کوئی گنجائش رکھی گئی ہے - میں اس کے متعلق کچھ تجاویز پیش کرتا ہوں جب بجٹ ہاؤس یا اسمبلی میں پیش ہوتا ہے تو علاقوں کے مسائل کو پیش نظر رکھتے ہوئے اس پر تنقید کچھ مشکل ہوتی ہے - میں سمجھتا ہوں کہ زیادہ بہتر یہ ہوگا کہ اس اسمبلی کے ممبروں میں سے بیک ورڈ علاقوں کے لئے ایک سپیشل سٹینڈنگ کمیٹی بنائی جائے تا کہ بیک ورڈ علاقہ کے لوگ اس

میں اپنا مشورہ دے سکیں - میں اپنے علاقہ کے متعلق کیا کہوں یہاں نہ سڑکیں ہیں نہ نہریں ہیں نہ تو کالج ہیں اور نہ کسی اور قسم کی سہولتیں ہیں - ریل کے لئے تو میں مشکور ہوں کہ وہاں انتظام ہو رہا ہے -

مختصر انکہ :-

مجھ سے کیا پوچھتے ہو درد کہاں ہوتا ہے
اک جگہ ہو تو بتاؤں کہ یہاں ہوتا ہے

میں کہتا ہوں کہ وہاں انڈسٹری کا انتظام کیا جائے - سیمنٹ فیکٹری شوگر مل یا چمڑے کے کارخانے وغیرہ لگائے جائیں - اس کے بعد میں اپنے محترم ملک صاحب جو کہ وزیر ہیں اور وزیر بے نظیر ہیں اس کے علاوہ صوبائی مسلم لیگ کے صدر بھی ہیں - کی خدمت میں عرض کروں کہ وہ بھی میری گذارشات کو غور سے سنیں -

صاحب صدر چودھری محمد انور صاحب سابق صدر مسلم لیگ مرحوم و مغفور نے ایک دن اسی سیشن میں کہا تھا کہ ہمارے ملک میں تین دشمن ہیں جنکے لئے ہمیں تگ و دو کرنا چاہئے ایک افلاس - دوسرے جہالت اور تیسرے بیماری - میں ان کی خدمت میں گذارش کروں گا کہ یہ تینوں دشمن ہمارے علاقہ میں موجود ہیں اور انکی فوج ظفر موج یہاں پر ڈیرہ لگائے ہوئے ہے - ذرا آپئے ان کا خاتمہ کریں -

جناب والا - جہاں تک تعلیم کا سوال ہے میں انکا اس حد تک مشکور ہوں کہ انہوں نے انٹرمیڈیٹ کالج کا اجرا فرمایا ہے لیکن تکلیفیں اور بھی ہیں اس کے لئے ہم متوقع ہیں کہ اس کے لئے اقدام کریں گے - اور اس علاقہ کی تکلیفوں کا احساس فرمائیں گے - میں مخلوط تعلیم کے بھی خلاف ہوں برائے مہربانی اس پر توجہ دی جائے اور میں عرض کروں گا کہ یہ نیک کام ہے اس کی طرف کوئی نیک قدم اٹھایا جائے -

جناب وزیر مواصلات کی خدمت میں عرض کروں گا کہ super high way سندھ میں مکمل ہے سابق صوبہ سرحد میں بھی

مکمل ہے ۔ سابق پنجاب میں وہ ڈیرہ غازیخان ہے جہاں نامکمل ہے ذرا اس کو مکمل کیا جائے ۔ جناب وزیر صاحب توجہ نہیں فرما رہے ہیں میں نے super high way کے متعلق عرض کیا تھا یہ نہایت ہی اہم سڑک ہے میں اس کو پھر دہراتا ہوں کہ super high way سندہ میں مکمل ہے سابق صوبہ سرحد میں مکمل ہے سابق پنجاب میں صرف ڈیرہ غازیخان ایک ایسا علاقہ ہے جہاں یہ مکمل نہیں ہے ۔ تونسہ شریف میں جو سڑک بنی ہے وہ اب ختم ہوتی جا رہی ہے ۔ آگے دوڑ اور پیچھے چوڑ والا معاملہ ہوتا جا رہا ہے اس پر فوراً توجہ دیں ۔

**Mr. Speaker** : The member may please take his seat now.

**خان گل حمید خان**—(میانوالی—۱) جناب والا سب سے پہلے ملک امیر محمد خان جنکی رہنمائی میں یہ بجٹ بنا ہے اور وزیر خزانہ جناب مسعود صادق صاحب کو مبارکباد دیتا ہوں کہ انہوں نے ایک متوازن بجٹ پیش کیا ہے جسمیں نہ تو نئے ٹیکس لگائے گئے ہیں اور نہ ہی کسی پرانے ٹیکس میں اضافہ کیا گیا ہے جناب والا میں اپنے علاقے کے کچھ مسائل پیش کرنا چاہتا ہوں جناب میرے تمام بھائیوں نے کہا ہے کہ ہمارے علاقے پس افتادہ ہے پشاور بھی پس افتادہ ہے کراچی بھی پس افتادہ ہے منٹگمری بھی پس افتادہ ہے اب میانوالی باقی رہتا ہے میں اسکو پس افتادہ نہیں کہتا جن صاحب کی مرضی ہو وہ منٹگمری کو میانوالی سے بدیل کر لیں اور اس کی زمین تبدیل کر لیں میں تبدیل کرنے کیلئے ہوں ۔

اب جناب والا جہاں تک "پس افتادہ" کا تعلق ہے تو اسکا یوں فیصلہ ہو سکتا ہے ۔ کہ جو افسر کسی علاقہ میں خوشی سے جائے تو وہ علاقہ پس افتادہ نہیں ہے ۔ اور جو افسر کسی علاقہ میں خوشی سے نہ جائے وہ پس افتادہ ہے ۔ میانوالی میں کوئی افسر خوشی سے جانا پسند نہیں کرتا لہذا میانوالی پس افتادہ ہے ۔

جناب والا ہمارے علاقہ کے کچھ مسائل ہیں مثلاً سیم و تھور کی وبا ہمارے علاقہ میں بہت پھیل رہی ہے ۔ منسٹر صاحب اس پر غور فرمائیں اور ہماری اس تکلیف کو رفع کرنے کی کوشش کریں ۔ اس بجٹ میں اسکے لئے کوئی گنجائش نہیں رکھی گئی ہے ۔

اسکے علاوہ جناب میں اپنے یہاں ڈسٹرکٹ کونسل کا وائس چیرمین بھی ہوں - ہمارے یہاں ۱۲ سکول ہیں - جنمیں سے تین ہائی سکول بنا دیئے جائیں گے اسکے لئے ۳ لاکھ ۸۶ ہزار روپے کی گرانٹ ملنی تھی مگر صرف ۸۰ ہزار روپے ملے ہیں ۳ لاکھ ۶ ہزار باقی ہیں جبتک یہ رقم نہ مل جائے ڈسٹرکٹ کونسل ان سکولوں کو نہیں چلا سکتی اسکے علاوہ وہاں میانوالی لفٹ ایریگیشن سکیم ہے حکومت نے ہم لوگوں پر احسان کیا ہے اور ہم لوگوں سے حکومت ۷ روپے فی کینال بطور مالیہ وصول کرتی ہے - باقی نہریں ہیں اور نہروں سے پانی لیا جاتا ہے تو آبیانہ بھی لیا جاتا ہے - ہماری درخواست ہےکہ ہم سے صرف آبیانہ لیا جائے -

اسکے علاوہ چشمہ بیراج جسکا ذکر کیا گیا ہے وہ میانوالی سے تعلق رکھتا ہے وہاں سے پانی نکالکر میرے خیال میں ترمو ہیڈ کو دیں گے اور اسطرح آگے رقبہ سیراب ہو گا اسکے لئے میں عرض کروں گا کہ سات لاکھ ایکڑ زمین acquire کیگئی ہے جسمیں سارے دیہات کے دیہات آ گئے ہیں چشمہ بیراج میں جنکی زمین آ گئی ہے ان میں سے جو لوگ زمین کانقد معاوضہ لینا چاہیں تو انکو نقد معاوضہ دیدیا جائے اور جولوگ زمین کے بدلے زمین لینا چاہیں تو انکو تھل میں زمین دیدی جائے -

**وزیر مال**—(خان حبیب اللہ خان) پوائنٹ آف آرڈر—جناب ہم نے اندازہ لگایا ہے اور یہ طے کیا ہے کہ ۱۰ بجے اجلاس ختم کرنا ہے بعض ممبر صاحبان باقی ہیں اور انکو بولنے کا شوق ہے وہ ضرور بولیں شیخ صاحب کو تو چونکہ debate wind up کرنا ہے اسلئے وہ ضرور بولیں گے اور وٹو صاحب بھی ضرور بولیں گے - لیکن ملک صاحب اور میں نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ ہم آج تقریر نہیں کریں گے -

**چودھری عبدالغنی**— (بہاول نگر—۳) -

شعر
کیا کہوں حال درد پنہانی
وقت کوتاہ ہے قصہ طولانی

جناب والا میرا حلقہ بدقسمتی سے ۱۴۰ میل لمبا ہے - تحصیل فورٹ عباس ضلع بہاول پور کا ایک اہم حصہ ہے اور ریلوے لائین صرف ۳۵ میل ہے - سڑک پختہ صرف ۴۰ میل ہے اور باقی تمام ریگستان ہے - اس میں کوئی شک نہیں کہ

جناب ملک امیر محمد خان کی سرکردگی میں وزیر خزانہ نے بڑی محنت سے یہ بجٹ تیار کیا ہے اور وہ قابل مبارکباد ہیں لیکن میرے حلقے کے لئے میرے علاقے کے لئے جو کہ بہاولپور کا ایک اہم حصہ ہے اس میں کوئی گنجائش نہیں رکھی گئی جو کہ از حد ضروری ہے۔ جس وقت یہ پاکستان بنا تو نواب بہاول پور نے مہربانی کرکے سب سے پہلے اعلان کیا کہ بہاولپور کا پاکستان کے ساتھ الحاق کیا جائے اور ہم لوگوں نے بھی اس پر لبیک کہا۔ ہم نے سوچا کہ ون یونٹ بننے کے بعد ہمارے حقوق محفوظ ہونگے لیکن معاملہ بالکل برعکس ہوا۔ اگر اس وقت ہم اعلان نہ کرتے تو وحدت مغربی پاکستان دو حصوں میں منقسم ہو جاتا۔ تو جناب والا یہ بجٹ تیار کرتے وقت سوچنا چاہیئے تھا کہ backward areas کو کس طرح pull up کیا جائے۔ اکیس سکیمیں ایسی ہیں جن کا تعلق صحت سے ہے لیکن ہمارے علاقے کے لئے کسی ایسی سکیم کی گنجائش نہیں رکھی گئی صادقیہ کینال میں پانی کی بہت کم مقدار ہے اور چارہ مویشیوں کے لئے بالکل نہیں ہے۔ وہاں کے زمیندار اور کاشتکار غریب ہیں اور مالیہ بالکل ادا نہیں کر سکتے۔ میں درخواست کرتا ہوں کہ خاص توجہ اس سلسلہ میں فرمائی جائے لوگوں کے بہت سے ریزولیوشن میرے پاس آئے ہیں اور وہ میں آپکو سناؤں گا۔ سب سے پہلے تو وہاں پر چارے کے لئے کوئی محکمہ یا کوئی کمیٹی مقرر کی جائے جو وہاں کے حالات کا جائزہ لے کہ آیا یہ غلط ہے یا درست۔ وہاں کے لوگوں پر جو کاشتکاری کرتے ہیں معاملہ معاف ہونا چاہیئے اس کا التوا کیا جائے یا معاف کیا جائے۔ گندم کے ڈپو کھولے جائیں اور وہ سستے نرخوں پر دیجائے ورنہ وہ علاقہ بالکل قحط میں آجائیگا۔ جناب والا بد قسمتی سے ہمارے ستلج کا پانی کڑوا ہے اور پاکستان میں اس کی مثال نہیں ہے کہ زمین کے پانی کڑوے ہوں اور نہر کے پانی کے سلسلے میں علاقہ انڈیا کے رحم و کرم پر ہو۔ اس چیز کے لئے کچھ گنجائش رکھنی چاہئے تھی اور چاہیئے تھا کہ ٹیوب ویلز لگا کر وہاں پانی مہیا کیا جاتا لیکن ایسا بالکل نہیں کیا

گیا ہم لوگ تباہ ہو رہے ہیں ہمارے پاس پینے کے لئے بھی پانی نہیں ۔ (قطع کلامیاں) ۔

**مسٹر سپیکر** — چودھری صاحب آپ تشریف رکھیں
Let the House be in order first. (*a pause*) Yes, Chaudhri Sahib.

**چودھری عبدالغنی** — میں لیڈر آف دی ہاؤس کی خدمت میں التماس کرونگا کہ آج ہی ایک کمیٹی مقرر کیجائے جو ہمارے بہاول پور کے حالات کا جائزہ لے اور جو تکالیف ہیں ان کا ازالہ کیا جائے ۔ اس کے علاوہ ٹائیم چونکہ تھوڑا ہے اس لئے میں اپنے حلقے کی اور چیزیں آپ کی خدمت میں عرض کرتا ہوں ۔ ہماری تحصیل جو ہارون آباد ہے وہ ۴۰ ہزار نفوس کی آبادی پر مشتمل ہے ۔ ۹۸۸ لڑکے اس سال میٹرک پاس کر رہے ہیں ۔ اس سے پہلے بھی کئی پاس ہو چکے ہیں لیکن وہاں پر آج تک انٹرمیڈیٹ کالج نہیں کھلا ۔ میں ملک خدا بخش صاحب کی خدمت میں پہلے عرض کر چکا ہوں کہ لوگوں نے ہزاروں درخواستیں دی ہیں لیکن ابھی تک کوئی شنوائی نہیں ہوئی ۔ وہاں انٹرمیڈیٹ کالج کی سخت ضرورت ہے ۔ فورٹ عباس تک کوئی سڑک بھی نہیں ۔ ۱۴۰ میل کے ٹکڑے میں کوئی پختہ سڑک نہیں ۔ البتہ ریلوے لائین کی پٹڑی موجود ہے لیکن لائن ٹوٹ چکی ہے ۔ حکومت کو چاہیئے کہ وہ اس طرف بھی اپنی توجہ دے کیونکہ ریلوے لائن کا ہونا نہایت ضروری ہے مہربانی کر کے اس پر توجہ فرمائی جائے اور ون یونٹ کے بعد سی ایس پی کا جو امتحان ہے اس میں بہاولپور کے لئے سیٹیں مخصوص نہیں کی گئیں بلکہ انہیں پنجاب کے ساتھ شامل کر دیا گیا ہے ۔ ہمارے علاقہ میں تعلیم کا نظام درست نہیں نہ کالج ہیں نہ ڈسپنسریاں ہیں میری گذارش ہے کہ ان چیزوں خاطر خواہ انتظام ہونا چاہیے اور ہمارے علاقے کیلئے سیٹیں ہونی چاہیئں ۔ جیسے سندھ، سرحد اور دوسرے علاقوں کیلئے ہیں ۔ اور اب کے ہمارے ہاں سے پی سی ایس افسران نہیں لئے گئے ۔ آپ ریکارڈ کو دیکھئے سی ۔ ایس ۔ پی تو ہمارے ہاں سے لیتے ہی نہیں ۔ ہمیں پنجاب کیساتھ لگا دیا گیا ہے ۔ ہمارے علاقے سے پی ۔ سی ۔ ایس کوئی نہیں لیا گیا آپ بے شک ریکارڈ کا ملاحظہ کرلیں اس کے علاوہ جہاں تک سیٹلمنٹ کا مسئلہ ہے میں وزیر مال کی خدمت میں التماس کروں گا کہ راہو اور مرتھن دونوں کو متروکہ جائدادیں دی گئی ہیں ۔

میری گذارش ہے کہ زمین دینے والے اور زمین لینے والے کے لئے کوئی اچھا طریقہ کار ہونا چاہئے - مرتھن کو رقم ملنی چاہئے تھی لیکن یہاں کیا ہوا متروکہ جائداد کے متعلق جو کلیم والے ہیں وہ بیچارے چیخ رہے ہیں مر رہے ہیں لیکن ان کو settle نہیں کیا گیا نہ انہیں زمین کی قیمت دی گئی ہے - کیا یہ انصاف ہے - اس کے علاوہ میر علی گوہر صاحب نے فرمایا تھا کہ بورے والا اور چیچا وطنی سڑک کی حالت بہت خراب ہے - لوگ تین گھنٹوں میں بورے والا سے چیچا وطنی جاتے ہیں - بس کار وغیرہ تین گھنٹوں میں وہاں پہنچتی ہیں جو پونے گھنٹے کا راستہ ہے وہ تین گھنٹوں میں کٹتا ہے - راستوں کی حالت بہت خراب ہے اور میری گذارش ہے کہ حکومت اس طرف اپنی توجہ دے - سڑک میں گھڑے پڑے ہوئے ہیں بسیں تباہ ہو جاتی ہیں - اس کے ساتھ ساتھ عارف والا منٹگمری کی سڑک بھی بہت خراب ہے - اس کو بھی درست کرنا چاہئے -

**ملک معراج خالد** - (لاہور ۵) جناب سپیکر ہر علاقے کے معزز ممبر نے اپنے علاقے کو پسماندہ اور مصیبت زدہ ظاہر کیا ہے - اس مصیبت زدگی اور پسماندگی کی ساری کہانیاں سننے کے بعد میں خود پریشان ہوں کہ اپنے علاقے کے متعلق کیا کہوں کیا عرض کروں وہ قحط زدہ بھی ہیں مصیبت زدہ بھی ہیں لیکن میں جنگ زدہ ہوں ہمارے علاقے کے لوگ جنگ زدہ ہیں اگرچہ حکومت کی طرف سے ان لوگوں کے لئے ان کی بحالی کے لئے ان کی آباد کاری کے لئے کافی کچھ کیا جا چکا ہے لیکن پھر بھی چند مسائل اور معاملات ایسے ہیں کہ وہ حکومت کی خاص توجہ کے طالب ہیں جناب والا جناب وزیر خزانہ کو تمام معزز دوستوں نے مبارکباد دی ہے تو میں بھی ان کے ساتھ شریک ہوں - یہ ایک حقیقت ہے کہ یہ بجٹ حکومتی پارٹی کی اس اقتصادی پالیسی کا مظہر ہے جو کہ دوسرے اور تیسرے پنج سالہ منصوبے کی اساس کی حیثیت رکھتی ہے اور یہ اس سلسلے کی کڑی ہے جو سال سن ۵۸ سے شروع ہو چکا ہوا ہے -

اور اس طرز فکر کی پیداوار ہے جو کہ ایک شخص نے ملک کو معاشی طور پر خود کفیل بنانے کے لئے اور اسے معاشرتی طور پر ایک اونچا درجہ دینے کے لئے یہاں رائج کیا تھا (تالیاں) میں یہ کہنے کی جسارت کرونگا کہ یہ بجٹ ان کی ذاتی شعبدہ بازی کا نتیجہ نہیں ہے۔ بلکہ یہ ایک اقتصادی پالیسی، ایک فلسفہ، ایک نظریہ کے تحت قائم ہونیوالی پالیسی کا نتیجہ ہے۔ اور اگر ہم اسے اس حیثیت سے جانیں اور ان کی طرف سے مقرر کردہ مقاصد کو حاصل کرنے کے لئے جو طریقہ اختیار کیا گیا ہے۔ اور اس کی جو approach ہے وہ نہایت ہی قابل داد ہے اور میں اس حیثیت سے انہیں قابل مبارکباد سمجھتا ہوں انہیں اور ان کے معاونین کو بھی مبارکباد دیتا ہوں۔ جناب والا دوسرے اور تیسرے پنج سالہ منصوبوں میں جن ترجیحات کا تعین کیا گیا تھا اور ان کی روشنی میں جو مقاصد متعین کئے گئے تھے ان کو حاصل کرنے کے لئے یہ بجٹ تیار کیا گیا ہے۔

جناب والا اس دباؤ کے باوجود جو جنگ کی وجہ سے ہماری اقتصادی زندگی پر پڑا اس بجٹ میں کوئی نیا ٹیکس نہیں لگایا گیا مجھے جناب والا جہاں اس کا اعتراف ہے وہاں ایک چھوٹا سا اعتراض بھی ہے۔ اگر جنگ نہ ہوتی تو پھر بھی یہی بجٹ پیش کیا جاتا۔ جنگ ہونے کی صورت میں ترجیحات میں جو تبدیلی ہوئی وہ اس بجٹ میں نہیں لائی گئی۔ مثال کے طور پر زیادہ زور اس بات پر ہے جیسا کہ پہلے دیا جاتا رہا اگر جنگ نہ ہوتی تو بھی دیا جاتا کہ مادی ترقی کی طرف زیادہ سے زیادہ توجہ دی جائے مگر مادی وسائل کو ترقی دینے کے ساتھ ساتھ انسانی وسائل کو ترقی دینا بھی از بس ضروری تھا جنگ کی وجہ سے زیادہ اس کی ضرورت تھی۔ مگر میں یہ دیکھتا ہوں کہ جو ترجیحات اس بجٹ میں مقرر کی گئی ہیں۔ ان میں افراد کی قوتوں کو بیدار کرنے اور انہیں منظم کرنے کے معاملہ کو سب سے آخری درجہ دیا گیا ہے۔ جب یہ کہا جاتا ہے کہ ہمارے ملک نے ان حالات کا مقابلہ کرنا ہے جو کہ جنگ

کی وجہ سے پیدا ہوئے تو جہاں مادی وسائل کی ترقی کی طرف توجہ دی گئی ہے وہاں چاہئے تھا کہ انسانی وسائل کو بھی ترقی دیتے لیکن اس سلسلہ میں قطعاً کوئی توجہ نہیں دی گئی ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہمارا بنیادی جمہوریتوں کا نظام بڑا مفید نظام ہے ۔ اگر اس سے افراد کی قوتوں کو کام میں لایا جائے اگر ہم اس کے ذریعے تمام قوم کے افراد کو جذباتی طور پر اس کام کے لئے تیار کر سکتے جس کام کو پورا کرنے میں انہوں نے جنگ کے دوران میں بڑی قربانی دی ہے اور ایثار سے کام لیا ہے تو میں سمجھتا ہوں یہ بہت بڑا کارنامہ ہوتا ۔ اس کام کے لئے اس نظام کو بروئے کار لایا جاسکتا تھا مگر اس کی طرف پوری توجہ نہیں دی گئی ۔

اگرچہ مسائل بہت سے ہیں لیکن میں دوسرے مسائل کو چھوڑتا ہوں اور یہ جو ایک اہم مسئلہ ہے ۔ اس کے متعلق عرض کرتا ہوں میں اپنے علاقہ کے متاثرین جنگ اور سیالکوٹ کے متاثرین جنگ کے متعلق چند ایک باتیں ضروری سمجھتے ہوئے آپکی خدمت میں پیش کرونگا ۔ اگرچہ ان کے لئے کافی کچھ کیا جا چکا ہے ۔ مگر پچھلے چند دنوں میں چند ایک مثالیں سامنے آئی ہیں ۔ جناب والا ان لوگوں کی آباد کاری اور بحالی کے لئے جن رعایتوں کے وعدے کئے گئے تھے وہ پورے نہیں کئے جا رہے ۔ اور جن اعلانات کو سن کر میں سمجھتا ہوں وہ کافی حد تک مطمئن ہوگئے تھے کہ جنگ کی وجہ سے جو لوگ پریشان حال اور برباد ہوئے تھے ان کی آباد کاری کا انتظام پوری طرح کر دیا گیا ہے وہ درست ثابت نہیں ہوئے ۔ اگرچہ مجھے اس بات کا اعتراف ہے کہ محکمہ آباد کاری نے دلچسپی لی ہے لیکن محاصل کی کمی کے پیش نظر انہیں اپنے کئے گئے وعدوں سے کچھ انحراف کرنا پڑا ہے بعض دوستوں نے اس بات کی تعریف کی ہے کہ باوجود جنگ کے کوئی نیا ٹیکس نہیں لگایا گیا ۔ یہ قابل تعریف اقدام ضرور ہے لیکن اگر وہاں جنگ سے پیدا شدہ حالات بدستور موجود تھے اور جنگ کے متاثرین بدستور ان حالات کا شکار تھے تو ہمیں نئے ٹیکس لگانے چاہئیں تھے ۔ اس غریب

طبقہ پر نہیں جو ٹیکس برداشت نہیں کرسکتا بلکہ اس طبقہ پر جو ٹیکس برداشت کر سکتا ہے ۔ تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ جب تک ان لوگوں کو صحیح معنوں میں معاشی طور پر پوری طرح آباد نہیں کرلیا جاتا ان کی آباد کاری کا عمل پورا نہیں ہوتا ہماری سرحدات پوری طرح مضبوط نہیں ہو سکتیں ۔ اس لئے جناب والا میں عرض کرونگا کہ اس سلسلہ میں میرے معزز دوستوں نے جو تجاویز اس ایوان میں پیش کی ہیں میں ان کی تائید کرتا ہوں اور یہ گذارش کرتا ہوں کہ متاثرین جنگ کی آباد کاری کی متعلق کوئی ٹھوس اقدامات کئے جائیں اور ان کے لئے دلچسپی اور ہمدردی کا سرمایہ جو موجود ہے اسکے مطابق خزانہ سے اس مقصد کے لئے جتنی رقم دی جاسکتی وہ دینی لازمی ہے ۔

**Mr. Muhammad Aurangzeb Khan Awan** : (Hazara IV): Sir, grand tribute has been paid to our veteran and talented Finance Minister for the well balanced and well planned Budget. On this Budget there have been very exhaustive speeches and we are fully convinced that on merits this Budget deserves every appreciation. Keeping in view the shortage of time, I congratulate the Finance Minister for the labour and hard work that he has put in preparing this Budget. No doubt this is a very splendid and marvellous Budget.

Now, coming to the needs of my own constituency I would like to say that being a Member from Tahsil Mansehra, which is the most backward area, I have practical knowledge that the people of that area are extremely poor and cannot meet their bare needs as they are very much deficient in food grains. There are no industries and the people are living in a very miserable condition. Fortunately, they are having natural resources and if these natural resources are exploited they can be very well off by setting up industries. The people of my ilaqa are not having adequate educational facilities. They need High Schools for boys at Bair Kundi Sankiari, Jaraid and Attar Shisha and two High Schools for girls at Baffa and Dhodial. These places are worth visiting and if you are kind enough to go there you will come to know the hardships of those people. In the old tahsil there is one Inter College and that is also housed in a primary school building since 1959. This need of the people of that area deserves your immediate attention for the construction of a suitable building and the upgrading of this college to the Degree standard with Science. I hope, Sir, the Minister of Education would very kindly give top priority to the educational needs of my constituency. Here I may also mention for the kind information of the Minister for Education who is also fortunately the Minister for Power and Irrigation, that some lands which are irrigated from Siran and Ichar canals are not getting water in sufficient quantity. Moreover, the lands which are not even irrigated from these canals, 'Abiana' is being charged for them. I hope the Minister for Irrigation would very kindly inquire into the matter and see that those who do not avail of these canals, are exempted from the payment of 'Abiana'. It would be injustice to my people if I don't represent the troubles and hardships being experienced by my people for lack of road facilities. In fact, Sir, Lassan Road, Pairan Road and Bafa Khoki Roads are very badly needed and I hope Minister for Works and Communications will very kindly go into details and see that

these are constructed at the earliest. Now Sir, I would like to draw the kind attention of the Health Minister to the fact that my Constituency is very much deficient in the matter of providing medical facilities. Mansehra Civil Hospital is very small and is not meeting the needs of the people. The present hospital if converted into ladies hospital, can solve the problem of ladies hospital and a new hospital should be constructed for men at an appropriate place. Similarly, Bafa Civil Hospital needs extension. In addition to this Sir, we need sub-health Centers at Dhodial, Pairan, Ganoah, Jigan, Sat Bani, Kairi and Atar Sheesha. I am confident that the Minister for Health would very kindly help the people by meeting their demands. Sir, now I would like to draw the kind attention of the Minister for Education that the amount allocated for the Peshawar University is very small and I am afraid that it will very adversely affect the education. The total expenditure aid is Rs.1·12 crores and grant is Rs.41 lacs. Sir, last year's deficit is Rs. 59 lacs and monthly salaries are Rs. 5 lacs. In this respect, unlike the Punjab University, we have Agricultural College, Engineering College, Islamia College, Medical College, and so many other institutions but in the Punjab, there is separate Agricultural University and a separate Engineering University. Sir, something has to be done in this respect also.

Thank you, Sir.

**Mr. Speaker :** Minister for Basic Democracies.

**وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ** (میاں محمد یاسین خان وٹو) جناب والا اس بجٹ کے سلسلے میں تعریفوں کے پھول بھی نچھاور کئے گئے (اور جناب حمزہ صاحب جو اس وقت اتفاق سے ہاؤس میں موجود ہیں انہیں ان پھولوں پر اعتراض تھا ۔) کچھ تنقید برائے تنقید کے پتھر بھی برسائے گئے جن پر ہمیں کوئی اعتراض نہیں کیونکہ وہ پتھر حقائق کے وزن سے عاری تھے ۔ اس لئے وہ پتھر بے اثر اور بے وزن ہیں (ہیئر ۔ ہیئر) ۔

جناب والا اس کے ساتھ ساتھ تعمیری تنقید کے نہایت پر خلوص موتی بھی اس ایوان میں پیش کئے گئے ۔ جوں جوں تعمیری تنقید کے پر خلوص موتی پیش ہوتے تھے موجودہ حکومت نے ان موتیوں کو چن لیا اور آئندہ منصوبہ بندی میں عوام کے فائدہ کے لئے ان سے استفادہ کیا جائے گا ۔ جناب والا اس ایوان میں جتنے قیمتی اور مفید مشورے دئے گئے ہیں ۔ میں آپ کی وساطت سے ایوان کے معزز اراکین کو اس بات کا یقین دلاتا ہوں کہ ہم ان سے پوری طرح استفادہ کریں گے اور ہم یہ کوشش کریں گے کہ آئندہ منصوبہ بندی میں ہر اس مفید بات سے فائدہ اٹھایا جائے جو پیش کی گئی ہے ۔ (ہیئر ۔ ہیئر)

جناب والا - بچے جہاں زندہ قوموں کی اقتصادی ترقی کی طرف سے ایک قدم ہوتا ہے - وہاں ساتھ ہی ساتھ عوام کے نمائندگان کو ایک ایسا موقع بھی فراہم کرتا ہے - جس میں وہ نمائندگان اپنی حکومت اور اپنے افسران کے کاموں کا محاسبہ کریں - اور ساتھ ہی قوم کی امنگوں کو اور علاقے کے مطالبات کو حکومت اور ایوان کے سامنے پیش کریں - اس سے دھرا فائدہ پہنچتا ہے - یہاں جتنے مطالبات اور جتنی باتیں ہوئی ہیں - اس سے تمام صوبہ کی ضروریات کے بارے میں ہم ایسی غلطیاں دیکھ پائے ہیں - جن سے آئندہ انشاءاللہ منصوبہ بندی میں ہمیں پہلے سے زیادہ فائدہ پہنچے گا - (ہیئر - ہیئر) -

جناب والا وقت کی کمی کی وجہ سے میں ان باتوں میں مزید جائے بغیر سب سے پہلے بنیادی جمہوریتوں کے سلسلہ میں دیہی ترقیاتی پروگرام کا ذکر کرنا مناسب سمجھتا ہوں - جناب والا دیہی ترقیاتی پروگرام کے بارے میں بجا طور پر ایوان کے کچھ ارکان کی طرف سے ارشاد فرمایا گیا ہے کہ یہ ایک بے حد مفید پروگرام ہے اور اس میں رقم کی کمی نہیں ہونی چاہئے -

جناب والا جہاں تک دیہات کی ترقی کا تعلق ہے - اور جس حد تک موجودہ حکومت کو عزیز ہے - اور جس حد تک عملی طور پر موجودہ حکومت نے دیہی ترقیاتی پروگرام جاری کیا ہے اور موثر طور پر اس پر عمل ہو رہا ہے - اس حکومت سے پہلے کوئی حکومت اس کام کو سر انجام نہیں دے سکی - اور اس کی ایک بنیادی وجہ یہ ہے کہ چونکہ اس سے پیشتر دیہات تک مختلف محکموں اور مختلف قومی ترقی کے محکموں کے کاموں کے پہنچانے کا کوئی واسطہ اور ذریعہ نہ تھا - اس لئے حکومت کی بہت سی سکیمیں ایک خاص علاقے تک محدود ہو کر رہ جاتی تھیں - اب موجودہ حکومت اور صدر ایوب خان صاحب نے بنیادی جمہوریت کے نظام میں یہ صورت حال پیدا کر دی ہے - جس سے قوم کی ترقی اور تعمیر کے لئے ہر کام میں اور ہر منصوبہ کا فائدہ ہر شکل میں ہر ایک عام آدمی کو دیہات تک پہنچتا ہے - یہ اسی

ورت میں ممکن ہے کہ ہمارے پاس ایسے محکمے ہوں ایسا فورم ہو - جہاں وحدانیت موجود ہو جس کی بنا پر ملک کا ایک ایک ذرہ اپنی پوری بہتری کو پائے - بلکہ ہم دیکھتے ہیں کہ زراعت کے معاملہ میں منصوبہ بندی میں ہی نہیں بلکہ اس کے متعلق ریسرچ یونیورسٹی ہے - اور متعدد انسٹیٹیوٹ ہیں - جن کی بنا پر نتائج فوراً عوام تک پہنچ سکتے ہیں - اس طرح جناب والا دوسرے بھی باقی محکمے ہیں - جو فوری طور پر فائدہ ان لوگوں تک پہنچاتے ہیں جن لوگوں کو فائدہ پہنچانا مقصود ہوتا ہے - اس کی صورت یوں ہے - جیسے دریا میں پانی ہوتا ہے - وہ صرف دریا میں رہ کر زمین کو فائدہ نہیں پہنچا سکتا بلکہ جو نہریں ہیں جو راجباہیں ہیں جو چھوٹے چھوٹے موگے ہیں اور ''کھال'' ہیں - ان کے ذریعہ اگر زمین کے ذرے ذرے تک پانی نہیں پہنچے گا تو اس زمین کے سونے سے ملک اور قوم کے فائدہ کے لئے سونا پیدا نہیں ہو سکتا - موجودہ بنیادی جمہوریت کا جو نظام ہے - اس میں مرکز سے صوبہ کے لئے منصوبہ جاری ہوتا ہے - اور اس طرح اس کے نیچے آخری سطح تک اس کا فائدہ پہنچتا ہے - یہ ایک ایسا بڑا اقدام ہے کہ جس کی تعریف میں سمجھتا ہوں اگر پورے خلوص اور دلی جذبات کے ساتھ کی جائے تو ہر طرف سے مبارک ملنی چاہئے - میرے فاضل دوست نے بنیادی جمہوریتوں کے بارے میں تمام باتوں کا ذکر نہیں فرمایا صرف انتخاب کا ذکر فرمایا ہے - انتخابات کے بارے میں میں اتنی بات کہہ دوں کہ یہ بنیادی جمہوریت کے نظام کی برکت ہے - کہ میرے فاضل دوست بنیادی جمہوریت کے انتخابات پر اعتراض کرتے ہیں - خود بھی اس بنیادی جمہوریت کے انتخابات کی طفیل اس ایوان میں موجود ہیں - میرا خیال ہے کہ ان کی قابلیت - ان کی ذہانت اس بات کی دلیل ہے کہ بنیادی جمہوریت کے نظام کی تعریف کی جائے - اگر بنیادی جمہوریت انہیں سیاسی طور پر یہاں لائی ہے - تو ان کا یہاں ہونا اس نظام کے انتخابات کے مفید ہونے کی کافی دلیل ہے - باقی بنیادی جمہوریتوں کے نظام کے تحت دیہی ترقیاتی پروگرام کے تحت اگرچہ جسے ہم باقاعدہ دیہی ترقیاتی پروگرام کہتے

ھیں۔ وہ ۶۳-۶۴ء میں شروع ھوا ھے۔ لیکن جیسا کہ آپ کو بھی علم ھے۔ اور اس ایوان کے معزز ممبران کو بھی علم ھے۔ کہ بنیادی جمہوریتوں کے نظام پر ۶۰ء میں عملدر آمد شروع ھوا تھا۔ اس وقت تک حکومت نے ۶۱-۶۰ء میں پچاس لاکھ روپے، ۶۲-۶۱ء میں پچاس لاکھ روپے، ۶۳-۶۲ء میں ساٹھ لاکھ روپے اور ۶۴-۶۳ء میں ستر لاکھ روپے اس دیہی ترقیاتی پروگرام کے علاوہ دیہات کی ترقی پر خرچ کئے ھیں۔ یعنی کل دو کروڑ تیس لاکھ روپے خرچ کئے ھیں۔ اور عوام نے بھی ایک کروڑ روپیہ سے اوپر اسکے ساتھ شامل کیا ھے۔ اور ۶۴-۶۳ء میں جب باقاعدہ طور پر دیہی ترقیاتی پروگرام شروع ھوا ھے۔ تو اسوقت بنیادی جمہوریتوں کے نظام کے ذریعہ تین کروڑ تہتر لاکھ روپیہ یعنی تقریباً پونے چار کروڑ روپے خرچ ھو چکے تھے۔ اسکے بعد ۶۴-۶۳ء میں دیہی ترقیاتی پروگرام کیلئے دس کروڑ روپے اسی طرح ۶۵-۶۴ء میں بھی دس کروڑ روپے اور ۶۶-۶۵ء میں بارہ کروڑ روپے اسکے لئے مخصوص کئے گئے تھے۔ جس میں سے اندازہ یہ ھے کہ اس سال کے اختتام تک تقریباً تیس کروڑ روپے دیہی ترقیاتی پروگرام پر خرچ ھو چکے ھوں گے۔ اور جیسا کہ میں نے پہلے بھی عرض کیا ھے۔ وہ پونے چار کروڑ روپے خرچ ھو چکے ھونگے۔ اسکے ساتھ ساتھ عوام کی طرف سے اس تیس کروڑ روپے کا بیس فیصد یعنی چھ کروڑ روپے بھی ''اپنی مدد آپ،، کے تحت اسی چیز پر خرچ کیا گیا ھے۔

**مسٹر ھمزہ:** یہ روپیہ کس نے دیا تھا۔

**وزیر بنیادی جمہوریت:** تو یہ سب کچھ اس بات کی دلیل ھے۔ کہ اس نظام نے اس پروگرام سے نہ صرف یہ کہ مادی طور پر اور حکومت کی امداد کے طور پر کام ھوا ھے۔ بلکہ اسکے ساتھ ساتھ اس کام میں عوام کی دلچسپی اس طرح بڑھی ھے۔ کہ وہ چھ کروڑ روپے جو عوام نے اس خرچ میں شامل کئے ھیں۔ اور جو روپے کسی اور صورت میں خرچ نہ کئے جاتے۔ یہ اس بنیادی جمہوریتوں کے نظام کے طفیل ھی ممکن ھو سکا ھے۔ کیونکہ جوں جوں اس نظام کی ھردلعزیزی بڑھ رھی ھے۔ لوگوں کا جذباتی لگاؤ بھی اس نظام کے ساتھ بڑھ رھا ھے۔ اور اپنی حالت کو بہتر بنانے کے سلسلے میں عوام کی طرف سے رقوم بھی زیادہ سے زیادہ دی جا رھی ھیں۔ جیسا کہ میرے فاضل دوست نے فرمایا تھا کہ ھمیں بنیادی جمہوریتوں کے نظام کے تحت عوام کی

ترقی کے کاموں میں انکا جذباتی لگاؤ بھی پیدا کرنا چاہئے۔ اور انکی انفرادی قوت کو مزید موثر بنانے کی جانب بھی ہمیں کام کرنا چاہئے۔ میں انکے اس ارشاد کے ساتھ بالکل متفق ہوں۔ اور اسی لئے میں یہ عرض کرونگا۔ کہ جو شخص آج کسی گاؤں میں جاتے ہیں۔ تو وہ یقیناً اس دیہی پروگرام کے اثرات کو اپنی آنکھوں سے ہسپتال، سکول، سڑکوں اور پانی کی سپلائی کے پروگراموں کی صورت میں اور ہمچو قسم دوسرے ترقیاتی منصوبوں کی شکل میں، گویا مادی ترقی کا اظہار دیکھتے ہیں۔ اور اسے اس صورت میں بھی دیکھتے ہیں کہ اگر آپ صوبے اور ملک کے دور دراز گاؤں میں بھی چلے جائیں۔ تو بھی وہاں پر بھی آپ کو بنیادی جمہورتیوں کے نظام کے تحت دیہی پروگرام کے تحت ہر جگہ ترقی نظر آئیگی۔ چاہے وہ نس بیلہ کا ضلع ہو۔ چاہے کراچی کا علاقہ ہو۔ یا کوئی بھی پسماندہ علاقہ ہو۔ خواہ وہ پشاور کا علاقہ ہو۔ کوئی بھی علاقہ ہو۔ کسی بھی دور دراز علاقہ میں چلے جائیں آپ کے سامنے یہ بات کھل کر آئے گی کہ اس نظام نے دیہات کی حالت کو کس حد تک بدل دیا ہے۔ لیکن اس مادی نتیجے کے علاوہ جو بہت بڑا انقلاب اس نظام کے ذریعہ آیا ہے وہ عوام میں ترقی کرنے کا ذہنی انقلاب ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ ذہنی انقلاب نے مادی ترقی سے بھی زیادہ قوم کی خدمت کی ہے۔ کیونکہ اب دیہات کے عوام اس حقیقت کو سمجھ گئے ہیں۔ کہ اگر وہ چاہیں تو وہ ترقی بھی کر سکتے ہیں اور ماحول کو بھی بدل سکتے ہیں۔ اب اس دیہی ترقیاتی پروگرام کے تحت ان کے ہی اداروں میں ان کی مرضی کے مطابق ایسی منصوبہ بندی کی جاتی ہے کہ جس کی تکمیل بھی وہ خود ہی کرتے ہیں۔ اس طرح ان میں ترقی کا جذبہ اور خلوص پیدا ہوتے ہیں۔ جو ان کی ترقی میں معاون ثابت ہوتے ہیں۔ اور یہ بہت بڑا انقلاب اسی منصوبہ بندی کی وجہ سے آیا ہے۔ آپ جس جگہ بھی جائیں۔ عوام اپنی حالت کو بہتر بنانے اور اپنے ماحول کو بدلنے کے لئے آپ کو بیتاب نظر آئیں گے۔ کیونکہ ان میں وہ جذباتی لگاؤ بہت حد تک پیدا ہو چکا ہے۔ لیکن ابھی اس سلسلے میں بہت کچھ کرنا باقی ہے۔ اور اگر کوئی کہے کہ یہ حرف آخر ہے اور ہم نے ابھی تک جو کچھ اس سلسلے میں کیا ہے۔ ہم

اس سے مطمئن ہیں - تو میں سمجھتا ہوں - کہ یہ خیال اور نظریہ عوام اور انسانیت کے اجتماعی ارتقاء کے خلاف ہے - ہم نے بہت کچھ کیا ہے - لیکن ابھی مستقبل میں بہت کچھ کرنا ہے - لیکن اتنا ضرور ہے - کہ ہم نے ابھی تک اس بارے میں جو کچھ کیا ہے - اس سے ہم دو فائدے اٹھائیں گے - کہ جہاں ہم نے ٹھیک کام کیا ہے - ہم اس سے مزید کام کرنے کا ولولہ اور حوصلہ حاصل کریں گے - اور جہاں جہاں ہم سے غلطیاں سر زد ہوئی ہیں - ہم ان کی اصلاح کرنے کی کوشش کریں گے - ان سے سبق سیکھیں گے - اور اس طرح اپنے ارتقاء اور ملک اور دیہات کی ترقی کے لئے بہتر طور پر کام کر سکیں گے - بجا طور پر اور واضح طور پر یہ کہا گیا ہے - کہ ہم جب تک دیہات کی حالت بہتر نہیں بنائیں گے - پاکستان کو عظیم تر نہیں بنا سکیں گے - اور دیہات کی حالت کو بہتر بنانے کے لئے جسقدر بنیادی جمہوریتوں کے نظام نے دیہاتی عوام میں جذبہ اور شعور پیدا کیا ہے - وہ کسی اور نظام نے پیدا نہیں کیا - جس طرح یہ نظام منصوبہ بندی کے مراحل کو نیچے تک لے گیا ہے - کوئی نظام وہاں تک اسے نہیں لے جا سکا ہے - اور جس طرح اس موجودہ نظام نے عوام کو ملک کی مجموعی ترقی سے منسلک کیا ہے - اس سے پہلے کسی نظام نے نہیں کیا تھا - اور یہ اسی نظام کی بدولت ہے - کہ آج ہم دیکھتے ہیں - کہ ہماری مجموعی ترقی کی رفتار سوائے جاپان کے سارے ایشیاء میں پہلے نمبر پر ہے - کیونکہ اب ہمارے عام شہری بھی اور گاؤں میں رہنے والے دوست بھی منصوبہ بندی کے قواعد کو سمجھنے لگے ہیں - اور منصوبوں کی تکمیل کے فرائض سے بھی آشنا ہو گئے ہیں - اور قوم کی مجموعی ترقی میں خود ان کا جو حصہ ہے - اس کی اہمیت کو بھی سمجھنے لگے ہیں -

جناب والا—چونکہ دیہی ترقیاتی پروگرام کو اہمیت حاصل تھی تو اس کی افادیت کے پیش نظر حکومت نے

باوجودیکہ ہمارے وسائل محدود تھے - اور ابھی بہت کچھ کرنا تھا - لیکن پھر بھی اس دیہی ترقیاتی پروگرام کو نظر انداز نہیں کیا گیا - اور جاہے کہنے والے کچھ کہیں - لیکن جو چشم بینا رکھتے ہیں - وہ اس بات کی تعریف ہی کریں گے - کہ موجودہ حالات میں جبکہ ہم جنگ سے دو چار ہیں - اور جب کہ ایسے حالات ہمارے سامنے ہیں - کہ جن کی وجہ سے ہمیں اقتصادی میدان میں بہت سی مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے - موجودہ حکومت نے اس طریقے پر منصوبہ بندی کی ہے - اور ترجیحات کا تعین اس طریقے سے کیا ہے - اور ساتھ ہی کوئی نیا ٹیکس بھی نہیں لگایا - اور قوم کی ترقی کی رفتار بھی نہیں روکی - اور نہ صرف یہ کہ ترقی کی رفتار ہی نہیں روکی - بلکہ اس کی تیزی میں اور بھی اضافہ کیا - یہ سب کچھ موجودہ حالات میں عام طریقے پر اور عام طریقے کی منصوبہ بندی سے ممکن نہ تھا - اور یہ یقیناً جوئے شیر لانے کے مترادف تھا - لیکن خدا کا فضل ہے - اور خدا کا شکر ہے - کہ اس چیز میں حکومت صحیح طور پر کامیاب ہوئی ہے - کہ قوم کی ترقی کی رفتار کو تیز سے تیز تر کیا جائے - دیہی ترقیاتی کاموں میں کمی ضرور کی گئی - اور مجھے اس کا ذاتی طور پر بھی احساس ہے - کہ اگر حکومت کے وسائل اجازت دیتے - تو اس پروگرام پر اور زیادہ رقم خرچ کرنا چاہئے تھی - لیکن ہمیں حالات کے مطابق اس رقم میں کمی کرنی پڑی ہے - لیکن اب ہماری یہ کوشش ہو گی - کہ رقم کی کمی کے باوجود بھی ہم اپنے پرانے تجربہ سے استفادہ کرتے ہوئے اور عوام کے نیک جذبات اور ان کے ذہنی انقلاب سے ان کے تعاون سے فائدہ اٹھائیں - اور جو ترقی ہم دیہی ترقیاتی پروگرام میں پہلے کر چکے ہیں - رقم کی اس موجودہ کمی کے باوجود بھی ہمارا دیہی ترقیاتی پروگرام نتائج کے لحاظ سے ہمارے پہلے پروگرام کے مقابلے میں مناسب طور پر کامیاب رہے -

جناب والا - ایک چیز اور یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ پانچ کروڑ روپیہ ہمیں مرکزی حکومت سے قرض کے طور پر ملا ہے

لیکن صوبائی حکومت اسے عوام کی بھلائی کے لئے ، دیہات کی بھلائی کے لئے grants کے طور پر دے گی (نعرہ ھائے تحسین) اور ساتھ ھی جناب والا ۔ میں یہ عرض کرنا چاھتا ھوں کہ اگر کوئی ڈسٹرکٹ کونسل ۔ یونین کونسل یا کوئی لوکل باڈی جو دیہات سے متعلق ھو ، ایسی کوئی سکیم ھمارے سامنے پیش کرے گی جو اقتصادی طور پر منافع بخش ھو سکتی ھو اور اس کے لئے اگر وہ حکومت سے قرضہ کا مطالبہ کرے گی تو ھم کوشش کریں گے کہ ان پانچ کروڑ کے علاوہ بھی ان اداروں کے ایسے مطالبات پر ھمدردی کے ساتھ غور کیا جائے ۔ اور جہاں بھی وہ مفید اور ضروری ھوں ، وھاں کسی نہ کسی طریقے سے ان کے لئے رقم کا انتظام کیا جائے (نعرہ ھائے تحسین) اس کے علاوہ جناب والا ۔ دو کروڑ روپیہ ۔ جس طرح پہلے میں نے عرض کیا ، بارہ کروڑ موجودہ سال میں خرچ ھونا تھا اور دس کروڑ خرچ ھوگا تو یہ دو کروڑ روپیہ اس پانچ کروڑ کے علاوہ دیہی ترقیاتی پروگرام کے Pilot Project پر خرچ کیا جائے گا ۔ اور یہ روپیہ بھی اس پانچ کروڑ کے علاوہ ھوگا ۔ جناب والا ۔ وقت کی خاص کمی ھے ۔ اگر آپ فرمائیں تو میں تقریر جاری رکھوں ۔

**Mr. Speaker:** Five minutes more.

**وزیر بنیادی جمہوریت**—اب جناب والا ۔ دوسری چیز جو میں آپ کے سامنے عرض کروں گا وہ سوشل ویلفیئر یا سماجی بہبود کا کام ھے ۔ ھماری فاضل ممبر صاحبزادی محمودہ بیگم نے ایک شکوہ فرمایا جو شکوہ اصل میں فرمایا نہ گیا ۔ بلکہ اس کے جواب شکوہ کے طور پر مجھے شکوہ رھا کہ مجھے یہ معلوم نہ ھوسکا کہ شکوہ کیا تھا ۔ لیکن ان کی تقریر کے بعد میں نے ذاتی طور پر ان سے کچھ معلومات حاصل کی ھیں ۔ وہ شکوہ سماجی بہبود کے کام کے متعلق تھا ۔ جناب والا صرف چند الفاظ میں میں سماجی بہبود کے کام کے بارے میں عرض کروں گا کہ سماجی بہبود کا کام ایک ایسا کام ھے کہ اس کی بجٹ کی allocation سے اس کام کی تمام وسعت کا اندازہ نہیں کیا جا سکتا ۔ حالیہ جنگ میں جناب والا ۔ آپ کے اور معزز ارکان کے علم میں ھے ، کہ ھمارے سماجی بہبود کے اداروں نے لکھوکھا بلکہ کروڑھا روپیہ کا سامان ضرورت مند لوگوں تک پہنچایا ۔ انہوں نے از خود وہ تمام سامان جمع کیا ۔ جناب والا ۔ یوں تو عوام میں سے ھر شخص اپنی اپنی جگہ پر کام میں لگا ھوا تھا لیکن سماجی بہبود کے اداروں نے جو کام کیا ،

اگر وہ نہ کرتے تو لکھو کہا بلکہ کروڑھا روپیہ کا بار صرف حکومت پر ہوتا ۔ سماجی بہبود کے سارے کام کا اندازہ کرنے کیلئے اور اسکی وسعت کا اندازہ کرنے کے لئے بہت سے پرائیویٹ اداروں کے کام کا بھی اندازہ کرنا پڑتا ہے ۔ حکومت کا جہاں تک تعلق ہے ۔ میں نے اس سے پہلے بھی عرض کیا ہے کہ ہم جتنی voluntary agencies ہوتی ہیں ۔ ان کی حوصلہ افزائی کے لئے ان کو grants دیتے ہیں اور کئی جگہ ہم خود بھی پہل کرتے ہیں ۔ اس سلسلہ میں پچھلے سال جناب والا میں آپ کی اجازت سے عرض کرونگا کہ سترہ لاکھ چھیا سٹھ ہزار روپیے کا بجٹ تھا سماجی بہبود کا ہمارے مغربی پاکستان کا ۔ لیکن اب اسے بڑھا کر اور بہت سی نئی چیزوں کا اضافہ کر کے اس وقت قریباً پینتیس لاکھ اسی ہزار روپیہ اس سال میں ہمارا بجٹ ہوگا ۔ اور اس میں جو خاص اہم بات ہے وہ یہ ہے کہ اگرچہ ہم نے یہ کوشش بھی کی ہے کہ شہروں میں سماجی بہبود کے کام کی رفتار کو تیز تر کیا جائے لیکن یہ پہلا موقعہ ہے کہ کسی حکومت نے یہ کوشش کی ہے کہ دیہات میں بھی Rural Community Development Centers شروع کئے جائیں (نعرہ ہائے تحسین) چنانچہ شہروں میں جناب والا ۔ پہلے ہمارے ستائیس Urban Community Development Centers کام کر رہے تھے ۔ چھبیس اس سال کھولے جائیں گے ۔ اور چھ Rural Community Development Projects دیہات میں پہلی مرتبہ شروع کی جائینگی ۔ اس کے علاوہ جناب والا ۔ Child Welfare Service کا پراجیکٹ ہے ۔ In-service training کا پراجیکٹ ہے ۔ ایک Beggars Home کھولا جائیگا ۔ ایک بلڈنگ کا انتظام Destitute Women کے لئے کراچی میں کیا جائیگا ۔ ایک سکول Social Workers کی پراجیکٹ کے سلسلہ میں کھولا جائیگا ۔ Mothers and Children کے لئے Home بنایا جائے گا ۔ یہ ساری چیزیں بھی جناب والا اس کے ساتھ ساتھ جاری رکھی جائینگی ۔ اور میں امید کرتا ہوں کہ سماجی بہبود کے کاموں پر جو خرچ ہم کرینگے ۔ اس کے ساتھ ساتھ بلکہ حکومت جتنا خرچ کرے گی اس سے کئی گنا زیادہ عوام کی طرف سے خرچ کیا جائے گا ۔ اور اس طرح مجھے امید ہے کہ سماجی

بہبود کے کام میں اس سال میں انشاءاللہ مزید اضافہ ہوگا اس کے علاوہ یونین کونسلوں کو اور بنیادی جمہوریتوں کے تمام اداروں کو سماجی بہبود کے کام کے ساتھ وابستہ کر دیا گیا ہے۔ اور مجھے امید ہے کہ اس وابستگی کے ساتھ یہ کام اور زیادہ آسان ہو جائیگا۔ اور عوام 'اپنی مدد آپ'' کے اصول پر میدان میں مزید سامنے آئینگے۔

جناب والا۔ وقت کی کمی کی وجہ سے میں تھوڑا سا اور آگے بڑھنا چاہتا ہوں (قہقہہ اور قطع کلامیاں) میرا مطلب ہے کہ وقت کی کمی کی وجہ سے اس بات کو زیادہ وقت نہیں دیتا اور اس بات سے آگے بڑھنا چاہتا ہوں (قطع کلامیاں) میرے خیال میں آگے بڑھنا زیادہ بہتر ہے پیچھے ہٹنے سے۔

جناب والا۔ اب میں K.D.A کے بارے میں کچھ عرض کرنا چاہوں گا۔ بہت سے فاضل دوستوں نے K.D.A پر اعتراضات کئے ہیں۔ جہاں تک کراچی کا تعلق ہے، کراچی جناب والا۔ انتہاؤں کا شہر ہے۔ وہاں واقعی اتنی بلند عمارات ہیں کہ ان کی بلندیاں آسمان سے باتیں کرتی ہیں اور وہاں اتنی پست جھگیاں بھی ہیں کہ جو زمین کے نشیب و فراز میں چھپ کے رہ گئی ہیں، گم ہو کے رہ گئی ہیں۔ اور یہ عظیم شہر ان دونوں انتہاؤں کے درمیان رہ رہا ہے۔ K.D.A کے بارے میں بھی یہ دونوں انتہائیں ایک حد تک درست کہی جا سکتی ہیں۔ K.D.A نے جہاں جناب والا۔ اس شہر کی ترقی میں بہت اہم کردار ادا کیا ہے اور ایسی Colonies بنائی ہیں جہاں امیر طبقے کے مکانات ہیں امیر طبقہ کی کوٹھیاں ہیں وہاں K.D.A نے غریبوں اور جھگیوں میں رہنے والوں کے لئے بھی بہت سی آبادیاں تعمیر کی ہیں اور بہت سے لوگ جو جھگیوں میں رہتے تھے جن کے پاس رہائش کے مکانات نہیں تھے۔ K.D.A نے ان کے لئے کوارٹر تعمیر کئے ہیں اور وہ لوگ اب وہاں رہ رہے ہیں۔ لیکن بایں ہمہ یہ کہنا کہ سارے لوگوں کے لئے مکانات تعمیر ہو گئے ہیں۔ یہ نا درست ہو گا۔ غلط ہو گا بہت سے لوگوں کے لئے تعمیر ہو گئے ہیں۔ میں یہ عرض کروں گا کہ ہمارا تقاضا اپنے دوستوں سے یہ ہے کہ جو کچھ ہو جائے

اس کو تسلیم فرما لیجئے ۔ اور جو کچھ نہ ہو ، اس کے لئے ارشاد فرمائیے ۔ ہم ہر وقت اسے کرنے کے لئے تیار ہونگے۔ لیکن یہ کہ جو ہو جائے اس کے بارے میں ذکر نہ کرنا اور جو نہ ہو ، اس کا ذکر کرنا ، یہ حوصلہ شکنی کے بھی مترادف ہوتا ہے اور حقائق سے پہلوتہی بھی ہوتی ہے ۔ جہاں تک K.D.A کا تعلق ہے ، آپ جاکر دیکھیے کراچی آپ کا اہم ترین شہر ہے ۔ اور اس کی ترقی اور تعمیر میں K.D.A کی اکیس Colonies شامل ہیں کچھ مکمل ہو چکی ہیں ۔ کچھ زیر تکمیل ہیں ۔ کچھ پر کام کی ابتدا ہو رہی ہے ۔ لیکن وہ ساری تعمیر ، وہ کشادہ سڑکیں ، وہ اچھے مکانات ، وہ اچھی Planning ، وہ ساری چیزیں اس بات کی دلیل ہیں کہ مستقل طور پر ترقی کا کام ہو رہا ہے ۔ جناب والا ۔ کراچی کا شہر اس تیزی کے ساتھ ترقی کر رہا ہے کہ پاکستان بننے کے بعد سے کئی دفعہ زندگی خود اس کی تیزی سے پیچھے رہ جاتی ہے ۔ اور زندگی کے مسائل اس سے پیچھے رہ جاتے ہیں ۔ اس وجہ سے یہ بات درست ہے کہ کراچی کے مسائل بڑے وسیع ہیں K.D.A جتنا بھی کام کرے K.M.C جتنا بھی کام کرے ، چونکہ زندگی بڑی تیز جا رہی ہے ، اس لئے اس کے مسائل بھی اس سے تیز تر جائیں گے اور ان مسائل تک پہنچنے کے لئے زندگی کا اور اس تیزی کا جو gap ہوگا اسے کم کرنے کے لئے ضرور کچھ وقت لگے گا ۔ میرے پاس لیاری کے کچھ لوگ تشریف لائے تھے ۔ اور دوسری آبادیوں کے دوست بھی تشریف لائے تھے ۔ وہاں ان کو ملکیت دینے کا مسئلہ ہے ۔ جس میں دیر ہو رہی ہے ۔ میں جناب والا ۔ اس ایوان کو آپ کی وساطت سے اطلاع دینا چاہتا ہوں کہ اس بارے میں ہم پہلے ہی بڑے اقدامات کر رہے ہیں ۔ اور مزید میں نے ہدایت جاری کر دی ہے ۔ اور K.D.A. نے اس کا lay out تیار کرکے اور plan بنا کر K.M.C. کو بھیج دیا ہے اور K.M.C. کو بھی ہم ہدایت کر رہے ہیں کہ عوام کی اس تکلیف کے فوری ازالہ کے لئے اقدامات کئے جائیں ۔ اور مجھے امید ہے ۔ کہ جہاں کہیں عوام کی طرف سے کوئی کام سرانجام دینے کا تعلق ہوگا ۔

اس ایوان کے معزز اراکین بھی ہمارے ساتھ تعاون کریں گے اور ہم عوام کی ضروریات کو پورا کر سکیں گے۔ لیاری کے مسائل پر بھی خصوصی توجہ گئی دی ہے۔ وہاں کی water supply کے لئے K.D.A. نے قریباً دو کروڑ تینتیس لاکھ کی سکیم بنائی ہے جس میں سے ابتدائی رقم قریباً چار لاکھ پچاس ہزار اس سال کے لئے رکھی گئی ہے۔ اور ہر ممکن کوشش کی جارہی ہے کہ کراچی کے شہری کو صحیح طور پر اور خاص طور پر غریب شہری کو شہری مفاد پہنچائے جائیں۔ جناب والا۔ ایک اور مسئلہ کے بارے میں کراچی کے دوستوں نے خاص طور پر فرمایا ہے۔ اور وہ ہے Karachi water supply scheme کی transfer کا مسئلہ۔ اس سلسلہ ہی میں عرض کرونگا کہ آخری میٹنگ، ہونے والی ہے کراچی کے ممبر اور وائس چیئرمین مجھے ملنے تھے۔ میں نے ان کے سامنے وہ مسائل رکھے تھے اور ان کے بارے میں ان کی تجاویز مانگی ہیں۔ ان تجاویز پر غور کرنے کے بعد جو چیز عوام کے بہترین مفاد میں ہوگی وہ کی جائے گی۔ میں نے وہاں بھی انہیں کہا تھا کہ ہمیں K.D.A. عزیز نہیں۔ ہمیں K.M.C. عزیز نہیں۔ ہمیں پاکستان کے عوام عزیز ہیں اور جس چیز میں پاکستان کے عام شہری کا بھلا ہوگا ہم اسی کے حق میں فیصلہ کریں گے۔ چاہے ہمارے اس فیصلے سے وقتی طور پر کوئی شخص ناراض بھی ہو جائے (نعرہ ہائے تحسین)

جناب والا۔ اب میں چند الفاظ لاہور شہر کے بارے میں عرض کرنا چاہتا ہوں میرے لاہور کے دوستوں نے خصوصی طور پر فرمایا تھا۔ جہاں تک دفعہ ۸۱(۳) کا تعلق ہے۔ اس پر خاصی بحث ہوئی ہے اور بہت کچھ کہا گیا ہے۔ میرے فاضل دوست میاں محمد شفیع نے فرمایا ہے کہ کارپوریشن ۵۰ فیصد رقم اپنی طرف سے ادا کرے گی۔ اور ۵۰ فیصد رقم عوام پر ڈالی جائے گی۔ اس سے پہلے ساری رقم مقامی لوگوں کو ادا کرنا پڑتی تھی۔ لیکن اب ۵۰ فیصد رقم کارپوریشن ادا کرے گی اور بقایا ۵۰ فیصد مقامی لوگ ادا کریں گے۔ اس سلسلہ میں مناسب منصوبہ

بنانے کے لئے لاہور کارپوریشن کو کہہ دیا ہے - اس سال کارپوریشن نے ۲۰ لاکھ کی رقم رکھی ہے تاکہ لاہور میں پختہ سڑکیں اور نالیاں بنائی جائیں - بجلی مہیا کرنے کے لئے پہلے ہی رقم مہیا کی گئی ہے - لاہور کی ۷۰ یونین کمیٹیوں کے چیئرمینوں سے پوچھا تھا کہ وہ اپنے علاقہ کا انتخاب کر کے کارپوریشن میں نمائندے بھیجیں - اس کے لئے ایک واضح منصوبہ بنا لیا ہے - یہ کوشش کی جا رہی ہے کہ ایسے علاقوں میں جو زیادہ ترقی یافتہ نہیں ہیں وہاں زیادہ سے زیادہ سہولتیں بہم پہنچائی جائیں - لاہور امپروومنٹ ٹرسٹ کی تین سکیموں کے لئے ۱۸ لاکھ روپیہ موجودہ بجٹ میں رکھا گیا ہے - ان چیزوں کے لئے feasibility report آنے کے بعد سروے کیا جائے گا - اگر کچھ رقم بچ گئی تو اس سے زمین بھی acquire کی جائے گی - یہ تینوں چیزیں حکومت کے سامنے پھر آئیں گی انشاءاللہ - یہ کوشش کی جا رہی ہے کہ عوام کے اس مطالبہ کے لئے ہمارے وسائل کس حد تک اجازت دیتے ہیں - ان کے مطابق عمل در آمد کیا جائے گا -

اس کے بعد صرف ایک بات Public Health Engineering کے متعلق عرض کروں گا اور وہ یہ ہے کہ Rural water supply کا جہاں تک تعلق ہے اس کی ۱۶۳ سکیموں پر عمل در آمد ہو رہا ہے - Urban water supply کی ۵۳ سکیموں پر عمل در آمد ہو رہا ہے - وسائل کی کمی کی وجہ سے جتنی On-going سکیمیں ہیں یعنی جتنی سکیمیں چل رہی ہیں - پہلے ان کی تکمیل کر دی جائے گی - اس میں صرف ایک نئی سکیم شامل کی گئی ہے - میجر اسلم جان صاحب کی اطلاع کے لئے عرض کردوں کہ ایک نئی سکیم ۲۰ لاکھ کی ہے - یہ New water supply scheme یا Greater water supply Scheme راولپنڈی میں دوسری phase کے بارے میں ہے - اس چیز کا حکومت کو پہلے ہی احساس ہے اور وہ اس کے بارے میں پہلے ہی مناسب اقدامات کر رہی ہے -

جناب والا - کہنے کو تو اور بھی بہت سی باتیں تھیں لیکن مجھے وقت کا احساس ہے اور میں آپ کے چہرے کے تاثر لے رہا ہوں اور اپنی تقریر ختم کر دینا چاہتا ہوں -

**مسٹر سپیکر** ۔ آپ کو کچھ تاثر شیخ صاحب کے چہرے سے بھی لینا چاہئے تھا ۔

**وزیر دلدیات** ۔ شکریہ ۔ میں تو جناب کا چہرہ ہی دیکھ رہا تھا ۔

**وزیر خزانہ** (شیخ مسعود صادق) ۔ جناب والا ۔ بجٹ کے متعلق جو کچھ میں نے عرض کرنا تھا ۔ اس سلسلہ میں میرے رفیق کار میاں محمد یسین خاں وٹو صاحب بہت کچھ فرما چکے ہیں ۔ اس بجٹ پر بحث کرتے ہوئے معزز ممبران نے جتنی تقریریں کی ہیں ۔ اگر ان سب کا جواب دوں تو شاید چند گھنٹے لگ جائیں اس لئے میں مختصراً عرض کروں گا ۔

**مسٹر حمزہ** ۔ کیا بسم اللہ پڑھ لی ہے ۔

**Mr. Speaker** : There should be no interruption.

**وزیر خزانہ** ۔ میں تو بسم اللہ پر ایمان رکھتا ہوں ۔ اور دل میں ہے ۔ لیکن آپ تو صرف لوگوں کو دکھانے کے لئے کرتے ہیں ۔ آپ تو میرے حج پر بھی اعتراض کریں گے ۔ کیونکہ آپ حج میں believe نہیں کرتے ۔

جناب والا ۔ میں نے معزز ممبران کی تقاریر کو بغور سنا ہے ۔ اور مجھے اس بات کا احساس ہے ۔ ان میں بہت سے اصحاب نے معیاری تقریریں کی ہیں ۔ ان میں اکثر ایسے معزز ممبران بھی ہیں جنہوں نے میزانیہ کی تعریف کی ہے ۔ چند ممبران نے بد تعریفی بھی کی ہے ۔ لیکن حمزہ صاحب سمیت میں دونوں کا شکر گذار ہوں ، جناب والا ۔ تنقید دو قسم کی ہوتی ہے ۔ ایک تنقید تعمیری ہوتی ہے اور ایک تنقید تخریبی ہوتی ہے ۔ جس طرح منور خاں اور حمزہ صاحب نے کی ہے ۔ Destructive تقریر کرنا کوئی بڑی بات نہیں ۔ کیونکہ اگر آپ مجھ سے کہیں ۔ کہ اسمبلی کی بلڈنگ میں کوئی نقص نکالو تو میں کتنے نقص نکال دونگا ۔ لیکن اگر آپ کہیں کہ اسے improve کردیں تو میں نہیں کر سکوں گا ۔

**مسٹر حمزہ** ۔ آپ کو امریکن تنقید چاہئیے ۔

**وزیر خزانہ** ۔ آپ کے دماغ میں تو امریکہ گھسا ہوا ہے (قہقہہ) ۔

**مسٹر حمزہ** ۔ نہیں آپ کے بجٹ پر سوار ہے ۔

**Minister for Finance**: Sir with these interruptions I cannot proceed.

**Mr. Speaker**: I would request Mr. Hamza that there should be no interruption.

**وزیر خزانہ** ۔ جناب والا ۔ میں نے اور محکمہ مالیات کے افسران نے کبھی یہ دعوے نہیں کیا کہ یہ میزانیہ بے عیب ہے ۔ یا بغیر کسی نقص کے ہے ۔ انسان سے غلطی ہو جاتی ہے ۔ اور آپ کی خدمت میں سچ عرض کرتا ہوں کہ اس میں کوئی غلطی جان بوجھ کر نہیں کی گئی ۔ سہواً رہ گئی ہو تو میں کہہ نہیں سکتا ۔

جناب والا ۔ بجٹ کو تیار کرنا کوئی آسان بات نہیں ۔ آپ کو پہلے اپنے ملک کے مسائل کا جائزہ لینا ہوتا ہے ۔ پھر باہر کے مسائل کو دیکھنا ہوتا ہے ۔ اور ان سب کا اکٹھا جائزہ لینا ہوتا ہے ۔ اس کے بعد یہ دیکھنا ہوتا ہے ۔ کہ ہمارے محکمہ جات کی کیا کیا demands ہیں اگر حکومت کے تمام محکمہ جات کی demands پوری کرنی ہوں تو اس وقت جتنا میزانیہ پیش کیا ہے ۔ اس [illegible] سے دس گنا درکار ہوگا ۔ علاوہ ازیں ہاؤس میں جو تقریریں ہوئی ہیں ۔ اگر ان کے مطابق ضروریات پوری کی جائیں ۔ تو ۵۰ گنا بڑا میزانیہ درکار ہوگا ۔ جناب والا ۔ یہ نہایت ضروری چیز ہے کہ ہمیں اس بات کا بھی اندازہ کرنا ہوتا ہے ۔ کہ کسی محکمہ میں کس کام کی زیادہ ضرورت ہے ۔ پھر پوری طرح سوچ بچار کرکے رقوم مختص کی جاتی ہیں ۔ یہ صحیح ہے کہ اس وقت ہمارے پاس اتنا know how موجود ہے ۔ کہ عام میزانیہ اور ترقیاتی میزانیہ کے سائز کو دو گنا کردیا جاتا تو ہم پھر بھی اسے پورا کر سکتے تھے ۔ لیکن مشکل یہ تھی کہ ہمارے پاس رقم موجود نہیں تھی ۔ روپیہ موجود نہیں تھا ۔ اس لئے اسے اتنا بڑا نہیں کیا ۔

میں اپنے جوان بخت فائننس سکریٹری مسٹر مختار مسعود اور دیگر افسران کا جنھوں نے رات دن اور میرے اپنے علم میں ۱۵-۱۰ گھنٹے کام کیا ہے - شکریہ ادا کرتا ہوں - جناب والا اگر میں یہ کہوں کہ حالیہ بھارت کی جنگ نے اس میزانیہ پر کچھ اثر نہیں ڈالا تو غلط ہوگا آپ کو یاد ہوگا کہ ۶ ستمبر سنہ ۱۹۶۵ء کو بھارت نے نہایت بزدلانہ اور رات کی تاریکی میں بغیر الٹیمیٹم دیئے ہوئے حملہ کیا تھا -

## خاں منور خاں - جبکہ ہم سوئے ہوئے تھے -

**وزیر خزانہ** - ہماری فوجیں نہیں سوئی ہوئی تھیں آپ سوئے ہوئے تھے - ہماری افواج نے جس بہادری اور جرأت سے مقابلہ کیا اسکی مثال دنیا بھر میں نہیں ملتی - بھارت کا رقبہ ہم سے ۴ گنا زیادہ ہے بھارت کی آبادی ہم سے ساڑھے چار گنا زیادہ ہے اور بھارت کی بری ، بحری اور ہوئی افواج ہم سے ۴ گنا سے سات گنا زیادہ ہیں اور اسکا اسلحہ بھی کم سے کم ہم سے ۶ گنا زیادہ ہے لیکن اسکے باوجود ہماری بہادر افواج نے انکا ڈٹ کر مقابلہ کیا اور انکو شکست فاش دی - اسکا ایک راز یہ تھا کہ ہمارا ایک خفیہ ہتھیار تھا جسکا بھارت کو پتہ نہیں تھا چونکہ ہمارا اللہ پر بھروسہ تھا ، ایمان کی طاقت تھی اور ہماری افواج نے جہاد سے سرشار ہو کر ڈٹ کر مقابلہ کیا - آپ نے سنا ہوگا کہ انسان آگے آگے بھاگتا ہے لیکن موت اسکا تعاقب کرتی ہے لیکن ہماری بہادر افواج موت کا تعاقب کر رہی تھیں -

## خاں منور خاں - بجٹ پر آئیے -

**وزیرخزانہ** - جناب میں بتاتا ہوں کہ یہ بجٹ کی ایک شق ہے - اس جنگ کا اثر میزانیہ پر پڑا - اسمیں ہمارے عوام کا بھی بڑا کردار تھا - عام طور پر ایسے وقت میں چیزوں کی قیمتیں بڑھ جاتی ہیں - اشیاء ختم ہو جاتی ہیں - کرنسی کی قیمت گر جاتی ہے - لیکن

یہاں ہر چیز الٹی ہوئی - اشیاء بڑھ رہی تھیں - کرنسی کی قیمت میں کوئی فرق نہیں آیا قیمتیں گر گئیں اور ساری قوم بچے ، بوڑھے ، مرد ، عورتیں اور سب پارٹیاں اکٹھی ہوگئیں - اور میں تو یہ کہوں گا کہ یہ لڑائی ہمارے لئے بہت اچھی ثابت ہوئی ، ہمنے اس ۱۷ دن کی لڑائی میں وہ استفادہ کیا تھا جو ہم ۱۷ برس میں نہ کر سکے تھے اور یہی وجہ تھی کہ جب یہ نیا میزانیہ آیا تو آپ کی حکومت نے اس چیز کا سہیہ کیا کہ ہماری قوم کا ہر فرد چونکہ ہر وقت جانی اور مالی قربانی دینے کیلئے تیار رہا اس لئے ہم نے یہ فیصلہ کیا کہ اگر نئے ٹیکس لگائے بغیر یہ میزانیہ متوازن ہو جائے تو اسکی کوئی ضرورت نہیں ہے - اس بغیر ٹیکس کے میزانیہ کا سارا credit ہمارے عوام کو جاتا ہے -

**Khan Munawar Khan :** Here you are right.

**وزیر خزانہ** - اب جناب اس معزز ایوان کے سامنے میں پیش کروں گا کہ ان اعتراضات کا جواب دے سکوں جو یہاں کئے گئے ہیں - سب سے پہلے میں منور خان صاحب کی اس بات کا جواب دوں گا جو انہوں نے فرمائی ہے کہ جب سے پاکستان معرض وجود میں آیا ہے اس وقت سے یہاں کچھ بھی نہیں ہوا - میں عرض کروں گا کہ وہ ہمیشہ کچھ نہیں ہوا کا نعرہ لگاتے رہیں گے -

**وزیر مال** - وہ اندھے ہیں ان کو دکھائی نہیں دیگا -

**وزیر خزانہ** - اب میں facts and figures بیان کرتا ہوں - Revenue receipts میں ۱۹۵۵-۵۶ء میں ۵۱ کروڑ ۶ لاکھ تھیں - ۱۹۶۶-۶۷ء میں میزانیہ ۱۷۷ کروڑ ۵۶ لاکھ ہوگیا یعنی ۲۴۸ فیصدی کا اضافہ ہوا اور جو رفاہ عام کے اخراجات کا خرچ تھا وہ ۱۹۵۵-۵۶ء میں ۱۴ کروڑ ۴۴ لاکھ تھا - ۱۹۶۶-۶۷ء میں وہ ۴۶۴۷ لاکھ ہوگیا - یعنی ۳۲۸ فیصدی کا اضافہ ہوگیا - ترقی یافتہ اخراجات جو کہ صوبہ میں ۱۹۶۰-۶۱ء میں یعنی صرف پانچ برس پہلے ۷۶ کروڑ روپے تھے

وہ اس سال ۱۹۰ کروڑ ۳۷ لاکھ ہوگئے یعنی ۱۵۰ فیصدی کا اضافہ ہوا - پختہ سڑکیں یعنی metalled اور non-metalled (میں بڑی سڑکوں کی بات کر رہا ہوں) جب integration ہوا تھا ۱۹ ہزار ۱۰۲ میل لمبی تھی اور گو میرے پاس latest فیگرز موجود نہیں ہیں لیکن اب قریب قریب ۲۳٬۳۱۳ میل ہوچکی ہیں - ظاہرا طور پر اضافہ ساڑھے چار ہزار میل کا ہے - بہر حال یہ اضافہ بہت زیادہ ہے - آپ کو یاد ہوگا یہ وہ سڑکیں ہیں جنکا گولا ۹ نٹ کا تھا - اسکے علاوہ نئے پل بنائے گئے اور بہت سے پلوں کا اجراء کیا گیا - یہ mileage کے حساب سے کم معلوم ہوتے ہیں - مگر سڑکوں میں بے پناہ اضافہ ہوا جیسا کہ میں نے اپنی میزانیہ کی تقریر میں کہا تھا ایک آٹو بان کراچی سے حیدرآباد اور ایک آر - سی - ڈی کی جرنیلی سڑک کراچی سے زاہدان تک - ایگری کلچر کے بارے میں بھی بہت کچھ کیا گیا ہے - The use of fertilizer has been very popular and its sale has gone up.

(قطع کلامی) میں بلیک کی بات بھی کرتا ہوں - آپ کو سارا کچھ بلیک ہی نظر آتا ہے - آپ کو اندھیرا نظر آتا ہے آپ بلیک ہی ہر ایک کو دیکھتے ہیں - ۱۹۶۲-۶۳ء میں ہم نے جو کھاد سپلائی کی وہ ایک لاکھ ۹۷ ہزار ٹن تھی اور ۱۹۶۵-۶۶ء میں اس کو بڑھا کر ۳ لاکھ ۳۰ ہزار ٹن کیا گیا - ۱۹۶۲-۶۳ء میں خرچ ۳ کروڑ ۲۰ لاکھ تھا - ۱۹۶۵-۶۶ء میں ۸ کروڑ تھا - میں subsidy کی بات کر رہا ہوں جو ہم نے دی تھی - اب میرے بھائیوں نے اعتراض کیا ہے کہ یہ subsidy ۵۰ فیصدی سے کم کر کے ۳۰ فیصدی کر دی ہے - یہ ٹھیک نہیں وہ بھولتے ہیں بلکہ اب کے ہم نے ۱۰ لاکھ ٹن کھاد ایگری کلچر کے لئے مہیا کرنی ہے - ۱۹۶۵-۶۶ء میں جو خرچ ۸ کروڑ تھا اس کو بڑھا کر ۱۱ کروڑ کر دیا گیا ہے یعنی ۳ کروڑ بڑھا دیا گیا ہے بلکہ میں کہوں گا کہ وہ زیادہ subsidy دی گئی ہے - اور پھر ایگری کلچر کے بارے میں کہا گیا ہے کہ کچھ بھی نہیں کیا گیا - میں عرض کروں

گا کہ integration کے وقت محکمہ زراعت کے پاس ایک بھی مشین نہیں تھی اب ۱۹۶۶-۶۷ کے بجٹ میں ۷۰۷ ہیں اور ۱۹۶۷-۶۸ء کے بجٹ میں ایک ہزار تیس (۱۰۳۰) ہو جائیں گی یہ بھی کہا گیا ہے کہ ایگری کلچر سیکٹر میں کمی کی گئی ہے تو ایسا کہنا بھی درست نہیں ہے ۔ میں آپ کو اعداد و شمار پڑھ کر سناتا ہوں کہ واٹر اور پاور ایگری کلچر کی main-stay ہیں ۔ اگر یہ دونوں چیزیں نہ ہوں تو ایگریکلچر کی حالت کبھی درست نہ رہے ۔ آپ کے پلاننگ کمیشن نے جو اس کا target مقرر کیا تھا سیکنڈ ایرپلین کا وہ ۴۲۵۰ فیصدی تھا لیکن جو اعداد و شمار میں پیش کروں گا ان کے مطابق ہم نے ۵۲ فیصدی کر دیا ہے ۔ ۱۹۶۵-۶۶ء میں واٹر پاور کا جو بجٹ تھا وہ ۶۲ کروڑ ۹۶ لاکھ تھا اور ایگریکلچر کا ۳۱ کروڑ ۶ لاکھ ۔ ٹوٹل ۹۳ کروڑ ۲ لاکھ تھا ۔ ۱۹۶۶-۶۷ء میں واٹر پاور کا ۴۶ کروڑ ۴۲ لاکھ اور ایگریکلچر کا ۲۰ کروڑ ۸۵ لاکھ ۔ ٹوٹل ۶۷ کروڑ ۲۷ لاکھ اور ۱۹۶۶-۶۷ء میں واٹر اینڈ پاور کا جو تھا وہ ۶۸ کروڑ ۸۴ لاکھ اور ایگریکلچر کا ۲۶ کروڑ ۶۰ لاکھ یعنی ۹۰ کروڑ ۴۹ لاکھ ۔ تو میرا کہنے کا مطلب یہ ہے کہ ۱۹۶۵-۶۶ء سے ہر حال میں زیادہ ہے ۔

**Mr. Munawar Khan :** I could n't follow.

**وزیر خزانہ** ۔ آپ follow کر ہی نہیں سکتے follow کرنے کے لئے بھی عقل چاہئے ۔

انڈسٹریل سیکٹر اور ایگریکلچر سیکٹر سے جسطرح آپ کہتے ہیں علیحدہ کیا جا سکتا ہے یہ ناممکن چیز ہے کیونکہ آپ کو پتہ ہے کہ اگر کھاد کا کارخانہ بنتا ہے تو وہ انڈسٹریل سیکٹر میں شمار ہوتا ہے لیکن اس کا سارا فائدہ ایگریکلچر کو جاتا ہے ۔ اگر سیمنٹ کا کارخانہ بنتا ہے ۔ جیسے آپ کا منگلا ڈیم بن رہا ہے تو اس میں تین چار کارخانے کا سیمنٹ لگتا ہے اس کا سارا اثر بھی زراعت پر پڑتا ہے ۔ اگر بجلی بنتی ہے اور بجلی کی مشینیں بنتی ہیں

اور وہ بھی آپکے ٹیوب ویلوں میں نصب ہوتی ہیں تو ان سب چیزوں کا اثر بھی زراعت پر پڑتا ہے - اگر کوئی شوگر کی فیکٹری بنتی ہے تو اسکے لئے گنے کی ضرورت ہوتی تو اس کا بھی فائدہ زراعت کو ہوتا ہے - اگر کوئی ٹیکسٹائل مل بنتی ہے تو آپ کو کپاس کی ضرورت ہوتی ہے - تو اس کا فائدہ بھی زراعت کو جاتا ہے تو یہ کہنا کہ اس کو بالکل علیحدہ کر کے دکھایا جائے تو وہ یہ ممکن چیز نہیں - میں آگے چل کر دیکھاؤں گا کہ علیحدہ کر کے بھی ہم نے بہت زیادہ رقم اس کو دی ہے - انڈسٹری کے بارے میں عرض کروں گا کہ ۱۹۵۰ء میں سیمنٹ کی پیداوار ۶ لاکھ ۲۷ ہزار ٹن تھی اور میرے پاس اعداد و شمار نہیں ہیں - ۱۹۶۴ء میں سیمنٹ کی پیداوار ۱۴ لاکھ ۷۳ ہزار ٹن تھی اور ۱۹۶۶ء میں بے شمار پیداوار ہوئی اور اس سے بھی بڑھ گئی - شوگر کی پیداوار بھی بڑھی - ۱۹۶۴ء میں ڈیڑھ لاکھ ٹن ہوگئی اور اب ساڑھے تین لاکھ ٹن ہے - کیمیکل فرٹیلائزر کی پیداوار جو ۱۹۵۷ء میں ۱۰۲۴ ٹن تھی وہ ۱۹۶۴ء میں ایک لاکھ ۴۸ ہزار اور ۸۰۸ ٹن ہوگئی اور ٹھنڈے کپڑے کی جو ۱۹۵۰ء میں ۳۸ کروڑ ۹۰ لاکھ گز پیداوار تھی وہ بڑھ کر ۱۹۶۴ء میں ۱۷ کروڑ گز ہوگئی - ۱۹۶۶ء کی فگرز ممکن ہے کئی گنا بڑھ گئی ہونگی - ممکن ہے کہ سینکڑوں میں چلی گئی ہوں - یہ بھی کہا گیا ہے کہ انڈسٹریز لگاتے وقت دیکھتے نہیں ہیں لیکن میں کہتا ہوں کہ جو بھی انڈسٹری لگے گی اس میں ہمیں یہ دیکھنا پڑتا ہے کہ یہ نفع بخش ہو سکتی ہے یا نہیں - اس کے لئے سب سے پہلی چیز جو دیکھنی ہوتی ہے وہ یہ کہ مواصلات کی حالت تسلی بخش ہے یا نہیں - آیا ریلوے لائن وہاں موجود ہے یا نہیں - سڑک موجود ہے یا نہیں اور دوسرے یہ کہ انڈسٹری کس سے چلے گی آیا کوئلہ کا استعمال ہوگا یا بجلی کا یا گیس سے چلے گی - مثلاً خام مال ہے اور اس کو ہزار میل پر لیجانا ہے تو یہ چیز بھی دیکھنی

پڑتی ہے کہ اگر اس کے لیجانے کا کوئی خاطر خواہ انتظام نہیں ہے تو انڈسٹری کیسے چلے گی - تو یہ ایسی چیزیں ہیں جو انڈسٹری لگاتے وقت دیکھی جاتی ہیں - اب اس چیز کا بھی خیال رکھا جا رہا ہے کہ کوئی انڈسٹری سرحد کے پاس نہ لگائی جائے اور حکومت کی اب انشاالله یہ پالیسی ہو گی کہ انڈسٹری کو بارڈر کے پاس نہ لگایا جائے اور اس کی وہاں حوصلہ افزائی نہ کی جائے -

اب میں کچھ صحت کے بارے میں عرض کرتا ہوں - ہسپتالوں کی تعداد سن ٥٦ میں ٣٣٥ تھی - سن ٦٥ میں ٣٧٣ - ڈسپنسریاں- سن ٥٦ میں ٩٨٠ تھیں اور سن ٦٥ میں ١،٥٩٧ تھیں - ہسپتالوں اور ڈسپنسریوں میں beds کی تعداد سن ٥٦ میں ١٩ ہزار ٣٩٨ تھی اور اب ٢٣ ہزار ٧٥٢ ہے - رورل ہیلتھ سینٹرز سن ٦١ میں چھ تھے اور سن ٦٥ میں ٧٩ - میڈیکل ایجوکیشن کے بارے میں عرض کرونگا - یہ صحیح ہے کہ میڈیکل کالج ایک ہی بڑھایا گیا ہے لیکن طلبا کی تعداد سن ٥٦ میں ٥٥٨ تھی - سن ٦٣ میں ٦٥٥ اور سن ٦٥ میں ٧٦٥ - رجسٹرڈ ڈاکٹروں کی تعداد سن ٥٦ میں ٣١٨ - سن ٦٥ میں ٩،٧٢٥ - رجسٹرڈ نرسیں جو تھیں وہ سن ٥٦ میں ١،٧٥٩ تھیں اور سن ٦٥ میں ٣،٣٣٠ ہو گئیں - لیڈی ہیلتھ وزیٹرز سن ٥٦ میں ٢٥٣ اور سن ٦٥ میں ١،١٠١ ہو گئی تھیں -

جناب والا - بیرونی امداد کے متعلق بھی کچھ کہا گیا ہے میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ایک ترقی پذیر ملک کے لئے بغیر بیرونی امداد کے ترقی کرنا بہت مشکل ہے - آپ کی حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ جو بھی بیرونی امداد ہم لیں گے وہ without strings ہوگی -

**مسٹر حمزہ** - محض کہنے سے کیا بنتا ہے -

**وزیر خزانہ** - ہم جناب تہیہ کر چکے ہیں کہ جب بھی بیرونی امداد لینگے وہاں دو چیزیں ضرور دیکھتی ہیں - ایک تو ملک کی آزادی کو بحال رکھنا ہے اور دوسرے ملک کی سالمیت کو (تالیاں)- یہ کہنا جذباتی ہوتا ہے کہ بیرونی امداد مت لو - بیرونی امداد دو قسم کی ہے - ایک قرضہ جات کی صورت میں - اور ایک مفت بھی ملتی ہے - ہم تو زیادہ تر قرضوں کی صورت میں بیرونی امداد لے رہے ہیں - اگر یہ کہا جائے کہ اس سے ضرور ہماری سالمیت اور آزادی میں فرق پڑیگا تو

میں یہ کہونگا کہ امریکہ نے پولینڈ، یوگو سلافیہ اور کئی دوسرے کمیونسٹ ملکوں کو بے شمار امداد دی ہے ۔ لیکن وہ اب بھی کمیونسٹ ہی ہیں ۔ متحدہ عرب جمہوریہ کو بھی امریکہ نے امداد دی ہے لیکن اس کی فارن پالیسی میں کوئی فرق نہیں آیا ۔ آپ یہ کیوں سمجھتے ہیں کہ ہماری آزادی میں فرق آ جائے گا مگر چونکہ ان کا ذہن ہی ایسا ہے اس لئے وہ اپنے ذہن کے مطابق سوچتے ہیں چونکہ وہ کالی عینک لگا کے بیٹھے ہیں اس لئے انہیں ہر چیز کالی نظر آتی ہے (تالیاں) ۔

یہ بھی کہا گیا ہے جناب کہ اس میزانیہ میں ہم نے بیرونی امداد پر زیادہ انحصار کیا ہے ۔ میں عرض کرونگا میرے پاس اعداد شمار ہیں کہ ۶۵-۱۹۶۴ء کے میزانیہ میں جو ہمارا سالانہ ترقیاتی پروگرام تھا وہ ۱۸۱ کروڑ روپے کا تھا ۔ اور اس سال فارن ایڈ ۴۹ کروڑ ۶۰ لاکھ تھی ۔ گویا ۲۷٫۴ فیصد ۔ چونکہ آپ نے کہا تھا کہ آپ کا جو یہ بجٹ ہے اس میں اکثریت بیرونی امداد کی ہے اس لئے اس کے متعلق عرض کر رہا ہوں ۔

۶۶-۱۹۶۵ء میں ۱۴۰ کروڑ کا نظر ثانی شدہ بجٹ تھا اور فارن ایڈ ۴۴ کروڑ ۴۰ لاکھ روپے تھی ۔ گویا ۳۱٫۷ فیصد۔ ۶۷-۱۹۶۶ء کے میزانیہ میں ۱۹۰ کروڑ کا بجٹ ہے اور بیرونی امداد ۵۵ کروڑ ۱۳ لاکھ ہے ۔ یعنی ۲۸٫۹ فیصد۔ جو کہ بہت کم ہے ۔ یہ بھی کہا گیا ہے کہ ہم نے شہداء کے ورثا کے لئے کچھ نہیں کیا ۔ عرض ہے کہ مرکزی حکومت نے شہداء کی بیوگان اور یتامٰی کو پوری پنشن دی ۔ آپ کی حکومت کے پاس صرف پراپرٹی ٹیکس کا ایک محکمہ تھا وہ ہم نے انہیں چھوڑ دیا ہے ۔

تعلیم میں جناب ہم نے tempo اتنا بڑھایا ہے کہ کمال کر دیا ہے ۔ وحدت مغربی پاکستان سے پہلے ۴۸-۱۹۴۷ء میں صرف تعلیم کی مد پر ۲ کروڑ ۲۷ لاکھ کی رقم مختص کی گئی تھی۔ سارے صوبے میں جمع کر کے دیکھا ہے میں نے ۶۵ - ۱۹۶۴ء میں ہم نے یہ رقم ۳۹ کروڑ ۸۴ لاکھ کر دی یہ ۱۲۵۸۸ فیصد اضافہ ہے (تالیاں) ۔

Annual rate of increase is one crore between 1947-48 and 1959-60, when it jumped to Rs. 5,30,00,000 per annum between 1959-60 and 1964-65.

اب جو تعلیمی اداروں کی تعداد میں اضافہ ہوا ہے وہ ۱۷ء۱۰ فیصد سے ۸۰ء۱۲۱ ہے - ۴۸ - ۱۹۴۷ء سے ۶۰ - ۱۹۵۹ تک -

The increase being 930 institutions per year between 1947-48 and 1959-60 as against 3690 per annum between 1959-60 and 1964-65.

ٹیکنیکل تعلیم کے شعبہ میں جو ۵۹-۱۹۵۸ میں بنا تھا -

Since then 26 technical institutions have been established.

اب میں تعلیم کے بارہ میں عرض کرتا ہوں - ۴۸-۱۹۴۷ء میں پرائمری سکولوں کی تعداد ۷۰۹۸ تھی اور ۵۶-۱۹۵۵ میں ۱۴۳۱۹ تھی ۶۵-۱۹۶۴ء میں یہ تعداد ۳۵ ہزار ہوئی تھی - گویا ۱۹۴۷ء سے ۱۹۶۰ء تک یہ تعداد ۸ ہزار سے ۳۵ ہزار ہوئی - مڈل سکولوں کی تعداد ۴۸-۱۹۴۷ء میں ۱۶۷۷ تھی وحدت پاکستان کے وقت ۵۶-۱۹۵۵ء میں ۱۸۱۶ تھی - ۶۵-۱۹۶۴ء میں ۲۸۲۶ ہوئی - سیکنڈری سکول ۴۸-۱۹۴۷ء میں ۳۲۷ تھے - وحدت مغربی پاکستان کے وقت ۸۳۹ تھے اب ۱۶۰۰ ہیں انٹرمیڈیٹ کالج ۴۸-۱۹۴۷ء میں ۴ تھے - وحدت کے وقت ۵۶-۱۹۵۵ء میں ۱۱ تھے- ۶۵-۱۹۶۴ء میں ۱۰۳ تھے - پھر بھی آپ کہتے ہیں کہ کچھ نہیں ہوا تو کہتے رہیں - یہ بھی کہا گیا ہے کہ سول کی انتظامیہ پر آگے سے نسبتاً بہت زیادہ رقم خرچ ہوتی ہے

On the basis of the comparison of revised estimate for 1965-66 and budget estimate for 1966-67, there is an increase of 9 per cent in expenditure of civil administration. On the other hand, the increase during the same period for the beneficent departments works out to 17 per cent, and not 2 per cent as alleged by Mr. Farooqi.

سول ایڈمنسٹریشن پر ۶۶-۱۹۶۵ء میں ۲۵ کروڑ ۲۳ لاکھ کا خرچ تھا - ۶۷-۱۹۶۶ء میں یہ خرچ ۵۳ لاکھ ہے گویا اس میں ۹ فیصد کا اضافہ ہوا ہے - افادی محکموں میں ۶۶-۱۹۶۵ء میں ۴۷ کروڑ ۹۳ لاکھ خرچ ہوئے تھے - اور اب ۶۷-۱۹۶۶ء میں ان پر ۵۶ کروڑ ۳۴ لاکھ کا خرچ ہے - اضافہ ۱۷ فیصد اور سول ایڈمنسٹریشن کے خرچ میں صرف ۹ فیصد کا اضافہ ہوا ہے -

اضافہ کا تقابلی رجحان ملاحظہ ہو -

۶۳-۱۹۶۲ء میں افادی محکموں کے اخراجات میں اضافہ ۲۰ فیصد سول ایڈمنسٹریشن میں اضافہ ۱۶ فیصد -

۱۹۶۳-۶۴ء میں افادی محکموں کے اخراجات میں اضافہ ۷ فیصد سول ایڈمنسٹریشن میں اضافہ ۵ فیصد -

۱۹۶۴-۶۵ء میں افادی محکموں کے اخراجات میں اضافہ ۱۱ فیصد سول ایڈمنسٹریشن میں اضافہ ۸ فیصد -

۱۹۶۵-۶۶ء میں افادی محکموں کے اخراجات میں اضافہ ۱۸ فیصد سول ایڈمنسٹریشن کے اخراجات میں ۴ فیصد کمی -

۱۹۶۶-۶۷ء میں افادی محکموں کے اخراجات میں اضافہ ۱۷٫۵ فیصد اور سول ایڈمنسٹریشن میں ۹ فیصد اضافہ ہوا ہے -

**Mr. Speaker :** Time is extended till Sheikh Sahib is tired and concludes.
**Minister of Finance :** I will take another fifteen minutes, Sir.

یہ بھی کہا گیا تھا کہ دیہاتی آبادی پر زیادہ خرچ نہیں کیا جا رہا - میں اب اعداد و شمار سے ثابت کروں گا کہ دیہاتی آبادی پر کم از کم ۷۱ فی صد روپیہ خرچ ہو رہا ہے -

A. D. P. has been broken down on the following basis to find out the emphasis which is being placed on rural and urban development. Mr. Hamza this is for your benefit. First, there are sectors in which expenditure is all embracing and cannot be categorised as urban or rural. Such expenditure for 1966-67 is of the order of Rs. 87,47,00,000 out of a total of A.D.P. of Rs. 18 8 crore and 35 lakh. Sectors where expenditure is over whelmingly located in urban areas and is essentially meant for the benefit of urban areas is Rs. 29,55,000 Sectors where expenditure is overwhelmingly located in rural areas essentially meant for the benefit of rural papulation in Rs. 71,35,00,000. In other words, out of the 100 crores of expenditure of A.D.P. which can be categorised as urban and rural, over 71 per cent is spent on rural areas.

جناب والا - اب بڑی Controversial چیزیں آرہی ہیں - ریجنل الاٹمنٹ جو ہوئی ہے اسکے متعلق آپ کو یاد ہوگا کہ ۱۹۶۵-۶۶ء کے میزانیہ میں ہم نے ترقیاتی بجٹ میں ۲۱۸ کروڑ روپیہ رکھا تھا بعد میں ۱۹۰ کروڑ کردیا اور جب ۵ فیصدی cut کی گئی تو ۱۵۰ کروڑ روپیہ رہ گیا اور جب جنگ آگئی پھر ۱۴۰ کروڑ کر دیا - اس سال ترقیاتی منصوبوں کے لئے ہم نے ۱۹۰ کروڑ ۳۷ لاکھ روپیہ رکھا ہے- جس میں صوبائی منصوبہ بندی جس میں ریجنل ترقی شامل نہیں ہے اس کیلئے ۲۲ کروڑ ۸۹ لاکھ کی رقم ہے - اور علاقہ وار ۱۰۵ کروڑ ۴۸ لاکھ ہے - ۲ کروڑ علیحدہ مختص کیا گیا ہے - کہ جہاں کہیں کمی محسوس ہو وہاں خرچ کر سکیں - جیسا کہ میں نے پہلے عرض کیا تھا

The allocation for former N.-W.F.P is not 12 crore but it is Rs. 12·38 crore.

یہ زیادہ لمبا ہے میں اسے مختصر کروں گا ۔ سابقہ صوبہ سرحد کیلئے ۱۹۶۴-۶۵ میں ہم نے ۹ کروڑ ۱۰ لاکھ ، ڈیرہ اسمٰعیل خاں اور پشاور ڈویژن کیلئے رکھا تھا فرنٹیر ریجنز کیلئے ۲ کروڑ ۳۳ لاکھ رکھا تھا ۔ یہ کل رقم ۱۱ کروڑ ۴۸ لاکھ بنتی ہے ۔ ۱۹۶۵-۶۶ کے لئے ۱۴۰ کروڑ کے بجٹ میں جو حصہ ملا ہے وہ صوبہ سرحد کیلئے ۴ کروڑ ۵۶ لاکھ تھا اور ایف—آر کیلئے ۱ کروڑ ۱۱ لاکھ ہے یہ کل رقم ۵ کروڑ ۶۷ لاکھ بنتی ہے ۔ اس دفعہ جو رقم بجٹ میں رکھی ہے وہ ۱۲ کروڑ ۳۷ لاکھ ہے اور ایف—آر کیلئے ۱ کروڑ ۵۸ لاکھ کی رقم رکھی ہے اور یہ کل رقم ۱۳ کروڑ ۹۵ لاکھ بنتی ہے ۔

جناب والا ۔ سابقہ صوبہ سندھ کے لئے ہم نے جو رقم رکھی ہے وہ ۱۹۶۴-۶۵ میں ۳۴ کروڑ ۶۸ لاکھ ہے یعنی یہ ۲۱۸ کروڑ کا پروگرام ہے ۔ یہ بات میں آپکے ذہن نشین کرانا چاہتا ہوں کہ عام طور پر ۲۱۸ کروڑ کیلئے جو رقم مختص کی گئی تھی اسکا آپ ۱۹۰ کروڑ سے مقابلہ کرتے ہیں ۱۰ فیصد short fall ہے جو پہلی رقم پچھلے بجٹ کیلئے رکھی تھی ۔ اس کو برابر کرنے کیلئے خود بخود اسکا $\frac{1}{9}$ تو پہلے ہی ہو جاتی ہے ۔ باوجود اسکے ہمنے سندھ کیلئے ۱۴۰ کروڑ کے پروگرام میں ۲۱ کروڑ ۱۰ لاکھ کی رقم رکھی تھی ۔ ۱۹۶۶-۶۷ میں ۲۷ کروڑ ۵۲ لاکھ کی رقم رکھی ہے اس کی کمی کی وجہ اور بھی ہے ۔ کہ غلام محمد بیراج اور گدو بیراج کے پراجیکٹ اب تقریباً مکمل ہو چکے ہیں اس کا بھی اس پر اثر پڑا ہے ۔

جناب والا ۔ بہاول پور کے بارے میں جو اعتراض ہوا ہے یہ صحیح ہے کہ بہاول پور اور بلوچستان کا جو حصہ بنتا تھا انہیں اتنا نہیں دیا گیا ہے اس کی خاص وجہ یہ تھی کہ ہمارے پاس ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ سے جو سکیمیں آتی ہیں ہم عام طور پر ہر ریجن کی مشکل سے $\frac{1}{6}$ سکیموں کو پاس کرتے ہیں لیکن ان دونوں ریجنوں کے متعلق جو سکیمیں آئی ہیں ہم نے ان میں ایک بھی مسترد نہیں کی ۔ ان

کی سکیمیں نہیں تھیں - آپ پلاننگ ڈیپارٹمنٹ کو سکیمیں بھیجتے اور وہ ہمیں بھیجتے ہیں - ہمارے پاس ماسوائے بہاول پور کی ایک سکیم کے کوئی سکیم نہیں ہے - یہ بھی صرف بہاول پور کے چولستان کے علاقہ کی سکیم دوبارہ ٹھیک کرنے کیلئے محکمہ جنگلات کے پاس ہے جب یہ واپس آئے گی جتنی رقم وہ مانگیں گے وہ پوری کر دی جائے گی - اگر اس دوران بہاول پور اور بلوچستان کوئٹہ قلات ڈویژن کی کوئی سکیم آئے گی تو ۲ کروڑ روپیہ جو ہم نے مختص کیا ہے وہ اس وجہ سے مختص کیا گیا ہے کہ اگر اور بھی روپیہ ہمیں دینا پڑے یا اور ہمارے پاس کوئی سکیم آئے تو ہم اس میں سے دیں گے - میں انشاءاللہ وعدہ کرتا ہوں کہ میں اسے ضرور پورا کروں گا - بہاول پور کے لئے ۱۰ لاکھ روپیہ کی رقم ریل کیلئے اس سال رکھی گئی ہے اور ۵۰ لاکھ اگلے سال بھی خرچ ہونا ہے - وہاں ایک پل بھی ڈیڑھ کروڑ میں بن رہا ہے - میں یہ عرض کروں گا کہ اگر کوئی سکیم تیار ہو گئی تو انشاءاللہ ہمارے جو ریجن باقی رہ گئے ہیں خاص کر بہاول پور اور بلوچستان یہ آپ کی حکومت ان کو زیادہ دے گی -

جناب والا یہ اعتراض بھی کیا گیا ہے کہ فرنٹیئر ریجن میں زراعت کیلئے کچھ نہیں کررہے ہیں - جو بجٹ allocation ہے اس میں ۱۹۶۲-۶۳ء میں سابقہ صوبہ سرحد کی ایک ایریگیشن سکیم کے لئے ۱۵ لاکھ کی رقم تھی - ۱۹۶۳-۶۴ء میں ۱۰ لاکھ تھی - ۱۹۶۴-۶۵ء میں ۴۳ لاکھ ۸۸ ہزار کی رقم تھی - ۱۹۶۵-۶۶ء میں ۲۰ کروڑ ۱۸ لاکھ کی رقم رکھی ہے اور اس سال جو رقم رکھی ہے وہ ۴۶ کروڑ ۴۸ لاکھ ہے - اگر آپ بجٹ نہیں پڑھ سکتے ہیں تو اس میں میرا کیا قصور ہے - (قطع کلامیاں)

جناب والا یہ بھی کہا گیا ہے کہ ہیلتھ پروگرام کے لئے پچھلے سال سے کم رقم ہے اس کے متعلق میں عرض کروں گا کہ پچھلے سال سے زیادہ ہے کیونکہ آپ کو یاد ہوگا کہ ملیریا ایریڈیکیشن کیلئے ۲ کروڑ کی رقم مختص کی گئی ہے - ہم نے مرکز سے التجا کی تھی کہ ہمیں یہ رقم ۱۰۰ فیصدی دے دیں لیکن انہوں نے نہیں دی ہے - چنانچہ

ملیریا ایریڈیکیشن کا پروگرام کاٹ دیا ہے ۔ یہ ۴۰ لاکھ کی رقم کی نفی نہیں ہوتی ہے بلکہ ۱ کروڑ ۶۰ لاکھ کا ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ میں اضافہ ہو جاتا ہے ۔

جناب سپیکر مخدوم صاحب کے محکمے کے متعلق بھی بہت کچھ کہا گیا ہے ۔ اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ گندم کی پیداوار کم ہو گئی ہے ۔ اس کے متعلق میں یہ عرض کروں گا کہ . . . . . .

"In so far as wheat is concerned, the current production has gone up from 37 million tons in 1961 to 47 million tons in 1964-65".

جناب سپیکر ۔ اب میں پشاور یونیورسٹی کی گرانٹ کے متعلق عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ اس سلسلے میں جو ٹوٹل گرانٹ مختلف یونیورسٹیوں کو ۱۹۶۰-۶۱ء سے آج تک تقسیم کی گئی ہیں وہ یہ ہیں ۔

کراچی یونیورسٹی کو تین کروڑ نوے لاکھ تنتیس ہزار روپے ۔

سندھ یونیورسٹی کو چار کروڑ پیالیس لاکھ چہتر ہزار روپے ۔

پشاور یونیورسٹی کو چار کروڑ ستر لاکھ انتالیس ہزار روپے ۔ اور

پنجاب یونیورسٹی کو پانچ کروڑ پینسٹھ لاکھ سولہ ہزار روپے ۔

Total provision for Peshawar University for the year 1966-67 is Rs. 58,20,200 and not Rs. 40 lacs as has been said.

پشاور یونیورسٹی کو جو گرانٹس پیچھے ملتی رہی ہیں سب سے زیادہ اس سال دی گئی ہے ۔ ۱۹۶۴-۶۵ء میں Maintenance Grant تیس لاکھ اور ڈیویلپمنٹ گرانٹ تینتالیس لاکھ تھی ۔ کیونکہ اس وقت وہ کئی چیزیں بنا رہے تھے ۔ اور ۱۹۶۵-۶۶ء میں Maintenance Grant ۴۳،۵۰ لاکھ تھی اور ڈیولپمنٹ گرانٹ دس لاکھ تھی ۔ اور ۱۹۶۵-۶۶ء میں Maintenance grant ۴۳،۲۰،۴۰۰ روپے ہے اور ڈیولپمنٹ گرانٹ پندرہ لاکھ ہے ۔ اس میں شک نہیں کہ Maintenance Grant میں تو تیس ہزار روپے کی کمی کی گئی ہے ۔ لیکن ڈیولپمنٹ گرانٹ میں پانچ لاکھ روپیہ زیادہ دیا گیا ہے ۔ اور اس کا ٹوٹل

بنتا ہے - ۵۸،۲۰،۴۰۰ روپے - کیونکہ ان کے پاس نئی سکیمیں نہیں تھیں - یونیورسٹی سے جو وفد آیا تھا ہمارے محکمے کے ساتھ ان کی بات چیت ہوئی ہے اور انہوں نے ان سے کہا ہے کہ اگر وہ اپنی سکیمیں Provincial Development Working Party سے پاس کرا دیں - تو ہم ان کی گرانٹ اور بھی بڑھا دیں گے -

واپڈا کے متعلق کہا گیا ہے کہ انہوں نے ٹیوب ویل لگانے کے بارے میں کچھ بھی نہیں کیا ہے - میں اس کے متعلق یہ عرض کروں گا کہ

The number of tube-wells connected since 1959-60 is as a follows:—

۱۹۵۹-۶۰ء میں انہوں نے ۸۶۳ کنکشن دیئے تھے -

۱۹۶۰-۶۱ء میں انہوں نے ۱،۳۶۳ کنکشن دیئے تھے -

۱۹۶۱-۶۲ء میں انہوں نے ۳،۳۴۰ کنکشن دیئے تھے -

۱۹۶۲-۶۳ء میں انہوں نے ۱،۹۶۰ کنکشن دیئے تھے -

۱۹۶۳-۶۴ء میں انہوں نے ۳،۵۶۲ کنکشن دیئے تھے -

۱۹۶۴-۶۵ء میں انہوں نے ۳،۱۹۳ کنکشن دیئے تھے - اور ۱۹۶۵-۶۶ء میں انہوں نے اکتیس مارچ ۱۹۶۶ء تک ۴،۳۹۶ کنکشن دیئے تھے اور اس تعداد کے علاوہ ۲،۱۰۴ ٹیوب ویلوں کو جو کہ reclamation کے لئے نصب تھے - ۱۹۵۹-۶۰ء سے اکتیس مارچ ۱۹۶۶ء تک بجلی مہیا کی گئی - اور منور خان صاحب جیسے آدمی نے فرمایا تھا کہ ٹیوب ویل لگانے کے لئے کوئی provision نہیں کی گئی ہے - (قطع کلامی)- میری کتاب میں ہے - آنکھیں کھول کر پڑھیں - یا میرے کمرے میں آئیے - میں آپ کو بتا دونگا - محکمہ آبپاشی کی مدیں جو ٹیوب ویل لگانے کے لئے رکھی گئی ہے یعنی جو رقم Land and Water Development Department میں رکھی گئی ہے - اور جو واپڈا میں رکھی گئی ہے - اور جو Agricultural Development Corporation میں رکھی گئی ہے - اس کی مجموعی تعداد ۲۲،۳۶،۰۰،۰۰۰ روپے سے زیادہ بنتی ہے - یہ صرف ٹیوب ویل لگانے کے لئے رکھی گئی ہے - (قطع کلامی) میں شرط لگاتا ہوں - اگر یہ اعداد و شمار درست نکلے تو آپ استعفے دیدیں اور اگر غلط ثابت ہوئے تو میں استعفے دیدونگا -

**Mr. Munawar Khan** : Do you accept this challange on the floor of the House.

**وزیر خزانہ** - اٹھکر کیجئے You always run away فاروقی صاحب تو موجود نہیں ہیں - لیکن ان کی روح موجود ہے - وہ فرما گئے ہیں اور انہوں نے بالکل غلط اعداد و شمار دیئے تھے - انہوں نے فرمایا تھا - کہ Cost of living میں 23% اضافہ ہوا ہے - اور per capita income میں 13% کا اضافہ ہوا ہے - یہ انہوں نے غلط بیانی کی تھی - میں آپ کی خدمت میں Central Statistical Office کی جو calculations ہیں - اور جو کتاب کی صورت میں موجود ہیں - یہ اعداد و شمار لیکر پیش کرتا ہوں - مغربی پاکستان کی per capita income ۱۹۵۹—۶۰ء میں ۳۶۶ روپے تھی - ۱۹۶۴—۶۵ء میں ۴۱۱ روپے ہو گئی - یعنی اصل اضافہ ۴۵ روپے اور فیصد کے حساب سے ۱۲٫۲۹ فیصد کا اضافہ ہوا - میں کراچی کا cost of living index استعمال کر رہا ہوں - کیونکہ بقول فاروقی صاحب کراچی میں سب سے زیادہ مہنگائی ہے - میں اسی کتاب میں سے کراچی کے اعدادو شمار بتاتا ہوں ۱۹۵۹—۶۰ء میں ۱۲۵٫۴ تھی اور ۱۹۶۴—۶۵ء میں ۱۳۹٫۰۳ تھی یہ اعدادوشمار کسی اور basis پر ہوتے ہیں - یعنی جو اضافہ cost of living index میں تھا وہ ۱۱٫۷ تھا - یعنی ۱۲٫۱۲ تو per capita income بڑھی ہے - اور ۱۱٫۷ cost of living بڑھی ہے - وہ غلط کہتے تھے - کہ cost of living میں 23% کا اضافہ ہوا ہے - اور 13% per capita income میں اضافہ ہوا ہے - انہوں نے غلط بیانی کی ہے - اس کے علاوہ سود کے بارے میں بھی ان کو بڑی فکر رہتی ہے - آج تک جو سود کی receipt تھی وہ ۱۹۶۳-۶۴ء چودہ کروڑ اکانوے لاکھ تھی - اور یہ وہ receipt ہم لیتے ہیں جو دوسرے محکموں کو ہم قرضے دیتے ہیں - اور ان سے ہم سود واپس لیتے ہیں - جو قرضہ ہم لوگوں سے لیتے ہیں اس پر سود دیتے ہیں - وہ سات کروڑ چون لاکھ تھا - یعنی جو balance ہم پر تھا - اور سودے کو ادا کرنا پڑا - وہ ہماری receipt ۱۹۶۴—۶۵ء میں پندرہ کروڑ اکتالیس لاکھ تھی - اور جو ادائیگی تھی وہ آٹھ کروڑ اناسی لاکھ تھی - یعنی چھ کروڑ باسٹھ لاکھ ہمیں دینا پڑا - ۱۹۶۵—۶۶ء میں جو receipts تھیں وہ اٹھارہ کروڑ سترہ لاکھ تھیں - اور جو ادائیگی ہم نے کی وہ انیس کروڑ چھیاسٹھ لاکھ کی گئی - یعنی ایک کروڑ

انچاس لاکھ ہمیں اپنی گرہ سے دینا پڑا - اور ۱۹۶۶-۶۷ء میں جو دکھایا گیا ہے وہ انیس کروڑ پچانوے لاکھ کی receipts ہیں - اور ہم نے ادائیگی بائیس کروڑ ساٹھ لاکھ کی کرنی ہے - یعنی تین کروڑ بارہ لاکھ ہم نے خزانے میں سے دینا ہے - یہ صحیح ہے کہ سود کی مد روز بروز بڑھ رہی ہے - اور اس کی خاص وجوہات ہیں - اور وہ یہ کہ ہمارے بیرونی قرضے پہلے کئی سالوں کے لئے بغیر سود کے ہوتے ہیں - اور چند سال بعد ان پر زیادہ سود دینا پڑتا ہے - اور آخری مراحل پر سود کی شرح اور بھی بڑھ جاتی ہے - اور پھر قرضہ بھی روز بروز بڑھتا جاتا ہے - کیونکہ آپ کی ڈیویلپمنٹ ہو رہی ہے - اس لئے سود کا بڑھنا بھی لازمی امر ہے - اس لئے انہوں نے جہاں تک سود کے بڑھنے کے متعلق فرمایا تھا وہ درست تھا - لیکن اتنی dark picture نہیں ہے جتنی کہ انہوں نے دکھائی ہے - فاروقی صاحب اس وقت موجود نہیں ہیں - کاش کہ وہ موجود ہوتے - انہوں نے فرمایا تھا کہ بجٹ میں جو اضافہ دکھایا گیا ہے وہ ہیر پھیر سے بتایا گیا ہے - در اصل نو کروڑ کی جو رقم انکم ٹیکس ، سیلز ٹیکس اور دیگر ان ٹیکسوں کی وجہ سے جو مرکزی حکومت ہمارے behalf پر وصول کرتی ہے - اگر وہ ہمیں فالتو نہ ملتا - تو یہ خسارہ چار کروڑ روپے کا ہو جاتا اور یہ بجٹ ایک فاضلہ بجٹ نہ ہوتا اس کے متعلق میں یہ عرض کروں گا کہ میں نے یہ عرض کیا تھا کہ پہلے چار کروڑ روپے کا سود ہمیں معاف تھا اب اس سال چار کروڑ وہ اور دو کروڑ پچھلے سال کا یعنی ہمیں چھ کروڑ دینا پڑا - وہ بھی ہم نے اخراجات میں ہی دکھائے ہیں - جو پہلے نہیں دکھایا جاتا تھا اور تین کروڑ کی contingency رکھی ہے - تو یہ نو کروڑ بنتے ہیں -

اگر آپ صحیح figures چاہتے ہوں تو اصل فاضل رقم جو ہے وہ اب کے سال ۳۵ کروڑ ۶۳ لاکھ کی ہے - ۵ کروڑ کی نہیں ہے - میں آپ کو حساب بتاتا ہوں - ۶۶ - ۱۹۶۵ء میں ہماری Revenue Receipts ۱۷۱ کروڑ دو لاکھ کی تھیں - اور Revenue Expenditure جو تھا وہ ۱۲۷ کروڑ اور ۸۸ لاکھ کا تھا - اور surplus over non-development expense ۴۳ کروڑ ۸۴ لاکھ کا تھا - اور اس میں foreign grant جو تھی وہ ۱۳ کروڑ ۶۳ لاکھ کی تھی - اس طرح اصل فاضل بجٹ

۲۹ کروڑ ۳۱ لاکھ کا تھا اور ۶۷ - ۱۹۶۶ء میں ہمارے جو expected revenues ہیں وہ ۱۷۷ کروڑ ۵۶ لاکھ کے ہیں اور خرچ surplus over non-development ۱۳۶ کروڑ ۰۰ لاکھ کا ہے - یعنی expense ۴۱ کروڑ ۶ لاکھ کا ہے - جس میں foreign grant ۵ کروڑ ۴۳ لاکھ ہے - یعنی not رقم ۳۵ کروڑ ۶۳ لاکھ ہے - ان کو علم نہیں ہے کہ اس رقم میں سے ہم ۳۰ کروڑ روپے کے قریب ڈویلپمنٹ پروگرام میں ڈالتے ہیں - اصل فاضل بجٹ جو ہے وہ ۳۵ کروڑ ۶۳ لاکھ کا ہے اور وہ کہتے ہیں کہ یہ فاضل بجٹ نہیں ہے - یہ ہیر پھیر سے بنایا گیا ہے - جناب والا - حمزہ صاحب بھی چلے گئے ہیں - انہوں نے contingency کے بارہ میں فرمایا تھا - میں عرض کرتا ہوں کہ

A total provision of rupees thirteen crores has been made under Demand No. 45 Vol. IV Development in the abstract page 30. An amount of rupees three crores has been shown in the Revenue Account. The member suggested that provision of ten crores should have been made on Revenue Account. We have already provided for that.

The remaining amount has been shown on the capital side, page 15 of the abstract as expenditure is largely incurred on development activities out of the savings or by re-appropriation. The major portion is shown on the capital side.

There has been no departure from the previous practice in providing for the contingency item on the capital side. The expenditure is largely incurred on the development activities and is met from savings or by re-appropriation. This year, however, the expenditure estimated on Revenue Account is rupees three crores.

جیسے میں نے عرض کیا ۳ کروڑ روپیہ اور ہم نے ڈالا ہے - خان منور خان صاحب نے جو بڑے expert ہیں میزانیہ دیکھنے کے - انہوں نے فرمایا تھا کہ D. I. K کے لئے صرف ایک لاکھ کی رقم مختص کی گئی ہے - لیکن انہوں نے نوٹ میں نہیں پڑھا کہ:—

The allocation is a taken allocation against a scheme yet to be cleared by the Development Working Party. When cleared it will involve a total expenditure of rupees thirty lakhs.

مسٹر منور خان—یہ تمام paper jugglery ہے -

وزیر خزانہ—آپ کے لئے ہر چیز paper jugglery ہی ہے -

جناب والا - عرض یہ ہے کہ ہمارے ایک چھوٹے بھائی

راولپنڈی کے رہنے والے نے فرمایا تھا کہ راولپنڈی کے لئے کچھ بھی نہیں رکھا گیا - میں راولپنڈی کا رہنے والا ہوں لیکن فنانس منسٹر کی حیثیت سے میرے لئے سب علاقے ایک جیسے ہیں - یہ بھی صحیح ہے کہ راولپنڈی بھی ایک پسماندہ علاقہ ہے (قہقہہ اور قطع کلامیاں) - صرف یہ عرض کروں گا کہ ۶۴ - ۱۹۶۳ء میں کل راولپنڈی ڈویژن کے لئے ۳ کروڑ ۳۷ لاکھ کی رقم رکھی گئی تھی - ۶۵ - ۱۹۶۴ء میں اس کو بڑھا کے ۴ کروڑ ۶۲ لاکھ کیا اور ۶۶ - ۱۹۶۵ء میں ۷ کروڑ ۲ لاکھ کیا اور اب کے سال جو پرووِیژن رکھی گئی ہے وہ ۷ کروڑ ۵ لاکھ کی ہے (قطع کلامیاں) - میں ڈویژن کی بات کر رہا ہوں - ہمارے پاس کوئی بھی ایسی چیز موجود نہیں جس کا break-up ہم district-wise کر سکیں - ہم کوشش کریں گے کہ اگلے بجٹ میں ہم شاید district-wise بھی دے سکیں - ہمارے پاس ریجن ڈویژن کا ہے - ڈویژن کے لئے ۷ کروڑ ۵ لاکھ کی رقم رکھی گئی ہے اور میں عرض کروں گا کہ اس میں Water and Power کے لئے ۳ کروڑ ۶۲ لاکھ روپیہ رکھا گیا ہے - (قطع کلامیاں) میں ۶۷ - ۱۹۶۶ء کی بات کر رہا ہوں - Agriculture کے لئے ۲۴ لاکھ ۱۳ ہزار - Industry کے لئے ۳۶ لاکھ ۷۵ ہزار - Physical Planning and Housing کے لئے ۹۷ لاکھ ۳۱ ہزار - Education and Training کے لئے ۵۷ لاکھ ۳۰ ہزار - Health کے لئے ۱۶ لاکھ ۶۹ ہزار - اور Transport and Communications کے لئے ایک کروڑ ۸ لاکھ اور Social Welfare and Manpower کے لئے ۳ لاکھ روپیہ رکھا گیا ہے - کل ٹوٹل ۷ کروڑ ۵ لاکھ ۳۷ ہزار بنتا ہے -

جناب عالی بہت سے اور کاغذات ہیں لیکن جیسا کہ آپ نے فرمایا تھا ، میں اب تھک گیا ہوں اور اپنی تقریر ختم کرتا ہوں - میں آپ کا شکر گزار ہوں - (نعرہ ہائے تحسین)

**Mr. Speaker:** The House now stands adjourned till 8-30 a.m. tomorrow.

The Assembly then adjourned till 8-30 a.m., on Thursday, the 23rd June 1966.

# APPENDIX I

## (Ref. Starred Question No. 2896)

## SUMMARY OF FINDINGS AND RECOMMENDATIONS OF THE COMMITTEE

### TERMS OF REFERENCE NOS. (*i*)—(*iii*)—OWNERSHIP OF PROPRIETARY RIGHTS IN LANDS, HOUSES AND WATER MILLS

(1) The Nawab of Amb and the Khan of Phulra were the full proprietor of lands held by them in Upper Tanawal prior to the enforcement of Martial Law Regulation No. 64.

(2) That the tenants have all along been and still are tenants-at-will.

(3) That the enforcement of Martial Law Regulation No. 64 and the N.-W.F. Province Tenancy (West Pakistan Amendment) Act, 1964 have, to a very large extent, changed the position of the Chiefs as well as of the tenants. The tenants would now become owners of the resumed lands. They would also have sufficient safeguards against ejectment from lands retained by the Chiefs.

(4) The issue regarding the ownership of land as well as the status of the tenants may be treated as finally closed. Since these questions have been determined categorically on the administrative as well as on the legal side, any re-opening of the issues has the effect of aggravating the situation rather than helping it. The local administration had adopted various measures of effecting the recovery of rent. This had a salutary effect. The visit of the present Enquiry Committee had a slowing down effect in the pace of recoveries.

(5) The suggestion that the rent should be payable in cash as a multiple of land revenue deserves serious and detailed examination.

(6) No change is called for in the existing procedure regarding suits for recovery of land revenue and for effecting ejectment.

(7) The Nawab has full proprietary rights in the entire land area in the urban area of Darband. The houses, shops and buildings are owned by the Nawab as well as by other people. The local administration may persuade the Nawab to sell the sites covered by buildings not owned by the Nawab to their occupants. If this persuation fails, these sites may be acquired under the Land Acquisition Act of 1894 which is applicable in this area and sold out to the relevant people. These people may, however, be asked to deposit the estimated price in advance.

---

### TERM OF REFERENCE NO. (*iv*)—RATE OF INTEREST REGARDING THE AMOUNT OF COMPENSATION FOR RESUMED LAND

The rate of interest is uniform throughout the province. There is no substance in this grievance of the petitioners.

---

### TERM OF REFERENCE NO. (*v*)—GUZARAKHORS—ALLEGATIONS REGARDING THEIR HAVING BEEN DISPOSSESSED FROM THEIR LANDS

No guzarakhors have been dispossessed from their lands.

---

### TERM OF REFERENCE NO. (*vi*)—RIGHTS OF PEOPLE IN GUZARA HATS

The rules framed by the Conservator of Forests and the Deputy Commissioner, Hazara in this behalf may be enforced immediately.

TERM OF REFERENCE NO. (*vii*)—GIFTS MADE BY THE NAWAB OF AMB

All the gifts made by the Nawab of Amb heve been exhaustively gone into by the Chief Land Commissioner. The Land Commission approved only four gifts made by the Nawab in favour of his—

(*a*) son,

(*b*) wife,

(*c*) sister and

(*d*) daughter-in-law.

Six other gifts made by the Nawab in favour of his servants were not approved and the area involved was resumed. The grievance of the petitioners appears to have been based upon lack of knowledge of full facts.

---

TERM OF REFERENCE NO. (*viii*)—ATTACHMENT OF PHULRA TO UPPER TANAWAL

The Phulra State as well as Upper Tanawal now both form part of the Hazara district. No change is called for in this behalf also.

## APPENDIX II

**(Ref. Starred Question No. 3229)**

STATEMENT SHOWING THE DATES OF RECEIPT OF APPLICATIONS FOR ISSUE OF P.T.D.

| Serial No. | Name of concern | Date of receipt of application for P.T.D. |
|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 |
| 1 | Shiv Narain Mohants Salt Petre Factory, Kana Kacha, District Lahore. | 26th February 1965. |
| 2 | Distillery Plant, Kotri .. | 29th November 1965. |
| 3 | R. Keyshap and Brothers, Dil Muhammad Road, Lahore .. | 29th March 1966. |
| 4 | Punjab Foundry Works, Lahore .. | 28th July 1964. |
| 5 | Nand Lal Daulat Ram Salt Petre Factory, Sheikhupura .. | 3rd March 1965. |
| 6 | F. W. and Company, Dev Smaj Road, Lahore | 18th May 1964. |
| 7 | Laj Industries, Lahore Cantonment .. | 17th February 1965. |
| 8 | United Surgical Works, Sialkot .. | 1st May 1965. |
| 9 | Sant Engineering Works, Jaranwala .. | 24th June 1965. |
| 10 | Hydro Agriculture Industries, Shahdara .. | 5th July 1965. |
| 11 | Dehli Art Press, Lahore .. | 5th March 1966. |
| 12 | Lahore Law Time Press, Lahore .. | 8th February 1966. |
| 13 | Foot Rool Printing Press, Lahore .. | 1st December 1965. |
| 14 | Ranjit Printing Press, Sialkot .. | 11th January 1966. |
| 15 | Imperial Electric Press, Peshawar .. | 3rd February 1966. |
| 16 | Commercial Steel Press, D. I. Khan .. | 14th January 1966. |
| 17 | Dhanpat Mal Dennan Chand Flour Mill, Lyallpur .. | 27th April 1960 . |
| 18 | Dharnomal Flour Mill, Tando Adam .. | 27th December 1965. |
| 19 | Gansham Das Flour Mill, Tando Jam .. | 11th March 1966. |
| 20 | Sahat Singh Flour Mill, Sanghar .. | 4th February 1966. |
| 21 | Rai Singh Flour Mill, Sanghar .. | 5th January 1965. |
| 22 | Brij Lal Flour Mill, Sakrand .. | 23rd April 1965. |
| 23 | Hazara Singh Flour Mill, Juddu .. | 19th May 1966. |
| 24 | Khudo Mal Flour Mill, Mirpurkhas .. | 19th March 1966. |
| 25 | Flour Mill at Muchh .. | 11th March 1966. |
| 26 | Flour Mill at Qillah Abdullah .. | 13th August 1965. |
| 27 | Badroo Mal Flour Mill, Shakarpur .. | 12th March 1966. |

| Serial No. | Name of concern | Date of receipt of application for P.T.D. |
|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 |
| 28 | Joshan Mal Flour Mill, Nawabshah .. | 2nd December 1965. |
| 29 | Gulab Raj Flour Mill, Khairpur .. | 16th September 1965. |
| 30 | Khubo Mal Flour Mill, Tando Hyderabad .. | 28th December 1965. |
| 31 | Hukam Singh Flour Mill, Nawabshah .. | 14th May 1965. |
| 32 | Mathra Dass Rice Mill, Jaranwala .. | 13th August 1965. |
| 33 | Nanak Ram Rice Mill, Tando Jan Muhammad .. | 8th March 1966. |
| 34 | Parshotam Dass Rice Mill, Sajawal .. | 14th May 1966. |
| 35 | Human Dass Rice Mill, Ghuharjamali, District Thatta. .. | 18th October 1965. |
| 36 | Chanchal Dass Rice Mill, Chak .. | 5th April 1966. |
| 37 | Isar Dass Rice Mill, Ramji .. | 9th May 1966. |
| 38 | Thawan Dass Rice Mill, Warah .. | 3rd February 1966. |
| 39 | Chaman Dass Rice Mill, Jacobabad .. | 28th May 1965. |
| 40 | Keshomal Rice Mill, Jacobabad .. | 5th April 1966. |
| 41 | Jamrow Rice Mill, Jacobabad .. | 6th January 1966. |
| 42 | Asar Dass Rice Mill, Jacobabad .. | 28th January 1966. |
| 43 | Panjumal Rice Mill, Khandkot .. | 20th July 1965. |
| 44 | Sawan Mal Nand Lal Rice Mill, Khand Kot .. | 2nd November 1964. |
| 45 | Mando Mal Mirza Mal, Rice Mill, Khand Kot .. | 2nd November 1964. |
| 46 | Buta Mal Bahari Lal, Cotton Factory, Kot Radha Kishan .. | 8th March 1965. |
| 47 | Lumaini Chand Magh Raj, Cotton Factory, Raiwind .. | 24th March 1966. |
| 48 | Akal, Cotton Factory, Silanwali .. | 29th April 1965. |
| 49 | Hem Raj, Cotton Factory, Bhalwal .. | 4th November 1965. |
| 50 | Haji Mal Mela Ram, Cotton Factory, Gojra .. | 18th May 1966. |
| 51 | Jasa Ram Sukha Nand, Cotton Factory, Gojra .. | 4th August 1964. |
| 52 | Dhanpat Mal Jawala Dass, Cotton Factory, Jaranwala .. | 16th June 1965. |
| 53 | Narindar Nath Amar Nath, Cotton Factory, Shorkot Road. | 27th April 1965. |
| 54 | Multan Cotton and Oil Mill, Multan .. | 3rd December 1965. |
| 55 | Gopal Sahai Shive Narain, Cotton Factory, Multan .. | 25th April 1965. |
| 56 | Jaswand Cotton Factory, Khanewal .. | 5th March 1965. |
| 57 | Vehari Ginnery, Limited, Cotton Factory, Vehari .. | 14th February 1966. |
| 58 | Randhawa, Cotton Factory, Arifwala .. | 2nd July 1965. |

| Serial No. | Name of concern | Date of receipt of application for P.T.D. |
|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 |
| 59 | Bosa Ram, Cotton Factory, Jatoi .. | 1st May 1965. |
| 60 | Badri Nath, Cotton Factory, Peshawar .. | 25th April 1966. |
| 61 | Jugno Mal, Cotton Factory, Mirpur Mathelo .. | 15th August 1963. |
| 62 | Jai Ram Dass, Cotton Factory, Tando Siro .. | 27th May 1964. |
| 63 | Kishan Chand Chila Ram Cotton Factory, Patharo .. | 14th May 1965. |
| 64 | Ajmal Lila Ram Cotton Factory, Tando Mohd. Khan .. | 4th May 1965. |
| 65 | Pir Sardar, Cotton Factory, Sadiqabed .. | 31st July 1964. |
| 66 | Khanewal Oil Mill, Khane wal, District Multan .. | 23rd February 1965. |

LIST OF REMAINING INDUSTRIAL CONCERN WHICH ARE NOT TO BE DISPOSE OF UNDER THE RELEVANT SCHEME

| Serial No. | Name of concern | Reason for not transferring the concern |
|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 |
| 1 | Dyal Talkies, Fort Sandeman .. | Acquisition proceedings by the Cantonment Board of Fort Sandeman in progress. |
| 2 | Royal Cinema, Abbotabad .. | Acquisition proceeding by the Ministry of Defence under progress. |
| 3 | Chenab Fruit Products, Gojra .. | Factory treates as house by the High Court of West Pakistan, Lahore. |
| 4 | Fruit Products, Quetta .. | Concerns being handed over to the Muslim shareholder under orders of Central Government. |
| 5 | Sugni Chand Cotton Factory, Mirpur | The concern has been declared as non-evacuee property and its owner has applied for the restoration of the same. |
| 6 | Lal Chand Phoru Mal, Cotton Factory Adma Sahaba. | Deleted from the list Industrial Concerns allotted by the Board. |
| 7 | Pak Rahat Cinema, Hyderabad .. | The Cinema has been declared by the C.E.P., Karachi as non-evacuee. |
| 8 | Empire Cinema, Karachi .. | The Cinema has been declared as Trust property. |
| 9 | Premises of Anglo-Dutch Pain Works, Badami Bagh, Lahore. | Acquired by BECO, Limited, Lahore, through Industries Department. |
| 10 | Hindustan Saw Mills, Jhelum .. | Acquired by the Director of Industries, West Pakistan, Lahore. |
| 11 | Steel and General Mills, Mughalpura | Acquired by Pakistan Western Railway. |
| 12 | Mukanda Iron and Steel Works, Badami Bagh, Lahore. | Acquired by BECO, Limited, Lahore, through Industries Department. |
| 13 | Jamna Metal Works, Lahore .. | Ditto. |
| 14 | Perkash Brothers, Lahore .. | Ditto. |
| 15 | Indian Sewing Machine Co., Lahore .. | Acquired by Public Works Department. |
| 16 | Anand Auto Mobile Manufacturing Co., Lahore. | Acquired by the Transport Department. |
| 17 | Reliable Water Supply Co., Lahore .. | Acquired by the Irrigation Department. |
| 18 | Ganga Hari Metal Works, Lahore .. | Acquired by the Public Works Department. |
| 19 | Mehra Brothers Works, Lahore .. | Acquired by the Police Department. |
| 20 | Kala Engineering Works also known as Bajwala Textile Mills, Lahore. | Acquired by the Industries Department. |
| 21 | Premises of Chandi Ram and Sons .. | Acquired by Dr. Ramzan Ali Shahfor Eye Hospital. |
| 22 | Bharat Surgical Works, Sialkot .. | Acquired by Director of Industries. |

STATEMENT OF THE INDUSTRIAL CONCERNS AND CINEMA HOUSES WHICH HAVE NOT YET BEEN DISPOSED OF

| Serial No. | Name of concern | Reason for not transferring the concern |
|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 |
| 1 | Capital Cinema, Rawalpindi .. | Writ pending in the High Court. |
| 2 | New Rose Cinema, Rawalpindi .. | Ditto |
| 3 | Novelty Cinema, Rawalpindi .. | Ditto |
| 4 | Nishat Cinema, Sargodha .. | Appeal pending in the Supreme Court. |
| 5 | Screen and Sound Studio, Lahore .. | Enquiry being conducted by a Magistrate Section 30, Lahore under section 408/429, P.P.C. |
| 6 | Nishat Cinema, Arifwala — | Auctioned on 6th June 1966. |
| 7 | Picture House Cinema, Peshawar ... | Case subjudice before Chief Settlement Commissioner. |
| 8 | Phullarwan Ice Factory, Phullarwan | Disposal stayed by Deputy Custodian. |
| 9 | Wasinda Ram Ice Factory, Bahawalpur. | Ditto. |
| 10 | Modern Ice Factory, Sargodha — | Final disposal stayed on the application of ex-auction purchaser. |
| 11 | Machinery of Punjab Engineering Corporation, Lahore. | Machinery stolen from the premises, enquiry not completed. |
| 12 | Kewal Brothers, Foundry and Workshop, Badami Bagh, Lahore. | Appeal pending in the Supreme Court. |
| 13 | Vijay Industries, Okara — | Premises occupied by the Rajput Central High School, Okara. |
| 14 | Valcum Manufacturing Company, Rawalpindi. | Writ pending in the High Court. |
| 15 | Bharat Biscuit Factory, Multan — | Ditto |
| 16 | Lakh Ram Gopaldass Rice Mill, Larkana. | Case pending in the court of C.E.P, Karachi. |
| 17 | Tola Ram Rice Mill, Kherwa — | Ditto |
| 18 | Lalumal Rice Mill, Dadu — | Ditto |
| 19 | Johmal Rice Mill, Bhan .. | Ditto |
| 20 | Dhanraj Rice Mill, Nagar — | Writ pending in the High Court. |
| 21 | Hashmat Rai Rice Mill, Khai — | Case pending with D.C.E.P., Karachi. |
| 22 | Nandi Ram Rice Mill, Hyderabad — | Writ pending in the High Court. |
| 23 | Nathan Dass Rice Mill, Garhi Yasin — | Case pending with D.C.E.P., Karachi. |
**Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak** : One a point of personal explanation. Mr. Speaker, Sir, yesterday evening an impassioned appeal was made by the Leader of the House that the Members of the Opposition are conspicuous by their absence and in that category also a reference was made to some of the Independent Members. I would submit, Sir, that I agree with every coma, semi-colon and full-stop of the Leader of the House that it is common courtesy that the Opposition should hear the point of view of the Government and that they should be present. We, the Independents do not form a Party but at least I can say for myself that I have tried to attend the session as far as was humanly possible for me. May I also make a suggestion to the Ministers? You see, Sir, you have at your back a 'batallion' if I may be allowed to use the word. A large number of your Party Members are there and even if fifty of them are absent their absence is not noticed because you still command an absoulte majority in the House and their absence goes unnoticed. On the other hand, as the Leader of the House had said, there are three and a half or four were Opposition Members and a little more were on the Independent Benches. What happens is that we are not located in Lahore and you have one Budget session in which you dove-tail all the Ordinances and all the legislation. I think I would be voicing the sentiments of the entire House when I say that if you kindly have a Budget session by itself and allow the Members four or five days so that they can vent their grievances and each one of the Members gets an opportunity to say fairly and squarely whatever he wants to say about the country's politics and particularly the needs and requirements of their particular area. You see, Sir, what happens is that we go and try to prepare ourselves for the Budget and we really take a great deal of pains at preparing our Budget speaches. But when we come here we are hardly given ten minutes and within ten minutes, Sir, in your absence the Deputy Speaker interferes thrice. Whatever the run, whatever the flow of ideas, whatever ideas we propose to

place before the House, they are completely disrupted.

**Mr. Speaker** : No comments about the Deputy Speaker.

**Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak** : I am sorry, Sir, I mean no discourtesy, I was merely referring to. XXXXXX*

**Mr. Speaker** : That remark of Mr. Aslam Khattak is expunged from the proceedings of the Assembly and he should refrain from making such remarks.

**Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak** : Therefore, Sir, if I am allowed to make an humble submission we may have two or three sessions- one in Spring and one in autumn and you should not dove-tail the Budget session with all this legislation and Ordinances. We Members would then have an opportunity of giving a good account of ourselves. We have no intention on this side of the House, at least we Independents, to be critical. We want to be constructive, we want to give you our best, we want to give you suggestions but we would like you to see the other side of the hill.

Therefore, Sir - and I fully agree with that - when you want the Opposition and the Independent Members to be present I would also most humbly request you to look at the great inconvenience that we come across. I think your Party Members would also support me that most of them were not able to express their grievances and were not able to express what they felt that they should express.

Sir, when I was absent yesterday I was not feeling well and I had gone to a Dentist for a dental check up. It was no discourtesy to the House or to the Ruling Party. It was merely a coincidence that some of us were absent.

---

*Expunged as ordered by the Speaker.

**Mr. Speaker** : Would the Minister of Revenue like to make a statement ?

**Minister of Revenue** (Khan Habibullah Khan) : I do not want to make a lengthy speech on this point. Sir, you might have noticed yourself that when yesterday after the tea recess we reassembled it was found that not a single Member from the Opposition Benches or Independent Benches were present there. Well, we also commit the same thing, we are short of quorum but some of the Members and Ministers are always there. Had there been at least one Member from each Party I would not have raised the objection. I raised the objection because all the Opposition and Independent Members were absent. It was not discourtesy to anybody. I only pointed out to the Speaker that when we Ministers are making speeches and when Members of our Party are making speeches or are replying, courtesy demands that they should listen to us so that they may know what were their objections and what are their replies.

As for the point that there should be two or three sessions instead of two and there should be an interval of a couple of weeks or a month, well, these things are not decided on the floor of the House. The normal procedure, the normal convention and the normal practice is that the leaders of different groups meet outside the House, discuss it and then they come to a decision. Such things, as to how many sessions there should be - one, two or more - are not discussed in the open House. If you want to discuss this matter with me I am prepared. I am at your disposal. Leaders of the parties can meet me in my Chamber or in the Speaker's Chamber or somewhere else. We can discuss this matter if it is thought necessary and if we come to a decision that in the interest of the Assembly work we should have more than two sessions I have no objection to that. But this point must be decided outside the House and not inside it.

**Mr. Mahmood Azam Farooqi :** On a point of personal explanation Sir.

جیسا کہ قائد ایوان نے حزب اختلاف کے متعلق فرمایا ہے۔ اور میں اس سلسلے میں جناب خٹک صاحب سے متفق ہوں۔ کہ حکومت کے پاس تو ایک سو پچاس آدمی ہیں۔ اور اگر ان میں سے سو آدمی بھی غیر حاضر ہوں۔ تو بھی پتہ نہیں چلتا۔ کہ کون حاضر ہے۔ اور کون غیر حاضر ہے۔ لیکن جب بار بار کورم ٹوٹتا رہتا ہے۔ تو اس کا مطلب یہ ہے۔ کہ ایوان میں ان کی پارٹی کے کم سے کم چالیس آدمی بھی حاضر نہیں ہیں اور وہ چالیس سے بھی کم تعداد میں ہوتے ہیں۔ جسکا مطلب یہ ہے کہ اگر ان کے ڈیڑھ سو آدمیوں میں سے سو یا سوا سو بھی غیر حاضر ہوں۔ تو بھی پتہ نہیں چلتا۔ ہم اگر کبھی کبھار کسی انسانی ضروریات کے پیش نظر باہر چلے جاتے ہیں۔ تو ہماری وہ غیر حاضری بھی جلدھی معلوم ہو جاتی ہے۔ کل کے متعلق میں یہ عرض کروں گا۔ کہ حمزہ صاحب اور منور خان صاحب کو گورنر صاحب نے یاد فرمایا تھا۔ اور میں یہاں پر صبح ساڑھے آٹھ بجے سے ایک بجے دوپہر تک موجود تھا۔ البتہ چھوٹی موٹی ضرورت مثلاً پانی پینے کے لئے باہر چلا گیا ہوں تو چلا گیا ہوں۔ ورنہ جب تک ہم لاہور میں موجود رہتے ہیں۔ تو ہم اسے اپنا فرض سمجھتے ہیں کہ ہم ایوان میں موجود ہوں۔ کیونکہ یہ ہمارا فرض ہے۔ اور لاہور آنے کا مقصد ہی یہی ہے۔ اور اگر ہم کل شام کے وقت کسی ضروری کام کی وجہ سے ایوان میں نہ آسکے تھے۔ تو بھی ہم نے خاص طور پر حمزہ صاحب کو اس کام پر مامور کر رکھا تھا۔ کہ وہ سارے وقت کے لئے یہاں ایوان میں موجود رہیں۔ تاکہ آپ کی باتیں سن کر اور حالات کے مطابق آپ

کو جواب دیتے رہیں۔ ہم اپنے فرائض سے پوری طرح آگاہ ہیں۔ اور کل حمزہ صاحب کے علاوہ منور خان صاحب بھی تشریف فرما تھے۔ البتہ ہم صرف چار پانچ آدمی ہیں۔ اور اگر ہم میں سے چاروں غیر حاضر ہوں۔ تو آپکے مقابلے میں ہماری غیر حاضری کا احساس آپ کو جلد ہو جاتا ہے۔ لیکن تنقید سے پہلے انسانی ضروریات کو ضرور پیش نظر رکھا کیجئے۔

**Minister of Law** (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : May I rise on a point of order. Mr. Aslam Khattak in his personal explanation expressed the view that on that side of the House Opposition Members numbered 3½. If I have udderstood him or heard him correctly I may say that half is associated with a female. May I very respectfully know from him who is that female on the side of the Opposition ? Whether it is Mr. Munawar Khan, or Haji Sahib or Mr, Farooqi or Mr. Hamza. If he really did not mean that then, I think, in all fairness he should withdraw that. Each one of them is full-fledged one and not half. (*interruptions and cross talk*)

**Mr. Speaker** : Order, please.

---

## MOTION FOR THE AMENDMENT OF RULE 61 OF THE ASSEMBLY RULES OF PROCEDURE

**Mr. Speaker** : Now we take up the Orders of the Day. Mr. Hamza may please ask for leave to move his motion for the amendment of **Rule 61.**

**Mr. Hamza** : Sir, I beg to move :

> That leave be granted to move the following motion for the amendment of the National Assembly of Pakistan Rules of Procedure, as adopted for regulating the procedure of the Provincial Assembly of West Pakistan :-
> That in Rule 61, for the words and figure "any of the principles of law-making enumerated in Article 6", the words and figures "principle I of the Principles of Policy enumerated in Chapter 2, Part II" be substituted."

**Mr. Speaker** : Motion moved is -

> That leave be granted to move the following motion for the amendment of the National Assembly of Pakistan Rules of Procedure, as adopted for regulating the procedure of the Provincial Assembly of West Pakistan :—
> That in Rule 61, for the words and figure "any of the principle of law-making enumerated in Article 6", the words and figures "principle 1 of the Principles of Policy enumerated in Chapter 2, Part II" be substituted.

**Minister of Law** : Opposed, Sir.

**مسٹر حمزہ** ۔ جناب سپیکر ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

**مسٹر سپیکر** ۔ حمزہ صاحب اس سٹیج پر میں آپ کی توجہ رول ۱۸۸ سب رول ۳ کیطرف دلانا چاہتا ہوں اور اس سٹیج پر شاید کوئی تقریر کرنے کا موقع نہیں دیا گیا ہے straight away اس کو ہاؤس میں put کیا جانا ہے ۔ خواہ آپ کی اجازت ہو یا نہ ہو ۔ آپ رول ۱۸۸ سب رول ۳ ملاحظہ فرمائیں ۔

**مسٹر حمزہ** ۔ جناب سپیکر ۔ مجھے پہلے بھی اس کا علم تھا لیکن رول کا

common sense پر انحصار ہوتا ہے ۔ میرے خیال میں جبتک اس معزز ایوان کے ممبران کو ترمیم پیش کرنے کی جو ضرورت محسوس ہوئی ہے اسکے بارے میں آگاہ نہ کروں ۔ انکی رائے طلب کرنا مناسب معلوم نہیں ہوتا لیکن جناب سپیکر ۔ اس پر کوئی پابندی نہیں اگر میں اس بارے میں مختصر سی معروضات پیش کروں تو ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

**Mr. Speaker :** I have to go by the Rules. The words are : "If objection is taken, the Speaker shall request those Members who are in favour of leave being granted to rise in their places and, if not less than thirty Members rise accordingly the Speaker shall intimate the Member has the leave of the Assembly. If less than thirty Members rise, he shall inform the Member that he has not the leave of the Assembly."

**مسٹر حمزہ** ۔ جناب سپیکر ۔ یہ رولز آئین کے تحت بنا دیئے گئے ہیں ۔ انکی ترمیم سے اس ترمیم کی ضرورت محسوس ہوتی ہے ۔ میرے خیال میں جب ہم تمام آئین کا احترام کرنے اور اسکی حفاظت کرنے کا حلف اٹھائے ہوئے ہیں تو اگر یہ رولز آئین کی خلاف ورزی کرتے ہیں یا وہ ۔ ۔ ۔

**Minister of Law :** Sir the member is again explaining his view point in support of his motion. Rules give no discretion.

**مسٹر سپیکر** ۔ حمزہ صاحب آپ نے اسکے لئے نوٹس ۱۵ ۔ دن کا دیا تھا اسکے بعد اسکی امنڈمنٹ تمام ممبر صاحبان کو circulate کیگئی ہے اور آپ یہ سمجھ لیں کہ ممبر صاحبان جانتے ہیں ۔ اگر اسمیں کوئی پراویژن ہوتی تو میں آپ کو ضرور وقت دیتا ۔

Now I will put the question. The question is—

**Chaudhri Anwar Aziz** : Sir, what is the meaning of "When the motion is reached," ?

**Mr. Speaker** : The Motion is reached. That is the first item on the Orders of the Day. It is reached.

**Chaudhri Anwar Aziz** : Sir it is does not include any explanatory statement or anything of that sort.

**Mr. Speaker** : No.

**Chaudhri Anwar Aziz** : I think, Sir, on second thought you might agree with me that "When the motion is reached," means that the motion has been discussed.

**Mr. Speaker** : No, not at all.

**مسٹر حمزہ** ۔ جناب سپیکر ۔ ویسے اسمیں has been moved کا لفظ نہیں ہے ۔

**مسٹر سپیکر** ۔ حمزہ صاحب جب یہ تحریک پیش کیگئی تو اسکا مطلب یہ ہوا کہ آپکا پیشتر بیان ہوگیا ۔ اسکا مطلب یہ ہے کہ order of the day پر کام کرتے کرتے جب موشن پر پہونچ جائیں تو یہ طریقہ کار ہو گا ۔

This is the interpretation. Now, the question is —

> That leave be granted to move the following motion for the amendment of the National Assembly of Pakistan Rules of Procedure, as adopted for regulating the procedure of the Provincial Assembly of West Pakistan.
>
> That in Rule 61, for the words and figure "any of the principles of law-making enumerated in Article 6", the words and figures "principle I of the Principles of Policy enumerated in Chapter 2, Part II" be substituted.

*The motion was lost,*

## WEST PAKISTAN BUDGET (General) 1966—67

### DISCUSSION OF EXPENDITURE CHARGED UPON THE PROVINCIAL CONSOLIDATED FUND (General Budget)

**Mr. Speaker:** The House will now have discussion of Expenditure charged upon the Provincial Consolidated Fund (General Budget).

**ملک محمد اختر** (لاہور ۔۲) ۔ جناب سپیکر ۔ میں پہلے بھی عرض کر چکا ہوں کہ آئین پاکستان کے تحت کافی restrictions لگا دی گئی ہیں کہ ہم ایسے اخراجات پر جو کہ consolidated funds پر charged ہوں تقاریر نہیں کر سکتے ۔ ان میں سب سے جو اہم item ہے وہ debts کے جو interests ہیں انکو consolidated funds کا charge declare کیا گیا ہے جناب سپیکر ۔ اگر ہم بجٹ کو دیکھیں تو اسمیں ہمیں تین چیزیں نظر آئیں گی ۔ (۱) ٹیکس (۲) ڈویلپمنٹ (۳) قرضہ جات ۔ قرضہ جات ہمارے بجٹ کا ایک نہایت ہی اہم حصہ ہیں اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ اسکی back bone ہیں اور قرضہ جات کیلئے آپ جو بھی پالیسیاں بنائی وہ واجب ہوں اور وہ اس قسم کی ہوں کہ جس سے ہمارا ملک مستفیض ہو سکے ۔ اسکے نتائج جیسا کہ ابھی ظاہر ہوا ہے نہ صرف ہمارے اقتصادیات پر بلکہ ہماری سالمیت پر ان قرضہ جات سے دور رس نتائج حاصل ہونے کا امکان ہے ۔

جناب سپیکر ۔ white paper میں ۱۹۶۶-۶۷ء کا جو بجٹ پیش کیا گیا ہے میں نے اسکو بغور دیکھا ہے اسمیں سے مجھے یہ فیگرز عرض کرنی ہونگی کہ ۳۰ جون ۱۹۶۰ء تک جو ہمارے قرضہ جات تھے وہ ۲۲۵۰۷۳ کروڑ تھے ۔ سنہ ۱۹۶۱ء میں یہ ۱۲۹۰۹۲ تک پہونچ گئے ۔

۱۹۶۲ء میں ۱۶۵٫۷۵ کروڑ - ۱۹۶۳ء میں ۲۵۸٫۶۹ کروڑ
۱۹۶۴ء میں ۳۳۹٫۵۶ کروڑ - ۱۹۶۵ء میں ۴۲۵٫۱۶ کروڑ
۱۹۶۶ء کیلئے جو estimated amount تھی ۴۸۰٫۰۵ لاکھ - اسمیں یہاں کمی واقع ہوئی ہے - ۱۹۶۷ء میں ظاہر ہے یہ ۵۸۶٫۱۰ تک پہونچ جائیگی -

جناب سپیکر - مجھے گذارش یہ کرنا ہے کہ ہمارے قرضہ جات کے تین سر چشمے ہیں - ایک تو مرکزی حکومت کے قرضہ جات - دوئم ایسے قرضہ جات جو ہم open market سے حاصل کرتے ہیں اور سوئم ایسے قرضہ جات جو مرکزی حکومت کی وساطت سے دیگر ممالک سے حاصل کرتے ہیں - جناب سپیکر میرا منصب اولین ہے کہ اگر حکومت کوئی کام اچھا کرے تو میں اس کی تعریف بھی کروں - جہاں تک بیرونی قرضہ جات کا تعلق ہے ہمارے صدر مملکت نے یہ فرما دیا ہے کہ ہمیں امریکہ اور برطانیہ کے علاوہ دیگر بیرونی ممالک سے قرضہ جات ملنے شروع ہو گئے ہیں - تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ قدم ان کا قابل تحسین ہے - لیکن اس کے برعکس مجھے یہ گذارش کرنا ہے کہ بعض ایسے قرضہ جات جو ہم دیگر بیرونی ممالک سے حاصل کرتے ہیں وہ ہمارے لئے یعنی مفاد عامہ کے منافی اور ضرر رساں ہیں - جناب سپیکر - جو قرضہ ہم نے مرکزی حکومت سے حاصل کرنا ہے اس قرضہ کی کل بقایہ ۳۱۲۰٫۲ کروڑ ہیں loans جو ہم نے بیرونی ایجنسیوں سے حاصل کرتے ہیں ان کی تعداد ۲۶۰٫۳ ہے اور جو loans ہم نے فارن ایکسچینج کی شکل میں حاصل کئے ہیں یعنی ۳۰ جون ۱۹۶۱ء تک وہ ۱۰٫۸۸ تھے اور ۳۰ جون ۱۹۶۱ء سے موجودہ تاریخ تک یا موجودہ وقت تک ۴٫۴۴

اسطرح سے وہ ۸۵۴۱ ہو جاتے ہیں ۔ جناب سپیکر ۔ اس میں وہ قرضہ بھی شامل ہے جو ہم نے ٹرانسپورٹ اور بسوں کے لئے حاصل کیا اور وہ چالیس لاکھ ہے ۔ جناب سپیکر ۔ اگر ہم ان قرضہ جات کو دیکھیں جو سن ۶۶/۶۵ میں ہم نے حاصل کئے ہیں تو ان میں کافی تعداد U. S. Aid & Loans کی ہے اور ایسے loans کی ہے جو ہم نے امریکہ کی aid کے علاوہ حاصل کیا ہے ۔

**Mr. Speaker** : I may inform the member that he has got only 20 minutes at his disposal. We will pass on to the next item on the Orders of the Day at 11.30 a.m. Mr. Hamza and Mr. Farooqi also want to take part in this discussion, therefore, the member must conclude his speech at 10.20 a.m.

**ملک محمد اختر** ۔ I will try Sir تو جناب سپیکر ۔ یہ قرضہ جات کا عالم ہے ۔ اب میں تفصیلات پر نہیں آتا بہتر ہے کہ ٹوٹل پر آ جاؤں ۔ یہ U. S. Loans کا مسئلہ ہے ۔ اس پر جو سود دینا ہے وہ ۱۹۶۶/۶۵ء میں ۳۶۴۱ کروڑ ہے ۔ سن ۶۷/۶۶ میں بڑھ کر ۷۲۴۱ کروڑ ہوجائیگا ۔ جناب سپیکر ۔ قرضہ جات نہایت تیزی سے بڑھ رہے ہیں اور وہ قرضہ جس پر ہم سن ۶۱ میں کم و بیش ۴ کروڑ ۸۰ لاکھ ۶۳ ہزار سود ادا کرتے تھے اور اب ہم سے گزشتہ سال ۳۰ کروڑ ۲ لاکھ کے قریب سود کا مطالبہ تھا اور اس سال میں اغلباً ۳۰ کروڑ ۴۰ لاکھ سود کا مطالبہ ہے ۔ جناب سپیکر۔ اگر میں تیسرے پنج سالہ منصوبہ میں جو پروویژن کی جانی ہیں ان کو بغور دیکھ کر یہ عرض کروں تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ میرا خدشہ حق بجانب ہے کہ تیسرے پنج سالہ منصوبے کے اختتام پر ہمارا قرضہ ۱۷ ارب کے قریب بن جائیگا اور اس کے

پیچھے سود ایک محتاط اندازے کے مطابق ایک ارب ہو گا ۔ جناب سپیکر ۔ مجھے نہایت ہی ادب سے عرض کرنا ہے کہ امریکن قرضے صرف ہماری اقتصادیات ہی کے منافی نہیں بلکہ امریکہ کا یہ رجحان کہ وہ ہمارے داخلی امور میں بھی دخل دیتا ہے تو یہ چیز ہماری ملکی سالمیت کے منافی ہے ۔ جناب سپیکر ۔ یہ امریکن قرضے جو ہیں ان کا نتیجہ ہم ٦ ستمبر کی جنگ کی صورت میں بھگت رہے ہیں ۔ چنانچہ امریکہ نے جب دیکھا کہ ہم اس کے قرضہ جات کے باوجود اس کے آلہ کار نہیں بنے تو ہمارے صدر مملکت نے ایک آزاد خارجہ پالیسی کا تعین کیا لیکن اس کا نتیجہ ہوا کہ امریکہ کی سی آئی اے نے بھارت کے ساتھ ملکر اس سے سازش کرکے ہم پر ٦ ستمبر کو حملہ کرا دیا ۔ جناب سپیکر ۔ یہ صحیح بات ہے جو واضح طور پر آئندہ ہسٹری میں لکھی جائے گی ۔ اس حقیقت سے ہم آنکھیں بند کر کے چشم پوشی کر کے یہ ہرگز نہیں کہہ سکتے کہ ہم اس حقیقت کو تاریخ کا ایک حصہ بنانے سے روک دیں ۔ جناب سپیکر ۔ان قرضہ جات کی تہ میں کار فرما پالیسی اچھی نہیں ۔ ان میں دانشمندی نہیں ہے ۔ ابھی پانچ یا چھ جولائی کو کنسوریم کی میٹنگ ہو گی جس میں ۵۰۰ ملین ڈالرز کے جو قرضہ جات ہیں اور جو پاکستان نے طلب کئے ہیں ان کے متعلق فیصلہ کیا جانا اور وزیر خارجہ USA سے پچاس ۵۰ ملین ڈالرز کے قرضہ جات کا طلب کرنا اور انہیں ایام میں مسٹر بھٹو کو طویل رخصت پر بھیج دینا میں اسکو محض اتفاق گردانے کو تیار نہیں ۔ جناب سپیکر ۔ مجھے یہ گذارش کرنا ہے کہ مسٹر بھٹو کے اس ملک پر بہت احسانات ہیں ۔ صدر مملکت پر ہیں ۔ کیونکہ U.S.A. سب سے زیادہ صدر مملکت کا دشمن تھا ۔ لیکن ہمارے صدر مملکت نے ایک آزاد خارجہ پالیسی کا تعین کیا

اور مسٹر بھٹو تو محض ان کے وکیل تھے ۔

**آوازیں** ۔ وٹو ادھر بیٹھے ہیں ۔

**ملک محمد اختر** ۔ اب ان کو نکالا جائے گا ۔

**وزیر بنیادی جمہوریت** ۔ آپکا دل تو ٹھنڈا ہو جائے گا نا ۔

**ملک محمد اختر** ۔ خدا کی قسم میں آپ کے ساتھ ہوں ۔ جناب سپیکر۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ان قرضہ جات کا بڑھتا ہوا رجحان اور یہ یو۔ایس۔اے کی امداد نہ صرف ہمارے اقتصادیات کے لئے ضرر رساں ہے بلکہ ہمارے ملک کی سالمیت کے مکمل طور پر منافی ہے ۔

جناب سپیکر ۔ میں نہیں چاہتا کہ اپنے سابقہ وزیر خارجہ کے متعلق یہاں بہت سی باتیں کہوں لیکن اگر میں چند باتیں نہ کہوں تو میں سمجھتا ہوں کہ میں اپنے فرض میں کوتاہی کروں گا ۔ وہ ہمارے سب سے زیادہ کامیاب ترجمان تھے ۔ جنہوں نے ہماری foreign policey کو بیباکی اور دلیری سے پیش کیا اور بھارتی عزائم کو بے نقاب کیا ۔

جناب سپیکر ۔ اب میں اس اقتصادی کنٹرول کی طرف آتا ہوں جو یہاں foreign taxation یا foreign Engineers کی شکل میں aid دینے والے ممالک ہم پر قائم کرتے ہیں ۔ ان کے Consultants Engineers اور جو aid اور loan وہ ہمیں دیتے ہیں اس کا ۴۰ فیصد حصہ واپس لے جاتے ہیں ہمارے صوبہ کے گورنر صاحب ۲۰۰۰۰ روپے سالانہ تنخواہ پاتے ہیں اس کے مقابلے میں ایک foreign technician تین لاکھ روپے سالانہ ہم سے حاصل کرتا ہے۔ جناب

والا ۔ یہ جو consultants ہیں ان کا فرض اولین یہ ہے ۔ کہ وہ ہمارے Engineers کو train کریں ۔ ان کے ساتھ جو ہمارا معاہدہ ہے یہ اس کی ایک clause ہے ۔ لیکن یہ محض آپ کے Executive Engineers کو اپنے کے ساتھ آپریشنل ورکس پر لے جاتے ہیں سپرنٹنڈنگ انجینئر جو ہیں ان کو محض administrative آسامیاں دیتے ہیں لیکن ہماری حکومت اس بارہ میں پہلو تہی اور چشم پوشی سے کام لے رہی ہے ۔

**ملک معراج خالد** ۔ پوائنٹ آف آرڈر جناب ۔ جناب نیشنل اسمبلی میں اس مسئلہ کے متعلق پوری وضاحت ہو چکی ہے ۔ کہ اگر اب امداد لی گئی تو اس کے ساتھ technicians نہیں ہونگے ۔ نہ ایڈوائزر ہونگے ۔ پہلے جتنی شرائط ہوتی تھیں اب وہ نہیں ہونگی ۔

**ملک محمد اختر** ۔ جناب سپیکر ۔ اگر انہوں نے وہ provision نہیں دیکھی جو ان تنخواہوں کے لئے اس بجٹ میں رکھی گئی ہے تو اس میں میرا کیا قصور ہے ۔ حکومت کو ایسی provision رکھنی چاہئیے تھی جس سے ہمارے نوجوان انجینئر باہر بھیجے جاتے اور وہ پروگرام کے مطابق وہاں سے ٹیکنیکل ٹریننگ حاصل کر کے واپس آتے اور ان foreign consultants کی جگہ لیتے وہ اس خدشہ سے واقف ہیں اور اس لئے وہ آپ کے انجینئروں کو ٹریننگ نہیں دیتے اس کے علاوہ وہ اس معاملہ میں کس حد تک حق بجانب ہیں کہ یہ consultants گران قدر رقومات foreign-exchange کی صورت میں ہماری حکومت سے حاصل کرتے ہیں اور اپنے ممالک کو بھیجتے ہیں ۔

**جناب سپیکر** ۔ جس طرح سے ان قرضہجات کو ضائع کیا جا رہا ہے اور

ان سے پورے فوائد حاصل نہیں کئے جا رہے ہیں اس کی صرف ایک مثال اس ایوان کے سامنے پیش کروں گا۔ وائٹ پیپر کے صفحہ (IV) پر درج ہے کہ روڈ ٹرانسپورٹ کارپوریشن کو ۶۷-۱۹۶۶ء میں ۳۰ لاکھ کا قرضہ دیا جائے گا۔ ۶۶-۱۹۶۵ء میں انہیں ۴۰ لاکھ کا قرضہ دیا گیا ہے۔ جناب سپیکر۔ اب میں اس منصوبہ بندی کی ایک مثال ذرا سے وقت میں، یہاں عرض کرونگا وہ یہ ہے کہ روڈ ٹرانسپورٹ کارپوریشن جو پہلے ۱۴ افسروں پر مشتمل تھی اور جس کا خرچ ۲ لاکھ ۱۶ ہزار چار سو اسی روپے تھا اب اسے بڑھا کر ۳ لاکھ ۹۲ ہزار سات سو چھتیس کر دیا گیا ہے اس طرح عملے کی تنخواہ جس کی اس بجٹ میں منظوری دی گئی ہے اس میں ۱۷۶۲۵۰ روپے کا اضافہ ہوا ہے بسیں جو ہم وصول کر رہے ہیں ان کو سفر کے ۲۰۷ شیڈولوں پر چلنا ہوتا ہے ان کی تعداد ۳۱۳ ہے ہر روڈ ان بسوں کو ۲۷۸۰۰ میل سفر کرنا ہوتا ہے۔ لیکن یہ بسیں ۲۰۰۰۰ میل سفر کرتی ہیں اور اس طرح ۷۰۰۰ milage شیڈول پر رہ جاتا ہے اور ہر میل کے سفر پر ہماری روڈ ٹرانسپورٹ کارپوریشن کو بحساب ایک روپے پچھتر پیسے وصولی ہونی ہوتی ہے۔ اس طرح یہ جو leakage ہوتی ہے یہ کم و بیش دو لاکھ ۱۰ ہزار milage کی ہے یعنی چار لاکھ روپے سالانہ کی ہے۔ یہ اعداد و شمار میں نے جو دئیے ہیں اگر ان پر قابو پا لیا جائے تو اندازہ فرمائیے کہ جو ۳۰ یا ۴۰ لاکھ کا قرضہ ہم نے حاصل کیا ہے ہم اس طرح سے خود مکتفی ہو سکتے ہیں اور ہمیں اس کی ضرورت ہی پیش نہیں آتی۔

جناب سپیکر۔ اب مجھے ایک اور مثال پیش کرنی ہے۔ مسٹر عبدالقیوم چیئرمین روڈ ٹرانسپورٹ کارپوریشن نے ایک گرانقدر بیان دیا تھا یہ بیان ۲۸ ڈبل ڈیکر بسوں کے متعلق تھا۔ جن کے لئے ویسٹ جرمنی سے ہم نے قرضہ حاصل کیا۔ انہوں نے اپنے اس بیان میں فرمایا ہے کہ ان ۲۸ بسوں کے انجن تیس سال قبل درآمد کئے گئے لیکن انکا سامان کسی وجہ سے درآمدی فہرست میں درج نہیں کیا جا سکا تھا۔ بعد ازاں وہ فرماتے ہیں کہ جب سامان کی ترسیل کے لئے لکھا گیا تو اسکا کچھ حصہ چٹاگانگ بھیج دیا گیا اور کچھ کراچی میں بھیج دیا گیا جب یہ وصول ہوا تو اس سے پرانے ماڈل کی بسیں بن سکتی تھیں۔ جناب والا۔ یہ کسی عام آدمی کا بیان نہیں ہے یہ حمزہ صاحب کا یا میرا بیان نہیں ہے جس کے متعلق کہا جا سکتا ہے کہ وہ آپوزیشن کا ایک رکن ہوتے ہوئے ہمارے کام پر تنقید کرتا ہے۔ یہ روڈ ٹرانسپورٹ کارپوریشن کے چیئرمین کی تقریر ہے۔ اندازہ فرمائیے کہ اس کے لئے یہ جو قرضہ ویسٹ جرمنی سے حاصل کیا تھا انجن پہلے آ گئے تھے۔ اور وہ تین سال پڑے پڑے زنگ آلود ہو گئے اور اتنا عرصہ یہ بسیں روڈ پر نہیں جا سکیں۔

جناب سپیکر۔ اسکے بعد انہوں نے یہ بھی فرمایا ہے کہ جب سامان آیا تو وہ پرانے ماڈل کا تھا اور اسکو استعمال نہیں کیا جا سکا اور وہ جو انجن تھے۔ وہ زنگ آلود ہو چکے تھے میرے پاس وقت کی کمی ہے میں صرف دو ایک مثالیں اور دوں گا۔ قرضہ کو جس بیدردی سے خرچ کیا جاتا ہے اس کے بارے میں میں یہ عرض کروں گا کہ مجھے روڈ ٹرانسپورٹ بورڈ سے ایک ایسی بس کا حوالہ ملا ہے۔ جو گزشتہ تین سال سے جب سے آئی ہے ناکارہ پڑی ہے کیونکہ

اسکے ساتھ ایک پرزہ نہیں آیا وہ درآمد نہیں کیا گیا اس بس کا نمبر ۶۰۱۷ ہے متعلقہ صاحب نوٹ فرمائیں اور اگر یہ بات غلط ہو تو اس کی تردید ضرور فرمائیں۔ اسکے بعد جناب جہاں تک ان بسوں کے functioning کا تعلق ہے بعض بسیں معمولی پنکچروں کی وجہ سے روڈ پر نہیں جا سکتیں جس سے ایک طرف عوام کو وہ سہولت نہیں ملتی جو انہیں ملنی چاہئیے تھی اور دوسری طرف قرضہ پر سود پڑتا ہے قرضہ جات کی بہتات اور فراوانی نے ہمارے محکموں کی efficiency کو کم کر دیا ہے اگر وسائل محدود ہوں تو اپنے وسائل کے مطابق چلنا پڑتا اور اس صورت میں آپ efficiency کو بڑھاتے اور leakage کو روکتے ہماری وہ مثال ہو گئی ہے جیسے ۱۹۴۷ء سے پہلے بنیئے اور ساہوکار کاشتکار اور چھوٹے کاروباری آدمی میں تساہل پیدا کرتے تھے اور اسے قرضہ کا عادی بنا دیتے تھے۔ اور دیگر ممالک یہ قرضے جو ہمیں دے رہے ہیں وہ یہ چاہتے ہیں کہ ان قرضوں سے اور سود سے ہم نجات نہ حاصل کر سکیں۔ میرے فاضل بھائی جناب وزیر خزانہ صاحب نے فرمایا تھا۔ (کل میں بد قسمتی سے یہاں نہ تھا اگر کل جو بعد دوپہر اجلاس ہوا یہاں ہوتا تو میں آج کی تقریر تیار نہیں کر سکتا تھا۔ مجھے ضروری جانا تھا کیونکہ میں نے کافی study کرنی تھی) ان کا یہ جملہ تھا کہ جو اضافہ ہو رہا ہے وہ اس وجہ سے اضافہ ہو رہا ہے کہ ہم سابقہ سود وقت پر ادا نہیں کرتے۔ اس طرح قرضہ اور سود اور اس پر اور سود کی رقم بڑھ جاتی ہے۔

جناب سپیکر۔ اب میں ایسی فگر اس ہاؤس میں پیش کروں گا جو ان قرضہ

جات کے متعلق میرے خدشات کو اور بھی تقویت دیتی ہے۔ لیکن میرے معزز فنانس منسٹر صاحب کو یہ اعتراض ہے کہ میں ملک کی اور پاکستان کی باتیں کرتا ہوں مغربی پاکستان کی باتیں نہیں کرتا۔

**Mr. Speaker** : The member may please conclude his speech.

**ملک محمد اختر** ۔ جناب والا۔ دس بجکر ۳۰ منٹ پر اپنی تقریر ختم کر دوں گا ۔

جناب سپیکر۔ پاکستان کی آبادی ۱۱ کروڑ ۵۴ء ہے اور مرکزی حکومت کے ذمہ جو قرضہ ہے وہ ۱۳۲۸ کروڑ ہے یعنی ہربچہ (جناب وزیر خزانہ صاحب ملاحظہ فرمائیں یہ چیز آپ کے علم میں اضافہ کرے گی) جو پاکستان میں پیدا ہوتا ہے وہ silver spoon منہ میں لیکر نہیں آ رہا ہے بلکہ وہ ۸۹ روپے کا قرضہ لیکر آتا ہے۔

جناب سپیکر ۔ قرضوں کا رجحان یہاں ہر روز بڑھ رہا ہے اور ہر روز کے بڑھتے ہوئے سود سے نجات حاصل کرنے کا صرف ایک ہی طریقہ ہے اور وہ یہ ہے کہ تمام انڈسٹریز کو نیشنلائز کیا جائے ۔ تمام زمینوں کو نیشنلائز کیا جائے۔ کوآپریٹو فارمز بنائیں۔ ان سے اپنی انکم میں اضافہ کیجئے۔ اگر ایسا نہیں کرتے تو آپ ان قرضہ جات سے نجات حاصل نہیں کر سکتے۔ آپ بیرونی دشمن ممالک کے مقابلہ کے لئے ڈیفنس کے جو اخراجات ہیں جن کی ضرورت ہے ان اخراجات کے آپ متحمل نہیں ہو سکتے۔ آپ کا پاکستان خطرے میں ہے۔ آپ کی سالمیت خطرے میں ہے ۔

جناب سپیکر ۔ اس کے بعد مجھے rate of interest کی طرف آنا ہے۔ میرے پاس فگرز ہیں۔ میں صرف ایک ہی مثال عرض کروں گا۔ ہم نے ۵۰ ملین ڈالر کا نیا قرضہ جو U.S.A سے حاصل کرنا ہے اس کا rate of interest پہلے ۱۰ سال ۱ فیصدی ہے اور آئندہ ۳۰ سال کے لئے اڑھائی فیصدی ہے۔ پہلے دس سال میں وہ اس لئے کم سود لگا رہے ہیں کہ وہ جانتے ہیں کہ ہم قرضہ ادا نہیں کر سکیں گے اور یہ قرضہ غیر متعین عرصہ کے لئے بڑھتا جائے گا۔

جناب والا ۔ اگر میں یہ گزارش کروں کہ ملک میں ۲۵۰ صنعتکاروں کے خاندان ہیں جو ان قرضہ جات سے directly مستفید ہوتے ہیں

جناب سپیکر ۔ اگر میری سٹیٹمنٹ غلط ہے تو میرے بڑے بھائی جناب وزیر خزانہ صاحب گزشتہ مارشل لا کے بعد کی جو direct aid دلوائی ہے اس کے متعلق فرمائیں گے کہ کتنا loan تھا اور کیا سود تھا۔ یہ جرأت فرمائیں اور اس سٹیٹمنٹ کو رد کر دیں۔

**Mr. Speaker** : The member may please resume his seat.

**ملک محمد اختر** ۔ جناب والا۔ ایک دو منٹ اور دیئے جائیں۔

جناب سپیکر ۔ میرے پاس فگرز ہیں۔ میں کیا عرض کروں

"پسلی پھڑک اٹھی نگہء انتخاب کی"

جناب وزیر خزانہ صاحب پتہ نہیں کہ اسے پسند فرمائیں یا نہ۔

(قطع کلامیاں)

جناب سپیکر ۔ میں عرض کر رہا تھا کہ انہوں نے کیا کیا ہے اب یہ نئی انڈسٹریز ہیں جن کے لئے زر مبادلہ کو استعمال کیا جا سکے ان نئی انڈسٹریز کے لئے یہ کیا گیا ہے کہ کچھ صنعتکار منتخب کر لئے گئے ہیں۔ ان صنعتکاروں نے اور کچھ لیگ کے سابقہ صدر اور سیکرٹری اور کچھ یونینسٹ وزیر اعظم اور اسی طرح (پتہ نہیں جناب ملک محمد حیات خان صاحب ٹمن کی کب باری آئے گی) سابقہ وزیر ریلوے لے گئے۔ آپ اندازہ فرمائیں کہ ان چند لوگوں کو نوازنے کے لئے اس monopoly کو بر قرار رکھنے کے لئے ہماری گردنیں خطرے میں ڈالی جا رہی ہیں۔ ملک کی سالمیت کے سودے کئے جا رہے ہیں۔ ایسے ممالک سے قرضہ جات حاصل کر رہے ہیں اور میں یہ کہنے پر مجبور ہوں کہ جو ممالک پاکستان کے قیام میں اعتبار نہیں رکھتے وہ ممالک (میں کہوں گا اور کہہ کر رہوں گا) جو چاہتے ہیں کہ ہماری بھارت کے ساتھ confederation ہو جائے۔

جناب سپیکر ۔ ان گزارشات کے ساتھ میں عرض کروں گا کہ ہمیں اپنے وسائل کو پوری طرح سے بروئے کار لاتے ہوئے ان قرضہ جات سے نجات حاصل کرنی چاہئے۔

مسٹر حمزہ جناب سپیکر (لائل پور ٦) ۔ ۔ قرضہ جات جس تیزی سے بڑھ رہے ہیں ان سے کوئی ذی شعور انسان یا کوئی نمائندہ بے نیاز نہیں ہو سکتا۔ صوبائی حکومت کے ذمہ ۱۹٦۷ میں ۱ ارب ۳۱ کروڑ کے قرضہ جات تھے۔ جب ون یونٹ معرض وجود میں آیا تو اس سال اسی ضمن میں ہم نے ۴ کروڑ ۵۰ لاکھ روپیہ بطور سود ادا کرنا تھا۔ موجودہ بجٹ میں جناب وزیر

مالیات صاحب نے ۴۳ کروڑ ۵۷ لاکھ ۴۹ ہزار روپے کی گنجائش رکھی ہے اور آج صوبہ کا قرض ۵ ارب ۸۶ کروڑ اور ۱۰ لاکھ روپیہ ہے۔ وزیر مالیات اسکا جواب یہ بھی دے سکتے ہیں کہ ہم نے یہ قرضہ جات بعض ایسے اداروں کو دیئے ہیں جن سے ہمیں بھی سود وصول ہوتا ہے لیکن جب ہمیں قرض ایک مقروض ادارے کی طرف سے وصول ہوتا ہے تو اس مالیت کے ساتھ اس سال بطور سود جو وصول ہو گا وہ صرف ۱۹ کروڑ ۹۵ لاکھ ۳۴ ہزار روپیہ ہے۔

جناب سپیکر ۔ جیسا کہ جناب ملک اختر صاحب نے فرمایا ہے کہ ان قرضہ جات میں کافی بڑی تعداد ایسے قرضوں کی ہے جو کہ ہمیں مرکزی حکومت دوسرے ممالک سے حاصل کر کے دیتی ہے۔ اس سال بھی جناب وزیر مالیات صاحب نے بیرونی امداد کی مد میں ۵۵ کروڑ اور ۱۳ لاکھ روپے کی گنجائش رکھی ہے۔

جناب سپیکر۔ گورنمنٹ کی طرف سے یہ کہا جا سکتا ہے کہ اس سے پہلے غیرممالک مثلاً امریکہ وغیرہ سے ہمیں بہت سے قرضہ جات اور گرانٹ ملتے رہے ہیں مگر افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ جو گرانٹ وغیرہ ہمیں موصول ہوتی رہی ہیں وہ محض اس کہاوت کے مطابق خرچ ہوتی رہی ہیں ''مال حرام بود بجائے حرام رفت،، ان کو اس غلط طریقہ سے استعمال کیا گیا بلکہ جیسا کہ وٹو صاحب نے کہا ہے کہ حکومت نے دیہی ترقیاتی پروگرام چالو کر دیئے ہیں اور اب جب کہ امریکہ نے گرانٹ بند کر دی ہے تو اس سال اس کے لئے صرف ۵ کروڑ کی گنجائش رکھی ہے۔ میں حکومت سے

پوچھتا ہوں کہ اتنی تیزی سے جو قرضہ جات موصول کئے گئے ہیں اور ان کے موصول ہونے کی وجہ سے ملک کی سالمیت کا سودا کر رہی ہے۔ کیا ہمارا ملک اتنے قرضہ جات حاصل کرنے کے بعد ان کے ادا کرنے کی اہلیت رکھتا ہے یا نہیں۔ ان قرضہ جات کا معتدبہ حصہ ہارڈ کرنسی میں ملتا ہے۔ ان کے ادا کرنے کے لئے لازم ہے کہ balance of payment ہمارے ملک کے حق میں ہو۔ جب سے ون یونٹ معرض وجود میں آیا ہے۔ ۵۷-۱۹۵۶ میں ہمارا balance of payment کا جو deficit تھا وہ ۸ کروڑ ۱۷ لاکھ ۸۱ ہزار روپیہ تھا اور یہ بتدریج تیزی سے سال بہ سال بڑھ رہا ہے۔ جو اعداد و شمار حکومت کی طرف سے بہم پہنچے ہیں ۶۴-۱۹۶۳ میں ہم نے foreign trade یعنی غیر ملکی تجارت کے سلسلہ میں ایک ارب ۹۰ کروڑ ۶۶ لاکھ ۲۴ ہزار کا خسارہ تھا۔ یہ خسارہ اتنا زیادہ ہے کہ جتنی اشیاء ہم نے بیرونی ممالک کو بھیجی ہیں ان کی قیمت ایک ارب ۷ کروڑ ۵ لاکھ روپیہ تھی۔ یعنی تمام اشیاء جو ہم نے غیر ممالک میں بھیجی ہیں ان کی قیمت سے زائد balance of payment کا (deficit) خسارہ تھا۔ آپ اندازہ لگائیے کہ جیسا کہ آپ کو علم ہے۔ حکومت کو اس بات کا پورا احساس ہو گا کہ اس سال ہمیں غیر ممالک سے اتنی گندم منگانی پڑے گی جس کے لئے ۸۰ کروڑ کا زر مبادلہ صرف ہو گا۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ کل وزیر مالیات نے فرمایا تھا کہ کسی ترقی پذیر ملک کے لئے غیر ممالک سے امداد حاصل کرنا لازمی ہوتا ہے۔ اور ترقی کی رفتار کو تیز کرنے کے لئے اس کا حاصل کرنا اور بھی ضروری ہوتا ہے۔ لیکن جناب سپیکر۔ میرے خیال میں قرضہ جات لیتے وقت یہ اندازہ ہونا چاہئے کہ ہم آئندہ سالوں میں اتنی تیزی سے ترقی

کریں گے جو ہمارے balance of payment کے حق میں ہو گا۔ اور ہمارا balance of payment اتنا زیادہ ہو گا کہ ہم تمام کے تمام قرضہ جات ادا کر سکیں گے۔

جناب سپیکر ۔ قارض کی شرائط بڑی سخت ہوتی ہیں۔ اس وقت ہمارے معاملات میں امریکہ مداخلت کرتا ہے۔ تو مجھے اس سے اتنا شکوہ نہیں جتنا ان لوگوں سے ہے جو دباؤ کے تحت اور اس کے dictate کے تحت ناچتے ہیں۔ ان پر سب سے زیادہ اعتراض ہے۔ آپ کو علم ہے کہ چند دن ہوئے بھارت نے اپنی کرنسی کو devaluate کیا ہے اور یہ بھی امریکہ کے کہنے پر ۔ غیر ممالک جب قرضہ جات دیتے ہیں۔ تو اندرون ملک کے سیاسی معاملات بلکہ ہر معاملہ میں دخل دیتے ہیں۔ اس لئے ہمارے لئے لازم ہے کہ ہم اقتصادی طور پر اپنے پاؤں پر کھڑا ہو سکیں۔

جناب سپیکر ۔ افسوس کا مقام ہے کہ ہم نے اتنی بڑی تعداد میں قرضہ جات لئے ہیں بلکہ اب خوشامد کی جا رہی ہے کہ کسی طرح قرضہ جات مل جائیں جن کے ادا کرنے کی ہم میں اہلیت نہیں ہے یہ آئندہ نسلوں پر ظلم ہے۔ ہم اتنے زیادہ مقروض ہو چکے ہیں کہ بہ حیثیت شہری یا اس ملک کے باشندے ہونے یا آزاد ملک کے طور پر اس کا قائم رہنا بڑا مشکل ہے۔ آج بھی اسے ایک آزاد ملک کہلانے کا حق نہیں ہے۔

جناب سپیکر ۔ یہ قرضہ جات یا یہ رقومات جو ان اعداد و شمار میں دیئے گئے ہیں وہ آپ کی خدمت میں پیش کر کے عرض کروں گا کہ مغربی پاکستان کی حکومت نے مرکزی حکومت کو یا پبلک کو یا foreign loans کی

صورت میں ادا کرنے ہیں اور وہ قرضہ جات جو چند ایک خود مختار اداروں نے بذات خود غیر ممالک سے لئے ہیں۔ اس سے اندازہ لگائیے کہ ہمارے ملک میں اخراجات کی حالت کتنی مخدوش ہے۔ میں قرضہ جات کی بحث کو چھوڑ کر اب ان رقومات کی طرف آتا ہوں جن کا وزرا اور پارلیمنٹری سیکرٹری اور اسمبلی کے خرچ کے لئے مطالبہ کیا ہے۔

جناب سپیکر ۔ میرے نزدیک اگر آپ برا نہ مانیں تو ہم یہ رقومات ایسی اسمبلی پر خرچ کرتے ہیں جس کا کام صرف آرڈیننس پاس کرنا ہے۔ اور یہ مغربی پاکستان کی غریب آبادی پر ظلم ہے۔

جناب والا ۔ اس اسمبلی میں ہماری حکومت کی مسلسل کوتاہ اندیشانہ پالیسی کی وجہ سے ہمیں ان حالات کا مقابلہ کرنا پڑا ہے۔ موجودہ اجلاس کے دوران ایک آرڈیننس یا ہنگامی قانون جس کا اثر اس ملک کی ۵ کروڑ آبادی کی زندگی پر پڑتا تھا۔ صرف ایک گھنٹہ ۲۰ منٹ میں پاس کرنے کی کوشش کی گئی۔ مجھے اس بات پر سخت اعتراض ہے کہ جس رقم کی گنجائش رکھی گئی ہے وہ پچھلے سال تین لاکھ تھی اور اس سال تین لاکھ تیس ہزار ہے۔

جناب والا ۔ آپ کو علم ہو گا کہ دو وزرا چلے گئے ہیں اور مستقبل قریب میں کسی نئے وزیر کے مقرر کئے جانے کا امکان نہیں۔ وہ وزرا جن کی زبون حالی کہئے یا جن کی awkward پوزیشن ہے نہ تو ایوان کے ممبر رہے اور جب ان کو نکال دیا جاتا ہے تو ان کو نکلنے کی وجوہات سے آگاہ نہیں کیا جاتا۔ آخر یہ لوگ ہمارے سامنے ہیں اور ان کی position ہم پر واضح

ہے تو پھر آپ ھی بتائیے کہ ان پر جو کچھ خرچ کیا جانے والا ھے وہ محض تکلف نہیں تو اور کیا ھے۔

**Mr. Speaker** : The House is adjourned for twenty minutes for Tea dreak.

*The Assembly then adjourned for twenty minutes*

*The Assembly met at eleven of the clock. Mr. Deputy Speaker (Mr. Ahmedmian Soomro) in the Chair.*

**Mr. Deputy Speaker :** Now, the House will resume discussion of Expenditure charged upon the Provincial Consolidated Fund. Yes, Mr. Hamza.

**مسٹر حمزہ۔** جناب سپیکر۔میں یہ عرض کر رہا تھا کہ وزراء کی تنخواھوں اور الاؤنسز کے لئے ۳۰ ھزار کی زائد رقم کی جو گنجائیش رکھی گئی ھے وہ انتہائی غیر موزوں ہے چونکہ دو وزراء صاحبان کو چھٹی دیدی گئی ہے اور مجھے خاص طور پر یہ بھی اعتراض ھے کہ ان کو چھٹی دیتے وقت اور چھٹی دینے کے بعد اس ایوان کو اعتماد میں نہیں لیا گیا تو یہ مد جس میں سے ان وزراء کو تنخواہ دینی ہے بہت زیادہ ھے۔

**Mr. Deputy Speaker :** They are not responsible to the legislature.

**مسٹر حمزہ ۔** جناب سپیکر ۔ اس سے پہلے بھی میں نے عرض کیا تھا کہ وہ اس ایوان کے integral part ہیں اور اس کی کارروائی میں حصہ لیتے ہیں اور گورنر اور اسمبلی کے درمیان liaison کا کام کرتے ہیں۔ ایک طرح ان کا اربطہ قائم کرتے ہیں۔ آخر وہ اتنے معزز اور محترم ہیں کہ ان کے ساتھ سارے

مغربی پاکستان کی دلچسپی وابستہ ہے بلکہ سارے صوبے کے لوگ رہنمائی کے لئے ان کی طرف دیکھتے ہیں۔ جب وہ اس ایوان یا اس ملک سے چلے جائیں رفو چکر ہو جائیں تو ان کا حق ہے کہ انہیں بتایا جائے کہ کیا حالات تھے جن کے تحت انہیں چھٹی دی گئی۔ ان کی اہمیت اتنی کم نہیں جتنی کہ آپ نے ان کے بارے میں خیال فرمایا ہے۔ جناب سپیکر۔میں نے عرض کرنی ہے کہ اگر ان وزرا کی اہمیت نہیں ان کی وقعت نہیں تو پھر ضرورت کیا پڑی ہے کہ وزراء کو رکھا جائے۔ میں نے اکثر دیکھا ہے کہ وزراء صاحبان سیشن کے دوران مصیبت میں گرفتار رہتے ہیں لیکن اس کے بعد اکثر اوقات ذاتی کام کرتے ہیں یا الیکشن بازی میں ایسے کام کرتے ہیں جو کسی لحاظ سے بھی قانون کے مطابق نہیں ہوتے اور اگر ملک کا کام ان کے ذمہ ہے تو محض یہ ہے کہ مسماۃ مسلم لیگ .....

(شور اور قطع کلامیاں)

**رانا پھول محمد خان** ۔ پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب سپیکر۔ حمزہ صاحب وزراء کی کارکردگی پر غور کر رہے ہیں یا کچھ اور کہہ رہے ہیں وہ تو الیکشنوں تک پہنچ گئے وہ غیر متعلقہ باتیں کر رہے ہیں۔

**مسٹر حمزہ** ۔ جناب سپیکر ۔ میں عرض کر رہا تھا کہ وہ مسلم لیگ کا پراپیگنڈہ کرتے ہیں۔

**Mr. Deputy Speaker** : Is Muslim League expenditure charged upon the Provincial Consolidated Fund?

**مسٹر حمزہ** ۔ جناب سپیکر۔ اس پر بھی کافی بوجھ ہے ان کا۔ کیونکہ جو

یہ کام کرتے ہیں وہ در اصل ان کا کام نہیں ہے۔ ان کو تنخواہیں مسلم لیگ سے ملنی چاہئیں نہ یہ کہ Provincial Consolidated Fund سے۔ متذکرہ بالا فنڈ سے جو ان کو تنخواہیں دیتے ہیں یہ ناجائز ہیں اور وہ اس کا ناجائز فائدہ اٹھاتے ہیں میں عرض کر رہا تھا کہ یہ غیر ضروری خرچ ہے جو ان کا بجٹ میں شامل کیا گیا ہے۔ جناب سپیکر۔ پارلیمانی سیکریٹری جو ہیں ان میں سے ایک تو میرے ضلع سے تعلق رکھتے ہیں۔ ایک سردار محمد اشرف ہیں۔ ماسوائے دو یا تین کے کہ جو مقرر کئے گئے ہیں میرا خیال ہے کہ وہ از کار رفتہ ہیں۔ آپ نے بعض عہدے دیکھے ہوں گے تو یہ انہی عہدوں میں سے ہیں جو محض سیاسی طور پر بعض لوگوں کو نوازنے کے لئے دیئے جاتے ہیں انگلینڈ میں عام طور پر ایسے لوگوں کو دیئے جاتے ہیں جن کو پارلیمانی طریقہ کار میں تربیت دینی مطلوب ہو اور جب وہ تجربہ کار ہو جاتے ہیں تو ان کو بطور وزیر کام کرنے کا موقع دیا جاتا ہے۔ آپ کو اس چیز کا بھی احساس ہو گا کہ پچھلی اسمبلی کے جتنے پارلیمانی سیکریٹری تھے ان میں سے ایک کو بھی وزیر نہیں بنایا گیا۔ اس کے ساتھ ساتھ اگر ان لوگوں کو اور وزراء کے پارلیمانی سیکریٹری صاحبان کو بدستور نوکری میں رکھنا ہے تو ان کی ریٹائرمنٹ جیسے کہ حکومت نے اپنے ملازمین کی حد عمر مقرر کی ہے تو وہ حد عمر ان پر بھی لاگو ہونی چاہئیے۔ کیونکہ اکثر اوقات دیکھا گیا ہے کہ ان کا تلفظ بھی ٹھیک نہیں ہوتا۔ وہ پڑھے لکھے بھی نہیں ہوتے اور بعض ان میں کافی عمر رسیدہ ہوتے ہیں۔ ایک بڑے معزز پارلیمانی سیکریٹری جن کا نام حاجی گل حسن منگھی ہے وہ لائیلپور کو لیلہ پور کہا کرتے ہیں۔ جناب سپیکر۔اس کے ساتھ ساتھ جس قسم کا کام اس اسمبلی کے ممبران سے لیا

جاتا ہے میرا خیال ہے کہ آرڈیننسوں پر بحث کرنے کے لئے جو بھی تھوڑا بہت وقفہ دیا جاتا ہے اس سے تو بہتر یہ ہو گا کہ بجائے اس کے کہ ہم اپنے ممبر صاحبان کو اتنی بڑی رقومات جو کہ ان کو الاؤنسز کی شکل میں دی جاتی ہیں دیں ہم ان ہنگامی قوانین کو ان کے گھروں پر ہی ارسال کر دیا کریں اور وہاں سے ان کے دستخط ہو کر آ جایا کریں تو اس سے کافی حد تک بچت ہو جائے گی۔ تو میرا اعتراض محض یہ ہے کہ جو لوگ کام بھی نہیں کرتے پھر بھی ان کو اتنی رقومات دینی ان پر اتنا خرچ کرنا درست نہیں ہے۔ ان پر اتنا خرچ نہیں ہونا چاہئیے اور وہ عملہ جو بہت محنت سے کام کرتا ہے میری مراد اسمبلی کے عملہ سے ہے انہیں اوور ٹائیم بھی نہ دیا جائے یہ کہاں کا انصاف ہے۔ اس کے بر عکس وہ لوگ جو اس ایوان کے سامنے ذمہ دار بھی نہیں ان کے لئے اتنی بڑی تنخواہ کی گنجائش رکھی گئی ہے بلکہ اس میں اضافہ کیا گیا ہے یہ کس حد تک درست تسلیم کیا جا سکتا ہے اگر کوئی مستحق ملازم ہیں تو وہ محض ہماری اسمبلی کا سٹاف ہے جو اوور ٹائم کام کرتا ہے۔ نیشنل اسمبلی میں اوور ٹائم دیا جاتا ہے اور پراونشل اسمبلی کے لئے اوور ٹائم کی گنجائیش نہیں رکھی گئی جناب سپیکر۔ میں اس کے بعد پبلک سروس کمشن کی طرف آتا ہوں۔ آپ کو علم ہے کہ یہ ادارہ آئین کی دفعہ ۱۸۹ سب سیکشن (۲) کے تحت معرض وجود میں آیا تھا۔ اس کے بنانے کا یہ مقصد ہے کہ پبلک سروس کمشن بحثیث ایک آزاد ادارہ کے کام کرے۔

لیکن افسوس کا مقام ہے کہ ہماری حکومت جو عوام کو اعتماد میں لینے کے لئے تیار نہیں ، جو ہائیکورٹ کو دن بدن دبانے پر تلی ہوئی ہے ،

پبلک سروس کمیشن کو بھی آزادانہ کام کرنے نہیں دیتی ۔ پچھلے دنوں میں نے اس اسمبلی میں ایک سوال کیا تھا کہ حکومت نے سات پی۔سی۔ایس افسر مقرر کر دیئے لیکن پبلک سروس کمیشن سے اجازت نہ لی اس بارے میں جو ضابطہ مقرر ہے وہ اس سے بے نیاز ہو کر بعض لوگوں کو نوازنے کے لئے پی۔سی۔ایس مقرر کر دیتے ہیں ۔ جب کسی کو نکالنا ہو تو کہہ دیتے ہیں ہنگامی حالات ہیں بچت کی ضرورت ہے ۔ جب لگانا ہو تو کہہ دیتے ہیں ہنگامی حالات کی وجہ سے انکو لگانے کی ضرورت ہے۔ جناب سپیکر ۔ یہ آئین کی بے حرمتی ہے ۔ جب وہ اس ادارے کے ذریعہ افسران کو منتخب نہیں کرتے جس کو اختیار دیا گیا ہے تو یہ ہمارے انتظامیہ کی تباہی کے لئے بہت ہی خطرناک اقدام ہے اسکے ساتھ ساتھ میں بڑے افسوس سے اس بات پر احتجاج کرتا ہوں ۔ کہ آج اس وقت جب میں بجٹ کے بارے میں تقریر کر رہا ہوں یہاں صرف ایک وزیر صاحب تشریف فرما ہیں اور پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب بھی ایک ہیں ۔ اور وہ بھی لائلپور سے ہیں ۔ میں اپنی تقریر بطور احتجاج ختم کرتا ہوں ۔ وہ رقوم جو انہوں نے حاصل کرنی ہیں ۔ وہ زیر بحث ہیں مگر یہ وزراء صاحبان یہاں نہیں بیٹھتے اس سے بڑی زیادتی کیا ہو سکتی ہے ۔ پبلک سروس کمیشن کی رپورٹ کو دیکھیئے اس میں محکمہ جنگلات اور محکمہ زراعت کا ذکر ہے کہ یہ محکمے پبلک سروس کمیشن سے اجازت لئے بغیر افسران کی تقرری کرتے رہے ہیں ۔ جنگل کا بادشاہ تو سنا تھا لیکن جنگل کا وزیر کبھی سننے میں نہیں آیا تھا ۔ لیکن جنگل کا وزیر بھی ہوتا ہے اور جناب وزیر جنگلات پبلک سروس کمیشن کو ایک کوڑی کی اہمیت نہیں دیتے جناب سپیکر۔ ان حالات کے پیش نظر مجبوراً اور احتجاجاً اپنی تقریر ختم کرتا ہوں

کیونکہ یہ وزرا صاحبان ہماری بات سننا نہیں چاہتے سن کر جواب دینا تو بڑا ہی مشکل کام ہے ۔

**وزیر خزانہ** ۔ میں ان کی ایک ایک بات کو نوٹ کر رہا ہوں جب وزرا صاحبان آئیں گے تو انکو جواب دے دیں گے ۔

**مسٹر حمزہ** ۔ پھر ان کو اکیلے ہی رکھ لیا جائے اور باقی کو چھٹی دے دی جائے ۔ تین آپوزیشن والے یہاں موجود نہ ہوں ۔ تو اس پر انہیں اعتراض ہوتا ہے ۔ لیکن ان کی پارٹی کے ۱۵۰ ممبران میں سے ۱۵ موجود ہوں (یعنی ۱۰ %) اس پر انہیں اعتراض نہیں ہے ۔ دو وزیروں کو ابھی ابھی چھٹی دے دی گئی ہے ۔ پھر بھی انہیں احساس نہیں ہوا کہ X X X X X X X X

**حاجی سردار عطا محمد** ۔ پوائنٹ آف آرڈر جناب ۔ جناب سپیکر افسوس کی بات ہے جنرل ایڈمنسٹریشن پر بحث ہو رہی ہے نہ منسٹر صاحب ہیں نہ ممبران ہیں ۔ مجھے افسوس ہے کہ پھر یہ فضول خرچی کس کے لئے کر رہے ہیں ۔

**مسٹر ڈپٹی سپیکر** ۔ یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے ۔

**رانا پھول محمد خاں** ۔ پوائنٹ آف آرڈر جناب ۔ میں حمزہ صاحب کے ان الفاظ پر جو انہوں نے وزیروں کے متعلق استعمال کئے ہیں احتجاج کرتا ہوں اور ان سے درخواست کرتا ہوں کہ وہ اپنے یہ الفاظ واپس لیں ۔ ان کے یہ الفاظ غیر پارلیمانی ہیں ۔

**Mr. Deputy Speaker** : These words should be expunged. They will not form part of the proceedings.

*Expunged as ordered by the Deputy Speaker.

**مخدوم محمد شمس الدین گیلانی**۔ جناب والا ۔ قانون کے مطابق ایک وزیر یہاں موجود ہیں ۔ اگر وزیر کوئی نہ ہو تب وہ اعتراض کر سکتے ہیں جب وزیر موجود ہے تو انہیں اعتراض کرنے کا کیا حق ہے ؟

**مسٹر محمود اعظم فاروقی** (کراچی-۸)۔ جناب والا۔ میں آپ سے درخواست کرونگا کہ آپ وزرا کو ہدایت فرمائیں کہ وہ ایوان میں موجود رہیں یہ ان کے فرض کا تقاضا ہے اور ممبروں کا حق بھی ہے تا کہ وہ ان کی باتیں سنیں اور ان خرابیوں کو دور کر سکیں ۔

**مسٹر ڈپٹی سپیکر** ۔ فائنینس منسٹر صاحب نوٹ کر رہے ہیں جو وہ دوسروں منسٹر صاحبان کو pass on کر دینگے آپ اپنی تقریر جاری رکھیں ۔

**مسٹر محمود اعظم فاروقی** ۔ جناب والا یہ ہمارے صوبہ کے charged اخراجات ہیں جن پر ہم آج گفتگو کر رہے ہیں یہ ہمارے وہ اخراجات ہیں جن پر اس ایوان کو ایک پائی بھی کم کرنیکا کوئی اختیار حاصل نہیں ۔ یہ بات دنیا کے قانون ساز اداروں میں ایک مثال رکھتی ہے کہ وہ قوم جو اپنے ملک کے خزانے کے لئے روپیہ مہیا کرتی ہے اس کے نمائندوں کو یہ حق حاصل نہیں ہے کہ وہ اپنے صوبہ کے اخراجات کے ایک بہت بڑے حصے میں کوئی کمی کر سکیں خواہ اس میں کتنے ہی نقائص موجود کیوں نہ ہوں۔ جناب والا۔ دوسرے الفاظ میں یہ بات میں اس طرح کہہ سکتا ہوں کہ یہ ہمارے بجٹ کے اخراجات کا وہ حصہ ہے جس پر اختیارات دفتروں کی نوکر شاہی کو اور وزرا کو ہیں گو ہر دو میں سے کوئی بھی ملک کے لوگوں کا نمائندہ نہیں نوکر

شاہی تو ظاہر ہے کہ عوام کے خادم تھے جو حکومت کی عنایت سے حاکم بن گئے ہیں ۔ اور وزراء حضرات بھی عوام کے نمائندہ نہیں ہیں ۔ یہ لوگ وہ ہیں جو ملکی دستور کے مطابق وزرات کے شجر ممنوعہ سے استفادہ کرنے کے باعث اپنے حق نمائندگی سے محروم کر دیئے گئے ہیں ۔ گویا انہوں نے ایسا کام کیا ہے کہ وہ عوام کی نمائندگی کے حقوق ادا نہیں کر سکتے تو ہمارے بجٹ کا یہ بہت بڑا حصہ ایسا ہے جس پر عوام کو کوئی اختیار حاصل نہیں اس پر ایسے لوگ متصرف اور قابض ہیں جن کو عوام سے کوئی تعلق اور واسطہ نہیں ۔ اصول انصاف اور جمہوریت کا تقاضہ یہ تھا کہ اگر دستور کے مطابق بجٹ میں کچھ اس طرح کے اخراجات رکھے گئے تھے ۔ تو ان کو دن بدن کم کیا جاتا اور ان اخراجات میں اضافہ کیا جاتا جن پر عوام کے نمائندوں کو رائے دینے کا حق حاصل ہے لیکن مجھے یہ دیکھ کر افسوس ہوتا ہے کہ وہ اخراجات ۔ ۔ ۔ اخرجات جن پر عوام کے نمائندوں کو رائے دینے اور انہیں کم کرنے کا حق حاصل نہیں ان میں دن بدن اضافہ ہوتا جا رہا ہے ۔

جناب والا ۔ جب ۱۹۶۶-۶۵ء کا بجٹ بنایا گیا تھا ۔ اس وقت اس صوبہ کا کل ریونیو کا اندازہ ایک ارب ۷۷ کروڑ ۲۰ لاکھ روپے تھا ۔ اور اس میں charged اخراجات ۴۵ لاکھ ۹۶ ہزار تھے ۔ یعنی کل ریونیو کا ۲۴ فیصد ایسا تھا جس پر عوام کے اختیارات سلب کر لئے گئے تھے ۔ اس موجودہ بجٹ میں صوبہ کا کل ریونیو ایک ارب ۶۶ کروڑ ۵۶ لاکھ روپے ہے اس میں charged اخراجات ۴۸ لاکھ ۳۲ ہزار روپے یعنی کل آمدنی کا ۲۷ فیصد یہ رجحان کہ ان اخراجات میں دن بدن اضافہ کیا جائے جس پر عوام کے نمائندوں کو حق

حاصل نہیں ہے جمہوریت کی نفی ہے اور اصول انصاف کے تقاضوں کی منافی ہے ۔ پھر یہ جو سارے کا سارا اضافہ چار لاکھ ۳۶ ہزار کا ہے ۔ اس میں تین لاکھ ۸۳ ہزار صرف سود کا اضافہ ہے ۔ اور یہ سود ان قرضوں پر اس صوبہ کو ادا کرنا ہے جو آپکے کہنے کے مطابق ترقیاتی اخراجات کے لئے لئے گئے ۔ ہیں ۔ یہاں یہ بات واضح کردوں کہ ہم اس کے خلاف نہیں ہیں کہ قرضہ لیا جائے ظاہر ہے کہ کسی خاندان کسی ادارہ یا کسی حکومت کے لئے بھی یہ ممکن نہیں ہے کہ اسے اپنے خاندان یا اپنے ادارے کی ترقی کے لئے قرضہ نہ لینا پڑے ۔ قرضہ لینا ہر زمانے میں اور بالخصوص اس زمانے میں ناگزیر ضرورت ہے ۔ لیکن سوال یہ ہے کہ اس ناگزیر ضرورت کو اگر آپ اپنے ذرائع اور وسائل کو سامنے رکھتے ہوئے استعمال کرتے ہیں یہ تب تو وہ صحیح سمجھا جائے گا لیکن آپ کے بجٹ کے اعداد و شمار بتاتے ہیں کہ قرضے کی رقم ملک کے ذرائع وسائل سے کہیں زیادہ ہے ۔ اگر یہ غیر متناسب ہے تو اس کا مطلب یہ ہوا کہ آپ کی منصوبہ بندی میں کوئی بنیادی نقائص موجود ہیں ۔ کوئی ادارہ یا کوئی خاندان جب اپنے ادارہ یا خاندان کی ترقیاتی سکیموں کی طرف رجوع کرتا ہے تو اس کا سب سے پہلا کام یہ ہے کہ وہ اپنی آمدنی اور خرچ کے توازن کو اس طرح درست کرے گا کہ آمدنی میں سے کچھ رقم ترقیاتی کاموں کیلئے بچ رہے تا کہ ترقیاتی خرچ کے لئے سرمایہ خاطر خواہ میسر آسکے ۔ لیکن آپ کے بجٹ کی حالت یہ ہے کہ آپ سارے کا ساری ریونیو کی آمدنی ریونیو اخراجات پر صرف کرتے ہیں جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ترقیات کے لئے آپ کی

آمدنی سے ایک پائی بھی نہیں بچتی اور سارے کا سارا ترقیاتی خرچ قرضوں کا مرھون منت ھوتا ہے ۔ آپ کو کیا یہ معلوم نہیں ہے کہ آپ کے صوبہ کی کل آمدن ۱ ارب ۷۷ کروڑ ھے اور صوبہ کا کل خرچ یعنی ریونیو خرچ (ترقیاتی خرچ کو چھوڑ کر اسکو اگر اسٹیمیٹس میں شامل کر لیں) ۱ ارب ۸۲ کروڑ ہے اس طرح ریونیو آمدنی سارے کی ساری آپ نے ایڈمنسٹریشن پر اور دوسرے کاموں پر اس طرح صرف کر دی ھے کہ ایک پائی ترقیاتی خرچ کے لئے نہیں بچی ۔ نتیجہ یہ ہے کہ ۱ ارب ۸۰ کروڑ ترقیاتی خرچ کیلئے قرضوں کی مدات سے حاصل کرنا پڑتا ہے ۔ یہ طرز فکر یہ طرز عمل کسی ادارے یا کسی حکومت یا کسی خاندان کے لئے مستحسن نہیں ہے ۔ اور نہ وہ اس طرح قرضے کا متحمل ھو سکتا ہے ۔ آپ قرضوں پر ایک اور پہلو سے غور کیجئے ۔ اور وہ یہ ھے کہ قرضہ آپ کس کام کیلئے لیتے ھیں ۔ تعلیمی اخراجات کیلئے ۔ زرعی ترقیاتی سکیموں کے لئے ۔ واپڈا کے لئے ۔ انڈ سٹری ڈویلپ کرنے کیلئے یہ آپ کے خاص مدات ھیں جس کے لئے آپ قرضہ حاصل کرتے ھیں ۔ کچھ مدات منافع بخش ھیں اور کچھ غیر منافع بخش ھیں کچھ مدات ایسی ھیں جس کے قرضے کا مطلب یہ ہے کہ جب آپکی سکیمیں مکمل ھوں اس وقت آمدنی میں اضافہ ھونا چاھئے ۔ ریونیو آمدنی میں اضافہ ھونا چاھئیے ۔ اگر قرضے کے تناسب سے ریونیو آمدنی میں اضافہ نہیں ھو رھا ہے تو گویا اس قرضے کو صحیح جگہ پر خرچ نہیں کیا جا رھا ہے تو اس قرضے سے حاصل کیا ھو گا ؟ اسکا مطلب یہ ھوا کہ وہ رقم جس منصوبہ بندی پر لگائی ہے اس منصوبہ بندی میں بنیادی نقائص ایسے موجود ھیں جس سے ریونیو آمدنی بڑھ نہیں رھی

ہے ۔ میں آپ کو مثال کے طور پر عرض کروں گا ۱۹۵۹-۶۰ میں صوبہ کی کل ریونیو آمدنی ۷۷ کروڑ روپیہ تھی اور ۱۹۶۶-۶۷ میں یہ ۱ ارب ۷۷ کروڑ ہو گئی اس میں تقریباً ۱۳۰ فیصدی کا اضافہ ہوا ہے ۔اس کے مقابلہ میں ۱۹۶۵-۶۶ میں ۱۳۰ کروڑ روپے کے قرضے تھے جو ۱۹۶۶-۶۷ میں ۵ ارب ۸۶ کروڑ ہو گئے یعنی قرضہ میں ساڑھے تین سو گنے کا اضافہ ہوا اور آمدنی میں ۱۳۰ فیصد کا اضافہ ہوا ۔ آپ اسکے جواب میں کہہ سکتے ہیں کہ قرضوں کا بار صوبہ پر نہیں ہے بلکہ یہ منافع بخش ہیں ۔ ان سکیموں سے صوبہ کی آمدن میں اضافہ ہو سکے گا یہ میں آپ کی بات مانتا ہوں لیکن اگر آپ یہ تسلیم کر لیں کہ آپ کے ۵۰ فیصدی قرضے غیر منافع بخش ہیں جس سے آمدن میں کسی اضافہ کی توقع نہیں ہونی چاہئے تو آپ کے منافع بخش قرضے میں تقریباً ۲۰۰ فیصد کا اضافہ ہوا اس کے مقابلہ میں آپ یاد رکھیں کہ آپ کی ریونیو آمدنی میں ۱۳۰ فیصدی کا اضافہ ہوا ہے ۔ جو سب کی سب قرضوں کی مرہون منت ہے ۱۹۶۶-۶۷ کے سال کے عرصہ میں آپ کے سیل ٹیکس میں اضافہ ہوا۔ایکسائز ڈیوٹی میں اضافہ ہے۔ زرعی آمدن میں اضافہ ہے۔ ایریگیشن ریٹ میں اضافہ ہے سیل ٹیکس اور ایکسائز ڈیوٹی میں آپکو مرکز سے امداد ملتی ہے اور سنٹر میں ۴۰ یا ۵۰ فیصدی ایکسائز ڈیوٹی میں بھی آپ کا حصہ ہوتا ہے۔ اگر مرکز نے اس میں اضافہ کیا ہے تو اسکا اثر صوبہ پر بھی پڑے گا کیونکہ جو رقم آپکو ملی ہے اس میں بھی اضافہ ہے ۔ ۱۹۶۶-۶۷ میں ۱۳۰ فیصدی اضافہ ہے ۔ آپکے ریونیو میں جو اضافہ ہے ۔ اس میں نصف اضافہ ٹیکس کی وجہ سے ہے اور نصف اضافہ آپ کی ترقیاتی سکیموں کی وجہ سے ہے جس بات کی میں نشان دھی کرنا چاہتا ہوں

وہ یہ ہے کہ آپ کی خالص ترقیاتی سکیموں کی وجہ سے صوبہ کی آمدنی میں تقریباً ۶۰ فیصدی کا اضافہ ہوتا ہے - اور قرضہ کی رقم سے ۲۰۰ فیصدی کا اضافہ منافع بخش سکیموں کی وجہ سے ہے - پھر آپ یاد رکھیں کہ ۱۹۶۶-۶۷ تک ۷ سال کے عرصہ میں منافع بخش سکیمیں جن کے لئے آپ نے کثیر قرضے حاصل کئے ہیں ان کو ۷ سال میں ایسا مکمل ہونا چاہئیے تھا کہ آپ کی ریونیو آمدنی میں اضافہ ہوتا - آپکے Revenue کی رفتار میں جو اضافہ ہوا ہے اس سے کئی گنا زیادہ قرض لیا گیا ہے ۳ سال میں جو سکیمیں مکمل ہوتی ہیں اس سے نصف سے کم آمدنی آتی ہے - یہ صورت حال جو اس ملک کے اقتصادیات کی ہے میں سمجھتا ہوں کہ سخت خطرناک ہے کہ اگر قرضہ کا بوجھ بڑھتا جائے اور آمدنی میں اضافہ نہ ہو سکے اور سکیمیں مکمل نہ ہو سکیں یا مکمل ہونے کے بعد منافع بخش نہ ہوں -تو یہ عوام کے خزانہ کے ساتھ غداری کے مترادف ہوگا - اگر ہمارے دئیے ہوئے اختیارات کو آپ اس طرح استعمال کریں گے تو ملک کی اقتصادی حالت روز بروز خراب ہوتی جائے گی اور قرضوں کے ناقابل برداشت بوجھ تلے ہم دبتے چلے جائیں گے ہماری کمر ٹوٹتی جائے گی اور ہڈیاں چٹختی رہینگی -

جناب والا - آپ کو میں ایک اور پہلو کی طرف بھی متوجہ کراتا ہوں میں نے اپنی پہلی تقریر میں بھی عرض کیا تھا کہ آپکے بیرونی قرضوں کا تناسب برابر بڑھ رہا ہے - بیرونی امداد کے اوپر آپ کا انحصار کم ہونا چاہئیے لیکن آپکا انحصار برابر بیرونی قرضوں پر رہا ہے - کل میں شام کی نشست میں موجود نہیں تھا مجھے معلوم

تھا مجھے معلوم ہوا ہے کہ وزیر مالیات صاحب نے میرے ان اعتراضات کا جواب ۱۹۶۳-۶۴ء اور ۱۹۶۴-۶۵ء کا مقابلہ کر کے دیا ہے کہ ان دنوں ہمارا بیرونی قرضوں پر انحصار کم رہا ہے۔ اس کے متعلق میں عرض کروں گا کہ عوام کو مغالطے میں مبتلا نہ کیا جائے اور غلط طریقے سے اعداد و شمار پیش کر کے یہ باور کرانے کی کوشش نہ کیجئے کہ ہم یہ سمجھ لیں کہ بیرونی قرضوں پر انحصار کم ہو رہا ہے۔ میں آپ کو آپ کے اعداد و شمار سے ہی بتاتا ہوں۔ آپ ۶۴ - ۱۹۶۳ء اور ۶۰ - ۱۹۵۹ء میں کیوں جاتے ہیں۔ آپ اس سے بعد کے اعداد و شمار کیوں نہیں لیتے۔ آپ ۶۶ - ۱۹۶۵ء کا ۶۷ - ۱۹۶۶ء سے مقابلہ کیوں نہیں کرتے ۶۶ - ۱۹۶۵ء کا ۶۷ - ۱۹۶۶ سے مقابلہ اس لئے بھی ضروری ہے کہ ۶۶ - ۱۹۶۵ء کا وہ سال تھا جس میں ملک کو تاریخ کی ایک بے مثالی جنگ لڑنی پڑی۔ یہ وہ سال تھا جس میں اس ملک کے لوگوں کو معلوم ہوا کہ اس دنیا میں ہمارا دشمن کون ہے اور دوست کون ہے۔ یہ وہ سال تھا جس نے آپ کو بتایا کہ ہمیں اپنے پیروں پر کھڑا ہونا چاہئے۔ دنیا کی تمام وہ قومیں جو ہم سے دوستی کا دعویٰ کیا کرتی تھیں جب وقت پڑا تو انہوں نے ہم سے اپنا دست تعاون کھینچ لیا۔ یہ وہ سال تھا جس نے ہم کو سبق دیا کہ آج وقت آ گیا ہے کہ ہم اپنی اقتصادیات کو اپنے ذرائع و وسائل کی بنیاد پر مضبوط کریں۔ ہم اپنے مالیات کو اپنے خون پسینہ سے قوت پہنچائیں۔ ہم اپنے خزانے کو اپنے خون کے قطروں سے غذا پہنچائیں۔ اس لئے ۶۶ - ۱۹۶۵ء کا ۶۷ - ۱۹۶۶ء سے تقابل نہایت متعلقہ اور نہایت ضروری ہے۔

جناب والا۔ یہ آپکے ترقیاتی پروگرام کے متعلق ۶۶-۱۹۶۵ء کے لئے آپکی ایک موٹی کتاب ہے۔ جو کہ آپ نے اپنے خادموں کو مہیا کی ہے۔

اسکے پہلے صفحے پر ہی دیکھئے اس میں آپ کا کل ترقیاتی خرچ ایک ارب نوے کروڑ روپے تھا ۔ اسی کاغذ پر آپکا ترقیاتی خرچ برائے سال ۱۹۶۶-۶۷ء ایک ارب اسی کروڑ روپے دیا گیا ہے ۔ اور بیرونی امداد اس میں چون کروڑ گیارہ لاکھ درج ہے ۔ ۶۶-۶۵ء میں جو آپکا ایک ارب نوے کروڑ روپے کا ترقیاتی بجٹ تھا اس میں بیرونی قرضہ اور بیرونی امداد ترپن کروڑ روپے تھی ۔ اور یہ کل خرچ کا ستائیس فیصد ہے ۔ ۶۶-۶۵ء میں بیرونی دنیا کی فضا کو دیکھتے ہوئے اور بین‌الاقوامی حالات کو سامنے رکھتے ہوئے آپ نے جب اس میں نظرثانی کی ۔ تو اس قرطاس ابیض کے مطابق آپ نے اپنا نظرثانی شدہ کل خرچ ایک ارب بیالیس کروڑ رکھا ۔ جس میں بیرونی امداد چالیس کروڑ روپے تھی ۔ اور یہ آپکے کل خرچ کا اٹھائیس فیصد تھا ۔ ۶۷-۶۶ء میں آپکا ترقیاتی خرچ ایک ارب اسی کروڑ روپے ہے ۔ اور اس میں بیرونی قرضہ جات اور بیرونی امداد کی رقم چون کروڑ روپے ہے ۔ جو کہ کل خرچ کا تیس فیصد ہے ۔ اس طرح آپ کے سابقہ منصوبے سے تین فیصد زیادہ ہے ۔ اور نظر ثانی شدہ اخراجات سے دو فیصد کا اس میں اضافہ ہے ۔ میں یہاں پر یہ بھی عرض کر دوں ۔ کہ جو بیرونی قرضہ جات آپ لیتے ہیں ۔ ہم کو اس سے کیا فائدہ پہنچتا ہے اور ملک کو اس سے کیا حاصل ہوتا ہے ۔ دو جون ۶۶ء کو ایم ۔ ایم ۔ احمد صاحب نے جو کہ پلاننگ کمیشن کے نئے ڈپٹی چیئرمین ہیں ۔ ایک تقریر کی تھی جس میں انہوں نے کہا تھا ۔ کہ

> Pakistan had to accept unfavourable conditions for the reeently concluded agreement for twenty five million dollars under PL 480.

اس میں آگے چل کر وہ بتاتے ہیں ۔ کہ وہ ناموافق شرائط کیا تھیں ۔ پہلی شرط تو یہ تھی کہ جو مال امریکہ سے آئیگا وہ سو فیصد امریکہ کے جہازوں

میں ہی آئیگا ۔ اور پاکستانی جہازوں میں نہیں آئے گا ۔ یعنی ان ترقیاتی کاموں کے لئے آپ جسقدر سامان بھی منگوائیں وہ امریکہ سے ہی منگوائیں گے ۔ اور اس مال کی باربرداری کا خرچ بھی آپ اسی قرضے سے امریکی جہازران کمپنیوں کو ادا کریں گے ۔ دوسری ناموافق شرط یہ تھی کہ پاکستان میں مقیم امریکی سفارت خانہ جو پہلے قرضوں پر آپ سے گیارہ فیصد معاوضہ خدمت وصول کرتا تھا اور اب وہ بیس فیصد لیا کریگا ۔ جناب والا۔ آپ اس بات کو ضرور ذہن میں رکھیں ۔ کہ امریکی قرضہ جات کے ساتھ یہ ایک لازمی شرط ہے ۔ کہ آپ اس قرضے کے عوض مال امریکہ ہی سے منگوائیں ۔ اور یہ آپ کو بھی معلوم ہے ۔ اور تمام دنیا اس بات کو جانتی ہے۔ کہ ایک ہی قسم کی اشیاء کی قیمت امریکہ میں دنیا کے دیگر ممالک کے بازار سے زیادہ ہوتی ہے ۔ اور یہ میں اپنی طرف سے نہیں کہہ رہا ہوں ۔ بلکہ یہ حکومت کے نزدیک متفق الیہ بات ہے ۔ تو اس طرح سے جب آپ باربرداری کا خرچ بھی اسی قرضے سے ادا کریں ۔ اور وہ بھی foreign currency میں ادا کریں ۔ اور ایک ہی قسم کی چیز کے لئے دنیا کی منڈی سے مقابلتاً زیادہ دام بھی ادا کریں ۔ اور بیس فیصد رقم اسی قرضے میں سے امریکن سفارت خانے کو بھی ادا کریں ۔ تو اس حساب سے صرف کل قرضے کا چالیس فیصد مال ہی آپکی جیب میں آتا ہے تو آپ اسطرح سے اپنے ملک کو کیوں زیر بار کر رہے ہیں ۔ اور پھر اس پر بھی آپ کہتے ہیں کہ یہ قرضے غیر مشروط ہیں ۔ اور آپ چاہتے ہیں کہ ہم آپ کی یہ بات مان لیں ۔ لیکن یاد رکھیئے کہ قوم بیوقوف نہیں ہے ۔ وہ آپکی اس بات کو اچھی طرح سے سمجھتی ہے ۔ اگر آپ قوم کو ناسمجھ سمجھتے ہیں ۔ تو یہ آپ کی غلط فہمی ہے ۔ آپ قوم کے حلق سے یہ ہڈی نیچے نہیں اتار سکتے ۔ صرف یہ کہہ کر کہ یہ قرضہ جات غیر مشروط ہیں ۔ اگر ایسا ہوتا

تو آپکی اعلیٰ سطح کی وزارتوں میں تبدیلیاں کیوں ہوتیں ۔ ہم آپکی یہ بات ماننے سے انکار کرتے ہیں ۔ کہ یہ قرضے غیر مشروط ہیں ۔ آخر میں میں صرف یہی عرض کروں گا ۔ کہ

اے طائر لاہوتی اس رزق سے موت اچھی
جس رزق سے آتی ہو پرواز میں کوتاہی

**حاجی سردار عطا محمد لنڈ** (خیر پور۔ ۲)

رب اشرح لی صدری و لیسرلی امری ٥
و احلل عقدة من لسانی یفقهوا قولی

جناب سپیکر ۔ مجھے افسوس ہے کہ باوجودیکہ ہمارے وزراء صاحبان غالباً چھ لاکھ روپے سالانہ تنخواہوں اور الاؤنسوں کی شکل میں غریب عوام کے خون سے حاصل کرتے ہیں اور سال بھر میں صرف ایک یا دو ماہ کے لئے اسمبلی کا اجلاس بلاتے ہیں۔ تو بھی وہ ہماری یہ باتیں کہ ملک کی حالت کیا ہے اور انہیں کیا کرنا چاہئیے اور عوام کی ضروریات کیا ہیں سننے کے لئے تیار نہیں ہوتے۔ تاکہ انہیں معلوم ہو سکے کہ ان کی کیا کوتاہیاں ہیں جن کو دور کرنے کے متعلق وہ سوچ بچار کر سکیں۔ وہ صرف اپنی تنخواہ وصول کرنے کے لئے ہی فکر مند رہتے ہیں اور ملک اور عوام سے انہیں کوئی دلچسپی نہیں ہوتی۔ اسکے ساتھ ساتھ مجھے یہ بھی افسوس ہے کہ اس معزز ایوان کو ان کی تنخواہوں کے متعلق ووٹ دینے کا بھی کوئی حق نہیں ہے۔ اس لئے ہمیں ضرورت ہی نہیں محسوس ہوتی کہ ہم اس پر زیادہ بحث کریں۔ بہر حال جب ہم دیکھتے ہیں کہ ہمارا علاقہ کس قدر پسماندہ ہے اور اسکی حالت سے یہ اس قدر بے خبر ہیں کہ میری دانست میں ان کو یہ بھی معلوم نہیں ہے کہ جتنی بھی اس ایوان میں قانونی بحث ہوتی ہیں اور اجلاس جاری رہتا ہے لاہور میں ڈاکہ زنی کی واردات جاری رہتی ہیں اور ان کو اسکا علم تک نہیں ہے۔ ان کو صرف یہی علم ہے کہ کسی طرح پارٹی بنائی جائے اور کسی طرح اپنی کرسی کو بچایا جائے۔ یہ مسلمان ہیں اور ہمیں ان سے بڑی توقعات ہیں۔ اور اسی لئے میں ان کی خدمت میں عرض کرتے ہوئے یہ اپیل

کرتا ہوں کہ خدارا قوم کی طرف دیکھیں اور سوچیں۔ کیونکہ آپ بھی اسی قوم کے افراد ہیں۔ آپ عرش سے اتر کر نہیں آئے ہیں بلکہ اسی فرش سے تعلق رکھتے ہیں۔ آپ اسی قوم کے افراد ہیں جن کے چھوٹے چھوٹے بچے رات سو نہیں سکتے۔ اور آپ ایئرکنڈلیشنڈ کمروں میں آرام کرتے ہیں۔ جناب والا۔ میں آپ کی وساطت سے ان سے یہ عرض کروں گا اور یہ اپیل ان کی خدمت میں کروں گا کہ خدارا اس ایوان کا وقت ضائع نہ کریں اور میں اپنے دوستوں کی خدمت میں بھی عرض کروں گا کہ وہ کیوں تکلیف کر کے اس قدر محنت سے اعداد و شمار اکھٹے کر کے اس ایوان میں انہیں سناتے رہتے ہیں کیونکہ۔

پردیس میں وطن کو یاد کیا کرنا
جہاں بیدرد حاکم ہو۔ وہاں فریاد کیا کرنا

دیکھئے اور سوچئے۔ میں وزراء صاحبان سے ہی نہیں بلکہ ممبر صاحبان کی خدمت میں بھی عرض کروں گا کہ آپ سوچیں کہ ہم کس قوم کے افراد ہیں اور کس طرح سے اسلام ہمارے پاس پہنچا ہے۔ ہمارے اسلاف نے اسلام کی عمارت کی تعمیر اپنے خون اور اپنی ہڈیوں سے کی ہے ہم اس قوم کے افراد ہیں خدارا آپ اس کا تمسخر نہ اڑائیے۔

وہ زمانے میں معزز تھے مسلمان ہو کر
اور ہم خوار ہوئے تارک قرآن ہو کر

بتائیے ہماری کیا عزت ہے۔ کیا آزادی ہے ہماری کہ۔ ہم ملک ملک میں بھیک مانگنے کے لئے جاتے ہیں اور اپنا وقار کھو آتے ہیں۔ خدارا اپنا سارا وقت اور سارے اخراجات اس قوم اور ملت کی حفاظت اور ترقی کے لئے وقف کر دیں۔ آپ کو کیا ضرورت پڑی ہے کہ آپ تو چھ لاکھ روپے سالانہ لیتے ہیں اور آپ ہی کے حلقے میں ایک مزدور اپنے بچوں کو دو وقت کھانا بھی فراہم نہیں کر سکتا۔ تو آپ خود سوچیں کہ آپ کو کیا حق پہنچتا ہے۔ کہ آپ اس ملک کے باشندوں سے چھ لاکھ روپے سالانہ تنخواہوں کی صورت میں وصول کریں۔

**مسٹر سینئیر ڈپٹی سپیکر۔** حاجی صاحب اپنی تقریر ختم کریں۔

**سردار حاجی عطا محمد لنڈ** ۔ جناب والا ۔ میں نے تو ابھی شروع کیا ہے۔ اب میں اس بات کا ذکر کروں گا جس کا مجھے حق ہے یعنی قرضہ کے متعلق یہ عرض کروں گا کہ قرضہ لینا اور خود داری پر آنچ آنا دو متضاد چیزیں ہیں ۔ اسلام ہمیں اسکی اجازت نہیں دیتا نہ تو ہم قرضہ لیں اور نہ ہی سود دیں ۔ سود کے متعلق قرآن میں ارشاد ہے ۔

وذروا ما بقی من الربوا ان کنتم مؤ منین
فان لم تفعلوا فاذ نوا بحرب من الله و رسوله

(یعنی باقی سود کو چھوڑ دو ورنہ خدا اور رسول سے اعلان جنگ کے لئے تیار ہو جاؤ) یہ میں نے تو نہیں کہا کسی فیلسوف نے نہیں کہا نبی نے نہیں کہا یہ تو خدا کا حکم ہے ۔ کہ سود کو چھوڑ دو ورنہ خدا اور رسول سے لڑائی کے لئے تیار ہوجاؤ ۔ خدا تعالیٰ دیکھتا ہے وہ سمیع و بصیرا ہے ۔ ہم سود کو قبول نہیں کرتے ۔ یہ اور بات ہے کہ آپ ڈنڈے سے قبول کرا لیں ۔ یا اپنی اکثریت کے زور پر قبول کرالیں ۔ پھر فرمایا ہے ۔

"لا تبدیل لکلمت الله،،

(اللہ تعالیٰ کے حکم میں کوئی تبدیلی نہیں کر سکتا) چاہے کتنی طاقت والے ہوں کتنی ہی فوج کے مالک ہوں وہ تبدیلی نہیں کر سکتے ۔ سوچئے آپ کس طرح لوگوں کو گرا رہے ہیں ۔ آپ کو چاہئے خدا کا احترام کریں ۔ اس کے رسول اور اس کے قرآن کا احترام کریں جس کے لئے ہمارے عوام نے ہزاروں جانیں قربان کی ہیں۔ آپ ذرا اس بات پر غور کریں اور سوچیں ۔

فا حکم بینهم بما انزل الله ولا تتبع
اهواء هم عما جاء ک من الحق۔

(پس تم لوگوں کے درمیان اللہ کے نازل کردہ قانون کے حکم کے مطابق فیصلے کرو اور اس قانون کو چھوڑ کر جو تمہارے پاس آیا ہے لوگوں کی

خواہشات کی پیروی نہ کرو) اللہ تعالے نے یہ احکامات آپ کے لئے بھیجے ہیں اور میں عرض کرتا ہوں کہ اللہ کے نازل کردہ قانون کے مطابق فیصلے کرو اس قانون کو چھوڑ کر لوگوں کی خواہشات کی پیروی نہ کرو ۔ آپ اپنی خواہشات کو چھوڑو اور قرآن کی پیروی کرو ۔

میں ان رقومات کے لئے کیسے ووٹ کروں ۔ میں آپ سے اپیل کروں گا کہ مہربانی کر کے جہاں تک ہو سکے آپ کم از کم تنخواہ لیں اس کے ساتھ ہی جناب سپیکر صاحب ۔ آپ کی وساطت سے گورنر صاحب کو ان کے فرائض سے آگاہ کرتا ہوں ۔ ہمارے کندھوں پر یہ بہت بڑا بوجھ ہے ۔ میں عوام کی طرف سے عرض کرتا ہوں کہ یہ بہت بڑی رقومات ہیں ان کو کم کریں ۔ اتنے بڑے مسلمان ہیں صاحب عزت ہیں قوم کی طرف رجوع کریں اور دیکھیں کہ اس وقت کیا حالات ہیں اور ملک کن حالات سے گذر رہا ہے ۔ اللہ تعالے ہم سے ضرور پوچھے گا کہ کیا ہم نے وہ فرض ادا کیا جس کے لئے اللہ تعالے کے فضل و کرم سے ہم یہاں بھیجے گئے ہیں ۔

میں معزز ایوان کی خدمت میں اور آپ لوگوں کو مشورہ دوں گا کہ جہاں تک ہو سکے ہم قوم اور ملک کی خدمت کریں ۔

و ما علینا الا البلاغ

**وزیر خزانہ** (شیخ مسعود صادق) ۔ جناب والا۔ میں نے کل جو معروضات پیش کی تھیں آج پھر عرض کرتا ہوں کیونکہ کل ملک اختر صاحب اور فاروقی صاحب موجود نہیں تھے جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے ہمارے ملک کے عوام غریب ہیں اور ہمارے پاس ترقی کرنے کے وسائل نہیں ہیں اس لئے ہمارے لئے بیرونی ممالک سے قرضہ لینا لازمی ہو جاتا ہے جہاں تک قرضہ جات کے بڑھنے کا امکان ہے میں اقرار کرتا ہوں کہ قرضہ جات بڑھے ہیں ۔ ۳۰-۶-۶۰ کو قرضہ جات کی رقم ۲۲۵ کروڑ ۷۴ لاکھ تھی اور اب ۵۸۶ کروڑ ۱۰ لاکھ ہو گئی ہے۔ اس میں تقریباً ۳۶۰ کروڑ کا اضافہ ہوا ہے اور یہ صحیح ہے کیونکہ آپ کو معلوم ہے کہ قرضہ جات ملک کی

ڈویلپمنٹ اور ترقیاتی پروگراموں کے لئے لئے جاتے ہیں۔ ہم ان قرضہ جات میں سے ایک پیسہ بھی بغیر ترقیاتی کام کے خرچ نہیں کرتے۔ اور کون کہتا ہے کہ ہم ترقی یافتہ نہیں ہوئے ۔ ان قرضہ جات سے ہم نے نئے ڈیم۔ نہریں بنائی ہیں۔ سیم تھور کا علاج کیا ہے ۔ نئی صنعتیں لگائی ہیں۔ بجلی اور ٹیوب ویل وغیرہ وغیرہ کا انتظام کیا ہے۔ فاروقی صاحب کے سوال کے جواب میں میں نے عرض کیا تھا کہ ۱۹۵۹-۶۰ میں مغربی پاکستان کی per capita income ۳۶۶ تھی ۔ ۱۹۶۴-۶۵ میں ۴۱۱ ہو گئی ۔ اس رفتار سے آپ اندازہ لگا لیں۔ ۱۹۶۶-۶۷ میں کوئی ۲۰ روپیہ اور بڑھ گئی ہے۔ اب ۵ کروڑ سے ضرب دیں تو ۳۲۵ کروڑ کا اضافہ سالانہ ہوتا ہے۔ اس کے مقابلہ میں ہم نے ۳۶۰ کروڑ کا زائد قرضہ لیا ہے۔ ہماری Revenue Receipts ۱۹۶۰-۶۱ میں ۸۵ کروڑ تھیں اور ۱۹۶۶-۶۷ میں ۱۷۰ کروڑ ۵۶ لاکھ ہو گئی ہے۔ اب اس میں آپ اضافہ دیکھیں جو ۹۰ کروڑ کے قریب ہے۔

جناب والا ۔ جیسا کہ میں نے پہلے عرض کیا تھا کہ ہم جو قرضہ لیتے ہیں تو اس کے متعلق یہ بھی کہا گیا ہے کہ وہ غیر مشروط نہیں میں نے یہ عرض کی تھی کہ اس میں کوئی سیاسی شرط نہیں ۔ جو شخص بھی قرضہ دیتا ہے وہ شرطیں ضرور لگاتا ہے ۔

**خان منور خان** ۔ بھٹو صاحب تو گئے ۔

**وزیر خزانہ** ۔ جو شخص قرضہ دیتا ہے وہ شرط ضرور لگاتا ہے ۔

without any political strings.

---

## DISCUSSION OF DEMANDS FOR GRANTS FOR EXPENDITURE OTHER THAN NEW EXPENDITURE (GENERAL BUDGET)

**Mr. Deputy Speaker**: Now, the House will take up Discussion of Demands for Grants for expenditure other than New Expenditure (General Budget). There is a cut motion by Malik Akhtar on Demand No. 2 (7—Land Revenue).

DEMAND NO. 2

**Malik Muhammad Akhtar** : I beg to move :

That the total of Rs. 2,33,33, 830 on account of 7-Land Revenue-Total Other Expenditure-Other than New Expenditure be reduced by Rs. 2,33,33,829.

**Mr. Deputy Speaker** : Motion moved is :

That the total of Rs. 2,33,33,830 on account of 7-Land Revenue-Total Other Expenditure-Other than New Expenditure be reduced by Rs. 2,33,33,829.

**Minister of Revenue (Khan Habibullah Khan)** : Opposed.

**ملک محمد اختر** (لاہور - ۲) - جناب والا - اس کٹ موشن کے متعلق میں کوشش کروں گا کہ نہایت مختصر طور پر اپنے خیالات کا اظہار کروں یہ چونکہ ضروری ہے اس لئے میں اس کو discuss کرنا چاہتا ہوں - جناب والا - اسوقت ۱۲ - motions ایجنڈے پر ہیں اور انکے جوابات میرے محترم بھائی وزیر خزانہ کو دینا ہیں - تو میں پہلے موشن میں سے صرف ایک item کو discuss کرتا ہوں - جو میرے نقطہ نظر میں نہایت ہی relevant ہے -

جناب والا - میں جناب وزیر خزانہ کی سہولت کیلئے عرض کرتا ہوں کہ لینڈ ریونیو کے صفحہ ۱۷ - پر ۶۶۹۶۰ - روپے سٹی لینڈ ریکارڈز کے متعلق ہیں - جناب والا - میں نے لینڈ ریونیو بل پر کافی تفصیل سے بحث کی اور کافی تفصیل سے اب بھی بحث ہو گی - جناب والا - یہ بھاری رقومات کے اخراجات شہروں کے ایگریکلچر ریکارڈ اور اس سے متعلق عملہ اور دیگر ضروریات کیلئے رکھے گئے ہیں - جناب والا - پہلے تو مجھے یہ گذارش کرنی ہے کہ یہ maintenance آف ریکارڈ اور ریکارڈ کی preparation کا جو طریقہ ہے اس سے مجھے کافی اختلاف ہے بلکہ میں یہ کہوں گا کہ جب میں لینڈ ریونیو کے متعلق سیلیکٹ کمیٹی میں ڈسکشن کر رہا تھا تو مجھے ایک بہت بڑے افسر نے، جنکا رتبہ گورنر صاحب کے دوسرے یا تیسرے نمبر پر ہو

گا، کہا کہ اپنے وقت میں جب میں ریونیو بورڈ کا ممبر تھا تو یہ کوشش کی گئی تھی کہ یہ جو ریکارڈ آف rights کا مسئلہ ہے اور جو لینڈ ریونیو شہریوں پر بلا وجہ لگایا جاتا ہے اسکو ختم کر دیا جائے یا اس میں تخفیف کر دی جائے ۔ لیکن لینڈ ریکارڈ آف رائٹس میں ماتحت عملہ دلچسپی لے کر اپنے اخراجات پورا کرتا ہے ۔ جناب والا ۔ ریکارڈ آف رائٹس کے سلسلے میں اگر عملہ کے اخراجات رشوت سے ہی پورے ہوتے تو مرتا کیا نہ کرتا کے مصداق میں زیادہ اعتراض نہ کرتا لیکن وہ fraud and forgery جو اس میں کی جا رہی ہے اور وہ جو عملہ کرتا ہے جن کی تنخواہیں ڈیمانڈ نمبر ۲ میں پیش کی گئی ہیں وہ بہت دور رس نتائج کی حامل ہے اور اسی وجہ سے میں نے اپنی زبان کھولنا مناسب سمجھا ۔ جناب سپیکر ۔ خیال فرمائیے کہ یہ لوگ سب سے پہلے یہ کرتے ہیں کہ جب بھی کسی شخص کی وفات ہو اور اس کے ورثاء میں جو سب سے بڑا اور بالغ وارث ہوتا ہے وہ ماتحت عملہ کو رشوت دے کر ریکارڈ آف رائٹس میں اپنے کہنے کے مطابق اپنے نام پر اندراجات کرا لیتا ہے اور جب ۲۵- ۳۰- سال کے بعد دوسرے ورثاء بڑے اور بالغ ہوتے ہیں تو وہ معلوم کرتے ہیں کہ یہ اندراجات فلاں وقت میں فلاں کے نام ہو چکے ہیں تو اس وقت possession کا جو قانون ہے اور دوسرے مسائل ہیں وہ آڑے آتے ہیں ۔ میاں شریف صاحب کے پڑوس کا ایک واقعہ میرے علم میں ہے اور اسکے مکمل کوائف میرے پاس ہیں جس وقت لینڈ ریونیو بل آئے گا تو میں اس موضوع پر اپنے خیالات کا اظہار کروں گا ۔ بہر حال میں یہ عرض کر رہا تھا کہ جب دوسرے ورثا بڑے ہوتے ہیں اور ان اندراجات کے متعلق کچھ کارروائی کرتے ہیں تو ان سے یہ کہہ دیا جاتا ہے کہ یہ مسئلہ time barred ہو گیا ہے ۔ چنانچہ یہ بد عنوانیاں پٹواری کے ذریعہ ہوتی ہیں اور رشوتوں کے ذریعہ ہوتی ہیں ۔ پٹواری بھی اس طرح رشوتیں لینے پر مجبور ہوتا ہے اور اسکی وجہ یہ ہے کہ آپ کا کوئی ڈپٹی کمشنر خواہ وہ کتنا ہی اچھا کیوں نہ ہو لیکن جب وہ اپنے عملہ کے ساتھ دورہ پر جاتا ہے اور وہاں جب اس کا دربار لگتا ہے تو اس دورے کا انتظام اور اسکے اخراجات سب پٹواری ہی کو برداشت کرنا ہوتے ہیں تو یہ رشوت بھی ایک رسمی چیز ہو کر رہ گئی ہے اور customary ہے ۔ اور یہی وجہ ہے کہ

پٹواری کو کوئی چھیڑنا گوارا نہیں کرتا ۔ جناب والا ۔ ریکارڈ آف رائٹس کے مسئلے میں forgery اور کرپشن ہے اسکی اصلاح کے لئے کوئی ٹھوس اقدام کئے جائیں ۔ مثلاً cities کا جو ریکارڈ آف رائٹس ہے ۔ اس کے لئے آپ نے اس سے قبل یہ فیصلہ کیا ھے کہ یونین کمیٹیوں اور یونین کونسلوں کو یہ ریکارڈ transfer کر دیا جائے تو پھر بتائیے کہ اگر آپ نے یہ فیصلہ نیک نیتی سے کیا ہے تو کم و بیش ۷۰ ہزار روپے کے اخراجات آپ کس عملہ کے لئے مانگ رہے ہیں اور طلب کر رھے ہیں۔ ان معروضات کے ساتھ میں قائد ایوان کی خدمت میں پھر دہراتا ہوں کہ یہ جو شہروں کے متعلق ریکارڈ ہے اس کے maintenance کے متعلق یا دوسرے مسائل کے متعلق جو آپ پراویژن کر رہے میں یا کرنا چاہتے ہیں تو کر دیں لیکن کچھ اسکا علاج بھی فرمائیں اور اسکے لئے کوئی بہتر نظام قائم کریں ۔ جناب مالک صاحب ۔ مجھ سے اتفاق کرتے ہوئے جناب قائد ایوان کو رائے دے سکتے ہیں کہ ریکارڈ آف رائٹس کے سلسلے میں کافی forgery اور کرپشن ہوا کرتا ہے اس کے لئے کوئی موثر اقدامات کئے جائیں ۔ جناب مجھکو اتنی ہی گذارش کرنی تھی کیونکہ motions ۱۱-۱۲ ہیں جن میں سے ۹۔ یا دس میرے ہیں جن پر میں بولنا چاہتا ہوں لیکن میں پھر عرض کروں گا کہ اس عملے میں جو برائیاں ہیں ان کا سد باب کیا جائے اور اگر عملہ کے اخراجات جو ہیں ضروری ہیں تو انکو provide کر دیا جائے لیکن ان اخراجات کو نہ provide کیا جائے بلکہ اس عملے سے یہ ریکارڈ بنانے کا جو اختیار ہے اسکو چھین کر کسی دوسرے عملہ کو دے دیا جائے ۔

**Mr. Deputy Speaker** : Would the Leader of the House make a reply?

**Minister of Revenue** : He is not pressing the motion Sir.

**Malik Muhammad Akhtar** : I press the motion; it is against my principle to withdraw.

**Minister of Revenue (Khan Habibullah Khan)** : The Member can discuss that when the Land Revenue Bill comes up before the House. This will be covered by that because I should inform him that this item relates only to the preparation of record in Khairpur and Hyderabad

cities under the Sind Act, and it will be repealed when the House passes that bill.

**Malik Muhammad Akhtar** : If you order I do not press it.

**Mr. Deputy Speaker** : There is no question of ordering.

**Malik Muhammad Akhtar** : Sir, Hyderabad is also a town.

**Minister of Revenue** : Just listen to me for a minute. This item relates to the preparation of record in Hyderabad and Khairpur cities and that is done under the Sind Land Revenue Act. Now when you pass the West Pakistan Land Revenue Bill, that Act will stand repealed, and it will not apply. Now when you come to the Land Revenue Bill, which is still to be discussed, you can also discuss this item, and I will give you a suitable reply. The Sind Land Revenue Act will not hold good as soon as the West Pakistan Land Revenue Bill is passed. I have also noted your motion.

**Mr. Deputy Speaker** : Does Malik Sahib, press his motion?

**Malik Muhammad Akhtar** : Certainly; it is against my principle to withdraw when I have moved a motion.

**Minister of Revenue** : I would give this reply. He is under the impression .....

**Mr. Deputy Speaker** : If the Minister does not want to give any further reply, I will put the motion to the House.

The question is —

> That the total of Rs. 2,33,33,830 on account of 7—Land Revenue—Total Other Expenditure—Other than New Expenditure be reduced by Rs. 2,33,33,829.

*The motion was lost.*

DEMAND No. 9

**Mr. Deputy Speaker** : Now we will take up Demand No. 9 (XVII—Irrigation, Navigation, Embankment and Drainage Works for which Capital Accounts are kept— Working expenses excluding Establishment Charges).

Malik Muhammad Akhtar to move his motion.

**Malik Muhammad Akhtar** : Sir I move —

> That the total of Rs. 10,61 19,800 on accout of XVII—Irrigation, Navigation, Embankment and Drainage Works for which Capital Accounts are kept — Working Expenses Excluding Establishment Charges — Total Other Expenditure — Other than New Expenditure be reduced by Rs. 10, 61,19,799.

**Mr. Deputy Speaker** : Motion moved is —

> That the total of Rs. 10,61,19,800 on account of XVII—Irrigation, Navigation, Embankment and Drainage Works for which Capital Accounts are kept—Working Expenses Excluding Establishment Charges—Total other Expenditure —Other than New Expenditure be reduced by Rs. 10,61,19,799.

**Minister of Irrigation** : Opposed Sir.

**ملک محمد اختر** (لاہور۔ ۲ ) ۔ جناب سپیکر ۔ اس میں اریگیشن ڈیپارٹمنٹ سے بہت سے آئٹم وصول ہوئے ہیں ۔ صفحہ نمبر ۵۹ پر یہ واپڈا کا آئٹم ہے اور اسی طرح سے یہ اریگیشن کے متعلق اخراجات ۱۰ کروڑ روپیہ میں شامل ہیں ۔ جناب سپیکر۔ مجھے گزارش یہ کرنا ہے کہ ہمارا ملک جس میں کم و کے بیش ۸۵ فیصدی سے لیکر ۹۰ فیصدی تک آبادی کا انحصار کاشتکاری پر ہے سہارے اور دیگر اشخاص جو شہروں میں رہتے ہیں وہ بھی اسی فارن ایکسچینج جیتے ہیں وہ اپنی خورد و نوش اور استعمال کی اشیاء کو امپورٹ کرتے ہیں اس فارن ایکسچینج سے جو ہمیں روئی چاول پٹ سن کی فروخت سے حاصل ہوتا ہے ۔ جناب سپیکر۔ ہر ملک کی بنیاد یہ ہوتی ہے کہ وہ اپنی پیداوار میں خود کفیل ہو ۔ مجھے تفصیل میں جانے کے بغیر یہ عرض کرنا ہے کہ گزشتہ سال

خشک سالی کیوجہ سے ہمارا ۴۰ فیصدی زرعی رقبہ متاثر ہوا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ہماری کھڑی فصلوں کو شدید نقصان پہنچا اور اس نقصان کے باعث ہماری سب سے زیادہ اہم commodity wheat ہمیں تقریباً ۲۰ لاکھ ٹن درآمد کرنی پڑی یعنی یہ آپکی وہ ضروریات ہیں جو آپ کو درآمد کرنی ہونگی اگر آپ تمام لوگوں کو پیٹ بھرکر کھانا دینا چاہتے ہیں۔ جناب سپیکر۔ دوسری چیز جس نے ہماری زراعت کو متاثر کیا جسکے لئے ہم نے واپڈا اور واٹر اینڈ پاور بورڈ بنایا اور جو ہم نے ان سے نتائج یا اثرات حاصل کرنے تھے وہ حاصل نہ ہو سکے ۔ ملک میں خشک سالی کا سال تھا جس کی وجہ سے ہماری زراعت کافی حد تک متاثر ہوئی ۔ جناب سپیکر۔ ہمارے عملہ کی بے تدبیری کی وجہ سے ہماری نہروں کے minors کا جو طریقہ کار ہے یعنی پانی کی تقسیم کا اور ملک صاحب بھی اس سے بخوبی واقف ہیں وہ ناقص ہے اور پرانا طریقہ جو شائد ان کے آنے سے قبل تھا اب نہ ہو ۔ بڑی بڑی رقومات زمینداروں سے حاصل کی گئیں اور انکو موگے یا minors دیے گئے ۔ اس طریقہ کار سے زراعت پر کافی برا اثر پڑا اور خشک سالی کے جو نتائج تھے وہ اور بھی سنگین ہو گئے کیونکہ محکمہ انہار نے بر وقت پانی نہیں پہنچایا ۔ پانی کی منصوبہ بندی ایسی ہونی چاہئیے تھی جس کی رو سے اریگیشن ڈیپارٹمنٹ مطلوبہ نتائج حاصل کر سکتا جن کے لئے ہم نے اس کو بنایا ہے ۔ جناب والا۔ حالیہ جنگ کے باعث لاہور اور سیالکوٹ کے علاقے برباد ہوئے ۔ بوئی ہوئی فصلیں تباہ و برباد ہوئیں ۔

اب میں کچھ جنرل ایڈمنسٹریشن پر عرض کروں گا کہ جنگی بے گھروں کے ساتھ جو سلوک کیا گیا اور وسائل جو ہم نے ان کو

دینے تھے مہیا کرنے تھے ان کے فقدان کے باعث وہ ہم نہ دے سکے ۔ جناب والا۔ اس کے علاوہ بھارتی فوج ہمارے ٹیوب ویل ۔ پرشین وھیلز وغیرہ سب اکھاڑ کر لے گئی اور اس کا substitute اریگیشن ڈیپارٹمنٹ نے بھی نہ دیا اور نتیجہ کیطور پر پانی دستیاب نہ ہو سکا فصلیں بری طرح متاثر ہوئیں اور خوراک کی کمی واقع ہو گئی ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ۲۰ لاکھ ٹن گندم کی کمی ہو گئی اور ہمیں اس کو برداشت کرنا پڑا۔ اگر پچھلی فصل پر ۴۵ لاکھ ۱۸ ہزار ٹن ریکارڈ پیداوار نہ ہوتی تو اس سال کی خشک سالی جو محکمہ انہار کی بے تدبیری کے باعث ہے اسکی وجہ سے ہمیں بہت زیادہ مصیبت سے دوچار ہونا پڑتا۔ مجھے اب گذارش کرنا ہے اپنے نہایت ہی لائق اور فائق وزیر ملک بچہ صاحب کی خدمت میں جو ان معاملات میں کافی تجربہ اور دلچسپی رکھتے ہیں مجھے ان کی عالمانہ نظر سے یہ توقع ہے کہ وہ فراخدلی سے اس چیز کا جائزہ لیں گے کہ جتنی امداد ہو سکے وہ ارزانی فرمائیں تاکہ زراعت ٹھیک ہو سکے اور زمیندار زبون حالی سے بچ جائے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے ملک کی آبادی کے لحاظ سے زرعی پیداوار میں اضافہ نہیں ہو رہا ۔ مجھے یہ گزارش کرنی ہے کہ ۱۰ لاکھ ٹن گندم کا ایک permanent phased ہو چکا ہے ہماری سنٹرل گورنمنٹ یا صوبائی گورنمنٹ جب بھی بجٹ بناتی ہے تو اس میں یہ provision ہوتی ہے کہ ۱۰ لاکھ ٹن گندم امپورٹ کرنی ہوگی۔ جناب سپیکر اب میں اس سے اگلے آئٹم پر آتا ہوں اور یہ چیز میں وزیر متعلقہ سے عرض کرتا ہوں اور اس کی مثال اس طرح دیتا ہوں کہ ایک دفعہ کسی عقاب کو کسی شکاری نے تیر مارا تو جب وہ تیر کھا کر نیچے گرا تو اس نے کہا مجھے کس نے مارا ہے تو اس نے دیکھا کہ تیر میں اس کا اپنا ھی پر لگا ہوا ہے جس

پر عقاب نے کہا کہ ''از ما است کہ برماست،، تو میں نے یہ جملہ چیزیں ملک خدا بخش صاحب کی خدمت میں عرض کر دی ہیں ۔ میرے پاس فگرز ہیں جو میں نے ملک خدا بخش صاحب کی کتابوں سے چوری کی ہوئی ہیں اور میں نے ان کو یہ چیزیں مہیا کر دی ہیں ۔

**وزیر بنیادی جمہوریت** (میاں محمد یاسین خان وٹو)۔ تو آپ چوری نہ کیا کریں ۔ آپ وقت پورا کریں ۔

**ملک محمد اختر**۔ جناب والا۔ یہ چیزیں اور figures جو میں نے پیش کی ہیں یہ اسلئے لاجواب ہیں کہ اگر یہ بولیں گے تو میرے پاس کتابیں ہیں جن کا میں حوالہ دے سکتا ہوں ۔ جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ہر سال ہماری ایک لاکھ ایکڑ زمین ناکارہ ہو جاتی ہے reclamation کا جو طریقہ ہے وہ خاطرخواہ ہونا چاہئیے تاکہ سیم اور تھور سے نجات حاصل حاصل کیجائے ۔ کام کے لحاظ سے اگر دیکھا جائے تو minus زیادہ ہے اور plus کم ہو رہا ہے ۔

جناب سپیکر ۔ اس وقت ایک کروڑ دس لاکھ ایکڑ رقبہ یہاں سیم زدہ ہے اور جس تیزی سے ہماری زمین ناکارہ ہو رہی ہے اس کو بحال کرنے کی رفتار اسی قدر سست ہے ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ مغربی پاکستان کا یہ محکمہ زراعت اس میں پورا نہیں اتر سکتا ۔ اور وہ قرضے جس کا میں نے ابھی ذکر کیا ہے ان کی مقدار اسقدر بڑھ گئی ہے کہ اب اس کے سوا اور کوئی چارہ نہیں کہ جیسے ۱۹۲۹ء میں یہاں ایک سنہری قانون بنا تھا ۔ اسی طرح کا ایک سنہری آرڈی ننس ہم پھر لگا دیں اور یہ قرضے جو ہمیں ان کو گول کر لیا جائے ورنہ ان کی ادائیگی آپ کے بس کا روگ نہیں ان سے کوئی متوازی نتیجہ حاصل

نہیں ہوا ۔ یہ اعداد و شمار ظاہر کرتے ہیں کہ ہمارا محکمہ آبپاشی ان قرضوں کو بڑھانے کی ایجنسی ہے ان کے سارے اعداد و شمار یہ ظاہر کرتے ہیں کہ اس قرضے سے جو متوازن نتیجہ حاصل کرنا ہے وہ حاصل نہیں ہو سکتا ۔

جناب والا ۔ اس ایوان میں کراچی کے متعلق بہت کچھ کہا گیا ہے ۔ اس لئے میں مجبور ہوں کہ لاہور کے متعلق بھی کچھ عرض کروں لاہور ساتھ سوتیلی ماں کا سلوک کیا جا رہا ہے ۔ سابق صوبہ پنجاب کا جو ع راوی اور چناب کے درمیان ہے اس کی ساڑھے دس لاکھ ایکڑ زمین ناکارہ ہے جناب ملک خدا بخش صاحب نے ٹیوب ویل سکیم میں کافی جدو جہد کی ہے لیکن اس کو اور زیادہ اچھا ہونا چاہئیے ۔ جناب سپیکر ۔ اس ڈیمانڈ میں ایک آئیٹم ٹیوب ویل کے متعلق ہے ان کے لگانے میں ہم نے کافی ترقی کی ہے مثلاً ۱۹۴۰ء میں سابقہ پنجاب میں ٹیوب ویلوں کی تعداد ۴۳۹ تھی ۔ ان میں سے بھی صرف ۳۱۸ چلتے تھے ۔ میں یہ اعداد و شمار ملک خدا بخش صاحب کی ایک کتاب سے پیش کر رہا ہوں ۱۹۵۳-۵۵ء میں ان کی تعداد ۱۲۱۶ ہو گئی اور اس میں گراں قدر اضافہ ہوا اور انہوں نے ۱۸۷۳۱۳ ایکڑ رقبہ سیراب کیا ۱۹۶۲-۶۳ میں ۱۲۱۶ سے ۱۱۶۳۸ ٹیوب ویل ہو گئے ۔ مارشل لا کی حکومت کے زمانہ میں ان میں دس ہزار ٹیوب ویلوں کا اضافہ ہوا ۔ اور ان سے سیراب ہونے والا رقبہ دس لاکھ تیس ہزار ایکڑ ہو گیا لیکن جناب والا ۔ اس کے باوجود ہمارا پیداوار کا جو target تھا گیہوں اور چاول کا وہ ہمیں نہیں مل رہا ۱۹۶۱-۶۲ء میں چالیس لاکھ ٹن گندم کی پیداوار تھی ۔ ۱۹۶۲-۶۳ء ۴۱ لاکھ ٹن تھی ۱۹۶۳-۶۴ء میں بھی ۴۱ لاکھ ٹن تھی ۔

۱۹۶۴-۶۵ء میں ۴۵ لاکھ اٹھارہ ہزار ٹن ہو گئی - ۱۹۶۵-۶۶ میں یہ پھر ۳۸ لاکھ ٹن ہو گئی اور اس میں کم و بیش ۷ء۶ لاکھ ٹن کی کمی واقع ہوئی - ہمیں ۱۰ لاکھ ٹن مزید درکار تھا اور اب یہ deficit بڑھ کر بیس لاکھ ٹن ہو گیا ہے اب میں جناب ملک صاحب سے براہ راست سوال کرتا ہوں کہ وہ کیا وجوہات تھیں کہ کروڑوں روپیہ کے ان قرضہ جات کے باوجود اور کروڑوں روپیہ سود ادا کرنے کے باوجود میرے اندازے کے مطابق ہم کم و بیش چالیس کروڑ روپیہ سود ادا کرتے ہیں اور ان میں سے بہت سی رقومات زراعت پر صرف ہو رہی ہیں - اگر اس کے باوجود ہمیں اس قدر نیچے جانا پڑے تو میں یہ کہوں گا کہ اس کے لئے خشک سالی کو وجہ قرار دینے کا کوئی جواز نہیں بلکہ یہ اس محکمہ کی نا اہلی ہے - اور ان کی طرف سے منصوبہ بندی کا فقدان ہے اور اس محکمہ میں ابتری اور بدانتظامی ہے میرا اندازہ ہے کہ وہ اس سے بخوبی واقف ہیں - میں ملک صاحب کی قابلیت کی تعریف کئے بغیر نہیں رہ سکتا - جب بھی میں نے ان سے کوئی شکایت کی ہے انہوں نے اس پر پورا ایکشن لیا ہے - میں اپنے علاقے کی ایک شکایت کے بارہ میں ملک صاحب سے علیحدہ عرض کرنا چاہتا تھا - ابھی کہہ دیتا ہوں نوٹ فرمالیں - یہ جو آپ کی A.C. High Tension wires ہیں یہ سارے لاہور میں خراب ہیں - ابھی جناب کل ہی ایک واقعہ ہوا ہے -

**Mr. Deputy Speaker** : Does this relate to Irrigation ?

**ملک محمد اختر** - جناب یہ وزیر کے متعلق ہے -

**Mr. Deputy Speaker** : We are not discussing any Minister, we are discussing Demand No. 9. Please be relevant to that.

**ملک محمد اختر** ۔ جناب والا ۔ میری یہ گذارش ہے کہ یہ زراعت پیشہ لوگ ہیں یہ نہ صرف آپ کو خوراک مہیا کرتے ہیں بلکہ آپ کے لئے زر مبادلہ بھی کماتے ہیں ۔ مگر آپ نے اس طبقہ کو کوئی سہولت نہیں دی اس کے مقابلہ میں صنعت کاروں کے دو سو پچاس خاندانوں کا سرمایہ پچھلے پندرہ سال میں تین ہزار ملین بڑھا ہے ۔ آپ نے ان کو ٹیکس کی بھی چھٹی دے رکھی ہے ۔ ملین دیں ، امپورٹ لائسینس دئے کوئی ایسی سہولت نہیں جو آپ نے انہیں نہ دی ہو اس کے برعکس زرعی طبقہ کو کوئی ایسی سہولت حاصل نہیں جس سے وہ مستفید ہو سکیں انہیں کھاد میں جو پچاس فیصد کی رعایت دی گئی تھی اسے ۳۵ فیصد کر دیا گیا ہے ۔

علاوہ ازیں ٹریکٹر مہیا کرنے پر جو نفع یا نقصان کے اصول کے مطابق سہولت تھی اسے آپ نے دو کروڑ روپیہ کی liability گردانتے ہوئے وہ آپ نے واپس لے لی تھی ۔

گندم کی کمی کے زمانے میں جو آپ subsidy دیتے تھے آپ نے اس subsidy کو واپس لے لیا ہے۔ اندازہ فرمائیں کہ گندم میں جب سے subsidy واپس ہوئی ہے اس وقت سے آٹا ۲۱ روپے من ہو گیا ہے ۔ یہ آپکی کارروائی کے direct consequences ہیں اور ایریگیشن ڈیپارٹمنٹ کی نا اہلی کی وجہ سے ایسا ہوا ہے ورنہ میں سمجھتا ہوں کہ اس قدر کمی نہیں ہو سکتی تھی۔

(قطع کلامیاں)

جناب والا ۔ اب میں ایک اور مثال دیتا ہوں۔ (قطع کلامیاں)

Sir, the House is out of control.

**Mr. Deputy Speaker :** Mr. Anwar Aziz please be in order.

**مسٹر حمزہ** ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا۔ گورنمنٹ کے ممبر جو پچھلی نشستوں پر بیٹھے ہوئے ہیں کہتے ہیں کہ بارش نہیں ہوئی ہے یہ گورنمنٹ کی کرتوتوں کا نتیجہ ہے ۔

**Mr. Deputy Speaker :** This is not a point of order.

**ملک محمد اختر** ۔ جناب سپیکر ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ گندم کے بعد چاول کے مسئلہ کو لوں گا۔ چاول ایک ایسی چیز ہے جو ایکسپورٹ کئے جاتے ہیں۔

**Mr. Deputy Speaker :** Are we discussing the Food policy ?

**Malik Muhammad Akhtar :** Certainly it is the food policy.

**Mr. Deputy Speaker :** It is not the food policy.

**Malik Muhammad Akhtar :** Then what is it ? Irrigation means ''زراعت''

**Minister of Food & Agriculture** (Makhdum Hamid-ud-Din) : On a point of order. Sir, he should confine himself to irrigation. As far as the food situation is concerned he can. touch that issue while speaking on his cut on Agriculture. The item under discussion at the moment is in respect of irrigation. I will, therefore request him to confine himself to irrigation.

**ملک محمد اختر** ۔ انہوں نے یہ کہہ دیا ہے کہ خارجہ پالیسی discuss نہیں ہو سکتی ہے۔ and that has been discussed.

جناب والا ۔ میں ساری آئٹم کو ہاؤس میں بیان کئے دیتا ہوں ۔ یہ اپریگیشن ڈیپارٹمنٹ کی وجہ سے ہماری خوراک میں کمی واقع ہوئی ہے جس کے

نتیجہ میں زر مبادلہ میں بھی کمی ہوئی ہے کیونکہ خوراک میں کمی واقع ہو گئی ہے اور اس سے ہمارا معاشرہ بری طرح سے متاثر ہوا ہے۔

**Mr. Deputy Speaker** : You may refer to the consequences of the activities of the Irrigation Department but you cannot discuss them in detail. You have a separate Demand for that.

**Malik Muhammad Akhtar** : I will only refer Sir.

جناب سپیکر ۔ میں صرف reference کے لئے عرض کر دوں کہ جو چاول ایکسپورٹ ہوتا ہے وہ ہم نے کویت کو ۹۰ ہزار ٹن اور روس کو ۸۵ ہزار ٹن دیا ہے اور اس میں ۲۰ کروڑ روپیہ زر مبادلہ کمایا ہے۔ جناب والا ۔ اب مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ یہ اس قدر بڑی آئٹم ہے جس سے ہم نے زر مبادلہ کمایا ہے ۔ اگر آپ کا ایریگیشن ڈیپارٹمنٹ دیانتداری سے کام کرے۔ میں یہ نہیں کہتا کہ تمام کے تمام لوگ بد دیانت ہیں ان میں اچھے لوگ بھی ہیں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

**مسٹر محمود اعظم فاروقی** ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ ملک کی نصف آبادی اس ایوان میں نہیں ہے۔ عوام کے نمائندے یعنی خواتین نہیں ہیں۔

**Mr. Deputy Speaker** : This is no point of order.

**مسٹر محمود اعظم فاروقی** ۔ جناب والا ۔ کورم بھی نہیں ہے۔

**Mr. Deputy Speaker** : The House is not in quorum. Let the bells be rung. (*bells were rung*) The House is in quorum. Yes, Malik Akhtar.

**ملک محمد اختر** ۔ جناب سپیکر ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ایریگیشن ڈیپارٹمنٹ میں....

**رانا پھول محمد خان** ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ میں بارہا گزارش کر چکا ہوں کہ ملک اختر صاحب جب تقریر کرنے کھڑے ہوتے ہیں تو اس وقت کورم ٹوٹ جاتا ہے۔ ان سے درخواست کی جائے کہ یہ بھی ہمیں معاف کریں ۔

**Mr. Deputy Speaker** : This is no point of order. Yes, Mr. Akhtar.

**ملک محمد اختر** ۔ جناب سپیکر ۔ میں گزارش یہ کر رہا تھا کہ اس طرح سے ہماری چاول کی جو پیداوار ہے اس میں بہت بڑی کمی ہو رہی ہے۔ اگر بر وقت نہروں کا پانی مہیا کر دیا جائے اس سے ایک تو efficiency بڑھ سکتی ہے دوسرے ہم ملک کو زیادہ پیداوار دے سکتے ہیں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

**Minister for Food and Agriculture** : Mr. Speaker, Sir, in case the Member opts to discuss the Agriculture Department or the Food Department at this stage then he may kindly withdraw his cut regarding Food and Agriculture.

**Mr. Deputy Speaker** : The Member is simply discussing the point that if the Irrigation Department had supplied water there would have been more production. He is discussing the result of the short water supply.

**ملک محمد اختر** ۔ جناب سپیکر ۔ میں یہ گزارش کر رہا تھا کہ اگر ہمارے اس محکمہ آبپاشی میں efficiency آ جائے تو جو بھی مسائل ہمیں درپیش ہیں وہ تمام کے تمام دور ہو سکتے ہیں (قطع کلامی) تو جناب سپیکر۔ میں اس سے زیادہ ان items پر کچھ نہیں کہنا چاہتا ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

**Mr. Deputy Speaker** : Would the Irrigation Minister like to reply ?

**وزیر آبپاشی** (ملک خدا بخش) ۔ جناب والا۔ میں اپنے دوست ملک اختر صاحب کی تحریک کی پر زور مخالفت کرتا ہوں ۔ بالخصوص انہوں نے ایک دفعہ یہ فرمایا تھا کہ وہ کچھ ایسے حقائق ۔ کچھ ایسے اعداد وشمار اپنے پاس رکھتے ہیں جس سے میں لا جواب ہو جاؤں گا ۔ پھر ان اعداد وشمار کی طرف میرے خیال میں کچھ میرا لحاظ کرتے ہوئے توجہ نہیں دلائی۔ اس وقت مجھے علامہ اقبال رح کا ایک غیر مطبوعہ شعر یاد آ گیا ہے۔

عجیب ہیں مغفرت کی راہیں کہ روز محشر بھی اس نے مجھ سے
نہ کوئی ایسا سوال پوچھا کہ جو مجھے لا جواب کر دے

یہ تو ان کی عنایت کا ذکر تھا۔ اب سوال رہا کہ جو کچھ انہوں نے فرمایا ہے اس کے متعلق میں چند الفاظ میں ان کی خدمت میں اور آپ کی وساطت سے اس ایوان کی خدمت میں محکمہ انہار کے متعلق کچھ کوائف پیش کرنے کی جسارت کرتا ہوں ۔

جناب والا ۔ ملک اختر صاحب نے ارشاد فرمایا ہے کہ پچھلے سال نہروں میں پانی کی وجہ سے فصلات کو بڑا نقصان پہنچا ہے میں ان کے ساتھ اس بات پر اتفاق کرتا ہوں ۔ پانی جو زرعی معیشت کی رگوں کا خون ہے وہ میرے اختیار میں نہیں ہے۔ وہ اللہ تعالیٰ کی دین ہے۔ دریاؤں میں پانی بارش کی وجہ سے کم ہے اندریں حالات جو پانی ہمیں میسر ہوا ہے وہ ہم نے نہایت انصاف اور نہایت رواداری کے ساتھ اس طریقے سے برتا ہے کہ ہماری زیادہ سے زیادہ پیداوار ہو سکے ۔

**حاجی سردار عطا محمد لنڈ** ۔ وہ تو آبیانہ لینے کے لئے کیا ہے ۔ (قطع کلامی)

**وزیر آبپاشی** ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا۔ کہ اسکی وجہ یہ ہے۔ کہ ہمیں جو پانی ہندوستان سے ملتا تھا۔ اس پانی میں بھی کمی ہوئی۔ اور دیپال پور نہر میں بھی پانی کی کمی واقع ہوئی ۔ اور کچھ پانی دفاع کی غرض سے ہمیں لاہور کی نہروں میں بھی لانا پڑا ۔ اور اگر یہاں پر میں یہ کہوں۔ کہ محکمہ انہار کے افسران واقعی خراج تحسین کے مستحق ہیں۔ تو بے جانہ ہو گا۔ کیونکہ اس ملک کے دفاع میں محکمہ انہار کا بھی اتنا ہی دخل ہے۔ جتنا کہ ہماری فوجوں کو اسکے دفاع میں دخل ہے۔ آپکی بی۔آر۔بی۔ نہر جسے اب غازی نہر کے نام سے پکارا جا رہا ہے۔ اس میں محکمہ انہار کے عملے نے پانی کو جاری رکھ کر لاہور کا دفاع کیا ہے۔ اور اس طرح یہاں کے محکمہ انہار کے افسروں نے ایک قابل قدر کام کیا ہے۔ اور ملک اختر صاحب جو کہ لاہور کے رہنے والے ہیں۔ ان کو اس قسم کی تحریک تخفیف دینے کا کوئی حق نہیں تھا۔ انہوں نے یہ بھی فرمایا ہے۔ کہ چونکہ ہماری منصوبہ بندی اچھی نہیں تھی۔ اس وجہ سے یہاں پر خوراک کا مسئلہ پیدا ہوا ہے۔ جناب والا۔ چونکہ آپ نے از راہ فیاضی یہ اجازت دی ہے۔ کہ وہ خوراک کے مسئلے کو یہاں پر چھیڑیں ۔ اس لئے مجھ پر بھی لازم آتا ہے۔ کہ میں بھی ان کے اعتراضات کا جواب دوں۔ آپ کو یاد ہو گا۔ کہ اسی مغربی پاکستان میں تین چار سال قبل چاول کی کل پیداوار نو دس لاکھ ٹن ہوا کرتی تھی۔ جو کہ اب خدا کے فضل و کرم سے پنتیس چالیس لاکھ ٹن تک جا پہنچی ہے۔ اسی مغربی پاکستان میں سولہ لاکھ گانٹھیں کپاس کی ہوا کرتی تھیں جب کہ اب ان کی تعداد چوبیس پچیس لاکھ گانٹھوں تک پہنچ گئی ہے۔

**مسٹرہ حمزہ** ۔ Question ۔ کپاس کے متعلق آپ نے غلط اعداد وشمار دیئے ہیں۔

**وزیر آبپاشی** ۔ میں نے یہ فیصلہ کر لیا ہے۔ کہ حمزہ صاحب کی بات کا جواب نہیں دیا کروں گا ۔ کیونکہ حمزہ صاحب کے پتھر کو میں پھول میں تبدیل کرنے کی قدرت رکھتا ہوں۔ چونکہ ان کا یہ دعویٰ ہے۔ کہ یہ

اعداد و شمار غلط ہیں۔ اس لئے میں جناب کی وساطت سے اس معزز ایوان کے سامنے یہ عرض کروں گا۔ کہ اعداد و شمار انکے پاس بھی ہیں۔ اور میرے پاس بھی ہیں۔ ہو سکتا ہے۔ کہ جو اعداد و شمار انہوں نے دیکھے ہوں۔ وہ میری نظر سے نہ گزرے ہوں۔ اور جو اعداد و شمار میرے پاس ہیں۔ وہ ان کی نظر سے نہ گذرے ہوں۔ بہر حال اس میں کوئی شک نہیں ہے۔ کہ کپاس کی پیداوار میں قابل قدر اضافہ ہوا ہے۔ اور اسی طریقے سے نیشکر کی پیداوار میں بھی اضافہ ہوا ہے۔ اور جہاں پہلے ڈیڑھ لاکھ ٹن چینی کی پیداوار تھی۔ اب ساڑھے تین لاکھ ٹن کے قریب ہو گئی ہے۔ ان کوائف اور اعداد و شمار کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے میں ملک اختر صاحب سے یہ توقع نہیں کر رہا تھا۔ کہ وہ اس قسم کی تحریک تخفیف پیش کرنے کی جرأت اور جسارت کر سکیں گے۔ بہر حال اب تو وہ کر ہی چکے ہیں۔

جناب والا ۔ اب میں محکمہ انہار کے متعلق چند کوائف آپ کی خدمت میں عرض کرنے کی جسارت کروں گا۔ آپ کو علم ہو گا۔ اور ملک اختر صاحب نے فرمایا ہے۔ کہ ہم نے ٹیوب ویل لگانے کے لئے جامع منصوبہ بندی کی ہے۔ جس سے کہ اندر والے ذخیرہ آب باہر لا کر اپنی معیشت میں وہ توانائی پیدا کرنے کی قوت پیدا کریں گے۔ کہ جس کے ذریعے انشاء اللہ ہماری زراعت میں ایک ایسا خوشگوار انقلاب آئے گا۔ کہ انشاء اللہ وہ دن دور نہیں۔ کہ وہ لوگ جو آج ہم پر نکتہ چینی کرتے ہیں۔ اور ہمیں ہدف تحقیر بناتے ہیں۔ اور ہمیں ملامت کرتے ہیں۔ وہ ایسا ہر گز نہ کر سکیں گے۔ انشاء اللہ وہ دن دور نہیں ۔ کہ جب اس منصوبہ بندی کی بناء پر ملک اختر صاحب کی جو بھی خواہشات ہیں۔ اور انہیں جو توقعات ہیں ۔ وہ پوری ہوجائیں گی ۔ آپ کو یہ سن کر خوشی ہو گی ۔ کہ ہمارے آئندہ سال کے منصوبہ میں دو کروڑ روپے کی رقم رکھی گئی ہے۔ اور یہ اس غرض سے رکھی گئی ہے ۔ کہ ہم ان علاقوں میں جو Tail پر واقع ہیں ۔ اور جو non-perennial areas ہیں وہاں پر ٹیوب ویل نصب کریں ۔ اور پانی کی مقدار میں اضافہ کریں ۔ تا کہ ربیع کی فصل

پختہ ہو سکے ۔ اس کے علاوہ میں یہ عرض کروں گا ۔ کہ ہمارے پروگرام کے مطابق آئندہ سال ٹانڈا ڈیم مکمل ہو جائیگا اور خانپور ڈیم بھی مکمل ہو جائیگا ۔ اور اسی طرح منگلا ڈیم کے مکمل ہو جانے کی بھی امید ہے ۔ اس طرح ہمارے محکمہ انہار کے افسران اور کارپردازن قابل مبارکباد ہیں ۔ کہ انہوں نے نامساعد حالات میں وسائل کی کمی اور مسائل کی زیادتی کے باوجود انتہائی قابل قدر کام کیا ہے ۔ اگر آپ جاننا چاہتے ہیں ۔ تو میں آپکی اطلاع کے لئے یہ عرض کرونگا ۔ کہ پچھلے چار پانچ سال میں زیرکاشت رقبے میں پچیس لاکھ ایکڑ کا اضافہ ہوا ہے ۔ جسکی وجہ سے ہماری زراعت میں خاطر خواہ ترقی ہو رہی ہے ۔ اور محکمہ انہار کی قابل قدر کارگذاری کے نتائج دیکھنے کے لئے انہی حقائق کو دیکھنا لازمی ہے ۔ میں بالخصوص اختر صاحب کی خدمت میں (جو کہ اعداد و شمار کے خاصے خواہش مند رہتے ہیں) اس لحاظ سے عرض کرونگا ۔ کیونکہ انہوں نے فرمایا ہے ۔ کہ ہم نے reclamation کے سلسلے میں کوئی قابل قدر کام نہیں کیا ہے ۔ میں انکی خدمت میں عرض کرنے کی جسارت کرونگا ۔ کہ اگر وہ لاہور سے باہر تشریف لے جائیں ۔ کیونکہ لاہور میں تو اطلاعات غلط بھی آسکتی ہیں ۔ تو اگر وہ باہر تشریف لے جائیں ۔ تو ان کو معلوم ہو گا ۔ کہ SCRAP No. 1 سے ایسے منصوبے کی تکمیل ہوئی ہے ۔ کہ جس سے ہماری زرعی معیشت کے لئے ایسی شاہراہ نکل آئی ہے ۔ کہ جہاں آج تک ہم سیم اور تھور کے انسداد کے لئے کوئی موثر کام نہیں کر سکے ہیں ۔ وہاں اب اس منصوبے کے طفیل انشاء اللہ تعالیٰ ہم اس پر قابو پانے کی قدرت رکھتے ہیں ۔ اور چھ سات منصوبے ایسے بنائے گئے ہیں ۔ کہ ۷۰ء تک ہم انشاء اللہ تعالیٰ ایک کروڑ ایکڑ رقبہ reclaim کرلیں گے ۔ اور اسی دوران میں جیسا کہ میں پہلے بھی عرض کر چکا ہوں ۔ کہ پچیس لاکھ ایکڑ رقبہ میں اضافہ کر بھی چکے ہیں ۔ اور ساتھ ہی حاجی صاحب نے ازراہ کرم فرمایا ۔ اور وہ مجھ پر بڑے مہربان ہیں کہ ہم نے پانی اس لئے دیا تھا ۔ کہ ہم اس طرح آبیانہ وصول کرنا چاہتے تھے ۔ میں اسکے متعلق نہایت ادب اور احترام کے ساتھ (چونکہ میرے دل میں انکے لئے بڑا احترام ہے) ان کی خدمت میں یہ عرض کرونگا ۔

کہ کبھی آبیانہ وصول کرنے کی خاطر بھی پانی دینا مقصود ہوتا ہے ۔ ہم تو پانی اس لئے دیتے ہیں ۔ کہ اس سے زراعت میں اور خصوصاً کاشتکاروں اور کسانوں کی زندگی میں بہتری مقصود ہوتی ہے ۔ اور اگر میں یہ کہہ دوں ۔ کہ پاکستان دیہات میں بستا ہے ۔ اور پاکستان کی دیہی آبادی سے ہی پاکستان کی ترقی کا سوال وابستہ ہے ۔ تو نا درست نہ ہو گا ۔ (نعرہ ہائے تحسین) ہم تو اس لئے پانی یا بجلی یا اسی قسم کی دوسری سہولتیں پیدا کر رہے ہیں ۔ کہ زراعت میں ترقی ہو ۔ اور اس طرح دیہات کے رہنے والے لوگوں کا معیار زندگی بلند ہو سکے ۔ ہم یہ سب کچھ چند ٹکوں کی وصولی کے لئے نہیں کر رہے ہیں ۔ اسکے علاوہ ملک صاحب نے اور بھی کئی ایک باتیں ارشاد فرمائی ہیں ۔ لیکن میں انکی خدمت میں صرف ایک بات عرض کر کے اپنی تقریر ختم کرونگا ۔ کہ جہاں تک ان کا یہ خیال ہے ۔ کہ محکمہ انہار نے بڑی بےترتیبی برتی ہے ۔ تو میں یہ سوچ رہا تھا ۔ اور یہ امید رکھتا تھا ۔ کہ وہ محکمہ انہار کی کسی بے ترتیبی کی کوئی مثال پیش کریں گے ۔ تا کہ اس معزز ایوان کو معلوم ہو سکے کہ وہ بے ترتیبی کیا ہے ۔ لیکن انہوں نے اس بارے میں کچھ بھی نہیں فرمایا ۔ بہر حال میں اس معزز ایوان کی اطلاع کے لئے یہ عرض کر دوں ۔ کہ محکمہ انہار کے افسران اور انکے عملے نے جس حسن تدبر سے اس ملک کو بچایا ہے ۔ انہوں نے جس حسن کارکردگی کا ثبوت دیکر ملک کو بچا لیا ہے ۔ میں پورے وثوق اور ذمہ داری کے ساتھ یہ بات عرض کرتا ہوں ۔ کہ ملک کے دفاع کے سلسلے میں جہاں فوج کا ذکر کیا جاتا ہے ۔ وہاں محکمہ انہار کے افسران کا ذکر بھی کیا گیا ہے ۔ جنہوں نے دن رات کام کر کے اپنے فرائض نہایت ہی خوش اسلوبی سے سرانجام دیئے ہیں ۔ لیکن ہو سکتا ہے ۔ کہ ملک اختر صاحب کو اطلاعات غلط ملی ہوں ۔ جسکی وجہ سے انہیں کوئی غلط تاثر ہوا ہو ۔ ان حالات میں توقع رکھتا ہوں ۔ اختر صاحب کے کہنے کے مطابق تو انکا یہ اصول ہے ۔ کہ وہ ایک تحریک پیش کر کے پھر اسے واپس نہیں لیا کرتے ۔ لیکن میں سمجھتا ہوں ۔ کہ اگر سچی بات سامنے آ جائے ۔ تو اسے مان لینا چاہئیے ۔ ورنہ اس اصول کا مقصد تو یہ ہو گا ۔ کہ تصویر کا

دوسرا رخ دیکھنے کے بعد بھی وہ اپنے ہی رخ کو دیکھتے رہیں گے۔
اور اپنی تحریک واپس نہیں لیں گے۔

**Mr. Deputy Speaker** : Malik Sahib do you press the motion ?

**Malik Muhammad Akhtar** : Yes, Sir, I press it.

**Mr. Deputy Speaker** : The question is :

That the total.....

**Chaudhri Anwar Aziz** : Point of order.

When the member is addressing the Chair he should stand up in his seat. That is not the way of addressing the Chair in which Malik Akhtar was doing.

**Mr. Deputy Speaker** : Whenever any member is addressing the Chair he should get up.

**Malik Muhammad Akhtar** : Certainly I will, Sir.

**Mr. Deputy Speaker** : The question is—

> The total of Rs. 10,61,19,800 on account of XVII—Irrigation, Navigation, Embankment and Drainage Works for which Capital Accounts are kept -Working Expenses Excluding Establishment Charges—Total Other Expenditure ---Other than New Expenditure be reduced by Rs. 10,61,19,799.

*The motion was lost.*

DEMAND No. 12

Now we come to Demand No. 12 (25-General Administration).

**Malik Muhammad Akhtar** : I beg to move—

> That the total of Rs. 6,16,10,740 on account of 25-General Administration-Total Other Expenditure-Other than New Expenditure be reduced by Rs. 6,16,10,739.

**Mr. Deputy Speaker** : Motion moved is—

> That the total of Rs. 6,16,10,740 on account of 25-General Administration-Total Other Expenditure-Other than New Expenditure be reduced by Rs. 6,16,10,739.

**Minister of Irrigation, Power and Education**: Opposed.

**ملک محمد اختر** - جناب سپیکر - میں نہایت اختصار کے ساتھ جنرل ایڈمنسٹریشن کے متعلق جس پر بہت لمبی بحث ہو سکتی ہے عرض کروں گا کہ میں نے new expenditures پر جو جنرل ایڈمنسٹریشن کی مد میں کئے جانے کے متعلق ہیں کافی اعتراضات کرنے ہیں لیکن چونکہ تقریر کا موقع نہیں رہا اس لئے صرف دو مثالیں عرض کروں گا - یہ اخراجات جو دکھائے گئے ہیں ان میں کچھ جانبداری برتی گئی ہے کیوں کہ وہ اخراجات فاضل ہیں -

جناب سپیکر - سب سے پہلے میں ایک item کے متعلق عرض کروں گا جو نہایت ہی اہم ہے - وہ Industrial Courts کے متعلق ہے - یہاں سارا فنانس ڈیپارٹمنٹ بیٹھا ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ وہ میرے اعتراضات کو نوٹ کریں گے -

جناب سپیکر - ملک کے ہنگامی حالات کے پیش نظر چار عدالتوں کو reduce کرکے دو کر دی ہیں - ان دو میں سے اب ایک عدالت کو revive کرنا مطلوب ہے لیکن دونوں پہلی عدالتوں کے سٹاف میں ایک رجسٹرار اور ایک اغلباً سیکرٹری کی پوسٹ تھی جو انہوں نے پہلی دو courts کے chairmen کے ساتھ برقرار رکھی ہے لیکن تیسری میں برقرار نہیں رکھی -

**Mr. Deputy Speaker** : What you are discussing about ?

**Malik Muhammad Akhtar** : I am discussing the Chairman of the Lahore Improvement Trust who is drawing salary from the public exchequer and comes under general administration.

**Mr. Deputy Speaker** : I just want to know that item. About which page you are discussing ? The salary of the Commissioner.....

**Malik Muhammad Akhtar** : Let them claim that the officer is not a C.S.P. man.

ان کے متعلق جناب وٹو صاحب کی خدمت اقدس میں عرض کروں گا اگرچہ یہ demand زلف یار کی طرح لمبی ہے -

جناب والا - وٹو صاحب فرمائیں گے کہ ہمارے لاہور نے کیا قصور کیا ہے کیونکہ انہوں نے تیسرے پنج سالہ منصوبہ میں لاہور کے لئے کوئی گنجائش نہیں رکھی -

جناب والا ۔ مجھے interrupt نہ کیا جائے تو میں عرض کروں گا کہ ملک خدا بخش صاحب نے اچھی باتیں کہی ہیں ۔ اور میں ان کے ارشادات کے لئے جواب الجواب عرض کروں گا ۔

یہاں تین چار سکیمیں تھیں ۔ یہ میں اس لئے عرض کر رہا ہوں کیوں کہ لاہور امپروومنٹ ٹرسٹ میں ایک سی ایس پی افسر تھے ان کے زمانہ میں ۴ سکیمیں بنائی گئی تھیں ۔

Low Income Housing Scheme Central Commercial Scheme Kacha Multan Road Scheme University Area Scheme.

ان سکیموں کے لئے ۳۱ کروڑ ۴۲ لاکھ روپیہ کا اندازہ تھا اور امپروومنٹ ٹرسٹ نے ان چار سکیموں کو execute کرنا تھا ۔ اس میں سے ۹ کروڑ ۸۱ لاکھ کی رقم curtail کر لی گئی ہے اور پھر ان کو ۱۹۶۵-۶۶ میں جو دینی تھی وہ ایک کروڑ ۳۶ لاکھ تھی مگر اس میں سے ۲۹ لاکھ کی رقم دی گئی ہے ۔

**وزیر بنیادی جمہوریت** (میاں محمد یاسین خان وٹو) ۔ جناب والا ۔ اس سلسلہ میں ایک شعر عرض کرتا ہوں ۔

مگس کو باغ میں جانے نہ دینا
کہ ناحق خون پروانے کا ہو گا

**Mr. Deputy Speaker** : Mr. Akhtar, I am asking you to guide me about the item and the page that you are discussing.

**Malik Muhammad Akhtar** : If you prolong the House for half an hour I will find out and let you know.

**Minister of Basic Democracies** : Sir, he is on deputation and if he discusses him that will mean he can go on discussing every officer.

**Mr. Deputy Speaker** : Please confine yourself to the expenditure charged on the general administration.

**ملک محمد اختر** ۔ جناب سپیکر ۔ میں ایک دو منٹ میں اپنے خیالات کا اظہار کرکے اس item کو چھوڑتا ہوں اس کے لئے ۱۸ لاکھ کی جو provision کی گئی ہے یہ گویا step motherly treatment کیا گیا ہے ۔

**Minister of Basic Democracies** : When the member is not relevant he should not mention about it.

**ملک محمد اختر** ۔ وہ زیادہ گھبرا جاتے ہیں ۔

**وزیر بنیادی جمہوریت** ۔ جناب والا ۔ اسمبلی کے ممبر بن جانے کے بعد بھی وہ پیچھے لوٹ جانا چاہتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ کارپوریشن یا امپروومنٹ ٹرسٹ کے ممبر بن جائیں ۔ ان کو واقعی کارپوریشن سے محبت ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ بہت عرصہ تک کارپوریشن کے ممبر رہے ہیں ۔

**ملک محمد اختر** ۔ جب سے آپ وزیر بنے ہیں اس محکمہ کو چھوڑنے کو جی نہیں چاہتا ۔

**وزیر بنیادی جمہوریت** ۔ پھر ہمیں کو ''میاؤں'' ۔

**ملک محمد اختر** ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ جنرل ایڈمنسٹریشن کے اخراجات کو curtail کیا جا سکتا تھا مگر ان اخراجات کو بڑھا دیا گیا ہے ۔

اپنی تقریر کو مختصر کرکے میں صرف یہ عرض کروں گا کہ ٹرسٹ میں کوئی permanent staff نہیں اور امپروومنٹ ٹرسٹ کی گرانٹ کو ۱۸ لاکھ کرکے آپ نے بہت زیادتی کی ہے ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اس item کو چھوڑتا ہوں ۔

**سردار حاجی عطا محمد لنڈ** (خیر پور۔ ۲) ۔

نقشوں کو تم نہ جانچو لوگوں سے مل کے دیکھو ۔

یعنی بجٹ کو نہ دیکھو بلکہ لوگوں سے مل کر ان کے حالات معلوم کرو ۔ دوسرا مصرع یہ ہے ۔

کیا چیز جی رہی ہے کیا چیز مر رہی ہے ۔

**ایک معزز ممبر** ۔ اس کا بھی اردو میں ترجمہ کر دیا جائے ۔

**سردار حاجی عطا محمد لنڈ** ۔ جناب سپیکر ۔ میں اب پولیس کے محکمہ کو لیتا ہوں ۔

**رانا پھول محمد خان** ۔ جناب میں حاجی صاحب سے ادب سے درخواست کروں گا کہ جو کچھ ان کی ڈیمانڈ ہے وہ اس کا ترجمہ کر دیں ۔

**سردار حاجی عطا محمد لنڈ** ۔ واذا خاطبہم الجاھلون قالو سلاما ۔

**رانا پھول محمد خان** ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ میں اپنے محترم و قابل حاجی صاحب سے اور حمزہ صاحب سے گذارش کروں گا کہ اس کا وہ ہمیں مطلب تو سمجھا دیں ۔ (قطع کلامیاں)

**مسٹر محمد اسلم خان خٹک** ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ قرآن پاک کا پورا احترام کرتے ہوئے حاجی صاحب نے جو quote کیا ہے ۔

In the context of Parliamentary affairs should this "Aait" remain on the record of the House.

پہلے ان سے ترجمہ کروا لیا جائے اور اس کے بعد پھر اس مسئلہ کو لیا جائے کہ جنکے لئے حاجی صاحب نے یہ پڑھا ہے ۔

**مسٹر ڈپٹی سپیکر** ۔ حاجی صاحب آپ اس کا ترجمہ کر دیجئے ۔

**سردار حاجی عطا محمد لنڈ** ۔ میں کوئی عالم نہیں ہوں ۔ ترجمہ خٹک صاحب ہی کر لیں ۔

**مسٹر محمود اعظم فاروقی** ۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ کسی کی راہ میں خواہ مخواہ روڑے کوئی اٹکا رہا ہو تو ایسے لوگوں سے سلام کرو ۔ علیحدہ ہو جاؤ ۔

**مسٹر محمد اسلم خان خٹک** ۔ جناب والا ۔ فاروقی صاحب نے قرآن پاک کا غلط ترجمہ کیا ہے ۔

**رانا پھول محمد خان** ۔ جناب سپیکر ۔ قرآن پاک کا غلط ترجمہ کرنا سخت گناہ ہے ۔ اگر ترجمہ صحیح نہیں کیا گیا ہے تو میں فاروقی صاحب سے درخواست کروں گا کہ وہ صحیح ترجمہ کریں ۔

**Minister of Basic Democracies :** This is an aspersion on the whole House.

(قطع کلامیاں)

**چودھری محمد نواز** ۔ حاجی صاحب نے جو آیت پڑھی ہے وہ صحیح نہیں پڑھی ہے ۔ فاروقی صاحب صحیح آیت پڑھیں ۔ اور اگر وہ نہ پڑھیں تو میں پڑھ دوں ۔

**سردار حاجی عطا محمد لنڈ** ۔ جناب سپیکر ۔ افسوس ہے کہ ہاؤس کو نہ اپنا احترام ہے اور نہ قوم کا احترام ہے ۔ (قطع کلامیاں)

**مسٹر ڈپٹی سپیکر** ۔ حاجی صاحب آپ اپنے کٹ موشن پر آئیے ۔ (قطع کلامیاں)

حاجی صاحب آپ cut لے رہے ہیں یا Demand ؟

**سردار حاجی عطا محمد لنڈ** ۔ کٹ کتاب میں ہوتی ہے اور تقریر زبان پر ہوتی ہے ۔ میری گذارش یہ ہے کہ میں اس کٹ موشن پر پولیس کے اخراجات پر تقریر کرنا چاہتا ہوں ۔ اور وہ یہ ہے کہ پولیس کی کارکردگی بہت خراب ہے ۔

**مسٹر ڈپٹی سپیکر** ۔ حاجی صاحب جنرل ایڈمنسٹریشن میں پولیس کب آتی ہے ۔ آپ نے جنرل ایڈمنسٹریشن پر کٹ دیا ہے یا پولیس کے محکمہ پر ۔ آپ نے ڈیمانڈ نمبر ۱۲ ۔ پر کٹ دیا ہے ۔ اور پولیس کی ڈیمانڈ نمبر ۹ ۔ ہے۔ کیا آپ ڈیمانڈ نمبر ۹ پر بولنا چاہتے ہیں ۔

**سردار حاجی عطا محمد لنڈ** ۔ میں نظم و نسق پر تقریر کرنا چاہتا ہوں اور یہ عرض کروں گا کہ نظم و نسق کی حالت اتنی بگڑ گئی ہے کہ ۔ ۔ ۔ ۔

**مسٹر ڈپٹی سپیکر** ۔ حاجی صاحب جنرل ایڈمنسٹریشن کے سلسلے میں جو پیسے مانگے گئے ہیں آپ ان کے متعلق بات کریں ۔

**سردار حاجی عطا محمد لنڈ** ۔ میں اب پولیس کو چھوڑتا ہوں اور انتظام پر آتا ہوں ۔

جناب سپیکر ۔ جس انتظام کے لئے یہ ڈیمانڈ کر رہے ہیں اور اس ہاؤس سے یہ جو رقم مانگ رہے ہیں وہ خدا جانے کیوں مانگ رہے ہیں ۔ انتظام کی جو ملک میں حالت ہے وہ کسی سے مخفی نہیں ہے ۔ آپ کو پہلے یہ چاہئے کہ آپ کوئی اچھا انتظام کرتے یا کچھ اصلاحات کرتے پھر یہ اخراجات ہاؤس میں لاتے ۔ آپ کی خدمت میں ملک میں نظم و نسق کی ایک مثال پیش کرتا ہوں ۔ اور یہ اخباروں سے واقعات بیان کئے جائیں گے ۔

(۱) سکرنڈ کے قریب ایک پٹھان کپڑے کے بیوپاری کو کلہاڑی سے بری طرح زخمی کرکے دو ہزار روپے نقد اور پستول اور کپڑا لے گیا ۔

(۲) موروشہر میں ڈویلپمنٹ آفیسر کے گھر میں چوری ۔

(۳) مورو کے زمیندار جان محمد چانڈیو پر پستول سے حملہ کیا گیا ۔

واقعات تو اس قسم کے بہت سے ہیں لیکن میں ہاؤس کا زیادہ وقت نہیں لینا چاہتا ۔

**رانا پھول محمد خان** ۔ جناب والا ۔ وارداتیں تو صوبے بھر میں ہوتی ہیں ہر ملک میں ہوتی ہیں حاجی صاحب کیا یہ بتائیں گے کہ یہ جو واقعات ہوئے ہیں کیا ان کی کوئی رپورٹ درج کی گئی ہے یا نہیں ۔ یوں تو ہزاروں cases ہوتے ہیں ۔

**سردار حاجی عطا محمد لنڈ** ۔ میں اسی لئے تو کہہ رہا ہوں "جاہلون سلاما" ۔

جناب والا ۔ میں اسی لئے یہ بتانا چاہتا ہوں کہ ہمارے علاقہ سندھ میں لوگ رات دن پریشانی میں گذار رہے ہیں ۔ ڈاکو وہاں افراد کو لیجاتے ہیں اور پھر کسی سے ۵ - ہزار لیتے ہیں کسی سے ۱۰ ہزار لیتے ہیں ۔ اور کسی سے ۲۰ - ہزار لیتے ہیں اس کے بعد واپس کرتے ہیں ۔

**Mr. Deputy Speaker :** The House now stands adjourned till 8.30 a.m. tomorrow.

*The Assembly then adjourned till 8.30 a.m. on Friday, the 24th June, 1966.*

## APPENDIX 1

ANNEXURE A

(Ref : Starred Question No. 3086)

**List of books Published by the Sindhi Adabi Board Hyderabad during the year 1963-64.**

1. KUNDRY WARAN JO KALAM-(Sindhi)
   Size Demy Octavo Pages 178.
   Edited by Lutafullah Badvi.

2. MIYAIN SHAH INAT JO KALAM (Sindhi)
   Size Double Crown Pages 300
   Edited by Dr. N.A. Balaoch.

3. TARIKH KALHORA PART 1—(Sindhi)
   Size Demy Octavo, Pages 552 + 24 + 14
   Compiled by Maulana Ghulam Rasul Mihr, and Translated by Ibn Haya Panwhar and Shamsher-al-Haidree.

4. SINDH JI DARBAR—(Sindhi)
   Size Demy Octavo, Pages 200
   Translated by Mohammad Hanif Siddique.

5. AMERICAL JO SIYASI SIRI SHTO—(Sindhi).
   Size Crown Pages 256 + 8
   Translated in Sindhi by Shamsher-al-Haidree.

6. GRIMM'S FAIRY TALES (Sindhi).
   Size Crown Pages 280.
   Translated in Sindhi from English by late Murid Ali Khan Sahib.

7. GEECHA—(Sindhi)
   Size Demy Octavo Pages 786+8+50
   Compiled by Dr. N.A. Baloch.

8. MASHHORR SINDHI QISA VOL: 11—(Sindhi)
   Size Demy Octavo Pages 284 + 40 + 22.
   Compiled by Dr. N.A, Baloch.

9. MASHHOR SINDHI QISA VOL: 11- (Sindhi).
   Size Demy Octavo Pages 698 + 40 + 10
   Compiled by Dr. N. A. Baloch.

10. SHAHZADY MAHBBOB JI AKHANI—(Sindhi)
    Size Crown Pages 60
    By shamsul Ulma Mirza Qalich Beg.

11. PATIAL AKHYOON POORIAL AKHYOON (Sindhi).
size Crown Pages 34.
By Shamsul Ulma Mirza Qalich beg.

12. PAEE VAEE PAEE VAZO— (Sindhi)
Size Crown Pages 54
by Shamsul Ulma Mirza Qalich Beg.

13. CHACH ANMAH—(Urdu)
Size Demy Octavo, Pages 602 + 90
Translated in Urdu by Akhtar Rizvi.

14. MANSHOOR-UL-WASIAYAT—(Sindhi)
Size Demy Octavo, Pages 170 + 40.
By Yar Mohammad Kalhoro, Ruler of Sind,
Edited by Pir Hassamuddin Rashdi.

15. JAHANARA—(Sindhi).
Size Crown Pages 166.
By Abdur-Razaque Abdul Salam.
(Reprinted).

16. ZEENAT-(Sindhi).
Size Crown Pages 240.
By Shamsul Ulma Mirza Qalich Beg.
(Reprinted).

17. NAIKEE AIN BA-DI-(Sindhi).
Size Crown, Pages 140.
By Shamsul Ulma Mirza Qalich Beg.
(Reprinted).

18. BILOO KHOKHER-(Sindhi).
Size Crown, Pages 286.
By S.C. Snahani.
(Reprinted).

19. IQTSADI INSAF-(Sindhi).
Size Crown, Pages 274.
By John Ruskin. (Unto This Last).
Translated from English in Sindhi by Ghulam Raza Bhutto.
(Reprinted).

20. VAITPATI COAS-H-(Sindhi).
Size Deml Octavo, Pages 72.
By Jhamatmal Naroomal Vasnani.

21. RUSTAM-(Sindhi).
Size Crown, Pages 76.
By Shamsul Ulma Mirza Qalich Beg.

22. Four issues of Quarterly Journal "Mehran" were published during the year 1963-64, average issue consisting of 200 pages in double crown size.

## LIST OF BOOKS PUBLISHED BY THE SINDHI ADABI BOARD, HYDERABAD, DURING THE YEAR 1964-65

1. PAKISTAN JI PARDEHI POLICY-(Sindhi).
   Size Demy Octavo, Pages 186.
   BY Zulfiqar Ali Bhutto, Foreign Minister of Pakistan, Translated in Sindhi from English by A.M. Soomro.

2. SAO PANN YA KARO PANO-(Sindhi).
   Size Demy Octavo, Pages 287.
   Autobiography of Mirza Qalich Beg.

3. SIND-A GENERAL INTRODUCTION-(English).
   Size Demy Octavo, Pages 274.
   By H.T. Lambrick.

4. Tarikh Kalhora Part II-(Sindhi).
   Size Demy Octavo, Pages 573 * 20 + 20.
   Compiled by Maulana Ghulam Rasul Mihr, Translated by Ibn Hayat Panwhar and Shamsher-al-Haidree.

5. RISALO SHAH ABDUL LATIF-SELECTION-(English).
(c) whether it is a fact that the manufacturers mentioned in (a) above made a representation to the Director of Excise and Taxation, Karachi on 16th June, 1965 against the charging of the said fees but no action has been taken on the said representation so far ;

(d) if answer to (a) to (c) above be in the affirmative, reasons for charging the said fees and the excise duty in advance from the manufacturers of spirituous medical preparations mentioned in (a) above and for not taking any action on the said representation so far ?

وزیر آبکاری و محصولات (شیخ مسعود صادق) —

(الف) جی ہاں ۔

(ب) جی نہیں ۔

(ج) اس موضوع پر ڈائرکٹر ایکسائز و ٹیکسیشن کراچی کے دفتر میں درخواست موصول ہوئی تھی ۔ سالانہ لائیسنس فیس کے بارے میں یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ جو ادارے بہت کم مقدار میں سپرٹ صرف کرتے ہیں خاص حالات میں اُن سے کم فیس لی جانے کی تجاویز پر حکومت غور کرے گی علاوہ ازیں یہ قواعد ہومیوپیتھک دوا سازوں پر لاگو نہیں ہیں ۔ کیمیکل ایگزامینر کی فیس کم کرنے کی تجویز ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ میں زیر غور ہے ۔

(د) تمام لائسنسوں پر محکمانہ فیس وصول کی جاتی ہے ۔ جس کی شرح یکساں ہوتی ہے ۔ حکومت کی پالیسی ہے کہ منشیات پر زیادہ سے زیادہ ٹیکس لگایا جائے اور کھپت کم سے کم کی جائے ۔

---

PROMOTION OF P.C.S.. OFFICERS TO HIGHER CARDRES.

*3210. **Mr. Mahmood Azam Farooqi** : Will the Parliamentary Secretary, Services and General Administration be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that at the time of integration Government decided that officers of the P.C.S., (Judicial) would be promoted to higher cardres on the basis of the integrated seniority list prepared on West Pakistan basis ;

(*b*) whether it is a fact that subsequently, Government, decided to promote the said officers on the basis of Regional Seniority List ; if so, reasons therefor ?

**Parliamentary Secretary** (Mian Miraj Din): (*a*) At the time of Integation, it was laid down that any vacancy arising in a post included in the cadre of provincial services which existed immediately before the 14th October, 1955 and is not to be filled by direct recruitment, shall be filled by promotion of an officer in the next lower tier within the group. Other vacancies were to be filled on all West Pakistan basis.

(*b*) Government decided in 1965 that the promotion to the senior C.S.P., scale from P.C.S., (Judicial) time scale should be regulated on the basis of the sub-cadre strength of the P.C.S. time scale in each region. This policy has been followed for all Class I services to ensure regional representation in the promotion vacancies, A promotion cycle has to be followed giving regional representation to all the regions and within this cycle, the integrated seniority has to be maintained.

---

PROVIDING FREE RESIDENTIAL ACCOMMODATION TO HIGH OFFICIALS

*3216. **Sardar Haji Atta Muhammad Lund** : Will the Parliamentary Secretary, Services and General Administration be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that Chief Secretary, Additional Chief Secretary and Secretaries to the Government of West Pakistan and Commissioners of Divisions and Deputy Commissioners in the Province are provided with free residential accommodation ;

(*b*) whether it is a fact that the furniture in the residences of the said Officers is provided at Government expense although they are not entitled to this facility ;

(*c*) if answer to (*b*) above be in the affirmative, whether any hire charges for the said furniture are recovered from the said Officers ; if so, the rate at which the said charges are recovered if not, reasons therefor ;

(*d*) the designation of Officers from whom the charges mentioned in (*c*) above are not recovered ?

**Parliamentary Secretary** (Mian Miraj Din) : (*a*) No. Only the Commissioners of Divisions and Deputy Commissioners in the Province are entitled to free residential accommodation, but no furniture, except in the office and visitors rooms and to a maintained garden, the expenditure on the maintenance of garden not exceeding the limit prescribed by the Provincial Government.

(*b*) No.

(*c*) Does not arise.

(*d*) Does not arise.

---

ALLOTMENT OF QUARTERS UNDER CONSTRUCTION NEAR WAHDAT COLONY, LAHORE.

*3220. **Sardar Manzoor Ahmad Khan Qaisrani** : Will the Parliamentary Secretary, Services and General Administration be pleased to state :—

(*a*) the detailed procedure to be adopted by Government for the allotment of the new quarters which are under construction near Wahdat Colony, Lahore ;

(*b*) whether at the time of allotting the said quarters applications already pending in the Estate Office, Lahore, for allotment of quarters will be considered ; if not, reasons therefor ?

**Parliamentary Secretary** (Mian Miraj Din) : (*a*) As ascertained from the Buildings and Roads Department no quarters are under construction near Wahdat Colony.

(*b*) Does not arise.

---

EMOLUMENTS OF OFFICIALS ON DEPUTATIONS WITH WAPDA.

*3269. **Mr. Mahmood Azam Farooqi** : Will the Parliamentary Secretary, Services and General Administration be pleased to state .—

(*a*) whether it is a fact that the Governor of West Pakistan had ordered in January, 1960 that Government servants transferred on deputation to statutory authorities constituted by the West Pakistan Government shall not be paid any higher emoluments than that admissible to them in their parent departments and that special pay or any other allowances should not be paid to them without the prior concurrence of the W Pakistan Government ;

(*b*) whether the said orders apply to Government Servants deputed to WAPDA ;

(*c*) whether it is a fact that officials on deputation with WAPDA have been and are being paid emoluments far in excess of the amount payable to them in their parent departments and that such excess payments run into lacs of rupees ;

(*d*) if answer to (*c*) above be in the affirmative, reasons therefor ?

**Parliamentary Secretary** (Mian Miraj Din) : (*a*) Yes.

(*b*) Yes.

(*c*) It is a fact that Government servants on deputation to WAPDA are getting emoluments higher than those admissible under the policy of 1960. The exact figures of this over-payment are not readily available.

(*d*) WAPDA have allowed higher emoluments to the Government officials without the approval of the Finance Department. The matter has already been taken up with the WAPDA and the Central Government for ensuring adherence to the deputation policy.

---

POSTING OF A MAGISTRATE, 1ST CLASS AT MINCHINABAD.

*3281. **Mian Nazar Muhammad Kaluka** : Will the Parliamentary Secretary Services and General Administration be pleased to state whether it is a fact that nearly 2 months have elapsed since the Magistrate. 1st

Class at Minchinabad, District Bahawalpur, was transferred and no substitute has been posted if so, reasons for not posting another Magistrate over there for such a long time ?

**Parliamentary Secretary** (Mian Miraj Din): Yes. The Officer who was posted as Resident Magistrate, Minchinabad, was officiating in the P.C.S. and was reverted as a Mukhtiarkar. He relinquished charge on 19th April, 1966. The reason why it has not been possible to provide his substitute is that as many as 39 P.C.S. Officers had to be deputed for emergency duty in connection with the rehabilitation of war displaced persons in Lahore and Sialkot districts. As soon as some officers can be withdrawn from that duty, a Resident Magistrate will be posted at Minchinabad.

---

DEVELOPMENT SCHEMES IMPLEMENTED IN TRIBAL AREA OF DERA GHAZI KHAN DISTRICT.

*3292. **Sardar Manzoor Ahmad Khan Qaisrani**: Will the Parliamentary Secretary, Planning, and Development be pleased to state the Development Schemes implemented in the Tribal Area of Dera Ghazi Khan District since its merger with the said District ?

**Parliamentary Secretary** (Khan Mukarram Khan): The question was received in Planning and Development Department on 20th June, 1966. The information is being collected from the Department concerned. As soon as it is received it would be placed before the House.

---

DELAY IN PAYMENT OF GENERAL PROVIDENT FUND TO PRIMARY TEACHERS OF HYDERABAD REGION.

*3321. **Mr. Muhammad Bakhsh Khan Narejo**: Will the Minister of Finance be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that the accounts of General Provident Fund of Primary Teachers of Hyderabad Region are maintained at the Office of Comptroller, Southern Region, Karachi;

(*b*) whether it is a fact that at the time of their retirement from the service and said teachers fact difficulties in getting their G. P. Fund because their verified slips are not easily available to them ;

(*c*) if answer to (*a*) and (*b*) above in the affirmaiive the action Government intend to take in the matter ?

**Minister of Finance** (Sheikh Masood Sadiq): (*a*) Yes.

(*b*) No coments can be offered in this respect as no such complaints have been received by the Government. The Accounts Slips are furnished by the Comptroller direct to the Drawing and Disbursing Officers and it is for the Drawing and Disbursing Officers to point out to the Comptroller if the statement are not furnished to them promptly.

(*c*) The Audit Officers have instructions to ensure prompt submission of the Accounts Slips. In case there is any abnormal delay, Government is always prepared to take up the matter with the Audit Officers as and when the same is brought to their notice.

---

DELAY IN PREPARATION OF PENSION PAPERS

*3327. **Mr. Muhammad Bakhsh Khan Narejo**: Will the Parliamentary Secretary, Services and General Administration be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that Government Servants face financial crisis after their retirement due to unnecessary delay in preparation of their pension papers ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, the steps Government intend to take in the matter ?

**Parliamentary Secretary** (Mian Miraj Din): (*a*) If the sanction of pension is delayed, a Government servant does face financial hardship.

(*b*) Government is constantly taking steps to get pension cases disposed of promptly. There is a Pension Cases Disposal Committe in the Finance Department which looks after the prompt disposal of pension cases and takes steps to stream-line the procedure. The O. & M. Branch of Services and General Administration Department also entertains individual complaints and persues pension cases till these are sanctioned. Instrucrions have also been issued to all concerned that they should prepare list of persons who are retiring under the Sixth Amendment of the Constitution and forward them to the Audit Office concerned not later than 1st week of July, 1966. Provincial Government has also set up a Committee presided over by the Finance Secretary to suggest ways and means to ensure that pension is sanctioned to every Government servant before his date of retirement. The recommendations of the Committee are awaited.

———

PAY SCALE OF P. D. S. PS.

*3330. **Mr. Muhammad Bakhsh Khan Narejo**: Will the Minister of Finance be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that pay scale allowed to P. D. S. Ps. is much lower in comparison to the officers of the same status in other departments ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, reasons therefor ; and whether Government intend to remove the said disparity ?

**Minister of Finance** (Sheikh Masood Sadiq): (*a*) No.

(*b*) Does not arise.

———

RETIREMENT OF THREE DEPUTY SECRETARIES BELONGING TO FORMER N. W. F. P. IN WEST PAKISTAN CIVIL SECRETARIAT

*3337. **Khan Ajoon Khan Jadoon**: Will the Parliamentary Secretary, Services and General Administration be pleased to state :—

(*a*) the number of Deputy Secretaries in the Secretariat of former N. W. F. P. immediately before Integration ;

(*b*) whether it is a fact that three Deputy Secretaries belonging to former N. W. F. P. Secretariat Service, at present posted in the West Pakistan Civil Secretariat are being retired this year ;

(*c*) if answer to (*b*) above be in the affirmative, whether Government intend to fill the vacancies caused by the retirement of the said Deputy Secretaries by promotion from amongst the Section Officers of former N.-W. F. P. Region posted at present in the West Pakistan Civil Secretariat ; if not, reasons therefor ?

پارلیمنٹری سیکریٹری (میاں معراج دین)—

(الف) ندارد ۔

(ب) جی ہاں ۔

(ج) جی نہیں ۔ مغربی پاکستان سیکریٹرایٹ میں ڈپٹی سیکریٹریوں کی آسامیاں حسب ذیل طریقہ سے پر کی جاتی ہیں ۔

۱ ۔ سی ۔ ایس ۔ پی/پی ۔ سی ۔ ایس/اور جی ۔ اے ۔ آر افسران کا تبادلہ اور ترقی ۔

۲ ۔ دیگر سروسوں سے موزوں افسران کا تبادلہ اور

۳ ۔ مغربی پاکستان سیکریٹرایٹ (سیکشن آفیسر سروس) کی انہماس سینیارٹی لسٹ کے ارکان میں سے بذریعہ انتخاب بر بنائے اہلیت جس میں اعلیٰ تر ذمہ داریاں سنبھالنے کے لئے ان کی موزونیت کا خاص خیال رکھا جاتا ہے ۔

---

## WEST PAKISTAN BUDGET (GENERAL) 1966-67.

## VOTING ON DEMANDS FOR GRANTS FOR NEW EXPENDITURE (GENERAL BUDGET) 1966-67.

**Mr. Speaker :** Now we take up Demands for Grants for New Expenditure (General Budget) 1966-67 . Demand No. 12.

### DEMAND No. 12

**Minister for Finance (Sheikh Masood Sadiq.) :** Sir, I beg to move :

That a sum not exceeding Rs. 16,30,860 be granted to the Governor to meet new expenditure for the financial year ending on the 30th June 1967 in respect of General Administration.

**Mr. Speaker : The demand moved is :—**

That a sum not exceeding Rs. 16,30,860 be granted to the Governor to meet new expenditure for the financial year ending on the 30th June, 1967 in respect of General Administration.

**Malik Muhammad Akhtar :** Opposed....

**Mr. Speaker :** The first cut motion is from Mr. Akhtar. He may please move it.

**Malik Muhammad Akhtar :** Sir, I move :

That the total of Rs. 16,30,860 on account of 25-General Administration - Total New Expenditure be reduced by Rs. 16,30,859.

**Mr. Speaker :** Demand under consideration, motion moved is :

That the total of Rs. 16,30,860 on account of 25-Gereral Administration— Total New Expenditure be reduced by Rs. 16,30,859.

**Minister for Revenue** (Khan Habibullah Khan) : Opposed.

**Mr. Speaker :** Yes, Malik Muhammad Akhtar.

ملک محمد اختر (لاہور-۲)۔ جناب سپیکر ۔ میری تحریک تخفیف یہ ہے ۔ کہ عام نظم و نسق پر تقریباً سولہ لاکھ تیس ہزار روپے کے جو اخراجات ہیں ۔ وہ کم کر دیئے جائیں ۔ تا کہ عام نظم و نسق کے بارے میں ہماری جو پالیسی ہے اس کے متعلق یہاں پر بحث ہو سکے ۔

جناب سپیکر ۔ بجٹ کے موقع پر ہمارے جو قواعد اور نظم و نسق کے متعلق جو دوسرے طریقے ہیں ان پر بحث کرنے کے لئے یہ تحاریک دینے کا ایک طریقہ اس لئے ہے کہ عوام کے منتخب کردہ نمائندے عام نظم و نسق اور متعلقہ افسران اور ان کے انتظامات کے متعلق گفتگو کر سکیں ۔ جناب سپیکر ۔ میں نے نہایت ادب اور فراخدلی کے ساتھ حکومت کے ہر اچھے اقدام کو سراہا ہے ۔

**Minister of Finance :** Question!

ملک محمد اختر ۔ لیکن مجھے نظم و نسق میں ابتری بڑھتی ہوئی افراتفری ، چور بازاری ، سمگلنگ ، کرپشن ، favouritism اور اسی قسم کے جو دیگر بڑھتے ہوئے رجحانات ہیں ۔ جن کے باعث میں اس خاصی زیادہ اصلاحات کی ضرورت ہے کی طرف حکومت کو متوجہ کراتا ہے ۔ ایک مقولہ ہے کہ ہم آئندہ کے حالات میں احتیاط برتیں اور گزشتہ پر صلوات بھیجیں ۔ تو میں اسی پر عمل کرتے ہوئے جنگ کے بعد کے حالات پر اپنی بحث کو محدود کر کے گذشتہ چھ ماہ میں نظم و نسق نے

اور انتظامیہ نے خدمات کی ہیں ۔ اور جس کے لئے ایسی گرانقدر allocation کو جو آگے ہی ہم عام نظم و نسق پر خرچ کر رہے ہیں ۔ اس میں جو سولہ لاکھ کے اضافے کے لئے تجویز پیش کی گئی ہے ۔ مجھے یہ ثابت کرنا ہے ۔ کہ اگر یہ موجودہ انتظامیہ دیانتداری سے اپنا کام کرتی ۔ تو ہمیں اس خرچ میں اضافے کی ضرورت نہ ہوتی ۔ مجھے انتظامیہ کی اہمیت سے ہرگز انکار نہیں ہے ۔ کیونکہ نظم و نسق پر ہی ہمارے صوبے کا کاروبار چلتا ہے ۔ اور ہماری مدبر حکومت کی جو تدابیر ہیں ۔ ان پر عمل درآمد اسی کے ذریعے کرایا جاتا ہے ۔ کیونکہ یہ آپ ہی کا میمورنڈم عام نظم و نسق کے تحت ڈپٹی کمشنر ، کمشنر اور سیکرٹریٹ کے دوسرے محکمہ جات کو جو پالیسی frame کرتے ہیں ۔ ان کو اس ایک Head میں شامل کیا گیا ہے ۔ مجھے آپ کے اس میمورنڈم کی دفعات دہرانے کی ضرورت نہیں ہے ۔ جو ۶۷-۱۹۶۶ء کے بجٹ سے متعلق ہے ۔ یہ سمجھتے ہوئے کہ میں اس پر کچھ بات کر سکتا ہوں ۔ مودبانہ عرض کرتا ہوں ۔ کہ سب سے اول عام نظم و نسق کے متعلق جو پالیسی ہے ۔ مجھے اس سے مودبانہ اختلاف ہے ۔ مثال کے طور پر ہمارے مشرقی پاکستان میں اور مغربی پاکستان میں سیاسیات کا جو رجحان ہے ۔ اور جس طرح قانون کو استعمال کیا جا رہا ہے ۔ اس میں کافی تفاوت ہے ۔

**Minister for Revenue :** Mr. Speaker, can he bring in East Pakistan while discussing the budget of West Pakistan ?

**Mr Speaker :** Not at all.

**Malik Muhammad Akhtar :** Sir, I am not discussing it. only deferring to it.

وزیر مال ۔ ابھی آپ نے کہا ہے ۔ کہ مغربی پاکستان اور مشرقی پاکستان میں جو سیاسیات کا رخ ہے ۔

You are bringing in East Pakistan also in the discussion which is irrelevant. You want to reinforce your arguments but that will be irrelevant.

**Malik Mubammad Akhtar :** Sir, I have just referred to it. I will not repeat it.

جناب والا ۔ مغربی پاکستان میں سیاسی سرگرمیوں پر ناروا پابندیاں ہیں ۔ اور میں صرف یہ عرض کر رہا تھا ۔ کہ مغربی پاکستان میں محب وطن باشعور اور جمہوریت پسند افراد کی زبان بندی کر دی گئی ہے ۔ لیکن مشرقی پاکستان میں ایسی پالیسی اس حد تک سخت نہیں ۔ اعلان تاشقند کے بعد یہ حیرت اور اضطراب اور نا قابل بیان شہرت اختیار کر چکی ہے ۔ کہ جو ہمارے مغربی پاکستان میں سخت گیر پالیسی ہماری حکومت نے روا کر رکھی ہے ۔ اور دفعہ نمبر ۱۴۴ کی پابندیوں کو اور بھی سخت کر دیا گیا ہے ۔ آپوزیشن کی قومی کانفرنس کے بعد پچیس چھبیس افراد کو جو آپوزیشن سے تعلق رکھتے ہیں ۔ ان کو پابند کرنا میں سمجھتا ہوں کہ انتظامیہ کی یہ پالیسی اچھی نہیں ہے ۔ جہاں تک آپوزیشن کے لیڈروں کا تعلق ہے ۔ کوئی بھی ان کی حب الوطنی سے اور ان کے ان کاموں سے جو انہوں نے گذشتہ جنگ میں انجام دیئے ۔ وہ اعتماد جس کا انہوں نے صدر مملکت پر اظہار کیا ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس کے بعد ان کے ساتھ قدرے بہتر سلوک ہونا چاہیئے تھا ۔ جب سے پولیٹکل پارٹیاں بحال ہوئی ہیں میں صدر مملکت کا ہمدرد معاون رہا ہوں ۔ میں آج اس ایوان میں اعلان کرتا ہوں کہ جس پولنگ سٹیشن پر میں صدر مملکت کا پولنگ ایجنٹ تھا تمام مغربی پاکستان کے شہروں میں اس پولنگ سٹیشن پر انہیں سب سے زیادہ ووٹ حاصل ہوئے ۔ لیکن میں ان کو credit دیتا ہوں ۔ ۔ ۔

**Mr. Speaker :** You need not refer to the Presidential election here.

**Malik Muhammad Akhtar :** Alright Sir.

مسٹر حمزہ ۔ ملک صاحب کے لئے تمغہ کی سفارش ہونی چاہیئے ۔

ملک محمد اختر ۔ صدر مملکت نے ڈویلپمنٹ کا اچھا کام کیا ہے ۔ لیکن یہاں ہمارے صوبہ میں جس طرح عوام کو gag کیا جا رہا ہے ۔ یا expression of opinion یا آزادی رائے کی اجازت نہیں میں اس سلسلہ میں موجودہ حکومت سے ہرگز اتفاق نہیں کرتا ۔

جناب والا ۔ ہماری یہ حکمران جماعت اور ہماری Convention Muslim League کی بے عملی کا بدلہ اب دوسری جماعتوں سے سرگرمی کے ساتھ لیا جا رہا ہے ۔ ان کی ۔ عملی کی وجہ سے عوام میں ان کے خلاف رجحانات پیدا ہو گئے ہیں ۔ اس ترقی پذیر دور میں بر سر اقتدار طبقہ ان جماعتوں پر ناروا سختیاں کر کے ان کے لیڈروں کو جیلوں میں ٹھونستا جا رہا ہے ۔ اس لئے آج میں حکومت مغربی پاکستان سے مطالبہ کرتا ہوں کہ وہ نہایت فراخدلی سے حقائق کو مد نظر رکھتے ہوئے جن حقائق کو ثابت کیا گیا اور اپوزیشن کے لیڈروں نے ان کے ساتھ اتفاق کر کے اور صدر مملکت پر مکمل اعتماد کر کے حالیہ جنگ الہوں نے لڑی ۔ لیکن اعلان تاشقند پر جب ان کی طرف سے ہلکا سا اتفاق نہ ہوا تو یہ درست نہ تھا ۔ کہ ان اپوزیشن کے لیڈروں کو جیل میں بند کر دیا جائے ۔

**Parliamentary Secretary (Health) : (Sardar Muhammad Ashraf Khan):**

**On a point of order. Sir, cases regarding these persons are already pending in the High Court and therefore, I think, the matter is sub-judice. In such a position it will not be advisable that this problem is discussed at length in the House.**

**Malik Muhammad Akhtar : I am dropping it, Sir.**

مسٹر حمزہ ۔ میں سردار صاحب کی بات کی تائید کرتا ہوں ۔ لیکن یہ بات ان کو بہت دیر سے سوجھی ۔ جب کہ وہ سب کچھ کہہ چکے ہیں ۔

سردار محمد اشرف خان ۔ مجھے حمزہ صاحب سے اتفاق نہیں ۔ میرا خیال تھا کہ ملک صاحب نے جب یہ reference دی ہے ۔ تو وہ اس مسئلہ کو اوو آگے لے جائیں گے ۔ اس لئے میں نے پہلے ہی احتیاطاً عرض کر دیا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ حمزہ صاحب کی بات درست ہے ۔ آپ کو یہ پوائنٹ آف آرڈر پہلے raise کرنا چاہئیے تھا ۔

ملک محمد اختر ــ اب جناب میں اس نقطہ کو چھوڑتا ہوں میری منشا یہ تھی ۔ کہ آپ merits of the case پر جائیں آپ کو expression of opinion کی آزادی دینی چاہیئے ۔

جناب سپیکر ۔ اس کے بعد ایک اور مثال اس ہاؤس کے سامنے پیش کرتا ہوں ۔ جو بالخصوص لاہور کے متعلق ہے وہ مولانا غلام مرشد صاحب کی علیحدگی کے متعلق ہے ۔ محکمہ اوقاف نے اہالیان لاہور کی وہ شمع چھین لی ہے ۔ جو نصف صدی سے لاکھوں مسلمانوں کے دلوں کو منور کر رہی تھی ۔

جناب سپیکر ۔ یہ مجاہد عالم جس نے قرآن مجید کے درس و تدریس کا سلسلہ مختلف مساجد میں شروع کر رکھا تھا ۔ اب سنہری مسجد میں ان کے لئے پابندی لگا دی گئی ہے ۔ اور وہاں پر یہ درس و تدریس کا سلسلہ جاری نہیں رہنے دیا ۔ اگر میں یہ کہوں ۔ درست ہو گا ۔ کہ اس مجاہد عالم نے ۱۹۲۶ء میں علامہ اقبال کے کہنے پر یہ سلسلہ شروع کیا تھا ۔ اور وہ ان مساجد میں درس و تدریس دیتے تھے ۔ اس سے بھی میرے arguments کو تقویت ہو جاتی ہے ۔ کہ علامہ مرحوم کا انتخاب صحیح تھا ۔ بلکہ میں یہ بھی کہوں گا ۔ اور مجھے وہ وقت یاد ہے ۔ جب کہ تمام کے تمام عالم جن میں مولانا حسین احمد مدنی بھی تھے ۔ کانگریس میں جا چکے تھے ۔ اس وقت جب کہ پاکستان حاصل کیا گیا تھا اور لاالہالااللہ کو اس کی اساس قرار دیا تھا یہی سب سے بڑا مجاہد عالم تھا جو تحریک پاکستان میں شامل تھا ۔

جناب والا ۔ اب میں ایک اور واقعہ کی reference دیتا ہوں ۔ پورے طور تو بحث میں اس وقت حصہ لوں گا جب education کے محکمہ پر بحث ہو گی ۔ اس وقت صرف اس بات پر اکتفا کروں گا ۔ کہ صرف

ایجوکیشن کے نظم و نسق کے متعلق عرض کروں ۔

مسٹر سپیکر۔یہ سوال education کے محکمہ پر بحث کے دوران اٹھائیے ۔

ملک محمد اختر۔جناب سپیکر ۔ یہ students کے متعلق ہے ۔

مسٹر سپیکر۔تو پھر education کے محکمہ کا حوالہ نہ دیں ۔

ملک محمد اختر۔جب اعلان تاشقند ہوا ۔ تو سال کے آغاز میں لاہور کے ۵ طالب علم جان بحق ہوئے ۔ ان کے متعلق A. D. M. کی عدالت میں انکوائری جاری ہے ۔ میں اسکی تفصیل میں نہیں جانا چاہتا ۔ لیکن اتنا کہوں گا ۔ کہ وہ جوش اور وہ کوشش جس کا اظہار طالب علموں نے کیا ہے ۔ اور وہ قربانیاں جو ہمارے طالب علموں نے دی ہیں وہ اس بات کا تقاضا کرتی ہیں ۔ کہ ان کے ساتھ قدرے نرم سلوک کیا جاتا ۔ اور بالخصوص اس کا علاج ایسے طریق سے کیا جاتا کہ ہر روز کے ہنگامے برپا نہ ہوتے جو آج یونیورسٹی میں ہوتے ہیں۔ اور ہماری حکومت کو ان مشکلات اور ایسی problems کا سامنا کرنا پڑتا ہے ۔

جناب سپیکر ۔ میری گزارشات کا صرف یہ مطلب تھا ۔ کہ عوام نے حکومت پر اعتماد کیا ہے ۔ عوام نے صدر مملکت پر اعتماد کیا ہے ۔ جب وہ اپنے اعتماد کا اظہار کر چکے ہیں ۔ تو پھر ان کے ساتھ اس قسم کا سلوک جو برتا جا رہا ہے ۔ واجب نہیں اس سلوک کے زیادہ تر ذمہ دار انتظامیہ کے افسران اور وہ افسران ہیں جو پالیسی frame کرتے ہیں ۔ اور براہ راست نظم و نسق ان کے ہاتھ میں ہے ۔

جناب سپیکر ۔ اب میں اس نقطہ کو چھوڑتے ہوئے ایک اور گذارش کروں گا ۔ جس کی وجہ سے پاکستان کو دوسرا ناقابل تلافی نقصان پہنچا ہے ۔ اور وہ ہے رشوت ستانی ۔ جو ہمارے نظم و نسق میں عام ہے ۔ یہ

سب سے بڑا اور ضروری مسئلہ ہے ۔ اس کے متعلق میں نے پہلے بھی عرض کیا تھا ۔

اس کے بعد خوراک کا مسئلہ ہے ۔ اس وقت جو defficiency ہے ۔ اور وہ دن بدن بڑھتی جا رہی ہے ۔ اس کی بڑی وجہ smuggling ہے ۔ چور بازاری اور ذخیرہ اندوزی ہے جو اس وقت ہمارے صوبہ میں عام ہے ۔

جناب سپیکر ۔ گذشتہ جنگ میں تمام smuggling کے اڈے اور pockets ختم کر کے رکھ دئے گئے تھے ۔ لیکن فوراً بعد میں ہی جب ستمبر ۱۹۶۵ میں cease fire ہوا ۔ تو لاکھوں نہیں بلکہ کروڑوں روپیہ کا اناج پھر سمگل ہونا شروع ہو گیا جسکی میں دو تین instances پیش کرتا ہوں اور یہ میرے نوٹس میں ایک ماہ قبل آئی تھیں ۔ اور اس ماہ میں اس میں جسقدر اور اضافہ ہوا ہو اس کے متعلق میں کہنے سے قاصر ہوں ۔ جناب والا ۔ جنگ سے پہلے سمگلنگ کا جو عالم تھا اس کے پیش نظر جنگ کے دوران کھیم کرن میں جو گندم اور چینی ہمارے فوجیوں کے ہاتھ آئی وہ تمام کی تمام پاکستان سے سمگل کی گئی تھی اور وہ سب بوریاں پاکستان کی تھیں ۔ جناب سپیکر۔ مجھے ایک یہ instance پیش کرنا ہے ۔ کہ تھر پارکر کے علاقہ میں اناج اور دوسری اشیائے خورد و نوش کثیر تعداد میں سمگل کی جاتی ہیں بلکہ میں یہ بھی عرض کروں گا کہ ایک جگہ پر ۱۷ ۔ اونٹ جو اشیائے خورد و نوش سے لدے ہوئے تھے اور حدود مغربی پاکستان کو cross کر رہے تھے ۔ ان پر چھاپہ مار کر سمگلروں کو گرفتار کیا گیا ۔ آپ اندازہ فرمائیے کہ گندم کی سمگلنگ اتنے large سکیل پر فوری طور پر شروع ہو گئی ہے ۔ ایسا ہی سمگلنگ کا ایک اور واقعہ ہے جس میں صوبائی گورنر نے موقع پر پہونچکر ایک افسر کو معطل کر دیا ۔ میں خوش ہوتا اگر اس قسم کے اقدامات ہمارے متعلقہ وزیر حضرات یا متعلقہ نظم و نسق کے انچارج حضرات بھی کرتے ۔

مسٹر سپیکر۔ملک صاحب میں آپ کی اطلاع کیلئے عرض کر دوں کہ آج ہم جنرل ایڈمنسٹریشن کی ڈیمانڈ پر بحث کریں گے اور دو بقایا جو ڈیمانڈز ہیں یعنی ایجوکیشن اور ایگریکلچر کی یہ کل take up کریں گے - چنانچہ جو صاحبان اس میں حصہ لینا چاہتے ہیں اگر اس کے متعلق ٹائم regulate کیا جائے تو ایک ایک سپیکر کے حصہ میں ۲۰ منٹ آئیں گے - لہذا آپ بھی اپنی تقریر دس بجکر دس منٹ پر ختم کر دیں -

ملک محمد اختر۔جناب سوا دس بجے کر دیجئے -

اب میں سمگلنگ کے اس علاقہ کی طرف آتا ہوں جہاں یہ کھلم کھلا ہوتی ہے اور سمگلنگ کا کھلم کھلا کاروبار ہوتا ہے - اور وہ خانصاحب کا علاقہ ہے جس کو لنڈی کوتل کہتے ہیں - جناب سپیکر - لنڈی کوتل میں کروڑوں روپے کا ناجائز مال آتا ہے اور وہ تمام کا تمام سمگل ہو کر تمام صوبے میں آ جاتا ہے - اور اگر وہاں سے صرف مال ہی آتا ہوتا تو میں اعتراض نہ کرتا بلکہ وہ تو barter سسٹم کی طرح جو مال یہاں آتا ہے اس کے عوض میں یہاں سے بھی سمگل ہو کر مال وہاں جاتا ہے - وہاں سے luxury goods سوئنگ pens اور عینکیں ہمیں حاصل ہوتی ہیں اس کے عوض میں ہماری essential commodity یعنی گیہوں وہاں دیا جاتا ہے -

جناب سپیکر - اب میں اپنے ڈسٹرکٹ پر آتا ہوں - ضلع لاہور کی تحصیل قصور کے تھانہ گنڈا سنگھ والا اور تھانہ للیانی میں ۱۰ سمگلر گرفتار کئے گئے - یہ آج سے ایک یا دو ماہ قبل کا واقعہ ہے اور ان گیارہ سمگلروں میں چار بھارتی افراد بھی تھے آپ اندازہ فرمائیے کہ یہ سماج دشمن عناصر کا بھارتی سمگلروں کے ساتھ گٹھ جوڑ انتہائی خطرناک ہے میں سمجھتا ہوں کہ سمگلروں کو سزائیں دیتے وقت جاسوسی کے قوانین بروئے کار لانا چاہئے تاکہ اگر یہ ان قوانین سے بچتے ہیں تو ان قوانین میں سخت ترین سزائیں دی جا سکیں - جناب والا - یہ چند واقعات تھے جن کے متعلق میں نے عرض کیا - جناب ہمارا وہی حال ہے جیسا کہ پنجابی

میں ایک مثل ہے کہ سو دن چور کے اور ایک دن شاہ کا ۔ یعنی ہمارے یہاں صرف ایک فیصدی cases میں گرفتاریاں ہوتی ہیں ۔ آپ اندازہ فرمائیے کہ اگر یہ دو تین ماہ میں سمگلنگ کے cases ہوئے ہیں تو جب سمگلنگ کی وبا ہے تو وہ آج کس حد بڑھ چکی ہو گی ۔

جناب سپیکر ۔ جناب ملک خدا بخش بچہ صاحب جب ہڈیارہ کی جامع مسجد میں نماز پڑھانے گئے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

خان منور خان۔نماز پڑھنے گئے یا پڑھانے گئے ۔

ملک محمد اختر۔اخبار کی تو یہی خبر ہے کہ نماز پڑھانے گئے ممکن ہے یہ خطابت بھی کرتے ہوں ۔ بہر حال جب وہ وہاں گئے تو انہوں نے اخبار والوں سے کہا کہ سمگلروں کو قرار واقعی سزا دیجائیگی ۔ گورنر مغربی پاکستان نے لاہور میں rangers کی پریڈ میں جو تقریر کی اس میں بھی انہوں نے سمگلروں کے انسداد کیلئے موثر طریقہ اختیار کرنے کا وعدہ کیا ۔ جناب سپیکر ۔ یہ انتظامیہ کی ڈھیل ہے جو بد نظمی کا باعث ہے کہ ہم ان ڈپٹی کمشنروں اور کمشنروں سے اس قسم کا کام لیتے ہیں۔ جناب والا میں ایک مثال دیتا ہوں ۔ اور اس کے لئے ہاؤس میں بر سر اقتدار طبقہ کو چیلنج کرتا ہوں کہ لاہور کی جو ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی ہے اور پنڈی کی جو ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی ہے ان میں جو temporary روٹ پرمٹ دئے گئے ہیں ان میں بڑے بڑے لوگوں کے نام لئے جاتے ہیں اور یہ کمشنر اور ڈپٹی کمشنروں کی سفارشوں پر ہی دئے گئے ہیں ہمیں اگر برسراقتدار پارٹی انکی لسٹ پیش کرے تو معلوم ہوجائیگا کہ ان میں کون لوگ ہیں اور کسطرح سے برسراقتدار طبقہ بندر بانٹ کرتا ہے تو اسی وجہ سے کمشنروں اور ڈپٹی کمشنروں کو جرأت ہوتی ہے کہ وہ ایسے کاموں میں تساہل کرتے ہیں ۔

وزیر مال (خان حبیب اللہ خان)۔میں نے نہیں سمجھا منسٹروں کے متعلق کیا کہا ۔

مسٹر سپیکر—وہ یہ کہتے ہیں کہ اگر منسٹر کمشنر اور ڈپٹی کمشنروں کو دبائیں تو انکو ایسی جرات نہ ہو -

مسٹر حمزہ—جناب سپیکر - جناب وزیر صاحب کی سمجھ میں کمشنر اور منسٹر کا فرق نہیں آیا (قطع کلامیاں) -

**Mr. Speaker : Order, order.**

ملک محمد اختر—جناب سپیکر - میں سمجھتا ہوں کہ معاملات اس سے قدرے بہتر ضرور ہیں جو مارشل لا سے پہلے تھے لیکن یہ رجحان دوبارہ اسی وقت کی طرف آپ کو لیجا رہا ہے جو مارشل لا سے پہلے بدنظمی تھی -

جناب سپیکر- مجھے آج اس ہاؤس میں اس ایوان میں تقریر کرتے ہوئے ان صوبائی افسران کو خطاب کرنا ہے ان کو یاد دلانا ہے کہ انکی جو ڈیوٹی اور فرائض ہیں وہ محض افسر شاہی اور تنخواہ حاصل کرنا ہی نہیں بلکہ عوام کے بچوں کا بھی خیال رکھنا ضروری ہے جنکو تعلیم دلانا ہے اور انہیں پھر معاشرے میں ایک مقام حاصل کرنا ہے - اس میں ان کی حب الوطنی بھی شامل ہے - تو ایسے safeguards صدارتی طرز حکومت میں دئے گئے ہیں کہ وہ کسی کا آلہ کار بننے سے انکار کر دیں اور ان کے خلاف کوئی ایسی کارروائی بھی نہیں کی جا سکتی - جناب سپیکر - جب اس ملک میں انقلاب آیا تو ہم نے پارلیمانی طرز حکومت سے نجات حاصل کی اور صدارتی طرز حکومت کا نفاذ ہوا - تو ہمارا یہ حق ہے - ہم یہ مطالبہ کرنے میں حق بجانب ہیں کہ ان safeguards کے پیش نظر جملہ افسران بے باکی سے کام کریں اور سیاسی اثرات کا اپنے آپکو شکار نہ ہونے دیں - جناب سپیکر - وقت نہایت ہی قلیل و کم ہے - میں صرف بانئی پاکستان قائد اعظم کا ایک ارشاد آپکی خدمت میں پیش کرتا ہوں جو انہوں نے ۱۴ اپریل سن ۱۹۴۸ کو شہری افسران کو سول افسران کو خطاب کرتے ہوئے فرمایا - قائد اعظم فرماتے ہیں کہ سب سے پہلی بات

جو میں آپ کو بتانا چاہتا ہوں وہ یہ کہ آپ کسی قسم کا سیاسی اثر یا دباؤ قبول نہ کریں ۔

مسٹر سپیکر۔ملک صاحب کیا یہ ریمارکس وہی نہیں ہیں جو حمزہ صاحب پیش کر چکے ہیں ۔

**Malik Muhammad Akhtar** : I don't know.

**Khan Ajoon Khan Jadoon** : They are exactly the same.

**Mr. Speaker** : The Member need not repeat them.

ملک محمد اختر۔جناب سپیکر۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہمارے افسران کے لئے صدارتی طرز حکومت میں کافی safeguards ہیں اور ان کو جرأت اور تدبیر سے کام لینا چاہئے ۔ ٦ ستمبر سے ٢٣ ستمبر ١٩٦٥ کے سنہری دن جنہوں نے دوست دشمن میں تمیز اور امتیاز کرنا سکھایا ۔ جنہوں نے یہ ظاہر کیا کہ بروقت ضرورت ہماری مشینری۔ ہمارا نظم و نسق کس قدراچھا ہو سکتا ہے اور اہلیت برقرار رکھی جا سکتی ہے تو یہ چیزیں ایسی ہیں جن پر ہمیں فخر ہے ۔ لیکن جناب سپیکر۔ میں یہ بھی کہوں گا اور میں یہ کہنے میں حق بجانب ہوں گا کہ اس وقت کی efficiency میں اور ٦ ستمبر تا ٢١ ستمبر کی ان لوگوں کی efficiency میں صرف ٢٠ فیصدی کا فرق ہے ۔ جناب سپیکر ۔ جب تک ہم میں بد دیانتی اور کورپشن کے رجحانات ختم نہ ہوں گے جب تک ہم اس کو ختم نہ کریں گے ہمارے ملک کی سالمیت کو خطرہ ہی خطرہ ہے ۔ جناب سپیکر ۔ اندرونی leakage اور نظم و نسق میں ڈھیل یہ سب چیزیں اس بات کا تقاضا کرتی ہیں کہ ہم ایسے measures اختیار کریں ہمیں ایسے اقدامات کرنے چاہئیں اور میں کہوں گا کہ انقلاب آفرین measures جس سے ہماری اہلیت برقرار رہے اور ان تمام برائیوں کا سد باب کیا جا سکے ۔

**Mr. Speaker** : Mir Yusuf Ali Khan Magsi had also given notice of a similar cut motion. As the member is not present the motion lapses. Now, I will put the cut motion to the vote of the House.

The question is—

That the total of Rs. 16,30,860 on account of 25-General Administration-Total New Expenditure be reduced by Rs. 16,30,859.

*The motion was lost.*

**Mr. Speaker :** Next cut motion is from Mr. Hamza, who may please move it.

**Mr. Hamza :** I beg to move—

That the total of Rs. 16,30,860 on account of 25-General Administration-Total New Expenditure be reduced by Rs. 16,30,759.

**Mr. Speaker :** Demand under consideration, motion moved is :

That the total of Rs. 16,30,860 on account of 25-General Administration-Total New Expenditure be reduced by Rs. 16,30,759.

**Minister of Revenue :** Opposed.

مسٹر حمزہ (لائلپور - ۶) - جناب سپیکر - وقت بہت قلیل ہے - میں نے بھی کچھ عرض کرنا ہے - اختصار کے ساتھ جلدی جلدی عرض کروں گا اور ان حضرات سے معذرت چاہوں گا جنکو میری سچی باتیں ناگوار گزریں - جناب سپیکر - آپ کو علم ہو گا کہ انضمام کیوقت جنرل ایڈ منسٹریشن پر ۳ کروڑ ۳۵ لاکھ روپیہ خرچ کیا جاتا تھا اور اس سال اس مد میں ۶ کروڑ ۹۷ لاکھ ۵ ہزار روپیہ کی رقم مخصوص کی گئی ہے - انضمام کے وقت ہمیں یہ بتایا گیا تھا کہ ایک یونٹ کے بن جانے سے انتظامیہ کے خرچ میں خاطر خواہ کمی ہو گی لیکن اس میں اضافہ ہوا اور جو تمام دعوے کئے گئے تھے وہ غلط ثابت ہوئے - لیکن مجھے اس خرچ کے بڑھنے پر اتنا بڑا اعتراض نہیں اس کی وجہ یہ ہے اور جناب وزیر مالیات یہ جواز کیطور پر پیش کریں گے کہ اس وقت ہمارے صوبے کا مجموعی بجٹ ریونیو بجٹ اور ڈیویلپمنٹ بجٹ ملا کر تقریباً ۳۵۷ کروڑ بنتا ہے لیکن جہاں انتظامیہ کے خرچ میں اضافہ ہوا میں سمجھتا ہوں کہ انتظامیہ بلا واسطہ یا بالواسطہ ایک سال میں ۳۵۷ کروڑ روپیہ خرچ کرنے پر اس کو اختیار حاصل ہے یا اس میں اس کا بہت زیادہ دخل ہے - میں آج بھی اعداد و شمار کے مطابق آپ کی خدمت میں عرض کروں گا لیکن میرے نزدیک انتظامیہ میں نا اہلیت اور بد دیانتی کی وجہ سے ۳۵۷ کروڑ میں سے کم از کم ایک سو کروڑ روپیہ رشوت کے طور پر ضائع ہو جاتا

ہے یا ٹھیکے داروں کی جیبوں میں چلا جاتا ہے - اگر ہم انتظامیہ پر زیادہ روپیہ خرچ کرتے ہیں تو اس کے ساتھ ساتھ اگر ۳۵۷ کروڑ کو ٹھیک طریقہ سے خرچ کیا جائے تو میں نہیں سمجھتا کہ اس سے قوم اور ملک کا بھلا کیونکر نہ ہو - لیکن مجھے ایک لحاظ سے انتظامیہ پر زیادہ خرچ کا اعتراض نہیں کیونکہ آج ہماری انتظامیہ محض انتظامیہ ہی نہیں بلکہ وہ ہمارے ملک کی سیاستدان بھی ہے - جناب سپیکر- آپ کو اس چیز کا علم ہو گا کہ پہلے سیاستدانوں کا انتظامیہ پر کنٹرول ہوتا تھا اور اب انتظامیہ کا سیاستدانوں پر کنٹرول ہے - آپ کو اس چیز کا بھی علم ہو گا کہ مغربی پاکستان میں برسراقتدار پارٹی مسلم لیگ کو انتظامیہ کے ایک سابقہ افسر چلا رہے ہیں - جناب سپیکر- حقیقت یہ ہے کہ انتظامیہ کا معیار خرچ بڑھنے کے ساتھ ساتھ گرتا گیا اور اس معیار کے گرنے کا ثبوت آج آپ کے سامنے وقفہ سوالات کے دوران پیش ہو چکا ہے - حالت یہ ہے کہ انتظامیہ نے افراد کے درمیان انصاف تو کیا کرنا انتظامیہ اس حد تک بگڑ چکی ہے کہ وہ افسران کے درمیان کوٹھیوں کی الاٹمنٹ میں انصاف نہیں کر سکتی - آپ اندازہ لگائیے کہ اتنا بڑا اہم کام ہم نے ان کے سپرد کیا تو اس میں اور اس کی انجام دہی میں افسران کس طرح عہدہ برآ ہو سکتے ہیں جب تک وہ دیانتداری کا خاص معیار مقرر نہ کریں - میں سمجھتا ہوں کہ اگر اس نظم و نسق اور اس کی پالیسی میں خاطر خواہ تبدیلی نہ کی گئی تو حالات کا معمول پر آنا دشوار دکھائی دیتا ہے - مگر یہ حقیقت ہے کہ حکومت کا مقصد محض انتظامیہ کو اپنے سیاسی مقاصد کے لئے استعمال کرنا ہے اور عملی طور پر یہ دیکھا گیا ہے کہ ہماری حکومت انتظامیہ پر کسی قسم کا کنٹرول عائد کرنے کی قائل نہیں - اگر کوئی دوسرا طریقہ ہے تو وہ محض یہ کہ آپ کے حکمران بذات خود محکموں میں چیکنگ کریں لیکن وہ ایسا نہیں کرتے اور پایا گیا ہے کہ یہاں تو محاسبہ کا فقدان ہے - ہوتا دراصل یہ ہے کہ اوپر سے ضلعی حکام یا کمشنری کے حکام کو بعض خلاف قانون ہدایات دی جاتی ہیں اور ان کی اہلیت محض یہ رہ گئی ہے -

کہ وہ ان خلاف قانون ہدایات پر عمل کریں ۔ بلکہ حکومت کے اشاروں سے بڑھ کر کریں ایسے افسروں کو پھر کھلی چھٹی ہوتی ہے ۔ کہ وہ اپنے دائرہ اختیار میں جو چاہیں کریں ۔ وہ مطلق العنان ہوتے ہیں ۔ اور اس کا نتیجہ یہ ہے کہ ملک کا انتظام درہم برہم ہو کے رہ گیا ہے میں یہ کہتا ہوں کہ اگر اس حکومت کو اللہ تعالیٰ توفیق دے تو وہ خفیہ طور پر پبلک میں جا کر پتہ لگائے کہ پبلک ان کے بارے میں غائبانہ کیا کہتی ہے لوگ غائبانہ ہی نہیں انہیں براہ راست ان کے منہ پر بتائیں گے کہ انتظامیہ کیا گل کھلا رہی ہے ۔

جناب سپیکر ۔ اس میں انسداد رشوت ستانی کا محکمہ بھی شامل ہے میرے نزدیک حکومت کی مذکورہ پالیسیوں کی وجہ سے محکمہ انسداد رشوت ستانی بالکل بیکار ہو کے رہ گیا ہے ۔ مجھے بذات خود علم ہے ۔ کہ بہت سے ایسے افسران جن کے خلاف محکمہ انسداد رشوت ستانی نے انکوائری کی اور انہیں مجرم قرار دیا مگر ان کو ترقی دی گئی اگرچہ گورنر صاحب کی طرف سے یا گورنمنٹ کی طرف سے افسروں کو یہ حکم جاری ہوا ہے کہ وہ اپنی جائداد کا گوشوارہ حکومت کے سامنے پیش کریں لیکن اسے تمام کے تمام حکم بے معنی ہیں ۔ اگر آپ پبلک میں جائیں ۔ اگر آپ کے کان کھلے ہوں اگر آپ آنکھوں سے دیکھ سکتے ہوں اور دماغ سے سوچ سکتے ہوں تو آپ کے کان یقیناً یہ سنیں گے اور آپ کی آنکھیں یہ دیکھیں گی اور آپ کا دماغ یہ نتیجہ اخذ کرے گا کہ ایسے احکام بالکل بے معنی ہو کر رہ گئے ہیں ۔ میں حکومت کی نیت پر شبہ کرتا ہوں کہ یہ اس قسم کے عناصر کی حوصلہ افزائی کرتی ہے ۔ عملی طور پر یہ حالت ہے کہ بہت سے سپرنٹنڈنٹ پولیس اور تحصیل دار صاحبان ان علاقوں میں تعینات کئے گئے جہاں مہاجرین پچھلے اٹھارہ برس سے دھکے کھاتے پھرتے ہیں ۔ انہوں نے ان چھوٹے چھوٹے مہاجرین کے یونٹ حقیر رقموں کے عوض خرید لئے ۔ میں ایک ایسے ایس ۔ پی کو جانتا ہوں جس کی ۸۰ مربع زمین ہے ۔ لیکن اس کے خلاف حکومت کی مشینری قطعاً حرکت میں نہیں آتی وہ لوگ جو زیادہ بدنام ہیں انہیں زیادہ نوازا جاتا ہے ۔

جناب سپیکر۔ مجھے بذات خود ایک ایسے حاکم کا علم ہے ۔ جو ہماری کمشنری میں ایڈیشنل کمشنر تعینات کیا گیا ۔ جس کے خلاف محکمہ انسداد رشوت ستانی کی طرف سے دو انکوائریاں ہو رہی تھیں ۔ اس نے ہمارے علاقے میں اتنی رشوت لی جس کی کوئی انتہا ھی نہیں ۔ میں نے اس ایوان میں وزیر صاحب سے اس کے بارے میں سوال کیا چیف سیکریٹری صاحب کو بتایا کہ آپ کے ایڈیشنل کمشنر یہ گل کھلا رہے ھیں ۔ مگر کچھ نہ ہوا ۔

جناب سپیکر ۔ انتظامیہ کی حالت یہ ہے کہ ٹوبہ ٹیک سنگھ میں ایک مجسٹریٹ کی تعیناتی ہو جاتی ہے مگر وہ وھاں نہیں پہنچتے ۔ مقدمات کی بھر مار ہے ۔ پبلک پریشان ہو رہی ہے چھوٹا عملہ لوگوں سے زیادہ رشوت وصول کرنا شروع کر دیتا ہے ۔ میں نے اسمبلی میں سوال کیا ۔ ڈپٹی کمشنر کے پاس گیا ۔ چیف سیکریٹری کو ملا ۔ چیف سیکریٹری صاحب نے ایک نوٹ بھی لکھا لیکن وہ مجسٹریٹ وھاں نہ پہنچے ۔ ایک ماہ بعد متعلقہ ڈپٹی سیکریٹری صاحب کے پاس میں خود گیا ۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے ھاں اتنی بے قاعدگی ہے ۔ کہ افسران ہمارے آرڈر ھی نہیں مانتے ۔ میں پھر ایڈیشنل چیف سیکریٹری کے پاس گیا ۔ ساڑھے چار ماہ بعد وہ افسر وھاں پہنچا ۔

جناب سپیکر ۔ پرانے افسروں سے پوچھیے ایک وہ زمانہ تھا انگریز کا ۔ جب تبدیلی کا حکم ہوتے ھی افسران اپنے کندھوں پر سامان اٹھائے اپنی تبدیلی کی جگہ پر پہنچ جاتے تھے لیکن آج ہماری حکومت ان کے سامنے بے بس ہے ۔ آپ اندازہ لگائیں کہ یہ انتظامیہ چل رہی ہے ؟ ۔ جناب سپیکر ۔ اس کے ساتھ ھی ساتھ جہاں تک پبلک کے اخلاق کا تعلق ہے ۔ میں عرض کروں گا کہ جب حکمرانوں کا اخلاق یہ ہے کہ آپ نے جو ضابطے اور قوانین بنائے ھیں وہ سب بے کار ہو کے رہ گئے ھیں تو پبلک سے کیا گلہ ہو سکتا ہے ۔ آپ نے عصمت فروشی کا کاروبار بند کیا ہے ۔ کیا آپ کو اس واقعہ کا علم نہیں جو پاک لگژری ہوٹل میں

ہوا جس میں ایک اے ۔ ڈی ۔ ایم ایک ڈی ۔ آئی ۔ جی پولیس اور ایک انکم ٹیکس کمشنر اور ایک ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ ملوث تھے ۔ مجھے بذات خود اس بات کا علم ہے کہ یہ واقعہ گورنر صاحب کے نوٹس میں لایا گیا ۔ چیف سیکریٹری صاحب کو اس کا پورا علم ہے ۔ ایک آفیسر منسٹر بن گئے ہیں میں نے یہ بات ان کی انسری کے زمانے میں ان سے عرض کی ۔ اگر بڑے بڑے افسروں کا یہ کردار ہے ۔ اور آپ کو اچھی طرح سے پتہ ہے کہ ان کا یہ کردار ہے ۔ اور آپ ان کو سزا دینے کے لئے تیار نہیں ہیں تو چھوڑئیے ان باتوں کو ۔ حقیقت یہ ہے ۔ کہ اسلام کا نام سن سن کر میرے کان تھک گئے ہیں ۔ اس قسم کے اسلام کے مقابلے میں کفر بہتر ہے ۔ جب آپ کے علم میں یہ واقعات لائے جاتے ہیں ۔ تو آپ ایسے افسروں کے خلاف قطعاً کسی قسم کی کارروائی کرنے کے لئے تیار نہیں ہوتے ۔ اور ہوتا یہ ہے کہ اگر ان افسروں میں کوئی نیک ہوں تو ان کی پٹائی ہو جاتی ہے ۔ اور اگر کوئی برا ہو تو اس کی حوصلہ افزائی ہوتی ہے ۔

جناب سپیکر ۔ پبلک کو افسوس ہوتا ہے ۔ وہ یہ دیکھ کر حیران ہوتے ہیں کہ جب ایسے افسر ریٹائر ہوتے ہیں ۔ تو جتنا کوئی افسر بدنام ہو اتنی ہی زیادہ اراضی اسے ریٹائر ہونے پر دی جاتی ہے ۔ پہلے آپ سیاستدانوں کو برا بھلا کہتے تھے ۔ اب ملک میں صرف ایک پارٹی کی حکومت ہے ۔ یہی افسر ہمارے سیاستدان ہیں یہی ہماری ایڈمنسٹریشن کو چلانے والے ہیں ان پر کروڑوں روپیہ خرچ ہو رہے ہیں ۔ مگر ان کا کردار اور اخلاقی معیار یہ ہے ۔ ایک ایسے ملک میں جہاں افسروں کی یہ حالت ہو آپ عام انسانوں سے کیسے توقع رکھ سکتے ہیں کہ وہ اچھے اخلاق اور نیک کردار کا ثبوت دیں ۔

جناب سپیکر ۔ آپ ہر روز اس ایوان میں سنتے ہیں کہ حکومت امتناع شراب کی پالیسی پر عمل کر رہی ہے ۔ قرطاس ابیض میں درج ہے کہ اس کی وجہ سے صوبہ کو اس سال یہ اندیشہ ہے کہ اس کی آمدنی میں ایک کروڑ چار لاکھ کی کمی ہو جائے ۔ مگر یقین کیجئے کہ حکومت کی طرف

سے اس سلسلہ میں اچھی مثال پیش نہیں کی جا رہی ۔ حالانکہ بہترین تبلیغ اچھا عمل ہوتا ہے ۔ اگر یہ خود لوگوں کو قوانین پر عمل کر کے نہیں دکھاتے تو تمام قوانین بے کار ہیں ۔ اگرچہ اب یہاں شراب پر پابندی ہے مگر اس کے باوجود یہاں وہ حال ہے ۔ جو آج سے کئی سال پہلے امریکہ میں شراب کے استعمال پر پابندی لگانے کے بعد پیدا ہوئی تھی ۔ کیا آپ کو علم نہیں کہ عام لوگ شراب کی ناجائز کشید کرتے ہیں ۔ مجھے ذاتی طور پر ایسے چکوک کا علم ہے ۔ جو تھالوں کے قریب ہیں ۔ اور وہاں تھانوں کے تحفظ میں شراب کی بھٹیاں چلائی جاتی ہیں ۔ میں یہ بات ڈی ۔ سی لائل پور کو بھی بتا چکا ہوں اور ایس ۔ ایس پی لائل پور کے نوٹس میں بھی لا چکا ہوں ۔ مگر اس کے خلاف کوئی کارروائی نہیں کرتے ۔ آپ کی انتظامیہ یہاں بالکل بے کار ہے ۔ اگر کوئی آپ سے اختلاف کرے تو آپ اس کی زبان کھینچنے کے لئے تیار ہو جاتے ہیں ۔ مگر ایسے معاملات میں آپ خاموش رہتے ہیں ۔ یہ صورت حال قطعاً نا قابل برداشت ہے ۔ اس سے بہتر ہے ۔ کہ آپ شراب پر سے پابندیاں ہٹا لیں ۔ اس صورت میں لوگ ناجائز شراب کشید نہیں کریں گے ۔ نہ اس طرح شراب پئیں گے ۔ جناب سپیکر ۔ محکمہ صحت کی طرف سے اس بارہ میں مجرمانہ غفلت کا ثبوت دیا گیا ہے ۔ ہمارے ڈاکٹر صاحبان پتھیے ڈین وغیرہ قسم کی نشہ آور گولیاں اور ٹیکے فروخت کرتے ہیں ۔ محکمہ صحت نے اس کے متعلق کوئی کارروائی نہیں کی ہے ۔ اب جب دو سال سے یہ بیماری وباء کی صورت اختیار کر گئی ہے ۔ تو وزیر صحت صاحب نے کہا ہے کہ ہم ان اشیاء کی امپورٹ پر پابندی لگائیں گے اور حکومت یہ کام اپنے ہاتھ میں لے گی ۔

جناب سپیکر ۔ میرے عرض کرنے کا مقصد یہ ہے کہ اول تو حکومت کی نیت ٹھیک نہیں ہے اگر کسی چیز کو یہ ختم کرنا چاہیں تو یہ ایسا نہیں کر سکتے ہیں یہ اپنی ایڈمنسٹریشن اس حد تک تباہ کر چکے ہیں کہ ان سے یہ ٹھیک کام نہیں لے سکتے ہیں ۔ خود جو اچھے کردار کے

مالک نہیں ہوتے وہ کسی سے آنکھ ملا کر بات کیا کریں گے ۔ جناب سپیکر ۔ وقت کی انتہائی قلت ہے اس لئے میں آخری بات کہہ کر اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

جناب والا۔ میں جناب وزیر صحت صاحب سے ایک التجا کرتا ہوں کہ آپ نے پچھلے تین چار سال سے ملیریا eradication کا آغاز کیا تھا ۔ آج تک اس پر تقریباً ۱۵ کروڑ روپیہ خرچ کر چکے ہیں اور یہ پروگرام ورلڈ آرگنائزیشن کے معاہدے کی صورت میں تھا ۔ یہ کام اس معاہدے کے بعد جاری ہوا ۔ تمام ممالک مثلاً افغانستان ۔ ہندوستان ۔ وغیرہ بھی اس پروگرام میں شامل تھے ۔ یہ پلان بنایا گیا تھا کہ ملیریا کو اس علاقہ سے بالکل ختم کر دیا جائے گا۔ ملیریا ایک ایسی بیماری ہے جس کا ہمارے اکثر کاشتکار اور عام آبادی شکار ہوتی ہے اور اس بیماری سے صحت پر برا اثر پڑتا ہے ۔ آج جدید سائنس نے ایسے طریقے رائج کر دیئے ہیں ۔ آج جدید سائنس کی وجہ سے ایسے وسائل مہیا ہیں کہ اس کو بالکل ختم کر سکتے ہیں ۔ لیکن اس سال اچانک بنایا گیا ہے (حالانکہ پچھلے سال ۴ کروڑ ۲۷ لاکھ کی گنجائش رکھی تھی) کہ اس سال کیلئے ۵۰ لاکھ کی گنجائش رکھی گئی ہے جو میرے نزدیک دوائیاں چھڑکنا تو درکنار عملے کو تنخواہیں دینے کیلئے بھی کافی نہیں ہے ۔ میں ان سے پوچھتا ہوں کہ جب آپ کوئی پروگرام بنائیں تو دور اندیشی سے کام لیکر اسکو بنائیں ایک فرد جب اپنے گھر کا بجٹ بناتا ہے تو اس وقت وہ کم از کم آئندہ ۲۵-۳۰ سال کیلئے سوچتا ہے لیکن جب حکومت کوئی پروگرام بنائے تو اسکو کم از کم سینکڑوں سال آگے کے متعلق سوچنا چاہئے کہ اس سے کیا نتائج برآمد ہوں گے ۔ آپ کے اس پروگرام سے تو یہ نتیجہ اخذ ہوا ہے کہ آپ نے جو ۱۵ کروڑ روپے کی رقم کثیر خرچ کی ہے وہ تمام کی تمام ضائع ہو گئی ۔ دوسرے ایک مصیبت یہ ہو گی کہ آپ نے جتنا عملہ رکھا تھا وہ بھی تمام کا تمام بیکار ہو جائے گا ۔ آپ کو یہ پہلے ہی علم ہے کہ ہمارے ملک میں کس حد تک بے روزگاری ہے ۔ (میں روزگار کیلئے بھی

اس وقت نہیں کہتا) لیکن یہ اتنا اہم فیکٹر ہے جس کو قطعاً نظر انداز نہیں کیا جا سکتا ۔ آپ کا محکمہ انسانی زندگیوں کو بہتر بنانے کی بجائے انسانی بیماریوں کو رفع کرنے کی بجائے انسانوں کو بیماریوں میں مبتلا کرنے کی کوشش کرتا ہے ۔ مجھے افسوس ہے کہ آپ ایک طرف تو زیادہ بچے پیدا کرنے سے روکتے ہیں اور اس کام کیلئے رقم کی گنجائش بھی رکھی ہے اور اس میں آپ کو مرکز بھی امداد دیتا ہے ۔ آپ پاکستانیوں کے پیچھے کیوں پڑ گئے ہیں ۔ ہمارا دشمن ہندوستان ہی کافی ہے لیکن گھر کا دشمن بہت خطرناک ہوتا ہے ۔ ایک طرف تو آپ فیملی پلاننگ کر رہے ہیں اور دوسری طرف زچہ و بچہ کی بہبود کے نئے مراکز اس سال آپ قائم نہیں کر رہے ہیں ۔ آپ ملیریا کو بالکل کھلی چھٹی دے رہے ہیں کہ جتنی آبادی کو چاہے ہلاک کر سکے آپ نے فیملی پلاننگ کے نئے نئے عجیب طریقے رائج کئے ہیں ۔ میں جانتا ہوں کہ وزیر صحت بڑے شریف آدمی ہیں ۔ آپ تو سوچتے بھی نہیں ہیں جو انتظامیہ آپ کو بتا دیتی ہے آپ بیان کر دیتے ہیں ۔ آپ ہمارے بھائی ہیں ۔ آپ کو مجبور کیا جاتا ہے کہ آپ ہمارے سامنے آئیں اور ان لوگوں کی غلط پالیسیوں کی حمایت کریں ۔ میں انتہائی مودبانہ عرض کروں گا اگر آپ برا نہ مانیں کیونکہ میری باتیں سچی ہوتی ہیں اور لوگ اسکو پتھر کہتے ہیں اور یہ ہماری حکومت کا امتیازی نشان ہے کہ وہ سچی بات کو پتھر کہتی ہے ۔ جو جھولی چک ہوتے ہیں جو خوشامدی ہوتے ہیں ۔ جن کے متعلق رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے منہہ پر خوشامد کرنے والا چھری سے ذبح کرتا ہے اسکو پسند کیا جاتا ہے اور جو سچی بات کہے وہ ناگوار گذرتی ہے ۔ پہلے آپ ملکی مفاد کے نقطہ نظر سے دیکھیں اور اسکے بعد فیصلہ کیجئے ۔

جناب والا ۔ ان معروضات کے بعد میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

**Mr. Speaker** : Next notice is from Mr. Munawar Khan. He need not move the motion because his cut motion is similar to that of Mr. Hamza.

**Mr. Munawar Khan** (Bannu - I) : Mr. Speaker, Sir, much has been said by my learned brother, Mr. Hamza. I have also to deal with one aspect and only one aspect of the administration in respect of the fact that the number of officials is daily increasing while the efficiency of the administration on the other hand, is dwindling and is going to be tattered into pieces.

Sir, we were hearing of one Department-P. W. D. which was carrying an infamous name and in local phraseology which is called "plunder without danger". That P. W. D. after some time gave birth to a child-a male child-which is known as Basic Democrat and the work which he is entrusted with now is called the Rural Works Programme which is also known, Sir, as "Royal Wealthy Plunder". My friends and the Minister for the Basic Democracies very much eulogised the system of Basic Democracy thereby praising their intelligence, their sense of understanding, their sense of appreciation, so on and so forth. Even that much, Sir, that Magisterial powers have been passed on to them and they can now sit and adjudicate upon cases. We studied for sixteen years, and we were required to learn law for two years while an uneducated Basic Democrat is brought forward, trained for a week-just an hour's lecture a day and he becomes a full fledged Magistrate. He can sit and adjudicate upon judicial matters. Now, what is being done in this Department and what has been going on in this so-called Rural Works Programme. (*'interruptions'*) Now, we see, Sir, that the Government has taken corruption right upto the doors of the innocent peasants. The entire nation has gone corrupt, the entire has lost its character.

**Minister for Basic Demacracies** (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : Including yourself.

**Mr. Munawar Khan** : Myself too. I belong to this nation and I am not an exception. The entire system has gone corrupt.

وزیر بنیادی جمہوریت—رسول اکرم کی ایک حدیث مجھے یاد آ رہی ہے ۔ آئینہ میں اپنا چہرہ نظر آتا ہے ۔ (قطع کلامیاں) ۔

**Mr. Speaker** : The House is adjourned for twenty minutes for the tea break.

*The Assembly then adjourned for twenty minutes.*

*The Assembly met at 11-00 a.m. Mr. Deputy Speaker (Mr. Ahmadmian Soomro) in the Chair.*

**Mr. Deputy Speaker** : Yes, Mr. Munawar Khan.

**Mr. Munawar Khan** : Sir, I was submitting that this child was to be fed and fondled by the officials. They were ordered by the Government through its election agents, the so-called Ministers-because they are powerless Ministers under the Constitution and have got no powers except to go and beg the officials-to go and impress upon the officials to look after these children. They have been brought up.....

**Mr. Deputy Speaker** : Mr. Munawar Khan, please address the Chair...

**Mr. Munawar Khan** : Sir, the Minister is putting question to me direct and that's why I am replying... anyhow please excuse me....

We have seen the last two elections. These elections were fought under the bayonets of Police and pressures of the officials. The Ministers used to be present in those constituencies running from door to door intimidating the local officials that if the Government nominee was not be returned, they would be dismissed. My respectful submission is that those officials who had very sacred principles, who were honest and who had been doing their duties according to their conscious, were corrupted rather they were compelled to be corrupt by the present Administration. What for Sir! Just to keep itself in chair. The character of the Nation was thrown aside. The people were shorn of their character and when character of the Nation is lost what can you expect of the nation and of what ideals can that nation think of. My respectful submission is that this system has further given incentive to the officials to loot openly and in broad-day-light. They cannot be checked ; they cannot be challenged because it was the Government who made them corrupt, who compelled them to be corrupt and now it cannot control that lot of the officials and everything has gone out of hands. The result it that ordinances are pouring in. The State is being administered through ordinances and a brute majority was brought on the treasury benches through the efforts of the officials and now ordinances are brought; and enforced. Those very officials will be the victims of these ordinances. I might quote Sir, the bill of the socalled Criminal Law Amendment Act 1963. A meeting was held, and I was on that side then, in the House of the Finance Minister wherein I objected that that was the black law rather the blackest law because it was I who had the experience of that law for 60 years. That law was not effective to control crimes. That law was brought by the Britishers ; the foreigners, to subdue Pathans and Balochis who were though conquered but were not subdued. In this connection, I might refer to Section I, sub-section (4) of F.C.R. which was framed by that alien Government just to rule this country and those who had some spirit left in them, to subdue them and to compel them to surrender completely. These are procedural sections and of general applicaiton but the remaining sections may be in force in whole or in part, as the case may be, against Pathans and Balochies. This was the lot, Sir, which was brought in to crush the spirit these two tribes because they would not surrender. Now my respectful submission is that I staged a walkout from that meeting submitting that that black law should not be extended and we should not be taken back to the stone-age, for goodness sake, and it was after very many entreaties that the Minister agreed to insert this section that at least a Tribunal shall be educated, must be a man of status and must have some integrity. What do we find Sir, in practice, about this mandatory provision. Mr. Chairman, it is a mandatory provision. For what was this law being enacted, was to achieve political objectives, to supress those people who have the slightest spirit of independence in them. I have got a list with me that in my district all the Tribunals numbering about 100, with the exception of a very few, are all illiterate previous convicts and most of them have record with the Police. Now that is the law through which we are being governed. That is not enacted to check crime; it could not. If it is so, as I suggested even at that time to the Minister, present it to America as there is also increase of crime over there and we might get some more charity in the shape of aid. This is no law for curbing or checking the onrush of crime, it failed to check crime in the former N.W.-F.P, where it was tried.

This is due to the inefficiency and corruption of the Government. Why don't you allow cases to go to the Law Courts. You have spoiled the Police. the efficiency of the Police. The Police do not try to take interest in cases. By enacting this law you rendered the Police useless. It does not put in efforts at all. It says that the case will go to somewhere and end somewhere.

My respectful submission, therefore, is, as I have already said, that the officials have gone out to control and that corruption cannot be checked now. You will be surprised to now that under the Criminal Law Amendment Act when the charge of corruption against an official is less than ten thousand only then the case cannot be referred to be looked into by the Tribunal. Why this protection is being extended? This is a deliberate protection which is being extended to the Government officials because the Government takes undue duties from the officials and they have been rendered corrupt because of the pressure of the Government.

Now, I refer to a concrete case of my own District. The Deputy Commissiner got an Opel Car from a person and within a few days sanctioned a fish pond for that man and gave him thousands of rupees from the B. D. fund. This is your Development Programme Mr. Veto.

**Mr. Deputy Speaker:** Don't call him by this name.

**Mr. Munawar Khan:** I call him Mr. Veto, with due apology, because... ...

**Mr. Deputy Speaker:** Don't call any wrong names in the House. At least address him by his proper name. (*'interruptions'*)

**Mr. Munawar Khan:**...he has the veto powers. He has got those powers. He is enjoying those powers.

Now, that car is there still with the Deputy Commissioner. This can be verified and any person can go and see that pond whether any fish was thrown into it at all. It is there. The pond is in existence.

**Mr. Deputy Speaker:** Two minutes more.

**Mr. Munawar Khan:** I have just started.

**Mr. Deputy Speaker:** I understand that Mr. Speaker had given you twenty minutes.

**Mr. Munawar Khan:** Alright Sir. I would respectfully submit that corruption has become so open that even within Court rooms the Magistrates accept money. Can you control them? No.

**Khan Ajoon Khan Jadoon:** Question!

**Mr. Munawar Khan:** They are absolutely out of control. And even if you want many more grants Mr. Finance Minister and if you create many more officials to look after the affairs of the State you cannot control them efficiently and this is continuing. I may quote the late Shaheed Suhrawardy that "the British momentum is finished". That momentum carried you for some time, now that momentum is finished and your entire administration is topsy turvy. No hope of justice and no hope of honest administration because of the policies of the Government. And so I conclude, Sir.

**Mr. Deputy Speaker:** Mr. Nisar Muhammad Khan—(Not present). Sahibzada Noor Hassan.

**Sahibzada Noor Hassan:** Sir, I beg to move:

That the total of Rs. 16,30,860.....

**Mr. Deputy Speaker:** The Member need not move it. It is a similar cut motion.

صاحبزادہ نورحسن (بہاولپور-ہم) — جناب والا۔ ایڈمنسٹریشن پر جو اخراجات سن ۵۶/۵۵ میں تھے ان کی فگرز ۳ کروڑ ۵ہم لاکھ ہیں اور اب کے سن ۶۷/۶۶ میں ۶ کروڑ ۷۹ لاکھ کے لگ بھگ ہماری جنرل ایڈمنسٹریشن پر خرچ کریں گے اور یہ تقریباً ڈبل بنتی ہے۔ ایڈمنسٹریشن میں اتنی کثیر رقم کا اضافہ کرنے کے لئے طرح طرح کی وجہ جواز بتائی جا سکتی ہے لیکن ہمیں یہ دیکھنا ہے کہ وہ ایڈمنسٹریشن جس پر سن ۵۶/۵۵ میں ۳ کروڑ خرچ ہوتے تھے اب اسی پر تقریباً دوگنے مصارف ہونگے تو اس میں ہمیں over-all فائدہ کیا پہنچا اور عوامی مسائل کے حل کرنے میں کس حد تک یہ مصارف مدد دیں گے۔ اب جناب والا۔ اس ایڈمنسٹریشن کی قابلیت کا یہ مظاہرہ ہے کہ وزیر مال صاحب نے غالباً ایک معزز رکن کے سوال کے جواب میں یہ ارشاد فرمایا تھا کہ پچھلے ۵ سال سے ان کی پینشن کے کاغذات تیار نہیں ہو سکے۔

وزیر مال — مئی میں تیار ہو چکے ہیں ۵ سال کے بعد۔

صاحبزادہ نور حسن — میری عرض ہے کہ ۵ سال آخر لگ گئے تو یہ کافی ثبوت ایڈمنسٹریشن کی نا اہلیت کا ہے میں کہتا ہوں کہ جب بر سر اقتدار لوگوں کے کاغذات پر اتنا وقت اور عرصہ لگ جاتا ہے تو عام لوگوں کا تو خدا ہی حافظ ہے۔

وزیر مال — procedure ہی ایسا ہے۔

صاحبزادہ نور حسن — اس سے پتہ چلتا ہے اہلیت کا۔ تو جناب والا جہاں ایک وزیر صاحب کے کاغذات تیار کرنے میں ۵ سال کا عرصہ

لگتا ہے تو غریب آدمی کے کاغذات تیار کرنے میں کتنا عرصہ لگے گا۔ اس کا اندازہ آپ خود فرما سکتے ہیں۔ اور ہمارے معزز رکن خواجہ جمال محمد کوریجہ نے ان وزراء کی بات یہ فرمایا تھا کہ وہ صاحب کشف و کرامات ہیں۔ تو میں عرض کروں گا کہ وزراء صاحبان کو چاہیئے تھا کہ اپنے کشف و کرامات کو بروئے کار لاتے ہوئے ان عناصر کا قلع قمع کرتے جو غریب آدمیوں کے لئے اذیت کا باعث بنتے ہیں۔ بد دیانت افسران انعام و کرام سے نوازے جاتے ہیں اور ان کو خلعت شاہی ملتی ہے اور وہ بدستور اپنے طریقہ کار پر پابند رہتے ہیں اور ان کے لواز نے میں اور ان کے دم خم میں کوئی فرق نہیں آیا۔ تو بجائے اس کے کہ آپ ایسے اقدامات اختیار کرتے اور ایسی پالیسی اختیار کرتے کہ ان برائیوں کا قلع قمع ہوتا اور ان کا انسداد ہوتا آپ نے نوکر شاہی کی ذہنیت کو فروغ دیا اور ان کی سیاسی خدمات کے صلے میں ان کو نوازا گیا اور ان کو روز افزوں ترقی دی گئی۔ ان تمام معروضات اور گزارشات کے سلسلے میں اگر آپ چاہیں تو مثالیں دی جا سکتی ہیں جن سے ثابت ہو گا کہ کئی لوگوں کو ان کی سیاسی خدمات کے صلے میں نوازا گیا۔ جناب والا۔ ہمارے وزیر خزانہ صاحب نے فرمایا تھا کہ بہاول پور ڈویژن سے کوئی سکیمیں نہیں آئیں اس لئے اس کے لئے بہت کم روپیہ مخصوص کیا گیا اور قلات کے متعلق بھی انہوں نے یہی فرمایا تھا۔ کیا میں ان سے پوچھ سکتا ہوں کہ کیا سکیموں کا تیار کرنا ہمارا کام ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ سکیموں کا تیار کرنا بھی آپ کے ایڈمنسٹریشن کا کام ہے۔ آپ ایک طرف تو ایڈمنسٹریشن کے لئے increased grants مانگتے ہیں اور دوسری طرف آپ غریب آدمیوں کا یہ فرض سمجھتے ہیں کہ وہ آپ کے لئے سکیمیں بھی تیار کریں۔ یہ نا اہلی کس کی ہے؟ کس کی فرض سے مجرمانہ غفلت ہے؟ آپ ایڈیشنل آسامیاں پر کرتے جائیں ان سے عوامی مسائل کا کوئی حل ممکن نہیں ہے۔ آپ ہمیں زیادہ زیر بار نہ کریں ہم اس سے زیادہ زیر بار ہونے کے لئے تیار تھے۔ غریب اپنی خون پسینے کی کمائی آپ پر نچھاور

کرنے کے لئے تیار تھے ۔ اگر آپ ان کے مسائل کو بھی سامنے رکھتے اور ان کے حل کی کوئی شکل نکالتے ۔ آپ کی ایڈمنسٹریشن کے یہ مصارف روز افزوں ہیں ۔ آپ نے کبھی یہ دیکھا ہے کہ یہ جو گاڑیاں سرکاری طور پر ان کو مہیا کی جاتی ہیں ، پٹرول جو ان کو روزانہ فراہم کیا جاتا ہے ۔ یہ جو ٹی ۔ اے ۔ بل وہ گھر بیٹھے بٹھائے وصول کرتے ہیں ۔ یہ personal visit جن کو وہ آفیشل ٹور بناتے ہیں ۔ کیا یہ کسی سے پوشیدہ ہے ؟ مگر کیا آپ نے کوئی اقدامات کئے ہیں کہ یہ جو ناجائز بار پڑ رہا ہے ہمارے خزانے پر یہ نہ پڑے ۔ ہمیں بھی اس کا کوئی علم ہونا چاہیئے ۔ اگر آپ ان عوامی مسائل سے ایسی بے اعتنائی دکھاتے ہیں تو میرے خیال میں یقیناً ملک اور قوم کے لئے اس کے نتائج قطعاً خوشگوار نہیں ہونگے ۔ اب ہاؤس کے سامنے ان افسروں کے مصارف ہیں جو آپ کے اشارے پر سب کچھ کرنے کے لئے تیار ہیں ۔ میرے خیال میں ہماری حکومت پر اس خرابی کی تمام تر ذمہ داری ہے پچھلے صوبائی انتخابات میں ان افسروں کی جو خدمات ہیں وہ یقیناً ناقابل فراموش ہیں ۔ بلکہ وہی آدمی آپ کے چہیتے ہیں جو آپ کی مدد کر چکے ہیں ۔ وہ شخص جس نے اس ضمن میں ایک اچھا خاصا پارٹ ادا کیا ہو آپ اس کے خلاف کیا ایکشن لیں گے ۔ اور ایسے لوگوں کی بے تدبیری کیسے کنٹرول کریں گے ۔ اگر آپ ان کے دفاتر کے ٹیلیفون چارجز دیکھنے جائیں تو ایک ایک ڈیپارٹمنٹ کے ۷۰۰۰۰ تک پہنچ جاتے ہیں ۔ کیا آپ نے ان کالز کا جو رجسٹر ہے وہ بھی کبھی دیکھا ہے کہ ان میں سے کتنی پرسنل کالز ہوتی ہیں اور کتنی سیاسی اور ان سب کے اخراجات ہم پر پڑتے ہیں ۔ یہ سب کچھ ہو رہا ہے ۔ حکومت خود ان امور کو خراب کرتی ہے ۔

جناب والا ۔ اب میں کچھ اعداد و شمار جناب کی خدمت میں پیش کروں گا ۔ جنرل ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ میں ایک سیکریٹری کی پوسٹ پر کی گئی ہے ۔ یہ پہلے تین ہوتے تھے ۔ اب چار ہو چکے ہیں پہلے خرچ ایک لاکھ ۲۰ ہزار تھا اب یہ ایک لاکھ ۷۴ ہزار ہو گیا ہے ۵۴ لاکھ

کا فرق ہے ۔ اسی طرح محکمہ صنعت و تجارت میں دو اسسٹنٹ ڈائریکٹروں کی زائد آسامیاں ہیں ۔ ان پر ۱۲۰۰۰ روپیہ زیادہ صرف ہو گا ۔ کوآپریٹو کے محکمہ میں جوائنٹ سیکریٹری کی ایک آسامی پر ۲۳۰۰۰ کے قریب زیادہ خرچ ہو گا ان ایڈیشنل پوسٹوں کو پر کرنے سے کچھ فائدہ نہیں ۔ جب تک جنرل ایڈمنسٹریشن کی efficiency کو نہ بڑھایا جائے ان مسائل کا حل قطعاً نا ممکن ہو گا ۔

charged اخراجات کے تخمینہ جات کے صفحہ ۱۶۷ پر یہ اعداد و شمار دیئے ہوئے ہیں ۔ ۱۹۶۵-۶۶ء میں ۱۲ سیکریٹری تھے ۔ ۱۹۶۶-۶۷ء میں ۷ سیکریٹری ہیں مگر جو روپیہ ہم نے انہیں ادا کرنا تھا ۱۹۶۵-۶۶ء میں وہ ۱۱۴۳۰۰ روپیہ تھا اور ۱۹۶۶-۶۷ء میں جو آپ ادا کریں گے وہ ہے ۱۴۳۵۰۰ روپیہ ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر ۔ آپ کون سے صفحے کا حوالے دے رہے ہیں ؟

صاحبزادہ نور حسن ۔ یہ انہوں نے private secretaries میں کیا ہے یہ capital letters میں نہیں ہو گا ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر ۔ charged اخراجات پر ہم کل بحث کر چکے ہیں ۔

صاحبزادہ نور حسن ۔ میری عرض یہ تھی کہ یہ جو اخراجات بڑھائے جا رہے ہیں ۔ یہ ۲۹۰۰۰۰ روپے کے لگ بھگ ہیں ۔ اور یہ قابل توجہ بات ہے کہ پوسٹیں تو کم ہو رہی ہیں لیکن یہ سمجھ میں نہیں آتا کہ اخراجات کیوں بڑھ گئے ہیں ۔ ساری رات میں نے اسی حساب میں لگا دی کہ بارہ سیکریٹریوں کا خرچ تھا ۱۱۴۳۰۰ روپیہ اور اب سات سیکریٹریوں کا خرچ ہے ۱۴۳۵۰۰ روپیہ ۔ یہ میری سمجھ میں نہیں آتا ۔ اور جناب والا ۔ اگر ان اعداد و شمار کو پیش نظر رکھا جائے تو ۱۹۶۵-۶۶ء میں ۱۲ سیکریٹریوں کے حساب سے ایک سیکریٹری کی تنخواہ ۹۵۳ روپے بنتی ہے اور اب ۱۹۶۶-۶۷ء میں ایک سیکریٹری کی تنخواہ ۱۷۸۳ روپے بنتی ہے ۔ جناب اس بات کی مجھے سمجھ نہیں آئی ۔

**Mr. Deputy Speaker :** You are discussing the Charged Expenditure. Charged Expenditure is something different. Under the Constitution, the definition of Charged Expenditure is something different.

صاحبزادہ نور حسن ۔ میرا مطلب یہ ہے کہ میں وضاحت چاہتا تھا یہ بھی آخر ان کا لکھا ہوا ہے یہ اس میں شائع ہوا ہے ۔ ۲۹۰۰۰ کی بیشی ہوتی تھی ۔ اس لئے میں نے توجہ دلائی ہے ۔ اگر وزیر خزانہ صاحب وضاحت فرما دیں تو میری سمجھ میں کچھ آ جائے گا ۔

جناب والا ۔ جس وقت مارشل لاء کا نفاذ ہوا تھا اس وقت پہلے آٹھ دس دن بڑے چین سے گزرے تھے ۔ حکومت نے سخت رویہ اختیار کیا تھا ۔ بڑے عناصر کا قلع قمع ہو گیا تھا ۔ برائی کا انسداد کیا ۔ بہت کچھ کیا ۔ دس پندرہ روز تک حالات نارمل تھے ۔ دوکانوں پر نرخ نامے لگا دیئے گئے تھے ۔ کوئی افسر رشوت لینے کی جرات نہیں کرتا تھا ۔ مگر ۱۵، ۲۰ دن کے بعد پھر حالات بدلے اور وہی پرانا طریق کار پھر رائج ہو گیا ۔ رشوت ستانی اور چور بازاری کا ریکارڈ پہلے سے بھی مات ہو گیا ۔ اس میں قصور کس کا ہے اب یہ میری سمجھ میں نہیں آتا ۔

ان گزارشات کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

**Mr. Deputy Speaker :** Khan Sahib, how much time would you require ?

**Minister of Revenue :** I would require about forty minutes ; I have to reply to the criticism.

**Mr. Deputy Speaker :** For all the Ministers, how much time would you require ?

**Minister of Revenue :** Mr. Wattoo will take ten minutes and I will take forty minutes.

**Mr. Deputy Speaker :** You would require fifty minutes, which means we have another ten minutes.

**Minister of Revenue :** You can give these 10 minutes to any member.

**Mr. Deputy Speaker :** We would adjust it like that. They want 50 minutes to reply. It is 11-30 now and the Ministers will start replying at 11-40. So, there are only 10 minutes left.

**Mr. Munawar Khan :** Right or wrong they win.

**Minister of Finance :** You are only five members. By calculation you could get only five minutes per member but we have given you five hours.

Do you want that only five people should speak and nobody else should have the time to reply ?

**Mr. Deputy Speaker :** Mr. Farooqi will you be able to finish in 10 minutes ?

**Mr. Mahmood Azam Farooqi :** I require 40 minutes.

**Mr. Munawar Khan :** Sir, it was decided this morning that everybody would be having 20 minutes. Now, why are they changing that arrangement ?

**Minister of Revenue :** What is the use of all these speeches if we do not give any reply ?

**Mr. Deputy Speaker :** The Ministers want 50 minutes, would all the members be prepared to sit.....

**Mr. Mahmood Azam Farooqi :** Sir, why not to extend the time of the House up to 12-45 p.m. ?

**Mr. Deputy Speaker :** We will extend it. What do you say Khan Sahib ?

**Minister of Revenue :** I don't mind but it is Friday today and some gentlemen might be in a hurry to offer Juma prayers.

**Mr. Mahmood Azam Farooqi :** Juma prayers time is 2-30 p.m.

**Minister of Basic Democracies :** But we can sit up to 12-45 p.m.

**Mr. Deputy Speaker :** Alright, if the members are prepared to sit late, the time of the House is extended up to 12-45 p.m.

**Mr. Munawar Khan :** Sir, when it was once decided that each individual will be having 20 minutes.....

**Mr. Deputy Speaker :** It is not an irrevocable law. It can be changed by mutual arrangement.

**Mr. Munawar Khan :** But why show favour ?

**Mr. Deputy Speaker :** It is no favour. It is by mutual agreement with your colleagues. Haji Ata Muhammad.

حاجی سردار عطا محمد لنڈ (خیر پور - ۲)- جناب سپیکر میں نے جو کٹ موشن دی ہے یہ موجودہ گورنمنٹ کی مخالفت کیلئے نہیں دی ہے - اور نہ میں ان کا مخالف ہوں یہ میں نے اس لئے دی ہے کہ میں تقریر کر سکوں اور میری تقریر اخبار میں شائع ہو اور لوگ میری تقریر کو سنیں یہ کٹ موشن میں اس لئے نہیں لایا ہوں کہ میں انتظامی محکمہ کی توہین کروں - یہ میں اسلئے لایا ہوں کہ میں ایک پسماندہ علاقہ خیر پور کا نمائندہ ہوں - خیر پور سندھ کے اندر واقع ہے جیسے صوبہ سرحد بمعہ قبائلیوں کے اور بلوچستان بمعہ ریاستوں کے ہے - خیر پور - بہاول پور - سندھ کو ون یونٹ میں شامل کیا گیا تھا - یہ چھوٹے چھوٹے علاقے جیسے ۱۹۴۷ سے

۱۹۵۵ تک الگ الگ موجود تھے ان کو ون یونٹ میں مد غم کیا گیا پہلے نو برسوں میں جو انہوں نے ترقی کی تھی وہ ابتدائی ترقی تھی بعد میں آپ کے ساتھ مغربی پاکستان میں شامل ہوئے ۔ ان دس برسوں میں جو کچھ ان کے ساتھ گزری ہے وہ میں آپ کو بتانے کے لئے کھڑا ہوا ہوں ۔ میں ایسے الفاظ نہیں کہوں گا جس سے تلخی پیدا ہو ۔ میں ایسے الفاظ استعمال کرنے سے گریز کروں گا ۔ کیونکہ قرآن شریف کی ایک آیت ہے ۔ قولوالناس حسناً

میں بہت اچھے طریقے سے آپ کو اپیل کرونگا کہ آپ مہربانی کر کے جو میں معلومات بہم پہنچاتا ہوں اس کی طرف توجہ دیں ۔ جو وہاں وارداتیں ہو رہی ہیں ان کی وجہ سے ان علاقوں کی کیا حالت ہے اور ان لوگوں کے دلوں پر کیا گزر رہی ہے اور کتنی ون یونٹ سے لوگوں کو نفرت ہو رہی ہے ۔ میں یہ باتیں اپنی طرف سے نہیں کہتا آپ اسکے متعلق انکوائری کریں ۔

وزیر خزانہ۔انکوائری کی ہوئی ہے ۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ۔اگر آپ یہ باتیں نہیں مانتے ہیں تو پھر سنئے ۔ پہلے مجھے یہ بتائیے کہ ۱۰ برس کے اندر جو نظم و نسق میں آپ نے وہاں اصلاحات کی ہیں اسکی وہاں کیا حالت ہے ۔ خیر پور ۔ نواب شاہ اور دادو اضلاع کی حالت میں آپکو بتاتا ہوں کہ وہاں کیا انتظامات ہیں ۔ جب ممبر صاحب اپنے علاقے کے متعلق کچھ فرما رہے ہوتے ہیں آپ کہتے ہیں کہ ہم تنقید کرتے ہیں ۔ اور کوئی صلاح نہیں دیتے ۔ آپ ہم سے صلاح مشورہ مانگیں ۔ ہم مشورہ دینے کیلئے تیار ہیں ۔ ہم سے مشورہ لینے کی آپ کو کیا ضرورت پڑی ہے ۔

وزیر خزانہ۔خیر پور کے متعلق پہلے بتائیں ۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ۔سندھ میرا گھر ہے میں نے اسی صوبہ میں جنم لیا ہے ۔ میں آپ کو بتاتا ہوں کہ سندھ کے حلقے کے جتنے

امیدوار ہیں وہ پارٹی کے اندر بند ہیں ۔ میں آزاد ہوں اور بحیثیت آزاد ممبر ہونے کے میں تمام سندھیوں کے متعلق بتا دوں آپ مانیں یا نہ مانیں وہاں چوری ۔ اغوا اور لوگوں کا اٹھایا جانا وغیرہ وغیرہ وارداتیں ہوتی ہیں ۔ وہاں ایک ایک آدمی کے بدلے میں ۵۰ ہزار روپیہ بدمعاش لیتے ہیں ۔ بتائیں آپ نے کیا اصلاح کی ہے ؟ ۔ بتائیں وہاں کیا کیا ہے ۔ ؟ میں وزیر صاحب سے پوچھتا ہوں اگر میں غلط بیانی کرتا ہوں تو آپ مہربانی کر کے اسکی انکوائری کر لیں ۔ ایک کمیٹی مقرر کریں ۔ یہاں ان کو پالنے والا کون ہے ۔ آپ وزیروں کے اوپر الزام لگاتے ہیں آپ ممبروں کے اوپر الزام لگاتے ہیں یہ میں نہیں مانتا ۔ یہ سب کچھ پولیس کرا رہی ہے ۔ اگر کسی کا چھوکرا اڑا لیا گیا تو پولیس اس سے ۲۰ ہزار روپیہ مانگے گی اور وہ آدمی تو ۲ ہزار روپیہ دینے کی بھی طاقت نہیں رکھتا ۔ میں یہ بات اس لئے نہیں کرتا کہ پولیس کی بدنامی ہو میں یہ بات اس لئے بتانا چاہتا ہوں کہ یہ پولیس کی عادت ہے پولیس ان لوگوں کو پال رہی ہے ۔ پولیس ان لوگوں کو ایسا کرنے پر مجبور کرتی ہے ۔ اب کس طریقے سے ان کے اوپر آپ کنٹرول کر سکتے ہیں یہاں جتنے لوگوں کی طاقت بڑھائی ہے پولیس نے بڑھائی ہے ۔ میں آپ کو بتا دیتا ہوں کہ اب مشکل ہو گیا اور اگر اب جلد قدم نہ اٹھایا گیا تو اور بھی مشکل ہو جائے گا آپ ان کے اوپر کنٹرول نہیں کر سکیں گے ۔ جیسا کہ آج کے اخبار میں ہے کہ قلات کا ایک تجارتی جا رہا تھا ۔ ان لوگوں نے اس قافلہ کو لوٹا ۔ قافلہ کے ساتھ پولیس بھی تھی چار پولیس والے مارے گئے پہلے ان لوگوں کو پالتے ہیں اور بعد میں ان سے ہوشیار رہتے ہیں ۔ اگر پہلے ان پر کنٹرول ہوتا اور ان کی اتنی حوصلہ افزائی نہ کرتے تو یہ حالات رونما نہ ہوتے ۔ ابھی چند دن ہوئے لاہور میں ایک سپاہی مارا گیا یہ انار کلی بازار میں مارا گیا ہے ۔ پہلے ان کو پالتے ہیں بعد میں وہ کنٹرول میں نہیں رہتے ۔ میری عرض یہ ہے کہ ان پر فوراً کنٹرول کیا جائے ورنہ وہ آپ کے قابو میں نہیں آئیں گے ۔

اور یہ پولیس مجبور ہے - وہ تمام رشوت لیتے ہیں - اور منسٹر صاحب ان کو اپنے استعمال میں لاتے ہیں - میں ثابت کرنے کے لئے تیار ہوں - آپ ایک تحقیقاتی کمیٹی مقرر کریں اور اگر میں نے کوئی الزام لگایا ہے - تو مجھے پھانسی دے دیں -

مسٹر ڈپٹی سپیکر—اس کے لئے تو قانون کے مطابق پھانسی کی سزا نہیں دی جا سکتی -

وزیر بنیادی جمہوریت—اگر حاجی صاحب چاہیں تو خود کشی کر سکتے ہیں -

حاجی سردار عطا محمد لنڈ—دراصل میں جذبات میں بہہ گیا تھا - کیونکہ انہوں نے کہا ہے - کہ ہم نے تحقیقات کر لی ہیں - یہ میں نے گرمی سے کہا ہے --- میں نہایت مودبانہ عرض کر رہا ہوں - کہ آپ ان کو جلدی کنٹرول کریں - ہم یہاں سے تب تک نہیں جائیں گے کہ جب تک آپ اسکا انتظام نہیں کر لیتے - آپ اس پولیس کو نکال دیں - اور نئی پولیس رکھیں -

وزیر بنیادی جمہوریت—اور حاجی صاحب کو اسکا آئی - جی - مقرر کر دیں -

حاجی سردار عطا محمد لنڈ—میں آگے آ رہا ہوں - آپ جلدی اس کو قابو کریں - ورنہ آپکی حکومت برقرار نہیں رہیگی - آپ کو خدا نے حکومت دی ہے - ہم تو کمزور ہیں - لیکن ہم اس آیت پر بھروسہ رکھتے ہیں - کہ ان اللہ مع الصابرین - ٹرانسپورٹ کی حالت اسقدر خراب ہے - کہ وہاں جتنی بھی بسیں ہیں - آدھی کارخانے میں ہیں - کیونکہ آپ وہاں پر ایسے آدمیوں کو بھیجتے ہیں - جنکو ٹرانسپورٹ سے کوئی تعلق نہیں ہوتا - سندھی میں ایک کہاوت ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ کھوٹا پیسہ اور اندھا لڑکا مندر کے

حوالے - آپ کے بڑے علاقے میں جو بھی کوئی نااهل آپ کو نظر آتا ہے آپ اسکو سندھ بھیج دیتے ہیں -

وزیر خزانہ—آپ کے ڈپٹی کمشنر اور کمشنر نااهل ہیں - حاجی صاحب ہم نے تو بہترین آدمی آپ کے پاس بھیجے ہیں -

حاجی سردار عطا محمد لنڈ—وہ لوگ قابل ہیں - لیکن پولیس پر ان کا کوئی کنٹرول نہیں ہے - لیکن مشرقی پاکستان میں کنٹرول ہے آپ ذرا اپنی پارٹی کے لوگوں سے علیحدگی میں پوچھیں - تو وہ آپ کو بتائیں گے - ٹرانسپورٹ کی حالت یہ ہے - کہ آدھی بسیں کارخانوں میں پڑی ہیں - کیونکہ انہیں پانچ روپے کا پرزہ بھی نہیں ملتا - تو وہ کارخانے چلی جاتی ہیں - اور جہاں ریلوے لائین نہیں ہے - وہاں پر سائیں اپنے چھوٹے چھوٹے بچوں کو لئے سڑک پر بیٹھی رہتی ہیں - لیکن بس کا کوئی انتظام نہیں ہوتا - جب آپ کی کوئی دلچسپی ہی ہم سے نہیں ہے - تو پھر بس کی قیمت اور ٹیکس ہم سے کیوں لیا جاتا ہے - revenue کے متعلق میں یہ عرض کروں گا - کہ جناب قائد ایوان اس طرف توجہ فرمائیں کہ کھورے یا بھٹے کے لئے وہاں ڈپٹی کلکٹر سو روپے لیکر اسکے بعد منظوری دیتے ہیں - اور آبپاشی کی حالت یہ ہے - کہ"module" یا نہر وغیرہ زمین سیراب کم کرتی ہیں محکمے والوں کی جیب زیادہ گرم کرتی ہیں اگر پیسے نہ دیے جائیں تو اس میں پانی کم ہو جاتا ہے - اور فصل کی تیاری کے لئے مجبوراً زیادہ پیسے دیکر پانی زیادہ کرایا جاتا ہے آبکاری کے متعلق یہ عرض ہے - کہ وہاں پر کوئی دیہاتی آدمی شراب نہیں پیتے - (قطع کلامیاں)

مسٹر ڈپٹی سپیکر—آپ تشریف رکھیں -

حاجی سردار عطا محمد لنڈ—ہم تو کچھ بھی حکومت سے نہیں مانگ رہے ہیں - نہ پانی - نہ تعلیم اور نہ کوئی اور سہولت مانگتے ہیں

آپ ہمارے لئے صرف اتنا کریں - کہ لوگ آرام کر سکیں - اور میں اپنے اسی مطالبے سے آپ کو آگاہ کرتا ہوں - و ما علینا الا البلاغ

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی- ۸) جناب والا- میں فلسفی کی یوٹوپیا میں نہیں بستا - میں اس زمین پر رہتا ہوں - جہاں پر گوشت اور پوست کی بنی ہوئی آدم کی اولاد بستی ہے - میں کبھی بھی اس تخیل میں مبتلا نہیں رہا- کہ جس زمین پر انسان بستے ہوں- وہ برائیوں سے یکسر پاک ہو جائے میری قوم جس میں کہ عوام بھی شامل ہیں- ہم بھی شامل ہیں- وزراء بھی شامل ہیں - اور سی - ایس- پی- افسران بھی- ہم سب کے اندر وہ خامیاں اور کوتاہیاں موجود ہیں- جو مٹی کے بنے ہوئے اس انسان میں ہونی چاہئیں- اس لئے جہاں انسانوں کی آبادی ہو- وہاں برائیاں بھی ہونگی- وہاں ڈاکے بھی پڑیں گے - وہاں خون بھی بہے گا - وہاں بچے بھی اغوا ہونگے - اور عورتوں کے گوہر عصمت بھی لٹیں گے -

جناب والا - میں جنت الحمقا میں بھی نہیں بستا - کہ یہ سمجھ لوں کوئی ملک یکسر برائیوں سے پاک ہو جائیگا لیکن جو چیز آج ہمیں چونکا دینے والی ہے - جس چیز نے اس قوم کے ضمیر کے اندر خلش پیدا کر رکھی ہے اور جس نے ہر محب وطن کو یہ سوچنے پر مجبور کر دیا ہے وہ یہ ہے کہ جرائم روز افزوں ہیں ہر سمت برائیاں بڑھ رہی ہیں - ان پر کوئی check نہیں ہے - آخر اسکے اسباب کیا ہیں - ہم سب انسانوں کے درمیان رہتے ہیں - ہم میں سے کسی کو یہ معلوم نہیں - آج آپ جا کر گاؤں کے کھیتوں میں کام کرنے والے کسانوں سے یا فیکٹری میں کسی مزدور سے پوچھ لیں - ہر شخص اسی تصور میں مبتلا ہے - کہ یہاں کوئی بھی کام بغیر رشوت کے نہیں نکل سکتا - سکولوں اور کالجوں سے جب نوجوان طلباء تعلیم حاصل کر کے باہر نکلتے ہیں - تو ان کے ذہنوں میں یہ بات رچی بسی ہوتی ہے - کہ انہیں ملازمت بغیر رشوت دیئے نہیں مل سکتی - دفتروں میں ایک کاغذ بھی نہیں ہل سکتا - جب تک اسے چاندی کے وزن سے حرکت کے لئے اکسایا نہ جائے - میرے پاس اخبارات کے

تراشے موجود ھیں۔ وقت کی کمی کے پیش نظر میں انہیں آپکی خدمت میں پیش نہیں کر سکتا۔ ورنہ میں آپکو بتاتا۔ کہ مغربی پاکستان میں لاھور اور کراچی کے کسی دن کے اخبار کو بھی آپ اٹھا کر دیکھ لیجئے۔ آپ کو معلوم ھو جائیگا۔ کہ جرائم کی واردات میں اضافہ ھو رھا ھے۔ برائیاں بڑھ رھی ھیں اور انسانی جان کی حرمت ختم ھو چکی ھے۔ ایک ایک دن میں دس دس پندرہ پندرہ افراد ڈاکے اور چوریوں میں مارے جاتے ھیں۔ اور ان سے بھی جو بچ رھتے ھیں۔ وہ سڑکوں کے حادثات میں مارے جاتے ھیں۔ میں تنقید سے زیادہ اپیل کرنا چاھتا ھوں۔ ان لوگوں سے جو اس ملک کے نظم و نسق کو چلانے کے ذمہ دار ھیں۔ کیا آپ اخبارات نہیں پڑھتے۔ کیا آپ ملک کے حالات سے ھماری طرح باخبر نہیں ھیں۔ میں آپ سے پوچھتا ھوں۔ کہ آپ کوئی اخبارات اٹھا کر دیکھئے اور مجھے یہ خبر دکھائیے کہ فلاں شخص کو پھانسی کی سزا دی گئی ھے۔ کیونکہ اس نے انسانی خون سے ھاتھ رنگے تھے۔ آپ اخبارات میں روزانہ سڑکوں پر حادثات کی خبریں پڑھتے ھیں۔ لیکن مجھے یہ بتائیے کہ کبھی کسی جان لینے والے کو سزا دی گئی ھو۔ لوگوں کی آنکھیں ایسی خبریں پڑھنے کے لئے ترستی ھیں۔ آخر کیا وجہ ھے۔ کہ آپکے ان تمام اخراجات کے باوجود اتنی بڑی ایڈمنسٹریشن کے باوجود اس اتنے بڑے پولیس کے عملے کے ھونے کے باوجود جس پر کروڑوں روپے آپ خرچ کرتے ھیں۔ اس کے باوجود یہ نظم و نسق کو قابو میں رکھنے میں کامیاب نہیں ھوئے۔ میں اسکی تین وجوھات بیان کرتا ھوں۔ میری نظر میں تین چیزیں ایسی ھیں جنھوں نے اسے کرپشن اور بے اعمالی پر مجبور کر دیا ہے۔ پہلی چیز نچلے درجے کے ملازمین کی کم تنخواھیں ھے۔ ایسے تمام محکمے جن کے نچلے درجے کے ملازمین کی ذمہ داریاں بہت زیادہ اور ان کے مقابلے میں انکا معاوضہ کم ھے۔ جب وہ اپنے اعلیٰ افسروں کو آرام اور عیش میں دیکھتے ھیں تو اس طرح کرپشن کے راستے کھل جاتے ھیں۔ اور وہ اس سے استفادہ

کرتے ھیں ۔ اسکی دوسری وجہ نوکر شاھی کے اختیارات میں اضافہ اور عوام کے نمائندوں کے اختیارات میں کمی ہے ۔

اس ملک پر آپ نوکر شاھی کے بھروسہ پر حکومت کر رھے ھیں ۔ جس کو انگریز نے اپنے نظام حکومت کو مضبوط کرنے کے لئے قائم کیا تھا ۔

ھم نے دیکھا ھے کہ اختیارات بجائے اس کے کہ حکومت کی طرف سے عوام کی طرف منتقل کئے جاتے عوام کی طرف سے ان کی طرف منتقل کئے جا رھے ھیں ۔ میں صرف آپ کو ایک مثال دیتا ھوں ۔ کراچی میں دو ادارے ھیں کے ۔ ایم ۔ سی ۔ اور کے ۔ ڈی ۔ اے ۔ کے ۔ ایم ۔ سی ۔ عوام کا ادارہ ھے جسے عوام کے نمائندے چلاتے ھیں گو اس کا وائس چیرمین سی ۔ ایس ۔ پی ۔ کا افسر ھے لیکن پھر بھی عوام کی کوئی نہ کوئی آواز وھاں موجود ھے کیونکہ سو فیصدی ارکان عوام کے منتخب کئے ھوئے ھیں کے۔ ڈی۔ اے ۔ ایک خالصتاً سرکاری executive authority ھے اور اس میں عوام کی کوئی نمائندگی نہیں ھے ۔ اس کا نظم و نسق صرف افسران چلاتے ھیں ۔ اب تو بجائے اس کے کہ کے ڈی اے کے اختیارات کو کے۔ ایم۔ سی۔ کی طرف منتقل کیا جاتا کے۔ ایم۔ سی کے اختیارات کے ڈی اے کو منتقل کئے جا رھے ھیں ۔ یہ تو میں نے ایک مثال دی ھے ۔ آپ خود اس ایوان کو دیکھئے ملک کے سارے نظام کو دیکھئے کہ ملک کے سارے اختیارات کس کے ھاتھ میں ھیں ۔ عوام کے ھاتھ میں ھیں یا افسران کے ھاتھ میں ھیں ۔

جناب والا ۔ خرابی کی تیسری وجہ یہ ھے اگرچہ یہ الزام کئی بار آ چکا ھے لیکن میں مجبور ھوں کہ اسے دھراؤں ۔ اور ھم اسے دھراتے رھیں گے جب تک آپ اصلاح نہیں کریں گے ۔ سیاست دان افسران حکومت سیاستدانوں کو اپنے مقاصد کے لئے استعمال کرتے ھیں اور اپنے سیاسی کام ان سے کہتے ھیں ۔ وقت بہت کم ھے ورنہ میں مثالوں میں آپ کو

غرق کر دیتا - پچھلے الیکشنوں کو چھوڑئیے چند دن پہلے کے ایم سی کے وائس چئیرمین کا الیکشن ہو رہا تھا کارپوریشن کے اندر ۸۵ فیصد ممبر خود سرکاری پارٹی سے تعلق رکھتے تھے پندرہ بیس افراد دوسری پارٹی کے تھے - لیکن جیسا کہ ہمیشہ اپنے مفاد کی خاطر جو لوگ جمع ہو جاتے ہیں ان میں اتفاق نہیں ہوتا اسی طرح اس پارٹی کے لوگوں میں اتفاق نہیں تھا - اس لئے اس پارٹی کے افراد دو گروہوں میں بٹ گئے تھے - چنانچہ لاہور سے ان کے اختلافات کو iron out کرنے کے لئے وزراء بھیجے گئے - یوں تو ظاہراً ان کے اختلاف دور ہو گئے لیکن ان کے دلوں میں عناد موجود تھا اس لئے الیکشن میں بیلٹ پیپر پولنگ افسر کی مدد سے اس کے سامنے اندر سے باہر لائے گئے - اور لوگوں کے سامنے اور وزراء کے سامنے انہوں نے نشان لگائے - دراصل آپ کی پارٹی کے ارکان کو خود ایک دوسرے پر اعتماد نہیں تھا -

میں آپ سے کہتا ہوں - آج یہاں اسمبلی میں کراچی کے ایم - پی - اے صاحبان اور وزراء موجود ہیں میں دیکھنا چاہتا ہوں کہ وہ کون ہے جو اپنے سینے پر ہاتھ رکھ کر کہہ سکیں اور خدا کے سامنے اپنے آپ کو جواب دہ سمجھ کر اس بات سے انکار کر سکیں کہ یہ غلط ہے - جناب والا - یہ ایک مثال ہی نہیں یہاں بے شمار مثالیں ہیں - میں آپ سے کہتا ہوں کہ جب آپ کے افسران اپنا فرض ادا نہ ں کرتے جب آپ کا نظم و نسق قائم نہیں جب عوام کی جانیں محفوظ نہیں عورتوں کی عصمتیں محفوظ نہیں بچے اغوا ہو رہے ہیں چوری اور ڈاکے کی وارداتیں عام ہو رہی ہیں تو آپ کو کیا حق ہے کہ اس قومی خزانہ پر ایڈمنسٹریشن کے اخراجات کا دن بدن اضافہ کرتے رہیں - آپ کو معلوم ہے کہ اس سال آپ نے جنرل ایڈمنسٹریشن کے اخراجات پر جو رقم رکھی ہے وہ ۱۹۶۳-۶۴ سے ۷ فیصدی زیادہ ہے - ۱۹۶۵-۶۶ء کے نظر ثانی شدہ بجٹ سے ۴ فیصدی اضافہ کیا گیا ہے - میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ آپ نے اس ملک میں ہنگامی حالات کا ایک بہانہ بنایا ہوا ہے اور اس بہانہ سے لوگوں کی آزادیاں سلب کرنے

کے لئے زبانوں پر قفل لگانے کے لئے اور دماغوں میں فکر کو بند کرنے کے لئے ہنگامی قوانین نافذ کئے ہوئے ہیں - میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ اگر ہنگامی حالات کی وجہ سے آپ پورے ملک کو ایک جیل خانہ بنا سکتے ہیں ہر شہر اور قریہ قریہ میں دفعہ ۱۴۴ لگا کر لوگوں کی زبانیں بند کر سکتے ہیں تو آخر کیا وجہ ہے کہ ان ہنگامی حالات کا اثر اس عملہ پر نہیں پڑتا اور ان اخراجات پر نہیں پڑتا - آپ نے ۱۹۶۵-۶۶ء کے لئے جنرل ایڈمنسٹریشن کے لئے جو رقم رکھی تھی اس میں آپ نے ہنگامی حالات کی وجہ سے کئی لاکھ روپیہ کم کئے - پھر آخر وہ کون سے وجوہ تھے کہ ۱۹۶۶-۶۷ء میں ان اخراجات کو پھر بحال کر دیا گیا - اخراجات پھر اسی سطح پر آ گئے جو کہ ۱۹۶۵-۶۶ء کے سابقہ بجٹ میں تھے - اگر ہنگامی حالات ملک میں ختم ہو گئے ہیں اور اگر آپ سمجھتے ہیں کہ وہ حالات جن کی بنیاد پر نظر ثانی شدہ بجٹ میں اخراجات کو کم کیا گیا تھا وہ حالات اب نہیں رہے تو میں یہ کہتا ہوں کہ جب وہ حالات باقی نہیں رہے تو دفاع پاکستان کے قوانین ملک میں کیوں نافذ ہیں اور ہمارے بنیادی حقوق کیوں سلب کئے جا رہے ہیں - خود آپ کے کہنے کے مطابق ملک میں ہنگامی حالات موجود ہیں جسے میں تو نہیں مانتا لیکن خود آپ کہتے ہیں کہ ملک میں ہنگامی حالات موجود ہیں دفاع پاکستان کے قوانین نافذ ہیں دفعہ ۱۴۴ کا ہر شہر میں راج ہے اور ہماری آزادیاں اور ہمارے بنیادی حقوق سلب ہیں بلکہ قوانین کی کتاب سے خارج ہیں جب یہ حالات تو پھر کیا وجہ ہے کہ وہ اخراجات جو ۱۹۶۵-۶۶ء کے بجٹ میں سابقہ بجٹ کے مقابلہ میں نظر ثانی شدہ بجٹ میں کم کئے گئے تھے انہیں کیوں پھر بحال کیا جا رہا ہے - یا کروڑوں روپیہ کا خرچ اس سفید ہاتھی کے پالنے پر قومی خزانہ سے کیوں کیا جا رہا ہے - جب لوگوں کی عزت اور جان و مال محفوظ نہیں ہے - میں ایک اور مثال دیتا ہوں - ہمارے عطا محمد صاحب نے نواب شاہ کی طرف اشارہ کیا تھا میں بتاتا ہوں کہ نواب شاہ میں ۱۵ اپریل سے لے کر ۱۵ جون ۱۹۶۶ء تک دو ماہ کے

عرصہ میں سندھ کے تمام اخبارات کے مطابق چوری ڈکیتی اغوا کی بے شمار وارداتیں ہوتی ہیں جن کے بیشمار تراشے میرے پاس موجود ہیں ۔ پھر وہاں پر بدامنی اور لا قانونیت اس حد تک پھیل گئی ہے کہ وہاں کے دو ہزار آدمیوں نے حکومت کے سامنے ایک مظہر نامہ پیش کیا ہے ۔ کیا آپ کو معلوم ہے کہ ان دو ہزار آدمیوں میں ایڈووکیٹ تھے ۔ سکولوں کے اساتذہ تھے سڑکوں کے مزدور تھے کسان تھے بی ۔ ڈی کے ممبر اور چیئرمین تھے خود سرکاری مسلم لیگ پارٹی کے صدر اور سیکریٹری تھے ۔ یہ تمام لوگ حزب اختلاف کے لوگ نہیں ہیں ۔ یہ حکومت کی پارٹی کے ممد اور معاون لوگ ہیں ۔ ان دو ہزار آدمیوں نے اپنا مظہر نامہ حکومت کے سامنے پیش کیا میں جانتا ہوں کہ ابھی چند دن ہوئے آپ نے وہاں کے ایس ۔ پی کو تبدیل کیا ہے اور غالباً وہاں کے ڈی ۔ سی کو بھی تبدیل کر رہے ہیں ۔ لیکن میں یہ پوچھتا ہوں کہ کسی افسر کو تبدیل کر دینا کیا اس بات کے لئے کافی ثبوت نہیں کہ وہ واقعات ضرور ہوئے ہیں ۔ تو آخر اس خون کا کون ذمہ دار ہے ان عورتوں کی عصمت اور خون ناحق کس کی گردن پر ہے جنہوں نے دو ماہ اس جرم کو روا رکھا میں تاریخ کی صرف ایک مثال پیش کروں گا اور پھر تقریر ختم کر دوں گا ۔ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ کا زمانہ تھا ۔ وہ خلیفہ دوم اور خلیفہ راشد تھے ۔ جن کے خاندان کے توسل کا مجھے بھی فخر اور شرف حاصل ہے ۔ وہ مدینہ کی گلیوں میں رات کے وقت ملک کے حالات کا جائزہ لینے کے لئے نکلے ہوئے تھے کہ ایک بوڑھی عورت کو انہوں نے دیکھا جو بیمار تھی اور فاقے سے تھی ۔ آپ نے اس سے کہا کہ (اسے معلوم نہیں تھا کہ وہ خلیفہ سے بات کر رہی ہے) آپ نے فرمایا کہ اے بوڑھی عورت اگر تمہاری یہ حالت تھی تو تم نے خلیفہ کی طرف کیوں رجوع نہیں کیا کہ وہ تمہاری اعانت کرتا تمہاری بیماری کے لئے دوا مہیا کرتا اور پیٹ کے لئے غذا مہیا کرتا تو اس عورت نے کہا کہ اگر خلیفہ وقت کو اس ملک کی رعایا کی خبر نہیں تو اس کو خلافت کرنے کا کیا حق ہے میں

کیوں اس کے پاس جاؤں ۔ خلیفہ کا فرض ہے ملک کے حاکم کا فرض ہے کہ اسے ملک کے ایک ایک کونے کا اور رعایا کے ایک ایک فرد سے با خبر ہونا چاہیئے ۔ اگر آپ یہ کہیں کہ آپ کو اس قسم کے حالات کی اطلاع نہیں تھی اگر آپ یہ کہیں کہ آپ کو لاہور اور کراچی اور اس کے آس پاس کی خبر نہیں ہے اگر آپ یہ کہیں کہ آپ کو ان بچوں کی خبر نہیں جو اغوا ہوئے تو میں کہتا ہوں کہ آپ کو حکومت کرنے کا حق نہیں ہے ۔ جب آپ حکومت کر رہے ہیں تو آپ پر فرض ہے کہ ملک کے لوگوں کے حالات سے واقف رہیں بغیر اس کے کہ وہ آپ کے پاس آئیں آپ کی سی ۔ آئی ۔ ڈی اور آپ کی ایڈمنسٹریشن کا اتنا بڑا عملہ جو گلی گلی اور سڑک سڑک موجود ہے ۔ یہ افسران و عمال حکومت کس مرض کی دوا ہیں ۔ یہ ان کا کام ہے کہ وہ معلومات فراہم کریں اور آپ کو ان حالات سے مطلع کریں جو ملک میں ہو رہے ہیں ۔

جناب والا ــ میں پھر عرض کرتا ہوں کہ نیت تنقید کی نہیں ۔ بلکہ میں آپ سے اصلاح کی اپیل کرتا ہوں ملک کے حالات دیکھ کر ہمارا دل دکھتا ہے ۔ آپ محلوں میں رہتے ہیں اور ہم اپنے بچوں کی زندگیاں محفوظ نہیں سمجھتے ۔ ہمارے بچے جب سکول جاتے ہیں تو ہمارے داؤں کو اطمینان نہیں ہوتا کہ وہ شام کو گھر صحیح سلامت لوٹ آئیں گے ۔ آج ملک کے ہر خاندان کا یہ حال ہے ۔ ہر شخص اپنے بچوں اور بچیوں کی زندگی اور عصمت کے بارے میں ڈر میں مبتلا ہے ۔ خوف میں مبتلا ہے ۔ گھر سے نکلتا ہے تو اسے اطمینان نہیں ہوتا کہ وہ صحیح سلامت گھر واپس آ سکیں گے یا نہیں ۔ راستہ میں کسی بس یا ٹرک کا نشانہ نہ ہو جائے ۔ یہ آپ کے ملک کے حالات ہیں ۔ جو آپ کو معلوم ہونے چاہئیں ۔ میں آپ کو بتاتا ہوں ۔ خدارا اس کی طرف توجہ دیجیئے اس قوم نے اپنا سب کچھ قوت و اختیار اپنے کھیت کا دانہ دانہ اور اپنی آمدنی کی پائی پائی آپ کے حوالے اس لئے کی ہے کہ آپ ملک کے اندر نظم و نسق قائم کریں ۔ آپ نظم و نسق کے ذمہ دار ہیں ۔ اگر آپ نہیں

کریں گے تو آپ دنیا کے سامنے جواب دہ ہیں اور یقین کیجیئے کہ خدا کی باز پرس سے آپ بچ نہیں سکیں گے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت (میاں محمد یاسین خان وٹو) ۔ جناب والا ۔ آج مجھے حقیقت میں تقریر کرنا نہیں تھی مگر ہوا یوں (مجھے امید ہے کہ اگر منور خان صاحب لابی میں ہوں تو وہ یہاں آ جائیں گے) ۔ ۔ ۔ ۔

سردار حاجی عطا محمد لنڈ ۔ ان کو معلوم ہے کہ آپ جھوٹ کہیں گے اس لئے وہ چلے گئے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا ۔ مجھے تقریر نہیں کرنا تھی مگر اس ایوان کے ایک فاضل ممبر نے میری مراد منور خان صاحب سے ہے صرف مخالفت کی وجہ سے ساری قوم کی عظمت پر حملہ کرنے کی کوشش کی ہے ۔ اگر وہ مجھے برا کہتے اگر وہ وزرا کو برا کہتے اگر وہ حکومت کی پارٹی کو برا کہتے تو ہم سنتے ہیں اور سن رہے ہیں اور اسے سن کر جواب دیتے ۔ لیکن یہ ناقابل برداشت ہے کہ کوئی شخص ساری قوم کی عظمت پر حملہ کرے اور وہ قوم جس نے اسلام کے نام پر قربانیاں دیں اور انگریزوں جیسی حکومت کا اور ہندوؤں جیسی مخالف قوم کا مقابلہ کر کے اور قربانیاں دے کر پاکستان حاصل کیا ۔ وہ قوم جس قوم نے اپنے کردار کی عظمت سے ابھی کل ہی اپنے بدترین دشمن اور اپنے سے زیادہ طاقتور دشمن کا مقابلہ کر کے اپنی عظمت کردار سے ان کو منہ توڑ جواب دیا ، جس قوم کے مجاہد میدان میں ڈٹ گئے اور اپنی زندگیاں قربان کر دیں لیکن پاکستان کی آن پر حرف نہیں آنے دیا ۔ میرے فاضل دوست اور اس ممبر نے ساری قوم کو corrupt کہا ہے یہ بات ناقابل برداشت ہے اور اسی بناء پر جناب والا مجھے آپ سے اجازت لینی پڑی ۔ اور میں یہ بھی بات عرض کر دوں کہ اس فاضل دوست نے اسمبلی سے انکار کیا کہ وہ ساری قوم پر اعتراض کر رہا ہے ۔ یہ قوم اپنے ساتھ عظمتیں لئے ہوئے ہے ۔ پاکستان کی آزادی پاکستان کا قیام اور آج پاکستان کی سالمیت اس

قوم کی عظمت اور اس قوم کے کردار کو ایک زندہ خراج تحسین ہے ۔ جو لوگ چاند پر تھوکتے ہیں وہ تھوک ان لوگوں پر پڑتا ہے ۔ جناب والا اگر کوئی چیز روشن ہو تو صرف اس کی روشنی کسی دوسرے شخص کی اندھی آنکھوں کو روشنی نہیں دے گی ۔ کسی چیز کو دیکھنے کے لئے آنکھوں میں کچھ نور کی ضرورت ہوتی ہے ۔ اس سے پیشتر کہ وہ نور کی دوسری چیز کو دیکھ سکیں ۔ میرے فاضل دوست کو ساری قوم corrupt نظر آتی ہے ان کی آنکھوں میں وہ نور نہیں ہے حالانکہ میرے فاضل دوست کا نام منور خان ہے جس نور سے وہ اس قوم کی عظمت کو دیکھ سکیں ۔ جناب والا ۔ یہ الزام بے پناہ قابل اعتراض ہے میں نے اس وقت بھی عرض کر دیا تھا اور مجھے اس وقت رسول کریم صلعم کی ایک حدیث یاد آ رہی ہے ۔ جب ایک شخص نے کہا ''ساری دنیا خراب ہے،، آپ نے کہا ٹھیک ہے دوسرے نے کہا ۔ ساری دنیا ٹھیک ہے آپ نے کہا ہاں ٹھیک ہے پھر اس نے کہا کچھ لوگ ٹھیک ہیں آپ نے اس کے جواب میں کہا ''ہاں ٹھیک ہے،، اس کے بعد اصحاب نے پوچھا کہ '' اے حضرت آپ نے ہر ایک کے جواب میں ''ہاں،، کہا ہے آپ نے اس کے جواب میں فرمایا ''ہر ایک اپنی ذات کا اظہار کر رہا ہے ۔ ہر شخص آئینہ میں اپنے آپ کو دیکھ سکتا ہے،، ۔ اگر میرے فاضل دوست خود corrupt ہیں تو اس ہاؤس کو کوئی اعتراض نہیں ہے وہ اپنے ذہن کے آئینہ دار ہیں اور اس سے اس ہاؤس کی عظمت کو کوئی نقصان نہیں پہنچ سکتا ۔

پھر جناب والا ۔ میں نے خاص طور سے ان سے یہ بھی پوچھا کہ کیا آپ خود بھی ان میں شامل ہیں تو انہوں نے کہا کہ ہاں میں بھی شامل ہوں ۔ کم سے کم انہوں نے ساری قوم کو corrupt کہنے سے پہلے اپنی خود اصلاح فرمائی ہوتی پھر قوم پر اعتراض کرتے ۔ ساری قوم کو corrupt کہنے سے تو یہ مطلب ہے کہ اس قوم میں فاروقی صاحب بھی آ جاتے ہیں ۔ اس قوم میں حمزہ صاحب بھی آ جاتے ہیں ۔ اس قوم میں حاجی صاحب بھی

آ جاتے ہیں اسمیں مجاہد بھی آ جاتے ہیں - اسمیں عالم بھی آ جاتے ہیں - اسمیں فاضل بھی آ جاتے ہیں - جناب والا - ہر قوم کے افراد میں کمزوریاں ہوتی ہیں - یقیناً ہم میں بھی کمزوریاں ہیں ہم انکو رفع کر سکتے ہیں اور انکو دور کر سکتے ہیں - اور دور کرنے کی کوشش کرتے ہیں ہم نے کبھی نہیں کہا کہ ہم میں کوئی کمزوری نہیں ہے - اور ہماری حکومت اور ہمارے افسران میں ہر ایک چیز ٹھیک ہے وہ بالکل معیاری ہیں - اسی طرح ساری قوم میں کچھ نہ کچھ کوتاہیاں ہیں اور ہم انکی اصلاح کی کوشش کر رہے ہیں اور کوشش کرتے رہے ہیں - لیکن میرے فاضل دوست نے یہ کہہ کر ساری قوم کو ناراض کیا ہے میں سمجھتا ہوں کہ نہ صرف انہوں نے ساری قوم پر بلکہ اپنی ذات پر بھی وہ ظلم کیا ہے اور اس چیز کا انہیں احساس ہونا چاہئے - مجھے پاکستان کا شہری ہونیکی حیثیت سے بیحد احترام ہے اور پاکستان کے شہریوں کا نمائندہ ہونے کی حیثیت سے بیحد احترام ہے اور یہاں جو حزب اختلاف کے حضرات ہیں - انہوں نے بھی سنا ہے انکو قوم نے اپنا نمائیندہ منتخب کیا اس حیثیت سے بھی مجھے بیحد احترام ہے - لیکن کسی بات میں جب حدود کو اور تناسب کی حدود کو اس طریقہ پر عبور کیا جائے اور سچی جھوٹی او غلط صحیح بات کے احترام کو نظر انداز کر دیا جائے تو اس شخص کا احترام کم ہو جاتا ہے اور اس شخص کی ذات کا بھی احترام کم ہو جاتا ہے -

جناب والا — انہوں نے فرمایا ''مجھے دو باتیں یاد آ رہی ہیں،، ایک چیز انہوں نے یہ فرمائی کہ بنیادی جمہوریت کے ممبر خراب ہیں - بنیادی جمہوریت کے ممبر corrupt ہیں انہوں نے کوئی استثنیٰ نہیں کیا یہ لوگ P. W. D. بچے ہیں یہ لوگ خراب ہیں - میں عرض کرتا ہوں کہ ان ہی لوگوں کا نمائیندہ بننے کیلئے میرے فاضل دوست نے اپنے آپ کو پیش کیا ہے اور انکا نمائیندہ ہونے کی حیثیت سے وہ یہاں موجود ہیں میری سمجھ میں یہ بات نہیں آتی کہ جو شخص ان لوگوں

کا نمائیندہ ہو کر یہاں آئے وہ انکو بچہ سمجھتا ہے - انکو corrupt سمجھتا ہے انکو خراب سمجھتا ہے تو میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ حکومت کی طرف سے ان پر کوئی دباؤ نہیں ڈالا گیا کہ وہ اس قسم کا انتخاب ضرور لڑیں - انہوں نے اپنے آپ کو خود پیش کیا اور جہاں تک میرے علم کا تعلق ہے شائد nomination paper پر یہ اندراج ہوتا ہے کہ وہ ممبر صاحب خود اپنی مرضی سے انتخاب لڑ رہے ہیں انہوں نے انتخاب لڑا اور اسکے بعد مقدمہ بھی لڑا تو کیا انہوں نے ان لوگوں کو بچہ سمجھا تھا انکو خراب سمجھا تھا انکو corrupt سمجھا تھا جنکا نمائیندہ ہونیکی حیثیت سے آج انکو یہ اعزاز حاصل ہوا اور آج اس ایوان کا ممبر ہونیکا اعزاز حاصل ہوا -

جناب والا - انہوں نے ایک یہ بات کہی کہ ایک ڈپٹی کمشنر نے رورل ورکس پروگرام کے تحت کسی شخص کو ۱۶-ہزار روپے کی کار لیکر ایک pond یا تالاب دے دیا - جناب والا - اول تو اتنے عرصہ اور اتنی اہم خبر کو رکھکر انہوں نے اپنے فرائض سے کوتاہی کی ہے - لیکن اگر وہ اسکے بارے میں اطلاع دیں تو میں حکومت کی طرف سے یقین دلاتا ہوں - کہ ہم اس شخص کے خلاف سخت سے سخت کارروائی کریں گے اگر یہ بات درست ثابت ہو گئی لیکن یہ بات کہتے ہوئے مجھے ایک واقعہ یاد آ رہا ہے جس دن میرے فاضل دوست نے اس ایوان میں ہمارے وزراء میں سے ایک معزز وزیر پر ذاتی حملہ کیا تھا اور یہ جانتے ہوئے کہ یہ جو حملہ کر رہے ہیں وہ ذاتی مخالفت کی بنا پر ہے حقائق کی بنا پر نہیں ہے بہر حال انہوں نے حملہ کیا اور دوسرے دن ہی اس ایوان میں انہیں اس بات کا اقرار کرنا پڑا کہ میں نے غلط اعتراض کیا تھا اور کہا کہ میں اسکو واپس لیتا ہوں -

سردار حاجی عطا محمد ــ پوائنٹ آف آرڈر

جناب سپیکر ۔ جب ہم قومی اور ملکی مسائل پیش کر رہے تھے تو آپ نے ہم کو ٹائم نہیں دیا اور منسٹر صاحب نے ایک لفظ پر ۱۰ منٹ لگا دئیے ہیں ۔

**Mr. Deputy Speaker** This is no point of order.

وزیر بنیادی جمہوریت ــ جناب والا ۔ اس ایوان میں اس سے پیشتر جس بات کا انہوں نے مظاہرہ کیا تو وہ دیدہ و دانستہ طور پر جانتے ہوئے بھی ایک غلط بات فرما گئے دوسرے دن انہوں نے اس غلط بات کو تسلیم بھی کیا ۔ تو اس ایوان کی کارروائی اس بات کا ثبوت ہے اس بات کی دلیل ہے کہ مجھے یہ خدشہ پیدا ہوتا ہے کہ یہ بات بھی کہیں ہمارے مخالفین کی وجہ سے انہی آرزوؤں کی حامل تو نہیں ہے جنکا وہ اس سے پیشتر مظاہرہ کر چکے ہیں ۔ جناب والا ۔ ایک اور چھوٹی سی بات میں وضاحت سے پیش کر دوں ۔ ہمارے قائد ایوان اس سلسلہ میں فرمائیں گے کہ مجھے اس بات سے کہ کردار اور گفتار میں جو تضاد ہے ظاہر ہو رہا تھا جب میرے فاضل دوست بڑے فخر سے یہ فرما رہے تھے کہ پارٹی میٹنگ میں میں نے کریمنل لا امنڈ منٹ بل کی مخالفت کی تھی ۔ لیکن جناب والا ۔ جہاں تک مجھے یاد ہے اس ایوان کی کارروائی اس بات کا ثبوت ہے کہ میرے فاضل دوست نے کریمنل لا امنڈ منٹ بل کو یہاں سپورٹ کیا تھا اور اس کے خلاف کوئی ووٹ نہیں دیا تھا اس کے خلاف کوئی آواز نہیں اٹھائی تھی ۔ مجھے تو یہ خدشہ ہے کہ ان کے گفتار اور کردار کے اس تضاد نے کہیں ان کی آنکھوں کا نور ہی نہ سلب کر لیا ہو جو قوم کی عظمت کردار کو دیکھ سکے ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔ (تالیاں)

وزیر مال (خان حبیب اللہ خان)ــ صدر محترم۔ وقت بہت تھوڑا ہے۔ باتیں بہت ہیں ۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک بڑھیا اپنا بچہ لیکر آئی اس نے کہا کہ یا رسول اللہ میرے بچے کے دانت خراب ہیں

دوا دیدیجئے کہ دانت خراب نہ ہوں ۔ فرمانے لگے کہ کل لے آنا ۔ میں دعا کروں گا ۔ دوسرے دن وہ بڑھیا اپنے بچے کو لے آئی ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی—پوائنٹ آف آرڈر جناب ۔ یہ بات جو آپ فرما رہے ہیں یہ کسی بزرگ کے بارے میں ہے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق نہیں ۔ میرا یہ پوائنٹ آف آرڈر ہے ۔

وزیر مال—جماعت اسلامی نے وہ سنا ہو گا میں نے تو یہی سنا ہے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی—سننے کی بات نہیں ۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے متعلق جو بات ہو وہ صحیح کہنی چاہئیے ۔ ہو سکتا ہے کہ غلطی سے آپ غلط بات کہہ گئے ہوں اصلاح اگر ہو جائے تو کوئی مضائقہ نہیں ۔

وزیر مال—تو وہ فرمانے لگے کہ کل آئیے ۔ جب وہ دوسرے دن گئی تو کہنے لگی کہ آپ کل بھی یہ چیز فرما سکتے تھے ۔ تو انہوں نے فرمایا کہ بڑھیا کل میں نے خود گڑ کھایا ہوا تھا ۔ یہ مجھے مناسب معلوم نہیں ہوا کہ جب میں نے خود گڑ کھایا ہوا تھا اور میں تیرے بچے کے لئے کہوں کہ گڑ مت کھائے ۔ تو مقصد اس میں یہ تھا کہ جو شخص خود کوئی عمل نہ کرے اور اس کے لئے دوسروں کو سمجھائے تو ان پر کوئی اثر نہیں ہوتا ۔ اثر دوسرے پر تب ہی ہو سکتا ہے کہ وہ خود گڑ نہ کھائے ۔ اگر آپ نے خود گڑ کھایا ہے تو آپ مجھے گڑ کھانے سے منع نہیں کر سکتے ۔ مسٹر منور خان کی بابت میں چھوٹی سی بات کر دیتا ہوں ۔ مجھے اس بحث میں نہیں جانا کہ انہوں نے کیا کہا اچھا کہا یا برا کہا۔ انہوں نے دو تین سنگین الزامات لگائے ۔ اور خاص کر ایک ڈپٹی کمشنر پر انہوں نے واضح الزام لگایا کہ انہوں نے پندرہ ہزار روپیہ کی ایک کار فلاں شخص سے لی ۔ ۱۶ ہزار روپیہ انہوں نے تالاب بنانے کے دیئے ۔ یہ بہت سنگین الزام ہے ۔ جب انہیں بتایا گیا کہ

آپ اس قدر سنگین الزامات لگا رہے ہیں ممکن ہے کہ آپ خود بھی اسی طرح ہوں - پھر چند منٹوں کے بعد وہ جاتے ہیں تو وٹو صاحب نے کہا کہ میں نے آپکے الزامات کا جواب دینا ہے آپ تشریف رکھئیے تو انہوں نے (یعنی منور خان نے) کہا کہ میں سگریٹ پی کر واپس آتا ہوں - وہ سن رہے ہونگے یہ بات اگر نہیں تو ان تک یہ بات پہنچا دیجائیے - انہوں نے کہا کہ میں سگریٹ پی کر واپس آ رہا ہوں - صاحب صدر میں آپکی وساطت سے اس ایوان کے محترم ارکان سے اور خاص کر مخالف ممبران سے دریافت کرتا ہوں کہ کیا وجہ ہے کہ اتنے سنگین الزامات لگا کر وہ جواب کے لئے نہیں بیٹھ سکے اور چلے گئے اور ان میں یہ جرات نہ تھی - یہ حوصلہ نہ تھا کہ وہ یہاں بیٹھ کر ان الزامات کا جواب سنتے اور وہ بھاگ گئے - تو آپ خود اس سے نتیجہ نکالیں - میں آپ ہی کے انصاف پر چھوڑ دیتا ہوں - آپ ہی خود فیصلہ کیجئیے کہ ان کے ایسے الزامات میں کہاں تک صداقت اور سچائی ہے اور اصلیت کیا ہے آپ خود نتیجہ نکال سکتے ہیں - یہ تو محض عقل کی بات ہے اس پر کوئی لمبی چوڑی تقریر کرنے کی ضرورت نہیں - آپ خود اس کا نتیجہ نکالیں - صدر محترم - میرے لئے ہر ایک الزام کا جواب دینا ناممکن ہے - ۳۰/۴۰ منٹ کیا کچھ ہو سکتا ہے اس کے لئے تو کئی دن چاہئیں - میں مختصر طور پر عرض کرتا ہوں - اس طرف سے یہ کہا گیا ہے کہ آج کل پاکستان میں ہر طرف جرائم میں اضافہ ہو رہا ہے اور واردات ہی واردات ہو رہی ہے - لوگ قتل کئے جا رہے ہیں - ڈکیتیاں - چوریاں راہزنیاں - بچوں کا اغوا - سمگلنگ - ذخیرہ اندوزی - black marketing چور بازاری اور بدامنی ہے اور واردات پر واردات ہے - مختصراً یہ کہ اندھیرا ہی اندھیرا ہے - پاکستان میں رہنے والے اگر یہ باتیں سنیں تو ان کو یہ گمان گزرے کہ یہاں تو اندھیرا ہی اندھیرا ہے اور یہ اس قابل نہیں ہے کہ یہاں کوئی رہے لیکن آفتاب آمد دلیل آفتاب - آپ خود دیکھیں کہ پاکستان میں کیا ہو رہا ہے - جن کو خدا نے نہ بصارت دی ہے نہ بصیرت دی ہے وہ کچھ

نہیں دیکھ سکتے ان کو تو اندھیرا ہی اندھیرا نظر آتا ہے بلکہ میں کہتا ہوں کہ وہ اندھیرا بھی نہیں دیکھ سکتے -

سردار حاجی عطا محمد لنڈ۔پوائنٹ آف آرڈر۔ مجھے قائد ایوان کے لئے بہت احترام ہے - میں ان سے استدعا کروں گا کہ وہ ایک دن جنگل میں جا کر بسیں پھر کہیں کہ ہم صحیح کہتے ہیں یا غلط -

مسٹر ڈپٹی سپیکر۔حاجی صاحب آپ تشریف رکھیں یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے -

وزیر مال۔صدر محترم۔ وہ کون سا زمانہ تھا جس میں وارداتیں نہیں تھیں - جرائم نہیں تھے - وہ کون سے ملک ہیں جہاں جرائم نہیں ہیں آپ تو اس اخبار کے وسیلے پر زندہ ہیں ان اخباروں کو دیکھ کر آپ زندہ ہیں -

مسٹر حمزہ۔اسی لئے تو آپ انہیں ختم کرنا چاہتے ہیں -

رانا پھول محمد خان۔ہر گز نہیں -

وزیر مال۔تو وہ کون سا ملک ہے جس میں جرائم اور وارداتیں نہیں ہوتیں - آپ اپنے پڑوسی ملک بھارت کو دیکھئے کہ وہاں کیا ہو رہا ہے - آپ اپنا مقابلہ اپنے پڑوسی سے کیجئیے اور ملکوں سے کیجئیے اور مجھ سے نہ پوچھئیے بلکہ کسی غیر جانب دار شخص سے پوچھ لیجئے کہ اس کی پاکستان کے بارے میں کیا رائے ہے اور وہ کس طرح ترقی کی راہ پر گامزن ہے جبکہ بھارت میں آپ دیکھ رہے ہیں آپ اخبارات میں پڑھ رہے ہیں - آپ اخبارات کی وہ چیزیں تو پڑھ لیتے ہیں کہ فلاں جگہہ راہزنی ہوئی - جب ہندوستان کی بابت کہا جاتا ہے تو آپ اپنی آنکھیں بند کر لیتے ہیں - بھارت کے ساتھ جنگ کے دنوں میں بھارت میں غلے اور دوسری اشیاء کے نرخ کہاں سے کہاں تک چلے گئے تھے اور برعکس اس کے آپ کے ملک کی اشیاء کے نرخ کم ہوئے اور زیادہ نہیں ہوئے

(تحسین) ۔ آپ ذخیرہ اندوزی بلیک مارکیٹنگ اور سمگلنگ کی بات کرتے ہیں ۔ کیا آپکو معلوم نہیں کہ آپکے غلے کی قیمتوں میں اور دیگر اشیائے زندگی کی قیمتوں میں ایک پیسے کا اضافہ نہیں ہوا ۔

سردار حاجی عطا محمد لنڈ۔پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب ٹائم بہت کم ہے ۔

**Minister of Revenue : If his point of order is declared to be out of order then he should be expelled from the House. He is interrupting the proceedings.**

مسٹر ڈپٹی سپیکر۔حاجی صاحب آپکا پوائنٹ آف آرڈر کیا ہے ۔

سردار حاجی عطا محمد لنڈ۔جناب سپیکر ۔ میرا پوائنٹ آف آرڈر یہ ہے گو وقت بہت تھوڑا ہے ۔ بدامنی پر بہت بحث ہوئی ہے اس لئے میں وزیر مال صاحب کی خدمت میں عرض کروں گا آپ کی معرفت کہ وہ بدامنی کی وضاحت فرمائیں ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر۔حاجی صاحب آپ خواہ مخواہ بیچ میں مت کھڑے ہوں ۔ یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے ۔

وزیر مال۔وہ فرمانے لگے کہ کیا برائی ہے ۔ نظم و نسق میں کیا خرابی ہے انتظامیہ میں کیا خرابی ہے ۔ اس طرف سے دو متضاد باتیں ہوئی ہیں بعض اراکین نے کہا ہے ۔ کہ انتظامیہ سیاسی رہنماؤں کو کنٹرول کرتی ہے سیاسی رہنما اسے کنٹرول نہیں کرتے ۔ دوسری طرف کہا جاتا ہے کہ سیاسی رہنما انتظامیہ کو کنٹرول کر کے اپنے مفاد کے لئے استعمال کرتے ہیں ۔ یہ بھی کہا گیا ہے ۔ محترم فاروقی صاحب نے فرمایا ہے ۔ کہ سیاستدان انتظامیہ کو اپنی اغراض کے لئے استعمال کرتے ہیں انہوں نے حال کے کراچی کے الیکشن کے متعلق فرمایا کہ ووٹر اندر سے پرچیاں باہر لا کر پیسے لے کر دوسروں کے حوالے کر دیتے تھے اور وہ جا کر پرچیاں ڈالتے تھے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی—میں نے ''پیسے لے،، کر نہیں کہا ۔

وزیر مال—اس میں قصور کس کا ہے حکومت کا ہے یا آپکا ۔ آپ کی جماعت اسلامی نے اسلام کے نام پر قوم کا بیڑا اٹھایا ہے ۔ آپ نے قوم کی کیا اصلاح کی ہے ۔ آپ مجھے بتائیں یہ تو حکومت کا کام نہیں یہ تو جماعت اسلامی کا کام ہے ۔ بقول منور خان اگر تمام قوم بددیانت ہو جائے تو اس میں ذمہ داری کس کی ہے ۔ وہ آپ کی جماعت اسلامی کی ہے ۔ مجھے بتائیے یہ دعویٰ کہ ہم مسلمانوں کی اصلاح کرتے ہیں ۔ جہاں تک ہماری انتظامیہ کا تعلق ہے ہم اپنا فرض ادا کر رہے ہیں ۔ مگر آپ نے اپنا فرض ادا نہیں کیا (تالیاں) افراد سے قوم بنتی ہے ۔ افراد سے معاشرہ بنتا ہے اگر افراد کا اخلاق خراب ہے تو معاشرہ بھی خراب ہو گا ۔ وہ کبھی ٹھیک نہیں ہو سکتا ۔ اگر معاشرہ خراب ہو تو اس کی ذمہ داری حکومت کی نہیں ہو سکتی پھر آپ نے یہ کہا ہے حکومت انتخابات میں دخل دیتی ہے ۔ میں آپ کو بتاتا ہوں کہ دخل کا کیا مطلب ہے اور انتخابات میں آپ کی انتظامیہ اور میرا مطلب اس انتظامیہ سے ہے جو مارشل لا' سے پہلے کی تھی میں آپ کو بتاتا ہوں کہ دخل کس کو کہتے ہیں (قطع کلامیاں اور شور) دخل اسے کہتے ہیں فاروقی صاحب سنیئے ۔

"As a result of the poll held on the 10th of May 1958, for the election of one member to the Provincial Assembly of West Pakistan from Constituency No. 43 Tribal Area adjoining Hazara and Mardan districts, I, Khan Zafar Ali Khan, the Returning Officer, hereby declare the following person to be duly elected to the Provincial Assembly of West Pakistan from the said area namely—

Muhammad Yusaf Khan Khattak..... ...

یہ آپ کے حزب مخالف کا لیڈر رہ چکا ہے جب انہیں تمام پاکستان میں کسی جگہ سے اپنے آپ کو منتخب کرانے کی کوئی امید نہ رہی ۔ تو آپ کی انتظامیہ نے یا آپ کی حکومت نے اس لئے آپ قبائلی علاقہ میں ایک سیٹ خالی کرا کے وہاں سے انہیں منتخب کرایا ۔ (تالیاں) اسے دخل دینا کہتے ہیں ۔ سنیئے اور سنیئے میں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ الیکشن میں دخل

کس کو کہتے ہیں یہ بات کیا ہوئی کہ آپ کہیں اور دوسرا انکار کرے کون فیصلہ کرے بات وہ ہوتی ہے کہ ایک کرے اور دوسرا انکار نہ کر سکے ایک الزام لگائے اور دوسرا انکار کی جرات نہ کرے ۔

خان اجون خان جدون۔میں اس الیکشن کا آنکھوں دیکھا حال بتا سکتا ہوں میں بھی اس میں امیدوار تھا ۔

مسٹر حمزہ۔شیخ مسعود صادق صاحب اس حکومت میں وزیر تھے ان سے بات کیجئیے ۔

وزیر خزانہ (شیخ مسعود صادق)۔ان دنوں قبائلی علاقہ منٹر کی تحویل میں تھا صوبہ کے ماتحت نہ تھا ۔

رانا پھول محمد خان۔جناب والا ۔ جب ایک ممبر کسی ممبر یا وزیر کا نام لے کر براہ راست اس کے متعلق کچھ کہے تو انہیں جواب دینے کی اجازت ہونی چاہئیے (شور قطع کلامیاں) ۔

**Mr. Deputy Speaker . Order please, let the House be in order.**

وزیر مال۔اب ایک اور مثال سنئیے کہ آپ کی حکومت نے الیکشن میں کیسے دخل دیا ۔

> "As a result of the election held on the 19th January, 1956 for the Election of Members from Swat State to the Interim Provincial Assembly of West Pakistan, I, Abdul Latif Returning Officer hereby declare the following persons to be duly elected as members to the interim Provincial Assembly of West Pakistan from Swat State : Doctor Khan Sahib Utmanzai....."

یہ آپ کی کارروائی ہے ۔ ہماری کارروائی نہیں ۔ الیکشن میں دخل اسے کہتے ہیں ایک شخص کے متعلق پہلے فیصلہ کر لیا کہ اسے منتخب کرنا ہے وحدت مغربی پاکستان کے بعد پہلے اسے چیف منسٹر بنایا ۔ پھر اسے منتخب کرایا آپ کو ضرورت پڑی سوات میں سے اسے منتخب کرانے کو تمام مغربی پاکستان میں اس کے لئے منتخب ہونے کی جگہ نہیں ہے ۔

مسٹر حمزہ—پوائنٹ آف آرڈر جناب ۔ جناب سپیکر۔ آپوزیشن کی تعداد تین ہے ۔ ان میں سے کوئی بھی سابق حکمران پارٹی کا نہیں ۔ اس طرف چار سابق ڈپٹی منسٹر اور دو سابق منسٹر بیٹھے ہیں ایک کو منسٹری سے علیحدہ کر دیا گیا ہے ۔ یہ وہ حضرات ہیں جو مسلم لیگ یا ری پبلیکن پارٹی کے زمانہ میں عہدے دار رہے ہیں ۔ یہ باتیں ان سے کہنی چاہئیں ہم سے ان کا کیا واسطہ ؟ (شور اور قطع کلامیاں)

مسٹر ڈپٹی سپیکر—یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ۔
(شور اور قطع کلامیاں)

مسٹر محمد ہاشم لاسی—پوائنٹ آف آرڈر ۔ اس ہاؤس میں یہ پریکٹس رہی ہے کہ ہمارے محترم دوست جو آپوزیشن سے تعلق رکھتے ہیں ان حضرات کو جس قدر وقت وہ چاہتے ہیں انکو تقاریر کے لئے دیا گیا ہے ۔ جہاں تک آج کی بحث کا تعلق ہے یہ جنرل ایڈمنسٹریشن پر ہے ۔

**Mr. Deputy Speaker** : What is the point of order ? Come to that.

**Mr. Muhammad Hashim Lassi** : I am just coming to that.

تو ہر ایک شخص کا حق تھا کہ وہ officials پر نکتہ چینی کرے ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر—آپ تشریف رکھیں ۔

رانا پھول محمد خان—پوائنٹ آرڈر ۔ جناب مسٹر حمزہ نے کہا ہے کہ یہاں ایوان میں ری پبلیکن پارٹی کے ڈپٹی منسٹر ہیں۔ - - - -

**Mr. Deputy Speaker** : That is not a point of order. I would request the House not to interrupt the proceedings. We have very little time at our disposal. I want complete Order in the House.

وزیر مال — میں انکو اتنا بتا دوں کہ

It is a game in which both sides can play.

اگر آپ اعتراض کرکے اس کا جواب نہیں سننا چاہتے ہیں تو اس سے یہ نتیجہ نکلے گا کہ آپ کے اعتراض میں کوئی جان نہیں ہے ۔ وہ اعتراض برائے اعتراض کیا گیا ہے۔ جواب سننے کیلئے اعتراض نہیں کیا گیا ہے ۔ اگر آپ کی جواب سننے کی مرضی نہیں ہے تو ہم بھی یہ کر سکتے ہیں کہ آپ کو ایک منٹ کیلئے نہیں بولنے دینگے ۔ ہم شرافت سے کام لیتے ہیں اور ہم کچھ نہیں کہتے ۔ (ہئیر ۔ ہئیر)

جناب والا ۔ میں موٹی موٹی باتیں بتاؤں گا ۔ میں ایک اور بات بتائے دیتا ہوں ۔ وہ یہ ہے کہ کبھی کسی زمانے میں انہوں نے گورنر جنرل مقرر کرنا تھا ۔ جن کا نام سکندر مرزا تھا ۔ سکندر مرزا کو کہاں سے منتخب کرایا ۔ دولتانہ نے اس کا نام propose کیا اور سوات سے انکو منتخب کرایا پہلے وہ وزیر بنے اور اسکے بعد انہیں گورنر جنرل بنایا گیا ۔ (قطع کلامیاں) عوام نے انکو منتخب نہیں کیا تھا (قطع کلامیاں اور شور)

**Mr. Deputy Speaker : The time of the House is extended upto 12-45 p.m.**

وزیر مال ۔ دنیا کو یہ معلوم ہو جائے کہ انتخابات میں مداخلت کس کو کہتے ہیں ۔ اور ہم نے کونسی مداخلت کی ہے ۔ یہ غلط بات ہے کہ حکومت نے انتخابات میں مداخلت کی ہے ۔ اگر حکومت انتخابات میں مداخلت کرتی تو حمزہ صاحب یہاں نہ بیٹھے ہوتے (قطع کلامی اور شور) اگر حکومت انتخابات میں مداخلت کرتی تو خان بہادر حافظ حبیب اللہ صاحب کو منتخب کرا لیتی ۔ پارٹی نے حافظ حبیب اللہ کو ٹکٹ دیا تھا اور وہ منتخب نہ ہو سکے اگر حکومت مداخلت کرتی تو وہ منتخب ہو جاتے ۔ (قطع کلامیاں)

وزیر ریلوے ۔ جناب والا ۔ میں آپ کی وساطت سے آپوزیشن کے ممبران سے درخواست کرتا ہوں کہ جب تقریر ہو رہی ہو اور لیڈر آف دی ہاؤس بول رہے ہوں تو مداخلت نہیں کرنی چاہیے ۔ اگر ہماری طرف

سے مداخلت ہوئی تو ان کے لئے بولنا مشکل ہوجائیگا ۔ میں دوبارہ عرض کرتا ہوں کہ آپ اسکے متعلق ایکشن لیں ۔

**Mr. Deputy Speaker :** I would appeal to the Opposition to be patient as the Government Party was when they were making speeches.

**Minister of Revenue :** I assure you that this appeal would be falling on deaf ears.

صدر محترم ۔ میں عرض کر دوں کہ رشوت کی بابت بہت کچھ کہا گیا ہے اس کے متعلق گذارش یہ ہے کہ اگر رشوت کے معاملہ میں انتظامیہ نے کوئی کمی کی ہو ۔ اگر رشوت لینے اور دینے والے کو انتظامیہ نے چھوڑ دیا ہو انہوں نے اس شخص کے خلاف کوئی رپورٹ نہ درج کی ہو اس شخص کے خلاف کوئی کارروائی نہ کی گئی ہو تو اس کی ذمہ داری ہم لے سکتے ہیں ۔ لیکن ان کو یہ فرق کرنا چاہیے کہ اگر انتظامیہ لوگوں کو گرفتار کرے ۔ ان کے برخلاف تفتیش کرے اور ان کا عدالت میں چالان کر دے اسکے بعد وہ عدالت سے رہا ہو جائیں تو اس کی ذمہ داری کس پر آتی ہے میں اعداد و شمار سے آپکو بتا دینا چاہتا ہوں ۱۹۵۹—۶۰ کے اعداد و شمار میرے پاس موجود ہیں لیکن میں پچھلے دو تین سال کے اعداد و شمار پیش کرتا ہوں ۔

| | | Gazetted Officers. | Non Gazetted Officers. |
|---|---|---|---|
| No: of cases and enquiries pending disposal at the beginning of the year. | 1963-64 | 232 | 1485 |
| | 1964-65 | 284 | 2097 |
| No. of cases and enquiries taken up during the year. | 1963-64 | 150 | 1056 |
| | 1964-65 | 150 | 998 |
| Total number of cases and enquiries dealt wi h during the year. | 1963-64 | 2933 | |
GAZETTED AND NON- GAZETTED POSTS HELD BY RESIDENTS OF HYDERABAD AND KHAIRPUR DIVISION IN HEADQUARTERS OFFICE OF WEST PAKISTAN INDUSTRIAL DEVELOPMENT CORPORATION

*3328. **Mr. Muhammad Bakhsh Khan Narejo**: Will the Parliamentary Secretary, Industries and Commerce, be pleased to state:—

(a) the number of Gazetted and non-Gazetted posts held by residents of Hyderabad and Khairpur Division in the headquarters office of the West Pakistan Industrial Development Corporation;

(b) whether Government have fixed any quota on Divisional basis for appointment in the said office; if so, the percentage fixed for said Divisions ?

**Parliamentary Secretary** (Khan Mukarram Khan): The requisite information for reply to this questio n is being collected from the quarter concerned and will be supplied on the next turn.

---

INSTALLATION OF A SUGAR MILL IN MONTGOMERY DISTRICT

*3345. **Rao Muhammad Afzal Khan** : Will the Parliamentary Secretary, Industries be pleased to state whether it is fact a that Government have a scheme to install a sugar mill in Montgomery District; if so, the time by which the said scheme will be implemented?

**پارلیمنٹری سیکرٹری** (خان مکرم خان) ۔ جی نہیں ۔

UNIFICATION OF MUNICIPAL WORKS RULES

*3348. **Khan Ajoon Khan Jadoon** : Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that the N. W. F. P. Municipal Works Rules, 1940 are still in force in former N.W.F.P. region;

(b) whether it is a fact that the Government of West Pakistan had drafted the unified Municipal Works Rules for whole of West Pakistan, but the said rules have not so far been enforced;

(c) if answer to (a) and (b) above be in the affirmative, whether Government intend to enforce the Unified Municipal Works Rules; if so, by what date; if not, reasons therefor?

**Minister of Basic Democracies and Local Government** (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo): (*a*) Yes.

(b) Yes.

(c) The draft rules have been circulated to all Municipal Committees for their comments and the rules will be finalised within the next three months or there about in the light of the comments received from Municipal Committees.

---

## ADJOURNMENT MOTION

RE: STATEMENT OF MR. RAZA ALI ABOUT THE ELECTROCUTION OF HIS WIFE & THREE SONS IN SHADI LAL BLDG. QUARTERS, LAHORE.

**Mr. Speaker** : There is a notice of an adjournment motion by Malik Muhammad Akhtar. The Member may ask for leave to move his motion.

**Malik Muhammad Akhtar** : Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the

statement of Mr. Raza Ali, an unfortunate person, who has lost his wife and three sons due to leakage in main electric wires on 21.6.1966 at Shadi Lal Building Quarters, Lahore.

In a statement published this morning in Local News papers Mr. Raza Ali has emphatically contradicted the statement issued by WAPDA Officers to the effect that the deceased have lost their lives due to leakage in the internal electric wires and not that of main wires. He has also denied that any enquiry has been held by WAPDA Officers on the spot. The contradiction made by the unfortunate aggrieved person has made the situation more grave and the minds of the public of West Pakistan have been perturbed thereby.

**Minister of Power** (Malik Khuda Bakhsh) : I oppose Sir.

**مسٹر سپیکر** ۔ ملک اختر صاحب اس ایڈ جرنمنٹ موشن میں جو چیز آپ discuss کرنا چاہتے ہیں وہ یہ بیان کی گئی ہے کہ آپ اس statement کو discuss کرنا چاہتے ہیں ۔

How the Government is responsible for the statement of Raza Ali?

**ملک محمد اختر**۔ جناب والا ۔ یہ واقعہ ۲۱ جون کو ہوا ہے۔ ہماری حکومت کی طرف سے جو وضاحتی بیان آیا ہے اسی پر اکتفا کرتے ہوئے یہ اندازہ لگایا تھا کہ جو کوارٹرز ہیں یہ ان کا داخلی معاملہ ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

**مسٹر سپیکر** ۔ کیا آپ محکمہ کے ایکشن ۔ غفلت اور کوتاہی کو ٹسکس کرنا چاہتے ہیں ؟

**ملک محمد اختر**۔ جناب والا ۔ If I am allowed to explain ہم نے محکمہ کی اس سٹیٹمنٹ پر اکتفا کیا کہ یہ واقعی داخلی مسئلہ ہے ۔ لیکن آج جبکہ aggrieved person نے کہا ہے کہ جو سٹیٹمنٹ محکمہ نے دی ہے

اس میں محکمہ نے غلط بیانی کی ہے aggrieved person کی سٹیٹمنٹ کو refer کرتے ہوئے میں محکمہ کے ایکشن ۔ محکمہ کی negligent اور محکمہ کی mis-statement کو ڈسکس کرتا ہوں ۔ اس میں محکمہ نے contradictory statement دی ہے۔ جو میرے پاس سٹیٹمنٹ موجود ہے اس کے متعلق میں عرض کرنا چاہتا ہوں ۔

**Mr. Speaker:** But the Government or a Government department is always responsible for its own action or negligence, and not for the negligence of a particular person.

**Malik Muhammad Akhtar :** There are three negligences on the part of the Government.

**Mr. Speaker:** As the adjourment motion has been worded, the member has no where mentioned the negligence of the Government.

**Malik Muhammad Akhtar:** I want to discuss the contradictory statement of Mr. Raza Ali which has got three parts.

**Mr. Speaker:** Government is not responsible for the statement of Mr. Raza Ali.

**Malik Muhammad Akhtar:** That is the action of the Government officer and this statement depicts and magnifies it. It gives the correct picture of the negligence of the Government Department.

**Mr. Speaker:** The member can very well refer to the statement of Mr. Raza Ali but,invariably, an adjournment motion is always tabled against the action or the negligence of the Government.

**Malik Muhammad Akhtar:** This motion is definitely against the negligence of WAPDA Department. Not only against the Government Department but also concerning the incorrect and false statement made by the officer.

**Mr. Speaker:** I am not here to presume things. I have to go by the wording that the member has used in his adjournment motion.

**Minister of Education** (Malik Khuda Bakhsh): Firstly, I deny the facts which have been stated in the adjournment motion and, as you have given the ruling, such adjournment motion cannot be discussed during the Budget discussion. I express heart-felt condolences to the berieved family on behalf of the Government. That is all.

**Mr. Speaker:** The facts have been denied by the learned Minister of Power and moreover, as the adjournment motions has been worded, Malik Muhammad Akhtar has nowhere specifically said that he wants to discuss the action or the negligence of Government.

He wants to discuss the statement of a particular person and the Government is not responsible for any statement made by a private individual. Therefore, as the motion has been worded, it is ruled out of order.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ یہ عجیب بات ہے کہ ایک کنبے کے چار افراد جان بحق ہو گئے ہیں اور ان کے لئے جناب وزیر صاحب نے تعزیتی پیغام پر ہی اکتفا کیا ہے ۔ ہمیں حکومت سے اس اعلان کی توقع تھی ۔ کہ وہ اس غریب اور بد قسمت انسان کی کوئی نہ کوئی امداد کریگی ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ تشریف رکھیں ۔

---

## WEST PAKISTAN BUDGET (GENERAL) 1966-67

### VOTING ON DEMANDS FOR GRANTS FOR NEW EXPENDITURE (GENERAL BUDGET) 1966-67 (CONCD)

**Mr. Speaker :** We will now take up the orders of the day.

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب والا۔ مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ آج اس ایوان میں دو بڑے اہم مطالبات زر ایک تعلیم کے متعلق اور دوسرا محکمہ

زراعت کے متعلق منظوری کے لئے پیش ہونے ہیں۔ اور ہرمطالبۂ زر پر پانچ پانچ چھ چھ تحاریک تخفیف پیش کی جانی ہیں جن پر ہر شخص کچھ نہ کچھ بات کرنا چاہے گا۔ اور پھر انکا جواب وزراء کو بھی دینا ہو گا۔ لیکن وقت چونکہ بہت کم ہے ۔ اس لئے بہتر ہو گا۔ کہ آپ اس کے لئے وقت کا تعین کر دیں۔ تاکہ ہر شخص ان پر گفتگو کر سکے۔ کیونکہ میں یہ سمجھتا ہوں۔ کہ یہ سب کچھ اس تھوڑے سے وقت میں ممکن نہیں ہے۔ اس لئے میں قائد ایوان سے کہوں گا۔ کہ اگر وہ اس بات پر متفق ہوں۔ تو شام کو دوبارہ اجلاس طلب کر لیا جائے۔ تاکہ ہر شخص کو وقت مل سکے۔ کہ وہ ان تحاریک پر بحث کر سکے۔ دونوں مطالبات زر بڑے اہم ہیں۔ اور وقت بہت ہی کم ہے۔ (قطع کلامیاں)

**Minister of Revenue:** I don't agree to the extension of time because the members do not agree to it. We will have to go by the consensus of opinion of the House and they don't agree to it.

**Mr. Mahmood Azam Farooqi:** Then we are not going to agree to the witndrawal of cut motions.

**Minister of Revenue:** Very well.

**Mr. Speaker:** I think we should divide the time for all these Demands equally. The Minister may please move the Demand.

DEMAND NO. 18

**Minister of Finance:** I beg to move—

> That a sum not exceeding Rs. 70,13,390 be granted to the Governor to meet new expenditure for the financial year ending on the 30th June, 1967 in respect of Education.

**Mr. Speaker:** Demand moved is :

> That a sum not exceeding Rs. 70,13,390 be granted to the Governor to meet new expenditure for the financial year ending on the 30th June, 1967 in respect of Education.

There are cut motions regarding Demand No. 18 and the first one is from Malik Muhammad Akhtar, who may please move it.

**Malik Muhammad Akhtar:** I beg to move—

> That the total of Rs. 70,13,390 on account of 37-Education-Total New Expenditure be reduced by 70,13,389.

**Mr. Speaker** : Demand under consideration, motion moved is:

> That the total of Rs. 70,13,390 on account of 37-Education-Total New Expenditure be reduced by Rs. 70,13,389.

**Minister of Finance:** Opposed.

**ملک محمد اختر** (لاہور-۲)۔ جناب سپیکر ۔ یہ ایک انتہائی اہم مطالبہ زر ہے۔ جس کے بارے میں میں نے یہ تحاریک تخفیف پیش کی ہے۔ آجکی اس متمدن سوسائیٹی اور ترقی یافتہ بین‌الاقوامی حالات کے پیش نظر تعلیم کا مسئلہ ایک ایسا مسئلہ ہے ۔ جس کا تعلق ہماری دفاع سے ہے۔ ہماری ترقی سے ہے ۔ ہماری فنی تعلیم سے ہے۔ اور ہمارے تمام مسائل کا انحصار اسی پر ہے ۔

جناب سپیکر ۔ ہمارے تعلیمی مسائل لاتعداد اور بیشمار ہیں۔ اور ہماری مرکزی حکومت اور صوبائی حکومت وقتاً فوقتاً انکے بارے میں فنی مشورہ حاصل کرنے کے لئے تعلیمی کمیشن بناتی ہے۔ اور حال ہی میں یعنی نومبر ۶۵ء میں ایک رپورٹ حمود الرحمن رپورٹ کے نام سے مرکزی حکومت کے سامنے پیش کی گئی تھی۔ اور اس کے بعد اسے مزید جانچ پڑتال کے لئے تین وزراء کے سامنے پیش کیا گیا تھا۔

جناب سپیکر ۔ ہمارے تعلیمی مسائل کچھ تو اس قسم کے ہیں جو

factual ہیں اور کچھ ایسی پیچیدگیاں ہماری تعلیمی درسگاہوں اور تعلیمی اداروں میں پیدا کر دی گئی ہیں۔ کہ جن کا فوری حل ہمیں تلاش کرنا ہو گا۔ اگر میں یہ گذارش کروں ۔ کہ اعلان تاشقند کے بعد جو واقعات ہمارے مغربی پاکستان میں رونما ہوئے۔ اور جب حکومت ان سے عہدہبرآء ہوئی۔ تو طلباء کے مسائل میں کم و بیش جو پیچیدگیاں تھیں۔ طلبہ کی طرف سے جلسے جلوس بھی نکالے گئے ۔ جن میں کہ پانچ طلبہ مارے بھی گئے تھے۔ اسکے بعد جب مغربی پاکستان کی یونیورسٹیاں کھلیں۔ تو ایسے ہی واقعات سے مشرقی پاکستان کو بھی دو چار ہونا پڑا ۔ تو مجھے یہ عرض کرنا ہے ۔ کہ یہ جو فنی مشورے ہماری حکومت طلب کرتی رہی ہے ۔ ان پر عملدرآمد کیوں نہیں کیا گیا ۔ اور ہماری حکومت نے حمود الرحمن رپورٹ کو معوض التوا میں رکھ کر کوئی دانشمندانہ فعل انجام نہیں دیا ۔ اس رپورٹ میں طلبہ کے تمام مسائل کو تفصیل کے ساتھ پیش کیا گیا ہے ۔ اور ان پر تبصرہ بھی کیا گیا ہے ۔ اگر حکومت ان رپورٹوں کو فوری طور پر عمل میں لے آئیں ۔ تو میں یہ سمجھتا ہوں ۔ کہ ہمارے تعلیمی اداروں کے مسائل کافی حد تک حل ہو سکتے ہیں ۔

جناب والا ۔ ان طلبہ کے جلسے جلوسوں اور ان کے ساتھ تصادم کا ڈائریکٹ تعلق انتظامیہ سے ہے۔ میری مراد اور میرا مقصد اس سے یونیورسٹیوں کی انتظامیہ ہے ۔ اور جہانتک مجھے معلوم ہے ۔ اس رپورٹ میں یونیورسٹیوں کے انتظامی ڈھانچے کو زیادہ سے زیادہ جمہوری خطوط پر قائم کرنے کی سفارش کی گئی ہے ۔ اور انہوں نے یہ بھی کہا ہے کہ ہماری حکومت کا یہ شاہکار ہے اور ہماری انتظامیہ کا یہ master stroke ہے کہ جہاں بھی جمہوریت ہے جہاں بھی عوام کی نمائندگی directly یا indirectly ہے اسے

ختم کرنے کی کوشش کی جاتی ہے ۔ جب ہم کالجوں میں تھے تو electeted senate اور دوسرے جو ادارے تھے ان میں گریجوایٹ کو نمائندگی ملتی تھی لیکن ہمیں معلوم نہیں، کہ کن وجوہات کی بنا پر ان جمہوری اداروں کو اور اس طریق کار کو قلم کی ایک جنبش سے ختم کر دیا گیا اور آرڈیننس بنا دئیے گئے ہیں جن کی وجہ سے یہ جو تمام جمہوری ادارے تھے انہیں ختم کر دیا گیا ہے ۔

جناب والا ۔ میں پرزور مطالبہ کرتا ہوں کہ یونیورسٹی کے انتظامیہ ڈھانچہ میں جمہوری ادارے بنائیں جیسا کہ مارشل لا سے قبل اور اس کے دوران یہ جمہوری ادارے تھے ۔

جناب سپیکر ۔ اس کے بعد جو دوسرا قدم اُٹھایا گیا ہے وہ یہ ہے کہ یونیورسٹی کے انتظامیہ کے معاملات کی نگرانی ایسے افراد اور اداروں کے ہاتھ اور تحویل میں ہے جو یونیورسٹی کے تابع اور زیر اثر ہیں ۔ اس لئے انتظامی معاملات میں کچھ اس قسم کی تبدیلیاں ہونی چاہئیں جیسا کہ کمیشن کی رپورٹ میں ہے ۔ تاکہ ان کے مسائل اور ان کے معاملات کے حل کے لئے زیادہ جمہوری اور خود مختار ادارے قائم کر سکیں ۔ اس کمشن نے اساتذہ کے انتخاب کے لئے دو علیحدہ بورڈ بنانے کی سفارش کی ہے اس لئے کہ اساتذہ کے انتخاب بالکل fairly اور impartially ہونے چاہیں ۔ اور مرکزی اور صوبائی پبلک سروس کمشن کے لیول پر یونیورسٹی کمشن قائم کرنا چاہئے ۔

جناب سپیکر ۔ تعلیم و تدریس میں مکمل آزادی اور اس کی حوصلہ افزائی ہونی چاہئے تاکہ ہمارے بچے اور ہماری نئی پود جنہوں نے پاکستان بنایا ہے یہ جینریشن (generation) جس نے ستمبر ۱۹۶۵ کی جنگ میں

ہماری فوجوں کے ساتھ مل کر شانہ بشانہ جنگ میں حصہ لیا ہے ۔ ان کے ساتھ ہمدردانہ اور مشفقانہ رویہ ہونا چاہئے اور انہیں affectionatlcy treat کیا جانا چاہئے اور یہ نہیں ہونا چاہئے کہ ان کے معاملات سے عہدہ برآ ہونے کے لئے ہر ماہ سہ ماہی یا ہر سال چند طلبا انتظامیہ کی گولیوں کا نشانہ بن کر جان بحق ہوں ۔ کیا ستم ظریفی ہے کہ گورنر صاحب نے ہنگامی حالات کے وقت ان طلبا کی تعریف کی ہے اور ہمارے قابل فخر مارشل نور خان صاحب نے پشاور یونیورسٹی میں cease fire کے بعد طلبا کی خدمات کو سراہا ہے ۔

جناب سپیکر ۔ اس کے بعد عرض کروں گا کہ جب ہم دیکھتے ہیں کہ طلبا ہمارے بچے ہیں ہم ان کے ساتھ اس قسم کا سلوک کیوں کرتے ہیں آپ اس طرح ان کے مسائل سے عہدہ برآ نہیں ہو سکتے ۔ جب تک ان کے مسائل کو نہ سمجھیں ان کے معاملات میں دلچسپی نہ لیں بجائے اس کے ان کی unions کو crush کریں ان پر گولیاں چلائیں ان پر لاٹھی چارج کریں یا ان پر آنسو رلانے والی گیس سے حملہ کریں ۔ یہ غلط طریقہ ہے آپ ان کو تسلی تشفی دیں ان کی باتوں کو سنیں ان کے مسائل کو حل کریں ۔ ان کو representation کا موقع دیں سنڈیکیٹ کے ذریعہ جو یونیورسٹی کی پالیسی کو کنٹرول کرتا ہے ان طلبا کی تکالیف کا مداوا کریں ۔

جناب والا ۔ اب میں اس نقطہ کو چھوڑتا ہوں اس سے بھی زیادہ اہم مسئلہ بےروزگاری اور بیکاری کا ہے ۔ جو تعلیم یافتہ نوجوانوں کو درپیش ہے ۔ آرٹس کے علاوہ ٹیکنیکل اور سائنس کے بی ایس سی یا ایم ایس سی پاس شدہ بچوں کو جو نان پروفیشنل کالجوں میں تربیت حاصل

کرتے ہیں وہ اعلیٰ تعلیم کے لئے انجینرنگ اور میڈیکل کالجوں میں نہیں جا سکتے ۔ اور جب وہ اپنی تعلیم مکمل کر لیتے ہیں تو پھر ان کا حشر دیکھیں ۔

جناب سپیکر ۔ اس سلسلہ میں میں ایک مثال دوں گا کہ گذشتہ سال کیمسٹری میں ۱۶ طلبا نے ماسٹر کی ڈگری حاصل کی ۔ لیکن صرف دو کو appointments مل سکیں ۔ آپ اندازہ فرمائیے کہ اتنی تعلیم کے باوجود یہاں کس قدر بے کاری ہے ۔ میں عام گریجویٹ یا ایم اے پاس یا بی اے پاس کی مثال نہیں دے رہا میں آپ کو سائنس کے Post Graduates یعنی ایم ایس سی کی مثال دیتا ہوں ۔ کہ ۱۶ میں سے صرف دو کو jobs مہیا کی گئی ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ مجھے حکومت کی بے تدبیری پر رونا آتا ہے ۔ جب ہماری حکومت نے اس قدر منصوبہ بندی کی ہے اسقدر قرضہ جات لئے ہیں اور اس قدر تجاویز بجٹ کی اتنی بڑی بڑی کتابوں میں پیش کی ہیں تو ان کو یہ بتانا چاہئے تھا کہ ان ٹیکنیکل اور highly education نوجوانوں کو کھپانے اور ان کی appointments کے مسئلہ کے لئے کیا حل سوچا ہے ۔

جناب والا۔ ہمیں اپنی طرز تعلیم کو یکسر بدلنا چاہئے اپنی ایجوکیشن کے لیول کو اس حد تک رکھنا چاہئے جہاں تک ہم ان کو educate کرکے ان کے لئے jobs مہیا کر سکیں ۔ بلکہ اس کے برعکس جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے ۔ ہم نے کوئی ایسی provision اور منصوبہ بندی نہیں کی جس سے ہم Higher Technical Education کو اور بھی کم کر دیں یا جو اعلیٰ تعلیم یافتہ ہو اس کو appointments دیں ۔ ہمارے معاشرہ

میں اگر ایک خاندان میں صرف ایک شخص اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے بعد بھی بیکار رہ جائے تو میں سمجھتا ہوں کہ اس سے زیادہ قوم اور ملک کی بد نصیبی نہیں ہو سکتی ۔

جناب سپیکر ۔ اس کے بعد میں عرض کروں گا کہ میرے پاس figures ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ ہمارے کم و بیش دو ہزار ڈاکٹر ہیں جنہوں نے ہمارے کالجوں میں تعلیم پائی ہے وہ اس وقت ملک سے باہر ہیں ۔ اگر میں یہ خیال کروں کہ ہمارے ملک میں ڈاکٹروں کی کمی نہیں تو درست نہیں بلکہ میں سمجھتا ہوں ان پر ایسی پابندی ہونی چاہئے جیسی اب بھی ہے لیکن اس وقت جو figures ہیں وہ حوصلہ شکن ہیں ۔ اور ہم نے ڈاکٹر سیلیکٹ کرکے اور اس قدر گورنمنٹ ایڈ سے پڑھایا ہے وہ اس سے بہتر تھا کہ وہ ملک میں رہ کر ملک کی خدمت کرتے ۔

جناب سپیکر ۔ اس کے بعد میں انجنیئرز کے متعلق عرض کروں گا ابھی حال ہی میں ہماری حکومت نے ایک اعلان کیا ہے کہ وہ انجنیئرز جو انجینرنگ کوالیفائی کریں گے اس کے بعد بھی انہیں ایک امتحان پاس کرنا ہو گا ۔ اسکا مطلب یہ ہے کہ آپ کو جتنی qualifications چاہئے غالباً اس سے زیادہ آپ کے پاس ہیں ۔ اگر یہ بات نا درست ہے تو پھر اسکی کیا ضرورت تھی ۔

جناب سپیکر ۔ مجھے اپنے علاقہ بلکہ سارے مغربی پاکستان کے intellegensia طبقہ کے ایک مطالبہ کے سلسلے میں کچھ عرض کرنا ہے اور نہ صرف کچھ عرض کرنا ہے بلکہ اسکے لئے شدید احتجاج کرنا ہے

اور وہ میڈیکل اور انجینیئرنگ کالجز میں admission کا مسئلہ ہے ۔ جناب والا ۔ مجھے گذشتہ سال اس admission سے تجربتہ گذرنا پڑا ہے اور مجھے اسکا اندازہ ہے ۔ میرے ایک عزیز جسکے ۶۷۰ نمبر تھے یعنی ۷۰ فیصدی marks تھے اسکے لئے بھی میں تذبذب میں تھا سب سے پہلے تو میں یہ عرض کر دوں کہ انجینیئرنگ کالجز میں اس قسم کی بعض علاقہ جات میں qualifications کر دی گئی ہیں حالانکہ میں ہرگز علاقائی تعصب کا قائل نہیں ہوں مگر مجھے کہنا پڑتا ہے کہ بعض علاقہ جات کے third divisioner کو admit کر دیا جاتا ہے اور بعض علاقہ جات کے فرسٹ divisioners کیلئے بھی ٹیکنیکل تعلیم کے دروازے بند ہیں اور بند کئے جا رہے ہیں ۔ جناب والا۔ میں اس تفریق کو سمجھنے سے قاصر ہوں اور میں عرض کروں گا کہ یہ تفریق کیوں روا رکھی گئی ہے ۔ ٹرائیبل ایریاز یا ایسے ہی کچھ علاقہ جات کے لئے چند seats آپ reserve کر لیں اور اسکے بعد سب کو merit پر لیں۔ میرے پاس جو allocations کی فہرست موجود ہے وہ انتہائی مایوس کن ہے اس فہرست میں جتنے بھی admissions رکھے گئے ہیں وہ سب علاقہ وار کئے گئے ہیں ۔ اور علاقہ وار allocations رکھی گئی ہیں۔ اب انکو ختم کیا جائے۔ ماسوائے ٹرائیبل ایریا کی چند seats کے باقی مغربی پاکستان basis پر اور merit basis پر admission کریں ۔ اسکے بعد ایک اور اندھیر نگری اور انتہائی ظلم و ستم کی انتہا وہ intelligensia کے حقوق جن کے ساتھ جو بڑھ چڑھ کر برائی کی گئی ہے وہ میڈیکل کالج میں admission کے سلسلے میں ہے اور دوسرے اضلاع کے متعلق جو declaration کی گئی ہے میں اس سے ہرگز اتفاق نہیں کرتا اور نہ اتفاق کرنے کے لئے تیار ہوں ۔ کیا آپ یہ چاہتے ہیں کہ آپ کے ملک میں بہترین ڈاکٹر پیدا نہ ہوں کیا آپ یہ چاہتے ہیں کہ جو

فرسٹ divisioners ہیں انکو admissions نہ ملیں اور third divisioners admit ہوں ۔ جناب والا ۔ میں مثالیں دے چکا ہوں اور یہ حقیقت ہے اور میں مبالغہ آرائی میں یقین نہیں رکھتا ہوں اور نہ غلط بات کہنے میں اعتبار کرتا ہوں لیکن جہاں بھی حکومت کی کوئی اچھی بات ہوگی اسکی فراخدلی سے تعریف کرتا ہوں۔ لیکن میں عرض کروں گا کہ یہ جو آپ علاقائی امتیاز کر رہے ہیں وہ کانسٹی ٹیوشن کے تحت نہیں کر سکتے۔ اس کے بعد میں اب نچلی سطح پر آتا ہوں۔ حال ہی میں ملک خدا بخش بچہ صاحب کا ایک انٹرویو شائع ہوا ہے آج میں نے صبح نکال کر پڑھا اس سے میں کافی مستفید ہوا میں اس انٹرویو سے ایک واقعہ quote کرتا ہوں اور وہ یہ کہ اسوقت ہمارے طلبا صرف ۷۰ منٹ روزانہ پڑھتے ہیں اس کے اعداد و شمار اسطرح کے ہیں۔ موسم گرما کی تعطیل ۳ ۔ ماہ ۔ اتوار تقریباً تیس ۔ تہوار متفرق ۔ ایک ماہ ۔ دسمبر کی تعطیل ۱۰ ۔ روز ۔ موسم بہار کی تعطیل ۱۰ روز ۔

کل چھٹی ۶ ۔ ماہ ہوتی ہے اور اگر ہنگامی حالات یا لاٹھی چارج اور دیگر جو معاملات ہوتے ہیں جنکی وجہ سے ہماری یونیورسٹی بند ہو جاتی ہے انکو بھی اگر اسمیں شامل کر لیا جائے تو کم و بیش ایک ماہ اور ضرور ہو جائے گا تو آپ اندازہ فرمائیے کہ ہمارے نظام تعلیم میں کسقدر اور فوری طور پر انقلاب آفرین اصلاحات کی ضرورت ہے ۔ آپ مجھ سے ناراض ہوتے ہیں تو ہوں لیکن مجھے صحیح بات کہنے سے ہرگز نہیں روکا جا سکتا ۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ آپ میں سے ہر ایک کی میں عزت اور احترام کرتا ہوں آپ کو میری تنقید کو اسی رنگ میں لینا چاہئے کہ اس سے کوئی بہتری ہو جائے اور ملک کی بہتری ہو جائے ۔ جناب سپیکر ۔ اب مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ جو

ہمارے لکچرار ہیں انصاف کا تقاضا ہے کہ جب ہم طالبعلموں کے متعلق کچھ مراعات چاہتے تو لکچرار کے لئے بھی کچھ کریں - ہمارے لکچرار کو مقامی سوسائٹی میں کوئی مقام حاصل نہیں ہے جو دیگر ملازمت پیشہ افراد کو حاصل ہے - جناب سپیکر - ہم نے اکثر ہاؤسنگ کی سکیمیں بھی بنائی ہیں لیکن ہم نے اپنے لکچرار کو کبھی رہائش provide کرنیکی کوشش نہیں کی - میں سمجھتا ہوں کہ ان سے ۶- ماہ کے بجائے ۹-۱۰ مہینے کام لینا چاہئے اور انکی تنخواہ اور الاؤنسز میں بھی گرانقدر اضافہ کرنا چاہئے کیونکہ یہ ایک ایسا طبقہ ہے جو قوم کا معمار ہے جو قوم کے بچوں کو صحیح طریقہ پر اور ایسے راستے پر لگا سکتا ہے جس سے یہ بچے نہایت ہی مفید شہری بن سکتے ہیں - جناب وزیر تعلیم ملک خدا بخش بچہ صاحب نے اپنے انٹرویو میں کتنی اچھی بات کہی ہے کہ ڈنمارک میں وسائل محدود ہیں افریقہ میں وسائل لامحدود ہیں لیکن ڈنمارک میں ایجوکیشن کیوجہ سے فائدہ اٹھایا جا رہا ہے اور اسکے برعکس تعلیم کے نہ ہونے کی وجہ سے افریقہ میں بعض علاقہ جات جہالت کے زیر اثر ہیں - مجھے انکی اس بنیادی بات سے مکمل طور پر اتفاق ہے کہ آج جو ہم تعلیم دیں گے اور اس سے جو ہماری نسل ہو گی وہ ملک کی معمار ہو گی - اور آج جبکہ Atom کا دور ہے ہوائی جہازوں سے جنگیں لڑی جا رہی ہیں اگر یہاں پر اعلیٰ تعلیم نہ ہو گی یہاں سائنس نہ ہو گی تو ملک کی سالمیت کو خطرہ ہی خطرہ رہے گا -

جناب سپیکر - اسکے بعد مجھے ایک اور پوائنٹ عرض کرنا ہے مجھے آپ سے مودبانہ گزارش کرنی ہے کہ آپ مجھے اس پوائنٹ کو کہہ لینے دیجئے اور یہ میں نے پہلے بھی کہا تھا کہ ہمارے سکولوں اور کالجوں میں لازمی فوجی

تربیت ہونی چاہئے ۔ کالجوں میں فوجی تربیت سے میری مراد کیڈٹ کالجوں سے ہے اور اسمیں سے کیڈٹ کالج حسن ابدال ہے اور اسکو میں refer کروں گا یہ ایک قابل فخر انسٹی ٹیوشن ہے اور اس سے کم و بیش ۵۰-۶۰ بچے اسوقت فوج میں پہنچے ہیں ۔ آپ نے ابھی اس کا آغاز کیا ہے مگر ان میں سے ۵- بچے صف اول میں لڑتے ہوئے شہید ہوئے ۔ کیا یہ اس بات کی دلیل نہیں اور اس بات کا ثبوت نہیں کہ اگر ہماری قوم کو اس قسم کی تربیت دیجائے تو یہ تربیت ہمارے بچے حاصل کرکے یہاں کے بہترین سپاہی اور بہترین جنرل اور بہترین لیڈر ہونگے میں تعلیم پر بات کرتے ہوئے ان بچوں کو اس ہاؤس کی طرف سے خراج تحسین دئے بغیر نہیں رہ سکتا ۔ جنکے نام

(۱) لفٹینٹ کہتلانی
(۲) لفٹینٹ حسین شاہ
(۳) لفٹینٹ نعیم اختر
(۴) لفٹینٹ قادر مجید ہیں

اور اس کے بعد ایک اور مجاہد جسکا نام لفٹینٹ نادر پرویز تھا اس کے متعلق آپ نے اکثر ریڈیو پر سنا ہو گا ۔ جناب والا ۔ یہ ہماری قوم ہے اور یہ ہماری سپرٹ ہے ۔ جسقدر ہماری قوم میں جذبہ اور جوش ہے ۔ اگر ہم اسے صحیح طور پر استعمال کریں ۔ بھارت تو کیا ہم دنیا کے فاتح بن سکتے ہیں ۔

**Mr. Speaker :** The member may please resume his seat. Mr. Munawar Khan.

**Mr. Munawar Khan** (Bannu - I) : Mr. Speaker, Sir, I have to invite the attention of the Minister for Education to the Reports of the

Public Service Commission not only of the last year but of several consecutive past years, in which they have been criticising the standard of education of the boys, who appear before them, and so on and so forth. That clearly shows, Sir, that the institution of the Public Service Commission, which is in a better position to judge the standard of education, had been, persistently and consistently criticising the standard of education, but it proved just as pouring water on a duck's back.

Now my respectful submission is that why the officers responsible for education are not looking after, are not trying to follow those directions, which are given by these sages of the Public Service Commission about the inferiority, which is daily developing amongst the students, who appear before them. The idea which I suggest or which struck me is that the Government is publicising itself by enhancing number of schools, by raising primary schools to middle standard, middle schools to higher standard, and so on and so forth. The Government is not trying to consolidate those schools. I have seen a school in my district. A school is sanctioned; alright they go on begging somebody 'will you give us your house to start a school in, gratis and without demanding rent?'. So what is the use of such a school, Sir? What is the use of multiplying the number of schools when you have no rooms to accommodate, when you have no teachers to teach those boys, when you can't control or you can't educate? Why this cheap popularity that Government intends to open so many schools in that Division, so many schools in that Division; so many schools will be raised, and this and that? Why this should not be consolidated, I respectfully suggest to the Education Minister.

**Minister of Education** : I accept it.

**Mr. Munawar Khan** : The other aspect of it is that the University

Education is daily deteriorating. I am giving the example of the Peshawar University because that is nearer to me, and I will also be referring to the Sind University, as while studying the development books, on the budget I found that not a penny is allotted for the Sind Engineering College in this budget. As I saw it, and I will point out to you if you like, Sir that not a single penny is given to the Engineering College of the Sind University. Now Sir, what amount is allotted to the Peshawar University? Thirty three lakhs only. There is an Agriculture College at Peshawar and not a penny is sanctioned for that. I request the Minister that this College is there since 1960 and in this budget I find that not a penny is given to the Agriculture College of the Peshawar University.

Now, let me explain the financial position, the financial crisis which the Peshawar University is under going since the last about six months. The expenses of salaries alone amount to five lakhs of rupees a month; only salaries of professors, teachers etc and while I see that only 26,60,000 have been sanctioned for the maintenance of the teaching staff, would that meet those expenses? It cannot. During the last year, there had been representations and representations. Nobody cared. What did the Vice Chancellor do? He withdrew all the security money of the students just to enable him to pay off the salaries of the professors. Didn't he commit in a way breach of trust? The amount, which was deposited with him for safe custody, he took that out and distributed it as salary. Is n't it shameful, that the officers of the University have gone to that extent because of financial crisis that that amount had to be withdrawn and distributed?.

Now, what is the idea behind it Sir. If you cannot meet the expenditure of the University, why run it at all?. Why not affiliate it with the Punjab University, and thereby reduce the expenditure?. We were having one University in the Punjab in old days; why should not that University

be affiliated over here and thereby reduce the expenses?. At the time of integration, Sir, we were allured with big promises that backward areas would be helped. I have got resources of the former NWFP to the tune of 25 crores of rupees a year. I can develop my area without anybody's assistance within one year to the maximum possible because I have four power houses, and all these power houses were not constructed after integration-all these power houses were started before integration. Similarly, I have got tobacco tax; similarly I have got salt mines, and so on and so forth. If I go into the details, I am self-sufficient. I have got more to develop my own province. I do not need anybody's help, and if disintegration starts, the Finance Secretary will be responsible. He is the person who has to consider the backwardness of the entire West Pakistan. He is the person who has to prescribe amounts for different areas according to the needs of that area. Not that one area is ignored. So what is the use of sanctioning 26 lakhs Sir? When it cannot meet the expenses, what is the need of it. I respectfully submit that if this province is required to remain integrated, I respectfully submit to you, Mr. Speaker and through you to the Officers concerned, that they should be just; they should not run away with the money of their younger brothers, who are sound enough to appreciate, who are sound enough to see, and this might develop into some further troubles.

In order to avoid those troubles we are out to strengthen the Province and to re-inforce our resources by whatever means you may like but if you want to start a thing ; start it correctly, feed it correctly and run it correctly and not that there should be partiality or something else. My submission is that the grant of Peshawar University, if it is intended to be maintained, must be increased. I might also inform the Minister through you Sir, that last year because of lack of funds

there had been retrenchments and so many professors were removed because the University could not pay their salaries. So, I would respectfully submit and, at the same time, also request him to please consider going into the details. He is too busy in another organisation. I feel he is an asset to the Government Benches but he has got many other duties to perform. He should leave that organization alone and concentrate on education which is the most essential subject of the State and see that all these things are run property.

One thing more. At Lahore, I was approached by a few teachers who complained that the Government was giving grant to the tune of Rs. 25,77,000 to some private schools and those schools were not running efficiently. They also said that there were certain people who were more interested in embezzeling most of the amount and when summer vacations come most of the teachers are discharged so that they are not entitled to draw pay. You should look into this and ensure that these private schools are properly run. Why should not the Government take charge of these schools? Again I see that to the Local Bodies too the Government is giving some grant to the tune of Rs. 67,69,000. I respectfully submit that these schools are run also on very shabby lines. Government should take over charge of these schools if they are to be run correctly and on the correct lines. I find, anyhow, one good prospect and that is some increase in the amount for technical education but the thing is whether that amount is correctly spent in imparting technical education to the boys. My information is, may be it is wrong, may be it is right but I am passing it on to you for verification, that all the tools and equipment which are purchased for technical schools are kept in the head office. They are, on books, issued to somebody temporarily but in fact are taken away by somebody else. There are no technical schools in the first instance. There might be some in other districts but in my district we do not see any. I have

been hearing that whatever material or instruments were purchased or received by them they were lying in the head office. On books they were issued to somebody but in fact were taken away. My submission is that technical education is the best in these days and, I request, that more grant should be given to this side but there should be very strict supervision in order to see that this amount which is spent for the betterment of the children of the nation should be spent on the correct lines.

Now, Sir, I might display a bundle of telegrams to the Minister of Education, which were received by me from different areas of West Pakistan wherein all these people have requested that we should make a request to you on their behalf that the Women's University should be a separate one from the males. This is, I think, a very reasonable suggestion unless we want children to multiply as there used to be war children and if we get Pakistani children we have no means to look after them. As our culture demands that males and females should live in separate places, separate Universities for males and females should be established so that they are segregated from one another. It is because of this co-education, I would say, that most of the girls do not join the colleges and if there is a middle class they finish it there and if it is a Matric class they finish it there. If you want that the females should flourish and that we should have educated assistance in our life, then we must have an absolutely separate University. I hear that the University of Lahore has been shifted out, therefore, in its place a Women's University can be housed for the Province. Similarly, there are colleges which can be kept separate from those which are meant for the females. This is a better suggestion. When the representatives of the entire nation, of course, not the Basic Democrats, so damand it means that they really feel the necessity of a separate university for women. I respectfully submit to you that this may please be looked into and considered.

**Mr. Speaker :** Please try to conclude.

**Mr. Munawar Khan :** Is my time over ?

**Mr. Speaker :** Only one minute left.

**Mr. Munawar Khan :** In that one minute I might submit my personal explanation which I could not offer at the beginning of the day. Sir, I have to offer a personal explanation to the Minister of Basic Democracies, who felt my absence very much yesterday, and also to the Members of the House and the Press which gave much publicity to the fact that I ran away from hearing his criticism. I stand by my statement. The Minister pleaded the case of an Officer against whom I laid a charge in-absentia. That means the Minister is interested in it because without making inquiries into my submission he defended that man. Without knowing who he was and what he had been doing, he supported him that he was right and I was wrong. I stand by that statement and I request the Minister, through you Sir, that an official may be appointed to look into the matter. I waive my privilege of not being prosecuted for a statement made on the Floor of the House. If those allegations are not proved I might be prosecuted ; I allow you. I went at about 12.20 hours because my nephew, who is a Major in the Army, been transferred to East Bengal and he had to fly from Lahore at 2.30 PM. As the time was extended by the Deputy Speaker up to 12.45 PM. I thought that I would not be able to see him off at the time he would be leaving Lahore. That is why I left the House 20 or 25 minutes before the closing time.

**Mr. Speaker :** The House is adjourned for 20 minutes for tea break.

*The Assembly then adjourned for twenty minutes.*

*The Assembly met at 11-00 a.m. Mr. Speaker, in the Chair.*

**Mr. Speaker :** Sahibzada Noor Hassan.

**صاحبزادہ نور حسن** (بہاولنگر-۴) - جناب والا- تعلیم کی بنیادی اہمیت اور اس کی افادیت پر زیادہ زور دینے کی ضرورت نہیں یہ ایک مسلمہ امر ہے کہ کسی ملک کی ترقی کا اندازہ اب اس بات سے لگایا جاتا ہے کہ وہاں کے عوام کی literacy کتنے فیصد ہے- اس وقت دنیا کے بیشتر ممالک میں literacy کی percentage ۱۰۰ ہے- ہمارے ملک نے بھی ان معاملات میں کافی ترقی کی ہے- پچھلے اعداد و شمار اس چیز کو indicate کرتے ہیں- ۱۹۵۱ میں اس ملک میں ۹۱۲۰۰۰ تعلیم یافتہ آبادی تھی اور ۱۹۶۱ میں مردم‌شماری کے مطابق ۵۳ لاکھ کے قریب تھی- اب دیکھنا یہ ہے کہ وہ ممالک جو تقریباً اسی وقت معرض وجود میں آئے تھے جس وقت ہم نے آزادی حاصل کی- انہوں نے کس حد تک ترقی کی ہے اور ہم نے اس فیلڈ میں کہاں تک cover کیا ہے- اب آپ اس بات سے اندازہ لگائیں کہ اس میں پہلے figures کے مطابق ۱۰ فیصد increase ہوئی ہے اور ۵۳ لاکھ کی figures کے مطابق تعلیم یافتہ کی کل increase ۴۹ فیصد ہے- اس کا یہ مطلب ہے کہ اگر تعلیمی میدان میں ہماری ترقی کی رفتار یہی رہی تو ہمیں تعلیم یافتہ ہونے کے لئے ۱۵۰ سال لگیں گے- یعنی ہمیں ۱۵۰ سال اور چاہئیں تاکہ اس ملک سے جہالت ختم ہو سکے- اس لئے میں اس بات کا ضرور اظہار کروں گا کہ میں اپنے ملک میں تعلیم ترقی کی رفتار سے مطمئن نہیں ہوں- اس کے بعد جناب والا - میں آپ کی توجہ چند تعلیمی اداروں کی طرف دلانا چاہتا ہوں- ان میں بیشتر پرائیوٹ ادارے ہیں جن کو گورنمنٹ ایڈ دیتی ہے- اس کی مثال آپ

کے شہر کے ایک تعلیمی ادارے کی دیتا ہوں۔ یہاں ایم اے او کالج ہے۔ اس کی خستہ حالی کی طرف آپ کی توجہ دلاتا ہوں۔ یہ کالج جب سے ہندو یہاں سے چلے گئے ہیں۔ اس کے بعد اس کی عمارت پر کسی قسم کا کوئی خرچ نہیں کیا گیا۔ اس کی یہ حالت زار ہے کہ اس کی تعمیر پر کسی قسم کے مصارف نہیں کئے گئے۔ اس کی خستہ حالی کے متعلق افسران بالا کی توجہ دلائی گئی ہے۔ اور اخبارات میں بھی خبریں شائع ہوئی ہیں لیکن وہ معاملہ جوں کا توں رہا ہے۔ اس کی انتظامیہ کے صدر ہمارے وزیر خزانہ ہیں۔ اس سلسلہ میں اپنے الزامات کے ثبوت میں مختلف اخبارات کے تراشے پیش کر کے آپ کی توجہ اس امر کی طرف مبذول کراتا ہوں۔ "نوائے وقت" ۱۰-۶-۶۶ میں ایڈیٹر کے نام خطوط میں سے اقتباس پڑھ کر سناتا ہوں۔

> "اس کالج کو چلانے والی انجمن کے ایک سو پچاس رکن ہیں جو صرف ایک روپیہ سالانہ فی کس چندہ دیتے ہیں۔ لیکن اپنے اختیارات کا استعمال بے انتہا کرتے ہیں۔"

وہاں پر ڈسپلن کی یہ حالت ہے کہ ایک طالب علم نے استاد کو سخت الفاظ سے مخاطب کیا اور یہاں تک کہہ دیا کہ "بھونکئے نہیں"۔ چنانچہ اس کو اس کالج سے نکال دیا گیا۔ لیکن بعد میں نا معلوم حالات کی بنا پر انجمن کے ارکان نے اس لڑکے کو پھر کالج میں داخل کرا دیا۔ یہاں پر طلبا کی تعداد ۱۸۰۰ ہے اور اساتذہ کی تعداد صرف ۲۱ ہے۔

معاشیات کی جماعت میں ۳۰۰ طلبا ہیں تنگ کمرے ہیں اور لیکچرار بہت کم ہیں اور عمارت بہت ہی خستہ حالت میں ہے۔ اس اخبار میں آگے لکھا ہے۔

> پاکستان جیسے ترقی پذیر اور کم خواندگی کے ملک اور لاہور ایسے مرکزی شہر میں ایک ڈگری کالج کی یہ ناگفتہ بہ حالت ملکی سطح پر سخت شرمناک ہے۔ محکمہ تعلیم کے ارباب اختیار کو فوری تحقیقات کر کے دیکھنا چاہئے کہ اس کالج کو ملنے والی سرکاری گرانٹ تعلیمی مقاصد کو کہاں تک پورا کر رہی ہے اور محکمہ تعلیم کے ذمہ دار حکام اس سے اب تک کیوں بے خبر ہیں۔

جناب والا۔ پھر اس کے علاوہ زیادہ اہم بات یہ ہے کہ انتظامیہ جس وقت چاہے اور جب چاہے اس کالج کے کسی لیکچرار کو یا پروفیسر کو بغیر کسی وجہ کے باہر نکال دیتی ہے۔ اس لئے ان کی jobs کبھی secure قرار نہیں دی جا سکتیں۔ اس سلسلہ میں آپکی توجہ اس امر کی طرف مبذول کراؤں گا۔ کہ انجمن اسلامیہ سیالکوٹ کے متعلق وزیر تعلیم صاحب نے فرمایا ہے۔ یہ ۲۲-۵-۶۶ کا "پاکستان ٹائمز" اخبار ہے اس میں لکھا ہے۔

> "I have received a number of complaints against this body and read much against it in the newspapers."

آخر میں فرماتے ہیں۔

> "...and I would order an independent enquiry into the affairs of the Anjuman."

لیکن آج تک میرے خیال میں اس قسم کی انکوائری عمل میں نہیں آئی ۔

**Mr. Speaker** : Haji Ata Muhammad is not present. Next comes Mr. Hamza.

**مسٹر حمزہ** ۔ میں زراعت کے محکمہ پر بولوں گا اسکا وقت مجھے اس وقت دیا جائے ۔

**Mr. Speaker**: Next motion is by Mr. Nisar Muhammad Khan. He is not present. Next one is by Mir Yusuf Ali Khan Magsi. He is also not present.

I will now put the cut motion to the vote of the House.

The question is—

That the total of Rs. 70,13,390 on account of 37- Education-Total New Expenditure be reduced by Rs. 70,13,389.

*The motion was lost.*

**Mr. Speaker**: Next cut motion is by Mr. Mahmood Azam Farooqi, who may please move it.

**Mr. Mahmood Azam Farooqi** : I beg to move—

That the total of Rs. 70,13,390 on account of 37-Education-Total New Expenditure be reduced by Re. One.

**Mr. Speaker** : Demand under conisderation, motion moved is :

That the total of Rs. 70,13,390 on account of 37-Education-Total New Expenditure be reduced by Re. One.

**Minister of Finance** : Opposed.

**مسٹر محمود اعظم فاروقی** (کراچی-۸) - جناب والا۔ میں اپنی بات کہنے سے پہلے وزیر تعلیمات کی خدمت میں چند معروضات پیش کرنا چاہتا ہوں۔

جناب والا۔ ہم بار بار اسکا اعادہ کر چکے ہیں کہ حکومت کے جن شعبوں میں ہم خرابیوں کو اپنی چشم تر سے دیکھتے ہیں اور دل میں جسکی خلش محسوس کرتے ہیں اور انکو اس ایوان میں اس لئے پیش کیا جاتا ہے کہ جو لوگ نظم و نسق کے ذمہ دار ہیں وہ اس سے باخبر ہوں اور اسکے تدارک کی کوشش کریں۔ ہم جو بات کہتے ہیں اس کے دلائل میں اخبارات کے تراشے اور مختلف قسم کے اعداد و شمار سے ثبوت مہیا کرتے ہیں ہمارا جواب صرف یہ ہو سکتا ہے کہ یا تو آپ ہماری بات مان لیں اور مان کر اس کی اصلاح کا وعدہ کریں یا پھر اعداد و شمار سے یہ بتا دیں کہ وہ باتیں صحیح نہیں ہیں اور جو الزامات ہم آپ پر لگا رہے ہیں وہ بھی صحیح نہیں ہیں لیکن ہم آپ سے درخواست کریں گے کہ براہ کرم ہمیں یہ جواب نہ دیا جائے کہ ۱۹۵۸ء سے پہلے اس ملک میں کیا ہوتا تھا - یہ الزامی جواب - - - - -

**چودھری انور عزیز**۔ پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب میری فاروقی صاحب سے درخواست ہے کہ وہ ایجوکیشن پر تقریر کریں اور تقریر پر تقریر نہ کریں۔

**مسٹر محمود اعظم فاروقی**۔ میں تقریر پر تقریر نہیں کر رہا ہوں میں گزارش کر رہا ہوں۔

**Sardar Muhammad Ashraf Khan** : My Farooqi has just now said that no replies have been given from the Government side for the criticism of the Opposition. The position is that all the charges made by the Opposition were very vague and no specific instance was quoted by them. The

Minister of Basic Democracies and the Leader of the House also said yesterday that no specific instance was given by the Opposition while they were criticising the Government. Unless and until they give specific instances, obviously, they cannot get any specific reply from the Government.

**مسٹر محمود اعظم فاروقی** ۔ جناب میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ہمارے الزامات یا اعتراضات کے جواب میں یہ فرمانا کہ ۱۹۵۸ء سے پہلے کیا ہوا کرتا تھا یہ کوئی جواب نہیں ہے ۔

**ملک معراج خالد** ۔ پوائنٹ آف آرڈر۔ میرا پوائنٹ آف آرڈر یہ ہے کہ پہلے جو پوائنٹ آف آرڈر raise ہوا تھا تو فاروقی صاحب بھی کھڑے ہوئے تھے اور دوسرے ممبر بھی کھڑے ہوئے تھے۔

Two members standing on their legs at the same time is not according to the procedure of the House.

**Mr. Speaker** : Yes, the Member is right.

**مسٹر محمود اعظم فاروقی**۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ہمارے اعتراضات کے جواب میں یہ کہا جانا کہ ۱۹۵۸ء سے پہلے کیا ہوتا تھا یہ کوئی جواب نہیں ہے اور یہ الزامی جواب بچوں کا سا جواب ہے۔

**ملک محمد اسلم** ۔ پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب فاروقی صاحب تضاد بیانی سے کام لے رہے ہیں گورنمنٹ سے کہتے ہیں کہ انہیں ۱۹۵۸ء سے پہلے کیا

ہوتا تھا یہ جواب نہ دیا جائے اور خود موجودہ حکومت کا ۵۸ء سے پہلے کی حکومتوں کا مقابلہ کر رہے ہیں۔

**Mr. Speaker** : This is not a point of order. The member may please take his seat.

**Chaudhri Anwar Aziz** : Sir, every member of this House is supposed to be an adult male according to the provisions laid down by the Constitution. Just now Mr. Farooqi has said that the replies are childlike replies. This is something to which I take strong objection.

**Mr. Speaker**: This is not unparliamentary and that is no point of order.

**مسٹر محمود اعظم فاروقی** ۔ جناب والا ۔ میں پھر اپنی بات پر اصرار کروں گا کہ یہ جواب کہ ۱۹۵۸ء سے پہلے کیا ہوا کرتا تھا اور کیا ہوتا تھا یہ اعتراض ہم پر کرنا حق بجانب نہیں ہے ۔ کیوں کہ اس معزز ایوان اور معزز ارکان اور وزرائے کرام اور ساری دنیا کو معلوم ہے کہ اسوقت جو ہوا کرتا تھا اسپر تنقید کرنے والے بھی ہم آپ سے زیادہ تھے آپ کو بھی معلوم ہے کہ ہم اس پر تنقید کرنے والے ان لوگوں سے زیادہ تھے اور آج جو لوگ طمطراق کیساتھ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

**خان اجون خان جدون** ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب فاروقی صاحب انکی تقریر کا جواب دے رہے ہیں یا ایجوکیشن پر اور اپنے کٹ موشن پر تقریر کر رہے ہیں ۔

**Mr. Speaker**: Mr. Farooqi be brief and make a speech on the cut motion.

**مسٹر محمود اعظم فاروقی** - میں صرف یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جو لوگ بڑے طمطراق کیساتھ ۱۹۵۸ء کا زمانہ پیش کرتے ہیں انکو یہ سوچنا چاہئے کہ جو تصویر وہ پیش کر رہے ہیں یہ تصویر کہیں خود ان ہی کی تو نہیں ہے اس وقت وہ خود کہاں تھے - جناب والا - میں سب سے پہلے محترم وزیر تعلیم ملک خدا بخش بچہ صاحب کو اس بات کی مبارکباد دینا چاہتا ہوں کہ اس ملک کے تعلیمی اداروں میں جس سرعت کے ساتھ رقص و سرود کی جو وبا پھیل رہی ہے اس کو بند کرنے کے لئے انہوں نے جو اقدام کئے ہیں اسکو اسلام پسند طبقہ نے بہت خوش آمدید کہا ہے اور اسکو بڑی خوشی سے قبول کیا ہے - اس میں کوئی شک نہیں کہ اس زمانے میں جبکہ مغربی تہذیب کی وبا ہیضہ کیطرح ملک میں پھیل رہی ہے اس قسم کا اقدام جرات مندانہ قابل تعریف اور قابل مبارکباد ہے - آپ نے جو کام کیا ہے میں اسکی تنقیص نہیں کر رہا ہوں میں صرف اس سلسلے میں ایک اور تجویز پیش کرنا چاہتا ہوں - ظاہر ہے کہ اس اقدام سے صرف یہ پیش نظر ہے - کہ آپ کی یہ نئی پود اچھے ماحول میں اور اچھی فضا میں تربیت پا کر اچھے معاشرہ کا ایک ذمہ دار جزو بنے - جناب والا - آپ کو معلوم ہے کہ اگر آپ اپنے گھر میں صفائی رکھنا چاہیں اور اسے مکھیوں سے پاک رکھنا چاہیں تو اسکے لئے ضرورت اس بات

کی ہے کہ آپ کا محلہ اور آپ کی گلی بھی صاف ہو ۔ اگر آپ کے پڑوسی آپ کے محلہ اور گلی یا سڑکوں پر کوڑے کے ڈھیر پھینک رہے ہیں یا شہر کی کارپوریشن سارے شہر کی غلاظت وہاں ڈھیر کر رہی ہو تو آپ چاہیں کہ آپ کا گھر صاف رہے تو یہ ممکن نہیں ہے ۔ اگر آپ اپنی قوم کے بچوں کو صحیح ماحول میں تربیت دلانے کے لئے خواہش مند ہیں تو آپ کو چاہئے اور اس امر پر آپ توجہ دیں کہ ہوٹلوں کی ناچ اور رقص و سرور کی محفلوں اور سینما کی کھلی ہوئی تصویریں اور اشتہارات ان سب چیزوں پر پابندی ہو تاکہ بچے پاکیزہ ماحول میں رہتے ہوئے زندگی بسر کر سکیں اور سکول بھی اچھے ماحول سے گذر کر جائیں اور واپس بھی اچھے ماحول میں ہوں ۔ میں وزیر محترم سے توقع کرتا ہوں جو اس ملک کی ایک بڑی سیاسی جماعت کے صدر بھی ہیں وہ قوم اور ملک کی اس ضرورت پر توجہ فرمائیں گے اور اس برائی کا قلع قمع کرنے میں اپنی کوششیں صرف کرنے سے گریز نہ کرینگے ۔

جناب والا ۔ تعلیم ایک ملک میں جتنی ضروری ہو اس پر جتنا زور دینے کی ضرورت ہے یہ بات ہر شخص کو معلوم ہے ۔ آپ کے تعلیم کے بجٹ میں جو چیزیں مجھے کھٹکتی ہوئی محسوس ہوئی میں ان کی طرف توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں یہ بات اپنی جگہ پر صحیح ہے کہ اگر ذرائع آمدنی کم ہوں اور اخراجات زیادہ ہیں تو ایک شخص کو مشکل ہوتی ہے کہ ان اخراجات کو کس طرح adjust کیا جائے اور کس خرچ کو کہاں

کم کیا جائے اور کس خرچ کو کہاں نہ کیا جائے ۔ اسکے باوجود میں سمجھتا ہوں کہ تعلیم کی مد میں آپ نے جو رقم بجٹ میں رکھی ہے وہ اس ملک کی ضروریات کے لئے سخت ناکافی ہے ۔ آپ نے سن ۶۷/۶۶ میں ۲۵ کروڑ ۸۱ لاکھ روپیہ تعلیم کی مد میں رکھا ہے ۔ یہ net رقم آمدنی کے وضع کرنے کے بعد ہے ۔ سن ۶۶/۶۵ کے اوریجنل بجٹ میں نظر ثانی سے پہلے تعلیم کے لئے ۲۵ کروڑ ۵۹ لاکھ کی رقم تھی اور اب آپ نے صرف اس میں عشاریہ ۸ فیصد کا اضافہ کیا ہے یعنی جب کہ سن ۶۵/۶۴ کے مقابلہ میں آپ نے تعلیم کے اخراجات کو ۳ فیصد بڑھا کر سن ۶۶/۶۵ میں یہ محسوس کر رہے تھے کہ آپ کو پچھلے سال کے بجٹ میں ۳ فیصد اضافے کی ضرورت ہے تو میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ سن ۶۷/۶۶ میں آپ ملک کی تعلیمی ترقی سے کیوں مطمئن ہو گئے کہ اس میں آپ نے ۳ فیصد کی بجائے صرف عشاریہ ۸ فیصد کے اضافے کو کافی سمجھا ۔ جناب والا ۔ آپکے تعلیم کے اخراجات یعنی تعلیم کے بجٹ کو جس طرح آپ تعلیم کے مختلف شعبوں پر تقسیم کرتے ہیں میں سمجھتا ہوں کہ اس پر بھی فوری نظر ثانی کی ضرورت ہے ۔ اس میں radical change کی ضرورت ہے ۔ اگر میں آپکو گذشتہ سال کے اعداد و شمار بتاؤں تو آپ اس میں دیکھیں گے ۔ ۔ ۔ ۔ (قطع کلامی)

**چودھری انور عزیز** ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ فاروقی صاحب کی کٹ موشن یہ

ہے کہ جو خرچ ظاہر کیا گیا ہے اس میں سے ایک روپیہ نکال دیا جائے وہ تو بات یہ کر رہے ہیں کہ روپیہ بڑھا دیا جائے ۔ ان کو کٹ موشن کی سپورٹ میں بولنا چاہئیے یہ تو الٹی باتیں کر رہے ہیں ۔

**مسٹر محمود اعظم فاروقی** ۔ جب ایک روپیہ کی ٹوکن کٹ ہوتی ہے تو اس کا مطلب یہی ہوتا ہے ۔

**Mr. Speaker :** The member may please continue with his speech.

**مسٹر محمود اعظم فاروقی** ۔ تو جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ آپکے تعلیمی بجٹ میں جو بھی رقم آپ نے خرچ کے لئے مختص کی ہے وہ تعلیم کے مختلف شعبوں میں اتنی غیر متوازن ہے کہ ہر ایک دیکھنے والے کی نظریں فوراً اس طرف کھنچتی ہیں ۔ میں آپکو گذشتہ سال کے اعداد و شمار بتاتا ہوں ۔ گذشتہ سال سے آپ کے صوبہ میں ۱۹ پبلک سکول ہیں جن میں ۸ ہزار ۶ سو طلبا زیر تعلیم تھے اور ان پر آپ نے ۲۴ لاکھ ۷۱ ہزار روپیہ خرچ کیا ۔ یعنی یہ جو طالب علم ہیں ان پر تقریباً ۳۰۰ روپیہ سالانہ حکومت کے خزانے سے خرچ کیا گیا ۔ اب آپ ان پبلک سکولوں کو دیکھئیے جہاں بہت بڑے بڑے لوگوں کے بچے تعلیم پاتے ہیں اور جو کئی کئی سو روپیہ ماہانہ اخراجات کو برداشت کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں ۔ ان سے نچلے درجے کے سکول انگریزی سکول ہیں جن میں ۳۲ ہزار ایک سو طلبا تھے اور ان پر آپ نے ۳۵ لاکھ ۳۸ ہزار روپیہ خرچ کیا اور یہ ۱۰۰ روپیہ فی طالبعلم

آتا ہے - پھر آپ کے اردو میڈیم اور پرائمری اور سیکنڈری سکول ہیں - یہ وہ سکول ہیں کہ جہاں عوام کے بچے تعلیم پاتے ہیں - یہ وہ سکول ہیں جہاں کہ تعلیم اور literacy کے تناسب کی طرف زیادہ توجہ دینی چاہئیے - اور تعلیم اور literacy کے اضافہ کے لئے زیادہ سے زیاد، توجہ کی ضرورت ہے - ان میں آپکے ۲۶ لاکھ ۵۸ ہزار طلبا زیر تعلیم تھے اور ان پر آپ نے ۲۴ کروڑ روپیہ خرچ کیا - اس ۲۴ کروڑ میں وہ رقم بھی شامل ہے جو لوکل باڈیز نے aid کے طور پر سکولوں کو دی اور یہ تقریباً ۹۰ روپیہ فی طالبعلم ہے - میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ یہ حکومت کا خزانہ جس کا سارے کا سارا بوجھ direct اور indirect ملک کے متوسط طبقے پر اور ملک کے عوام پر پڑتا ہے - کیا بجٹ اس طریق پر درست ہے کہ آپ ان کے بچوں پر فی بچہ ۹۰ روپیہ سالانہ تعلیم پر خرچ کریں اور اس کے برعکس وہ بچے جنکے والدین ان پر ۳۰۰ روپیہ کی بجائے ۴۰۰ اور ۵۰۰ روپیہ ماہانہ بھی خرچ کر سکتے ہیں ان پر آپ ۳۰۰ روپیہ فی بچہ سالانہ خرچ کرتے ہیں - آپ خرچ کی تقسیم اگر ملاحظہ فرمائیں تو آپ کو معلوم ہو گا کہ یہ غیر متوازن اور غیر منصفانہ ہے اور تناسب کے اصولوں کے خلاف ہے - یہ عوام کی حق تلفی ہے اور یہ عوام سے مہیا کئے ہوئے خزانے کے ساتھ نا انصافی ہے اور انہوں نے جو ملک کی امانت آپ کے پاس رکھی ہے میں سمجھتا ہوں کہ اس امانت کے ساتھ یہ صحیح برتاؤ نہیں بلکہ میں کہوں گا کہ خیانت

کے مترادف ہے ۔ ٹیکس آپ عوام سے لیں ۔ آپ کا خزانہ عوام ہی مہیا کریں اور خرچ آپ ان پر کریں ان خاندانوں پر کریں جو کہ ملک کے چند سو پر مشتمل ہے ۔ جناب والا ۔ یہ چیز بھی آپ اپنے سامنے رکھیں کہ آپ کی ملک کی آبادی میں ۱۰ سال اور ۱۹ سال کی عمر تک سکولوں میں جانے والوں کی تعداد تقریباً ۱۹ فیصد ہے۔ آپ کے بتائے ہوئے اعداد و شمار کے مطابق ملک میں یہی وہ بچے اور نوجوان ہیں جن کی عمر ۱۰ تا ۱۹ سال ہے اور جن کا حق یہ ہے کہ ان کو سکولوں میں تعلیم حاصل ہو جن کا حق یہ ہے کہ وہ تعلیم حاصل کر سکیں اور ملک میں اتنے تعلیمی ادارے ہوں کہ جہاں سے ان کو تعلیم مل سکے۔ ان کی تعداد ایک کروڑ ہے۔ یہی ایک کروڑ بچے ملک میں ایسے ہیں جن کو تعلیم دی جانی چاہئیے۔ اس کے مقابلہ میں گزشتہ سال آپ کے مغربی پاکستان میں طلبا کی تعداد گو یونیورسٹی کے میرے پاس اعداد و شمار نہیں ہیں۔ آپ کے انگریزی اور سیکنڈری سکولوں کے طلبا کی کل تعداد ۲۶ لاکھ ۹۸ ہزار تھی یعنی آپ کے کوئی ۲۶ یا ۲۷ فیصد نوجوان اور بچے تعلیم حاصل کر رہے ہیں اور باقی ۷۵ فیصد بچے وہ ہیں جن کو تعلیم سے استفادہ کرنے کا موقع میسر نہیں ہے۔ نہ ان کے لئے سکول ہیں نہ کوئی تعلیمی ادارے ہیں۔ اس ایوان میں چند دن پہلے ایک سوال کے جواب میں وزیر تعلیم اعداد و شمار پیش کر چکے ہیں کہ کتنے بچے ہر سال سکولوں اور کالجوں میں تعلیم کے لئے جاتے ہیں اور پھر ان کو واپس ہونا پڑتا ہے۔ اگر آپ اعداد وشمار نہ بھی پیش کرتے تو وہ لوگ جو اس ملک میں بستے ہیں ان کو معلوم

ہے کہ سکولوں اور کالجوں میں پرائمری اور سیکنڈری سکولوں میں ہزارہا بچے ہر ضلع اور ٹاؤن میں تعلیم کے خواھشمند ھیں اور وہ سکولوں میں داخلہ چاھتے ھیں۔ روپیہ بھی خرچ کر سکتے ہیں اور ان کے والدین اپنے پیٹ کی روٹی کاٹ کر ان کی فیس بھی دے سکتے ہیں اور کتابیں بھی مہیا کر سکتے ہیں۔ لیکن سکولوں کی کمی کی وجہ سے ان کو داخلے نہیں ملتے۔ سکولوں میں اضافے کا معیار یہ ھے کہ سن ۵۸ میں ۲ ہزار ۲۷۲ سکول اور سن ۶۵ میں ۳ ہزار ۱۹۵ اردو اور پرائمری اور سیکنڈری سکول گویا ۸ سال کے عرصہ میں آپ نے ۹۲۳ سکولوں کا اضافہ کیا جو تقریباً ۵ فیصد سالانہ ہے۔ یعنی آپ کے سکولوں کی تعداد میں ۵ فیصد سالانہ کی رفتار سے اضافہ ہو رہا ھے۔ میں اپنے پیشرو نوابزادہ نور حسن صاحب کی اس بات سے اتفاق کروں گا کہ اگر آپ کے سکولوں کے اضافہ کی تعداد یہی رھی اور آپ کے بجٹ میں سکولوں کے لئے رقم مختص کرنے کی رفتار یہی رہی تو واقعہ یہ ھے کہ اس ملک کی آبادی کو literacy کے اس معیار پر پہنچنے کے لئے جس معیار پر دوسرے ممالک جو متمدن ممالک ہیں کھڑے ہیں آپ کو تقریباً ڈیڑھ سو یا دو سو سال کا عرصہ لگے گا ۔ جناب والا۔ پھر آپ نے جو grants مختلف اداروں کو دیں میں چاہتا ہوں آپ ان پر ایک نظر ڈالیں اور آپ خود مجھے انصاف کر کے بتائیں کہ کیا یہ منصفانہ تقسیم ہے۔ آپ نے تمام صوبہ کے سیکنڈری اور پرائمری سکولوں کو اور لوکل باڈیز کو grants دی ہیں۔ آپ نے ایک لاکھ ۲۷ ہزار روپیہ کی پورے صوبے کی لوکل باڈیز کو گرانٹس دی ہیں تاکہ وہ اپنے تعلیمی مقاصد کی تکمیل کر سکیں اور اس کے مقابلہ میں European ٹائپ سکولوں کے لئے ۸۷ ہزار ۴۰۰۔ ایچیسن کالج لاہور کے لئے ۴۷ ہزار ۵۵۰۔ یہ رقم ایک کالج کے

لئے ایچیسن کالج کے لئے ہے جس میں وہ بچے تعلیم پاتے ہیں جیسا کہ میں نے عرض کیا تھا کہ جن کے والدین یہ صلاحیت رکھتے ہیں کہ وہ سو کی بجائے ڈیڑھ سو روپیہ بھی ماہانہ ان کو دے سکیں۔ یہ وہ کالج ہے جہاں سیکریٹریوں اور وزیروں کے بچے تعلیم پاتے ہیں تو اس کالج کے لئے ۴۷ ہزار ۵۰۰ روپیہ اور پورے صوبہ کے لوکل باڈیز کے لئے اس قدر کم رقم؟

اس صوبہ کے بجٹ میں دینی مدارس کے لئے صرف ۵۷۰۰ روپے رکھے گئے ہیں اور تعلیم بالغان کے لئے ۹۴۰۰ روپے رکھے گئے ہیں اس کے مقابلہ میں آرٹ کونسل کے لئے جو کہ ملک میں ناچ گانے کو فروغ دیتی ہے ۴۷۵۰۰ روپیہ رکھے گئے ہیں میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ یہ اسلامی تعلیم اور اسلام کے ساتھ کیا مذاق ہو رہا ہے؟ آخر میں آپ کی خدمت میں چند تجاویز پیش کرتا ہوں :

پہلی بات تو یہ ہے کہ یہاں کی پچاس فیصد آبادی عورتوں پر مشتمل ہے۔ عورتوں کے بارے میں حکومت ہمیشہ بلند بانگ دعوے کرتی رہی ہے۔ کہ ان کو مساوات حاصل ہونی چاہئیے ان کو تعلیم میں مساوات ملنی چاہئیے میں پوچھتا ہوں کہ اس بجٹ میں آپ نے اس مساوات کو قائم کرنے کے لئے کتنی رقم رکھی ہے ہمارے بچوں اور خواتین کا یہ مطالبہ ہے کہ عورتوں کے لئے علیحدہ یونیورسٹی ہو ملکی معاشرت کے لحاظ سے ان کی علیحدہ یونیورسٹی ضروری ہے۔ آپ نے اس بجٹ میں اس کے لئے کیا رقم رکھی ہے ویسے تو آپ خواتین کی مساوات کے لئے اتنا شور کرتے ہیں لیکن آپ پورے ملک میں عورتوں کے لئے ایک مخصوص یونیورسٹی کا

انتظام نہیں کر سکتے اور اس کے لئے بجٹ میں رقم نہیں رکھتے۔ خواتین کے لئے آپ کا یہ کیا طریقہ ہے ۲۔ لاہور اور کراچی کے بعض نجی تعلیمی اداروں میں چند روپے بچانے کے لئے چھٹیوں سے پہلے ٹیچرز کو نکال دیا جاتا ہے اس طرح غیر مطمئن ٹیچرز بچوں کو تعلیم دینے پر مجبور ہوتے ہیں پریشان حال اساتذہ کے حالات درست کرنے کے لئے کوشش کیجئیے۔

آخر میں میں یہ عرض کروں گا کہ کراچی میں آپ مزید میڈیکل اور انجنیرنگ کالج کھولیں جب کراچی کے میڈیکل کالج میں باہر کے لوگوں کے لئے quota ہوتا ہے تو ان میں اتنی گنجائش ہونی چاہئے کہ کراچی کے بچوں کو وہاں داخلہ ملے جب صوبے کے دوسرے کالجوں میں کراچی والوں کے لئے کوئی نشست مخصوص نہیں ہے۔ تو کوئی وجہ نہیں کہ کراچی کے کالجوں میں دوسرے علاقوں کے لئے نشستیں مخصوص ہوں اور کراچی والوں کو وہاں جگہ نہ دی جا سکے۔

**Mr. Speaker** : Mr. Anwar Aziz.

**Chaudhri Anwar Aziz** (Sialkot-IV) : Sir, I dare to speak on the subject only because I am convinced that a person of great eminence and versatility occupies the chair of the Education Minister. From his speech I have gathered that he has the capacity to understand the fundamentals of problems and that is why I am going to submit only an outline of the points which I think are the basic problems of education in this country.

First of all, Sir, we have in this country educated people who have no-jobs. On the other side there is a paradox that we are under-educated country. That means that there is a lacuna somewhere. Our education

is not geared to our needs and we are not producing people who are an asset to the society but rather a tax. The whole philosophy of our education, all the syllabi, all the curricula have to be changed and they have to be geared in such a way that when a person is educated the society is eager and anxious to receive him rather than shun him.

2. Secondly, Sir, we have still in this country the problem of education - whether the education is state-controlled or whether it is privately-controlled. Sir, can a Muslim boy going to a Christian institution demand Islamic instruction? Can a Christian boy going to a State institution demand Christian instruction? This is a fundamental problem about which there are various suggestions and various ideas, also anger, expressed by certain sections. This should be clarified as soon as possible. What is the aim of education and how far the State is going to impose its will on the Society and get the education directed in a particular way.

3. We have in this country the problem of technical education. We have started some institutions which give education that is neither technical nor educational. I know it from personal experience that the boys who come out of technical educational institutions are unable to do anything which is worthwhile for the society. I would submit, Sir, that we have failed in this particular field only because we have not started a school or college where we could train teachers who could work in these technical institutions. There is no school which is catering to the needs of the teachers for these technical institutions and we should get help from abroad and import teachers and run a school of the highest technical nature where we should train teachers who can go to technical institutions and train our boys.

4. Fourthly, we have to have absolutely a new system of imparting education. That system will have to be absolutely novel and removed

from all traditions that we have been following so far. It can be mass communication through television, it can be a school in a mosque, it can be a school under a "chappar". But we have to find out very soon and quickly a system by which, chiefly, we can give high quality education to all the people of this country.

5. We have people who qualify in their M.A. and then become teachers. These people who have so little education are so swollen-headed and are so high-blooded that if they go to the colleges they do not have the essential qualities of teachers. A teacher is to be fatherly, is to be understanding, is to be forgiving. I find that these new lecturers create a lot of student trouble wherever they are posted. I suggest that these teachers and lecturers should also be taught and they should be taught for one year especially in dealing with human beings and in finding out the psychology of imparting training.

**Mr. Speaker** : The member may please conclude now.

**Chaudhri Anwar Aziz** : I will be very brief.

6. Sir, there is no library in this country where a person can sit down and do research on any subject and can say with confidence that I have studied all the books that were necessary and worth quoting in the research papers. One library is more important in this country than twenty dams because it is the educated men that make this country and not these dams. Once we have the men we will be able to make dams. The investment on men can be repaid in the shape of dams. But the investment on dams is not going to do vice versa.

7. We only allow boys to go abroad in the technical and scientific subjects believing that in the Humanities and Arts sections we have achieved the plateau from where we need not advance any more. This is absolutely an incorrect idea in the heads of some specialists. We should allow anybody to go abroad who can afford to. We should

have Pakistan Houses in great Universities of the world where we can give cheaper education to boys who are worthy of scholarships.

Next. We are not preparing lessons in our books at the rate we should do for introducing the national language—Urdu. We should concentrate on that.

Lastly I would request the Education Minister that when he is going to formulate his policy on these points he should consult the MPAS and not the CSPS and not the educational specialists because although they are the cream brains of the nation yet they do belong to a fortified service.

ہم ہی ہیں زندہ جو ہیں روشناس خلق اے خضر
نہ تم کہ جور بنے عمر جاودان کے لئے

We are the people who know where it hurts the people. We are the people who can suggest novel ways. We are not fossils. We are creative people in this House. I would suggest that the MPAS and MNAS should be given much more voice in the formulation of educational policy in this country. I would tell Malik Khuda Bakhsh, the Education Minister, that being an agriculturist, he should know that the seeds that he is going to sow today in the thoughts of Pakistan are going to be reaped ten years afterwards. He occupies a historical position and I implore him to decide these basic issues, to raise the standard of education and not give us boys whom we do not need. We are hatching the wrong brood of people. We have so many M. As, M.A.s., in different snbjects. They can neither run a tractor nor do any other useful industry. They are useless for the society.

**Mr. Speaker :** The member may please take his seat.

مسٹر سپیکر - بیگم صاحبہ آپ ۲ منٹ میں اپنی تقریر ختم کریں -

**صاحبزادی محمودہ بیگم** (پی - ڈبلیو ۱۵۳ - زون ۳) - جناب والا - میں آپ کی بہت مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے بولنے کے لئے وقت دیا ہے لیکن ۲ منٹ تو مجھے تمہید میں لگ جائیں گے -

**مسٹر سپیکر** - آپ ۲ منٹ میں اپنی تقریر ختم کریں -

**صاحبزادی محمودہ بیگم** - صدر محترم - تعلیم کی نسبت مجھے کتنی باتیں کہنی تھیں لیکن جیسا کہ سپیکر صاحب نے فرمایا ہے کہ دو منٹ میں مجھے تقریر ختم کرنی چاہئے بہر حال میں اس موضوع پر دو منٹ میں ہی عرض کروں گی -

جناب والا - میں وزیر تعلیم صاحب کی توجہ خاص طور پر اس معاملہ کی طرف دلاتی ہوں کہ ۱۹۴۷ء میں جو تقسیم ہوئی ہے ابھی تک اس کی تاریخ صحیح طریقے سے نہیں لکھی جا سکی اور جو حالیہ جنگ ہوئی ہے اس کی تاریخ بھی تسلی بخش نہیں لکھی گئی ہے - ۱۹۴۷ء کی تاریخ اور اس حالیہ جنگ کی تاریخ کو ضرور لکھنا چاہئے اور اس کو سلیبس میں لگانا چاہئے تاکہ ہمارے بچوں کو معلوم ہو کہ یہ ملک کیسے حاصل ہوا اور اس کو حاصل کرنے کا مقصد کیا تھا - اور اس ملک کو کیسے چلانا ہے - موجودہ جنگ کی تاریخ کو لکھنے کی بے حد ضرورت ہے اور ان شہدا کی تاریخ جنہوں نے اس جنگ میں کارہائے نمایاں سر انجام دیئے ہیں لکھ کر اس کو سلیبس میں لگانا چاہئے تاکہ بچوں کو معلوم ہو سکے کہ جنگ کس لئے لڑی گئی اور کیسے لڑی گئی اور ہمارے بہادروں نے کیسے

کارہائے نمایاں سرانجام دیئے ۔

جناب والا ۔ تیسری جو چیز ہے وہ تعلیم بالغاں سے متعلق ہے میں وزیر تعلیم کی توجہ اس طرف بھی دلاتی ہوں کہ ریڈیو کا سسٹم ایسا ہے جو ہر گاؤں اور ہر فرقے میں رائج ہے ۔ آپ دیہاتی پروگرام میں ریڈیو پر تھوڑا سا وقت اور مخصوص کرائیں کیوں کہ تعلیم بالغاں کی طرف توجہ دینا ضروری ہے ۔ یہ معاملہ ایسا ہے کہ ہمارے ملک کی ۸۰ فیصدی آبادی ناخواندہ ہے اس کے لئے وقت درکار ہے ۔ جیسا کہ اس کے متعلق پہلے بھی عرض کیا تھا کہ یہ معاملہ اتنا اہم ہے کہ شاید یہ ان کے بس کا روگ نہیں ہے ۔ تعلیم کے لئے واپڈا یا پی ۔آئی ۔ڈی۔سی کی قسم کا ایک نیم خود مختار ادارہ ضرور بنانا چاہئے تاکہ وہ تعلیم کے معاملات کو حل کرے ۔ جیسا کہ مولانا صاحب فرماتے ہیں ابھی تو ہم خود طے نہیں کر پائے کہ ہمیں کس قسم کی تعلیم ضروری ہے ۔ ہمارا نظام تعلیم کیسا ہونا چاہئے ۔ ہم کو کیا کرنا چاہئے ہمارا نظام تعلیم کیسا ہو ۔ ہم ۲۰ سال کے عرصہ سے اسلام کا نعرہ بلند کر رہے ہیں اور برابر کرتے رہیں گے لیکن خود یہ طے نہیں کر پائے کہ بچوں کو کیسا نظام تعلیم دینا چاہئے ۔ یہ کہنا کہ لوگ انگریزی سکولوں میں بچوں کو کیوں پڑھاتے ہیں ۔ فلاں سکول کیوں ہے ۔ سب کچھ بند کر دیا جائے وغیرہ وغیرہ پہلے آپ اپنے لئے یہ ضرور سوچ لیجئے کہ آپ کو کس قسم کے نظام تعلیم کی ضرورت ہے ۔ آپ اندھیرے میں ہاتھ مار رہے ہیں ۔ آپ کو دیکھنا چاہئے کہ آج صحیح مسلمان بنانے کے لئے آپ نے اپنے بچوں کو تعلیم دلانی ہے ۔ یہ کوئی بیماری کا حل نہیں ہے کہ آپ کہتے کچھ ہیں اور کرتے

کچھ ہیں اور ہم وہ کام نہیں کر رہے ہیں جو ہم کرنا چاہتے ہیں ۔ اس لئے میری یہ تجویز ہے کہ گورنمنٹ کو سنجیدگی سے اس مسئلہ پر غور کرنا چاہئے ۔ کہ واپڈا ۔ یا پی آئی ڈی سی کی قسم کا ایک نیم خود مختار ادارہ بنا دیا جائے جو تعلیم کے سارے پہلوؤں کو تعلیمی نقطہ نظر سے سوچے یہ محکمہ تعلیم بہت اچھا ہے ۔ اسکی دوران عرصہ ۲۰ برس بہت سی خدمات ہیں لیکن اس کے باوجود میں یہ سمجھتی ہوں کہ ہم اس بات کو ابھی واضح نہیں کر سکے کہ اس ملک میں کس قسم کے نظام تعلیم کی ضرورت ہے ۔ ہم آج کچھ کرتے ہیں اور کل کچھ کرتے ہیں ۔ تعلیم بالغاں جو اتنا اہم معاملہ ہے اس کے متعلق میں پوچھتی ہوں کہ اب تک اسکی نسبت کیا کیا ہے ۔ بہر حال میں وزیر تعلیم صاحب کی توجہ دلانا چاہتی ہوں کہ اس کے لئے کوئی ٹھوس اقدامات اٹھائیں جب تک ملک کی ۸۰ فیصد آبادی سے جہالت دور نہیں ہو سکتی یہ ملک کبھی ترقی نہیں کر سکتا ۔

وزیر تعلیم (ملک خدا بخش) ۔ جناب والا ۔ میں معزز ممبران کا بے حد مشکور ہوں کہ انہوں نے یہ تحریک پیش کرکے میرے لئے راہنمائی اور میرے لئے غور و فکر کا سامان مہیا کیا ہے ۔ بالخصوص آج کی تعمیری تنقید کو میں خوش آمدید کہتا ہوں ۔ (ہیئر ۔ ہیئر) اور میں تمام معزز ممبر صاحبان کا بے حد مشکور ہوں کہ انہوں نے میری سوچ اور فکر میں نئی اور جدید راہیں کھولی ہیں اور میری معلومات میں قابل قدر اضافہ ہوا ہے ۔ تعلیم کے متعلق اتنے معاملات ہیں کہ ان پر جتنی بھی تقاریر کی جائیں کم ہیں ۔

جناب والا ۔ پہلا سوال محترمہ صاحبزادی محمودہ بیگم صاحبہ نے نہایت ہی اچھا اور وقیع سوال پیدا کیا ہے کہ ہماری تعلیم کا مقصد کیا ہے ۔ اسلامی تعلیم کس کو کہتے ہیں ۔ میں ان کی خدمت میں واضح طور پر عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہماری تعلیم کا مقصد اسلامی تعلیم ہے ۔ اسلامی تعلیم کا مقصد یہ ہے کہ وہ تعلیم جو انسان کے جسم اور روح کے تقاضوں کو پورا کرے ۔ جس کا end product یہ ہونا چاہئے کہ مسلم technocrat پیدا کیجئے ۔ جو صحیح معنوں میں اسلامی انداز فکر اور زاویہ نگاہ رکھنے والے ہوں اور وہ اس قسم کے انسان ہوں کہ وہ معاشرہ پر کسی طرح سے بوجھ نہ بنیں ۔ تاکہ وہ اس قسم کی ٹیکنیکل ٹریننگ حاصل کرکے باہر نکلے تاکہ وہ قوم کے لئے سرمایہ بنیں نہ کہ قوم کے لئے بوجھ بنیں ۔ (ہیئر ۔ ہیئر) ان حالات میں اس پالیسی کو مد نظر رکھتے ہوئے ہمیں جائزہ لینا ہے کہ جو نصب العین ہم نے مقرر کر رکھا ہے ہم اس کی طرف قدم بڑھا رہے ہیں یا نہیں ۔ میں اعتراف کروں گا کہ جتنے تعلیم کے تقاضے ہیں اور جتنے لوگوں کے مختلف علاقائی تقاضے ہیں ان کو پورا کرنے کے لئے ہم اس حد تک کام نہیں کر سکے جس حد تک ہمیں کام کرنا چاہئے تھا ۔ وسائل کی کمی اور مسائل کی بہتات کی وجہ سے ہمارے لئے ممکن نہیں ہو سکا کہ آج میں اس ایوان کو نہایت ہی تسلی بخش اور تشفی کے ساتھ جواب دے سکتا ۔ بہرحال چاہے میرے نہایت ہی محترم دوست جناب فاروقی صاحب ناراض ہوں میں چند اعداد و شمار کی طرف ان کی توجہ دلاتا ہوں تاکہ انہیں بتا دیا جائے کہ موجودہ حکومت کا قدم اس طرف آگے بڑھا ہے ۔

جس پالیسی اور جس نصب‌العین کے متعلق میں، نے اس معزز ایوان کو توجہ دلائی ہے (مجھے امید ہے کہ فاروقی صاحب اب اس کو برداشت فرما لیں گے) مختصر الفاظ میں آپ کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں۔ ۱۹۵۲ سے پہلے کا میں ذکر نہیں کرتا کیونکہ یہ ایک دکھتی ہوئی رگ ہے۔ میں اس کے بعد کے اعداد و شمار کے متعلق ذکر کرتا ہوں۔ ۱۹۵۹ء میں ایجوکیشن بجٹ ۱۳ کروڑ روپیہ پر مشتمل تھا۔ آج اللہ تعالیٰ کے فضل سے ۶۷-۱۹۶۶ء کا بجٹ ۴۰ کروڑ روپیہ پر مشتمل ہے۔ اس وقت لڑکوں کی تعداد ۲۵ لاکھ تھی اب اللہ تعالیٰ کے فضل سے ۴۵ لاکھ لڑکے اور لڑکیاں تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ تعلیمی اداروں کی تعداد اس وقت ۲۱ ہزار تھی آج ۴۰ ہزار ہے۔ انشاءاللہ ۱۹۷۰ء تک ۶۸ ہزار ہو جائے گی۔ اسی طرح ۴ یونیورسٹیاں تھیں اور اس وقت اللہ کے فضل سے ۶ یونیورسٹیاں ہیں۔ اس وقت دو Polytechnic Institutes تھے اس وقت ۹ ہیں اور ۲۱ کی مزید گنجائش رکھی گئی ہے یعنی ۱۹۷۰ء تک ۳۰ Polytechnic Institutes ہو جائیں گی۔ ۳۶ vocational schools تھے اب ہمارا ارادہ ہے کہ ان کی تعداد ۱۹۷۰ء تک دگنی ہو جائے۔ پرائمری سکولوں کی تعداد ۱۸ ہزار تھی آج اللہ تعالیٰ کے فضل سے ۳۵ ہزار ہے۔ تیسرے ۵ سالہ منصوبہ میں ۲۵ ہزار کا مزید اضافہ ہو گا۔ سیکنڈری سکولز ۳۰۵۰ تھے آج ان کی تعداد ۵ ہزار ہے۔ انٹرمیڈیٹ کالج ۴۶ اور ۸۷ ڈگری کالج تھے۔ آج ۱۰۳ وہ ہیں اور ۱۰۳ ہی وہ ہیں۔

جناب والا۔ آپ ان اعداد و شمار سے اندازہ لگائیں۔ جہاں تک ہمارے وسائل کا تعلق ہے آپ کی حکومت نے اپنی طرف سے اپنی صواب دید

کے مطابق قدم اٹھایا ہے اور کوشش کی ہے کہ ہم ان مقاصد کی طرف قدم اٹھائیں جن مقاصد کی طرف ان معزز ممبر صاحبان اور اس ایوان سے باہر قوم کا تقاضا ہے ۔ بلکہ چند سوال ایسے ہیں جس کے متعلق جناب محمود اعظم فاروقی صاحب اور دیگر اراکین نے اشارہ فرمایا تھا ۔ فاروقی صاحب نے فرمایا تھا کہ مذہبی تعلیم کے لئے اتنی قلیل رقم رکھی گئی ہے اور باقی آرٹ کونسل کے لئے اتنی رقم رکھی گئی ہے ۔ میں ان کی اطلاع کے لئے یہ عرض کرنے کی جسارت کروں گا کہ محکمہ تعلیم کو اور اس حکومت کو اس بات کا بالکل اور ہر وقت یہ خیال ہے کہ جب تک ہم اپنی نئی آنے والوں نسل میں اسلامی روح ۔ اسلامی فلسفہ بیدار اور اجاگر نہیں کریں گے اور اس کی نشوونما نہیں کریں گے اس وقت تک ہماری سالمیت بھی خطرے میں رہے گی ۔ (ہیئر ۔ ہیئر)

اس خیال کے بعد میں آپکی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں۔ کہ موجودہ حکومت نے دینی تعلیم دینے کے سلسلے میں کیا اقدامات کئے ہیں ۔ آج مجھے اس ایوان میں یہ اعلان کرتے ہوئے حقیقی مسرت اور خوشی حاصل ہوتی ہے کہ جہاں یہ تعلیم پہلے آٹھویں جماعت تک لازمی ہوتی تھی اس سال سے ہم نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ اسے دسویں جماعت تک لازمی قرار دیا جائے۔ اور اسی طریقے سے ہم نے یہ بھی فیصلہ کیا ہے۔ کہ آئندہ سالوں میں دینی تعلیم کو انٹرمیڈیٹ اور بی۔اے۔ سٹینڈرڈ تک بھی لازمی قرار دیا جائے۔ لہذا میرے خیال میں فاروقی صاحب کے لئے یہ امر اطمینان بخش ہو گا کہ ہم نے اس طرف قدم بڑھایا ہے جس طرف ہمیں قدم بڑھانا چاہئے تھا ۔

**مسٹر محمود اعظم فاروقی** ۔ آپ اطمینان بخش بات کریں۔ تو اطمینان ہو جائے گا ۔

**وزیر تعلیم**۔ دوسری چیز اس دینی تعلیم کے سلسلے میں جو کی ہے وہ یہ ہے کہ جو مشنری ادارے تھے۔ جو دوسرے ممالک کے ہیں۔ اور دوسرے ممالک کے لوگوں نے قائم کئے ہوئے ہیں۔ ان میں بھی ہم نے دینی تعلیم کو لازمی قرار دیا ہے۔ اور ساتھ ہی اس بات کا بھی حکم دے دیا ہے۔ کہ کسی طریقے سے بھی کسی مسلمان بچی یا مسلمان بچوں کو بائیبل اور Scripture (جو کہ دوسرے مذاہب کے ہیں) کی تعلیم نہ دی جائے۔ یہ جو دوسرا قدم اٹھایا ہے۔ یہ بھی اس طرف ایک قدم ہے کہ ہم اسلامی تعلیم کی روح کے لئے کوشاں ہیں۔ دوسری بات یہ ہے ۔ کہ یہاں پر کہا گیا ہے۔ کہ تعلیم پر کم خرچ کیا جا رہا ہے۔ شاید یہ اطلاع معزز ایوان کے لئے دلچسپی سے خالی نہ ہو گی۔ کیونکہ انہوں نے جو اعداد و شمار اور کوائف ادہر ادہر سے اکھٹے کئے ہیں۔ جو کہ صحیح تصویر پیش نہیں کرتے۔ اور صحیح تصویر یہ ہے۔ اور میں نے پوری ایمانداری اور ذمہ داری کے ساتھ ان اعداد و شمار کو اکٹھا کیا ہے۔ میں نہایت ہی وثوق کے ساتھ اور ذمہ داری سے یہ اعلان کر سکتا ہوں۔ کہ ایک کروڑ کے لگ بھگ رقم دینی تعلیم پر خرچ ہو رہی ہے۔ اور اس میں ان اساتذہ کا خرچ بھی شامل ہے۔ جو ہر سکول میں ایک مقرر کیا گیا ہے۔ اور اس میں وہ اساتذہ بھی شامل ہیں۔ جو ہم نے مشنری سکولوں میں متعین کئے ہیں۔ اس میں وہ رقم بھی شامل ہے جو ہم نے اس سال پانچ لاکھ روپے اس غرض سے رکھے ہیں کہ اساتذہ کو قرأت اور تسوید سکھائی جائے۔ تاکہ اس

صورت میں وہ طلبہ کو پڑھانے کے قابل ہو سکیں۔ تو ان حالات میں ایک کروڑ کی رقم کو پانچ دس یا ستر ہزار سمجھنا بے انصافی ہو گی۔

(قطع کلامی)

آپ میرے کمرے میں آئیں۔ تو پھر یا میں اتفاق کر لوں گا یا پھر آپ اتفاق کر لیں گے۔ اس کے علاوہ دینی تعلیم کے متعلق آپ کو سن کر خوشی ہو گی۔ کہ ہم نے تمام نصاب کی نظر ثانی کر کے اس میں اسلامیات اسلامی تاریخ اور اسلامی فلسفہ اسلامی نظریہء حیات اسلامی اخلاق اور مشرقی اقدار کو زیادہ سے زیادہ نشوونما دینے کی جانب کوشش کی ہے۔ چاہے وہ مضمون سوشل سٹڈیز کا تھا۔ چاہے وہ مضمون civics کا تھا۔ چاہے وہ مضمون اردو کا تھا۔ ہم نے یہ کوشش کی ہے۔ اور انشاء اللہ تعالیٰ اگلے سال ہم نصاب کی کتابیں شروع کر سکیں گے۔ کیونکہ ایک کتاب کو لکھنے لکھانے میں تقریباً ایک سال کا عرصہ لگ جاتا ہے ۔ اور اس نظام تعلیم کے اجرأ کے بعد اسکے نتائج دیکھنے کے لئے اٹھارہ سال کا عرصہ چاہئے۔ اگر اگلے سال بھی میں اور فاروقی صاحب یہاں ہوئے ۔ اور وہ مجھ سے اسکے نتائج کے بارے میں پوچھیں۔ تو میں ابھی ان کا جواب دیئے دیتا ہوں۔

آہ کو چاہئیے اک عمر اثر ہونے تک۔

اس لئے میں بھی اپنے دائرہ عمل میں کوشش کروں گا۔ اور وہ بھی کوشش کریں۔ جو چیز مجھے عزیز ہے۔ انہیں بھی عزیز ہے۔ جو ملک کی ضرورت ہے۔ جو وقت کا تقاضا ہے۔ یعنی جو پاکستان کی آئیڈیالوجی کا مقصد ہے۔ ان سب کی خاطر ہم سب کو مل جل کر کام کرنا چاہئیے۔ اور تعلیم میں سیاست کو نہیں لانا چاہئیے۔ اس کو ہمیشہ اس سطح پر رکھنا چاہئیے۔ جس سطح پر

رہ کر وہ ملک و ملت کی صحیح خدمت کر سکیں۔ تو دینی تعلیم کے متعلق میں نے جو چند باتیں عرض کرنی تھیں۔ وہ عرض کر دی ہیں۔

چونکہ محترمہ نے تعلیم نسواں کے بارے میں کچھ ارشاد فرمایا ہے۔ اور حالانکہ ان کے پاس وقت کم تھا۔ لیکن پھر بھی انہوں نے اس قلیل وقت میں بھی بڑے موثر طریقے پر اپنا نقطہ نظر پیش کیا ہے۔ تو میں آپکی وساطت سے ان کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں۔ کہ تعلیم نسواں میں تو ترقی کچھ اس نوعیت کی ہوئی ہے۔ کہ ایک تو تمام ملک میں ویسے ہی education explosion آ گیا ہے۔ لیکن اگر خواتین کی تعلیم کے متعلق میں یہ عرض کروں کہ مستورات یا خواتین نے تو اس سلسلہ میں invasion کیا ہے۔ تو یہ درست ہو گا۔ بہر حال ان کو یہ سن کر خوشی ہو گی۔ کہ higher classes میں تقریباً تین ہزار فیصد اضافہ ہوا ہے۔ میں انکی اطلاع کے لئے عرض کر دوں۔ کہ اس سال ہم نے خواتین کے لئے پرائمری سکولوں کی تعداد دس ہزار کر دی ہے۔ جبکہ ۱۹۶۰ء میں انکی تعداد کل تین ہزار تھی۔ اور ان کے لئے جو مڈل سکول تھے ان کی تعداد دو سو چالیس تھی۔ اور اب پانچ سو پینسٹھ ہے۔ ہائی سکول پہلے دو سو دو تھے اب تین سو باون ہیں۔ انٹرمیڈیٹ کالج پہلے چھ تھے۔ اب اٹھائیس ہیں۔ اور ڈگری کالج پہلے بائیس تھے۔ اب انتیس ہو گئے ہیں ۔ (قطع کلامی) اور میں تعلیم نسواں کے بارے میں فنی تعلیم کے متعلق بھی عرض کر دوں۔ کہ ہم نے ان کے لئے دسویں تک comprehensive سکول اور ایک پولی ٹیکنیک انسٹیٹوٹ اور چند ووکیشنل سکول بھی قائم کئے ہیں۔ جو مشکل مسائل ہمارے راستے میں ہیں ۔ اور جن کے متعلق مسٹر انور عزیز نے ۔ میرے عزیز نے نہایت مختصر الفاظ

میں بلکہ صحیح انداز میں فرمایا ہے۔ کہ تعلیم کا مقصد کیا ہے۔ تعلیم کا مقصد صرف حروف شناسی ہے۔ یا ڈپلومہ یا ڈگری حاصل کرنا ہے۔ یا بے روز گاری میں اضافہ کرنا ہے۔ دراصل یہ مقصد نہیں ہے۔ مقصد یہ ہے۔ اور حکومت کی یہ کوشش ہے۔ کہ جونہی ایک بچہ یا بچی تعلیم سے فارغ ہو تو اسکو اسکی روزی کا میدان بھی سامنے نظر آتا ہے۔ تو اس کا نظریہ تبھی صحیح ہوتا ہے۔ جب اسے اسکے لئے مواقع بہم پہنچائے جائیں۔ آپ صاحبان نے سوالات کے ذریعے بھی اور آج بھی یہ فرمایا ہے۔ کہ بچوں کی بڑھتی ہوئی بیروزگاری کا کیا علاج ہے۔ اسکے لئے تو ہمارے ہاں یہی ایک علاج ہے۔ جو میں نے عرض کیا ہے۔ کہ Muslim Technocrats کا یہ فلسفہ ہے۔ کہ مسلمان میں dignity of labour آنی چاہئیے اس کے پاس know-how ہونا چاہئیے۔ اسکے سامنے ایک واضح نصب العین ہونا چاہئیے۔ اور وہ معاشرے پر کسی قسم کا بوجھ نہ بنے۔ وہ خادم بن کر مخدوم بنے ۔ اور یہی چیزیں تعلیم بالغاں کے متعلق بھی عرض کرنا چاہتا ہوں۔ یہ تو تعلیم نسواں کے بارے میں عرض کیا ہے۔ سائنٹفک ایجوکیشن کے بارے میں بھی میرے عزیز دوست ملک محمد اختر صاحب نے بڑے بلیغ اور موثر انداز میں فرمایا تھا۔ تو میں ان کی خدمت میں عرض کردوں۔ کہ انشاء اللہ تعالیٰ ۷۰ء تک ہم ہر سکول میں سائنس پڑھانے کے قابل ہو جائیں گے۔ اور اس وقت بھی ہم نے فیصلہ کر لیا ہے۔ اور جس طرح میں نے اس Muslim Technocrat کے فلسفہ کے متعلق یہ کہا ہے۔ کہ دسویں جماعت تک اسلامیات لازمی ہو گی۔ اور یہ بھی فیصلہ کر لیا ہے۔ کہ دسویں جماعت تک سائنس بھی لازمی ہو گی ۔ اس کے علاوہ ہم پانچ superior science colleges بھی کھولنا چاہتے

ہیں اور کھول رہے ہیں۔ اور اساتذہ کے لئے ایک comprehensive سکول بھی کھولیں گے۔ جس کے تحت یہ مقاصد پورے ہوں گے۔

جناب والا۔ اسکے علاوہ چند باتیں جو میرے معزز دوستوں نے کہی تھیں۔ میں ان کے متعلق یہ چند باتیں انکے گوش گزار کرنا چاہتا ہوں۔ منور خان صاحب نے پشاور یونیورسٹی کے متعلق خاصا زور دیا تھا۔ میں ان کو یقین دلانا چاہتا ہوں۔ کہ پشاور یونیورسٹی کے کسی شعبے میں بھی تخفیف عمل میں نہیں لائی جائے گی۔ اور میری یہ کوشش بلکہ سعادت ہو گی۔ کہ جس طرح پشاور یونیورسٹی کا ماضی شاندار ہے۔ اسی طرح اس کا مستقبل بھی تابناک ہو۔

میں چند کوائف ان کی خدمت میں عرض کروں گا۔ اس میں آپ نے غلط اطلاع دی ہے۔ کہ ۲۵ لاکھ کی رقم دی گئی ہے ایسی کتنی رقوم دوسری جگہ بھی ہیں۔ فنانس ڈیپارٹمنٹ نے مجھے بتایا ہے کہ ۳۴ لاکھ کی رقم رکھی گئی ہے جیسا کہ آپ نے فرمایا ہے کہ ۵ لاکھ دے دیا جائے۔ اس کے لئے عرض کر دوں ۔ ۔ ۔ ۔

**Mr. Munawar Khan :** Yes. There is a provision for five lacs.

**وزیر تعلیم** ۔ اس میں جو رقوم ایگریکلچرل کالج کے لئے اور میڈیکل کالج کے لئے ہیں وہ اس میں شامل نہیں ۔ ایگریکلچرل کالج کی رقم ایگریکلچرل سیکٹر میں ہو گی۔ اور میڈیکل کالج کی ہیلتھ سیکٹر میں ہو گی۔ بہرحال یہ حساب کی غلطی ہے ممکن ہے آپ غلط سمجھے ہوں یا میری سمجھ میں غلط آیا ہو۔ آپ کو یہ بات سن کر خوشی ہو گی کہ چند روز پہلے جب یہ بات میرے نوٹس میں لائی گئی تو میں نے اسی وقت ایک کمیٹی مرتب کی۔ جو

عنقریب پہنچنے والی ہے جو وہاں جا کر وائس چانسلر سے مل کر اس کے لئے مواد تیار کرے گی۔ لیکن یہ بات واضح کر دوں کہ پشاور یونیورسٹی ترقی کی طرف جائے گی۔ تنزل کی طرف نہیں جائے گی۔ سندھ یونیورسٹی کے متعلق جو آپ نے اعداد و شمار دئیے ہیں ان میں غلطی ہوئی ہے۔ دراصل سندھ کی ایگریکلچرل اور میڈیکل institutions میں کچھ جھگڑا ہے۔

**مسٹر محمود اعظم فاروقی** ۔ پبلک سکول کے متعلق آپ نے کچھ نہیں بتایا۔

**وزیر تعلیم** ۔ اچھا کیا آپ نے یاد کرا دیا پبلک سکول کے متعلق حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ آئندہ کوئی پبلک سکول نہیں کھولا جائے گا۔ صرف وہ سکول کھولے جائیں گے جو غربا اور عوام کے مفاد کے ہوں یہ comprehensive سکول ہوں گے۔ لیکن یہ یقین رکھیں کہ کوئی پبلک سکول نہیں کھولا جائے گا اس لحاظ سے اگر کسی سکول کے متعلق کبھی سوچا گیا تو وہ صرف military کا سکول ہو گا جیسے کوئی کیڈٹ کالج ہوتا ہے۔ اس وقت ہماری تجویز ہے کہ ۴۰ comprehensive سکول کھولے جائیں ۱۰ خواتین کے لئے اور ۳۰ لڑکوں کے لئے۔ میں ممبران سے گزارش کروں گا کہ اگر کوئی اور بھی چیز پوچھنا چاہیں تو مجھے یاد کرا دیں۔ تاکہ میں جواب دے دوں۔

ہسٹری کے متعلق ایک محترمہ نے فرمایا تھا تو میں ان کی اطلاع کے لئے عرض کر دیتا ہوں کہ پاکستان کے دو نہایت قابل مورخین نے کتابیں لکھیں ہیں ایک تو اشتیاق حسین قریشی صاحب نے Struggle for Pakistan

لکھی ہے۔ اس وقت اس سے زیادہ مستند اور وقیع کوئی کتاب موجود نہیں یہ بچوں کے نصاب میں بھی شامل ہو رہی ہے اور آپ کو دیکھ کر خوشی ہو گی۔ دوسری کتاب ڈاکٹر محمد اکرام ممبر بورڈ آف ریونیو نے لکھی ہے۔ وہ بڑے مستند مورخ ہیں انہوں نے بھی اسی قسم کی کتاب لکھی ہے۔ میں یقین کرتا ہوں کہ آپ کو ان دونوں مورخین اور مصنفین پر اعتماد ہے کہ ان سے زیادہ معیاری کتابیں نہیں لکھی جا سکتی تھیں۔ کراچی کے کوٹا کے متعلق ہو سکتا ہے کہ کوٹا مخصوص ہو۔ اس کے متعلق میرے دوست ہیلتھ منسٹر صاحب ہی بتا سکیں گے۔ انجینرنگ کے متعلق چوہان بین ہو رہی ہے شاید اس قسم کا کوٹا integration کی خاطر مقرر کرنا پڑے تاکہ سب کو فائدہ پہنچے۔

**مسٹر محمود اعظم فاروقی** ۔ سب کچھ اس طرف ہے ادھر کچھ نہیں۔

**وزیر تعلیم**۔ میرے خیال میں دونوں طرف ہے۔ میرے پاس اس کے کوائف موجود ہیں۔

جہاں تک ریڈیو کا تعلق ہے۔ یہ سنٹرل گورنمنٹ کا subject ہے مجھے خوشی ہو گی اور میں اسے اپنی سعادت سمجھوں گا کہ میں آپ کی تجویز وہاں تک پہنچا سکوں۔ کیونکہ ریڈیو کو تعلیمی امداد کے لئے کار آمد بنایا جا سکتا ہے جیسا کہ پہلے بھی بنایا گیا ہے۔

عورتوں کی یونیورسٹی کے متعلق فاروقی صاحب ایک ریزولیشن لا رہے ہیں اس وقت اس پر تفصیل سے گفتگو ہو گی۔ یہ ایک سوچنے کا مسئلہ ہے کہ آیا ایک خواتین کی یونیورسٹی بنا دی جائے یا تمام صوبہ کے کالجوں میں کچھ اس قسم کا اضافہ کر دیا جائے۔ کہ ہر جگہ تعلیم نسواں علیحدہ ہو۔

اب دونوں صورتیں آپ کے سامنے ہیں وہ صورت اختیار کرنی چاہئیے جس میں فائدہ ہو۔ فرض کریں کہ اس وقت لاہور میں ایک خواتین کی یونیورسٹی قائم ہو جائے تو پھر کراچی میں کیا ہو گا۔ پشاور اور حیدرآباد میں کیا ہو گا۔ اگر آپ ٹوکن کٹ کی طرح چاہیں کہ یہاں ایک ٹوکن یونیورسٹی قائم ہو جائے تو علیحدہ بات ہے۔ لیکن یہ اس مسئلہ کا حل نہیں۔ مسئلہ کا حل یہ ہے کہ تعلیم نسواں کو اس طرح extend کریں کہ ڈگری کلاسز یا پوسٹ گریجوایٹ کلاسز عورتوں کے لئے علیحدہ کھول دی جائیں۔ جیسا کہ ہمارا ارادہ ہے اور ہم کر بھی رہے ہیں تو پھر خواتین کی یونیورسٹی کا تقاضا باقی نہیں رہے گا۔ اس پر پھر کبھی تفصیل سے ذکر ہو گا۔ ملک اختر صاحب نے حمود الرحمن کمشن کا حوالہ دیا تھا۔ اس میں تمام مسائل پر رائے دی گئی ہے۔ اختر صاحب کی بات بڑی وقیع معلوم ہوتی ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں اس پر غور کرنا پڑے گا۔ انہوں نے فرمایا تھا کہ اس امر کی طرف توجہ نہیں دی گئی اور طلبا بڑے مضطرب ہیں میں ان کو یقین دلاتا ہوں کہ طلبا ہمیں اپنے بچوں سے زیادہ عزیز ہیں۔ ان کی ہر اچھی چیز اور ان کا ہر جائز مطالبے پر یہ حکومت ہر وقت ہمدردی سے غور کرنے کو فخر سمجھتی ہے۔

میں طلبا سے امید رکھتا ہوں جیسا کہ میں نے کہا ہے کہ ہم انہیں اپنے بچوں سے زیادہ عزیز سمجھتے ہیں وہ بھی ہمیں کچھ اسی طرح سمجھیں۔

Mr. Speaker: I will now put the Cut Motion to the vote of the House. The question is:

That the total of Rs. 70,13,390 on account of 37-Education-Total New Expenditure be reduced by Rs. 70,13,389.

*The motion was lost.*

**Mr. Speaker :** I will now put the Demand to the vote of the House. The question is:

> That a sum not exceeding Rs. 70,13,390 be granted to the Governor to meet new expenditure for the financial year ending on the 30th June, 1967 in respect of Education.

*The motion was carried.*

**Mr. Speaker :** Next Demand please.

**Minister for Finance :** Sir, I beg to move :

> That a sum not exceeding Rs. 91,45,700 be granted to the Governor to meet the new expenditure for the financial year ending 30th June, 1967 in respect of Agriculture.

**Mr. Speaker :** The Demand moved is:

> That a sum not exceeding Rs. 91,45,700 be granted to the Governor to meet the new expenditure for the financial year ending 30th June, 1967 in respect of Agriculture.

There is a Cut Motion from Malik Muhammad Akhtar, please move.

**Malik Muhammad Akhtar :** Sir, I move:

> That the total of Rs. 91,45,700 on account of 40-Agriculture—Total New Expenditure be reduced by Rs. 91,45,699.

**Mr. Speaker :** Demand under consideration, motion moved is :

> That the total of Rs. 91,45,700 on account of 40-Agriculture—Total New Expenditure be reduced by Rs. 91,45,699.

Is it opposed ?

**Minister for Basic Democracies :** Opposed.

**ملک محمد اختر** (لاہور - ۲) - جناب سپیکر - ہمارے ایریگیشن اور زراعت کے کچھ ایسے مسائل ہیں جن پر نہ صرف ہماری دیہاتی آبادی کا دارومدار ہے بلکہ ہمارے foreign exchange اور ہمارے کارخانے چلنے اور ہماری روز مرہ کی ضروریات زندگی کے جو مدارج ہیں اسی سے ہم نے طے کرنا ہیں - جناب سپیکر - میں کسی بھی پوائنٹ کو تفصیل سے نہیں کہہ سکوں گا - صرف چند باتیں ذرا تیزی سے عرض کروں گا - سب سے پہلے تو وزیر متعلقہ کی خدمت میں مجھے یہ گذارش کرنی ہے کہ تیسرے پانچ سالہ منصوبےمیں مغربی پاکستان کی طرف سےکم و بیش ہمیں جیسا کہ فائننس منسٹر صاحب نے گذشتہ سال اپنی تقریر میں فرمایا تھا کہ ۱۳۵۰ کروڑ روپے کی contribution کرنی تھی - یہ منصوبہ ۵- سال کے لئے تھا اس میں ۱۸۰۶۷۰ کروڑ غالباً ہم اس بار provide کر رہے ہیں کہ ۹۰ - کروڑ کے قریب ہم نے گذشتہ سال صرف کیا اور اس طرح سے کل provisions ۲۷۷ کروڑ کا ہوگیا - لیکن ۱۳۵۰ کروڑ کا ہمیں provisions ۲ سال میں ۵۴۰ کروڑ کرنا تھا اس طرح سے کم‌وبیش ۴۰ فیصد سرمایہ کے عوض ہم نے ۲۰ فیصد سرمایہ دیا - مجھے خدشہ ہے کہ اس طریقہ کار سے ہمارا جتنا بھی تیسرا منصوبہ ہے اس میں ۵۰ فیصد cut ہو جائے گا - اگر یہ اعداد و شمار جن کے لئے ہمارے پاس کتابیں موجود ہیں ان میں غلط نہ چھپا ہو اور یہ درست ہو تو حکومت کا یہ دعویٰ کہ تیسرے منصوبہ میں زراعتی ترقی یا اور دوسری ترقیاں جن کے لئے میں اسوقت کچھ نہیں عرض کرتا ہوں اور ڈیلولپمنٹ پروگرام وقت کے مطابق ہونگی میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک کھلی ہوئی آنکھوں میں خاک (خاک میں نہیں کہتا اور نہیں کہنا چاہتا) بلکہ یہ عرض کرتا ہوں کہ ہمیں befool

کیا جا رہا ہے ۔

**وزیر بنیادی جمہوریت** (میاں محمد یسین خان وٹو) ۔ آنکھوں میں خاک نہیں بلکہ سرمہ ۔ ۔ ۔ ۔

**ملک محمد اختر** ۔ یہ کہہ کر ہمیں befool کیا جا رہا ہے کہ حکومت تیسرے منصوبہ کی سختی سے پابندی کر رہی ہے کیونکہ جو اعداد و شمار ہمیں دئے گئے ہیں اسکے لئے میں نے کافی سرگردانی کی اور اس کے علاوہ جناب وزیر صاحب کی پچھلے سال کی تقریر میں نے لائبریری سے حاصل کی اس میں بھی ۱۳۵۰ کروڑ روپے کا پراویزن تھا تو اس طرح آپ کا یہ دعویٰ کہ تیسرا منصوبہ کامیابی سے چلے گا میں سمجھتا ہوں کہ ان کے پاس غالباً الہ دین کا چراغ ہے ورنہ میرے خیال میں یہ اس کمی کو پورا نہیں کر سکیں گے ۔

**وزیر خزانہ** (شیخ مسعود صادق) ۔ کتابوں کے سمجھنے کی اہلیت نہیں ہے آپ میں ۔

**وزیر بنیادی جمہوریت** ۔ اہلیت تو ہے ۔

**ملک محمد اختر** ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ہمارے ملک میں اسی قدر قرضہ جات ہیں جنکی تفصیل میں میں نہیں جانا چاہتا مگر اتنا ضرور عرض کروں گا کہ ایک لاکھ کروڑ کے قرضہ جات ہیں اگر ۱۱ کروڑ کی آبادی پر ان کو پھیلایا جائے تو ہر بچہ جو ہمارے منصوبے میں پیدا ہوتا ہے وہ وزیر خزانہ کے دور حکومت میں ۸۹ روپے کا مقروض پیدا ہوتا ہے ۔ آپ نے جو تیسرے منصوبے میں پراویزن کیا ہے خدا کرے کہ یہ اعداد و

شمار غلط ہوں میں سمجھتا ہوں کہ ہم لوگوں سے مذاق کیا جا رہا ہے کہ آپ کو ۴۰ فیصد کا پراویزن کرنا تھا اس کے عوض آپ نے ۲۰ فیصد کا پراویزن کیا ہے -

اس کے بعد جناب والا - میں ملک خدا بخش صاحب کی ایک لمبی چوڑی اسٹیٹ منٹ کاش کے وہ مجھے دو روز قبل مل جاتی وہ میرے ہاتھ آج آئی ہے اس میں سے میں ذرا reference کروں گا - انہوں نے بڑی فراخدلی سے اور نہایت حقیقت پسندی سے اور قابلیت سے تسلیم کیا ہے کہ ہمارے مغربی پاکستان میں ماسوائے چند علاقہ جات کے جو پہاڑوں کی نشیب میں ہیں تمام کے تمام علاقوں میں اس قسم کی دقتیں اور problems ہیں جناب والا - انہوں نے یہ بھی فرمایا ہے کہ ہمیں پانی کی کمی water logging, salinity اور inadequate agricultural practices کا بھی سدباب کرنا ہوگا - جناب سپیکر - میں تسلیم کرتا ہوں کہ irrigation کے اعتبار سے سب سے پہلی جو ہماری problem ہے وہ واٹر سپلائی کا arrangement ہے کیونکہ ہم ۳۳ ملین ایکڑ ایریا کو اسوقت command کرتے ہیں اور ۴۰ ہزار میل لمبی نہریں بھی ہیں جنکے ذریعہ سے ہمیں واٹر سپلائی کا انتظام کرنا ہے - لیکن ان تمام چیزوں کے ہوتے ہوئے جیسا کہ میں نے عرض کیا تھا مگر جناب وزیر خوراک بگڑ گئے تھے اور ناراض ہو گئے تھے کہ آپ نے اعداد و شمار کم دئے ہیں کم و بیش ۹-۱۰ لاکھ ٹن گندم کا سالانہ رقبہ جو خشک سالی کی نذر ہو رہا ہے اور اس کی وجہ سے ہمارے اعداد و شمار دگنے ہو جاتے ہیں اور اس میں ہماری سمگلنگ کو بھی دخل حاصل ہے اور اس کا بھی ہاتھ ہے- تو میری نظر میں یہ ۸-۹ دقتیں ہیں

جو ہماری ترقی کو روک رہی ہیں اور سب سے بڑی problem ہماری حکومت مغربی پاکستان کی خود پیدا کردہ ہے کہ اس نے تیسرے منصوبے میں ۴۰ فیصد جو اس کا حصہ تھا اس کے بجائے اس نے ۲۰ فیصد دیا ہے دوسرے میری نظر میں ایگریکلچر کی problems ہیں اور ان میں سب سے زیادہ واٹر سپلائی کی کمی ہے لیکن اس میں rainfall بھی آ جاتا ہے اور نہروں کا پانی تدبیر کے ساتھ نہ تقسیم کرنا بھی اس میں شامل ہے۔ اور بعض اوقات اس میں favourtism چلتی ہے۔ دوسرا پوائنٹ میرا salinity, inefficient practices کا ہے اور fertilizer کے بارے میں بھی میں بار بار کہہ رہا ہوں اور اب بھی کہنا پڑتا ہے کہ آپ fertilizer پر جو ۵۰ فیصد رعایت دے رہے تھے اسے آپ نے اب ۳۳ فیصد کر دیا ہے۔ اس کے علاوہ مجھے دوبارہ یہ بات کہنا پڑتی ہے کیونکہ بجٹ کی بہت تعریف کی گئی ہے اور اس کے مقابلے میں بار بار اس حقیقت کو آشکار کرنا ضروری ہے اور یہ منفی باتیں کرنا بہت ضروری ہیں کہ mechanising کے ذریعہ سے جو آپنے non-profit loan دو کروڑ کی liability آپ incur کرتے تھے وہ بھی آپ نے واپس لے لی۔

اس کے نمبر ۴ پر جو میرا نقطہ نظر ہے وہ یہ ہے کہ حکومت نے اپنے سٹاک میں سے جو imported wheat ہے اس کی قیمت بڑھا دی ہے اور اس وجہ سے بھی ہماری problems بڑھ گئی ہیں۔

اس کے بعد مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ حکومت نے بلا شبہ ایسے اقدام کئے ہیں جن سے ان کے جو نقائص ہیں وہ دور ہو سکیں لیکن ان تمام نقائص کو تفصیل سے دیکھا جائے تو میں سمجھتا ہوں کہ اس میں کوئی

معتدبہ کمی نہیں ہوئی ہے ۔ میں سابق پنجاب کے متعلق دو ایک روز ہوئے اعداد و شمار دے چکا ہوں مجھے اپنے سندھی بھائیوں کا بھی احترام ہے اب میں انکے فارمر سندھ کے متعلق کچھ اعداد و شمار پیش کروں گا یعنی جہاں پر آپ نے نہروں کا پانی بھی مہیا کیا وہاں پر بھی salinity ۵۰ فیصد ایریا میں ہے ۔ یہ تو معاملہ Upper Indus کا ہے ۔ اس کے بعد میں عرض کروں گا کہ لوئر انڈس میں جہاں کہ ہماری نہروں کے ذریعے کاشتکاری ہوتی ہے وہاں کا ایریا ۹۰۴۱ ملین ایکڑ ہے جس کا ۳۳ فیصد حصہ salinity کا شکار ہے ۔ وہاں بہت زیادہ salinity ہے ۔

**Mr. Speaker :** Malik Sahib may please try to conclude now.

**ملک محمد اختر** ۔ صاحب ابھی تو میں نے بہت کچھ کہنا ہے ۔

**مسٹر سپیکر** ۔ ملک صاحب ایک بجے guillotine apply ہو گی ۔ ابھی حمزہ صاحب بولیں گے اور وزیر زراعت بھی بولیں گے ۔

**ملک محمد اختر** ۔ جناب والا ۔ مجھے پانچ منٹ اوڑ دیدئیے جائیں ۔

**Mr. Speaker :** Try to conclude.

**ملک محمد اختر** ۔جناب والا ۔ میں عرض کر رہا تھا ۔ میں پھر دوہراتا ہوں کہ ہماری یہ زمین کا جو مسئلہ ہے اس کا ایک ہی حل ہے ۔ اس کو چاہے آج اپنا لیں چاہے ۱۰ سال بعد اپنائیں ۔ جیسے جیسے آپ نے لینڈ ریفارمز کیں اور بڑے بڑے زمینداروں سے فالتو زمینیں حاصل کیں اور آپ کی پیداوار میں اضافہ ہوا۔ تو میرا کہنے کا مقصد یہ ہے کہ تمام زمین آپ کو نیشنلائز کرنی ہو گی ۔ چند زمینداروں کا مفاد پیش نظر نہیں رکھنا چاہئے ۔ خدا بھلا کرے صدر ایوب کا کہ زمینداروں کی hold جو ہے وہ حکومت کی

گردن سے ڈھیلی ہو چکی ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ جرات مندانہ اقدام تھا جو کہ اٹھایا گیا۔ میں سمجھتا ہوں کہ جو زمینیں بیشمار بڑے بڑے زمینداروں کے پاس ہیں وہ غریب عوام میں بانٹی جانی چاہئیں۔

**Mr. Speaker :** Haji Atta Muhammad Lund is not present ; Khan Munawar Khan is also not present. Now Mr. Hamza.

**مسٹر حمزہ** (لائلپور-۶) ۔ جناب سپیکر ۔ زراعت کی اہمیت کا اندازہ ان اعداد و شمار سے لگایا جا سکتا ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

**چودھری انور عزیز** ۔پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب والا ۔ یہ دیکھنے کی بات ہے کہ حمزہ صاحب نے حال ہی میں فرمایا تھا کہ انہوں نے تیل کشید کرنے والی چکی لگا رکھی ہے تو اس چیز کے پیش نظر ان کو زراعت سے دور کا بھی واسطہ نہیں ۔

**Mr. Speaker:** This is not a point of order.

**وزیر بنیادی جمہوریت** (میاں محمد یاسین خاں وٹو)۔ نہیں کچھ زمین بھی ہے ۔

**مسٹر حمزہ** ۔ جناب سپیکر ۔ مغربی پاکستان کی ۷۵ فیصد آبادی کا گزارہ کاشتکاری پر ہے ۔

**چودھری انور عزیز** ۔ پوائنٹ آف آرڈر پاکستان کی ۷۰ فیصد آبادی کا گزارہ یا انحصار کاشتکاری پر ہے ۔

**Mr. Speaker :** This is not a point of order. No interruptions please. We have very limited time at our disposal.

**مسٹر حمزہ** ۔ قومی آمدنی میں کاشتکار کا حصہ ۶۰ فیصد بنتا ہے ۔ اور

ہمارا ملک جو زر مبادلہ کماتا ہے زرعی پیداوار کا اس میں حصہ ۹۰ فیصد ہے سب سے بڑی بات یہ ہے کہ اس وقت زرعی پیداوار کم ہونے سے غذائی صورت حال انتہائی تشویش ناک ہے اور ملک کی تمام آبادی زرعی میدان میں خاطر خواہ ترقی نہ ہونے کے باعث پریشان ہے اس لئے بہتر یہ ہو گا کہ حکومت اس طرف خاص توجہ دے ۔

**رانا پھول محمد خاں**۔ پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب والا۔ اللہ تبارک و تعالی کے فضل و کرم سے ہمارے صوبہ کی خوراک کی حالت بہت بہتر ہے ۔ حمزہ صاحب نے اس کو قحط زدہ کیسے قرار دیدیا ۔

**Mr. Speaker:** This is not a point of order. The member may please take his seat.

**وزیر بنیادی جمہوریت** ۔ حمزہ صاحب کی کٹ اس بات کی دلیل ہے۔

**مسٹر حمزہ** ۔ آج غلے کی قیمت جون میں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ (قطع کلامی)

**Mir Wali Muhammad Khan Talpur** : Sir the House is not in quorum.

**Mr. Speaker** : Let there be a count. (*count was taken*). The House is not in quorum. Let the bells be rung. (*bells were rung*). The House is now in quorum. Yes, Mr. Hamza.

**مسٹر حمزہ** ۔ جناب سپیکر۔ میں عرض کر رہا تھا کہ غلہ کی کمی کی وجہ سے اس ملک کی غریب آبادی کو ماہ جون میں گندم ۲۰/۱۹ روپے من دستیاب ہو رہی ہے ۔ اگر زرعی ترقی کی رفتار خاطر خواہ ہوتی تو آج ہمارا ملک کم از کم خوردنی اجناس کی کمی کا شکار نہ ہوتا ۔ جناب سپیکر ۔ آپکو

بھی شاید اس چیز کا علم ہو گا کہ جاپان جو کہ ایشیائی ملک ہے وہاں فی ایکڑ گیہوں کی اوسط پیداوار ۱۶ من اور چاول کی اوسط پیداوار ۳۴ من فی ایکڑ ہے - روس میں گیہوں کی اوسط پیداوار ۱۸ من فی ایکڑ اور چاول کی اوسط پیداوار ۱۷ من فی ایکڑ ہے - اٹلی میں گیہوں کی اوسط پیداوار ۱۳ من فی ایکڑ ہے - اور چاول کی پیداوار ۵۰ من فی ایکڑ ہے - اور اسکے مقابلہ میں پاکستان میں گیہوں کی اوسط پیداوار - - - -

**Chaudhri Anwar Aziz :** Point of order. He is quoting wrong figures.

**Mr. Speaker :** This is not a point of order. Mr. Hamza may please take his seat.

اگر کوئی صاحب پوائنٹ آف آرڈر اٹھانا چاہیں تو اسی وقت اٹھا لیں -

I would not allowed interruptions. We have to conclude diccussion at 1—00 p.m. and the Minister of Agriculture and Finance have still to speak. Mr. Hamza will continue upto 12-40 p.m. Then the Minister of Agriculture and the Minister of Finance will speak for ten minutes each. I have to apply guillotine at 1—00 p.m. Therefore, there should be no point of order.

**رانا پھول محمد خاں** - پوائنٹ آف آرڈر - جناب سپیکر - اگر کوئی غلط بات کہہ دیں تو اس کی تردید ضروری ہو جاتی ہے -

**Mr. Speaker:** The member is raising frivolous points of order. He may please take his seat. Yes, Mr. Hamza.

**مسٹر حمزہ** - جناب سپیکر- میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ہمارے ہاں زرعی ترقی کے باوجود فی ایکڑگیہوں کی پیداوار تقریباً ۹من ہے اور چاول کی پیداوار ۱۱

سے ۱۲ من ہے ۔ میرا خیال ہے اگر ہماری زرعی ترقی کی رفتار تیز ہوتی اور گیہوں کی پیداوار میں فی ایکڑ ۲ سے ۳ من کا اضافہ ہوتا تو آج ہمارا ملک غلے کی کمی کا شکار نہ ہوتا ۔ جناب سپیکر ۔ محکمہ کیطرف سے زرعی میدان میں جو کچھ کیا جا رہا ہے ۔ اس میں بیج پانی تحفظ فصلات مشنیری سے کاشت کرنا اور فرٹیلایزر وغیرہ کو بڑی اہمیت دی گئی ہے ۔ لیکن بڑے افسوس کا مقام ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ اس مسئلے کے حل کے لئے ضروری ہے کہ کاشتکار کو وہ اہمیت دی جانی چاہئے جسکا کہ وہ مستحق ہے اور جب تک کاشتکار کو اہمیت نہیں دی جاتی اس وقت تک زراعت کی ترقی ناممکن ہے ۔ جناب سپیکر ۔ اس کے بعد میرا یہ اعتراض ہے کہ محکمہ زراعت وہ محکمہ ہے کہ جس کے متعلق پبلک سروس کمیشن نے اپنی سالانہ رپورٹ میں کہا ہے اور اس نے کل گیارہ مثالیں دی ہیں گیارہ مین ۸ مثالیں اس محکمہ کی دی ہیں جن میں محکمہ زراعت نے ضابطہ کو بالائے طاق رکھتے ہوئے کمیشن سے اجازت لئے بغیر افسران کو ترقی وغیرہ دی ہے ۔ جنکا مطلب یہ ہے اور مجھے بھی یقین ہے کہ یہ محکمہ ٹھیک طریقہ سے نہیں چلایا جا رہا ۔

جناب سپیکر ۔ دوسرے اس بجٹ میں مصنوعی کھاد کے بارہ میں حکومت نے جو اپنی پالیسی تبدیل کی ہے اس سے ظاہر ہے کہ حکومت کی مصنوعی کھاد کی پالیسی قطعاً ناکام ہو گئی ہے اس تبدیلی سے حالات اور خراب ہو جائیں گے اور کاشتکاروں کو مناسب داموں پر کھاد مارکیٹ میں قطعاً نہیں ملے گی۔ اس کے ساتھ ساتھ زرعی مسائل کے حل کے لئے مشینی کاشت کا نسخہ پیش کیا جا رہا ہے۔ حکومت نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ مشینی

کاشت کے لئے زرعی مشینری کی بہم رسانی پر جو رعایت دی جاتی تھی اسے واپس لے لیا جائے۔ اس میدان میں محکمہ زراعت کی کار گزاری انتہائی غیر تسلی بخش ہے۔

جناب سپیکر۔ تحفظ فصلات کے سلسلہ میں جناب وزیر مالیات نے یہ فرمایا تھا کہ جو ۱۰۰ فیصد گرانٹ دی جاتی تھی۔ اب وہ ۷۵ فیصد کر دی جائے گی۔ آپ یقین کیجئے کہ حکومت کی یہ پالیسی بھی بالکل ناکام ہو چکی ہے۔ اس سے فائدہ صرف چند گنے چنے لوگوں کو پہنچتا تھا۔ اس میں بھی ۲۵ فیصد بچت کی گئی ہے۔ جناب سپیکر۔ عملاً ہم دیکھتے ہیں کہ spray کی مراعات صرف چند گنے چنے افسروں یا یونین کونسلوں کے چیئرمینوں کو میسر آتی تھیں۔ شاید یہ spray کی جانے والی دوائی صرف افسروں کی فصلات کے لئے مفید ہو اور دوسروں کی فصلوں کے لئے اس کا استعمال غالباً نقصان دہ ہو گا۔ جناب وزیر زراعت سے گزارش ہے کہ وہ اس کے متعلق ریسرچ کرائیں کہ یہ spray کی جانے والی دوائیاں عام آدمیوں کی فصلوں کے لئے مفید ہیں یا محض افسروں اور چیئرمینوں کی فصلوں کے لئے فائدہ مند ہیں۔

جناب سپیکر۔ اس بجٹ میں پراپیگنڈہ کے لئے خاص رقومات خرچ کرنے کی گنجائش رکھی گئی ہے میں جناب وزیر زراعت کی خدمت میں عرض کروں گا کہ لوگوں کو اب پراپیگنڈہ کی ضرورت نہیں۔ اب عام کاشتکار کو اچھے بیج مصنوعی کھاد اور تحفظ فصلات کے لئے دوائیں چھڑکنے کی اہمیت کا پورا احساس ہے۔ اب ضرورت اس امر کی ہے کہ کاشتکاروں کو یہ تمام چیزیں مہیا کی جائیں میں خاص طور پر تحفظ فصلات کی دوائیوں کی اہمیت کی طرف

توجہ دلانا چاہتا ہوں۔ کیونکہ کروڑوں روپیہ کی فصلیں بیماریوں سے ضائع ہو جاتی ہیں اور زرعی پیداوار کی کمی میں اس کا بہت بڑا دخل ہے آپ کو علم ہو گا کہ پچھلے سال سابقہ پنجاب میں ساڑھے تین لاکھ گانٹھ کپاس سابقہ سال کے مقابلہ میں کم ہوئی میں نے یہ اعداد و شمار ۸ جنوری کے سرکاری گزٹ سے لئے ہیں اس میں کچھ پانی کی قلت کا بھی دخل ہے لیکن اس حد تک نہیں جتنا کہ کیڑے مکوڑوں نے فصل کو ضائع کیا ہے ہمارے علاقے میں عام طور پر اسے ''تیلا'' کہتے ہیں اس بار ''تیلا'' کے مرض کی وجہ سے پیداوار آدھی سے بھی کم ہوئی اگر سپرے کا خاطر خواہ انتظام ہوتا تو روئی کی ساڑھے تین لاکھ گانٹھ کی کمی نہ ہوتی جناب وزیر زراعت کو اس چیز کا علم ہو گا کہ سرسوں اور توریا کی فصل کم ہونے کی وجہ سے تیل ایک سو پچیس سے ایک سو تیس روپے من بک رہا ہے ایسی مثال اس سے پہلے نہیں ملتی اس میں پانی کی قلت کو بھی دخل ہے لیکن عام طور پر دیکھا گیا ہے کہ یہ فصل کیڑے مکوڑوں کا بہت بری طرح شکار ہوتی ہے اگر آپ کا محکمہ اس طرف پوری طرح توجہ دیتا تو کوئی وجہ نہیں تھی کہ ملک کی آبادی کو اتنے مہنگے داموں خوردنی تیل خریدنا پڑتا آپ کو علم ہو گا کہ اکثر غریب لوگ کھانے کے لئے تیل استعمال کرتے ہیں اب انہیں اس مہنگائی کا سامنا کرنا پڑا ہے اور وہ اس سے خاصے پریشان ہیں۔

جناب سپیکر۔ میں وزیر زراعت کی توجہ حکومت کی چاول خریدنے کی پالیسی کی طرف بھی مبذول کرانا چاہتا ہوں مجھے جنگ کے بعد دو تین بار سیالکوٹ جانے کا موقع ملا ہے وہ علاقہ جو ہندوستان کے قبضہ میں تھا اس میں چاول کی فصل تباہ ہوئی جو علاقہ اس کے قریب تھا اس میں دھان

پچھلے سال دس روپے من فروخت ہوتا تھا ان دنوں لوگ آٹھ روپے من فروخت کرتے تھے اور خریدار موجود نہیں تھے اعلیٰ قسم کی باسمتی جس کا نرخ پچھلے سالوں میں پندرہ روپیہ من تھا ان ایام میں اس کی قیمت دس گیارہ روپیہ من تھی اور کوئی خریدنے کے لئے تیار نہیں تھا۔ کاشتکاروں کو محنت مشقت اور خرچ کے بعد اپنی فصلوں کے مناسب دام ملنے چاہیئں اور حکومت کو چاہیئے کہ وہ اس طرف خاص توجہ سے کام کرے۔ چاول کے بیوپاریوں کی شکایات بھی آج تک بدستور موجود ہیں۔ انہیں رفع نہیں کیا گیا نتیجہ یہ ہے کہ چاول گودام میں پڑے ہیں اور ڈیلروں کو سود ادا کرنا پڑتا ہے۔ آپ یقین کیجئے کہ آخر کار اس کا نقصان کاشتکار کو پہنچتا ہے ڈیلر کو نہیں۔ ڈیلر کو پتہ ہوتا ہے کہ اسے اتنا عرصہ سود دینا پڑے گا اور خریدتے وقت اس کے مطابق چاول یا دھان کی قیمت کم لگاتا ہے اس کے سامنے یہ تمام اخراجات ہوتے ہیں۔

جناب سپیکر۔ میں ایک کاشتکار ہوں میں ایک اور شکایت بھی جناب وزیر زراعت کی خدمت میں عرض کرتا ہوں وہ تمام لوگ جو چاول کی برآمد کرتے ہیں وہ بونس ووچر کے ذریعہ اس سے کروڑوں روپیہ کا زر مبادلہ کماتے ہیں۔ آپ کو چاہیئے کہ یہ مراعات کاشتکاروں کو بھی دیں اگر براہراست نہیں تو یہ فیصلہ کر دیں کہ وہ لوگ جتنی مقدار میں چاول دیتے ہیں اس حساب سے ان کو مصنوعی کھاد ٹریکٹر اور تحفظ فصلات کی دوائیں دی جائیں اس سے ایک طرف پیداوار میں اضافہ ہو گا اور دوسری طرف لوگوں کو پیداوار بڑھانے میں زیادہ دلچسپی پیدا ہو گی۔

جناب سپیکر۔ ابھی چند دن ہوئے جناب وزیر زراعت نے ٹریکٹروں کی درآمد

کے بارے میں یہ اعلان کیا تھا کہ یہ کام زرعی ترقیاتی بنک کے سپرد کر دیا گیا ہے آپ یقین کریں کہ بنک کے ذریعے ٹریکٹر حاصل کرنے کے لئے بھی رشوت ادا کرنی پڑتی ہے اس کے علاوہ وہاں سے بعض ایسے لوگ بھی ٹریکٹر حاصل کر لیتے ہیں جنہیں ضرورت نہیں ہوتی وہ انہیں بعد میں بلیک مارکیٹ میں فروخت کرتے ہیں اس لئے یہ ضروری ہے کہ یہ ٹریکٹر صرف زراعت پیشہ لوگوں کو دیئے جائیں تاکہ ان کی حوصلہ افزائی ہو اور ملک کی زرعی پیداوار میں اضافہ ہو آپ ان ٹریکٹروں کو O.G.L. پر کر دیں تاکہ یہ باہر سے درآمد ہو سکیں اور سرخ فیتہ اور رشوت کا نیا راستہ جو آپ نے کھول دیا ہے وہ بند ہو۔

جناب سپیکر۔ اس کے ساتھ ساتھ اس بجٹ میں new expenditure کی مد میں ایگریکلچرل انجینئرنگ ورکشاپ کی گنجائش رکھی گئی ہے میں یہ سمجھتا ہوں یہ انتہائی ضروری ہے ۔ آپ کو معلوم ہے کہ سیم اور تھور کا مقابلہ کرنے کے لئے ٹیوب ویلز لگائے گئے ہیں اسی طرح ٹریکٹرز جو شخص خریدتا ہے اس کو اس کی مرمت کی بھی ضرورت پڑتی ہے ۔ جو کاشتکار اس کو استعمال کرتے ہیں ان کو آسانی سے یہ سہولت مہیا نہیں ہوتی اس لئے مشنیری سے پوری طرح سے استفادہ نہیں کیا جا سکتا ہے ۔ ضروری ہے کہ ان علاقوں میں جہاں زیادہ ٹریکٹرز اور ٹیوب ویل استعمال ہوتے ہیں گورنمنٹ کی طرف سے تحصیل ہیڈ کوارٹر بلکہ تحصیل ہیڈ کوارٹر کے مقابلہ میں جہاں کہیں ضرورت ہو وہاں ورکشاپ کا انتظام کیا جائے تاکہ آسانی سے کاشتکار ٹریکٹر وغیرہ کی مرمت کرا سکیں ۔

جناب والا ۔ اس مد میں مارکیٹنگ افسر کی آسانی کے لئے رقومات کا

مطالبہ کیا گیا ہے۔ میں وزیر زراعت کی خدمت میں عرض کروں گا کہ مارکیٹنگ کمیٹی کا مقصد کیا ہے ۔ ان کا مقصد زراعت پیشہ اور کاشتکاروں کے مفادات کی حفاظت کرنا ہے لیکن حکومت نے ان کو سیاست کا اکھاڑا بنایا ہوا ہے ۔ آپ کو علم ہے کہ مارکیٹنگ کمیٹی کے ممبر جو چنے جاتے ہیں ان کی معیاد صرف ۳ سال ہوتی ہے یعنی وہ ۳ سال کے لئے چنے جاتے ہیں اور مارکیٹنگ کمیٹی کی معیاد بھی ۳ سال ہوتی ہے ۔ لیکن انتہائی افسوس سے عرض کروں گا کہ ۶ سال سے ضلع لائل پور کی مارکیٹنگ کمیٹیوں کا چناؤ نہیں کیا گیا ہے ۔ اس کا نتیجہ یہ ہے کہ بجائے اس کے کہ وہ لوگ کاشتکاروں کے مفادات کی حفاظت کریں ممبر امیدوار افسران کے پیچھے بھاگتے رہتے ہیں اور آپ ان کو اپنے پیچھے دوڑانے پر مجبور کرتے ہیں آپ ان کو سیاسی مقاصد کے لئے استعمال کر رہے ہیں ۔ آپ یہ فرماتے ہیں کہ ہم ملکی زراعت میں خاطر خواہ تبدیلیاں لانا چاہتے ہیں ۔ سارے ملک میں انقلاب برپا کرنا چاہتے ہیں لیکن آپ سیاسیات کے چکر سے نہیں نکل رہے ہیں ۔ آپ ان مسائل کو صحیح معنوں میں اہمیت دیں ۔

**وزیر زراعت و خوراک** (مخدوم حمید الدین) ۔ جناب سپیکر ۔ اس معزز ایوان میں زراعت کے ایجابی اور سلبی پہلوؤں سے متعلق جو مذاکرہ مباحثہ اور سفارشات ہوئی ہیں وہ اپنی نوعیت میں ایک خاص افادیت کی حامل ہیں ۔ جس سے مجھے اور محکمہ زراعت کے ہر فرد کو ہدایات حاصل ہوئی ہیں اور راہبری حاصل ہوئی ہے جس کی وجہ سے میں اس معزز ایوان کا خاص طور پر شکر گذار ہوں ۔ (ہیئر ۔ ہیئر)

جناب سپیکر ۔ پاکستان میں سیاسی ۔ اقتصادی اور معاشرتی نظام میں

زراعت کو جو اہمیت حاصل ہے اس سے کوئی صاحب فہم ۔ صاحب عقل و بصیرت شخص انکار نہیں کر سکتا کہ ہمارے اس ملک کی ترقی کا راز زراعت میں مضمر ہے ۔ اس سلسلے میں جو بھی اقدام کیا جائے میں سمجھتا ہوں وہ اس وطن عزیز کی بنیادی خدمت کے مترادف ہو گا ۔

جناب سپیکر ۔ اس خلائی دور میں اگرچہ انسان بہت حد تک ترقی کر رہا ہے لیکن آج بھی عظیم اکثریت اس پیشے کو اپنانے پر مجبور ہے اور یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ اگر دنیا کی تمام صنعتیں نابود ہو جائیں ۔ مسدود ہو جائیں ۔ مفقود ہو جائیں جب بھی انسانی زندگی پنپ سکتی ہے ۔ (ہیئر ۔ ہیئر) یقیناً پہلے انسانی زندگی میں ایسا دور آیا ہے کہ جب انسان سوائے زراعت کے کچھ نہیں جانتا تھا مگر تاریخ انسانی میں کبھی کوئی ایسی مثال میسر نہیں آئی کہ کبھی زراعت کے علاوہ اور کوئی صنعت بنائے انسانی کی ضمانت دے سکتی ہو ۔

جناب سپیکر ۔ ہمیں اس بات کا پورا احساس ہے اور اس پر پورا اتفاق ہے کہ جو قومیں اپنی خوراک کے مسائل سے غفلت برتتی ہیں ان کی سالمیت کو ہمیشہ خطرہ لاحق رہتا ہے ۔ اور انہیں بدیر یا بزود اس خطرے کے نتائج سے دو چار ہونا پڑتا ہے ۔ اس لئے تمام دنیا کی زندہ قومیں اپنے جملہ مسائل میں خوراک کے مسئلہ کو سر فہرست رکھتی ہیں ۔ اور یہ وہ جذبات اور احساسات ہیں جن کے حامل ہو کر محکمہ زراعت کا ہر ایک فرد مصروف عمل ہے ۔ اس کے ہر اقدام اور ہر جنبش میں یہ جذبہ کار فرما ہے ۔

جناب سپیکر ۔ مجھے خوشی ہے کہ آج کی اس کٹ موشن میں زراعت

کو موضوع بحث بنایا گیا ہے ۔ میرے پاس اس کے جواب کے لئے ۱۰ منٹ کا وقت تھا میرے خیال میں اب ۴ منٹ باقی ہیں اور میں اس کے تسلسل کو جاری نہیں رکھ سکوں گا ۔ میں صرف اتنا عرض کروں گا کہ زراعت کے میدان میں پچھلے چند سالوں میں جو ترقی ہوئی ہے وہ میرے لئے اور اس معزز ایوان کے لئے اور اس حکومت کے لئے قابل فخر ہے ۔ (ہیئر ۔ ہیئر)

جناب والا ۔ ہمارے صوبہ کی باگ ڈور ایک ایسے شخص کے ہاتھ میں ہے جو ہم سب میں سے ہے ۔ اور ہم سب سے زیادہ ترقی پسند کاشتکار ہے ۔ اس شخص کی ہدایات اور راہبری میں صوبہ نے جو ترقی کی ہے ۔ اس کا اندازہ وال سٹریٹ جنرل کے اعلیٰ لکھے ہوئے ادارئیے سے بخوبی ہو سکتا ہے ۔ جناب والا ۔ یہ ترقی ٹھوس پالیسی ۔ موثر منصوبہ بندی اور اس پر صحیح طور پر عمل کرنے کے بغیر ممکن نہ تھی ۔

جناب والا ۔ میرا عرض کرنے کا مقصد یہ تھا کہ زراعت میں جو انقلاب پیدا ہو چکا ہے اسے برقرار رکھا گیا ہے بلکہ اسے تیز تر کر دیا گیا ہے ۔ اگر اس وقت کسانوں کی راہبری اور راہنمائی ضروری نہ ہو تو مجھے احتمال ہے کہ اس انقلاب میں کہیں کمی واقع نہ ہو جائے ان کی رفتار میں سستی نہ آجائے اس لئے چند بہت ضروری سکیمیں اس بجٹ میں شامل کی گئیں جن کے لئے رقومات کا مطالبہ کیا گیا ہے ۔

جناب والا ۔ ہم پانچ مشہور ذرائع سے زراعت کو منقلب کرنے کے لئے منصوبہ جات بناتے ہیں ان کی تفاصیل تو میں پوری بیان نہیں کر سکتا کیونکہ میرے پاس وقت نہیں ہے ۔ یہ نان ڈویلپمنٹ پروگرام کے متعلق تحقیقاتی

شعبے ہیں مثلاً ایگریکلچرل انجنیئرنگ ہے ۔ اور دوسرے شعبہ جات ہیں ۔ اس سلسلے میں میں یہ عرض کروں گا کہ زرعی تحقیق سے زراعت کو حیات نو میسر آئی ہے ۔ ہمارے ماہرین اور زرعی سائنس دانوں نے دن رات مصروف عمل رہ کر ایک نئی قسم کی مفید ورائٹی پیدا کی ہے جو ہمارے صوبہ میں زرعی انقلاب لانے اور زراعتی ترقی کی حامل ہے۔ اس کے متعلق میں مختصراً عرض کروں گا کہ چاول کے سلسلے میں نمبر ۳۷۰ ورائٹی دنیا میں شہرت پا چکی ہے ۔ یہ ہمارے زرعی سائنس دانوں کی محنت کا نتیجہ ہے ۔ انہوں نے ایک اور نئی قسم کی ''باسمتی،، دریافت کی ہے ۔ میں ہاؤس کی اطلاع کے لئے عرض کروں گا کہ یہ ورائٹی نمبر ۶۲۱ اور ورائٹی نمبر ۶۲۲ زرعی تحقیق ہی کا نتیجہ ہے جو مروجہ قسم سے کہیں زیادہ خصوصیات کی حامل ہے اور اس میں انقلاب پیدا کیا گیا ہے ۔ اس کا اعلان بہت جلد کر دیا جائے گا ۔

جناب والا ۔ گندم سے متعلق جو نئی اقسام ہیں اس کے متعلق کافی لٹریچر شائع ہو چکا ہے اور بہت سے حضرات جانتے ہیں ۔ اس کے متعلق اتنا عرض کرنا ضروری سمجھتا ہوں کہ اس دفعہ اس کی فی ایکڑ اوسط پیداوار ۳۰ من ہے ۔ کہیں ۷۰ یا ۸۰ من بھی ہے ۔ اس کے پیش نظر ہم اس میدان میں انقلاب برپا کر رہے ہیں اور یہ کام ہمارا جلد پورا ہو جائے گا ۔

جناب سپیکر ۔ گنے کے میدان میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ کہ پہلے گنے سے چینی کی پیداوار تیس بتیس من فی ایکڑ ہوتی تھی ۔ اب گنے کی نئی قسم جو کہ شعبۂ تحقیقات کے ذریعے دریافت ہو کر تقسیم کی گئی ہے ۔ اور اب رائج بھی ہو گئی ہے ۔ اسکی وجہ سے فی ایکڑ ساٹھ من چینی پیدا ہوتی

ہے۔ اور آپکی اطلاع کے لئے عرض کر دوں ۔ کہ جسکے نتیجے کے طور پر پچھلے سال کے مقابلے چینی کی پیداوار امسال دوگنی ہوئی ہے ۔ چقندر کی تحقیقات میں بھی ثابت ہوا ہے ۔ کہ اسکے اندر بھی بہت سے مفادات موجود ہیں ۔ جو کہ چینی کی پیداوار میں ممدو معاون ہوں گے۔ اور کپاس کے متعلق صرف اتنا ہی عرض کرونگا ۔ کہ حمزہ صاحب نے تو فرمایا تھا ۔ کہ کپاس کی پیداوار میں کمی ہوئی ہے ۔ لیکن حقیقت اسکے بر عکس ہے ۔ اور کپاس کی پیداوار میں چھ فیصد ایزادی ہوئی ہے ۔ پچھلے سال بائیس لاکھ بارہ ہزار گانٹھیں پیدا ہوئی تھیں ۔ جبکہ اس سال تئیس لاکھ اکتیس ہزار گانٹھیں پیدا ہوئی ہیں ۔

حالانکہ extension service ایک بہت اہم شعبہ ہے ۔ لیکن وقت کی قلت کے پیش نظر میں اسکے متعلق عرض نہیں کر سکونگا ۔ اور اس لئے اس کو چھوڑتا ہوں اور خوراک کے متعلق صرف یہی عرض کرنا چاہونگا ۔ کہ خوراک کی اسوقت کوئی کمی نہیں ہے ۔ اور اس کے متعلق حکومت پورے طور پر خبر دار ہے ۔ اور ہم نے اسکا پورا انتظام کر رکھا ہے ۔ اور اس سلسلے میں ملک میں کوئی بھی کمی نہیں ہے ۔

Any body else who wants to speak without raising a point of order or without being allowed by the Chair ?

**ملک محمد اختر** ۔ جناب سپیکر ۔ صفحہ ۹ پر construction of mosque in G. O. R. III کے متعلق عرض کرنا چاہتا ہوں اس میں غالباً ۷۰ ہزار کا پراویژن ہے یہ بڑی اچھی بات ہے ۔ لیکن اس کے مقابلہ میں کوئی item ایسا نظر نہیں آیا جس میں تیسرے اور چوتھے درجہ کے ملازمین کے کوارٹر بنائے جائیں بلکہ بڑے بڑے افسروں کیلئے مثلاً ایک item ہے ۔

Construction of residential accommodation for S. D. O. at Bhurban.

Construction of bungalow for S. S. P., Rawalpindi.

Construction of residential accommodation for S. D. O., Buildings and Roads, Rawalpindi.

Construction of residential accommodation for S. D. O., Buildings and Roads Chakwal.

اسطرح سے S. D. Os اور پی - ڈبلیو - ڈی کے آفیسرز اپنے لئے بنگلے بناتے ہیں لیکن انکو یہ توفیق نہیں ہوئی کہ درجہ سوم اور درجہ چہارم کےجو سرکاری ملازم ہیں انکے لئے کوئی پراویژن کیا جائے - جناب والا ہاؤسنگ کا جو مسئلہ ہے یہ بہت ہی وسیع و عریض مسئلہ ہے اس پر ت لمبی بحث ہو سکتی ہے - میں صرف یہ مثال دیتا ہوں کہ آپ نے جو پراویژن کیا ہے اسمیں کوئی درجہ سوم اور درجہ چہارم کیلئے پراویژن نہیں ہے اور اسکے بعد مجھے Construction of West Pakistan House at Abbottabad پر بھی اعتراض ہے - جناب والا مجھے افسوس کیساتھ یہ عرض کرنا ہے اور افسوس کے ساتھ یہ گذارش کرنا ہے کہ یہ قرضہ لیکر ویسٹ پاکستان ہاؤس بنانا اور سینیر سپرنٹنڈنٹ پولیس کا بنگلہ بنانا اور قرض لیکر S. D. Os کوaccommodate کرنا کہاں تک مناسب ہے - میں پھر عرض کروں گا کہ اس قسم کے جو ڈولپمنٹ ہو رہے ہیں یہ ہمارے ملک کی سالمیت کے منافی ہیں - میں سمجھتا ہوں کہ اسطرح روزانہ قرضے لینے کا رجحان بڑھنا بھی ٹھیک نہیں ہے ہمیں چاہئے کہ اگر دفاعی اخراجات کرنے کے بعد روپیہ وافر ہو تب ہم اس قسم کاconstruction اور ڈیولپمنٹ کریں - ہمیں اسوقت اس قسم کی تعمیرات نہیں کرنی چاہئیں - یہ ہمارے ملک اور قوم کے ساتھ شدید ظلم ہے - مجھے اب ایک یا دو points کے متعلق اور عرض کرنا ہے - جناب والا صحت کے محکمہ کے متعلق صفحہ ۱۱ پر میوہسپتال میں expansion of buildings کے نام سے ۹ لاکھ کا پراویژن کیا ہے - میں جناب وزیر صحت کی خدمت میں اس سیشن میں پہلی دفعہ یہ عرض کرتا ہوں کہ ان عمارات کے بجائے آپ ادویات کا پراویژن کریں تو زیادہ بہتر ہے - میں ایک عام شہری اور ایک چھوٹے طبقہ کا فرد ہونیکی حیثیت سے یہ عرض کروں گا کہ ہمارے سائنٹیفک طریقہ علاج نے اسقدر ترقی کرلی ہے کہ اب لمبے لمبے duration کیلئے مریض بستر پر نہیں پڑا رہتا - اگر کسی کو بخار آ جاتا ہے تو اسکا ٹیکون سے علاج ہو سکتا ہے اور یہ طریقہ علاج اب بہت بڑھ گیا ہے - اور اس سے کم و بیش ایک محتاط اندازہ کے مطابق ۲۰ گھنٹے میں مریض صحت یاب ہو جاتا ہے جیسا کہ پہلے علاج ہوا کرتے تھے انکو

دیکھتے ہوئے اگر آج کل بخار کی duration کم ہو جائے تو اس سے cope with کیا جا سکتا ہے ۔ لیکن ہمارے ملک اور غریب ملک میں مڈل کلاس یا سرکاری ملازمین کا جو طبقہ ہے اسکا بجٹ ۱۴—۱۵—تاریخ کے بعد ختم ہو جاتا ہے تو وہ ان ٹیکوں اور گران قدر دواؤں کی خریداری نہیں کر سکتا ایسی صورت میں تعمیرات کے بجائے حقیقت پسندی یہی ہے کہ دواؤں کیلئے پراویژن کیا جائے اور ڈسپنسریاں کھولی جائیں اور ان ڈسپنسریوں سے عام لوگوں کو تو چھوڑئیے درجہ سوم اور درجہ چہارم کے ملازمین کو سہولتیں بہم پہونچائی جائیں ۔ میں ڈسپنسریوں کی بھی ایک مثال دے سکتا ہوں وہاں پر کہا جاتا ہے کہ اسقدر ٹیکے لگیں گے ٹیکے خرید کر لے بتائیے ایک کارک اور چپراسی کہاں سے ان دواؤں کو خرید سکتا ہے ۔

اس کے بعد میں Construction of a new building for Mental Hospital at Lahore. کے متعلق بھی عرض کروں گا ۔ اس میں جو پراویژن کیا گیا ہے اس سے میں آپ سے اتفاق نہیں کرتا ۔ بتائیے یہ جو آپ نے ۵۰ لاکھ کا پراویژن کیا ہے اور یہ کام جو آپ consortium countries سے قرضہ لیکر کر رہے ہیں تو یہ ڈویلپمنٹ کے نام پر فضول خرچی کر رہے ہیں آپ اخراجات کو حد سے بھی زیادہ بڑھا رہے ہیں ۔ تو جناب والا یہ اخراجات کی زیادتی اور اخراجات میں گرانقدر اضافہ اور آپ کی غلط منصوبہ بندی قوم کو لے ڈوبے گی یہ ملک کو لے ڈوبے گی ۔ میں نہیں سمجھتا ہوں کہ یہ جو لوگ آپ کے بجٹ بناتے ہیں وہ بناتے وقت کیا سوچتے ہیں وہ کیا کرتے ہیں ۔ آپ ان کو ہدایت دیں کہ ملک کو ہنگامی دور سے گزر کر جنگ کے لئے تیاری کرنی ہے ۔ مجھے سمجھ نہیں آتی ۔ آپ کے بجٹ سے تو یہ ظاہر ہوتا ہے کہ شاید ستمبر کو یہاں کوئی واقعہ ہی نہیں ہوا ۔ جناب والا۔ اس کے بعد مجھے ایک اور آئٹم کی بابت عرض کرنا ہے ۔ یعنی یہ جو Reconditioning Scheme ہے اس کے لئے ۳۰ لاکھ کی پراویژن کی گئی ہے میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ اس قدر پرانا پل ہے کہ آج سے کافی عرصہ قبل آپکو اسے recondition کرنا چاہئیے تھا بلکہ دونئے پل بنانے چاہئیں تھے — یہ راوی کا پل اور جنگ کے دن آپ کو یاد کرنے چاہئیں جبکہ آپ کا ایک سپاہی صبح کو سیالکوٹ میں لڑتا تھا اور شام کو واہگہ پر اور پھر اس سے اگلے روز کھیم کرن کے محاذ پر لڑنے کے لئے جاتا تھا تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ محض آپکی سستی ہے اور دوسری طرف بلڈنگوں کا بنانا ان کا وسیع کرنا ۔ ایس۔ایس۔پی

کا بنگلہ بنانا یا ایس - ڈی - او وغیرہ کی کوٹھیاں بنانا میں سمجھتا ہوں کہ یہ آپ کی بے تدبیری کی جیتی جاگتی تصویر ہے - جو بجٹ میں منصوبہ بندی، ظاہر کی گئی ہے یہ غلط ہے اور ہنگامی حالات سے مطابقت نہیں رکھتی اور ایسے گرانقدر قرضہ جات جو حاصل کئے گئے ہیں یا حاصل کئے جائیں گے ان سے مطابقت نہیں رکھتی - آپ تو ایسے قرضہ جات حاصل کر رہے ہیں جنکی آپ کو ضرورت بھی نہیں ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ آپ ان قرضہ جات کو ضائع کر رہے ہیں -

**ایک ممبر** - یہ انہوں نے مینٹل ہسپتال کے متعلق بھی کچھ فرمایا تھا - ہو سکتا ہے کہ کل ان کو اس کی ضرورت پڑ جائے -

**ملک محمد اختر** - مجھے تو کل پڑنی ہے - آپکو تو آج ہی ضرورت ہے -

**چوہدری انور عزیز**- پوائنٹ آف آرڈر- ملک اختر صاحب نے فرمایا ہے کہ پاگل خانے پر جو رقم خرچ کیجا رہی ہے وہ زیادہ ہے ، لیکن ہسپتال جو بن رہا ہے وہ کافی بڑا ہے اور تمام پاگلوں کو adequately hold کرلیگا - فاضل ممبر کو خاص طور پر اس بات کا خیال رکھنا چاہئیے اگر ان کے ذہن میں کوئی متبادل سکیم ہو تو وہ ہمیں فرما دیں اور اپنے خیالات کا اظہار اس پر کریں -

**Mr. Speaker** : This is not a point of order.

**ملک محمد اختر**- جناب سپیکر- میں گذارش کر رہا تھا اور اس کے بعد میں نے ایک اور پراویژن کے متعلق ذکر کرنا ہے - میں سمجھتا ہوں کہ وہ فائننس ڈیپارٹمنٹ کا شاہکار ہے - انہوں نے جو ایک تماشہ کیا وہ بھی سن لیجئیے - ہمارے انڈسٹریل کورٹس چار تھے ، جنکو کم کرکے انہوں نے ۲ کر دیا اور اس کے بعد جب مزدوروں کے جھگڑے بڑھے تو تیسرے کورٹ کو revive کیا جا رہا ہے یعنی چیئرمین کی جو پوسٹیں provide کی گئی تھیں یہ ہمارے بجٹ میں اب تین ہو گئی ہیں اور ان کے مقابلہ میں جو سٹاف ہے وہ دو کورٹس کے لئے مقرر کیا گیا ہے ، میری مراد پرائیویٹ سیکریٹری اور رجسٹرار سے ہے تو کیا یہ ممکن ہوگا کہ ایک ملک میں ۳ ٹریبیونل بیٹھیں - چیئرمین کے وہی emolument اور وہی انکو facilities ہوں اور سٹاف کے معاملے میں صرف ایک ٹریبیونل جو اغلباً لاہور کے ضلع کے لئے بلایا جاتا ہے- یا تو آپ uniformity کر دیجئیے مجھے کوئی اعتراض نہ ہوگا - مگر جو زائد سٹاف ہے اسکو

آپ کیسے justify کرتے ہیں ۔ تو جناب سپیکر— میری ان تمام گذارشات سے مراد یہ ہے کہ آئندہ کے جو اخراجات ہیں ان میں آپ اس قسم کی adjustment کر دیں کہ جس سے ملک کی معیشت پر بار نہ پڑے ۔ آپ نے جو قرضہ جات کی پالیسی اختیار کر رکھی ہے اس کو آپ revise کریں اور میری یہ گذارش ہے کہ وزیر خزانہ میری ان باتوں کو ذرا نوٹ فرما لیں اور میں وزیر بنیادی جمہوریت کی خدمت میں بھی عرض کروں گا کہ امپروومنٹ ٹرسٹ کو بھی ضرورت سے زیادہ رقومات نہیں دی جانی چاہئیں اور اگر اس بارہ میں کوئی سکیم ہے تو اس کو denotify کر دینا چاہئے تاکہ لوگوں کی جائیدادیں متاثر نہ ہوں ۔

**مسٹر حمزہ** (لائیلپور—۶) ۔ جناب سپیکر— منصوبوں کے تخمینہ جات کے باوے میں آج میں اپنے کچھ معروضات پیش کرنا چاہتا ہوں ۔ جب یہ مجھے موصول ہوئے تو میرا خیال تھا کہ ملک کی ضروریات کے پیش نظر ان میں انقلابی تبدیلیاں ہوئی ہوں گی ۔ چونکہ سابقہ جنگ نے یہ ظاہر کر دیا تھا کہ اس ملک کے صنعتی میدان میں ترقی کی اشد ضرورت ہے ۔ ہمارے ملک میں کلیدی صنعتیں اور خاص طور پر سٹیل مل کا نہ ہونا سارے ملک کی آبادی کو کھٹک رہا ہے ، بلکہ ہمارے ملک کی آبادی بری طرح اس سے متاثر ہوئی ہے ۔ جناب سپیکر ۔ آپ کو اس چیز کا بھی علم ہو گا کہ وہ ممالک جو ہمیں وقتاً فوقتاً قرضے دیتے ہیں یا قرضوں کی شکل میں امداد دیتے ہیں یا دیتے رہے ہیں ۔ ہمیشہ ہمیں پیچھے کھینچنے کی کوشش کرتے ہیں تاکہ ہم ان کے محتاج رہیں ۔ افسوس تو اس بات کا ہے کہ چاہئے تو یہ تھا کہ ترجیحات کو ملکی تقاضوں کے پیش نظر تبدیل کیا جاتا ، لیکن ایسا نہیں کیا گیا اور ایسے منصوبوں کا ذکر تک نہیں جو ملک کے لئے صحیح معنوں میں مفید ثابت ہوتے ، بہر حال میں سمجھتا ہوں کہ سٹیل مل کا لگانا پبلک کے مفاد میں ضروری ہو گا اور اس سے ملک کا مفاد ضرور محفوظ ہو گا ۔ ہمیں زیادہ سے زیادہ جہاں جہاں بھی ممکن ہو اس قسم کی ملیں لگانی چاہئیں اور خاص طور پر جبکہ ہمیں بیرونی ممالک سے اور خصوصاً مغربی جرمنی سے یہ مشورہ ملا ہے

کہ ہمارے خام لوہے سے با آسانی اور اقتصادی اعتبار سے ہم مقابلتاً سستے داموں پر اچھا سٹیل بنا سکتے ہیں تو ہمیں اس میں اسکی گنجائش رکھنی چاہئے تھی - پراجیکٹ کے تخمینہ جات کے متعلق یا منصوبوں کے تخمینہ جات پر اعتراض پہلے بھی اس ایوان میں کئے جا چکے ہیں ، یعنی بیرونی قرضہ جات پر ہم نے جو سہارا لیا ان کے متعلق سابقہ جنگ کے دوران جو تلخ تجربات ہوئے وہ آپ کے سامنے ہیں - ہم نے بدستور بیرونی قرضہ جات کو اہمیت دی بلکہ ان کا پہلے سے زیادہ سہارا لے رہے ہیں اور نتیجہ یہ ہے کہ ان منصوبوں کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لئے آج بھی پچھلے سال کے مقابلہ میں ہم نے بیرونی قرضہ جات کو زیادہ اہمیت دی ہے اور ان میں بعض ایسے بھی منصوبہ جات تھے ، ایسے منصوبہ جات شامل تھے جن کو ہم ملکی وسائل سے پایہ تکمیل تک پہنچا سکتے تھے اور ہمیں غیروں کا محتاج بننے کی ضرورت نہ تھی اور میرا خیال ہے کہ اس طرح ہمارے ملک کو صنعتی فروغ حاصل ہوتا اور ملک کی آبادی کے بیشتر حصہ کو جو نیم بیروزگار ہے روزگار مل جاتا -

**Mr. Speaker:** The House is adjourned for 20 minutes for tea break.

*The Assembly then adjourned for twenty minutes.*

*The Assembly met at 11-00 a.m. Mr. Speaker in the Chair.*

**مسٹر سپیکر** — مسٹر حمزہ -

**مسٹر حمزہ** — جناب سپیکر - آپ کی طرف سے حکم ہوا ہے - کہ میں اپنی تقریر جاری کروں ، لیکن افسوس یہ ہے کہ ایوان میں اس وقت بیٹھے ہوئے وزراء کی تعداد صرف دو ہے -

**وزیر خزانہ** — میں بیٹھا ہوا ہوں -

**مسٹر حمزہ** — مجھے صرف وزیر خزانہ کے سامنے تو اپنی معروضات پیش نہیں کرنا ہے - بلکہ دوسرے وزراء کرام کے محکموں کے متعلق بھی کچھ عرض کرنا ہے -

**مسٹر محمود اعظم فاروقی** — یہ وزیر صاحب ہیں - یا وزراء کرام ہیں - کیا وہ اکیلے ہی وزرائے کرام ہیں -

**وزیر خزانہ** — آپ آنکھیں کھول کر دیکھئے - دو وزراء بیٹھے ہیں -

**مسٹر حمزہ** — جناب سپیکر - منصوبوں کے تخمینہ جات یا بجٹ کے مطالعہ سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ ہماری حکومت پانی بجلی اور زراعت کو بہت زیادہ اہمیت دیتی ہے اور میں خوش ہوں کہ حکومت سیم اور تھور کے مسئلے کو جو کہ ہماری زرعی معیشت کے لئے بہت ہی خطرناک ہے مناسب اہمیت دیتی ہے - میرے نزدیک پانی، بجلی اور زراعت کے جو محکمے ہیں - ان کا آپس میں چولی دامن کا تعلق ہے اور میں اپنی تقریر میں ان تینوں محکموں کو ایک ہی وقت میں زیر بحث لاؤنگا ، کیونکہ ان کو علیحدہ علیحدہ زیر بحث لانا تقریباً نا ممکن ہے -

جناب سپیکر— جہاں حالیہ جنگ میں ہمیں بہت ہی قیمتی تجربات بلکہ اس سے بھی بڑھ کر سبق ملے ہیں - وہاں پچھلے سال خصوصاً مغربی پاکستان میں جو خشک سالی اس قدر تھی - جو پاکستان بننے کے بعد کبھی دیکھنے میں نہ آئی تھی اور پچھلے سال ہمیں ان دو ناگہانی آفات کا مقابلہ کرنا پڑا ہے اور اس کے مقابلے میں ہم نے بعض سبق حاصل کئے ہیں کہ ہماری حکومت کا بھی یہ فرض ہے کہ ہم ان تجربات سے پورا پورا فائدہ اٹھائیں -

جناب سپیکر— آپ کو علم ہو گا ، کہ ایک کاشتکار بہترین بیج بونے کے لئے تیار ہوتا ہے - زمین تیار کرنے میں پوری محنت اور مشقت کرتا ہے اور اس میں دیسی یا مصنوعی کھاد بھی ڈالتا ہے ، لیکن اگر زمین کو بر وقت پانی نہ دیا جائے - تو اس کی تمام کی تمام محنت بیکار اور اکارت جاتی ہے - میں نے پچھلے چھ سات ماہ میں خصوصاً ان علاقوں میں دیکھا ہے کہ جہاں پر زیر زمین پانی کڑوا یا نمکین ہوتا ہے - تو وہاں پر زرعی پیشے

سے تعلق رکھنے والے لوگوں کو یا عام آبادی کو اتنی بڑی مصیبت کا سامنا کرنا پڑا ۔ جس کی کوئی انتہا نہیں تھی ۔ بلکہ محض اس علاقے کے لوگوں کو مصیبت کا سامنا نہیں کرنا پڑا ۔ آپ کو علم ہے ۔ کہ مغربی پاکستان میں پچھلے سال پینتالیس لاکھ ٹن گندم پیدا ہوئی تھی ۔ اور گورنمنٹ کے اپنے تخمینے کے مطابق اس سال اڑتیس لاکھ ٹن گندم پیدا ہوئی ہے لیکن بعض لوگوں کا یہ اندازہ ہے ۔ کہ اڑتیس لاکھ ٹن سے بھی کم ہوئی ہے اور اسلئے ہم مجبور ہیں ۔ کہ ملکی ضروریات کے پیش نظر گندم کی بہت بڑی مقدار دوسرے ممالک سے درآمد کریں ۔ اس کے پیش نظر بجائے اس کے کہ ہماری حکومت بذات خود ان علاقوں میں ٹیوب ویل نصب کرے ۔ کہ جہاں پر زیر زمین پانی میٹھا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں ۔ کہ حکومت کو چاہئے ۔ کہ ان علاقوں میں ٹیوب ویل لگانے کے لئے زیادہ بجلی مہیا کرے اور آپ کو اس حقیقت کا بھی علم ہو گا ۔ کہ ایک کاشتکار بجلی کے ذریعے با آسانی ٹیوب ویل نصب کر سکتا ہے اور انجن سے ایک ٹیوب ویل چلانے میں بہت ہی دقتیں پیش آتی ہیں ۔ اور مشینری پر بھی زیادہ خرچ آتا ہے ۔ ڈیزل بھی مہنگا دستیاب ہوتا ہے ۔ مشینری کی تنصیب اور مرمت کیلئے کاشتکار کو ایک میکنک یا ایک فن کار کی ضرورت ہوتی ہے ۔ اس طرح ایک کاشتکار جو کہ انجن کے ذریعہ اپنا ٹیوب ویل چلاتا ہے ۔ اسے بہت سی مصیبتوں کا سامنا بھی کرنا پڑتا ہے اور اسے پانی بھی مہنگا پڑتا ہے ۔ تو اس لحاظ سے میرے نزدیک بجائے اس کے کہ حکومت ان علاقوں میں جہاں پر کہ پانی میٹھا ہے ۔ بذات خود ٹیوب ویل لگائے ۔ وہاں پر بہ افراط بجلی مہیا کرے اور کاشتکاروں کو ٹیوب ویل لگانے کے لئے آسان قسطوں پر قرضہ مہیا کرے ۔ اس طرح سے ہمارے وہ وسائل جو ہم ٹیوب ویل لگانے پر خرچ کر رہے ہیں بچ جائیں گے اور اسکا دوسرا فائدہ یہ بھی ہو گا کہ جن علاقوں میں زیر زمین پانی میٹھا ہے اور وہاں سیم اور تھور کا مسئلہ پایا جاتا ہے ۔ اور چونکہ سیم اور تھور کی بیماری کی تشخیص ہو

چکی ہے ۔ اور اس کے لئے ٹیوب ویل ایک نہایت ہی بہترین علاج قرار پایا ہے ۔ تو میرے خیال میں ان علاقوں میں سیم اور تھور پر قابو پانا مشکل نہ ہو گا ۔ اور اس طرح ان علاقوں میں یہ مسئلہ حل بھی ہو جائے گا ۔ اور وہ لوگ جو کہ ٹیوب ویل لگائیں گے ۔ ایک طرف تو وہ اپنی خدمت کریں گے اور اس کے ساتھ ہی ساتھ ملک و قوم کی بھی خدمت سرانجام دیں گے ۔ لیکن جہاں پر پانی نمکین ہے یا کڑوا ہے ۔ ان علاقوں میں سیم اور تھور کے مسئلے کو حل کرنا بہت مشکل ہے ۔ اور خاص طور پر ان ایام میں جبکہ دریاؤں میں پانی کی کمی ہو ۔ یا بارشیں کم ہوں ایسے علاقے پانی کی قلت کا بہت بری طرح سے شکار ہوتے ہیں ۔ حکومت کو چاہئے کہ ان ایام میں جب پانی کی قلت ہو ۔ اور وہ علاقے جہاں پر زیر زمین پانی کڑوا اور نمکین ہو ۔ ان علاقوں کو نہری پانی کی فراہمی کے سلسلے میں ان علاقوں پر ترجیح دے جہاں پر پالی میٹھا ہے ۔ کیوں وہاں پر کنوئیں کھود کر اور ٹیوب ویل نصب کرکے پانی کی کمی کو پورا کیا جا سکتا ہے ۔ لیکن پانی کی کمی اور قلت کے ایام میں وہ علاقے کوئی فصل کاشت نہیں کر سکتے جن کا پانی کڑوا اور نمکین ہے ۔ اور ہمارے ملک میں کم زرعی پیداوار کی سب سے بڑی وجہ یہی ہے اور وہ لوگ جو ان علاقوں میں آباد ہیں ۔ جن کا زیر زمین پانی میٹھا ہے ۔ خوش قسمت ہیں ۔ وہاں سیم اور تھور کے خطرات کم ہو چکے ہیں اور وہاں کاشتکاری intensive طریقہ پر کی جا سکتی ہے۔ ایک سال میں کئی فصلیں حاصل ہوتی ہیں ۔ پانی کا حاصل کرنا ان کے اپنے ہاتھ میں ہے ۔ وہ نہری پانی کے محتاج نہیں ہیں ۔ میرا یہ مطلب نہیں ہے ۔ کہ وہ علاقے جہاں اس وقت نہری پانی مہیا ہے ۔ لیکن ان کی زمین میں پانی میٹھا ہے ۔ ان کو قطعی طور پر نہری پانی کی سہولتوں سے محروم کر دیا جائے ۔ بلکہ میرا مطلب یہ ہے ۔ کہ جن ایام میں پانی کی قلت ہو ۔ ان کو پانی نہ دیں ۔ بلکہ ان لوگوں کو دیں ۔ جہاں زیر زمین پانی کڑوا ہوتا

ہے - نہروں میں جو سلٹ یا بھل ہوتی ہے - وہ فصلوں کے لئے نہایت مفید ہوتی ہے - ان سے نہروں کا پانی لے لیا جائے اور ان کے لئے کنویں یا ٹیوب ویل بنا دیں - یہ ملکی مفاد کا تقاضے ہے - ملکی سالمیت کا تقاضے ہے اور ملک کو غذائی لحاظ سے خود کفیل بنانے کا بھی یہ تقاضے ہے - کہ ہم وہ علاقے جہاں زیر زمین پانی نمکین ہے - ان کو ترجیح دیں - اگر اس پر کوئی اعتراض کیا جائے گا - تو وہ بالکل بجا ہو گا - لیکن میں عرض کروں گا - کہ حکومت ٹیوب ویل چلانے کے لئے جو بجلی دیتی ہے - وہ ۵۰ فی صد رعایت پر دیتی ہے - ہمارے ہاں بجلی سے ٹیوب ویل چلا کر جو پانی حاصل کیا جاتا ہے - نہری پانی اس سے ۱/۲ گنا سستا پڑتا ہے - اسلئے مسئلہ کا حل یہی ہے - کہ ٹیوب ویل لگائے جائیں - گورنمنٹ نہ لگائے - پرائیویٹ طور پر لگائے جائیں - جہاں پانی میٹھا ہے اور نہری پانی قلت کے ایام میں ان علاقوں کو دیا جائے جہاں زیر زمین پانی کڑوا ہے - سیم تھور کو کنٹرول کرنے کے لئے - میں اس نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ اس بیماری کا علاج صرف ٹیوب ویل ہی نہیں - بلکہ آپ سیم نالیاں بھی بنائیں - جہاں زیر زمین پانی کڑوا ہے اور جہاں نہروں کا جال بچھا ہے - وہاں آپ کو سیم نالیوں کا جال بچھانا پڑے گا -

مجھے حکومت کی اس پالیسی پر اعتراض ہے - کہ حکومت نے سیم نالیاں نکالنے کا کام عام طور پر جہاں زیر زمین پانی کڑوا ہے - اس وقت اپنے ہاتھ میں لیا - جب کہ تمام کا تمام علاقہ سیم اور تھور سے تباہ ہو چکا تھا - آج حالت یہ ہے - کہ سرگودھا ، لائل پور ، منٹگمری جہاں پانی کڑوا ہے - زرعی پیداوار کے لحاظ سے بہترین علاقے تھے - کہ لائل پور کے مقابلہ میں جھنگ جس کو لوگ پس ماندہ علاقہ کہتے ہیں - یا چنیوٹ کا علاقہ ہے - جہاں زیر زمین پانی میٹھا ہے - وہاں پر لائل پور کے مقابلہ میں فی ایکڑ پیداوار زیادہ ہوتی ہے -

کیونکہ لائل پور اور سرگودھا کے اکثر علاقے سیم اور تھور سے متاثر ہو چکے ہیں ۔ میں حکومت سے التجا کرتا ہوں ۔ کہ قبل اس کے کہ زمینیں تباہ و برباد ہو جائیں حکومت کو چاہیئے کہ نہروں کے ساتھ ساتھ سیم نالوں کا جال بچھا دے ۔

میں سمجھتا ہوں کہ اگر حکومت وہ رقومات جو ٹیوب ویل پر لگائے گی جہاں زیر زمین پانی میٹھا ہے ۔ وہ رقومات جہاں پانی کڑوا ہے ۔ وہاں سیم نالیاں بنانے پر لگائے اور خرچ کرے تو ہماری قوم کو اس سے بہت فائدہ ہو گا ۔ میں یہ بھی کہوں گا کہ جو علاقے سیم تھور کا شکار ہو رہے ہیں ۔ ابھی وہ مردہ نہیں ہوئے ۔ اگر وہاں کی آبادی سیم نالیوں سے مستفید ہوئی اور آپ ان سے کوئی ترقیاتی ٹیکس وصول کرنا چاہیں تو اس وقت وہ بخوشی دے دیں گے ۔ لیکن جب زمین بے کار ہو جائے گی ۔ تو وہ آپ کی کوئی مدد نہیں کر سکیں گے ۔ اس وقت تو وہ خوشی سے دینے کو تیار ہوں گے اور دے دیں گے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ چھوٹی چھوٹی رقمیں جمع ہو کر اتنی بڑی رقم بن سکتی ہے ۔ جو ان علاقوں کے خطرناک مسائل کے حل میں مفید ثابت ہو سکتی ہے ۔

**Mr. Speaker :** The member may please conclude his speech.

**مسٹر حمزہ** ۔ جناب سپیکر ۔ عرض یہ ہے کہ ڈاکٹر صاحبان کہتے ہیں کہ علاج سے پرہیز بہتر ہوتا ہے ۔ جب بیماری شروع ہو تو اسی وقت اسکا علاج کرانا چاہیئے ۔ ڈاکٹر کے لئے بھی آسان ہوتا ہے ۔ مریض کے لئے بھی آسان ہوتا ہے اور وہ جلدی تندرست ہو جاتا ہے ۔ میں وزیر آبپاشی سے مودبانہ عرض کروں گا کہ ہمارے علاقہ کی طرف اپنی توجہ مبذول فرمائیں ۔ کیونکہ وہ ابھی بنجر نہیں ہوئی اور وہاں کے کاشت کار محنت و مشقت کے عادی ہیں اگر ان پر آپ معمولی سا بوجھ ڈال دیں گے تو وہ ہر قسم کی قربانی دینے کے لئے تیار ہوں گے ۔

میں نے تمام منصوبہ جات کا پوری طرح سے مطالعہ کیا ہے مجھے تو ان میں لائل پور کا نام کہیں نظر نہیں آیا ۔ اگر کہیں آیا ہے ۔ تو محض اس لئے کہ فلاں جگہ کوئی پولیس سٹیشن یا پولیس چوکی بنائی جائے ۔ میں ان کو بتا دوں کہ ہم تو پیسوں کے ذریعہ پولیس پوسٹ کو بیکار بنا سکتے ہیں ۔ اس لئے اس کی ضرورت نہیں اور حکومت کسی غلط فہمی میں نہ رہے ۔

کہ وہاں سہگل صاحبان ہیں کیلے اور مٹھائی کھلاتے ہیں ۔ یہ ان دنوں میں کھلاتے ہیں جب انہیں ووٹوں کی ضرورت ہو اور وہ بھی بنیادی جمہوریت کے ممبران کو کھلاتے ہیں ۔ اس سے آپ یہ اندازہ نہ لگائیں کہ ہماری صحت دوسرے علاقہ کے لوگوں کے مقابلہ میں اچھی ہے ۔ اگر ہمیں اس طریقہ سے کبھی اچھی غذا مل جاتی ہے چند دن بعد ہمارا خون چوس لیتے ہیں ۔ میں وزیر صحت سے کہوں گا ۔ کہ ہماری حکومت نے وہاں کوئی نیا ہسپتال یا ہیلتھ سنٹر نہیں بنایا اور نہ ہی اس علاقہ کے لوگوں کو کوئی طبی سہولتیں بہم پہنچائی ہیں ۔

جو لوگ وہاں بستے ہیں ۔ ہم نے عام طور پر دیکھا ہے کہ وہ کاشت کرتے ہیں ۔ ایک یا دو ایکڑ زمین کے مالک ہیں ۔ جس شخص کی آمدنی تیس یا چالیس روپیہ ماہوار ہو ۔ اس کو طبی سہولتیں کہاں سے میسر آئیں گی تو وہ پرائیویٹ طریقہ سے علاج نہیں کرا سکتے ۔ میں آپ سے جناب والا التجا کرتا ہوں کہ میری گزارش وزیر صحت تک پہنچ جائے کہ اگر آپ وقتی طور پر کوئی طبی سہولتیں دینے کو تیار نہیں تو آپ کو علم ہے ایک دو سال ہوئے ۔ سہگل صاحبان نے ایک سہگل ٹرسٹ بنانے کا اعلان کیا تھا اور اس کے لئے پانچ کروڑ کی خطیر رقم دینے کا وعدہ کیا تھا اور اعلان کیا تھا کہ لائل پور میں وہ ایک میڈیکل کالج قائم کریں گے ۔ اگر حکومت لائل پور میں کوئی طبی سہولتیں بہم پہنچانے کو تیار نہیں ۔ تو میں حکومت سے التجا کروں گا کہ وہ سہگل صاحبان کو کہے کہ اپنا وعدہ ایفا کریں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہر صنعت کار کا یہ کردار ہوتا ہے اور اس کا ذہن ایسا ہوتا ہے کہ وہ روپیہ کمائے ۔ اگر اسے دس کروڑ کا فائدہ ہو تو پانچ کروڑ دینے کا سودا ضرور کرتا ہے ۔ انہوں نے اب تک دس پندرہ کروڑ کا فائدہ تو ضرور حاصل کیا ہوگا ۔ اس لئے اپنا وعدہ پورا کرتے ہوئے سہگل ٹرسٹ قائم کریں اور لائل پور میں ایک میڈیکل کالج بنا دیں ۔

جناب سپیکر — اب صرف تعلیم کا مسئلہ رہ گیا ہے ۔ چونکہ وقت بہت کم ہے اس لئے میں اس پر نہیں بولوں گا ۔

**مسٹر محمود اعظم فاروقی** (کراچی ۸)۔ جناب والا — دنیا کے کسی ملک میں جب ترقیاتی منصوبوں کا بجٹ پیش کیا جاتا ہے تو لوگ اسے خوشی اور مسرت کی نظر سے دیکھتے ہیں مگر اس ملک

کے بد قسمت عوام کے سامنے جب ترقیاتی منصوبوں کا بجٹ آتا ہے تو وہ لرز اٹھتے ہیں کہ ہماری معیشت اور اقتصادیات کی کمزور چھتوں پر ایک اور قرض کا بوجھ لادا گیا میں یہ بات اس لئے کہتا ہوں کہ ہمارے ذمہداران حکومت جن پر اس ملک کے نظم و نسق چلانے کی ذمہ داری ہے اور اس ملک کی مالیات پر جن کو پورا پورا تصرف حاصل ہے انہوں نے یہ سیکھا ہی نہیں کہ آمدنی کے اندر رہ کر اخراجات کسطرح کئے جاتے ہیں - ملک کے اندر اخراجات میں کسطرح کفایت شعاری ہو سکتی ہے - میں سمجھتا ہوں کہ یہ آپ کا پانچ سال کے اندر سکیموں کا جو ۴۵ کروڑ روپے کا منصوبہ ہے یہ سراسر debt estimate کا منصوبہ ہے اور یہ ملک کی ترقی اور معیشت کو کمزور اور تباہ کرنے کا ایک ذریعہ ہے آپ نے وہ طریقہ سیکھا ہی نہیں کہ قرضہ لئے بغیر کسی کام کو پورا کر سکیں -

جناب والا— ترقیاتی منصوبوں کو دیکھ کر ہمیں بھی تھوڑی بہت خوشی ہوتی ہے لیکن وہ خوشی دوسرے ہی لمحہ ختم ہو جاتی ہے یہ دیکھ کر کہ پورے کا پورا منصوبہ علاقائی نامساوات کے نقص سے بھر پور ہے اور یہ پورے کا پورا منصوبہ دور اندیشی سے خالی ہے - اس لئے ملک اور قوم کے وہ اہم مسائل اور وہ اہم ضروریات جن کے لئے گنجائش ہونی چاہیئے تھی ان تک آپ کی نظر نہیں پہنچتی - یہ آپ کی ملک کے مسائل سے قطعاً بے خبری ہے اور بے خبری ہونا بھی چاہیئے اس لئے کہ ملک کے عوام سے آپ کا براہ راست کوئی تعلق نہیں ہے - حضور والا مجھے اس ۴۵ کروڑ کے منصوبے میں یہ دیکھ کر بڑی حیرت ہوئی کہ کراچی کے لئے اس میں صرف ۱۰ لاکھ روپے مختص کئے گئے ہیں- میں پہلے عرض کر چکا ہوں کہ میں کسی علاقائی تعصب میں مبتلا نہیں ہوں - لیکن بہر حال ایک اصول کے طور ار میں سمجھتا ہوں کہ ہر علاقہ کو اس کا بنیادی حق ملنا چاہیئے - میں کراچی کے بارے میں اس لئے نہیں کہہ رہا ہوں کہ میں کراچی کا رہنے والا ہوں میں اس لئے کہہ رہا ہوں کہ کراچی اس صوبے کا حصہ ہے اور اس ملک کے ترقیاتی منصوبوں میں اس کا اتنا ہی حق ہونا چاہیئے جتنا کہ دوسرے علاقوں یا کسی اور شخص کا ہو سکتا ہے - میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ آپ نے اس منصوبے میں کیا یہ سمجھ لیا ہے کہ صحت، سوشل ویلفیئر، manpower اور ایمپلائمنٹ اور دوسرے منصوبوں میں کراچی کی ضروریات پوری ہو گئی ہیں -

وہ وزراء جو اب تک اس خیال میں مبتلا ہیں کہ کراچی کوٹھیوں اور موٹروں کا شہر ہے میں ان کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ان کو وقت ملے تو وہ خود اپنے محکموں کی رپورٹ ملاحظہ فرمائیں ۔

''اس روشنیوں کے شہر میں جسے کہ ایک عرصہ تک پاکستان کا دارالحکومت رہنے کا شرف حاصل رہا ہے ۔ جہاں پر حدنظر تک فلک بوس عمارتیں ملوں کی سیاہ چمنیاں اور نیون سائن کے سائن بورڈ جگ مگ جگ مگ کرتے نظر آتے ہیں ۔ تقریباً ۱۶ لاکھ افراد انتہائی خراب حالات میں زندگی گذار رہے ہیں اور اس امر کا انکشاف کے ۔ ڈی ۔ اے کے ۔ ڈویلپمنٹ ونگ کے چیف انجینئر مسٹر کے ۔ ایچ رضوی نے ''پاکستان کے شہروں میں بے گھر لوگوں کے مسائل،، کے سیمینار میں تقریر کرتے ہوئے کہا تھا ۔ انہوں نے کہا کہ اس سولہ لاکھ کی تعداد میں سے ایسے لوگوں کی تعداد جو فٹ پاتھوں، کچے مکانات اور جھونپڑیوں میں رہتے ہیں تقریباً ۶ لاکھ ہے ،، ۔

میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ جب آپ کے محکمہ اور حکومت کے مقرر کئے ہوئے افسران اس بات کا اعتراف کرتے ہیں کہ کراچی میں ابھی ۱۶ لاکھ افراد فٹ پاتھوں، جھونپڑیوں اور کچے مکانات اور slums میں زندگی گزار رہے ہیں تو کیا ان کا یہ حق نہیں تھا کہ آپ کے اس ترقی یافتہ منصوبے میں ان کی آباد کاری کے لئے کوئی رقم مخصوص کر دی جاتی ۔ میں آپ سے یہ پوچھتا ہوں کہ ایبٹ آباد میں ویسٹ پاکستان ہاؤس بنانا اتنا ضروری کیوں ہے اور لاہور میں وزرائے کرام کے بنگلوں کے لئے کثیر رقم اتنی ہی ضروری کیوں تھی ۔ کیا مختلف شہروں میں بڑے بڑے سرکاری افسروں کے لئے عالیشان مکانوں کی تعمیر کو یہ حق تھا کہ ان جھگیوں میں رہنے والوں اور فٹ پاتھ پر بسر کرنے والوں کی حق تلفی کی جائے ۔ میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ اس ۴ بجٹ کے اندر اس ترقی یافتہ منصوبے میں آپ نے شہری آب رسانی

مطمئن ہیں کہ کراچی کے شہریوں کو پینے کا پانی میسر ہے - اگر آپ اس طرح مطمئن ہیں تو آپ ملک و قوم کے حالات سے بالکل بے خبر ہیں - میں عرض کروں گا کہ کراچی میں پانی آب زم زم کی طرح قیمتی ہے - لوگوں کے گھروں میں tape نہیں ہیں لوگوں کو پانی لینے کے لئے اپنے محلہ کے نل کے سامنے کئی کئی گھنٹے انتظار کرنا پڑتا ہے تب کہیں پینے کا پانی میسر آتا ہے - پھر کیا وجہ ہے کہ آپ کی نئی سکیموں میں کراچی کی آب رسانی کے لئے کوئی سکیم نہیں ہے - پھر جو سکیم رکھی ہے اس کا بھی کیا حال ہے - آپ نے راولپنڈی کے لئے شہری آب رسانی کے دوسرے phase کے منصوبے میں ۳۴ لاکھ ۲۰ ہزار کے مقابلے میں ۱۹۶۶-۶۷ء میں ۲۰ لاکھ کی ایک رقم مختص کی ہے اور ۱۹۶۷-۶۸ میں ۹۴۰ لاکھ روپے خرچ کئے جائیں گے - یعنی آپ نے پہلے ہی سے طے کر لیا ہے کہ اس سکیم کو اس سال مکمل نہیں ہونا چاہیئے - میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ اگر پانی انسان کی زندگی کے لئے ضروری ہے اور ہونا بھی چاہیئے کیونکہ انسان بغیر اس کے زندہ نہیں رہ سکتا اور آپ سمجھتے ہیں کہ وہاں پر آب رسانی کی سکیم کی ضرورت ہے تو کیا وجہ ہے کہ ایک سال میں نہیں بلکہ دو سال میں اس کام کو کیا جائے - راولپنڈی کے ایک ممبر نے ابھی حال ہی میں جن پر سوز الفاظ میں اس تکلیف کا اظہار کیا ہے اسے سن کر یہ ماننا پڑتا ہے کہ وہاں پانی کی بہم رسانی کی سکیم کو بروئے کار لانا چاہیئے - میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ وزرائے کرام کے مکانات جن پر آپ ۶ لاکھ روپیہ خرچ کریں گے اور ویسٹ پاکستان ہاؤس جس پر آپ ڈیڑھ لاکھ روپیہ خرچ کریں گے - کیا ان دونوں سکیموں کو اگلے سال تک ملتوی نہیں کیا جا سکتا تھا اور راولپنڈی کی آب رسانی کی سکیم پر وہی روپیہ اسی سال خرچ نہیں کیا جا سکتا تھا - آپ کے سکیموں اور دوسرے معاملات پر میرا تاثر

یہ ہے کہ آپ priorities قائم کرنے میں اور ترجیحات کے قائم کرنے میں ہر چیز کو اس کے صحیح مقام پر نہیں رکھتے آپ عوام کی ضروریات کو اپنی پالیسیوں کے تحت بروئے کار لاتے ہیں -

جناب والا— اس سکیم میں دوسری چیز جو میری توجہ کو اپنی طرف کھینچتی ہے - وہ صحت کے بارے میں اخراجات ہیں کل اس ایوان میں گفتگو کرتے ہوئے وزیر زراعت نے بڑے خوب صورت الفاظ میں یہ بات فرمائی تھی اور وہ بات صحیح فرمائی تھی کہ دنیا کی تمام صنعتیں ختم ہو جائیں تو بنی نوع انسان کو اتنا نقصان نہیں پہونچے گا جتنا زراعت کے ختم ہو جانے سے پہونچے گا - میں اس میں اضافہ کرتا ہوں کہ اگر دنیا کے سارے کارخانوں کی چمنیاں ٹھنڈی ہو جائیں اگر سڑکیں ختم ہو جائیں اگر تمام Neon Sign boards کی تمام روشنیاں ختم ہوجائیں تو اسکے باوجود بھی وہ ضرورت پوری ختم نہیں ہو سکتی جو ایک تڑپتے ہوئے انسان کی دوا کی ضرورت ہے - غذا کے بعد اگر کوئی چیز انسان کو خوش اور زندہ رکھنے کیلئے اور صحت مند رکھنے کیلئے ضروری ہے تو وہ اسکے علاج کا انتظام اسکے لئے دوا کی فراہمی کا انتظام ہے - آپ کو معلوم ہے کہ اس ملک میں اور اس صوبے میں ڈاکٹروں کی تعداد ۵ ہزار آدمیوں پر ایک ڈاکٹر کے حساب سے آتی ہے اسکے باوجود مجھے دیکھ کر حیرانی ہوتی ہے کہ نہ صرف یہ کہ اس سال بلکہ آئندہ ۵ سالوں میں نیا میڈیکل کالج کھولنے کا کوئی منصوبہ نہیں ہے اور یہ تصور ہی ذہنوں میں نہیں ہے کہ یہاں ڈاکٹروں کی پیداوار کیلئے کوئی نیا منصوبہ ہونا چاہئے - اسکی وجہ یہ ہے کہ آپکو اپنی سہولت کے لئے دوائیاں بھی میسر ہیں ڈاکٹر بھی میسر ہیں - ہسپتال اور پرائیویٹ وارڈ کی سہولتیں بھی میسر ہیں اور آپ کو نہیں معلوم آپ نہیں جانتے کہ دیہاتوں میں رہنے والے اور چھوٹے چھوٹے شہروں میں رہنے والے اور کراچی کی پسماندہ بستیوں میں رہنے والے لوگ جو کہ دوائی کے ایک ایک قطرے کے لئے ترستے ہیں اور جب وہ زخمی ہوتے

ہیں اور ان کو حادثے میں زخم آتے ہیں تو ان کے زخم کو ڈاکٹر نہیں بلکہ وارڈ والے غیر تربیت یافتہ لوگ ٹانکے لگاتے ہیں اور وہی ان کی دیکھ بھال کرتے ہیں - آخر کیا وجہ ہے کہ آپ کے اس ۴۰ کروڑ کے منصوبے میں دوائیوں کے لئے ، علاج کے لئے ، صحت عامہ کے لئے اور ڈاکٹروں کی پیداوار کے لئے ، میڈیکل کالج کے اضافہ کے لئے کیوں کوئی رقم مختص نہیں کی گئی اور اس کے لئے کوئی گنجائش نہیں رکھی گئی - میں نہیں کہتا کہ آپ میڈیکل کالج کراچی میں کھولیں یا لاہور میں کھولیں - آپ ملک کے کسی حصہ میں کالج کھولیں - لائلپور میں کھولیں - کوئٹہ میں کھولیں - بلوچستان میں کھولیں - لیکن بہر حال اس ملک میں میڈیکل کالجوں کے اضافہ کی شدید ضرورت محسوس کی جا رہی ہے اور اس سے کوئی انکار نہیں کر سکتا - لیکن مجھے افسوس ہے کہ آپکا بجٹ اس منصوبے سے یکسر خالی ہے - جناب والا - اس ۴۰ کروڑ کے منصوبے کی تقریباً نصف سے زیادہ رقم واٹر اینڈ پاور کے لئے مختص کی گئی ہے - واٹر اینڈ پاور کی اہمیت سے کس کو انکار ہو سکتا ہے - ملک میں زراعت کو ترقی دینا مقصود ہے اور زرعی پیداوار کے اضافے کے لئے پانی اور بجلی کی ضرورت ہے - اور کوئی شخص اس چیز سے انکار نہیں کر سکتا مگر مجھے اندیشہ ہے ، تو یہ ہے کہ اتنی بڑی رقم جن ہاتھوں میں جارہی ہے وہ ہاتھ غیر محفوظ ہیں - میرا مطلب اور مراد واپڈا سے ہے - یہ ساری کی ساری رقم آپ اس ادارے کے ہاتھوں سپرد کر رہے ہیں جو اپنے اخراجات کی شاہ خرچی میں مغل شاہزادوں کو مات کر رہا ہے - یہ وہ ادارہ ہے جو اپنے آپکو کسی قانون کا پابند نہیں سمجھتا میں آپکو صرف ایک مثال دونگا - آپکو معلوم ہے کہ ۱۹۶۰ء میں ملک کے گورنروں نے یعنی ملک کے سر براہوں نے ایک حکم جاری کیا تھا کہ صوبائی حکومت کا کوئی بھی ملازم اگر وہ کسی statutory body میں منتقل کیا جائیگا ، ٹرانسفر کیا جائیگا تو اس کو اس کی تنخواہ سے زیادہ کچھ نہیں ملے گا یعنی تنخواہ میں مزید اضافہ نہیں ہوگا - یہ

حکمنامہ اپنی جگہ پر بالکل حق بجانب ، عادلانہ اور منصفانہ تھا ۔ کوئی وجہ نہیں ہے کہ جب ایک افسر لاہور سیکریٹریٹ میں کام کرتا ہو وہ اگر اٹھ کر واپڈا میں چلا جائے تو اس کی تنخواہ سو سے ڈیڑھ سو یا پانچ ہزار سے ڈیڑھ ہزار ہو جائے ۔ ظاہر ہے کہ اس سے دو نقصانات ہیں ۔ پہلے یہ چیز غیر منصفانہ ہے اور پھر اس اضافہ کا بار واپڈا کے اخراجات یعنی ملک کی مالیات پر پڑتا ہے اور تیسرا نقصان اس کا یہ ہے کہ وہ افسران جو ٹرانسفر ہوکر نہیں آئے ان کے اندر بے اطمینانی کی فضا اور بیزاری پیدا ہوتی ہے اور یہ امر ان کی کار کردگی کو متاثر کرتا ہے ۔ کیا وزیر آبپاشی کو یہ بات معلوم نہیں ہے کہ واپڈا نے اس حکم کی پابندی نہیں کی اور نتیجتاً پچھلے چار پانچ سال کے عرصہ میں لاکھوں روپیہ کی رقم بغیر کسی اجازت کے ، بغیر کسی منظوری کے ، بغیر کسی حکم کے افسران کو اضافے کے طور پر دے دی گئی ۔ میں آپ سے پوچھنا ہوں کہ اگر ایک شہر کا ڈسٹرکٹ میجسٹریٹ دفعہ ۱۴۴ کا نفاذ کرتا ہے اور اس کی کوئی خلاف ورزی کرتا ہے تو آپ اس کو قید و بند کی سزا کا مستحق سمجھتے ہیں ۔ یہ واپڈا کے افسران اور یہ فائنینس ڈیپارٹمنٹ کے افسران کہ جنہوں نے گورنر کی بھی نافرمانی کی جو ہمارے صوبہ کے سب سے اعلیٰ سربراہ ہیں اور نافرمانی بھی یہ نہیں کہ دفعہ ۱۴۴ کی خلاف ورزی کی طرح چار آدمیوں کو اپنے گرد بٹھا کر کوئی مفید بات یا مشورہ کرلیا ہو ۔ بلکہ ملک کے قومی خزانے کا لاکھوں روپیہ بغیر کسی اختیار کے مغل شاہزادوں کیطرح بہت بیدردی کیساتھ اپنے لوگوں اور اپنے افسران پر صرف کیا تو میں پوچھتا ہوں کہ اس کے لئے آپ کیا سزا تجویز کر رہے ہیں ۔ میں اس بات کو جانتا ہوں کہ حکومت سوچ رہی ہے کہ اس سارے خرچ کو condone کر دیا جائے اور ان کے خلاف کوئی کارروائی نہ کی جائے ۔ میں آپ سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ افسران جنہوں نے لاکھوں روپیہ قومی خزانے میں سے غیر قانونی طور پر غیر عادلانہ اور غیر

منصفانہ خرچ کیا ہے ان کے خلاف سخت کارروائی کی جائے اور ان کی تنخواہوں میں سے یہ رقم وصول کی جائے کیونکہ ان کا یہ حق نہیں کہ قومی خزانے میں سے اس طرح بے دردی سے خرچ کریں - تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اس واپڈا کے ذریعے خرچ کی جانے والی یہ جو ۲۴ کروڑ کی رقم آپ نے مختص کی ہے یہ غیر محفوظ ہاتھوں میں جارہی ہے اور یہ ایسے انسان کے ہاتھ ہیں جنکی کار کردگی مشکوک ہے جنکی دیانتداری پر بات کی جا سکتی ہے اور جنکی لا قانونیت کا واضح نمونہ میں نے آپ کے سامنے پیش کیا ہے -

جناب والا - پھر مجھے اس منصوبے میں یہ دیکھ کر حیرت ہوئی کہ تعلیم کے لئے کوئی رقم مخصوص نہیں کی گئی - کیا آپ سمجھتے ہیں کہ تعلیم کے لئے جتنا خرچ اس ملک میں ہونا چاہئے تھا وہ ہو چکا - آخر کیا وجہ ہے کہ تعلیم کے لئے کوئی نیا منصوبہ آپکا اگلے پانچ سالوں کے لئے نہیں - میں جانتا ہوں کہ آپ کے بجٹ میں ہر سال کچھ نہ کچھ گنجائش رکھی جاتی ہے لیکن کوئی منصوبہ یا کوئی سکیم مجھے نظر نہیں آتی جو اگلے پانچ سالوں میں آپ کے پیش نظر ہو - کیا آپ اس چیز سے مطمئن ہیں کہ اگلے پانچ سالوں میں تعلیم کی مد پر کسی مزید رقم کی یا کسی مزید ترقی کی یا اضافے کی ضرورت نہیں ہے - جناب والا - پھر اسی طرح اس میں سوشل ویلفیر کی ایک مد ہے تو اس سلسلے میں آپ نے پچھلے سال یعنی پچھلے بجٹ میں ۲ کروڑ ۲۴ لاکھ کی رقم رکھی تھی - ڈیویلپمنٹ پروگرام کے لئے - یہ آپکی سوشل ویلفیر کیا چیز ہے - یعنی ملک کے ایسے بچے جو بے وسیلہ ہوں ، ایسی خواتین جو بیوہ ہوں ان کی دیکھ بھال کرنا ان کی نگرانی کرنا ان کے لئے destitute homes قائم کرنا یعنی ایسے خرچ کے لئے آپ نے ۲ کروڑ ۲۴ لاکھ روپیہ کی رقم اپنے ترقیاتی پروگرام میں رکھی تھی جس میں سے آپ سن ۶۶/۶۷ میں ۱۸ لاکھ روپیہ خرچ کر رہے ہیں - آپکو مزید ۲ کروڑ ۶ لاکھ روپیہ اگلے سالوں میں خرچ کرنا چاہئے تھا -

لیکن آپ کے اس پانچ سالہ منصوبے میں اس مد کے لئے کوئی رقم مختص نہیں کی گئی اور اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ سکیم آبھی ابھی تک unapproved ہے۔ اور ڈیولپمنٹ پروگرام میں لکھا ہوا ہے کہ "Not Approved" اگر منظور شدہ نہیں ہے تو میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ کیا آپ کے غیر معمولی اخراجات اور آپ کی کوٹھیوں کے اخراجات تو منظور کئے جا سکتے ہیں۔ میں آپ سے درخواست کرتا ہوں کہ آپ اس چیز کا جائزہ لیں کہ آخر اس میں سکیم کی ترجیح کی کیا بنیاد ہوتی ہے۔ کسی سکیم کو پہلے منظور کیا جاتا ہے اور کسی کو بعد میں۔ میں پوچھتا ہوں کہ آخر اس کی وجوہات کیا ہیں۔ میں پوچھتا ہوں کہ کراچی میں لاہور میں اور پاکستان کے مختلف شہروں میں خواتین جو بے سہارا ہو جاتی ہیں اور جو بے وسیلہ ہو جاتی ہیں۔ ہزاروں بچے جو آپ ہی کے پیدا کئے ہوئے معاشرے کی خرابیوں کیوجہ سے بے سہارا ہوتے ہیں اور ان کے والدین ان کو سڑکوں پر پھینک دیتے ہیں ان کی زندگی کی حفاظت کے لئے ان کے جسم و جان کے رشتے کو قائم رکھنے کے لئے ایسے اداروں کی ایسے destitute homes کی شدید ضرورت اس ملک میں ہے جہاں ان کی دیکھ بھال کی جا سکے۔ جہاں ان کو زندہ رکھنے کی صورت پیدا کی جا سکے۔ یہ سکیمیں ہمارے بجٹ کا لازمی جزو نہیں اور ہمارے دستور کے تقاضوں کے مطابق نہیں۔ ابھی پرسوں کی تقریر میں جیسا کہ صدر محترم نے فرمایا تھا کہ ہم اس ملک کو رفاہی مملکت بنانا چاہتے ہیں۔ میں پوچھتا ہوں کہ کیا رفاہی مملکت کے یہی انداز ہوتے ہیں؟ وہ رقوم جو بے سہارا اور بے وسیلہ لوگوں کے لئے رکھی جانی چاہئے تھیں۔ انکو بجٹ سے سرے ہی سے خارج کر دیا جائے تو یہ کہاں کا انصاف ہے۔ کیا اسی لئے وہ خارج کر دی گئی ہیں کہ کسی دفتر کی غلطی کیوجہ سے یا آپکی مجرمانہ غفلت کیوجہ سے وہ سکیم approve نہیں ہو سکی؟ جناب والا۔ میں آخر میں مواصلات سے متعلق چند باتیں عرض کرونگا وقت کم ہے۔ مواصلات کے لئے آپ نے تین

کروڑ روپیہ اس منصوبے میں رکھا - پہلی بات تو یہ ہے اور جیسا کہ میں نے عرض کیا تھا کہ اس خرچ میں مواصلات کے سلسلہ میں کراچی کا کوئی حصہ نہیں ہے - آپکی طرف بیٹھنے والے دوستوں کو میں نے متوجہ کیا تھا کہ کراچی کو کورنگی سے ملانے والا پل مخدوش حالت میں ہے اور پتہ نہیں کہ کب یہ ٹوٹ جائے بلکہ میں نے عرض کیا تھا کہ اس بات کا اندیشہ ہے کہ کسی وقت کراچی اور کورنگی کا رشتہ ٹوٹ سکتا ہے - آپ نے اس پورے بجٹ میں نہ صرف یہ کہ اس پل کے لئے بلکہ کراچی کے کسی قسم کے مواصلات کے لئے کوئی رقم مختص نہیں کی - یہ کیا مذاق ہے کراچی کے ساتھ حالانکہ آبادی کے لحاظ سے ضروری تھا کہ آپ ہر سو روپے میں سے ۳۵ روپے کراچی کے لئے مختص کرتے - یہ کیا علاقائی نا انصافی اور نا مساوات ہے - جناب والا - مجھے مواصلات کے لئے ۳۰ کروڑ کی اس رقم پر کوئی اعتراض نہ ہوتا مگر اس میدان میں آپ کی ترقی افسوس ناک حد تک حوصلہ شکن ہے - آپ کو معلوم ہے کہ آپ کے قرطاس ابیض کے مطابق ۱۹۴۷ء سے ۱۹۵۹ء تک ۱۱ سال میں پکی سڑکوں میں ۶ فیصد کا اضافہ ہوا اور ۱۹۵۹ء سے ۱۹۶۶ء تک پکی سڑکوں میں ساڑھے چار فیصد اضافہ ہوا جب کہ اس دوران میں اخراجات کم نہیں ہوئے - بلکہ زیادہ ہوئے ہیں اور آپ کا قرضہ ۱۹۵۹ کے مقابلہ میں ۲۰۰ گنا زیادہ ہے - آپ نے ملک کی معیشت کو تباہ کر دیا ہے لیکن ملک کے اخراجات میں جہاں ترقی ہونی چاہئے تھی وہ حوصلہ شکن حد تک کم سے کم تر ہوتی جا رہی ہے - میری یہ استدعا ہے کہ آپ اس روشنی میں اس پر نظر ثانی فرمائیں - علاقائی مساوات کو ختم کریں اور ان سکیموں کو راہ دیں جو ملک کی اہم ضروریات زندگی سے متعلق ہیں - اگر آپ کے افسروں کی کوٹھیاں اور بنگلے نہ ہوں تو وہ زندہ رہ سکتے ہیں ؟ اگر آپ ایبٹ آباد میں ۱۰ لاکھ سے ویسٹ پاکستان ہاؤس نہ بنائیں تو بھی آپ کے افسر گزارا کر سکتے ہیں - لیکن اگر یہاں ہسپتال نہ

ہوں ، یتیم خانے نہ ہوں ، اپاہج گھر نہ ہوں تو اس ملک کی بنیادیں متزلزل ہو جائیں گی ۔

**وزیر بنیادی جمہوریت و سماجی بہبود** (میاں محمد یاسین خان وٹو) — جناب والا ۔ ابھی فاروقی صاحب نے اشارہ فرمایا ہے کہ ترجیحات کے تعین میں حکومت اور حکومت کی منصوبہ بندی کرنے والے احباب پوری توجہ نہیں دے رہے ۔ یہ بات جناب والا درست ہے کہ کسی چیز کے خرچ اور آمدنی کے تخمینہ کے بارے میں ہمیں اس بات کے متعلق سوچنا ضروری ہے ۔ کہ ہماری آمدنی کیا ہے ۔ اور اخراجات کیا ہیں ۔ لیکن کسی خاص سکیم کو اپنے ترقیاتی پروگرام میں لینے کے لئے یہ دیکھنا ضروری ہے کہ آیا وہ ایسی چیز ہے جس سے ہم اپنی قومی آمدنی کو بڑھا سکتے ہیں ۔ اپنے عوام کے معیار زندگی کو بلند کر سکتے ہیں ۔ اور بیرونی ممالک سے اپنی درآمد کو کم کر سکتے ہیں۔ ملک کی آزادی کو برقرار رکھنے اور اسے رفاہی مملکت بنانے کے لئے یہ ایک بنیادی چیز ہے ۔ جناب والا جیسے ایک زمیندار کے لئے جو اپنا معیار زندگی بلند کرنا چاہتا ہو یہ ضروری ہے کہ وہ قرضہ لے کر اپنی اس زمین کو جو غیر آباد ہے آباد کر کے اپنی حالت کو بھی بہتر بنائے اور اپنا قرضہ بھی ادا کرے عین اسی طریق سے ترقیاتی سکیموں کے بارہ میں قرضہ ہے ۔

جناب والا ۔ اس چیز میں کسی شک و شبہ کی گنجائش نہیں ۔ کہ کسی سکیم کے لئے قرضہ لیتے وقت اس چیز کو مد نظر رکھنا چاہیئے کہ اس کی آمدنی سے اس کے اخراجات بھی پورے ہوں اور قرضہ بھی واپس کیا جا سکے اور آئندہ کے لئے اس میں قوم کی اقتصادی افادیت اور منفعت بھی ہو۔ جس سکیم سے منافع کی توقع نہ ہو اس کے لئے قرضہ نہیں لیا جاتا قرضہ اس کے لئے لیا جاتا ہے جس سے فائدہ ہو اور جس سے قوم کی آمدنی بڑھائی جا سکتی ہو ۔ ایسا قرضہ لینے پر کسی کو کوئی اعتراض نہیں ہونا چاہیئے ۔ حکومت کی ترقیاتی سکیموں کے سلسلہ میں لئے گئے قرضہجات کے سلسلے میں جن شکوک و شبہات اور منفی خیالات کا اظہار کیا گیا ہے اس کے لئے کوئی وجہ جواز نہیں ۔

ہم ایوان کے اس طرف بیٹھنے والوں کو ایک دقت یہ ہے کہ ہمارے فاضل دوست یہاں تقریریں کرنے کے بعد ایوان سے تشریف لے جاتے ہیں اور ہمارا جواب سننے کی تکلیف گوارا نہیں

فرماتے جناب فاروقی صاحب نے اس دن تقریر فرمائی مگر جب ہماری طرف سے ان باتوں کا جواب عرض کرنے کا وقت آیا تو اتفاق سے وہ یہاں تشریف نہیں رکھتے تھے - اس طرح ملک اختر صاحب بھی تشریف نہیں رکھتے تھے - اب پھر ملک اختر صاحب اتفاق سے تشریف فرما نہیں ہیں - جناب والا ملک اختر صاحب نے لاہور امپروومنٹ ٹرسٹ کی (Low Income Housing Scheme) کم آمدنی والوں کے لئے تعمیر مکانات کی سکیم کے سلسلہ میں بہت زور دار تقریر کی تھی وہ غصہ میں ایسی باتیں بھی کہہ گئے کہ بعد میں مہربانی فرماکر انہوں نے چند نرم الفاظ کہنے مناسب سمجھے - میں ان کے ان جذبات کی قدر کرتا ہوں میرے خیال میں ان کی یہ برہمی اور غصہ جس کا وہ اظہار فرما رہے تھے چند غلط فہمیوں پر مبنی تھا جناب والا - پوزیشن یہ ہے کہ ۱۸ لاکھ روپے لاہور میں تین سکیموں کے لئے رکھے گئے ہیں - جن میں سے ایک تو وہ Low Income ہاؤسنگ سکیم ہے دوسری دھوبی منڈی سکیم ہے اور تیسری یونیورسٹی ایریا کے بارے میں سکیم ہے - اب اس سلسلہ میں مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ ان ۱۸ لاکھ روپیہ کی سکیموں کی feasibility report اور تخمینے جو پہلے تیار کئے گئے تھے - ان کے بارہ میں ماہرین کی یہ رائے ہے کہ یہ آمدنی اور خرچ کے بارہ میں اور بدلتے ہوئے حالات کے لحاظ سے درست نہیں ہیں - ان پر نظر ثانی کرنے کی ضرورت ہے - ان کا دوبارہ سروے کیا جائے- یہ چیزیں نظر ثانی کے بعد پلاننگ اور ڈویلپمنٹ کی ورکنگ پارٹی کے سامنے آئیں گی اور اس کے بعد اکنامک کونسل کے پاس جائیں گی اور آخری طور پر منظور ہو جانے کے بعد یہ اخراجات کرنے کی ضرورت پیش آئے گی - کیونکہ اندازہ ہے کہ ان مرحلوں کی تکمیل میں ابھی پانچ چھ ماہ لگ جائیں گے - اس لئے قرضہ جات کا فوری طور پر لیا جانا مناسب نہیں - دو تین ماہ پلاننگ اور ڈویلپمنٹ کی ورکنگ پارٹی کے پاس لگ جائیں گے پھر یہ سکیم مرکز کو جائے گی - اس کے بعد اس پر عمل درآمد شروع ہوگا - اس قرضہ کا اس وقت لیا جانا مناسب ہے جب اس پر عمل درآمد شروع ہو جائے جب اتنی بڑی رقم خرچ کرنی ہے تو ضروری ہے کہ اس کی منصوبہ بندی میں ایک ایک چیز کو پورے طور سے جانچا جائے - اور دیکھا جائے تاکہ یہ کروڑوں روپے جو ان سکیموں پر صرف ہونے ہیں وہ تدبر سے اور صحیح طور پر خرچ ہوں اگر اس وقت ان باتوں کا پورا خیال نہ رکھا جائے تو ہو سکتا ہے کہ آخر میں اس کے نتائج درست نہ نکلیں اور

اس طرح ہمارے لاکھوں اور کروڑوں روپے ضائع جانے کا احتمال ہے ۔ جناب والا ۔ مردست مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ جب یہ سکیم مکمل ہو جائیگی تو اس کے بعد جتنی رقومات اس کے لئے ضروری ہونگی وہ ہم اپنے وسائل کے مطابق مہیا کرنے کی کوشش کریں گے ۔

(اس مرحلہ پر ملک محمد اختر کچھ کہنے کے لئے اٹھے)

میں ان کی بات جو ان کے دل میں ہے سمجھتا ہوں ۔ اگرچہ ان کا دل میرے قریب نہیں ہے ۔ مگر میرا دل ان کے قریب ہے ۔ وہ یہ کہنا چاہتے ہیں کہ اگر اس سکیم میں دیر ہی لگنی ہے تو وہ رقبہ جس کے Low Income Housing Scheme کے لئے مختص کرنے کا اعلان کیا گیا ہے اسے ملتوی کردیا جائے ۔ میں ان کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ نوٹیفیکیشن جو ہے یہ زمین جو لی جاتی ہے ۔ پبلک کے مفاد کے لئے ہے اس میں عوام کا فائدہ ہے ایک طرف سارے معاشرہ اور عوام کے مفاد کا سوال ہے ۔ اور دوسری طرف کچھ افراد کا سوال ہے ۔ اس لئے اس چیز میں یہ کوشش تو کی جاتی ہے کہ افراد کے حقوق کا بھی تعین کیا جائے لیکن بہر صورت عوام کے مجموعی حقوق کو ان افراد کے حقوق پر فوقیت حاصل ہوتی ہے اس نوٹیفیکیشن کا مقصد یہ ہے کہ اس ایریا میں لوگ زمینیں بیچنی شروع نہ کردیں ۔ اور وہاں بغیر کسی سکیم کے عمارات کی تعمیر شروع نہ ہو جائے ۔ تاکہ جب ہم اس رقبہ کو لے لیں تو وہاں اپنی پلان کے مطابق سڑکیں وغیرہ بنانے میں کوئی رکاوٹ پیش نہ آئے ۔ عمارات گرانی نہ پڑیں ۔ مقدمہ بازی شروع نہ ہو جائے ۔ اس لئے ہم یہ پابندی عائد کر رہے ہیں اور اس کے مطابق ضروری اقدامات کر رہے ہیں ۔ جب یہ چیز مکمل ہو جائے گی تو پھر ہم وہاں اپنی سکیم کے مطابق تعمیر کی اجازت دیں گے ۔ ہماری یہ کوشش پبلک کے مفاد میں ہے ۔ جن لوگوں کی وہاں اراضی ہے ان کے مفاد کا بھی خیال رکھا جائے گا اور مجھے امید ہے کہ اگر میرے فاضل دوست ٹھنڈے دل سے غور کریں گے تو وہ ان سب باتوں کو سمجھ جائیں گے ۔ جب وہ گرم دل سے تقریر فرما رہے تھے تو کئی ایسی چیزیں جو ٹھنڈے دل سے غور کرنے کے بعد سامنے آتی ہیں وہ ان کے سامنے نہیں آرہی تھیں اس لئے میں عرض کروں گا کہ اس وقت denotify کرنا مفاد عامہ میں نہیں ہے ۔ بلکہ مفاد عامہ میں یہ اقدام ہے کہ وہاں houses بنائے جائیں اور اس کے لئے ہم

مناسب اقدامات کر رہے ہیں ۔ میں اپنے فاضل دوست اور اس معزز ایوان کو یقین دلاتا ہوں کہ جس طرح میں نے عرض کیا ہے کہ کولمبو پلان کے تحت particular areas کی feasibility study ہو رہی ہے ہم یہ کوشش کر رہے ہیں کہ عوام کے مفاد میں جلد از جلد اقدامات کئے جائیں ۔ جناب والا میرے پاس وقت کم ہے اور کراچی ڈویلپمنٹ اتھارٹی کا ذکر اتفاق سے پھر آگیا ہے ۔ جس دن میں اس کے متعلق عرض کر رہا تھا اس وقت جناب فاروقی صاحب تشریف فرما نہیں تھے ۔ جناب والا میں ان لوگوں میں سے نہیں ہوں جو وہاں پر صرف فلک بوس عمارتوں کو دیکھتے ہیں ۔ میں ان لوگوں میں سے ہوں جو جھگیوں کو بھی دیکھتے ہیں اور ان جھگیوں میں بسنے والے لوگوں کو بھی دیکھتے ہیں ۔ (ہیئر ۔ ہیئر) فٹ پاتھ پر رہنے والے لوگوں کو بھی دیکھتے ہیں ۔ میں حکومت کی طرف سے آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ اسے وہ لوگ جو جھگیوں میں رہتے ہیں ۔ وہ لوگ جو تکالیف میں زندگی گزارتے ہیں ۔ وہ لوگ جن کی آمدنی کم ہے ان لوگوں کے مفادات ان لوگوں کے مقابلے میں جو محلات میں رہتے ہیں زیادہ عزیز ہیں ۔ (ہیئر ہیئر) اور ہماری ہر ممکن کوشش یہ ہوتی ہے کہ ہمیں ہر وہ کام مکمل کرنا چاہئے جس میں اس ملک کے غریبوں ۔ اس ملک کے عوام ۔ اس ملک کے متوسط طبقہ کا فائدہ ہے ۔ اگر اس کے لئے ہمیں قرضہ جات لینے پڑیں تو ہم وہ بھی لیتے ہیں ۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے تمام اعداد و شمار شاہد ہیں ۔ تمام دنیا اس بات کی شاہد ہے کہ نئے ترقی کرنے والے ممالک میں ایک پاکستان وہ ملک ہے جس نے جاپان کے بعد ایشیا میں سب سے زیادہ ترقی کی ہے ۔ یہ اس بات کا نتیجہ ہے کہ ہماری موجودہ حکومت ترجیحات کے تعین میں عوام کی بھلائی میں ۔ غریبوں کے معیار زندگی بلند کرنے میں ہر ممکن کوشش کر رہی ہے ۔

جناب والا ۔ ترجیحات کے بارے میں میں عرض کروں گا کہ اگر میرے فاضل دوست کی بات مان لی جائے کہ ترجیحات کے تعین میں وہ کہتے ہیں کہ یہ sectorwise نہ کی جائے ۔ اگر مکانوں کی ضرورت ہے تو مکان بنانے فی الحال روک دیئے جائیں اور سارا روپیہ ہسپتالوں پر خرچ کر دیا جائے ۔ جب بجلی کے متعلق بات کرتے ہیں تو کہتے ہیں کہ باقی تمام چیزیں روک دی جائیں صرف بجلی پر ہی خرچ کیا جائے ۔ اگر وہ پانی کی بات کرتے

ھیں تو کہتے ھیں کہ تمام اور چیزوں پر خرچ روک دیا جائے یہ سارا خرچ پانی پر کر دیا جائے ۔ یہ جناب والا غلط منصوبہ بندی ھوگی ۔ ھمیں منصوبہ بندی کرتے وقت ترجیحات کے تعین کو sector-wise بھی دیکھنا ھے ۔ آگے جا کر مختلف سیکٹروں میں دوبارہ ترجیحات مقرر کرنی ھونگی ۔ اگر میرے فاضل دوست کہیں کہ پانی کے بارے میں آج ھی ساری رقوم صرف پانی کے خرچ کے لئے مخصوص کر دیں تو جناب والا میں آپ کو یقین دلاتا ھوں کہ کراچی کے لوگوں کو جو دقتیں ھیں جو تکالیف ھیں ھمیں ان تکالیف اور دقتوں کا دلی احساس ھے ۔ ھمیں ان سے محبت ھے ۔ ھم ان کو زندگی کی زیادہ سے زیادہ آسائشیں دینا چاھتے ھیں لیکن کراچی والے بھائیوں کے ساتھ ساتھ ھمیں ڈیرہ اسمٰعیل خان کے بھائی بھی عزیز ھیں جنھیں پندرہ پندرہ بیس بیس میل سے پانی اونٹوں پر گدھوں پر لاد کر لانا پڑتا ھے ھمیں ان بھائیوں کی ضروریات کو بھی مد نظر رکھنا ھے ۔ اس لئے ترجیحات کو Sector-wise مقرر کرنے کے بعد آگے جا کر بھی ترجیحات کو مقرر کرنا پڑتا ھے ۔

جناب والا ۔ وزرا کی جو کوٹھیاں ھیں وہ بھی مفاد عامہ کے لئے استعمال ھوتی ھیں ۔ یقیناً جناب والا وزیر صرف اس وقت تک وھاں ھے جب تک وہ مفاد عامہ کا کام کرتا ھے ۔ جب تک وہ قوم کی خدمت سرانجام دے رھا ھے اس وقت وہ وھاں ھے۔ وہ ایک ایسی جگہ میں رھتا ھے جہاں عوام کے نمائندے ھر وقت اس کے پاس تشریف لاتے ھیں ۔ عوام اس کے پاس تشریف لاتے ھیں ۔ باھر کی دنیا کے نمائندے تشریف لاتے ھیں ۔ وہ مکان کسی وزیر کی ذاتی ملکیت نہیں ھوتا ھے ۔ (ھیئر ۔ ھیئر) وزیر ایک مقررہ عرصہ تک وھاں رھتا ھے ۔ وزیر آتے جاتے رھتے ھیں ۔

**مسٹر حمزہ**— پوائنٹ آف آرڈر — جناب سپیکر ۔ وزیر صاحب نے وزرا کے بارے میں کچھ فرمایا ھے مجھے اس پر اعتراض ھے ۔ انہوں نے فرمایا ھے کہ وزیر پبلک کے مفاد میں کام کرتے ھوں اور جب تک کام کرتے ھیں ان کو وھاں رھنے دیا جاتا ھے ۔ اس کا مطلب یہ ھے کہ مسٹر محمود اے ھارون اور الحاج جام میر غلام قادر خان صاحب عوام کے مفاد کے خلاف تھے اس لئے ان کو وھاں سے نکالا گیا ھے ۔

**Mr. Speaker : This is no point of order**

**وزیر بنیادی جمہوریت و سماجی بہبود** — جناب والا ان کو نکالا نہیں گیا ہے بلکہ انہوں نے خود استعفٰے دیا ہے۔

جناب والا ۔ جیسے کوئی صاحب کہیں کہ اس اسمبلی کی کیا ضرورت ہے ہم باہر جاکر بھی اسمبلی کا اجلاس کر سکتے ہیں ۔ جناب والا ۔ اس چیز کا اپنی جگہ پر فائدہ ہے ۔ اس کی اپنی جگہ پر اہمیت ہے ۔ یہاں عوام کے نمائندے بیٹھ کر عوام کے مسائل کے بارے میں سوچتے ہیں ۔ یہ اعتراض کیا جا سکتا ہے کہ ایوان ایئر کنڈیشنڈ کیوں ہے ۔ ایوان کے باہر بہت سے مکان ایرکنڈیشنڈ نہیں ہیں ۔ یہ اس لئے ہے کہ ایوان کو ایک اچھا ماحول دیا جائے تاکہ عوام کے دکھ ۔ تکلیف کے متعلق سوچتے وقت عوام کے نمائندے پنکھا جھلنے میں نہ لگے رہیں بلکہ وہ اپنا دماغ عوام کی خدمت کے لئے صحیح طور پر صرف کر سکیں ۔ اس لئے وزرا کی کوٹھیاں اتنی قابل اعتراض بات نہیں ہے ۔ چونکہ وزرا کے رہنے کے لئے حکومت کو جگہ دینی پڑتی ہے اگر اس طریقے سے جگہ مہیا کر دیں تو قوم کا بہت کم خرچ آتا ہے ۔

جناب والا ۔ کراچی ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے بارے میں انہوں نے فرمایا ہے کہ اس کو کچھ نہیں دیا ۔ مجھے افسوس ہے کہ جنہیں نظر آتا ہے ان کو کیسے دکھائیں کیوں کہ .و نہیں دیکھ سکتے ہیں ۔ انکو انسان دکھا سکتا ہے ۔

**مسٹر محمود اعظم فاروقی**—جناب والا ۔ میں نے یہ نہیں کہا کہ اس اتھارٹی کو رقم نہیں دی گئی ہے بلکہ میں نے کہا ہے کہ اس پر اتنا خرچ نہیں کیا گیا جتنا کہ خرچ کرنا چاہئے تھا ۔

**وزیر بنیادی جمہوریت و سماجی بہبود**—مجھے یہ محسوس ہوا ہے کہ آپ یہی فرماتے ہیں کہ کراچی ڈویلپمنٹ اتھارٹی کو کچھ نہیں دیا گیا بلکہ اگر آپ یہ فرماتے کہ کراچی ڈویلپمنٹ اتھارٹی نے بہت کچھ کیا ہے ۔ اور بہت کچھ کرنا ابھی باقی ہے تو میں ان کی بات سے اتفاق کرتا ۔

**مسٹر محمود اعظم فاروقی**—آپ کے ذہن میں یہی بات موجود ہے اس لئے آپ کو ہر بات غلط بات نظر آتی ہے ۔

**وزیر بنیادی جمہوریت و سماجی بہبود**—جناب والا - یہ بات اس طرف سے کہنے کی تھی انہوں نے صحیح وقت پر ارشاد فرما دیا ہے - میں محسوس کر رہا تھا کہ جس کو اتفاق سے کوئی چیز نظر نہ آ رہی ہو تو اس کو وہ چیز دکھانے پر بات منوائی جا سکتی ہے لیکن جو دیکھ کر کہے کہ میں نے نہیں دیکھا ہے تو اس کے بارے میں مشکل ہو جاتا ہے کہ اس کو منوایا جائے - کراچی ڈویلپمنٹ اتھارٹی کی ۲۱ سکیمیں ہیں - جن میں سے کچھ مکمل ہو چکی ہیں - کچھ تکمیل کے قریب ہیں اور کچھ پر مختلف مراحل پر کام ہو رہا ہے - پانی کی سپلائی کے لئے بھی لیاری میں ۲ کروڑ ۲۳ لاکھ روپے کی علیحدہ سکیم بنائی جا چکی ہے جس کے لئے اس بجٹ میں ساڑھے چار لاکھ روپیہ مہیا کیا جا چکا ہے اور آئندہ جب ضرورت ہو گی تو اس کے لئے حکومت کنجوسی نہیں کرے گی کیونکہ عوام کا مفاد ہمیں عزیز ہے - کراچی ڈویلپمنٹ اتھارٹی کی بہت ساری سکیمیں خود ان کے اپنے ذرائع و وسائل سے ہیں - کراچی ڈویلپمنٹ اتھارٹی کی کراچی میں جو پانی مہیا کرنے کی سکیم ہے وہ آپ جانتے ہیں کہ بہت سی مکمل ہو چکی ہے اور اس کا جو renovation کا کام رہتا ہے اس کے لئے مناسب اقدامات کئے جا رہے ہیں- میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہر ایک سیکٹر میں ضروری اور مناسب اقدامات کر رہے ہیں ہاں یہ ہو سکتا ہے کہ کسی جگہ کام کی رفتار یہ نہ ہو جو ہمارے فاضل دوست چاہتے ہیں - لیکن چونکہ یہ ایک خاص چیز کے متعلق بات کرتے ہیں اور یہ ایک خاص چیز کی رفتار کو دیکھتے ہیں جب کہ ہمیں سارے صوبہ کی مجوزہ ترقی اور سارے صوبہ کے مختلف سیکٹروں کی ترجیحاتی ترقی پر مناسب غور کرنا ہوتا ہے اس لئے ہمیں مجوزہ ترقی کو دیکھنا ہوتا ہے اور یہ بھی دیکھنا ہوتا ہے کہ سارے صوبہ کی اقتصادی ترقی کے لئے جو اقدامات کئے جا رہے ہیں وہ ضروری اور مناسب ہوئے ہیں - اور جو چیز ضروری اور مناسب ہوتی ہے وہ کی جاتی ہے -

جناب والا - ابھی سوشل ویلفیئر کے بارے میں میرے فاضل دوست نے فرمایا ہے میں نے پہلے بھی عرض کیا ہے کہ پچھلے

بجٹ میں ۱۶ لاکھ اور کچھ ہزار روپیہ سوشل ویلفیئر کے مختلف پراجیکٹوں پر خرچ کیا جائیگا اور اس دفعہ ۱۰۰ فیصد سے زیادہ اضافہ کیا گیا ہے۔ اب ۳۵ لاکھ اور تقریباً ۶۶ ہزار یا (اس وقت صحیح اعداد و شمار میرے پاس نہیں ہیں) ۶۰ ہزار روپیہ کی رقم رکھی گئی ہے اس چیز میں ۱۰۰ فیصد سے زیادہ اضافہ ہوا ہے۔ اس میں جب کہ ہم اربن کمیونٹی ڈویلپمنٹ سینٹر قائم کر رہے ہیں Rural Development Centres قائم کر رہے ہیں اس کے علاوہ ایک beggars' home قائم کر رہے ہیں۔ بیواؤں اور دوسرے معذور لوگوں کو سہولتیں مہیا کی جا رہی ہیں۔ ایک اور چیز میں اپنے فاضل دوست کی خدمت میں عرض کروں گا کہ سوشل ویلفیئر کے کاموں کا اندازہ اس بجٹ سے نہیں لگایا جانا چاہئے بلکہ ۷ لاکھ روپیہ سوشل کونسل مختلف ایجنسیوں کو سوشل ویلفیئر کے کاموں کی حوصلہ افزائی کے لئے دیتی ہے۔ کئی لاکھ روپیہ بلکہ کروڑ ہا روپیہ عوام کی طرف سے خود ان سماجی بہبود کے کاموں پر خرچ کیا جاتا ہے۔ اس چیز کو بھی آپ کو اس میں شامل کرنا چاہئے کیونکہ اس میں سے ۷ لاکھ روپیہ یہاں سے محض اس بات کے لئے ہوتا ہے کہ جہاں کوئی افراد قوم کی خدمت کے جذبہ سے آگے آئے ہوں اور ان کو معمولی دقتیں درپیش ہوں تو ان دقتوں کو دور کرنے کے لئے ہم ان کو مالی امداد دے کر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**Mr. Speaker:** The Minister may please try to conclude his speech.

**وزیر بنیادی جمہوریت و سماجی بہبود** — جناب والا ایک منٹ میں ختم کئے دیتا ہوں۔ ۲ کروڑ روپے والی سکیم کے متعلق میرے فاضل دوست کو میرے خیال میں غلطی لگی ہے۔ یہ تیسرے ۵ سالہ منصوبہ کی بات فرما رہے ہیں اس کے متعلق میں عرض کروں گا کہ سوشل ویلفیئر کے لئے جتنی نئی سکیمیں ہیں ان میں سے بہت ساری سکیمیں تیار ہیں اور ہر سال اس کے مطابق رقم مہیا کرتے ہیں۔

اور اس کے متعلق جناب والا عرض یہ ہے۔ کہ بہت ساری سکیمیں ہیں۔ جو ہمارے سامنے ہیں۔ اس میں ایسی تمام سکیموں پر بدستور عمل کیا جا رہا ہے۔ صرف ایک چیز کی

وجہ سے میرے فاضل دوست کو کچھ دقت ہو رہی ہے - اور وہ یہ کہ سوشل ویلفیئر پر جتنا خرچ ہوا ہے - وہ سارے کا سارا ڈویلپمنٹ پروگرام میں ہوا ہے - یعنی سترہ کروڑ پچھلا اور اس سال کا اٹھارہ کروڑ اس سال کا ملا کر کل پینتیس کروڑ کا ڈویلپمنٹ پروگرام میں آیا ہے - اور جس چیز پر آپ بحث فرما رہے ہیں - ان میں سے صرف ان سکیموں کو ابھی دینا ہے - جو کئی سالوں میں مکمل ہونگی - سارے سوشل ویلفیئر میں ایسی کوئی سکیم نہیں ہے - جسے چار پانچ سال میں phase کرنا ہو - یہ بات نہیں ہے - ہماری سکیمیں ایسی ہوتی ہیں - جو تقریباً ایک سال میں مکمل ہو جاتی ہیں - اور یہی وجہ ہے - کہ ان کو محکمہ تعلیم کے متعلق بھی غلطی لگ گئی ہے - اس وقت آپ جس چیز پر بحث فرما رہے ہیں - اس میں صرف آئندہ سالوں کا تخمینہ ان چیزوں کا دیا گیا ہے - جن کو مختلف projects میں ایک سال میں نہیں بلکہ کئی سالوں میں مکمل ہونا ہے - ہمارے سوشل ویلفیئر میں جتنی projects ہوتی ہیں - ان میں ایسی projects نہیں ہوتی جن پر کئی سال لگیں - چنانچہ اگر beggars home کھلنا ہے - تو اسی سال کھل جائے گا - اگر Urban Community Development Centre کھلنا ہے - تو وہ بھی اسی سال میں کھل جانا ہے - اور چونکہ یہ تمام چیزیں اسی سال میں مکمل ہو جاتی ہیں - اس لئے اس موضوع پر تخمینے میں تمام projects کا جو کہ آئندہ سال کے بارے میں ہیں اس میں سوشل ویلفیئر کا ذکر نہیں ہے - اور اسی وجہ سے میرے فاضل دوست کو غلطی لگی ہے - ان الفاظ کے ساتھ میں آپ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اپنی نشست پر بیٹھتا ہوں -

**وزیر خزانہ** (شیخ مسعود صادق)—جناب والا میرے رفیق کار میاں محمد یاسین خان صاحب وٹو نے بڑی تفصیلی تقریر کی ہے - اور میں اس معزز ایوان کا زیادہ وقت نہیں لونگا - اور صرف یہ عرض کروں گا - کہ آپ آج جو بحث کر رہے ہیں - میں نے آرٹیکل نمبر ۲۴ کے تحت یہ project estimate پیش کیا تھا - جو پانچ سالوں میں کل رقم خرچ ہونی تھی - وہ تینتالیس کروڑ روپے ہے - اور آپ خود مشاہدہ کر

سکتے ہیں کہ ۱۹۶۶-۶۷ء کا پروگرام دس کروڑ انانوے لاکھ انچاس ہزار کا ہے - حالانکہ ہمارا کل ترقیاتی بجٹ ایک سو نوے کروڑ سے اوپر ہے - اور اس میں ساری سکیمیں نہیں آتیں صرف وہ سکیمیں ہوتی ہیں - جو on-going ہوں - اور نئی ہوں ان کو ہم phased پروگرام میں بتاتے ہیں - ہو سکتا ہے - کہ کوئی ایسی سکیم ہو کہ جس کے لئے phased پروگرام میں صرف دس لاکھ روپیہ مختص کیا گیا ہو اور جس پر ہم اگلے سال ڈیڑھ کروڑ خرچ کر دیں - یہ ضروری نہیں ہے کہ سب سکیمیں اسی میں آ جائیں -

فاروقی صاحب نے کراچی کے بارے کہا ہے - کہ وہاں پر کچھ بھی نہیں کیا گیا ہے - تو اگر وہ پچھلے سال یا اس سے بھی پچھلے سال ۱۹۶۳-۶۴ء کے بھی project estimate کو ملاحظہ کر لیتے تو وہ خود دیکھ لیتے کہ جن سکیموں کا فاروقی صاحب نے ذکر فرمایا ہے - وہ آرٹیکل نمبر ۴۲ کے تحت ہم پہلے ہی پاس کر چکے ہیں - چنانچہ وہ آرٹیکل نمبر ۴۲ کے تحت پہلے ہی پاس ہو چکی ہیں - اس لئے اس کو دوبارہ نہیں دھرایا جا رہا ہے (قطع کلامی) - اگر وقت کی کمی نہ ہوتی - تو ایک لطیفہ سنا دیتا - مگر اختر صاحب موجود نہیں ہیں - (قطع کلامی) ایک بہت بھاری جلسہ ہو رہا تھا اور جو مقرر صاحب تھے وہ بڑی boring تقریر کر رہے تھے تو لوگ آہستہ آہستہ وہاں سے کھسکتے گئے - جب تقریر ختم ہونے والی تھی تو مقرر صاحب نے دیکھا کہ صرف ایک آدمی بیٹھا رہ گیا ہے تو اس نے اس آدمی سے پوچھا کہ آپ کو میری تقریر بہت پسند آئی - تو اس نے جواب دیا - کہ آپ کے بعد میرے بولنے کی باری ہے - (قہقہہ) تو اختر صاحب لمبی تقریر کرنے کے بعد چلے جاتے ہیں تو ہم گیا کریں - (قطع کلامی) -

**مسٹر محمود اعظم فاروقی**:شاید آپ کی یہ تقریر سرگودھا میں ہو رہی تھی - (قطع کلامی) -

**وزیر خزانہ**:یہ تو لطیفہ تھا - قصہ تو نہیں تھا - میں نے آپ کا نام نہیں لیا - بلکہ ایک اختر صاحب کے

منسوب کر دیا - اختر صاحب نے فرمایا ہے - کہ راوی پر جو پل تعمیر ہو رہا ہے - اس کے لئے کچھ نہیں کیا گیا ہے - اس کے متعلق میں یہ عرض کرونگا - کہ اس کے لئے ایک کروڑ چوالیس لاکھ روپے کی رقم مختص کی گئی ہے - اور اس سال کے بجٹ میں ستر لاکھ روپے کی رقم اس بجٹ میں تعمیر کے لئے مہیا کی گئی ہے -

میں حمزہ صاحب کا بیحد مشکور ہوں - انہوں نے آج واقعی بڑی معیاری تقریر کی ہے - اور انہوں نے محض تنقید برائے تنقید کے خیال سے تقریر نہیں کی - میں ان کا تہہ دل سے مشکور ہوں - انہوں نے Steel Mill کے متعلق فرمایا ہے - اس کے متعلق میں عرض کرونگا - کہ کالا باغ Ore کے کے متعلق صرف ایک فرم تھی Self Gitters اس نے صرف دو سو ٹن Ore کا تجربہ کیا تھا یہ صحیح ہے - اور اس فرم نے ہمیں کہا - کہ یہ ore صحیح ہے - اور ایک سٹیل مل بڑی کامیابی کے ساتھ یہاں بن سکتی ہے - لیکن یہ ore مقدار میں اتنی کم ہے کہ انہوں نے جو نتائج ہمیں دئے تھے - ہم ان پر پورا یقین نہیں کر سکتے تھے - لہذا ہم نے پندرہ ہزار ٹن ore جرمنی بھیجا - لیکن اس کے نتائج ابھی تک ہمیں موصول نہیں ہوئے - لیکن ابھی یہ ore دوسری firms کو بھی دکھانا تھا - اور اس کی feasibility کو بھی دیکھنا تھا - ہم نے دوسری Independent Firms سے Atkinson Brothers اور John Mills جو کہ یو - این - کے مشیر ہیں - ان کی رائے بھی دریافت کی تھی انشاء اللہ تعالیٰ جب ان کی رائے آ جائیگی - تو پھر اس کے بعد دیکھا جائے گا - کہ کیا کرنا ہے - اس کے علاوہ جو چیزیں حمزہ صاحب نے اور فرمائی ہیں - وہ زیادہ تر ملک خدا بخش صاحب سے متعلق تھیں - اور جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے - میں ان کی بہت سی باتوں سے متفق ہوں اور بچہ صاحب بھی متفق ہیں - ٹیوب ویل کے متعلق انہوں نے کہا ہے . . . . . .

مسٹر حمزہ—لائلپور اور سرگودھا کے متعلق خاص طور پر اس سے پیشتر کہ وہ سیم اور تھور کا شکار ہو جائیں -

وزیر خزانہ—آپ نے بجٹ میں دیکھا ہوگا ۔ کہ حکومت نے بائیس کروڑ سے زیادہ رقم مختص کی ہے ۔ جس سے کہ بجلی مہیا کی جائے گی تاکہ جو لوگ پرائیویٹ سیکٹر میں بھی ٹیوب ویل لگانا چاہیں لگا لیں ۔ اور یہی وہ بھی چاہتے ہیں ۔ سیم اور تھور کے بارے میں جو کچھ انہوں نے فرمایا ہے ۔ کہ سیم کی نالیاں بنائی جائیں ۔ تو اس کا مطلب میں یہ سمجھا ہوں کہ open drainage بنایا جائے ۔ اور میں سمجھتا ہوں کہ ٹیوب ویل کا جو پانی نکلتا ہے تو اس کے لئے اگر open drainage سسٹم ہو تو اس کی up-keep بھی سستی رہتی ہے اور یہ in the long run بھی سستے ہی رہتے ہیں ۔ اور ہم سندھ کے علاقے میں خاص طور پر اس پر عملدرآمد کر رہے ہیں مشکل یہ تھی کہ جس زمانے میں انگریزوں نے یہاں پر اریگیشن سسٹم بنایا تھا ۔ تو اس وقت انہوں نے واقعی drainage سسٹم کا خیال نہیں رکھا تھا ۔ لیکن اب جو اریگیشن سکیمیں ہم بنا رہے ہیں ہم ان میں drainage سسٹم کا پورا خیال رکھ رہے ہیں ۔

**Mr. Speaker**: I will now put the Resolution to the vote of the House.

The question is:

That the House do approve of the expenditure specified in the Statement under Article 82, read with Article 89 of the Constitution in respect of projects for the fut ure years.

*The motion was carried.*

---

## DISCUSSION OF THE CONTINGENCY ITEM

**Mr. Speaker**: Next item is the discussion of the Contingency Item and voting on the motion for reduction relating thereto.

There is a cut motion from Malik Akhtar. He is not present.

Now, we will have discussion on the Contingency Item. Yes, Mr. Munawar Khan.

**Mr. Munawar Khan** (Bannu I): Mr. Speaker, Sir, with sincerest apologies to the Finance Minister I shall be making my submissions and occasionally refer to him directly.

**Minister of Finance** (Sheikh Masood Sadiq): Through the Chair.

**Mr. Munawar Khan**: Yes of course through the Chair. We see, Sir, that a very big amount of twelve crores has been kept by him under the Head "Contingency" which, according to them, means unforeseen expenses.

Of courre, Sir, some amount is to be kept for such emergencies but not to the extent that other developments should suffer or other development schemes, which a e already started or pending should be stopped, and those grants should not be given and the amounts already spent over there on those schemes should be left unconsidered. I will be referring to these things Sir.

We have seen and nobody is unaware, Sir, that these contingency items are always used by the Government for achieving political objectives.

**Minister of Finance**: Question!

**Mr. Munawar Khan**: .... and I, from my personal knowledge, would point out to the Minister; but would rather keep it to my self and I would not impose on him. We had been promised, on one occasion, four lakhs of rupees when I was there on that side and later on he refused to give that amount.

وزیر بنیادی جمہوریت - وہ دن جب یاد آتے ہیں کاہجہ منہہ کو آتا ہے -

**Mr. Munawar Khan**: I hope you were here Mr. Veto.

وزیر بنیادی جمہوریت - جناب میں Independent تھا اس طرف نہیں تھا - اور میں نے جماعت نہیں بدلی جس طرح آپ نے بدلی ہے -

**Mr. Munawar Khan**: But you were lured to that side because of some consideration; to become a Minister.

وزیر بنیادی جمہوریت—جناب آپ بھی Independent تھے اور میں بھی Independent تھا - جب جماعت بنی تو ہم اسمیں شامل ہو گئے -

**Mr. Munawar Khan**: I came this side and he went that side, that is the difference Sir.

مسکر ھوزہ - جماعت خوب بدلی کہ وزیر بن گئے -

**Mr. Munawar Khan**: Now, what are those political objectives, those secret organizations, which my learned friend the Minister, Sheikh Sahib, only knows. People are bribed, election agents are secured, services of religious leaders are secured.

**Minister of Finance**: Is he speaking on the Contingency Item!

**Mr. Munawar Khan**: I am giving him the facts. But he has forgotten one thing Sir, a very material thing. He has not made any provision in the Budget for allocating some amount for the Ministers to go to Haj so that they should be forgiven their acts of omission and commission. So I respectfully suggest to the Finance Minister that out of this Contingency, he should keep back some amount for giving chances to the Ministers to go for Haj.

وزیر خزانہ - آپ کے لئے میں رکھونگا تاکہ آپ بھی حج کو جائیں -

**Mr. Munawar Khan:** I will be very grateful if a sum is allocated for me also so that I may also be forgiven for my sins when I go to Haj.

Sir, a lot of this secret amount is spent in the shape of entertainment allowances. Now we have to see how much entertainment allowance granted to various Heads has been spent, and whether it has been ever checked that it is correctly spent. And if this is not spent, why is that allowance at all sanctioned or granted? Again we see that this Contingency is. I don't say dishonestly not correctly used because most of the officials run about to earn T. As., to have their daily allowances without having any specific objective to achieve. At the same time, some departments are enjoying the privilege that their T. A. bills are not even checked or looked after. So my respectful submission is that the Finance Minister may please see to it that this Contingency is not exploited in the way in which it has been done in the past. If you permit me Sir I have got an instance to submit but that again might become personal and I would be stopped from mentioning it. So, as I have submitted there should be strict vigilance regarding the touring of the officials of the various Departments including every body, and that amount should not be exploited or misused in the way in which it has been done.

This is not an occassion for it but still with your permission, Sir, I might make a personal request to the Finance Minister for sanctioning out of this sum about two lakhs of rupees for the drinking water supply of Bannu Town. You have already sanctioned 2,50,000 rupees last year for this and that is incomplete, but this year you have not sanctioned a penny for that drinking water scheme of Bannu Town which is half-way through. So I respectfully request him at personal level and beseach him, Sir, to sanction at least two lakhs of rupees more, so that that scheme might be finished.

There is another item, which I will be respectfully pointing out to him through you Sir, and that is that at Bannu there is an old, old Municipal Hospital, which cannot accommodate the patients. Wounded people with gun shot injuries are lying in the open, in the rain, in the verandahs, and in 1963, Sir, an amount was sanctioned for this hospital and land was going to be acquired, land was selected, but all of a sudden, we learnt that that amount was spent on the construction of a hospital in the Jhang District. So I respectfully point out to Sheikh Sahib that that amount of mine, which on paper was sanctioned for my district and which was taken away from me and a hospital was constructed at Jhang, that amount should be given to my district from the present Contingency, and that hospital be constructed.

Another submission of my own again Sir. There is a College at Bannu, which is being run in a school building left by the Sikhs. That was Khalsa School, and now it houses a college.

وزیر خزانہ - آپ بھی خالصہ سکول کے پڑھے ہوئے معلوم ہوتے ہیں -

مسٹر منور خاں - جی ہاں - وہاں خالصے بھی ہیں اسلئے ہم پر بھی ان کا اثر ہے -

So that school is used as a College. The Vice-Chancellor of the Peshawar University has remarked that that building was not fit for a College and could well be classed as a stable. An amount was sanctioned for that College but through that paper jugglery, Sir, the Finance Minister-he will again excuse me-did away with that amount. God knows where he took it to and to whom he gave it.

For that college land was selected at Bannu and, again, that amount disappeared. So, I most respectfully and earnestly request, the Finance Minister that that amount which was sanctioned for the Bannu College be restored after at least four or five years. With these submissions I resume my seat and I sincerely hope that Shaikh Sahib will please accede to my personal requests.

**مسٹر سپیکر** ۔ حمزہ صاحب کیا فاروقی صاحب تقریر نہیں کریں گے ۔ کیونکہ مجھے جو کچھ بتایا گیا ہے وہ یہ ہے کہ آپ کی طرف سے دو تقریریں ہونگی ۔

**مسٹر حمزہ** (لائل پور ۔ ٦) ۔ عرض یہ ہے کہ میں نے اس سے پہلے جناب وزیر صحت کی خدمت میں لائل پور کے متعلق کچھ گذارشات کی تھیں لیکن وہ اسوقت ایوان میں موجود نہیں تھے اور بعد میں بھی انہوں نے تشریف لا کر میری معروضات کے بارے میں کچھ بتانے کی اور جوابدھی کی زحمت گوارا نہیں کی اب میں جناب وزیر مالیات کی خدمت میں کچھ سابقہ سالوں میں جو contingency expenditure ہوئے ان کے متعلق عرض کروں گا ۔

**بیگم زاھدہ خلیق الزمان** ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب لائل پور میں mental ہسپتال ضرور کھول دیجئے ۔

**مسٹر حمزہ** ۔ شکریہ بیگم صاحبہ ۔ جناب والا پچھلے سال a rial نمبر ۱۱۷ ۔ پر ایک رقم ٦٥ ۔ ہزار کی خرچ کی گئی اسمیں Expenditure on filing an appeal in the High Court میرے نزدیک یہ رقم بہت ہی کثیر ہے اور ایک ہی اپیل پر بظاہر جو الفاظ استعمال کئے گئے ہیں ۔ ظاہر ہوتا ہے کہ ایک ہی اپیل پر اتنی بڑی رقم خرچ کی گئی ۔ اور اسکے ساتھ S rial نمبر ۱۲۱ — پر لکھا ہوا ہے Sinking of a tube- well in Circuit House, Lyallpur اس پر ۸۳۵۰۰ کی رقم خرچ کی گئی ۔ میرے خیال میں یہ ٹیوب ویل واپڈا نے لگایا ہو گا جس نے شیخوپورہ کے علاقے میں لگائے ہیں مجھے تو عبدالرازق خان اب اس ایوان کے ممبر نہیں ہیں وہ بتایا کرتے

تھے کہ پشاور تو اب ڈوب رہا ہے اور اب پانی ۵ یا ۶ فٹ زمین میں گہرا ہے خدا معلوم کہ ایک ہی ٹیوب ویل پر اتنی بڑی رقم کسطرح خرچ کی گئی ۔ شاید اسکی نالیں چاندی کی نہ ہوں ۔ اسکے ساتھ ساتھ بہاولپور میں بھی ایک ٹیوب ویل سرکٹ ہاؤس میں لگایا تھا اس پر صرف ۸٬۸۱۰ روپے کی رقم خرچ کی گئی ہے ۔ یہ تضاد میری سمجھ میں نہیں آیا ہے ۔

جناب سپیکر ۔ اسی طرح ایک نئی اسامی کا اضافہ کیا گیا ہے اس کی گنجائش Creation of additional posts in the office of the Director of Social Welfare West Pakistan ہے ۔ مجھے اس پر اعتراض ہے کہ یہاں سوشل ویلفیر تو نہیں welfare of the few بلکہ ضرور ہے ۔ یہ رقم آپ اتنے لوگوں کیلئے کیوں خرچ کر رہے ہیں کم سے کم آپ تمام آبادی کے بارے میں تو سوچتے آپ نے بہانہ بنا کر یہ رقم وصول کرلی ہمارے حال پر رحم کیجئے ۔ آپ کو معلوم ہے کہ ہمارا ضلع وفادار کے نام سے مشہور ہے ۔ حقیقت یہ ہے کہ ہمارا کوئی اور گناہ نہیں ہے اور ہمارے لوگوں نے کوئی اور گناہ نہیں کیا بجز اسکے کہ حکومت کے جبر و تشدد کے باوجود لوگوں نے مجھے ووٹ دئے ۔ لیکن آپ کو یہ یقین ہونا چاہئے کہ ہمارے ضلع کے ۶ معزز ممبران جو اب سرکاری بنچوں پر بیٹھے ہوئے ہیں وہ انتہائی وفادار ہیں وہ حکومت کے بھی خواہ ہیں وہ دن رات حکومت کے حق میں دعائیں کرتے ہیں وہ بھی دل میں لیکن زبان پر نہیں لاتے ۔ کہ ہم نے کون کون سی خدمات اس حکومت کی سر انجام دی ہیں لیکن اس خدمت کو حکومت نے غلط سمجھا ہے کہ کسی بھی منصوبے میں لائل پور کو کوئی اہمیت ہی نہیں دیجاتی ۔ اسمیں جناب سپیکر ایک اور دقت ہے کہ ہم سرگودھا کمشنری میں ہیں ۔ آپ کو پتہ ہے کہ جب سورج نکلتا ہے تو چاند اور ستارے دکھائی نہیں دیتے ۔ اتفاق سے جب کوئی منصوبہ آتا ہے تو اسوقت ہمارے ضلع میں میانوالی لے آیا جاتا ہے میں عرض کروں گا کہ میانوالی کی ضروریات اپنی جگہ اہمیت رکھتی ہیں لیکن مجھے

اعتراض یہ ہے کہ ہمارے یہاں کے منصوبے میں میانوالی کو شامل کر لیا جاتا ہے اور اسکو اہمیت دے دیجاتی ہے ۔ سارا میانوالی ایک پسماندہ علاقہ ہے لیکن میں یہ عرض کروں گا کہ بعض معزز ممبران ریاست بہاولپور اور سابق سندھ سے تعلق رکھتے ہیں اور اس ایوان میں اپنے علاقہ کی پسماندگی کا رونا رویا کرتے ہیں ۔ اسمیں شک نہیں کہ لائل پور میں چند ملیں ہیں لیکن جب لائل پور کا ذکر آتا ہے تو اس سے مراد صرف لائل پور شہر نہیں بلکہ انکو معلوم ہونا چاہیئے کہ ہمارے یہاں ترقیات کی اشد ضرورت ہے ۔ ہمارے لئے جو منصوبے بنتے ہیں آبادی کو اتنی اہمیت نہیں دیجاتی بلکہ علاقائی پسماندگی کو کافی اہمیت دیجاتی ہے میں سمجھتا ہوں کہ آبادی کو بھی اتنی ہی اہمیت دینی چاہئے ۔ جناب سپیکر آپ اندازہ کیجئے کہ ہمارے ضلع میں لوکل ریٹ ۵۰ فیصد ہے اور لوکل ریٹ ہمارے ضلع میں جو کاشت کار ادا کرتا ہے وہ بعض اضلاع کے مالیہ سے بھی زیادہ ہے ہمارے یہاں جتنی آبادی زیادہ ہے اتنے ہی مسائل پیچیدہ ہیں اور آبادی کے بڑھنے سے اور سیم و تھور کے آنے سے یہ مزید پیچیدہ ہو گئے ہیں ۔ تو ہم اپنے مسائل کو اپنے وسائل سے حل کرنے کی طاقت نہیں رکھتے ۔

اب میں وزیر مواصلات کی خدمت میں عرض کروں گا کہ ہمارے ضلع کو مواصلات کے محکمہ نے بری طرح نظر انداز کیا ہے ۔ جناب سپیکر انکو علم ہوگا کہ جب آپ کو روٹ پرمٹ جاری کرنا ہوتے ہیں تو اسوقت آپ لائل پور کو اہمیت دیتے ہیں اور دیجانی چاہیئے کیوں کہ وہاں مسافر زیادہ ہوتے ہیں اور مسافر اس لئے زیادہ ہوتے ہیں کہ وہاں آبادی زیادہ ہے ۔ لیکن وہاں سڑکوں کی بھی ضرورت ہے ۔ جو سڑکیں موجود ہیں جناب بچہ صاحب کو معلوم ہے کہ جہاں انکی زمین واقع ہے وہاں ایک دن میں پانچ پانچ سو لاریاں گذرتی ہیں لیکن سڑک گیارہ فٹ چوڑی ہے ۔ اور ضلع جھنگ ایسا خوش قسمت ضلع ہے کہ وہاں کا وزیر صوبائی حکومت میں شامل رہا ہے ۔ اسلئے تعمیرات کے کام جلد ہوگئے ۔ ضلع لائل پورکا کوئی وزیر آج تک صوبائی کابینہ

میں شامل نہیں ہوا ۔

**آوازیں** ۔ سنڑل اسمبلی میں تو ہیں ۔

**مسٹر حمزہ** ۔ میں صوبائی حکومت کے متعلق عرض کر رہا تھا کہ یہاں ہمارا کوئی وزیر نہیں ہے ۔ اور یہاں کوئی وزیر کیوں ہو وہاں تو صرف امن و امان قائم رکھنا ہے ۔ آپکو علم ہے کہ جھنگ کو جو سڑک گوجرہ سے ملاتی ہے وہ ڈسٹرکٹ کونسل کی تھی اسکو صوبائی حکومت نے اپنے خرچ سے پختہ بنایا تھا ۔

**مسٹر سپیکر** ۔ حمزہ صاحب اس discussion سے آپ کا مطلب یہ ہے کہ Contingency item سے اس خرچ کو پورا کیا جائے ۔

**مسٹر حمزہ** ۔ جناب والا میں یہ عرض کر رہا تھا کہ چونکہ بجٹ میں اسکے لئے گنجائش نہیں رکھی گئی ہے تو اس سال اگر آپ اس مد سے ہماری کوئی مدد کر سکتے ہوں تو کریں ۔ اگر آپ سیاسی نظریات کے پیش نظر اسکو نہ دیکھیں تو لائل پور پہلے نمبر پر آئیگا ۔ ہم اس کے خلاف نہیں کہ پسماندہ علاقوں کو بھی ترقی دیجائے ۔ لیکن اس کا مطلب ہرگز نہیں کہ جو لوگ خاموش ہیں ان کے علاقہ کا خیال نہ رکھا جائے ۔ وہ تو خاموش رہ کر اپنی وفاداری جتلاتے ہیں اور آپ ان کی خاموشی کا الٹا مطلب لیتے ہیں ۔ تو آپ از راہ کرم لائیلپور کی فلاح و بہبود کیخاطر اسکے مسائل کی پیچیدگی کے پیش نظر اس کے ممبروں کی وفاداری کو مدنظر رکھتے ہوئے مناسب امداد دیں ۔ اور اگر پہلے آپ سے کوئی غلطی ہو گئی ہے تو اس کا احساس کیجئیے اور لائیلپور کے مواصلات کے سلسلے میں ضرور کچھ رقومات Contingency Fund میں سے مختص کیجائیں آپکی نوازش ہوگی ۔

**مسٹر محمود اعظم فاروقی** (کراچی-۸) — جناب والا ۔ دستور کے بنانے والوں کی حسن نیت پر پورا اعتماد کرتے ہوئے میں سمجھتا ہوں کہ جب یہ Constitution بنایا گیا تھا تو اسکے بناتے وقت یہ گنجائش رکھی گئی تھی کہ غیر متوقع اور نادیدہ مصارف کے لئے بجٹ میں ۱۰ فیصد کی حد تک رقم مختص کیجا سکتی ہے اور اس

ایوان کے کسی ممبر کے ووٹ کی ضرورت نہ ہوگی ۔ یہ علیحدہ مسئلہ ہے کہ اس ایوان کے اختیارات کو سلب کرنے کے لئے اور ختم کرنے کیلئے دستور میں کیا کیا ذرائع موجود ہیں ۔ یہ میری گفتگو کا اس وقت موضوع نہیں ہے ۔ کیونکہ اس سے پیشتر اس پر کافی روشنی ڈالی جا چکی ہے اور وزراء کرام مطمئن ہیں کہ ہمارے اختیارات کو یہ چیز کم سے کم کرتی ہے ۔ تو ضروری بات جو میں اس وقت کرنی چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ دستور کی رو سے ۱۰ فیصد اخراجات کی حد تک ایک رقم Contingency Item کے لئے مختص کیجا سکتی ہے ۔ اور اس کا مقصد یہ ہے کہ بجٹ بناتے وقت ظاہر ہے کہ انسان کی آنکھیں بہت دور تک نہیں دیکھ سکتیں اور ایسے حالات دوران سال پیش آسکتے ہیں جو بجٹ بناتے وقت پیش نظر نہ ہوں اور اس لئے Contingency Item سے غیر متوقع اخراجات اس مختص کی ہوئی رقم سے پورے کئے جا سکتے ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ دستور بنانے والوں کی ہرگز یہ نیت نہ تھی کہ آپ اس Contingency Item کو چور دروازوں سے استعمال کریں اور بجائے اس کے کہ آپ ایوان کے کھلے ہوئے راستوں سے جائیں آپ چور دروازوں سے جا کر Contingency Item کے اوپر شب خون ماریں ۔ بجٹ جون میں بنتا ہے ۔ آپ کے سامنے ملک کے آئندہ سال کے لئے اخراجات کا تخمینہ ہوتا ہے ۔ آپ اخراجات کا تخمینہ کرتے ہیں اور تخمینہ کرنے کے بعد اگر کوئی خرچ آپ کے تخمینے میں آپکی نظر سے اوجھل رہ جائے تو اس پر پھر آپ دسمبر میں نظرثانی کرتے ہیں ۔ اس وقت آپ کے لئے موقع ہوتا ہے اور حکومت کے سارے محکموں کے لئے دسمبر میں پھر موقعہ آتا ہے کہ وہ اپنے اخراجات کا جائزہ لیں یعنی ایسے اخراجات جو جون جولائی کے مہینے میں نظر سے اوجھل رہ گئے تھے ان کو ایوان میں نئے خرچ کیصورت میں یا پرانے خرچ کی صورت میں ان کے حصول کے لئے اور ووٹ کے لئے پیش کریں ۔ پھر جناب والا دستور اور روایات آپکو یہ موقع فراہم کرتی ہیں کہ اگر دسمبر میں بھی وہ اخراجات آپ کی نظر کے سامنے نہ آسکیں تو مئی اور جون میں پھر آپکو موقع ملتا ہے کہ گزشتہ چھ سات مہینوں میں وہ اخراجات جو

پہلے متوقع نہ تھے اور وہ بعد میں ہو گئے ہوں تو ان کو پھر ایوان کے سامنے پیش کر کے ایوان کے سامنے رکھ کر اس سے منظوری حاصل کریں لیکن میں یہ برابر دیکھ رہا ہوں کہ ان قانونی اور جائز راستوں کو چھوڑ کر آپ نے ایک ایسا طریقہ اختیار کر رکھا ہے کہ ایسے اخراجات جنکو آپ چاہتے ہیں کہ وہ ایوان میں بحث کا موضوع نہ بنیں - جنکے بارے میں آپ یہ پسند کرتے ہیں کہ ایوان کے لوگوں کو ان پر ووٹ دینے کا اختیار حاصل نہ ہو آپ ان اخراجات کو Contingency Item کے پردے میں مخفی کر دیتے ہیں - یہ آپ کے پاس ایک کمبل ہے ایک ایسا umbrella آپ کے ہاتھ آ گیا ہے کہ ہر ایسے خرچ کو جسے آپ ایوان میں لانا ضروری نہ سمجھیں آپ اس کو اس کمبل میں چھپا دیتے ہیں اور ایوان کے سامنے دستور کی دفعہ ۱۰۴ یا ۱۰۲ کو رکھ دیتے ہیں کہ ۱۲/۱۰ کروڑ کے خرچ کرنے کا تو ہمیں پورا اختیار حاصل ہے اور ایوان کو اختیار حاصل نہیں ہے کہ وہ اس پر گفتگو کر سکے یا اس پر اپنی زبان کھول سکے یا اس پر کوئی اعتراض کر سکے یا تقریر کر سکے - میں آپ کے چند اخراجات کا حوالہ دوں گا جو آپ نے ہمارے سامنے پیش کئے ہیں - یہ صفحہ ۱۲ پر آئٹم ۱۰۰ ہے - اس میں آپ نے سیکریٹیریٹ کے لئے ۳ موٹریں خریدی ہیں - ذرا ملاحظہ فرمائیں ان کی قیمت - ایک موٹر کی قیمت ۳۲ہزار ۹۷۰ روپیہ اور ایک ۱۸ ہزار ۶۰۰ روپیہ اور تیسری موٹر ۴۰ ہزار روپے کی - دیکھئے کہ اچھی سے اچھی گاڑی جس میں ملک کے متمول لوگ بڑی آسانی سے سفر کر سکتے ہیں وہ ۳۰ یا ۳۵ ہزار میں بونس واؤچر پر آتی ہے اور یہ Mercedes Benz اور Dodge cars ہیں - یہ گاڑیاں ۳۰ یا ۳۵/۳۵ ہزار میں آ جاتی ہیں مگر یہ ۴۰/۴۰ ہزار کی luxurious گاڑیاں اور ان کی خرید کہاں تک جائز قرار دیجا سکتی ہے - جس ملک کے غریب عوام جس کے ۹۰ فیصدی لوگوں کو پاؤں میں پہننے کے لئے جوتا میسر نہیں اور اس ملک کے حکمرانوں کے لئے ۴۰/۴۰ ہزار روپیہ کی گاڑیاں یہ تعیش نہیں تو کیا ہے - میں نے جو بات پہلے کی تھی کہ آپ اپنے ناجائز اخراجات کو اس کمبل کے نیچے چھپا لیتے ہیں تو میں اسکی دلیل ہی میں یہ بات کر رہا ہوں اور اگر آپ ایسے

خرچ کو new expenditure کی شکل میں لاتے تو ایوان میں اس پر ایک شور بلند ہوتا دنیا آپ پر نفرین کرتی کہ کیا یہ رفاہی مملک کے حکمران ہیں جنکے ۹۰ فیصد عوام کو روٹی میسر نہیں اور ان کے پاؤں میں پہننے کے لئے جوتا تک نہیں ہے۔

**میاں محمد شفیع** — پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب والا ۔ فاروقی صاحب بڑی دھواں دھار تقریر فرما رہے ہیں اور کہہ رہے ہیں کہ امیر لوگ گاڑیوں میں چڑھتے ہیں اور لوگوں کے پاس پاؤں میں پہننے کے لئے جوتا نہیں تو میں ان کی اطلاع کے لئے عرض کر دوں کہ روس میں بڑے بڑے حکمران ہیرے کی انگوٹھیاں پہن کر پھر رہے ہیں۔

**Mr. Speaker :** This is not a point of order.

**مسٹر محمود اعظم فاروقی** - جناب والا ۔ میں عرض کر رہا تھا کہ اگر آپ اس کو ایوان میں نئے خرچ کی صورت میں لاتے تو اس پر شور بلند ہوتا کہ اس غریب ملک کے ایسے حکمران ہیں جنکے ۹۰ فیصد عوام کو پاؤں میں پہننے کے لئے جوتا تک نہیں ۔ پیٹ کے لئے روٹی تک میسر نہیں آتی اور یہ لوگ قرض پر اپنے تعیش کیخاطر گراں قیمت موٹریں منگواتے ہیں اور luxurious cars منگواتے ہیں تو پھر شاید ان کو شرم آ جاتی دنیا کے شور و لعنت پر ۔ مگر آپ نے تو طے کر لیا ہے کہ

قرض کی پیتے تھے مے اور کہتے تھے کہ ہاں رنگ لائے گی ہماری فاقہ مستی ایک دن

تو جب آپ قرض کی موٹر میں بیٹھتے ہیں ۔ لکڑی کار میں بیٹھتے ہیں اور یہ توقع رکھتے ہیں کہ شاید آپ کی فاقہ مستی ایک دن رنگ لائے تو نہ غالب کی فاقہ مستی رنگ لائی تھی اور نہ آپ کی فاقہ مستی رنگ لائے گی ۔

**وزیر بنیادی جمہوریت** (میاں محمد یاسین خان وٹو) : مولانا آپ کو ''مے'' کی اس قدر کشش کیوں ہے۔

**مسٹر محمود اعظم فاروقی** - آپ کو دیکھ کر ۔ (قہقہہ)

**وزیر بنیادی جمہوریت** - یعنی میرے پاس انہیں ''مے'' نظر آ رہی ہے یا انہیں ''میں'' نظر آ رہا ہوں ۔ (قہقہہ)

**مسٹر محمود اعظم فاروقی** — جناب والا ۔ تو میں عرض کر رہا تھا کہ آپ ایوان میں اس کو کھلے راستوں سے لانے کی بجائے اور دن کی روشنی میں لانے کی بجائے آپ قوم کے خزانے پر شب خون مارتے ہیں ۔

اسطرح یہ چوالیس آئٹم ہیں جن پر تیرہ لاکھ تیرہ ہزار روپیہ کا خرچ ہے میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ اس خرچ میں کونسی ایسی غیر متوقع بات تھی آپ کے فرض کا تقاضا یہ ہے کہ آپ جو غیر متوقع اخراجات کی فہرست ہمارے سامنے لائے ہیں اس پر کچھ روشنی ڈالیں کہ وہ کیا حالات تھے وہ کیا وجوہات تھیں کہ آپ ان اخراجات کو سپلیمنٹری بجٹ میں نہ لا سکے اور انہیں Contingency کی صورت میں یہاں لائے — اگر آپ انہیں عوام میں لاتے تو آپ کو بتایا جاتا کہ ان کی کارکردگی میں کیا نقائص اور خامیاں ہیں یہ کیسے غلط کاموں میں صرف ہو رہے ہیں اور آپ اس کا جواب دینے پر مجبور ہوتے مگر آپ نے انہیں اس تین صفحہ کی کتاب میں رکھ کر اس ایوان کا منہہ بند کر دیا ہے اور ہم سے بولنے کے مواقع چھین لئے ہیں میں وزیر مالیات کی خدمت میں عرض کرونگا کہ وہ قوم کے خزانہ کی امانت میں ایوان کے کھلے دروازے سے داخل ہوں Contingency کے چور دروازے سے داخل ہو کر اس پر شب خون نہ ماریں۔

**وزیر آبپاشی** (ملک خدا بخش) ۔ جناب والا ۔ میرا ارادہ آج کی بحث میں حصہ لینے کا نہیں تھا مگر حمزہ بھائی کے اعتراضات کے متعلق چند گذارشات آپ کی اجازت سے ایوان کی خدمت میں پیش کرتا ہوں انہوں نے فرمایا ہے کہ لائلپور کی طرف وہ توجہ نہیں دی گئی جس کا وہ مستحق ہے میں ان کی اطلاع یا یاد دہانی کے لئے عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جڑانوالہ تحصیل میں جو لائلپور کا حصہ ہے ٹیوب ویل لگانے پر تقریباً نو دس کروڑ روپے خرچ کئے گئے ہیں اور کل بھی خزانے سے تقریباً پچھتر اسی لاکھ کے قریب subsidy کے طور پر انہیں چلانے کے لئے دئے جا رہے ہیں اس سے ان کی تسلی ہو جانی چاہئیے کہ لائلپور کو

نظر انداز نہیں کیا جا رہا۔

دوسری عرض جو میں ان کی خدمت میں پیش کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ حال ہی میں وہاں ایک سپیریئر سائنس کالج قائم کیا گیا ہے جس سے لائل پور کی اہمیت بھی بڑھ جائے اور وہاں سہولتیں بھی میسر آجائیں گی علاوہ ازیں وہاں کی زرعی یونیورسٹی کے لئے تقریباً چونسٹھ لاکھ روپیہ رکھا گیا ہے اور ایوب ریسرچ سنٹر کے لئے بھی خطیر رقم رکھی گئی ہے جتنی رقوم آئیں گی انشاءاللہ تعالیٰ ضرورت کے مطابق وہاں پر بھی خرچ کی جائیں گی۔

انہوں نے تحصیل ٹوبہ ٹیک سنگھ، تحصیل سمندری، تحصیل اور ضلع سرگودھا کے متعلق یہ فرمایا تھا کہ وہاں سیم اور تھور کی زیادتی ہے ان کے علم میں ہوگا کہ سرگودھا میں لالیاں سکیم میں ایک سو پچاس ٹیوب ویل لگائے جا چکے ہیں جو یکم جولائی تک انشاءاللہ تعالیٰ چلنے شروع ہو جائیں گے یہ اچھا موثر منصوبہ ہے امید ہے سرگودھا کے متعلق ان کے خدشات دور ہو جائیں گے وہاں پر ڈرین جو پہلے کھودے گئے تھے اب کچھ عرصہ سے کام میں نہیں آرہے تھے انکی مرمت کے لئے بھی رقم رکھی گئی ہے میں انکی اس تجویز کا خیرمقدم کرتا ہوں کہ تحصیل ٹوبہ ٹیک سنگھ میں بھی ڈرین کھودی جائیں میں انہیں یقین دلاتا ہوں کہ اس سے پہلے بھی ادھر بیٹھنے والے ممبر صاحبان نے جنہیں وہ خاموش ممبران کہتے ہیں اس تجویز کو پیش کیا تھا۔

وہ ہر وقت اپنے ضلع کے پبلک مفاد کے لئے تقاضا کرتے رہتے ہیں اور ہر وقت ان کے تقاضوں کی طرف توجہ دی جاتی ہے۔

ان چند معروضات کے ساتھ مجھے امید ہے کہ حمزہ صاحب کی تسلی ہو جائے گی صوبائی سکیموں کے لئے جتنی رقومات رکھی گئی ہیں لائلپور کو اسکا حصہ ملتا ہے میرے خیال میں اس سے ان کے خدشات دور ہو جائیں گے۔ شکریہ۔

**وزیر خزانہ** (شیخ مسعود صادق) : جناب والا - یہ Contingency بجٹ ہر سال آپ کے سامنے پیش کیا جاتا ہے - یہ آئین کی دفعہ ۶۰ کے تحت ہوتا ہے - کل مالیہ کا دس فیصد ہم اس کے لئے مختص کر سکتے ہیں - ۱۹۶۶ء ۱۹۶۷ء کا بجٹ جو ہے اس میں آمدنی کے کل تخمینہ جات ۱۷۷ کروڑ سے اوپر ہیں - اس حساب سے ہم یہ رقم ۱۸ کروڑ تک رکھ سکتے ہیں - ۶۵-۱۹۶۴ء میں یہ رقم دس کروڑ روپے تھی اور ۶۶-۱۹۶۵ء میں ۱۲ کروڑ تھی - سال رواں میں یہ تیرہ کروڑ رکھی گئی ہے - جیسا کہ منور خان نے فرمایا ہے اب کے سال اس میں بہتری ہوئی ہے - پہلے یہ ساری رقم Saving and Appropriation Accounts سے لی جاتی تھی - مگر اب کے سال خاص تین کروڑ کی رقم آمدنی میں سے مختص کی گئی - یہ پہلے سالوں سے ڈیپارچر ہے -

جو کچھ منور خان صاحب نے کہا ہے ان کی عادت یہ ہے الزام لگانے کی - انہوں نے ایک بہت بڑا الزام لگایا ہے کہ یہ ساری رقم ہم سیاسی کاموں پر خرچ کرتے ہیں کیا میں ان سے پوچھ سکتا ہوں کہ یہ رقم جو کہ مختص کرتے ہیں کہ اگر طغیانی آ جائے یا بارش کے نہ ہونے سے فصل پوری نہ ہو سکے یا ٹڈی دل کی تباہ کاریاں ہو جائیں - یا جو ہم سم تھور کے انسداد پر خرچ کرتے ہیں - کیا یہ سارے سیاسی خرچ ہیں - جو پچھلے آپ ، اخراجات دیکھتے ہیں - ہو سکتا ہے کہ ان میں کوئی رقم ایسی ہو جو ان سے باہر خرچ کی گئی ہو - مگر یہ کہنا کہ اسے سیاسی اغراض کے لئے خرچ کیا جاتا ہے بالکل غلط ہے - اس کا سارا حساب رکھا جاتا ہے جو آپ کے سامنے پیش کیا جاتا ہے -

**Mr. Munawar Khan :** Nothing about my submission. Will he be kind enough to say 'yes' or 'no' to my request ? (interruptions and cross talk.)

**وزیر خزانہ**—فاروقی صاحب نے جو کاروں کے متعلق کہا ہے کہ ایک ہزار آٹھ سو ساٹھ روپے کی نئی کار ہے

اگر وہ اس پر غور فرمائیں یہ تو defficieney تھی جسے پورا کیا گیا ہے۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی۔ اس میں لکھا ہے :۔
سیکرٹریٹ پول کے لئے تین سٹاف کاروں کی خرید۔

(۱) .. .. ۳۲،۹۷۰/۰۰ روپے

(۲) .. .. ۱،۸۶۰/۰۰ روپے

(۳) .. .. ۴۵،۰۰۰/۰۰ روپے

ایک کار کی قیمت ۴۵ ہزار سے بھی زیادہ ہو گئی ہے۔ کیا آپ نے رولز رائس منگائی تھی۔

(شور اور قطع کلامیاں)

**Mr. Speaker :** The House stands adjourned till 8-30 a. m. tomorrow.

*The Assembly then adjourned till* 8-30 *a. m. on Tuesday, the* 28*th June* 1966.

## APPENDIX I

(*Ref.* Starred Question No. 1596)

### STATEMENT SHOWING RECOMMENDATIONS OF THE WEST PAKISTAN AUQAF ADVISORY BOARD AND THEIR IMPLEMENTATION MEETING DATED 30TH NOVEMBER, 1965

| Item No. | Subject | Recommendations | Action taken | Remarks |
|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| I | Nomination of members to fill in vacancies in the Board of Governors for Jamia Islamia, Bahawalpur. | 7 Members were recommended by the Board. The following have since been nominated and notified as Members of the Board of Governors of Jamia Islamia, Bahawalpur :—<br>(1) Pir Kuram Shah Sahib Bhorvi.<br>(2) Sahibzada Faiz-ul-Hassan.<br>(3) Allama Abul Barkat Sayyed Ahmed<br>(4) Mirza Maqbool Beg Badakhshani. | .. | |
| II | Setting up of an Advisory Committee for Islamic Publication Scheme of Auqaf Department. | The Board recommended formation of an Advisory Committee consisting of 10 languists and religious scholars to make recommendations on the subjects assigned to the Committee. | .. | |
| III | Compilation of a book on Khutbat for Juma and Id congregations. | It was recommended that the book should be entitled "Mawaiz" and not "Khutbat". The Board recommended formation of an Advisory Committee consisting of 10 linguists and religious Scholars to make recommendations on the subject assigned to the Committee. | Approved in Principle. | |

| Item No. | Subject | Recommendations | Action taken | Remarks |
|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| IV | Appointment of a Khatib for the Jamia Masjid, Nila Gumbad, Lahore | It was decided that the post in the scale of Rs. 250—15—400 should be advertised | The Board in its 2nd Meeting approved the appointment of Maulana Ali Asghar. | |
| V | New item captioned "In Lahore the Muslims are worshipping stone slabs" published in the Daily "Imroz" on 18.2.64. | It was decided that the article should be ignored. | No action was required. | |
| VI | Tabligh-i-Islam in the Western Countries. | As against item No. X. | | |
| VII | Authentic translation of the Holy Quran into Balochi and Brohi. | It was recommended that translation of Holy Quran should be in all regional languages. The Board recommended..... (Item No. X.) | | |
| VIII | Translation and Publication of Tafseer, "TaWeelat-e-Maturidi". | It was decid d that the photostet copy of the book should be suppl ed to Board Members and matter discussed f..rther for final decision in the next meeting. | | |
| IX | Grant of financial assistance to the Dar-us-Salam Library, Bagh-i-Jinnah, Lahore. | It was decided that financial assistance should not be given to the Dar-us-Salam Library, Bagh-i-Jinnah, Lahore and Auqaf Department should set up its own library on "Tasawwaf and Tariqat". | | |
| X | Constitution of an Advisory Committee for suggesting books to be taken up for publication during the Publication Programme of 1965-66. | Board recommended formation of an Advisory Committee consisting of 10 linguists and religious scholars to make recommendations on the subjects assigned to the Committee. | As in page 3. | |
| | ADDITIONAL RECOMMENDATIONS :— | | | |
| | (i) Study of Auqaf Department's work in Egypt. | It was recommended that some ulema alongwith Auqaf Officers should visit Egypt for study of Auqaf Administration. | It was ignored in view of present state of Emergency. | |

| | | |
|---|---|---|
| (ii) Translation of the German Language Index of Holy Quran and Hadi.h. | It was recommended that it should be translated in Urdu. | |
| (iii) Authorizatian of members of Auqaf Advis ry Board to visit Auqaf Property. | It was recommended that its members should be authorised to visit various Auqaf properties and institutions and that circular letter should be addressed to all concerned. | A circular letter was issued to all concerned to afford facilities with the direction that Sunni members should visit Sunni waqf porperties and Shia members should visit Shia waqf properties. |
| (iv) General supply of Auqaf Ordinance Rules and a note on the working of the Auqaf Department and Organization. | It was decided that a copy of Auquf Ordinance and Rules with a note on working of Department should be sent to all the non-official members. | A copy of rules and a note on Auqaf working was supplied to each Member of Board. |

An Auqaf Advisory Committee has since been constituted. It consists of the following Members :—

(1) Dr. H. H. Bilgrami, Rais-ul-Jamia, Jamia Islamia, Bahawalpur.

(2) Allama Abul Barkat Sayyed Ahmed, President Hizbul Ahnaf.

(3) Pir Karam Shah Sahib Bhervi.

(4) Sahibzada Faiz-ul-Hassan, President, Jamiat-ul-Ulema-i- Pakistan.

(5) Dr. Sayyed Ghulam Akbar Shah Sahib, Peshawar University, Peshawar.

(6) Allama Rashid Tarabi, 4, Nazimabad, Karachi.

(7) Professor Mirza Maqbool Beg Badakhshani, Education and Publication Advisor, Auqaf, (Secretary).

Purposes of the Committee are :—

(i) Setting up of an Advisory Committee for the Islamic Publication Scheme of the Auqaf Department.

(ii) Tabligh-i-Islam in Western Countries.

(iii) Authentic translation of the Holy Quran in an regional languages including Balochi and Brohi ; and

(iv) Suggetsing books to be taken up for publication by Auqaf Department during the Publication Programme of 1965-66.

It was long term programme. All the recommendations of the Board are receiving attention.

**Minutes of the Third Meeting of the West Pakistan Auqaf Advisory Board held at 9·00 a.m. on Saturday the 7th May 1966, in the West Pakistan Civil Secretariat, Lahore.**

*Present*—

(1) Mr. Abdur Rashid Khan, S.Q.A., P.C.S., Chief Administrator of Auqaf, West Pakistan, (In Chair).

(2) Pir Sahib of Dewal Sharif, Rawalpindi, (Member).

(3) Sahibzada Faizul Hassan Sahib, President, Jamiatul Ulema-i-Pakistan, Satellite Town, Gujranwala (Member).

(4) Syed Hadi Ali Shah, *Ex*-Mayor, 64, Main Gulberg, Lahore, (Member).

(5) Syed Fayaz Hussain Hamdani, Advocate, Sargodha (Member).

1. Khawaja Khan Muhammad Sahib of Taunsa Sharif and Syed Saeed Bihari of Karachi could not attend the meeting.

2. The meeting started with the recitation of the Holy Quran by Pir Sahib of Dewal Sharif.

3. *Item No.* 1.—Confirmation of the minutes of the last meeting.

*Action by E. & P. O.*—The minutes of the last meeting held on 7th February 1966. were confirmed, except the recommendations made under Item No. 7 (iii) "Setting up of a library in the Darul Uloom Muhammadia, Sargodha". This item was again discussed and it was recommended that a separate Shia Library be set up in Gulberg, where Anjuman Muhammadia will provide free accommodation for it.

4. *Item No.* 2.—Progress since last meeting.

The progress made on the recommendations made in the last meeting was noted with satisfaction.

5. *Item No.* 3.—Consolidation of Auqaf lands.

*Action by S.O.(S).*—The concensus of opinion was that under the Islamic Law, Auqaf Land could be exchanged in part or as a whole with other lands in the better interest of the waqf. Syed Fayyaz Hussain Hamdani was, however, of the view that this could not be done. It was agreed that Auqaf Lands could be thrown into the consolidation pool but it should be ensured that the interests of the waqf do not suffer and that land of the same class changes hand.

6. *Item No.* 4.—Propagation of Islam in U.S.A.

*Action by E. & P. O.*—(i) The Auqaf Department is taking steps to train right type of preachers in the Jamia Islamia, Bahawalpur, but since that would take time it should first concentrate on the publication of really good and appealing literature for the propagation of Islam. The best course would be to invite manuscripts which should be scrutinized by the Auqaf Advisory Board. Thereafter, the best compilations should be published by the Department for free distribution in foreign countries through our embassies or sources recommended by our embassies.

*Action by A. & A.O.*—(ii) The Auqaf Department should float a Tabligh Fund after consulting the Finance Department, making its own initial contribution to it and invite contributions from big businessmen and well-to-do philanthropists, so that the sending out of Muballighs to foreign countries could be financed.

*Action by E. & P. O.*—(iii) Before, however, a final decision is taken on items No. (i) and (ii) above, the views of the Finance Department should be obtained in the first instance.

7. *Item No.* 5 (1)—Request of Syed Fayaz Hussain Hamdani for financial aid to the tune of Rs. 8 lacs for the setting up of Jamia Jafria at Sargodha.

This item was discussed at length and it was finally decided on the recommendation of Syed Hadi Ali Shah that it should be put up before the Board for re-consideration after further details about the financial position of the Jamia, properties attached to it, etc., etc., were supplied by Syed Fayaz Hussain Hamdani. It was also agreed that final decision on this item will be in the light of income from Shia Waqfs and financial assistance will be in proportion to the amount to be sanctioned for Jamia Al-Khizar.

8. *Item No.* 5 (2)—Financial aid for the religious monthly journal 'Al-Muballigh' and fortnightly 'Shaheed' being published from Sargodha.

*Action by E. & P.O.*—Three successive issues of 'Al-Muballigh', 'Asadd' 'Shaheed' and 'Durr-i-Najaf' should be placed before the Education and Publication Committee and if they approved, the question of giving financial aid by means of purchasing a certain number of copies for Auqaf Libraries should be considered in a meeting of the Board.

9. *Item No.* 5 (3).—Setting up of a Shia Academy known as 'Hazrat Noor Ullah Shostri Academy'.

*Action by E. & P.O.*—It was decided that if the establishment of such an academy was deemed necessary. It could be a part of Jamia Jafria as and when and wherever it was set up.

*Item No.* 5 (4).—(*i*), (*ii*), (*iii*) and (*iv*).

(*i*) Appointment of a Khatib and Imam in Kotli Hazrat Imam Hussain, D. I. Khan.

(*ii*) Financial aid to the Islamic Madarsa at Kotli Imam.

(*iii*) Suitable grant for repairs to 'Tashbiah Mubarak'.

(*iv*) Suitable grant for the celebration of Maharram particularly the Ashura Days.

*Action by S.O.(S.) S.O.(M.)*—The Administrator, Northern Zone, be asked to offer his comments on each of these items stating the financial position of Kotli Hazrat Imam Hussain in details. He should spend Rs. 300 which have already been provided in the Budget for repairs within current financial year and make further provision in the next years' Budget in respect of other necessary repairs. He should also make a provision in the next years' Budget for celebration of Ashura Days. The Administrator, Northern Zone, should be asked to offer his comments on this item stating the reasons why an Imam/Khatib has not so far been appointed for Kotli Hazrat Imam Hussain, D. I. Khan.

11. *Item No.* 5 (5).—Financial aid for reconstruction of the boundary walls of Karbala Khushab and construction of 5 rooms for Madarsa Darul Uloom Jafria.

*Action by* (*S.O.* (*S*)—The Administrator, Central Zone, should taken necessary steps is respect of repairs to the property which had actually been taken over by the Auqaf Department and spend Rs. 200 already provided in the current years' Budget under Head 'Repairs' before the current financial year was out. He should also make a provision in the next years' Budget for any other necessary repairs.

12. *Item No.* 5 (6)—Supply of two separate lists of all Shia and Sunni waqf properties so far taken over under the West Pakistan Waqf Properties Ordinance.

*Action by S.O.*(*S*)—Agreed that a list of undisputed Shia waqf properties and commonly known as such should be supplied to the Shia Members of the Board.

13. *Item No.* 6—Appointment of Pesh Imam for Masjid attached to Imam Bara, Bara Imam, Lawrence Road, Karachi.

*Action by-S.O.*(*M*).—The appointment of Maulana Muhammad Taqi Sahanapuri (c/o Seth Abdur Rasul Mitha Bhai, Near Police Chawki, Kharadar, Karachi) as Pesh Imam for the mosque attached to Imam Bara, Bara Imam, Lawrence Road, Karachi, was recommended. As regards enhancement in his pay, it was recommended that this question might be examined at the time of general revision of pay of Imams/Khatibs.

14. *Item No.* 7.—Appointment of a Khatib-*cum*-Imam for the Masjid attached to the Mazar of Hazrat Shah Bahaul Haque Zikrya.

*Action by S.O.* (*M.*).—The appointment of Maulvi Ghulam Mustafa for mosque attached to the Dargah of Hazrat Bahaul Haque Zikrya, Multan, was recommended.

## STATEMENT SHOWING RECOMMENDATIONS OF THE WEST PAKISTAN AUQAF ADVISORY BOARD AND THEIR IMPLEMENTATION

MEETING DATED 7TH FEBRUARY, 1966

| Serial No. | Subject | Recommendations | Action taken | REMARKS |
|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 1 | Appointment of Khatib for Masjid attached to the shrine of Hazrat Data Ganj Bakhsh Sahib, Lahore. | It was recommended that Maulana Muhammad Umar of Darul Maiqias, Ichra should be appointed. | Appointment has since been made. | |
| 2 | Appointment of Zonal Khatibs for Multan Zone. | Appointment of Maulana Muhammad Abdul Qadir was recommended. | Recommendation of the Board for the appointment of Maulana Abdul Qadir have been approved. | |
| 3 | Selection of Imam for Nila Gumbad Masjid, Lahore. | Incorporated against Item IV of the meeting, dated 30-11-65. | .. | |
| 4 | Grant for construction of Jamia Al-Khizar. | It was recommended that Auqaf Department may examine the question of financial assistance for construction of these institutions in the light of Budgetary position. | The matter is under examination. | |
| 5 | Grant to the monthly Journal "Al-Khizar". | It was recommended that Auqaf Department may examine the question of financial aid in the light of Budgetary position. | The matter is under examination. | |
| 6 | Publication and translation of an Arabic book. | Proposal was accepted and it was recommended that Advisory Committee constituted against Item No. X (Meeting dated 30-11-65) may taken further steps. | These items were discussed in the meeting of Advisory Committee for Publication and dropped. | |
| 7 | (i) Translation and publication of Tafseer Majama-ul-Bayan. | | | |

APPENDIX

5361

| Item No. | Subject | Recommendations | Action taken | Remarks |
|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 7—*concld.* | (ii) General Survey of Auqaf to which "Waqfs" have dedicated properties. | It was recommended that instructions to all Administrators may be issued for carrying out survey of such properties and monthly reports submitted to Head Office. | Instructions have since been issued to all Administrators for arranging survey of all such waqf properties. | |
| | (iii) Setting up of a Library in the Darul Uloom Muhammadia, Sargodha. | It was recommended that a suitable amount may be sanctioned by Auqaf as aid to the Darul Uloom Muhammadia, Sargodha for establishing a library at Sargodha. | The matter is under consideration. | |
| | (iv) Setting up of Committee for the survey of waqf properties which are not being properly managed. | As Auqaf Department had no concern with the management of those properties which have not been taken over under the West Pakistan Waqf Properties Ordinance, 1961, the proposal was dropped. | The proposal was dropped by the Board. | |
| 8 | (i) Review of action on the recommendations made by the Board. | .. | No comment as it was red out. | |
| | (ii) Holding of Seminars of Auqaf Khatibs for developing potential for propagation of Islam, moral uplift and importance of Jehad and providing relevant literature to the Board. | It was recommended that the Zonal Khatibs should hold monthly meetings of all Khatibs of Auqaf Mosques for developing potential for propagation of Islam, moral up-lift and importance of Jehad. | All the Administrators of Auqaf in West Pakistan have been asked to take necessary action and to obtain the required literature from E. & P. A. Auqaf to whom a copy has been endorsed. | |

| | | |
|---|---|---|
| (iii) Publication of a Weekly Journal by Auqaf Department to publicise its activities. | It was recommended that Auqaf Department should publish a Monthly Journal named "Mahnama Auqaf", and should also publish a year book concerning the overall activities. | The proposal was dropped. |
| (iv) Detailed procedure for disposal of offerings made at the shrines in the form of cloth, foodgrains, etc., etc. | Necessary procedure was explained to the members. It was further recommended that a copy of the proceedings of the Urs Committee may be supplied to all the Members of the Board. | A copy of the proceedings of Urs Committee containing the procedure in question was supplied to all Members of the Board. |
| (v) Arrangements for importing Primary Religious Educations at the shrines where suitable place is available. | It was brought to the notice of the Board that such institutions are already working at various Waqf Properties under the administrative control of Auqaf Department. | No proposal has been received from any Member of the Board. |
| (vi) To counter constant propaganda by a particular sect against the sanctity of shrines and ceremonies held there as the income from Auqaf depends on the sancitity of the shrines, therefore, it is on the Department to take care of this source of income. | It was recommended that the Publication Branch of the Auqaf Department may consider the publication of pamphlets regarding the sanctity of the shrines, the teaching of the saints, urses, etc. | This item has been discussed in the meeting of Advisory Committee for publication. Pamphlets will be got prepared as a result of the recommendations of the Committee. |
| (vii) To devise ways and means to make good the dwindling of 'Zikr' and 'Fikr' resulting from the in attention of the *Ex*-Sajjada Nashins and reorganization and extension of such assembles. | The item was withdrawn by Sahibzada Faizul Hassan without any discussion. | The Member has withdrawn the proposal. |
| (viii) Payment of suitable remuneration to those Ulema whose actavities pertaining to the propagation of Islam are outstanding. | Board's request for revising the grades of pay of Khatibs which is already under examination. | A Sub-Committee has already been set up and the matter is under action. |

| Item No. | Subject | Recommendations | Action taken | |
|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 8—*concld.* | (ix) Consideration of financial aid by the Auqaf Department for the publication of certain important religious books. | It was recommended that the matter may be examined by the Advisory Committee for publications. | This item was discussed in the recent meeting of the Advisory Committee for Publication and a programme in this respect has been finalised. | |
| | SUPPLEMENTARY AGENDA | | | |
| 1 | In ternational Mahfil-e-Qirat under the auspices of Jamia Qasmia. | I. It was recommended that some suitable financial aid may be granted to Jamia. | Rs. 600 already paid to Jamia Qasmia. | |
| | | II. Department may hold Qirat Mahfils at various important places in West Pakistan. | Further action is being taken. | |
| | | III. It was suggested that the Auqaf Department should appoint Muazzins having sweet voices. | All the Administrators of Auqaf in West Pakistan have already been asked to take necessary action. | |

# APPENDIX II
## (Ref: Starred Question No. 2037)

LIST OF NON-OFFICIAL VISITORS AND SUGGESTIONS MADE BY THEM ON THEIR VISITS TO VARIOUS JAILS IN LAHORE DIVISION

| 1 | 2 | 3 | 4 |
|---|---|---|---|
| Name of Visitor | Date of visits | Suggestions made | Action taken |
| | **DISTRICT JAIL, SHEIKHUPURA** | | |
| Rai Bashir Ahmad Bhatti | 14th November 1963, 29th February 1964, 4th September 1964, 10th February 1965, 4th February 1966. | Bashir Ahmad Bhatti, M.N.A. (N.O.V.) suggested that records of speeches delilvered on topics beneficial to prisoners be maintained. | The instructions have been complied with. |
| Pir Ahmad Shah .. | 26th November 1963 .. | *Nil* | *Nil* |
| Ch. Zafar Yasin .. | 6th December 1963, 15th February 1964, 20th May 1964, 1st July 1964, 1st October 1964, 25th November 1964, 16th March 1965 | Ch. Zafar Yasin, N.O.V. suggested in his remarks that for the welfare of the prisoners more religions books be provided so that prisoners in large number may read them. | In compliance with his suggestions, District Prisoners Aid Society, Sheikhupura, was moved, which provided 188 books including 10 Quran Sharif and Separas. |
| Syed Chiragh Ali Shah .. | 31st January 1964, 24th May 1964, 21st August 1965. | *Nil* | *Nil* |
| | **DISTRICT JAIL, KASUR** | | |
| Khan Muhammad Asim Khan, Vice-Chairman, M.C., Kasur. | 1st April 1964, 9th June 1964, 30th September 1964, 18th November 1964, 22nd December 1964, 16th January 1965, 26th April 1965, 20th July 1965. | *Nil* | *Nil* |
| Capt. Abdul Hammed, Chairman, T.C., Raja Jang. | 22nd February 1964, 25th April 1964, 11th May, 1964, 4th June 1964, 17th July 1964, 14th September 1964, 21st October 1964, 5th December 1964, 13th January 1965, 9th March 1965, 2nd April 1965, 14th May 1965, 17th June 1965. | *Nil* | *Nil* |
| Nawabzeda Sardar Muhammad Ahmad. | 27th March 1964, 17th April 1964, 16th May 1964, 13th June 1964, 10th September 1964, 13th October 1964, 28th November 1964. | *Nil* | *Nil* |
| Mr. Nasir Khan | 25th September 1964, 21st January 1965, 24th April 1965. | *Nil* | *Nil* |
| Saif Ullah Khan .. | 3rd March 1964, 25th September 1964, 22nd October 1964, 2nd November 1964. | *Nil* | *Nil* |

| 1 | 2 | 3 | 4 |
|---|---|---|---|
| Name of Visitor | Date of visits | suggestions made | Action taken |
| Abdul Rahim Khokhar .. | 4th March 1964, 11th March 1964, 28th May 1964, 18th July 1964, 4th August 1964, 26th September 1964, 6th October 1964, 8th January 1965, 20th March 1965, 13th May 1965, 21st December 1965. | *Nil* | *Nil* |
| Zia-ul-Haque .. | 9th March 1964, 17th April 1964, 6th June 1964, 20th March 1965, 19th June 1965. | *Nil* | *Nil* |
| Hakim Niaz Ali .. | 11th March 1964, 6th June 1964, 8th September 1964, 6th September 1964 and 20th March 1965. | *Nil* | *Nil* |
| Abdul Aziz .. | 9th March 1965, 20th March 1965, 13th May 1965, 15th May 1965, 19th June 1965. | *Nil* | *Nil* |
| | **DISTRICT JAIL, SIALKOT** | | |
| hammad Masb .. | 7th March 1964, 3rd April 1964, 13th April 1964, 15th April 1964, 1st May 1964, 12th May 1964, 19th May 1964, 6th June 1964, 18th June 1964, 2nd July 1964, 11th July 1964, 25th July 1964, 30th July 1964, 7th August 1964, 31st August 1964, 23rd September 1964, 30th September 1964, 1st October 1964, 17th October 1964, 31st October 1964, 26th November 1964, 4th December 1964, 17th December 1964, 31st December 1964, 15th January 1965, 1st February 1965, 23rd February 1965, 1st March 1965, 6th April 1965, 1st May 1965, 5th June 1965, 17th June 1965, 26th June 1965, 3rd July 1965, 16th July 1965, 5th August 1965, 18th August 1965, 1st September 1965, 30th October 1965, 18th November 1965, 11th December 1965, 18th December 1965, 31st December 1965, 11th January 1966, 13th January 1966, 17th January 1966, 19th January 1966, 7th February 1966. | *Nil* | *Nil* |
(*b*) whether it is a fact that no such allowances are paid to the said Supervisors; if so, reasons therefor?

**Parliamentary Secretary** (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : (*a*) Budgetory provision of Rs. 1,420 earmarked for each Family Planning Supervisor for one year is for:—

(*i*) T.A.,

(*ii*) D.A.

(*iii*) Contingencies.

(*b*) T. A. and D. A. are paid in accordance with the Rules on the basis of actual journeys performed by each Family Planning Supervisor.

---

HOSPITALS AND DISPENSARIES IN HYDERABAD CITY

***3123. Mr. Muhammad Umar Qureshi** : Will the Minister of Health be pleaeed to state:—

(*a*) the present number of Government Hospitals in Hyderabad City alongwith the number of those out of them provided with modern amenities;

(*b*) the number of hospitals in the above said city run by the Municipal Committee;

(*c*) the number of mobile dispensaries in the said city ;

(*d*) whether it is a fact that the medical facilities available to the resident of the above said city are insufficient;

(*e*) if answer to (*d*) above be in the affirmative, whether Government intend to increase the number of hospitals and dispensaries in the said city; if so when and locations thereof; if not, reasons therefor ?

**Parliamentary Secretary** (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : (*a*) The present number of Government Hospitals in Hyderabad City is 4. They are as under :—

(*i*) Liaquat Medical College Hospital.

(*ii*) Sir C. J. Mental Hospital.

(*iii*) Government Women Hospital.

(*iv*) Indus Rangers Hospital.

All these hospitals are provided with modern amenities.

(*b*) No Hospital is run by the Municipal Committee. The Committee however, maintains eight dispensaries.

(*c*) Nil.

(*d*) No.

(*e*) The medical facilities are sufficient in Hyderabad city. In addition to four Government Hospitals, there are four other private hospitals which are catering for the needs of the population of Hyderabad city, and are as below :—

(*i*) Lady Graham Hospital, Hyderabad.

(*ii*) St. Elizebith Hospital, Hyderabad.

(*iii*) Memon Charitable Hospital, Hyderabad.

(*iv*) Muhammadi Hospital, Hyderabad.

**Kazi Muhammad Azam Abbasi** : Is this a revised answer Sir, because in the answer which has been printed, it is written that Hyderabad has got six hospitals, and now the Parliamentary Secretary has told us about fours hospitals?

**Parliamentary Secretary** : There are three dispensaries, which are also run by the Government, and they are the Barrage dispensary, Latifabad dispensary and the Police headquarters dispensary. Dispensaries are excluded from the list of hospitals.

**قاضی محمد اعظم عباسی** - یہ جو جواب دیا گیا ہے یہ قطعاً غلط ہے میں اس علاقے سے تعلق رکھتا ہوں اور میں سمجھتا ہوں کہ اگر یہ جواب صحیح دیں تو ہماری مشکلات ختم ہو سکتی ہیں ابھی پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب نے فرمایا ہے کہ وہاں پر ایک ہسپتال ہے جسے لیاقت میڈیکل کالج کہتے ہیں اور میں نے بھی اپنی بجٹ تقریر میں ہسپتال کے متعلق کہا تھا ۔ اس کا جواب یہ دیا گیا ہے کہ یہ shift ہو چکا ہے اور دوسری بات انہوں نے یہ فرمائی ہے کہ وہاں پر ایک مینٹل ہسپتال بھی ہے تو آپ خود خیال فرمائیں ۔ کہ یہ ہسپتال تو اچھے بھلے لوگوں کے جانے کا نہیں ہے اور تیسری بات انہوں نے فرمائی ہے کہ وہاں پر انڈس رینجرز کا بھی ایک ہسپتال ہے تو وہاں پر بھی تو تمام لوگ نہیں جا سکتے ہیں اور چوتھی بات یہ فرمائی ہے کہ وہاں پر . . . . . .

**مسٹر سپیکر** - آپ کے سوال سے تو یہ واضح تھا کہ آپ یہ دریافت فرمانا چاہتے ہیں کہ وہاں پر گورنمنٹ ہسپتال کتنے ہیں اگر وہ اس کا جواب نہ دیتے تو پھر بھی آپ کہتے کہ یہ بھی چونکہ گورنمنٹ کا ہسپتال ہے اس لئے جواب نا مکمل دیا گیا ہے

**Kazi Muhammad Azam Abbasi** : Sir, in the answer which has been given to the question there are six hospitals in Hyderabad, and in the revised answer, they have become four. Actually there is not a single hospital in Hyderabad.

**Minister of Health** (Mr. Muhammad Ali Khan): Sir, there are four hospitals. The Liaquat Medical College, which was known as the old Civil Hospital, and even now in Hyderabad it is referred to as the Civil Hospital, that is still functioning. There is the Mental Hospital, which is also a hospital. Then there is the Government Women hospital and the Indus Rangers Hospital.

**مسٹر ھمزہ** - آپ نے انڈس رینجرز کے جس ہسپتال کا ذکر فرمایا ہے کیا اس سے عام لوگ بھی مستفید ہو سکتے ہیں۔

**وزیر صحت** - اگر یہ انڈس ہسپتال نہ ہوتا اور موجودہ ہسپتال پر اور بھی pressure پڑتا ان کے عملے کے لئے علیحدہ ہسپتال ہے ۔

**مسٹر سپیکر** - انہوں نے یہ پوچھا ہے کہ کیا عام شہری بھی وہاں پر جا سکتے ہیں

**وزیر صحت** - مجھے اس کے لئے نوٹس درکار ہوگا -

**خان اعون خان جدون** - لیاقت میڈیکل ہسپتال جو کہ جام شورو چلا گیا ہے آپ اسے حیدر آباد میں کیسے بتاتے ہیں-

**وزیر صحت** - وہ نہیں گیا ہے وہیں پر موجود ہے اور ایک بڑا ہسپتال جو ہے وہ لیاقت میڈیکل کالج کے ساتھ بنایا گیا ہے جو کہ جام شورو میں بنایا گیا ہے اور جو پرانا سول ہسپتال ہے وہ ابھی تک حیدرآباد ہی میں کام کر رہا ہے -

**خان محمد یوسف خان** - آپ مینٹل ہسپتال کو عوام کے لئے ہی تصور کرتے ہیں تو کیا وہاں پر لوگوں کا دماغی توازن زیادہ خراب ہے -

**وزیر صحت** - جناب والا - یہ ہسپتال تو لاہور میں بھی موجود ہے اور اگر وہ چاہیں تو راولپنڈی میں بھی ایک ایسا ہی ہسپتال بنا دیں گے

**قاضی محمد اعظم عباسی** - جب وزیر صاحب حالیہ دورے پر حیدرآباد تشریف لے گئے تھے تو انہوں نے خود بھی دیکھا تھا کہ لیاقت میڈیکل کالج سے یہ ہسپتال دس میل دور ہے اور اس میں ہمارے لئے کوئی سہولت موجود نہیں ہے اور یہاں پر جواب دیا گیا ہے کہ حیدر آباد کے لئے کافی طبی سہولتیں موجود ہیں لیکن ابھی وزیر صحت نے فرمایا ہے کہ ایڈمنسٹریٹر نے تیس لاکھ روپیہ مانگا ہے کہ وہاں پر سہولتیں زیادہ کی جائیں تو یہ صحیح ہے یا وزیر صحت کا یہ جواب صحیح ہے -

**وزیر صحت** - جہاں تک میرا خیال ہے سہولتیں تو وہاں پر کافی تھیں لیکن اب جب انہوں نے سہولتوں میں اضافہ کرنے کیلئے روپیہ مانگا ہے جسکا مطلب یہ ہو سکتا ہے کہ وہاں پر سہولتیں کافی نہ ہوں تو اس پر ہم غور کر لیں گے -

**مسٹر حمزہ** - جناب وزیر صحت نے فرمایا ہے - کہ لیاقت میڈیکل کالج حیدرآباد میں ہے - اور ہسپتال جام شورو میں ہے - - - -

وزیر صحت - میں نے کبھی یہ نہیں کہا - میں نے تو یہ عرض کیا ہے - کہ لیاقت میڈیکل کالج کے ساتھ ایک ہسپتال بھی ہے - as a compact unit اور جو پرانا سول ہسپتال ہے بلکہ اس سول ہسپتال کو بھی that is also a part of that institution اس سول ہسپتال کا ایک حصہ تصور کیا جاتا ہے -

**Mir Wali Muhammad Khan Talpur** : Is it not a fact that the old hospital, which is situated in Hyderabad, is only used as a Casualty Ward ?

**Minister of Health** : And out-patient as well.

**Dr. Mrs. Ashraf Abbasi** : If the Civil Hospital is used as an out-door hospital, then how can we call it a hospital. Then what is the difference between a hospital and a dispensary. So that should be a dispensary.

**Minister of Health** : Call it by any name you like, but it caters to the requirements of the people.

**Dr. Mrs. Ashraf Abbasi** : Here you have differentiated that a hospital means where there are in-door arrangements. But how can you call a dispensary a hospital, where there is only out-door arrangement, and there are no in-door arrangements.

**Minister of Health** : There are Wards in that very hospital, and I have seen patients there.

قاضی محمد اعظم عباسی - کیا جناب وزیر صاحب اس بات پر غور فرمانے کے لئے تیار ہیں - کہ جو پرانا سول ہسپتال ہے - اس جگہ ایک گورنمنٹ ہسپتال دیا جائے -

وزیر صحت - یقیناً - اگر ضرورت پڑی تو ہمدردانہ غور کریں گے -

---

CLOSING DOWN OF LABORATORIES, DISSECTION HALL AND DEPARTMENT OF ANATOMY IN LIAQAT MEDICAL COLLEGE, HYDERABAD

***3156. Kazi Muhammad Azam Abbasi** : Will the Minister of Health be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that Laboratories, Dissection Hall and Department of Anatomy have been closed down in Liaqat Medical College, Hyderabad if so, the authority which issued orders to this effect;

(*b*) whether it is a fact that the said department was not to be closed down before the expiry of current academic session;

(*c*) whether it is a fact that due to the closing down of the said Department the students of first year M.B.,B.S. are facing difficulties to cover up their course;

(*d*) if answer to (*b*) and (*c*) above be in the affirmative, the reasons for closing down the said department and whether Government intend to take action in this respect?

**Parliamentary Secretary** (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : (*a*) The College academic session finished on 31st May, 1966, as per College Calender and the vacations started on 1st June 1966. Therefore the work of Laboratories and Dissection Hall came to a close, though the departments are still open as always.

(*b*) College academic Session finished on 31st May, 1966 as mentioned above.

(*c*) The courses were also finished before the term closed.

(*d*) Question does not arise.

**قاضی محمد اعظم عباسی** - جناب والا - بڑے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ وزیر صاحب کے محکمے نے یہ جواب بھی غلط دیا ہے کیونکہ جب ۲۳ مئی کو اسمبلی کا اجلاس بلایا گیا اور میں اس کے لئے دو چار روز پہلے وہاں سے آ رہا تھا تو یہ لیبارٹری جسکے متعلق میں نے سوال کیا ہے بند ہو چکی تھی حالانکہ ان کا کورس بھی ختم نہیں ہوا اور وہ ڈیپارٹمنٹ بھی بند ہو چکا ہے ۔

**وزیر صحت** (مسٹر محمد علی خان)۔ ہمیں جو اطلاع موصول ہوئی ہے وہ یہی ہے جو کہ جواب میں عرض کر دی گئی ہے اس کے لئے ایڈمنسٹر کی طرف سے تو یہ جواب دیا گیا ہے ۔

"Laboratories are still open. They are not closed, and departments are also open".

اب بھی اگر وہ اصرار کر رہے ہیں تو میں یقیناً اس پر غور کروں گا ۔

We will institute an inquiry and inform the member of the results.

**ڈاکٹر بیگم اشرف عباسی** - شاید اس سوال کے دئیے جانے کے بعد انہوں نے پھر کھول دی ہو ورنہ ویسے تو بند تھی ۔

**وزیر صحت** - موجودہ صورت میں تو کھلی ہے ۔

**Mr. Speaker** : Anyhow, the Minister should look into it.

**Minister of Health** : Definitely, Sir,

---

STAFF NURSES OF THE ZANANA HOSPITALS, KOHAT

***3185. Khanzada Taj Muhammad Khan Bangash** : Will the Minister of Health be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that 5 posts of staff nurses have been sanctioned for the Zanana Hospital, Kohat ;

(*b*) whether it is a fact that there are only 2 staff nurses working in the said hospital at present ;

(*c*) whether it is a fact that Zanana Hospital, Kohat has equipment for operation and the Lady Doctor has Incharge to take the delivery cases to Liaqat Memorial, Kohat, where she generally does not get a turn for her patient and at times this causes death of the lady patients ;

(d) whether it is also a fact that a male clerk has invariably been posted in the Zanana District Hospitals, but there is no clerk at Zanana Hospital, Kohat ;

(e) if anwers to (a) to (d) above be in the affirmative, reasons therefor and the action Government intend to take in the matter ?

**Parliamentary Secretary** (Sardar Muhammad Ashraf Khan): (a) There are 4 sanctioned posts of staff nurses for Zanana Hospital, Kohat and not 5.

(b) No. There are four, including two Lady Health Visitors working as temporary Staff Nurses.

(c) No. It is not equipped for major operations. No death due to delay in medical attention have been reported as facilities for treating abnormal cases are readily available in the nearby Liaquat Memorial Hospital.

(d) Yes.

(e) The posts of a Junior Clerk for the Zanana Hospital, Kohat, has been sanctioned and funds provided for the same in the next years budget.

**خان اجون خان جدون** :- جونیئر کلرک کی یہ جو آسامی زنانہ ہسپتال کوہاٹ کے لئے منظور کی گئی ہے اس پر کوئی خاتون جونیئر کلرک تعینات کی جائے گی یا کوئی مرد جونیئر کلرک وہاں پر تعینات کیا جائے گا ۔

**وزیر صحت** (مسٹر محمد علی خان) ۔ آپ کو معلوم ہونا چاہیے کہ کوہاٹ میں کوئی خاتون جونیئر کارک نہیں ملتی

**شاہزادہ تاج محمد خان بنگش** ۔ جناب وزیر صاحب نے فرمایا ہے کہ کوہاٹ میں ہسپتال بھی ہے ۔ اور آپریشن تھیٹر بھی ہے اور دو لیڈی ڈاکٹر بھی ہیں انہوں نے یہ تجویز نہیں کیا کہ اس آپریشن تھیٹر کو ضروری سامان سے بھی equip کیا جائے گا یا نہیں کیونکہ حیدرآباد اور جام شورو کے ہسپتالوں کی طرح یہاں بھی لیاقت میموریل ہسپتال اور زنانہ ہسپتال میں کافی فاصلہ ہے اور delivery cases میں عام طور پر موت واقع ہو جاتی ہے ۔ وہاں پر دو لیڈی ڈاکٹروں اور آپریشن تھیٹر کا اس وقت تک کوئی فائدہ نہیں ہے ۔ جب تک وہاں پر equipment نہ ہو ۔

**وزیر صحت** ۔ میں نے عرض کر دیا ہے کہ وہاں already facilities موجود ہیں abnormal case کوئی سو میں سے صرف ایک ہوتا ہے اور اس کے لئے لیاقت میموریل ہسپتال next door پر ہے ۔

**شاہزادہ تاج محمد خان بنگش** ۔ جب کوئی بیمار عورت وہاں جاتی ہے تو اس کی turn نہیں آتی کیونکہ وہاں پہلے ہی کوئی آپریشن

ہو رہا ہوتا ہے اور بیماری کی حالت میں اس کا انتظار کرنا بڑا مشکل ہوتا ہے ۔ کیا یہ بہتر نہیں کہ اس لئے کوئی انتظام کیا جائے ۔

**وزیر صحت** ۔ مجھے تو کوئی ایسی شکائت موصول نہیں ہوئی اگر کوئی ہو گی تو انشاء اللہ we will look into it.

---

CHRISTIAN HOSPITALS IN WEST PAKISTAN

*3197. **Dr. Sultan Ahmad Cheema:** Will the Minister of Health be pleased to state :—

(*a*) the names of Christian Mission Hospitals in West Pakistan district-wise ;

(*b*) the total amount of grants being given to each Mission Hospital ;

(*c*) whether it is a fact that preaching of Christianity is regular feature of the said Mission Hospitals ;

(*d*) whether it is a fact that Muslim patients are being charged for medical treatment whereas free treatment is afforded to the Christian ;

(*e*) if answer to (*c*) and (*d*) above be in the affirmative reasons, therefor ?

**Parliamentary Secretary** (Sardar Muhammad Ashraf Khan): (*a*) and (*b*) The information is as below :—

| Name of district | Name of Christian Hospitals | Total amount of grant being given to each Mission Hospital |
|---|---|---|
| Peshawar .. | Christian Mission Hospital, Peshawar | .. |
| Bannu .. | Christian Mission Hospital, Bannu .. | .. |
| D.I. Khan .. | Christian Mission Hospital, Tank .. | .. |
| Hazara .. | Christian Mission Hospital, Bach Qalandarabad. | .. |
| Kohat .. | Weekly Mission Dispensary, Karak .. | .. |
| Lahore .. | (*i*) Mission Hospital, Clarkabad .. | .. |
| | (*ii*) United Christian Hospital, Lahore | (Rs. 39,366 (for the training of Nurses) |
| | (*iii*) A.C. Weir Mission Dispensary .. Landa Bazar, Lahore. | Rs. 435 |
| | (*iv*) Rang Mahal Mission Dispensary, Lahore. | .. |
| Sialkot .. | Memorial Christian Hospital, Sialkot .. | Rs. 840 yearly. |

| Name of District | Name of Christian Hospitals | Total amount of grant being given to each Mission Hospital |
|---|---|---|
| Gujrat .. | (*i*) Mission Hospital, Jalalpur Jattan | .. |
| | (*ii*) Rosy Hospital Police Line, Gujrat | |
| Gujranwala .. | (*i*) Charles Eye Hospital, Gujranwala | .. |
| | (*ii*) St. Marry's Hospital .. | .. |
| Sheikhupura .. | (*i*) Mission Hospital, Churkana .. | .. |
| | (*ii*) Mission Hospital, Mariabad .. | .. |
| Rawalpindi .. | (*i*) Holy Family Hospital, Rawalpindi | .. |
| | (*ii*) Leprosy Hospital, Rawalpindi .. | Rs. 3,558 |
| | (*iii*) Mission Hospital, Taxila .. | .. |
| Lyallpur .. | (*i*) St. Rephals Hospital, Lyallpur (Jewala Dass Women Hospital) | Rs. 5,000 annually. |
| | (*ii*) Mission Dispensary, Khushpur Chak No. 51, tehsil Toba Tek Singh, District Layallpur. | .. |
| | (*iii*) C.M.S. Dispensary, Batmunabad Tehsil Toba Tek Singh, District Lyallpur. | .. |
| | (*iv*) Mission Dispensary Chak No. 424/GB, tahsil Toba Tek Singh. | .. |
| Sargodha .. | (*i*) Marry B. Reid Memorial Hospital Sargodha. | .. |
| | (*ii*) St. Francis Xaviers Hospital, Sargodha. | .. |
| Montgomery .. | N.F. Mission Hospital, Montgomery .. | .. |
| Multan .. | Mission Hospital, Multan .. | .. |
| Bahawalpur .. | Catholic Mission Hospital, Bahawalpur .. | .. |
| Sukkur .. | (*i*) Zanana Mission Hospital, Sukkur. .. | .. |
| | (*ii*) Sir Henry Holand Mission Eye Hospital, Shikarpur | .. |

| Name of District | Name of Christian Hospitals | Total amount of grant being given to each Mission Hospital |
|---|---|---|
| Nawab Shah.. | Roman Catholic Mission Hospital, Nawab-shah. | .. |
| Karachi .. | (i) Seventh Day Adventist Hospital, Karachi. | .. |
| | (ii) Holy Family Hospital, Karachi | .. |
| Hyderabad .. | (i) Elizabeth Mission Hospital, Hyderabad. | .. |
| | (ii) Lady Graham Hospital, Hyderabad | .. |
| Tharparkar .. | (i) St. Teresa Hospital, Mirpurkhas | .. |
| | (ii) Hinderson Blind Eye Hospital, Mirpurkhas. | .. |
| | (ii) Fatima Hospital, Kunri .. | .. |
| Sanghar .. | S.t. Rita Hospital, Sanghar | .. |
| Quetta .. | (i) Mission Hospital, Quetta .. | Rs. 10,000 annually. |

(c) In any of these hospitals Christianity is preached to their own sect. Some of them have got Churches where mass is held. People of other faiths can also attend if they so desire.

(d) In some of the Institutions like United Christian Hospital, Lahore, they are charging heavily from the Muslims but nominal charges are paid by the Christian patients whereas in most of the Mission Hospital, patients approach for treatment to the said hospitals, and dispensaries are charged according to their income irrespective of their caste and community.

(e) Since these hospitals are private institutions, these are charging according to their own rules and regulations.

United Christian Hospital, Lahore ڈاکٹر سلطان احمد چوہدہ
Memorial Hospital Sialkot دونوں ہسپتالوں کو آپ گرانٹ دیتے ہیں
اور مجھے دونوں کے متعلق شکائیت ہے میموریل ہسپتال سیالکوٹ کا یہ
رویہ ہے کہ اگر چہ کئی ڈاکٹر cancer of liver کے case کو قابل
علاج نہیں سمجھتے کیونکہ اس کا علاج نہیں ہو سکتا اور ایسی
مریض آخر دیوانہ ہوتا ہے وہ سمجھتا ہے کہ انگریز ڈاکٹر ہے شاید وہاں

کچھ فائدہ ہو جائے اس لئے وہاں وہ admission کے لئے جاتا ہے لیکن وہ ہسپتال والے یہ کہہ دیتے ہیں کہ تمہارا آپریشن ہو گا حالانکہ cancer of liver کا آپریشن نہیں ہوتا میرے سامنے ایسے کتنے cases ہیں وہ اس مریض کا سیکشن لے لیتے ہیں اور یہ کہہ کر اسے واپس کر دیتے ہیں کہ اس سیکشن کو امریکہ بھیجا جائے گا علاج تو ہوتا نہیں گھر جا کر وہ اللہ کو پیارا ہو جاتا ہے اس طرح سے وہاں روپیہ بٹورا جاتا ہے یونائیٹڈ کرسچین ہسپتال میں بھی اسی طرح کی بے قاعدگیاں ہوتی ہیں ۔

**مسٹر سپیکر** ۔ آپ تقریر نہ کریں ضمنی سوال دریافت کریں ۔

**ڈاکٹر سلطان احمد چیمہ** ۔ میں نے تو اب مثال دی تھی ۔

**مسٹر سپیکر** ۔ آپ مثال بھی نہ دیں ۔

**ڈاکٹر سلطان احمد چیمہ** ۔ وہاں پر ایک ایسا کیس ہوا ایک ایگزیکٹو انجینئر کے لڑکے ملک حبیب اللہ کے کولہے کی ہڈی اتر گئی تھی اور fracture ہو گیا تھا ۔

**مسٹر سپیکر** ۔ کیا آپ کا یہ ضمنی سوال ہے کہ آپ کو گرانٹ پر اعتراض ہے اور آپ یہ پوچھنا چاہتے ہیں کہ ان کو گرانٹ دینا بند کر دی جائے ۔

**ڈاکٹر سلطان احمد چیمہ** ۔ جی ہاں ۔

**وزیر صحت** (مسٹر محمد علی خان)۔ جناب والا ۔ ہم میموریل کرسچین ہسپتال سیالکوٹ کو ۸۳۰ روپیہ سالانہ گرانٹ دیتے ہیں اور یونائیٹڈ کرسچین ہسپتال کو ۳۹,۳۵۶ روپیہ نرسوں کی ٹریننگ کے لئے دئے جاتے ہیں ۔

**خان محمد یوسف خان** ۔ یہ معلوم ہونے کے بعد کہ وہ من مانی کرتے ہیں اور exorbitant rates چارج کرتے ہیں تو کیا اس کے لئے آپ کوئی legislation نہیں کر سکتے کہ وہ زیادہ نہ لیں ۔

**وزیر صحت** ۔ پرائیویٹ اداروں کو ہم کس طرح پابند کر سکتے ہیں کہ کسی آپریشن کے لئے وہ ۱۰۰ کی بجائے ۱۵۰ روپیہ کیوں چارج کرتے ہیں ہم انہیں bind نہیں کر سکتے ۔

**ڈاکٹر سلطان احمد چیمہ** ۔ آپ نے جواب میں فرمایا ہے کہ وہاں عیسائیت کی تبلیغ ہوتی ہے اور عیسائیوں کے علاوہ جو دوسرے لوگ وہاں جاتے ہیں وہ بھی اس میں شامل ہوتے ہیں مریض تو

ڈاکٹر کے رحم و کرم پر ہوتا ہے اگر نہ جائے تو ڈاکٹر کی sympathy lose کر جائیں اس لئے میں چاہتا ہوں کہ مسلمانوں کو وہاں جانے کی اجازت نہیں دینی چاہیے -

**مسٹر سپیکر** - کیا وہ علاج کے لئے نہ جائیں -

**ڈاکٹر سلطان احمد چیمہ** - جی نہیں - وہ تبلیغ میں حصہ نہ لیں -

**وزیر صحت** - وہ اپنے sect کو تبلیغ کرتے ہیں لیکن تماشا کی خاطر اگر دوسرے مریض بھی چلے جائیں یا inquisitive nature کی وجہ سے چلے جائیں تو کون منع کر سکتا ہے -

**خان محمد یوسف خان** - وزیر صاحب نے میری بات کا جواب نہیں دیا کہ کیا وہ کوئی suitable legislation کرنے پر غور کریں گے -

**وزیر صحت** - پرائیویٹ اداروں کیلئے کوئی پابندی نہیں نیز ہم ان کی فیس کو بند نہیں کر سکتے ملک میں اور بھی کئی ایسے cases ہیں ہم ان کو مجبور نہیں کر سکتے -

**خان ملنگ خان** - کیا یہ حقیقت ہے کہ کرسچین ہسپتالوں میں جتنے مریض جاتے ہیں وہاں عیسائیت کا تبلیغی لٹریچر ان کو دیا جاتا ہے -

**وزیر صحت** - مجھے اس کا علم نہیں ویسے جن کا ایمان مضبوط ہو گا ان کو کوئی فرق نہیں پڑتا -

**خان اجون خان جدون** - وزیر صاحب نے فرمایا ہے کہ بعض عیسائی ہسپتالوں کو aid دی جاتی ہے اور یہ بھی بتایا ہے کہ وہ مسلمانوں سے exorbitant فیس لیتے ہیں اور کرسچین سے کم فیس لیتے ہیں کیا یہ ممکن نہیں کہ ایسے aided ہسپتالوں کے لئے اس قسم کی [illegible] کو ختم کیا جائے -

**وزیر صحت** - جیسا کہ میں نے پہلے عرض کیا ہے یونائیٹڈ ہسپتال کو ۳۹,۳۰۶ روپیہ جو دیا جاتا ہے وہ نرسوں کے ٹریننگ کے لئے دیا جاتا ہے -

**چودھری محمد نواز** - وزیر موصوف نے فرمایا ہے کہ وہ تبلیغ کا کام نہیں کرتے - میں اس کا بین ثبوت مہیا کر سکتا ہوں -

**وزیر صحت** - میں نے یہ کبھی نہیں کہا کہ وہ تبلیغ نہیں کرتے میں نے تو یہ کہا ہے کہ وہ اپنے عیسائیوں یا چوہڑوں کے لئے تبلیغ کرتے ہیں دوسرے مریض بھی تماشا یا inquisitive t ure کی خاطر چلے جاتے ہیں اور وہ منع نہیں کرتے -

**ڈاکٹر سلطان احمد چیمہ** - کیا وزیر صحت کو معلوم ہے کہ جو کرسچین ہسپتال ہیں ان سے کوئی انکم ٹیکس وصول نہیں کیا جاتا اگر کوئی مسلمان اپنا پرائیویٹ ہسپتال بنا لے تو اسے انکم ٹیکس دینا پڑتا ہے -

**مسٹر سپیکر** - یہ سوال اسمبلی میں آنا چاہیے -

**خان ملنگ خان** - کیا یہ حقیقت ہے کہ ٹیکسلا کے مشن ہسپتال کے کھلے میدان میں لاؤڈ سپیکر لگے ہوئے ہیں اور مریض جب درختوں کے نیچے سایہ میں بیٹھتے ہیں تو انہیں عیسائیت کا لٹریچر دیا جاتا ہے -

**Minister of Health** : I have no knowledge of that.

**Dr. Mrs. Ashraf Abbassi** : Will the Minister-in-Charge be pleased to state whether they can attach certain terms and conditions at the time of giving grant-in-aid?

**Minister of Health** : Why not ? We can.

**چودھری محمد ادریس** - جناب والا - خان صاحب نے / ل کیا تھا کہ لوگوں کی activities کو regulate کرنے کے لئے کوئی legi کی جانی چاہیے اس کے جواب میں وزیر صاحب فرماتے ہیں کہ یہ پرائیویٹ ادارے ہیں الانکہ اس ملک میں ہر رہنے والا خواہ وہ پاکستانی ہو یا غیر پاکستانی ہو اور خواہ کوئی پرائیویٹ ادارہ ہو وہ قانون کے ماتحت ہے اس پر قانون لاگو ہوتا ہے ایسے لوگوں کو آپ regulate کر سکتے ہیں یہ کہہ دینا کہ وہ پرائیویٹ ادارے ہیں صحیح نہیں ہے -

**Mr. Speaker** : That is not a supplementary question.

---

FILLING UP OF TWO POSTS OF DISTRICT PUBLICITY-*cum*-EXECUTIVE OFFICER BY PROVINCIAL FAMILY PLANNING BOARD

***3217. Sardar Haji Atta Muhammad Lund** : Will the Minister of Health be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that some time ago, two posts of District Publicity *cum*-Executive Officers are advertised by the Provincial Family Planning Board;

(*b*) whether it is a fact that 6,000 candidates from all over the province applied for the said posts ;

(*c*) whether it is a fact that only 60 candidates out of those mentioned in (*b*) above, were called for interview on 28th May, 1966 ;

(*d*) whether it is a fact that the candidates, out of those mentioned in (*c*) above who had passed their M.A. Examination before 1961 were directed to stay and were interviewed and the rest were asked to go ;

(*e*) if answer to (*d*) above be in the affirmative reasons for not interviewing the remaining candidates when they were called for interview ?

**Parliamentary Secretary** (Sardar Muhammad Ashraf Khan): (*a*) Yes.

(*b*) No. only 195 candidates applied for the said posts.

(*c*) Yes.

(*d*) *and* (*e*)—The Vice-Chairman who headed the interview Committee met all the candidates and explained that as there were only two posts, the selection will be confined to those who have experience of five years or more. Candidates possessing the requisite qulifications and experiences were then interviewed individually and the two best out of them selected.

**Dr. Mrs. Ashraf Abbasi** : Isn't it a waste of time and waste of money of the people who were called for interview because 60 candidates were called for interview and only few of them were interviewed ? They should have decided all this before calling those candidates for interview that they were going to select only those persons who had their M.A. Degree before 1961. Why to put all these people to such inconvenience ?

**Minister for Health** (Mr. Muhammad Ali Khan) : At that time for 2 posts, in order to save time, the candidates were informed that those who had passed M.A. Sociology examination prior to 1961 and had 5 years experience would be considered, and they were considered and 2 out of them were selected.

**Dr. Mrs. Ashraf Abbasi** : Then in that case Sir, only those candidates should have been called in the first instance who had passed their M.A. before 1961.

**Minister for Health** : Probably they were called so that they may not feel that they had applied and had passed their M.A. but they were not called.

**Dr. Mrs. Ashraf Abbasi**: Sir, 195 candidates had applied and you have called only 60, and by this naturally you have wasted their time. You should have called only those eligible for these posts. Why to call all of them ?

**Minister for Health**: Sir, Out of 195, there were many who had passed their M.A. in subjects like Political Science and Economics, etc., and we wanted M.A. in Sociology.

---

AMENDMENTS IN ALLOPATHIC SYSTEM (PREVENTION OF MISUSE) ORDINANCE, 1962

***3226. Rai Mansab Ali Khan Kharal** : Will the Minister of Health be pleased to state whether the Health Department has under consideration proposal to make amendments in the rules framed under section 6 of the Allopathic System (Prevention of Misuse) Ordinance, 1962 ; if so, the details thereof and the time by the which the same will be notified ?

**Parliamentary Secretary** (Sardar Muhammad Ashraf Khan): Yes. The Health Department has proposed that the rules framed under Allopathic System (Prevention of Misuse) Ordinance, 1962, should be amended and these amended rules have been forwarded to Law Department for their vetting and as soon as these are received they will be notified.

**رائے منصب علی خان کھرل**– کیا صحت مند وزیر صحت یہ فرمائیں گے کہ کس وقت ان رولز کو amend کرنے کا فیصلہ کیا گیا ؟

**وزیر صحت** (مسٹر محمد علی خان) – جناب اگر میری صحت خراب ہو جائے تو یہ ان کی نظر لگے گی ۔

**رائے منصب علی خان کھرل**– جناب میں نے جو سپلیمنٹری پوچھا تھا اس کا جواب نہیں دیا گیا ۔

**Minister of Health** : It has gone to the Law Department. جب وہاں سے آ جائے گا تو ۔ ۔ ۔ ۔

**رائے منصب علی خان کھرل** – میں نے یہ عرض کیا ہے کہ آپ نے لاء ڈیپارٹمنٹ کو کس تاریخ کو بھیجا ہے ۔

**وزیر صحت** – تاریخ یہاں میرے پاس نہیں ہے ۔

**رائے منصب علی خان کھرل** – کب تک ان کا جواب آنے کی توقع ہے ۔

**وزیر صحت** – یہ لاء ڈیپارٹمنٹ کی کاروائی پر منحصر ہے اگر وہ رولز آ جائیں تو ۱۰ یا ۱۵ دن میں آ سکتے ہیں ۔

**رائے منصب علی خان کھرل** – کتنا عرصہ آپ کو بھیجے ہوئے ہوا ۔

**وزیر صحت** – میں نے عرض کیا ہے کہ یہاں میرے پاس تاریخ نہیں ہے ۔

**رائے منصب علی خان کھرل**– یہ اندازاً آپ بتادیں ۔

**وزیر صحت** – وہ تو پورا علم غیب ہو گا ۔

**خان اجون خان جدون** – کیا آپ ان کو reminder دیں گے ۔

**وزیر صحت** - جی ہاں ۔

---

**Modern Equipments in Hospitals of Hyderabad and Khairpur Division**

***3279. Rais Khan Muhammad Khan Nizamani** : Will the Minister of Health be pleased to state:—

(a) the number of Hospitals in each District of Hyderabad and Khairpur Divisions where modern equipments have been provided ;

(b) the number of Hospitals in the said Divisions where such facilities are likely to be provided during 1966-67 ?

**Parliamentary Secretary** (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : (a) Modern equipment has been provided for the following hospitals of Hyderabad and Khairpur Divisions : —

| | | |
|---|---|---|
| Hyderabad Division .. | Hyderabad district | 1. Liaquat Medical College Hospital, Jamshoro. |
| | | 2. Sir C. J. Mental Hospital, Hyderabad. |
| | Thatha District .. | 1. Civil Hospital Thatha. |
| | | 2. Shah Bunder Sub-Divisional Hospital, Sujawal |
| | Dadu District .. | 1. Civil Hospital, Dadu. |
| | | 2. Government T. B. Sanatorium, Kotri. |
| | Tharparkar District .. | Civil Hospital, Tharparkar. |
| Khairpur Division .. | Sukkur District .. | Civil Hospital, Sukkur. |
| | Larkana District .. | District Headquarters Hospital, Larkana. |
| | Jacobabad District .. | District Headquarters Hospital, Jacobabad. |
| | Total .. | 10. |

(b) The following hospitals in Hyderabad and Khairpur Divisions will receive the facilities of modern equipment during the year 1966-67 :—

(1) District Headquarters Hospital, Sanghar.
(2) Tehsil Headquarters Hospital, District Tharparkar.
(3) District Headquarters Hospital, Nawabshah.
(4) District Headquarters Hospital, Khairpur.
(5) Tehsil Headquarters Hospital, Ghotki.
(6) Tehsil Headquarters Hospital, Tando Muhammad Khan.

**قاضی محمد اعظم عباسی** - جناب وزیر صاحب نے پہلے سوال میں بتایا تھا کہ جام شورو حیدرآباد ڈسٹرکٹ میں ہے -

**وزیر صحت** (مسٹر محمد علیخان)- میں نے عرض کیا تھا کہ دادو ڈسٹرکٹ میں ہے -

**قاضی محمد اعظم عباسی** - خواہ وہ دادو ڈسٹرکٹ میں ہو یا حیدرآباد ڈسٹرکٹ میں ہو مہربانی کر کے اسکو درست کردیں - اگر وہ ہسپتال ہمیں دے دیں تو انکی مہربانی اور اگر نہ دیں تو کم سے کم جو حقیقت ہے اسکو تو چھپانے کی کوشش نہ کریں -

**Dr. Mrs. Ashraf Abbasi**: Will the Minister Incharge be pleased to state what does he mean with 'modern equipment' ?

**Minister for Health** : Sir, she is a Lady Doctor herself, and she knows much more than I do.

**Dr. Mrs. Ashraf Abbasi**: I am asking this question because I belong to Larkana and I know there is no modern equipment in Larkana. And that's why I want to know as to what is included in modern equipment. Is it only the Ex-Ray Plant ?

**Minister for Health** : It includes not only the X-Ray Plant but also other equipment.

**Dr. Mrs. Ashraf Abbasi** : I want to tell you that there is no modern equipment either the X-Ray Plant, or the blood transfusion arrangements etc.

**Minister for Health** : Sir, I would request the Lady Member to point out to us what is required there and what is not. She should submit a list and we would look into this.

**Kazi Muhammad Azam Abbasi** : Each District of Hyderabad Division and Khairpur Division has got a Civil Hospital. Not only that but all the cities of West Pakistan have got Civil Hospitals. Will the Minister tell us whether he is prepared to give us a Civil Hospital in Hyderabad City ?

**Minister for Health:** Sir, we are going to up-grade about 7 District and Headquarter Hospitals in the Third Five Year Plan. Ten will be upgraded in Khairpur and Hyderabad Divisions. If the Member wants that one of these may be build in Hyderabad besides that very big hospital which is the pride of the nation, even that could be considered.

---

POSTING OF M.B., B.S. DOCTOR AT CIVIL HOSPITAL, MINCHINABAD

***3282. Mian Nazar Muhammed Kaluka** : Will the Minister of Health be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that an L. S. M. F. Doctor is posted at Civil Hospital Minchinabad ;

(*b*) whether it is a fact that the said Hospital is the only one in the entire Tehsil; if so, whether M.B.,B.S., Doctor will be posted in the said Hospital ?

**Parliamentary Secretary** (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : (*a*) Yes.

(*b*) No. There is another Hospital at Mandi Sadiq Ganj, which has now been converted to a Rural Health Centre amended by a M.B., B.S. Doctor. An M.B.,B.S. Doctor will also be posted at Minchinabad as soon as one become available.

---

DISPENSARIES AND HOSPITALS IN PESHAWAR CITY

***3311. Syed Yusaf Ali Shah** : Will the Minister of Health be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that in Peshawar City, the dispensaries and hospitals particularly the maternity hospitals are not functioning satisfactorily ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, steps being taken by Government to improve the conditions of the said dispensaries and hospitals ?

**Parliamentary Secretary** (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : (*a*) No.

(*b*) Question does not arise.

**سید یوسف علی شاہ** - جناب والا۔مجھے بڑا افسوس ہے کہ یہ جوابات ایک ایسے منسٹر کی طرف سے آ رہے ہیں جو ان ہسپتالوں کی طرف سے معلومات رکھتے ہیں - اس کے متعلق خان محمد علی خان صاحب وزیر صحت نے فرمایا ہے کہ پشاور سٹی میں Maternity ہسپتال ہیں and they are functioning properly کیا میں ان سے یہ عرض کر سکتا ہوں کہ وہ وہاں کئی مرتبہ جا چکے ہیں اور وہاں کی حالت اتنی خراب ہے کہ maternity کا انتظام ہونا تو درکنار وہاں روئی بھی نہیں ہے -

**وزیر صحت** - اگر فاضل ممبر ہمارے ساتھ co-operate کریں اور specific nature کا کوئی سوال پوچھیں کیونکہ ان کا سوال It is of very vague nature تو اس کا جواب یہی ہو سکتا ہے کہ جو ڈیپارٹمنٹ نے دیا ہے -

**مسٹر سپیکر** — خان صاحب وہ یہ معلوم کرنا چاہتے ہیں کہ کیا آپ اس ڈیپارٹمنٹ کے جواب سے ذاتی طور پر مطمئن ہیں -

**وزیر صحت** - جی نہیں لیکن ان کا سوال ایسا نہ تھا -

**سید یوسف علی شاہ** - انہوں نے فرمایا ہے کہ وہ ذاتی طور پر مطمئن نہیں ہیں تو کیا وہ اس کے لئے انکوائری کرائیں گے -

**Minister of Health**: Secretary Health is going to Peshawar very soon and he will look into all these things on the spot.

**Mr. Speaker**: Question Hour is over.

## SHORT NOTICE QUESTION AND ANSWER

**Mr. Speaker**: There is a Short Notice Question by Ch. Muhammad Nawaz. The Member may please read out his question.

### M.B.,B.S. Doctors gone Abroad for employment

***3441. Chaudhri Muhammad Nawaz**: Will the Minister of Health be pleased te state the total number of M.B.,B.S., Doctors who left West Pakistan with or without permission of Government for taking up employment or pursuing their independent practice in foreign countries during 1963, 1964, 1965 and 1966 alongwith reasons for the said Doctors proceeding abroad and not taking up employment or starting independent practice in the Province?

**Parliamentary Secretary** (Sardar Muhammad Ashraf Khan): The total number of M.B.,B.S. doctors who left West Pakistan, with permission of Government, is as under :—

| *Year* | *Number of Doctors* |
|---|---|
| 1963 | 367 |
| 1964 | 266 |
| 1965 | 342 |
| 1966 (Up to 31st March 1966) | 73. |

The number of doctors who left without permission of Government is not known as there is no record to verify these figures. These doctors were allowed to proceed abroad in the interest of good will and friendly relations.

**چودھری محمد نواز** : جیسا کہ پارلیمانی سیکرٹری صاحب نے فرمایا ہے ۔ کہ ان کو good will اور friendly relation کے تحت اجازت دی گئی تھی تو کیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ وہ کون سا good will mission تھا جس کے تحت ان کو وہاں بھیجا گیا اور وہ کون سے problems تھے جو انہوں نے وہاں جا کر حل کئے ۔

**وزیر صحت** (مسٹر محمد علی خان) :جب ایک ملک کے ڈاکٹرز دوسرے ممالک میں جاتے ہیں تو اس سے ان کا اور ان کے ملک کا وقار بڑھتا ہے اور لوگوں کو معلوم ہوتا ہے کہ وہ مہذب ملک کے ڈاکٹرز ہیں اور ان کے ہاں اتنے ڈاکٹرز اور انجینیرز ہوتے ہیں اور وہ یہاں آتے ہیں اور کام کرتے ہیں ۔

**مسٹر حمزہ** — کیا اس صورت میں جب کہ ملک میں ڈاکٹروں کی شدید ضرورت ہے کیا یہ بہتر نہیں ہے کہ پہلے اپنے گھر والوں کا علاج کیا جائے اور بعد میں دوسروں کی بابت سوچا جائے ۔

**وزیرصحت** —جناب جہاں تک ملک کے اندر ڈاکٹروں کا تعلق ہے تو ۶۰۰ سے زائد ڈاکٹر ہر سال پاس ہو کر نکلتے ہیں تو میں سمجھتا ہوں کہ موجودہ وقت میں خاص کمی نہیں ہے ۔

**چودھری محمد نواز** — جناب والا—وزیر صاحب نے فرمایا ہے کہ ۶۰۰ کے قریب ڈاکٹر ہر سال پاس کرتے ہیں مگر جو لسٹ مجھے دی ہے اس میں سن ۶۳ میں ۳۰۷ ڈاکٹر گئے ہیں اور دوسرے سال میں ۲۶۶ گئے ہیں اور سن ۶۵ میں ۳۴۲ گئے ہوں اور ان تین مہینوں میں یعنی ۳۱ مارچ تک ۷۳ گئے ہیں تو یہ کیا

تو ان کے خیال میں یہ زیادہ نہیں ہیں اور خصوصاً اس صورت میں جبکہ اپنے ملک میں نصف سے بھی کم رہ جاتے ہیں -

**Minister of Health**: Sir this policy is laid down by the Central Government and not by the Provincial Government.

**قاضی محمد اعظم عباسی** — کیا وزیر صاحب بتائیں گے کہ ڈاکٹر صاحبان good will mission سے واپس بھی آتے ہیں یا نہیں یا سب کے سب وہیں کے ہو رہتے ہیں ؟

**Mr. Speaker**: The Member should give a fresh notice for that.

**خان ملنگ خان** — وزیر صاحب نے ابھی فرمایا ہے کہ جو ڈاکٹر صاحبان باہر گئے ہیں ان کے باہر جانے سے ملک کا وقار بڑھتا ہے - لیکن میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ باٹا گرام میں جو ہسپتال ہے وہاں لیڈی ڈاکٹر نہیں ہے تو میرا کہنے کا مقصد یہ ہے کہ ان میں سے ایک ڈاکٹر یعنی لیڈی ڈاکٹر باٹا گرام کے لئے بھیجی جا سکتی تھی -

**وزیر صحت** — لیڈی ڈاکٹر کا تو سوال پیدا نہیں ہوتا - ڈاکٹر unattractive areas میں جانے کے لئے تیار نہیں ہوتے اور اس سلسلے میں پہلے عرض کیا جا چکا ہے -

**رائے منصب علی خان کھرل** — وزیر صاحب فرماتے ہیں کہ اس ملک میں ڈاکٹروں کی کمی نہیں ہے لیکن میں معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ بہت سے دیہات ایسے ہیں جہاں پر میڈیکل سراعات ابھی تک بہم نہیں پہنچائی گئیں تو کیا وہ اس چیز کی وضاحت کریں گے کہ جو انہوں نے ابھی بیان دیا ہے وہ کہاں تک درست ہے -

**مسٹر سپیکر** — رائے صاحب میرا خیال ہے کہ آپ ایوان میں لیٹ آئے ہیں اس کے متعلق ۱۵ - ۲۰ منٹ خاصے سپلیمنٹری ہوئے اور ان کے متعلق جو تاثرات تھے وہ فاضل وزیر نے ظاہر فرما دیئے اور یہ عرض کیا تھا کہ وہ فاضل منسٹر بی ڈی تک پہنچا دیں گے -

**مسٹر حمزہ** — جناب وزیر صاحب کا حافظہ شاید کمزور ہے اور انہیں میرا خیال ہے کہ کوئی حافظے کی مکسچر استعمال کرنی چاہئیے - تو میں ان سے عرض کروں گا کہ آج ہی اس

ایوان میں یہ بتایا گیا کہ ہمارے ہاں بہت سی ڈسپنسریاں ایسی ہیں جہاں ابھی تک ڈاکٹر تعینات نہیں ہوئے - اس لئے کہ ڈاکٹروں کی کمی ہے تو کیا اس صورت حال کے پیش نظر آپ جو باہر ڈاکٹر بھیجتے ہیں اور اس سلسلہ میں جو آپ کی پالیسی ہے کہ دوسروں کے ساتھ فیاضی اور گھر والوں کے ساتھ زیادتی کیا آپ اس پر نظرثانی کریں گے ؟

**وزیر صحت**—ہم نے یہ نہیں کہا تھا کہ ہمارے پاس ڈاکٹروں کی کمی ہے - ڈاکٹر ہیں لیکن وہ interior میں جانے کے لئے تیار نہیں ہیں کیونکہ ان کو وہ emoluments نہیں مل رہے جتنے کہ وہ لینا چاہتے ہیں - انہوں نے سنا غلط ہے یا ان کا حافظہ کمزور ہو گا -

**خان محمد یوسف خان** — جناب وزیر صاحب نے ارشاد فرمایا ہے کہ ڈاکٹروں کے باہر جانے سے ہماری good will بڑھتی ہے - کیا وہ ملک جو ابھی ابھی آزاد ہوئے ہیں اور ترقی یافتہ ابھی تک نہیں ہیں کیا وہ بھی good will بڑھانے کے لئے ڈاکٹر بھیج رہے ہیں -

**وزیر صحت** — جناب اگر فاضل ممبر مڈل ایسٹ کا دورہ کریں تو انہیں معلوم ہو جائے گا - کہ وہاں جتنے بھی ڈاکٹرز اور پروفیسرز ہیں وہ سب Egypt کے ہیں اور ان ممالک میں Egypt کا وقار بلند ہو گیا ہے صرف ان ڈاکٹرز اور پروفیسرز کی وجہ سے -

**مسٹر سپیکر**—خان صاحب سوال تو پاکستان کے متعلق تھا -

**خان محمد یوسف خان** — ہم پہلے اپنے ڈاکٹر بیرونی ممالک میں بھیجتے ہیں تاکہ ہمارے ملک کا وقار بڑھے -

**وزیر صحت** — وہ اچھا کام ہے اور اگر ہم پہل کریں تو اس میں کوئی بری بات تو نہیں ہے -

**مسٹر محمود اعظم فاروقی** — جناب والا— میں وزیر صحت سے دریافت کروں گا کہ آپ کو معلوم ہے کہ دنیا میں کسی ملک کا وقار صرف اس بات سے بلند نہیں ہوتا کہ آپ کے یہاں ڈاکٹرز ہوں بلکہ اس زمانے میں ہر ملک دوسرے ملک کے حالات سے پوری طرح واقفیت رکھتا ہے - ہمیں آج معلوم ہے

کہ امریکہ اور انگلینڈ میں کتنے ڈاکٹر ہیں Egypt میں طبی سہولتوں کی کیا پوزیشن ہے - اسی طرح ہمارے ملک کے بارے میں بھی انہیں معلوم ہو گا تو کیا اس کے باوجود آپ سمجھتے ہیں کہ دوسرے ممالک میں ہمارا یہ چھوٹا وقار جو ہے یہ بلند ہو رہا ہے ؟

**وزیر صحت**— یہ قطعی غلط ہے - چھوٹا وقار بالکل نہیں -

**خان ملنگ خان** — کیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ حکومت دیہاتی علاقوں میں ڈاکٹروں کے نہ جانے کے لئے کوئی قانون بنائے گی تاکہ دیہاتی علاقوں کی آبادی طبی سہولتوں سے استفادہ کر سکیں -

**وزیر صحت**— جناب جہاں جہاں دیہاتی علاقوں کی ڈسپنسریوں کا سوال ہے وہ بی ڈی کے محکمہ کے نیچے ہیں ہم ان کی یعنی ڈاکٹروں کی appointment کرانے میں ان کی امداد کرتے ہیں کیونکہ ان کی تنخواہ کا حساب اس محکمہ کے پاس ہوتا ہے - صرف Administratitve Control ہمارے پاس ہوتا ہے -

**وزیر بنیادی جمہوریت** (میاں محمد یاسین خان وٹو) : جناب والا— جہاں تک بی ڈی کا تعلق ہے ہماری ڈسٹرکٹ کونسلوں یا کمیٹیوں کی طرف ہسپتالوں میں ڈاکٹروں کے لیے پوسٹیں مہیا کر دی جاتی ہیں اور پیسے بھی مہیا کر دیئے جاتے ہیں - اس کے بعد ہم محکمہ صحت کو لکھتے ہیں لیکن ڈاکٹر وہاں جانے کے لئے دستیاب نہیں ہوتے - ہم نے تو ان کے لیے provide کیا ہوا ہوتا ہے -

**Mr. Speaker** : There is a contradiction between answers of both the Ministers.

**وزیر بنیادی جمہوریت** — جناب والا — تردید نہیں ہے - میں نے یہ عرض کیا کہ ہم ڈاکٹروں کی پوسٹیں مختلف ہسپتالوں میں جو ہمارے ماتحت ہوتے ہیں provide کر دیتے ہیں لیکن وہاں ڈاکٹر مہیا نہیں ہوتے - ہم advertise بھی کرتے ہیں لیکن چونکہ ہمارے اکثر ہسپتال ایسے ہوتے ہیں جو دیہات میں ہوتے ہیں - جہاں وہ facilities نہیں ہوتیں جو شہروں میں ہوتی ہیں اس لئے ڈاکٹر وہاں جانے کے لئے تیار نہیں ہوتے -

**مسٹر سپیکر** — پہلے سپلیمنٹری میں فاضل وزیر صاحب نے یہ فرمایا تھا کہ unattractive places ہوتی ہیں وہاں ڈاکٹر نہیں جانا چاہتے اور تنخواہ بھی ان کی کم ہوتی ہے اس لئے وہ وہاں نہیں جاتے - ڈاکٹروں کی کمی ہے اب وہ فرما رہے ہیں کہ ڈاکٹروں کی کمی نہیں ہے -

**وزیر بنیادی جمہوریت** — جناب والا — میرا خیال ہے کہ یہ چیز اگر میرے فاضل دوست خود فرمانے کی بجائے مجھے refer کر دیتے تو میں ساری بات کا جائزہ لے لیتا کیونکہ جہاں تک لوکل باڈیز کا تعلق ہے ہم نے اپنے وسائل کے مطابق ان کی تنخواہ مقرر کرنی ہوتی ہے اور ہمیں باقی لوکل باڈیز کے ملازمین کے مطابق بھی ان کی تنخواہیں مقرر کرنی ہوتی ہیں اور اس سلسلے میں جو مستقل طور پر طریقہ اور قاعدہ ہے اس کے مطابق مقرر کی جاتی ہیں -

**مسٹر محمود اعظم فاروقی**—پوائنٹ آف آرڈر—جناب والا—میرا پوائنٹ آف آرڈر یہ ہے کہ جب آپ نے رولنگ دیدی کہ دونوں وزراء کے جوابات میں تضاد ہے تو انہیں اس رولنگ کو مان لینا چاہئیے اور عزت کے ساتھ مان لینا چاہئیے بجائے اس کے سوال جواب میں اور رسوا ہوں-

**مسٹر سپیکر** — نہیں ایوان میں پوزیشن واضح ہو جائے تو زیادہ بہتر ہے -

**وزیر بنیادی جمہوریت** جناب والا — میرے فاضل دوست اس بات سے خوش ہوتے ہیں کہ بات کی وضاحت نہ ہو -

**مسٹر حمزہ** — جناب وزیر بلدیات نے بڑی جرات کے ساتھ جواب دیا ہے اور حقیقت بھی یہی ہے اور میں ان کی تائید کرتا ہوں کہ ڈسپنسریاں جو کہ لوکل باڈیز چلا رہی ہیں وہاں ڈاکٹروں کی ضرورت ہوتی ہے اور یہ لازمی نہیں ہے کہ وہ دور دراز جگہیں ہوں - حقیقت یہ ہے کہ ڈاکٹروں کی قلت ہے اور اسی قلت کی وجہ سے وہاں ڈاکٹر تعینات نہیں کئے جا سکتے اور میرا خیال ہے کہ جناب وزیر صحت صبح سے جو sermon دیتے رہے ہیں وہ حقیقت پر مبنی نہیں تھا - معاملہ صاف ہو گیا اور

میرا خیال یہ ہے کہ ایوان کے قیمتی وقت کو مزید ضائع نہیں کرنا چاہیے ۔

**Mr. Speaker** : This is neither a point of order nor a supplementary.

**وزیر بنیادی جمہوریت** — پوائنٹ آف آرڈر — جناب والا میرے فاضل دوست ہمیشہ یہ کوشش کرتے ہیں کہ ہمیں وضاحت کا موقع نہ دیا جائے کیونکہ وضاحت کے بعد ان کی وضاحت کی کوئی حیثیت باقی نہیں رہ جاتی ۔ یہ کوئی contradiction نہیں ہے ۔ آسامیاں منظور شدہ ہیں ۔ تنخواہ ہم دینے کے لئے تیار ہیں ۔ ہم advertise بھی کرتے ہیں ۔ اگر ڈاکٹر صاحبان ان کو unattractive سمجھتے ہیں اور میرے فاضل دوست اس کو سماجی بہبود سمجھتے ہوئے یہ سمجھیں کہ کوئی ڈاکٹر کسی جگہ کے لیے درخواست دیتے ہیں یا تیار ہیں اور ان کو نوکری مہیا نہیں کی جا رہی تو میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ وہ ان کو درخواست دیں اور میں ان کی تعیناتی کرا دونگا ۔

**مسٹر سپیکر** — میاں صاحب کیا آپ کے سکیل وہی ہیں ۔ جو محکمہ صحت کے ہیں ۔

**وزیر بنیادی جمہوریت** — جناب والا — میں off hand تو عرض نہ کر سکوں گا کیونکہ اس کے بارہ میں مجھے نوٹس چاہئے ۔ جناب والا — میں ساری چیز کا جائزہ لیکر بتا سکوں گا ۔

**خان ملنگ خان** — جو کچھ دونوں منسٹر صاحبان نے فرمایا ہے مجھے اس میں کچھ شبہ ہے وہ اس لئے کہ پتہ نہیں کہ کس ملک کی بات کر رہے ہیں ہمارے سابقہ فرنٹیر صوبہ میں یہ چیز نہیں ہے وہاں سارے ہسپتال ڈسپنسریاں وغیرہ محکمہ صحت کے ماتحت ہیں ۔ بی ڈی کے ماتحت نہیں اور وہاں دیہاتی ایریا میں کوئی ڈاکٹر نہیں ہوتا اور نہ ہی ہسپتال ہوتا ہے اس کی بڑی وجہ یہ ہوتی ہے کہ ان کو خاطر خواہ تنخواہ نہیں ملتی ۔

**مسٹر سپیکر** — جس سوال پر یہ تمام سپلیمنٹری ہوئے ہیں وہ سوال تو ضلع گجرات کے متعلق تھا ۔ ضلع گجرات کے متعلق خان صاحب نے فرمایا تھا کہ تمام دیہاتی ڈسپنسریاں بی ڈی ڈیپارٹمنٹ کی ہیں اور محکمہ صحت کی ایک بھی ڈسپنسری نہیں ہے ۔

**وزیر بنیادی جمہوریت** — دیہات میں جہاں محکمہ صحت کی ڈسپنسریاں ہیں - وہاں بھی ڈاکٹر صاحبان نہیں جاتے -

**مسٹر سپیکر** - میرا یہ خیال ہے کہ ضلع گجرات میں محکمہ صحت کی ایک ڈسپنسری بھی نہیں ہے -

**Minister of Law** : May I be permitted to say a few words Sir. Probably that will satisfy the entire House.

**Chaudhri Muhammad Nawaz** . Is it a point of order Sir. ?

اگر ان کا پوائنٹ آف آرڈر ہے - تو بسرو چشم - ورنہ میرا حق ہے آپ مجھے ضمنی سوال کی اجازت دے چکے ہیں -

**Mr. Speaker** : The Member is also not on a point of order.

**Chaudhri Muhammad Nawaz**: But my supplementary question was accepted by you.

**Mr. Speaker** : But if he wants to clarify the position, I can allow him, and I can ask the Member to resume his seat. He may please resume his seat.

**Minister of Law** : Sir, it is true, as has been pointed out by the Members, that there is a great paucity of qualified doctors and actually the Provincial Government has a scheme under consideration, and it has gone beyond the Provincial Government—it is actually under the consideration of the Governor's Conference to open Medical Schools as used to be the practice here in the province, the purpose being to have as many doctors as possible, so that they could be sent out to the mofussil and to those areas, which are unattractive or where doctors do not feel any attraction to go. We expect that this scheme will soon materialize, and this difficulty, which is experienced by the people in the province, will disappear.

**Mr. Speaker** : Yes, Chaudhri Muhammad Nawaz.

**چودھری محمد نواز** — جناب والا — میں وزیر صحت صاحب سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں - کہ سالہا سال کے اخراجات کے بعد جو عوام سے ٹیکس لے کے کئے جاتے ہیں ہم اپنے ہاں ڈاکٹروں کو تعلیم دیتے ہیں - لیکن جب وہ ڈاکٹر بن جاتے ہیں تو انہیں باہر دوسرے ملکوں میں جا کر سروس کرنے کی اجازت دے دی جاتی ہے - میں ان سے یہ پوچھتا ہوں کہ کیا یہ عوام کے ساتھ زیادتی نہیں ہے ؟

**وزیر صحت** — میں تو پہلے عرض کر چکا ہوں کہ غیر ممالک میں جانے کی اجازت کے متعلق پالیسی مرکزی حکومت کے پاس ہے -

**مسٹر سپیکر** — کیا صوبائی حکومت کا اس سے کچھ تعلق نہیں کیا آپ اس بارہ میں کوئی سفارش بھی نہیں کر سکتے ؟

وزیر صحت — جناب پالیسی ان کی ہے - وہ چاہیں تو بند کر سکتے ہیں ؟

**Minister of Law :** May I Sir, interpose with your permission. The position is this that doctors are sent out. It is true the Government can stop them but they are sent out invariably and without exception to those countries, which are Muslim countries and under-developed and they need doctors. So it is a reciprocal arrangement, which the Government has agreed to under the policy adumberated by the Central Government and it is only just to help Muslim countries who are under-developed and need doctors.

خان ملنگ خان — کیا لاء منسٹر صاحب ایک بات کی وضاحت فرمائیں گے ؟

جب آپ میڈیکل کالج میں لڑکوں کو داخلہ دیتے ہیں اگر ان پر اس وقت یہ پابندی لگا دی جائے کہ انہیں تین سال تک ضروری طور پر رورل ایریا میں سروس کرنی ہوگی تو کیا یہ بہتر نہ ہوگا -

**Minister of Law :** Sir, I will again with all respect say this all that those who get Government scholarships are bound down to serve Government for a particular period, probably for five years, but those who do not get Government scholarships, we do not force them. Under the Constitution, they are absolutely free. We can not say that their education will be subject to this condition.

خان محمد یوسف خان — چونکہ وزیر قانون صاحب نے اب اس سوال کا چارج لے لیا ہے - اس لئے میں ان سے عرض کروں گا کہ وہ جو یہ فرما رہے ہیں کہ یہ اسلامی ممالک کو مدد دینے کے لئے کیا جا رہا ہے - کیا انہیں معلوم ہے کہ لندن میں ہمارے بیسیوں ڈاکٹر محض روپیہ کمانے کے لئے پریکٹس کر رہے ہیں -

**Mr. Speaker :** Now, will the Minister of Law please answer this supplementary ?

**Minister of Law :** A handful few of the doctors, to which the member is making a reference, are probably those who have gone abroad, for further studies and after qualifying themselves there, they stay on.

مسٹر عبدالقیوم قریشی — کیا وزیر صحت صاحب فرمائیں گے کہ اس کا یہ مطلب نہیں کہ ڈاکٹر صاحبان تنخواہیں کم ہونے کی وجہ سے باہر کے ملکوں میں جانے یا پرائیویٹ پریکٹس کرنے کی کوشش کرتے ہیں ؟

**Minister of Health :** They are free people you cannot bind them down.

اگر وہ چاہیں تو پرائیویٹ پریکٹس کر سکتے ہیں - چاہیں تو گورنمنٹ سروس کر سکتے ہیں -

That is human nature and you cannot go against it.

**A Member :** Supplementary Sir.

**Mr. Speaker :** No more supplementaries. The Member may please resume his seat.

## ANSWERS TO STARRED QUESTIONS LAID ON THE TABLE

### Opening of more Dispensaries in Peshawar City

***3312. Syed Yusaf Ali Shah** : Will the Minister of Health be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that no new dispensary has been opened by Government in Peshawar city after Independence ;

(*b*) whether it is a fact that the residents of the said city have been demanding the opening of more dispensaries in the said city ;

(*c*) if answer to (*a*) and (*b*) above be in the affirmative, whether Government have any scheme for opening new dispensaries in the said city ?

**Minister of Health** (Mr. Muhammad Ali Khan) : (*a*) Yes.

(*b*) Yes. Only the residents of Zaryab Colony in Peshawar City have been demanding the opening of a dispensary in their Colony.

(*c*) The Director, Health Services, Peshawar submitted a proposal for opening a dispensary in this area but it could not be processed with the Finance Department because the proposal got late according to the budget calender for the reason of prolonged correspondence clarifying certain points with the Director, Health Services, Peshawar Region. However, the Director, Health Services has been apprised to submit the proposal well in time next year.

---

### Opening of Rural Health Centres in Nawabshah District

***3336. Rais Atta Muhammad Khan Mari Baloch** : Will the Minister of Health be pleased to state:—

(*a*) the number of Rural and Urban Health Centres in Nawabshah District ;

(*b*) whether it is a fact that there was a proposal to establish three more Rural Health Centres in the said district during the Second Five Year Plan Period ;

(*c*) if the answer to (*b*) above be in the affirmative, whether it is a fact that the said proposal was not implemented during the said plan period ; if so, reasons therefor and whether Government intend to implement the said proposal during the Third Five Year Plan Period ?

**Minister of Health** (Mr. Muhammad Ali Khan) :(*a*) Two Primary Health Centres, six Sub-Health Centres and eight Maternity and Child Health Centres, 4 of the Maternity and Child Health Centres are located in the Urban Areas.

(*b*) Yes.

(*c*) Yes, for the first part. The reason was the shortage of funds available for the Rural Health Programme during the 2nd Plan. All the Programmes of 1963-64 and 1964-65 and part of the Programme of 1962-63 had to be postponed on account of shortage of funds. The Government intend to implement the carry over of the 2nd Plan as first priority on the 3rd Plan Rural Health allocation. The Programme will be implemented in accordance with the funds made available for this Programme. However, Nawabshah District got its due share out of Second Plan Rural Health Programme.

MUNICIPAL HOSPITAL FOR WOMEN IN PESHAWAR

*3338. **Begum Mumtaz Safdar** : Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that Municipal Hospital for Women in Peshawar is functioning without surgical instruments and operation apparatus;

(*b*) whether it is a fact that medicines are not readily available in the said hospital;

(*c*) if answer to (*a*) and (*b*) above be in the affirmative, action Government intend to take in the matter?

**Minister of Basic Democracies and Local Government** (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : (*a*) There is no Municipal Hospital for Women at Peshawar at present. Prior to 1952 the Municipal Hospital for Women was provincialized and taken over by the Government, with effect from 1st April 1952 and named as Government Zenana Hospital, Peshawar. It was brought at par with other similar Government institutions. Zenana Hospital, Peshawar, is now a part of Government Lady Reading Hospital, Peshawar, which is a Special Institution. This Hospital has got a fulfledged Operation Theatre, fully equipped with modern surgical equipment.

(*b*) No. The Government Zenana Hospital has got all the essential medicines in its store.

(*c*) Question does not arise. However acting Secretary, Health Department is proceeding to Peshawar shortly to see the state of affairs of Zenana Hospital, Peshawar, himself at the spot.

---

REGIONAL DIRECTORATE OF HEALTH SERVICES, SARGODHA REGION

*3342. **Chaudhri Muhammad Idrees** : Will the Minister of Health be pleased to state whether it is a fact that the Regional Directorate of Health Services, Sargodha Region, is located in Multan; if so, reasons therefor?

**Minister of Health** (Mr. Muhammad Ali Khan) : Yes. Due to non-availability of accommodation at Sargodha the Headquarter of Sargodha Region is located at Multan, which is within the jurisdiction of Sargodha Region.

---

POSTING OF DOCTORS IN THE AREA OF POLICE STATION CHAUNTRA, RAWALPINDI DISTRICT

*3360. **Brigadier Chaudhri Fateh Khan**: Will the Minister for Health be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that there are five dispensaries at Chakri, Adhwal, Chak Beli Khan, Parial and Sibal in the area of Police Station Chauntra of Rawalpindi District;

(*b*) whether it is a fact that almost all th e said dispensaries are without doctors for a long time;

(*c*) whether it is a fact that although dispensary at Chakri was provincialised 8 or 9 years ago, yet no permanent doctor has been posted there since 1947;

(*d*) if answers to (*a*) to (*c*) above be in the affirmative, steps being taken to post qualified doctors in the said dispensaries?

**Minister of Health** (Mr. Muhammad Ali Khan): (*a*) Yes. Except Rural Dispensary, Chakri, rest are the District Council Dispensaries.

(*b*) No. In District Council Dispensary, Adhwal, an Assistant Medical Officer is working since 19th November 1965, and Assistant Medical Officer from Rural Dispensary, Chak Beli Khan, was transferred out on 16th April 1966. The rest are with doctors.

(*c*) No. At first the doctor was posted in 1962 and the second time another doctor was posted in 1965.

(*d*) Vacancies of doctors have been advertised in the Newspapers and as soon as doctors are made available postings will be made.

---

MALARIA ERADICATION PROGRAMME IN RURAL AREAS

***3372. Mr. Hamza**: Will the Minister of Health be pleased to state reasons for which there has been no significant decrease in the number of mosquitoes in rural areas even after two to four years of spraying under the Malaria Eradication Programme?

**Minister of Health** (Mr. Muhammad Ali Khan): Malaria Eradication Programme aims at the eradication of malaria from the Province and not to eradicate/reduce the number of mosquitoes. There are two main varieties of mosquitoes in this part of the Province, i.e., anapheline and culex. Only female anapheline are responsible for spreading of malaria. These mosquitoes after a feed of human blood take rest on the walls of the houses which are sprayed with DDT and thus the span of life of malaria carrying mosquitoes is shortened. The other varieties of mosquitoes do not transmit malaria.

2. The breeding of all species of mosquitoes continues un-checked throughout the year. As such there will be no significant decrease in the number of mosquitoes even after the eradication of malaria from the Province.

---

CIVIL HOSPITAL, DIPALPUR

***3379. Rao Muhammad Afzal Khan**: Will the Minister of Health be pleased to state:—

(*a*) the date on which the Civil Hospital, Dipalpur, District Montgomery, started functioning and the population of Dipalpur area at that time;

(*b*) the present population of the area served by the said Hospital;

(*c*) whether Government intend to open more wards in the said Hospital; if so, when;

(*d*) whether Government intend to install X-Ray plant in the said Hospital; if so, when?

**Minister of Health** (Mr. Muhammad Ali Khan): (*a*) 12th April 1874. Population at that time of Dipalpur is not available.

(*b*) Present population of Dipalpur Town is 9,452 according to Census, 1961 but this Civil Hospital is serving the population of 52,000 including the surrounding area.

(*c*) There is no such proposal.

(*d*) No provision has been made for the installation of X-Ray Plant in the Tehsil Headquarters Hospital, Dipalpur during the next financial year. However, there is a scheme of the Government to provide X-Ray Plants to all the Hospitals of West Pakistan starting from District Headquarters Hospitals and Tehsil Headquarters Hospitals under a phased programme.

### ARRANGEMENT FOR POST-MORTEM IN HEALTH CENTRE, AHMEDPUR, DISTRICT BAHAWALPUR

*3398. **Makhdoom Muhammad Shams-ud-Din Gilani** : Will the Minister of Health be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that in the Health Centre in Ahmedpur, District Bahawalpur, there is no arrangement for conducting post-mortem and every such case has to be taken to the District Headquarters Hospital, Bahawalpur ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, whether Government intend to make arrangement for conducting post-mortems in the said health centre; if so, when ?

**Minister of Health** (Mr. Muhammad Ali Khan) : (*a*) Yes, for the first part. Post-mortem examination is not allowed in the Rural Health Centres. No for the second part because post-mortem facilities exist in Tehsil Headquarters Hospital, Ahmadpur East and dead bodies for conducting post-mortem are not taken to the District Headquarters Hospital, Bahawalpur.

(*b*) There is no scheme of the Government for providing post-mortem facilities at the Rural Health Centres throughout West Pakistan.

## ANNOUNCEMENT

### RE:ELECTION OF MR. MALANG KHAN, M. P. A., TO THE STANDING COMMITTEE ON PUBLIC ACCOUNTS

**Mr. Speaker** : There is one announcement.

In pursuance of notice, dated 21st June 1966, two nomination papers of Mr. Malang Khan an M. P. A., and Mr. Ahmedmian Soomro, M. P. A., for election to fill a casual vacancy on the Standing Committee on Public Accounts were, received by 12.00 noon on the 25th June, 1966. As Mr. Ahmedmian Soomro, M. P. A. has withdrawn his candidature before 12·00 noon on 27th June, 1966 Mr. Malang Khan, M. P. A., is the only duly nominated candidate left in the field He is, therefore, declared to have been duly elected.

## THE WEST PAKISTAN FINANCE BILL, 1966

**Mr. Speaker** : Yes, the Minister of Finance):

**Minister of Finance** (Sheikh Masood Sadiq) : Sir, I beg to move—

That the West Pakistan Finance Bill, 1966, be taken into consideration at once.

**Mr Speaker** : Motion moved is—

"That the West Pakistan Finance Bill, 1966, be taken into consideration at once.

**Mr. Munawar Khan** : Opposed tooth and nail, Sir.

**Malik Muhammad Akhtar** : On a point of order, Sir. Sir I refer to clause 12 of the bill, which reads as under :—

> "Government may, by notification in the Official Gazette, make such omissions from, additions to, adaptations and modifications of any West Pakistan Act as may be necessary for the purpose of the levy and collection of any tax imposed by this Act.

Sir, you will appreciate that this clause would have a far reaching effect as far as all the other clauses of the bill are concerned. To elaborate my point I humbly submit that the power, which are proposed to be conferred on the Provincial Government are of such a nature that they are inconsistent with the provisions of the Constitution. My worthy friend, the Law Minister would immediately refer to the provisions of the Constitution and state, as it has been held in this august House, that the responsibility of deciding certain legislation vests with the authority authorised to make that legislation.

In this context, I would refer to Article 133(1) to establish that the responsibility of declaration in this respect that clause 12 of the Finance Bill under consideration is ultra vires lies with this august House. Sir, I will read Article 133(1):—

"The responsibility of deciding whether a legislature has power under this Constitution to make a law is that of the legislature itself."

So, Sir, my humble submission is that under Article 133(1) this House is altogether competent to decide whether the Finance Bill generally and the clause which has been referred to particularly, I mean to say clause 12 is inconsistent with the provisions of the Constitution and can be approved or not. I need not epeat all those provisions but I would just add a reference to various Articles of the Consitution, namely, Articles 76, 77 78.....

**Mr. Speaker :** Now the Member wants to contend that it is the responsibility of this legislature and that this legislature has no power to enact this law ?

**Malik Muhammad Akhtar**: I mean to say that it is within the competency of this august House to declare whether it is competent to approve clause 12 of the Finance Bill. As this objection has been taken in so many points of orders which I raised from time to time and the protection taken by the other side was that this House was not competent to challenge the legality of the Ordinances but in case of Bills, it is this august House which can decide whether a Bill is inconsistent with the provisions of the Constitution or otherwise it can be passed and have legal force or legal effect.

**Mr. Speaker :** Even if this House is responsible for deciding whether a particular legislation is within its competency or not, what would be the procedure for that ? Does the Member know about it ?

**Malik Muhammad Akhtar :** The procedure, as far as I can understand, in my humble opinion would be that I would be laying the entire pros and cons and facts before this House and the House can have a decision.

**Mr. Speaker :** This question should, therefore, not be raised on a point of order because in that case the Member will make a speech. The motion is there and if the House is convinced of his arguments and contention then they will throw off the Bill and if not, then we will proceed further.

**Malik Muhammhd Akhtar :** I will certainly bow before your order but it will be having far reaching effects unless and until my worthy colleagues are just acquainted with the defects, with the legal flaws and with all those pros and cons which are going to occur they will not be in a position.....

**Mr. Speaker :** I may inform the Member that there is a difference between a point of order and a decision by the House. On a point of order I have to give decision and on the other motion so far as the competency of the legislature and the House is concerned, the House has to give a decision.

**Malik Muhammad Akhtar :** If I am permitted and allowed I can just straightway put the entire law before the House which even otherwise I am entitled to put when this particular clause 12 comes. Even at that occasion I can rise and explain to my worthy friends and colleagues that this clause 12 is inconsistent and it will not have effect of law even if approved.

**Mr. Speaker :** The Member is justified to raise this contention in these arguments but if he raises it as a point of order then I shall have to give a decision under Article 133. According to his own arguments I am not competent to give decision on that issue. It is only the House which has to give decision and if the House has to give decision then he can make a better speech and convince the members and if they are convinced then they can throw out the Bill.

**Malik Muhammad Akhtar** : I will proceed on with my speech.

**Mr. Speaker** : Then the Member does not press his point of order ?

**Malik Muhammad Akhtar** : No Sir.

جناب سپیکر—مغربی پاکستان فنانس بل کو ہر سال کی طرح ہمارے سامنے بجٹ کے آخری ایام میں پیش کیا جاتا ہے اور اس بار بھی پیش کیا گیا ہے ۔ جناب سپیکر—اس سے قبل بھی جنرل پرنسپلز پر بات کرتے ہوئے اس معزز ایوان کی خدمت میں یہ عرض کیا گیا تھا کہ کلاز ۱۲ میں یہ provide کیا گیا ہے جیسا کہ ابھی اس ہاؤس کے سامنے میں نے پڑھا ہے—

I am again repeating clause 12—

Government may, by notification in the Official Gazette, make such omissions from additions to, adaptations and modifications of, any West Pakistan Act as may be necessary for the purpose of the levy and collection of any tax imposed by this Act."

جناب والا—اس فنانس بل کے تحت جو بھی taxes impose کئے جانے والے ہیں ان میں کسی قسم کا تضاد یا کوئی principle involve نہیں ہے ۔ جس میں کسی قسم کی ایسی توقعات کی جائیں جو کسی دوسرے مغربی پاکستان کے ایکٹ کے ساتھ ہیں ۔ ایکٹ سے میں کم از کم جو سمجھا ہوں وہ یہ ہے کہ کسی قانون کے تحت یا کسی Book of Law کے تحت یا ایسی صورت میں حکومت کو یہ اختیارات دیئے گئے ہیں کہ حکومت نوٹیفیکیشن کے ذریعہ سے جو آفیشیل گزٹ میں شائع ہوتا ہے کسی قانون کا کوئی حصہ حذف کر دے یا اس میں کوئی چیز ایزاد کر دے یا اس میں ترمیم کر دے ۔ میں اپنے لیول پر کم از کم ایسی باتوں کو نہیں سمجھا ہوں ۔ اگر میرے خدشات درست ہیں تو میں سمجھتا ہوں کہ اتنی vast powers کلاز ۱۲ کے تحت دی گئی ہیں جس سے تمام بل کی بنیاد اس کے اصول اور اس کے جتنے principles affect ہوتے ہیں میں سمجھتا ہوں یہ درست نہیں ہے ۔ جناب والا— میں زیادہ لمبی بحث میں نہیں جاؤں گا میں صرف اس قدر عرض کروں گا کہ آئین میں ہنگامی قوانین کے اختیارات آرٹیکل ۹۷ کے تحت گورنر صاحب کو دیئے گئے ہیں ۔ بلوں کے متعلق آرٹیکل ۷۷ - ۷۸ کے تحت (چیپٹر ۹) میں اختیارات موجود ہیں ۔ جیسا کہ ہمارے رولز آف پروسیجر ہیں ۔ پھر جناب والا— یہ جو ترمیم ہے یہ ترمیم اس نوعیت کی نہیں ہو سکتی جیسے کسی ایکٹ یا آرڈیننس میں ترمیم کی جائے بلکہ یہ فنانس کا مسئلہ ہے ۔ جہاں پر

فنانس کی direct inconsistency ہو وہاں پر بھی آپ ترمیم کرنے کے اختیارات اس کلاز کے تحت حکومت مغربی پاکستان کو دے رہے ہیں -

جناب سپیکر—مجھے یہ گزارش کرنا ہے کہ میرا پہلا اعتراض یہ ہے کہ آئین کے تحت اس قسم کے اختیارات دینا جو دیگر لجسلیٹو باڈیز کو ہیں یہ ہاؤس مجاز ہے کہ وہ اختیارات کسی کو عطا کرے یا حکومت مغربی پاکستان کو اختیارات عطا کرے - دوسرے جو سب سے زیادہ serious اعتراض ہے وہ یہ ہے کہ ممکن ہے کہ اس طرح کی omissions additions and alterations جو financial nature کی ہو تو اس صورت میں یہ financial nature کی omission یا addition جو ہوگی اس کے لئے ہمارے پاس علیحدہ قانون ہے اور وہ قانون جو ہے وہ probably artical 90 کے تحت صوبہ کے متعلق ہے اس کی دفعہ جو سنٹر کے قانون کے مطابق ہے جو ہمارے Money Bill کو cover کرتی ہے -

جناب والا—مجھے یہ گزارش کرنا ہے کہ صوبائی لیجسلیچر جو کہ گورنر صاحب اور صوبائی اسمبلی کو ملا کر بنتی ہے وہ اس قسم کی مالیاتی ترمیم کر سکتی ہے - اس طرح سے اب ہاؤس کو empower کر دیا ہے کہ گورنر صاحب اس میں کسی قسم کی ترمیم اگر کرنا چاہیں تو کریں - میں سمجھتا ہوں کہ یہ ہاؤس اس بات کے لئے حق بجانب نہیں ہے - جس آرٹیکل کا میں نے حوالہ دیا ہے اس آرٹیکل کے تحت اس ہاؤس کو مکمل طور پر اختیارات ہیں - اگر میرے خدشات کو وہ درست سمجھتے ہیں تو وہ اس کلاز کو reject کر سکتے ہیں اور اسے consider ultra vires کرتے ہوئے آرٹیکل ۱۳۳ کے تحت rejcet کیا جا سکتا ہے -

جناب سپیکر - میری گزارش یہ ہے میں کلاز ۱۲ کی پہلی لائین پھر آپ کی خدمت میں پڑھتا ہوں "Government may by notification in the official Gazette" یعنی کسی وقت بھی حکومت ——— میں یہ تسلیم کرتا ہوں کہ گورنر مغربی پاکستان کے اختیارات لا محدود ہیں - جس وقت کہ اسمبلی نہ ہو - لیکن پھر بھی ان کے اختیارات پر یہ limit ہے کہ money matters میں اور ٹیکسیشن کے سلسلے میں وہ کوئی ترمیم نہیں کر سکتے - چہ جائیکہ ہم ان کو اس نوعیت کے

اختیارات دیں ۔ کہ محض نوٹیفکیشن کے ذریعے اس قسم کی ایڈیشن alteration یا omission کر دیں ۔

جناب سپیکر ۔ اس کے بعد میں فنانس بل کے جو general principles ہیں ان پر کچھ عرض کروں گا ۔ خدا کے فضل و کرم سے جیسا کہ ہمارے فنانس منسٹر صاحب نے فرمایا ہے کہ ۱۹۰۵-۰۶ء میں صوبائی ٹیکسوں سے ہماری آمدنی ۱۸۶۵ کروڑ روپے تھی اور جو اب ۴۹۷۰ کروڑ روپے ہوگئی ہے ۔ یعنی اس میں تین سو فیصد کا اضافہ ہوا ہے ۔ جیسا کہ انہوں نے اپنی بجٹ تقریر میں بھی فرمایا ہے کہ اس آمدنی میں اس قدر اضافہ ہوا ہے ۔

جناب والا ۔ مجھے افسوس ہے ۔ کہ آمدنی میں اس قدر اضافے کے بعد بھی انہوں نے اس ٹیکس میں کمی نہیں کی اور انہوں نے محض اس قدر ہی کہنے پر اکتفاء کیا ہے ۔ کہ ہم نئے ٹیکس نہیں لگا رہے ہیں اور صرف بعض پرانے ٹیکسوں کو جاری رکھ رہے ہیں ۔

جناب والا ۔ جس صوبے کی آبادی گذشتہ دس سال میں محض دگنی ہوئی ہو ۔ حالانکہ میرا اندازہ ہے کہ آبادی میں صرف ساٹھ یا ستر فیصد کا اضافہ ہوا ہے ۔ لیکن اگر میں غیر سرکاری اعداد و شمار کو بھی صحیح تسلیم کر لوں ۔ تو بھی جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے ہماری آبادی میں دو گنا اضافہ ہوا ہے اور اگر یہ اعداد و شمار غلط ہیں تو پھر یہ ان کا ہی شائع کردہ لٹریچر میرے پاس موجود ہے ۔ تو اس کے لحاظ سے بھی یہ اضافہ ڈیڑھ گنا یا دو گنا بنتا ہے ۔ لیکن آبادی کے اس اضافے کے مقابلے میں ہمارے ٹیکسوں میں تین گنا کا اضافہ ہے ۔ اس لئے ہمارے صوبے کو مناسب رعایت دینی چاہیے تھی ۔ لیکن آپ اس کے برعکس اسے ہر سال بڑھاتے ہی رہتے ہیں ۔ میرے پاس یہ ایک کتاب موجود ہے اور میں نے اس میں flags بھی لگا رکھے ہیں ۔ جن کو ملاحظہ کرنے سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ ہمارے وزیر خزانہ صاحب ٹیکسوں کو repeat کر رہے ہیں ۔ وہ مختار ہیں ۔ وہ اختیار رکھتے ہیں اور وہ ہمیں اس معاملے میں کافی remissin دے سکتے ہیں ۔ لیکن وہ ہمیں اس معاملے میں remission نہ دے کر ہمارے ساتھ بے انصافی کر رہے ہیں ۔ ہمارے جو حقوق ہیں ۔ ہمیں

ان حقوق سے انہوں نے بہرہ مند ہونے نہیں دیا ۔ مجھے معاف فرمایا جائے ۔ اگر میں دیگر ٹیکسوں سے یہاں comparison کروں ۔ جس سے کہ یہ ثبوت مل سکے گا کہ ہمارے ٹیکسوں کا structure کافی مضبوط ہے اور ہمارے وسائل کافی مضبوط ہیں اور ہمارے ٹیکسوں میں کمی کی جا سکتی ہے ۔ وزیر خزانہ صاحب انہیں ہر سال جاری رکھ رہے ہیں ۔ مثلاً ہمارا مالیہ ، آبیانہ ، موٹر وہیکل ٹیکس ۔ سٹیمپ ڈیوٹی ۔ انٹرٹینمنٹ ٹیکس ۔ پراپرٹی ٹیکس ایسے ٹیکس ہیں کہ جن سے نوے فیصد آمدنی صوبے کو ہوتی ہے ۔ اس کے علاوہ دیگر چالیس سیس اور ٹیکس ہیں جس پر ہماری مالیات کا باقی دس فیصد مشتمل ہے ۔

جناب سپیکر ۔ سٹیمپ ڈیوٹی سے جو رقوم حاصل ہوتی ہے ۔ یعنی اس ڈیوٹی سے جو ۲۹ء۵ کروڑ روپیہ آمدنی ہوتی ہے ۔ در اصل جس نقطے کو میں یہ ڈیویلپ کرنا چاہتا ہوں ۔ یہ ہے کہ یہ تمام ٹیکس justified نہیں ہیں اور یہ صدر مملکت کے منشور کے بھی منافی ہیں ۔ مجھے صدر مملکت کے منشور کو اس لئے refer کرنا ہے کہ جب ہمارے بھائی جناب وزیر خزانہ یہ ٹیکس بڑھا رہے تھے تو انہوں نے کہا تھا کہ ہم نے ٹیکسیشن کی نوعیت ایسی کر دی ہے کہ اب یہ صدر مملکت کے منشور کے مطابق ہو گئی ہے ۔ تاکہ اس کا بوجھ براہ راست عام لوگوں پر نہ پڑے ۔ لیکن انہوں نے اس سال بھی بہت سے ٹیکسوں کو جاری رکھا ہے جو کہ گزشتہ سال لگائے گئے تھے ۔ اس لئے مجھے یہ حق پہنچتا ہے کہ میں بر سراقتدار کنونشن مسلم لیگ پارٹی کو جھنجھوڑوں ۔ کہ اس کنونشن مسلم لیگ کے صدر کی یہ پالیسی تھی جس پالیسی کے تحت وہ یہاں پر موجود ہیں لیکن وہ ان کی پالیسی پر عمل پیرا نہیں ہو رہے ہیں ۔

جناب والا ۔ میں ٹیکسیشن کے متعلق عام اصولوں پر عرض کر رہا ہوں ۔ کہ سٹیمپ ڈیوٹی کے ذریعے ۲۹ء۵ کروڑ کا جو ٹیکس آپ اب لگا رہے ہیں یہ کون ادا کرے گا ۔

**مسٹر سپیکر** ۔ ملک صاحب stamps کے متعلق یہاں پر کوئی ٹیکس اس فنانس بل میں موجود نہیں ہے ۔ آپ غالباً پچھلے فنانس بل کا حوالہ دے رہے ہیں ۔

**ملک محمد اختر** ۔ جی نہیں اس بل میں تو نہیں ہے ۔

**مسٹر سپیکر** - تو پھر آپ کو اس پر نہیں بولنا چاہئیے -

**ملک محمد اختر** - بہت اچھا جناب - تو جناب والا - جناب کے حکم کی تعمیل کرتے ہوئے جو دوسرے items ہیں اور جن کی relevancy بن جاتی ہے - موٹر و ہیکل ٹیکس سے جو ۶۱۴ کروڑ کی آمدنی ہوتی ہے - میرا مطلب ہے - کہ ٹرانسپورٹ وہیکل پر جو ٹیکس لگتا ہے اس کے لگانے میں کوئی justification نہیں ہے - ہو سکتا ہے کہ میرا اندیشہ غلط ہو - لیکن میں نے اس کلاز کو جب بغور دیکھا - جس کے تحت کہ آٹھ آدمی یا اس سے زیادہ سواریاں اٹھانے والی ٹرانسپورٹ وہیکل ہوگی - اس پر ٹیکس لگایا گیا ہے - لیکن مجھے اس میں کہیں بھی نظر نہیں آیا کہ موٹرکاروں ، شورلیٹ کاروں یا بیوک کاروں پر بھی ٹیکس لگا ہو - جن کا ماڈل ہر سال بدلا جاتا ہے - آپ کاروں پر ٹیکس کیوں نہیں لگاتے - یہ irony of fate ہے - کہ یہ برسراقتدار پارٹی حقیقت کی عینکہ لگا کر حالات کا جائزہ نہیں لیتی - اگر انہوں نے اس قسم کے مال برداری اور باربرداری کے ذرائع یعنی ٹرکوں وغیرہ پر ٹیکس لگانا تھا تو انہوں نے اس ٹیکس سے موٹرکاروں کو مستثنیٰ کرکے اس میں ایک طبقاتی بات پیدا کر دی ہے اور اس طرح انہوں نے صدر مملکت کے منشور کی نفی کرکے رکھ دی ہے - اس میں موٹرکاروں کو شامل نہ کر کے (اگر میں درست ہوں تو) نہایت بے انصافی کی ہے - میں باقی ٹیکسوں کو چھوڑتا ہوں - ماسوائے ان ٹیکسوں کے جو کسی نہ کسی طریقے سے اس فنانس بل میں جاری رکھے گئے ہیں اور میری مراد تفریحی ڈیوٹی سے ہے - ہم اس ڈیوٹی سے ۳۶۳۷ کروڑ روپے پہلے ہی حاصل کر رہے ہیں - مجھے سینما کے مالکان سے کوئی ہمدردی نہیں ہے - لیکن مجھے بتائیے کہ بالاخر اس کا اثر کس پر پڑے گا - جو غریب لوگ اس سستی تفریح سے بہرہ ور ہوتے ہیں اس کا بوجھ ان پر ہی پڑے گا - (قطع کلامی) میں یہ عرض کر رہا ہوں - کہ جناب وزیر خزانہ نے بڑی جد و جہد کی ہے - انہوں نے بڑی کشتی کی ہے - انہوں نے کوشش کی ہے کہ وہ اس بوجھ کو کم کریں - لیکن میں سمجھتا ہوں کہ اگر آپ کا نظریہ بھی ہماری طرح ایک عام آدمی کا نظریہ ہوتا - ان میں درد دل تو ضرور ہے لیکن پھر بھی وہ تو شہزادے ہیں اگر ان کا درد دل عام آدمی کا درد دل

ہوتا ۔ تو شاید وہ موٹرکاروں کو ٹیکس سے متثنیٰ نہ کرتے اور مرکزی حکومت سے تگ و دو کرتے ۔ ان سے جھگڑا کرتے ۔ ان پر pressure ڈالتے اور ان سے اصرار کرتے اور ان کو مجبور کرتے ۔ وہ گران قدر رقم جو انکم ٹیکس اور سیل ٹیکس کے طور پر مرکزی حکومت ہمارے صوبہ سے وصول کرتی ہے وہ بہت بڑا حصہ لیتی ہے یہ درست ہے کہ مرکزی حکومت نے جو ۳۰ فیصد سیل ٹیکس اور انکم ٹیکس تھا ان کو بعض حالتوں میں ۵۰ اور بعض حالتوں میں ۶۵ فیصد کردیا ہے ۔ اس طرح سیل ٹیکس کے ذریعہ سے جو رقم ہمارے صوبہ سے لینی ہے وہ ۲۶۰۷ کروڑ ہے اور انکم ٹیکس کی رقم ۱۷۶۷ کروڑ روپیہ ہے ۔ اس طرح انہوں نے ۶۳ کروڑ کی رقم لینی ہے ۔ جو پچھلے سال کے ۵۶۳۶ کروڑ سے تقریباً ۹ کروڑ روپیہ زیادہ ہے ۔ لیکن میں سمجھتا ہوں کہ اس صوبہ کی بڑھتی ہوئی ڈویلپمنٹ کی وجہ سے ضروریات کافی زیادہ ہیں ۔ حکومت کو زیادہ سے زیادہ ۲۰ فیصد سیل ٹیکس اور انکم ٹیکس دینا چاہئے ۔

جناب والا ۔ میں گزارش کروں گا کہ میں ان ٹیکسوں کے structure سے ہرگز اتفاق نہیں کرتا ۔ میں چاہتا ہوں کہ جب کہ اس صوبہ کی انکم بڑھ رہی ہے تو ٹیکسوں کو remit کرنا چاہئے تیسرے پنجسالہ منصوبہ کی ایک reference دونگا اور وہ بڑے بڑے وعدے جو صدر ایوب نے اپنے الیکشن منشور میں فرمائے تھے ان لوگوں نے اور انکے کارکنوں نے جو ان کے نمائندے ہیں انہیں نے ان وعدوں کی نفی کر کے رکھ دی ہے ۔ اس تیسرے پنجسالہ منصوبہ میں جو بڑی زیادتی کی گئی ہے اس کے متعلق عرض کرنا چاہتا ہوں کہ کس طرح نفی کی گئی ہے ۔

جناب والا ۔ میری مراد objective targets سے ہے ۔

میں پہلا پیرا نہیں پڑھتا ۔ صرف آخری لائین پڑھتا ہوں ۔

".....The following would be the major long-term objectives within the frame work of which agricultural development programme for the Third Plan should fall;

(a) to increase the real income of farmers;

میں ثابت کرونگا کہ یہ کس طرح منفی باتیں کر رہے ہیں ۔

(b) to promote by policies and investments those crops and live-stock production patterns that will utilize most economically the human, land, and water resources of the country;

(c) to achieve self-sufficiency in food requirements to the extent compatible with other needs of the economy, aiming, at the same time at improving nutritional standards of food consumption, and at meeting the demand for expert crops;

جناب والا — زراعت کے متعلق بڑے بڑے وعدے کئے گئے ھیں — میں سمجھتا ھوں کہ زراعت کے ساتھ ھماری حکومت نے انصاف نہیں کیا — یہ جو عارضی ٹیکس لگایا گیا ھے ان لوگوں کو جو زراعت کا دھندہ کرتے ھیں ان کو یہ ٹیکس ادا کرنا ھو — اس کے پہلے شیڈول میں بتایا گیا ھے کہ بعض حالتوں میں ۴ فیصد اور بعض میں ۵ فیصد سر چارج ھو گا - اور بعض حالات میں ۱۰ فیصد بھی بن جائے گا - یہ Land Revenue پر payable ھو گا - جناب والا - ھمارے کسان کو ھمارے کاشتکار کو یا ھمارے چھوٹے زمیندار کو تو پیٹ بھر کر روٹی بھی نصیب نہیں ھوتی وہ ایک سال کے بعد صرف اس حد تک پہنچتا ھے کہ اسے خوردونوش اور کھردرا کپڑا میسر آتا ھے - اس پر ٹیکس نا واجب ھے یہ صدر ایوب کے منشور کی منافی ھے - اور تیسرے پنجسالہ منصوبہ کے مقاصد کے منافی ھے -

اس کے بعد میں ایک اور مثال دیتا ھوں - جس شخص کی ۱۰ ایکڑ زمین ھے - اتنی زمین سے حکومتی نظریہ کے مطابق اس کو خوشحال ھونا چاھئے - لیکن اس کا حشر کیا ھے - اس سلسلے میں چند اعداد و شمار ھاؤس کے سامنے پیش کرونگا اور بتاؤنگا کہ ان لوگوں کی آمدنی اور اخراجات کی کیا صورت حال ھے -

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۹۵۲-۵۳ | میں | اوسط پیداوار | ۱۰ من فی ایکڑ |
| ۱۹۵۴-۵۵ | | " | ۹۵۰ من فی ایکڑ |
| ۱۹۵۵-۵۶ | | " | ۹۶۴ " |
| ۱۹۵۶-۵۷ | | " | ۹۶۷ " |
| ۱۹۵۹-۶۰ | | " | ۱۰۶۷ " |
| اور ۱۹۶۰ | | " | ۹۶۲ " ھے - |

یہ جو ۸۰ فیصد آبادی دیہاتوں میں ھے اس میں سے ۸۰ فیصد آبادی کاشتکاروں پر مشتمل ھے ان پر یہ عارضی ٹیکس لگانا کوئی دانشمندی نہیں -

ایک وکیل کی حیثیت سے میں یہ arguments دے کر ثابت کرنا چاہتا ہوں کہ ہماری حکومت نے اپنی پالیسی کو صدر ایوب کی پالیسی کے مطابق بنانے کی بجائے اس کے منشور کی منفی کی ہے ۔ یہ ٹیکس براہ راست عوام پر ہیں ۔ یہ متوسط درجہ کے لوگوں پر نہیں اور میں آپ کے نظریہ کو تسلیم کرنے کو تیار نہیں ہوں ۔

جناب والا ۔ پچھلی بار اپنی تقریر کے دوران وزیر خزانہ نے calculate کرکے رقم بتائی تھی ۔ ان کی oral تقریر میں تو شاید ہو گی لیکن کم از کم کسی لٹریچر میں مجھے نظر نہیں آئی ۔ کہ اس رقم کی کس قدر مقدار ہو گی۔

جناب والا ۔ مجھے اس ٹیکس پر اعتراض نہ ہوتا اگر آپ کسی قسم کی تعلیمی سہولتیں یا طبی سہولتیں اس معقول حد تک عوام کو دیتے جس حد تک عوام اپنی ضروریات کو محسوس کرتے ہیں ۔ پھر آپ نے جو ریلوے کے متعلق surcharge لگایا ہے اور اپنے نظریہ کے مطابق اسے calculate کیا ہے قبل اس کے کہ میں اپنے خیالات کا اظہار کروں میں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ ریلوے عوام سے کرایہ پر جو ۵ فیصد surcharge وصول کرے گی ۔ اس سے ۲۶۷ کروڑ کا اضافہ ہو گا ۔ اس کے علاوہ انہوں نے ہر ٹکٹ پر مزید اضافہ کیا ہے خواہ وہ ٹکٹ کسی قیمت کا ہو ۔

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ کلاس کے ٹکٹ پر | .. | ۵۰ پیسے |
| سیکنڈ کلاس کے ٹکٹ پر | .. | ۲۵ پیسے |
| انٹر کلاس کے ٹکٹ پر | .. | ۱۲ پیسے |
| تھرڈ کلاس کے ٹکٹ پر | .. | ۶ پیسے |

یعنی اگر کوئی شخص لاہور سے شاہدرہ جائے اور فرسٹ کلاس کرایہ ایک روپیہ ہو تو آپ اس سے ڈیڑھ روپیہ چارج کرینگے ۔ یہ معلوم نہیں ہو سکا کہ آپ نے کس پیمانہ سے اور کس طریقہ سے اور کس حساب سے یہ ٹیکس لگایا ہے ۔ اور یہ کس طرح calculate ہو سکتا ہے ۔ اگر کوئی شخص لاہور سے کراچی جائے تو بھی فرسٹ کلاس کے ٹکٹ پر ۵۰ پیسے یا گوجرنوالہ جائے جب بھی فرسٹ کلاس کے ٹکٹ پر ۵۰ پیسہ — سیکنڈ کلاس کے

ٹکٹ پر ۲۵ پیسے — انٹر کلاس کے ٹکٹ پر ۱۲ پیسے اور تھرڈ کلاس کے ٹکٹ پر ۶ پیسے کے حساب سے دینا ہوگا ۔

اب میں freight کے متعلق یہ عرض کروں گا کہ اس میں ایک فیصد سے بڑھا کر ۲ فیصد کر دیا ہے ۔ جس طریقہ سے آپ نے یہ اضافے کئے ہیں یہ کسی طرح بھی cal culate نہیں ہو سکتے ۔

اگر میں یہ کہوں کہ لاکھوں یا کروڑوں روپے عوام کی جیب سے چلے جائیں گے تو یہ over all ۵ فیصد کرایہ میں اضافہ سے بھی بڑھ جائیں گے اور پھر میرے خدشات بے جا نہیں ہونگے ۔

جناب والا ۔ ایک دو مثالیں اور دے کر میں اپنی تقریر ختم کر دونگا ۔

میں یہ عرض کر رہا تھا کہ آپ نے ملک کے ۸۰ فیصد کاشتکاروں پر جو براہ راست ٹیکس لگایا ہے اس سے آپ کے طریق کار میں مجھے تضاد نظر آتا ہے ۔ جو لوگ شہروں میں رہتے ہیں انہیں آپ نے Income tax free holiday دیا ہے ۔

پھر ہم نے ۶ ہزار روپے کی ایک حد اور تعداد مقرر کر رکھی ہے ۔ جس پر نچلی سطح کے لوگوں پر ہم ٹیکس لگاتے ہیں لیکن مالیہ پر ہم remission نہیں دیتے اور سر چارج لگا کر یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ صدر ایوب کے منشور کے مطابق ہم ٹیکسوں کا نفاذ کر رہے ہیں میں سمجھتا ہوں کہ یہ بے انتہا بے انصافی ہے ۔

جناب والا ۔ آپ ملاحظہ فرمائیں کہ کس بری طرح سے اور کس برے طریقے سے taxes لگائے گئے ہیں ۔ میں آپ کی خدمت میں قبل اس کے کہ ان taxes کی ہسٹری پیش کروں یہ بتادوں کہ پہلے لپٹن کی چائے والوں نے ہم لوگوں کو فری چائے بانٹنا شروع کی تھی اور اس کے بعد پھر ہم لوگوں کو عادی کر دیا اس طرح فائننس منسٹر صاحب نے لوگوں کو پہلے ٹیکس کا عادی کیا .....

**وزیر خزانہ** (شیخ مسعود صادق): اللہ کرے عادی ہو جائیں اور ٹیکس کا payment کر دیں ۔

**ملک محمد اختر**—جناب والا ۔ میں اپنے فائننس منسٹر صاحب سے معذرت کرتے ہوئے یہ عرض کرتا ہوں کہ میرے پاس ۱۹۵۹ء کی فائننس بل کی کتاب موجود ہے اس کے صفحہ ۷۳ پر فرسٹ کلاس کے جو سینما ہیں ان پر ۱۹۵۹ء میں ۲۵۰ ٹیکس تھا اب ایک ہزار تجویز کیا گیا ہے ۔ سیکنڈ کلاس کے لئے ۱۹۵۹ء میں ۲۵۰ روپے سے شروع ہوا تھا اب ۵۰۰ روپے تجویز ہوا ہے ۔ تیسرے کلاس کے سینما پر اب ۱۰۰ روپے ہے یہ ۱۹۵۹ء میں ۲۵ روپے سے شروع ہوا تھا ۔ ہمارے فائننس منسٹر صاحب بڑے قابل ہیں ۔ بڑے مدبر ہیں ۔ یہ صرف ترقی دکھا دیتے ہیں تا کہ عوام چیخ پکار نہ کریں اور ٹیکس بھی بڑھائے چلے جا رہے ہیں کیا یہ آنکھوں میں دھول ڈالتے ہیں جب یہ کہتے ہیں کہ یہ ٹیکس صرف ایک سال کے لئے بڑھایا ہے اور جیسا کہ میں نے عرض کیا کہ یہ اپنے فن کے ماہر ہیں جب تمام ٹیکسوں کی رپورٹ دیتے ہیں تو کہہ دیتے ہیں کہ یہ ٹیکس continue نہیں کر رہے ہیں ۔ جناب اس کے بعد مجھے ایک اور مثال دینا ہے اور وہ یہ کہ موٹر vehicles پر ۱۹۵۹ء میں ۲۵ روپیہ ٹیکس تھا جو صفحہ ۱۸۶ پر ہے اس کے بعد ایسی موٹر vehicle پر جو plying for hire and licenced to carry more than eight persons ہیں ٹیکس ۵۰ روپے کر دیا گیا ہے لیکن originally یہ ٹیکس ساڑھے بارہ روپے تھا ۔

مجھے اس کے بعد اس بل کے اصولوں پر اختلاف ہے جیسا کہ میں نے دفعہ ۱۲ میں بار بار کہا ہے اور اب میں دفعہ ۱۰ کے متعلق عرض کروں گا ۔ اس میں جو اصول ہے وہ نہایت ہی غلط ہے اس کو انہوں نے سول کورٹ کے jurisdiction سے debar کر دیا ہے ۔

جناب والا ۔ ویسے میں خان حبیب اللہ خان صاحب کا بہت احترام کرتا ہوں اور وہ قابل احترام ہیں اور میں کوشش کرتا ہوں کہ ان کی مرضی کے مطابق بات کروں

لیکن تھوڑا بچ کر اور ایک برخوردار ہونے کی حیثیت سے اگر وہ اجازت دیں تو یہ بات کہہ دوں یہ اس ملک کی irony of fate ہے کہ قائد ایوان کا جوڈیشل محکمہ سے تعلق ہوتے ہوئے بھی یہ جو قانون لاتے ہیں اس کو ہائی کورٹ کی jurisdiction سے debar کر دیتے ہیں - جناب والا - مجھے یہ کہنا پڑتا ہے کہ ان کی functions اور ہیں اور میری functions اور ہیں- ہاں مجھ کو ان سے یہ توقع ہے کہ وہ اس کو personally نہ لینگے - وہ میرے لئے نہایت ہی احترام کے قابل ہیں وہ دانشمند اور اچھے politician ہیں - لیکن یہ اصولی اختلاف ہے اور میں ان سے مودبانہ گذارش کرتا ہوں کہ اصولوں پر کبھی compromise اور negotiations نہیں ہوتیں - وہ میرے بھائی ہیں وہ مجھ کو کسی قسم کا حکم دیں میں اس کی تعمیل کروں گا لیکن خدارا آپ مجھ سے یہ توقع نہ کریں کہ میں آپ سے کسی اصول پر سمجھوتہ کر لوں - اصول اصول ہے ان کا اپنا کام ہے اور میرے کام اپنے ہیں -

**Mr. Speaker** : The Member may please be relevant to the Finance Bill.

**Minister of Revenue** : Are you discussing the Land Revenue Bill or the Finance Bill ?

**Malik Muhammad Akhtar** : Finance Bill.

تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ میرے جو کام ہیں وہ میں کروں گا -

**Minister of Revenue** : How do I come into the picture ?

میں تو اس میں نہیں ہوں -

**ملک محمد اختر**—جناب نمبر ۱۰ - آپ کے متعلق ہے -

**Minister of Basic Democracies** : He is discussing the Revenue Minister.

**مسٹر محمود اعظم فاروقی**—جناب والا - نمبر ۱۰ قائد ایوان کے متعلق گستاخی ہے (قہقہہ) -

**Mr. Speaker** : He means clause 10.

**وزیر بنیادی جمہوریت**(میاں محمد یاسین خان وٹو) : حمزہ صاحب کو یہ سیٹ تبدیل کر لینا چاہئے -

**ایک ممبر**—کیا حمزہ صاحب کا یہ اثر ہے ؟

مسٹر حمزہ—حمزہ کا اثر تو سارے مغربی پاکستان پر ہے۔

ملک محمد اختر—جناب سپیکر۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ کلاز ۱۰ کو سول کورٹ کی jurisdiction سے debar کر دیا گیا ہے کیا ہی اچھا ہو کہ قائدہ ایوان اس نالائق آدمی کی بات کو مان لیں کہ سول کورٹ کی jurisdiction پر یہ جو embargo لگایا جا رہا ہے یہ نہ لگایا جائے اور اس کلاز کو حذف کر دیا جائے اور مانا نہ جائے۔

حضور والا—اب میں اپنی تقریر ختم کرتے ہوئے یہ عرض کروں گا کہ میرے نقطہ نظر کے مطابق ہمارے taxation کا جو structure ہے زیادہ آمدنی دے رہا ہے اور اس مطابقت کے ساتھ آمدنی بڑھنی چاہئے تھی جتنی ہماری آبادی بڑھی ہے۔ لیکن اس کے بر عکس اگر آبادی ڈیڑھ گنا یا دو گنا بڑھی ہے تو ہماری انکم جیسا کہ اعداد و شمار ظاہر کرتے ہیں پچھلے دس سالوں میں تین سو فیصد بڑھ گئی ہے۔ تو حکومت ٹیکس لگانے کی پالیسی پر عمل پیرا ہو رہی ہے یہ غلط ہے (۲) آپ نے اور آپ کے ساتھ میں بھی تھا۔ عوام سے وعدہ کیا تھا کہ taxes صدر ایوب کے منشور کے ہونگے لیکن اب یہ دیکھا جا رہا ہے کہ یہ taxes صدر ایوب کے منشور کے مطابق نہیں رکھے گئے ہیں۔ آپ نے عوام پر بہت بوجھ لاد دیا ہے۔ اور بہت arbitrary اختیارات اصل کر لئے ہیں دفعہ ۱۲ جسے میں امرت دھارا کہوں گا لاء ڈیپارٹمنٹ نے اس میں شامل کر دیا ہے اور فائننس بل کو قانون کی زد سے بچانے کے لئے نوٹیفیکیشن کرکے اس سے علیحدہ کر دیا ہے۔ جس کو میں تسلیم کرنے کے لئے تیار نہیں ہوں۔ نمبر (۳) یہ اعتراض ہے کہ آپ نے اس کو سول کورٹ کے jurisdiction سے debar کر دیا ہے۔

مسٹر حمزہ(لائل پور۔ ۶) : جناب والا۔ فائننس بل کا مقصد فائننس بل کے آخر میں بیان کیا گیا ہے حکومت کی طرف سے یہ فرمایا گیا ہے کہ انہیں محکمہ صحت، مواصلات اور آبپاشی کی سکیموں کو بروئے کار لانے کیلئے اور ایسے اخراجات پورے کرنے کیلئے ان رقوم کی ضرورت پڑی ہے۔ جناب سپیکر۔ میں نے بجٹ کی عام بحث میں یہ عرض

کیا تھا کہ حکومت مغربی پاکستان امن و امان قائم رکھنے میں جو کہ کسی بھی حکومت کا فرض اولین ہوتا ہے بری طرح ناکام ہوئی ہے۔

**Mr. Speaker :** The House is adjourned for 20 minutes for Tea Break.

*The Assembly then adjourned for twenty minutes.*

*The Assembly met at 11-00 a.m. Mr. Speaker, in the Chair*

**Mr. Speaker :** Yes, Mr. Hamza.

**مسٹر حمزہ**—جناب سپیکر۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ حکومت مغربی پاکستان امن عامہ قائم رکھنے میں بہت بری طرح ناکام رہی ہے اور اس پر طرہ یہ کہ جب ہم اس ایوان میں اس صورت حال کے متعلق توجہ دلاتے ہیں تو ہمیں یا تو ہندوستان کے حوالے دیئے جاتے ہیں یا یہ کہہ کر ٹال دیا جاتا ہے کہ آبادی اتنے فیصد بڑھی ہے اور جرائم کی رفتار آبادی کے مقابلہ میں کم ہے

جناب سپیکر۔ میں جناب وزیر مالیات کی خدمت میں عرض کر دوں کہ جرائم کے متعلق اعدادو شمار جو محکمہ پولیس کی طرف سے مہیا کئے جاتے ہیں ان کے متعلق قبل ازیں بھی اس ایوان میں کہا تھا۔ جب اس ایوان میں میرے علاقہ کے مویشیوں کے سرقہ کی وارداتوں کے متعلق اعدادو شمار دیئے گئے تھے کہ وہ اعداد و شمار جو پولیس نے فراہم کئے تھے ان سے سو گنا زیادہ چوریاں ہوئی ہیں۔ وہ اعداد شمار جو آپ اس ایوان میں پیش کرتے ہیں وہ صحیح صورت حال کی عکاسی نہیں کرتے۔

**Mr. Speaker :** The Member may please be relevant to the Finance Bill.

**مسٹر حمزہ**—جناب سپیکر۔ مجھے اس فنانس بل پر یہ اعتراض ہے کہ میرے نزدیک حکومت جن مقاصد کیلئے یہ رقومات حاصل کرنا چاہتی ہے وہ ان مقاصد کو پورا نہیں کرتی اس لئے اس کو یہ محصولات عائد کرنے کا کوئی حق نہیں ہے۔

**Mr. Speaker :** This is a first reading and the Member should discuss the principle of the Bill.

**مسٹر حمزہ**—جناب سپیکر۔ پرنسپل پر بحث کرتے ہوئے مجھے یہ حق حاصل ہے کہ جن مقاصد کیلئے ٹیکس لگائے جا رہے ہیں ان کے بارے میں عرض کروں۔ اگر آپ کا مقصد یہ ہے کہ میں اس کلاز بائی کلاز زیر بحث نہ لاؤں تو بل کے اصولوں پر بحث کرتے وقت میرے لئے لازم نہیں ہے .....

**مسٹر سپیکر**—principles پر بحث کرتے ہوئے جو principles reading میں ہیں وہی discuss کئے جائینگے ۔ اس discussion میں اگر آپ کوئی اپنا argument دینا چاہیں تو آپ اپنا argument دے سکتے ہیں اس سٹیج پر principles کی وضاحت کرنا اور principle کو discuss کرنا ضروری ہے ۔

**مسٹر ھوزہ**—جناب سپیکر ۔ اس کی جب دوسری reading آئے گی اس وقت میں پھر بحث کروں گا ۔

**مسٹر سپیکر**—جی ہاں ۔ جب third reading آئے گی ۔

Yes. Mr. Farooqi.

**مسٹر محمود اعظم فاروقی**(کراچی ۔ ۸) : جناب سپیکر ۔ یہاں ہر سال کی طرح ۱۹۶۶-۶۷ء کیلئے وزیر مالیات صاحب نے فائننس بل پیش کیا ہے اس کے بارے میں اگر میں یہ عرض کروں کہ یہ نقل کا بہترین نمونہ ہے تو یہ بے جا نہ ہو گا ۔ فنون لطیفہ میں فن مصوری کا کمال یہ سمجھا جاتا ہے کہ کسی شخص کی تصویر کی نقل پوری کی پوری اتاری جائے ۔ اگر قانون سازی کی نقل کرنا بھی کوئی کمال ہوتا تو میں سمجھتا ہوں کہ شیخ مسعود صادق صاحب اس کمال کے ماہر فن قرار دیئے جاتے ۔ اس بل میں ۱۳ کلازز ہیں اور اس میں ہر کلاز سابقہ بلوں کی کلازوں کی لفظ بلفظ نقل ہے ۔ جناب والا ۔ میں عرض کروں گا اگر قانون سازی صرف نقل کا نام ہے تو اسکے لئے اتنی بڑی تنخواہیں پانے والا عملہ کی اور کوٹھیوں میں رہنے والے وزرا کی کیا ضرورت ہے ۔ یہ کام تو ایک لوئر ڈویژن کلرک بھی کر سکتا ہے جسکو سو یا سوا سو روپیہ تنخواہ ملتی ہے ۔ وہ بھی یہ چیزیں نقل کر کے ایوان میں پیش کر سکتا ہے ۔ دراصل قانون سازی میں صرف یہی کمال نہیں ہے بالخصوص فنانس بل میں کہ عوام پر کسی نئے ٹیکس کا بوجھ نہ ڈالا جائے بلکہ پچھلے قانون کا اعادہ کرتے ہوئے یہ بھی دیکھنا ضروری ہے کہ جو ٹیکس پہلے سے ملک میں عائد ہے اس کا بار عوام برداشت کر سکتے ہیں یا نہیں ۔ آپ کو یاد ہو گا کہ گذشتہ سال اسی زمانے میں جب ۱۹۶۵-۶۶ء کے فنانس بل پر بحث ہو رہی تھی تو میں نے وزیر مالیات صاحب کی خدمت میں عرض کیا تھا کہ کراچی میں inland water میں کشتیوں کو چلانے والے لوگوں سے اور انکے کرایہ اور انکے سامان پر جو ٹیکس لگایا گیا ہے وہ گو میں جانتا ہوں کہ یہ ٹیکس کئی سال

پرانا ہے ۔ لیکن اسکے باوجود میں نے عرض کیا تھا کہ یہ لوگ چھوٹے چھوٹے گاؤں سے شہروں میں اپنے دن بھر کی محنت کو فروخت کرنے کے لئے آتے ہیں اور پھر وہ اپنی محنت کو بہت کم قیمت پر فروخت کر کے اپنے لئے سامان زندگی لیکر شام کو گاؤں چلے جاتے ہیں ۔ ان کے کاروبار کا تقاضا یہ ہے کہ صبح و شام ان کشتیوں کے سفر سے استفادہ کریں اس ضروری سفر کے اوپر یہ ٹیکس عائد کرنا میرے نزدیک یہ عوام کی حالت سے ملک کے لوگوں کی حالت سے کہ جن پر ٹیکس کا بار پڑتا ہے ۔ ان کی ضروریات اور مفادات سے صریح بے خبری ہے ۔ اور در اصل آپ کو بیخبر ہونا بھی چاہئیے ۔ اس لئے کہ آپ عوام کے نمائندے نہیں ہیں ۔ جو لوگ محلات میں بیٹھ کر نوکر شاہی کے ذریعے ملک پر حکومت کرتے ہیں ۔ ان کے بارے میں یہ خوش فہمی رکھنا کہ وہ عوام کے حالات سے با خبر ہوں گے ۔ یہ توقع رکھنا ہی بیکار ہے ۔

جناب والا ۔ اس بل کے اغراض و مقاصد میں جو کچھ کہا گیا ہے ۔ یعنی یہ کہ اس صوبے میں گذشتہ ٹیکسوں کا اعادہ کیا جا رہا ہے ۔ اور ملک میں صحت ، تعلیم اور عوامی فلاح و بہبود کے اخراجات کو پورا کرنے کے لئے ۔ میں سمجھتا ہوں ۔ کہ اس سے زیادہ غلط بیانی شاید دنیا میں اور کوئی ممکن بھی نہیں ہے ۔ جس صوبے کی ایک ارب ستر کروڑ روپے کی آمدنی میں سے ستائیس کروڑ روپے نظم و نسق پر خرچ کئے جاتے ہوں ۔ اور صرف چھ یا سات کروڑ روپے صحت عامہ پر خرچ کئے جاتے ہوں تو اس فنانس بل کے بارے میں یہ کہنا کہ ہم عوام سے ٹیکس اس لئے وصول کرتے ہیں کہ اس سے انکی صحت ، تعلیمی حالت اور فلاح و بہبود کا خیال رکھیں گے ۔ میں یہ کہوں گا ۔ کہ یہ جھوٹ نہیں ہے تو اور کیا ہے ۔ اگر آپ ٹیکس عوام کی صحت ۔ تعلیم اور فلاح و بہبود پر خرچ کرنے کے لئے حاصل کرتے .....

**وزیر خزانہ**—پوائنٹ آف آرڈر—جناب والا—لفظ " جھوٹ "، غیر پارلیمانی ہے ۔ ویسے تو گالیاں بھی دیں تو ہم سننے کے لئے تیار ہیں ۔

**Mr. Speaker :** Yes, it is unparliamentary.

**مسٹر محمود اعظم فاروقی**—اگر آپ اردو نہیں سمجھتے ۔ اور عربی سمجھتے ہوں ۔ تو آپ کی مرضی ہے میرا مقصد تھا کہ اس سے زیادہ غلط بیانی کیا ہو سکتی ہے ۔ جناب والا ۔ میں یہ عرض کر

رہا تھا کہ آپ کے ہاتھ میں حکومت کا اختیار ہے آپ کو اس بات کا اختیار حاصل ہے کہ جس طرح کا ٹیکس اور جس طرح سے آپ چاہیں - لوگوں سے وصول کریں - لیکن آخر آپ کو یہ مشورہ کس نے دیا ہے اور آپ اس کی صحیح صورت حال عوام کے سامنے کیوں پیش نہیں کرتے - آپ لوگوں کو یہ کیوں نہیں بتاتے ہیں کہ پولیس کے اخراجات پورے کرنے کے لئے اور سول ملازمین کے اخراجات پورے کرنے کے لئے اور وزرا کے عالیشان محلات کی تعمیر کے لئے اور دوسرے انتظامی اخراجات کو پورا کرنے کے لئے آپ یہ ٹیکس وصول کرتے ہیں - آپ یہ کیوں نہیں کہتے - اور عوام کو غلط فہمی میں کیوں مبتلا رکھتے ہیں کہ آپ اس سے لوگوں کی صحت ، ان کی تعلیم اور مفاد عامہ کے کاموں کو بہتر بنانا چاہتے ہیں - آپ کو معلوم ہے کہ آپ اس ملک کی پوری آمدنی میں سے ۱۶۳۰ روپے سالانہ فی کس لوگوں کی صحت پر اور ۵۶۰ روپے پولیس اور انتظامی معاملات پر صرف کرتے ہیں - کیا لوگوں کو اپنی ضروریات اور بیماروں کو دوا سے زیادہ آپ کے پولیس کنسٹیبل کی ضرورت ہے پھر آپ کی پولیس اور انتظامیہ نظم و نسق پر قابو پانے کے لئے کوئی قابل قدر خدمات بھی انجام نہیں دے سکی - آپ کو معلوم ہے - کہ ملک میں جرائم کی وارداتیں بڑھ رہی ہیں - اغوا اور ڈکیتی کی وارداتیں بڑھ رہی ہیں باوجودیکہ کہ آپ اتنی کثیر رقم انتظامیہ پر خرچ کر رہے ہیں - میں یہ توقع کرتا تھا کہ جبکہ ریلوے نے اس سال اپنے کرایوں میں پانچ فیصد کا اضافہ کر دیا ہے تو آپ کو چاہئیے تھا کہ گذشتہ کئی سالوں سے ریل کے کرایوں پر آپ نے جو سرچارج لگایا ہوا ہے آپ اس کو واپس لے لیتے - سوال یہ ہے کہ یہ کہاں کا انصاف ہے کہ جب آپ کے صوبے کا عام بجٹ پیش ہو - جو ٹیکس پہلے سے لگا ہوا ہے - آپ اسے جاری رکھیں - اور کرایوں میں بھی مزید اضافہ کریں - اور اس طرح عوام پر روز بروز مزید بوجھ بڑھتا چلا جائے - کوئی بھی فنانس بل پیش کرتے وقت اور ٹیکس لگاتے وقت ، جو لوگ اس کے ذمہ دار ہیں - ان کا فرض ہے کہ وہ اس بات کا جائزہ لیں کہ کہاں کوشش کے باوجود عوام پر ٹیکس کا بوجھ بڑھ رہا ہے - جس کو کم کرنا چاہئیے - صرف یہ کہدینا کہ ہم نے کوئی نیا ٹیکس نہیں لگایا آپ کو مبارکباد کے مستحق نہیں بنا دے گا - آپ مبارکباد کے مستحق اور صحیح تحسین و آفرین کے مستحق اس وقت ہوتے جب آپ موجودہ ٹیکسوں کا

جائزہ لیتے ۔ کہ کونسے ٹیکس عوام کے مفاد کے خلاف ہیں ۔ اور کیسے ان میں کمی کی جا سکتی ہے ۔ جناب والا ۔ ایک طرف تو آپ یہ کہتے ہیں کہ ہم ٹیکس تعلیم کے لئے وصول کر رہے ہیں اگر آپ کو تعلیم کے مسئلہ میں دلچسپی ہوتی تو اس کے متعلق آپ کا وہ طرز عمل نہ ہوتا جو کہ ہے ۔ میں زیادہ تفصیل میں نہیں جاؤنگا ۔ صرف چند جملے سترہ جون کے "جنگ" سے آپ کی خدمت میں کچھ پیش کرونگا ۔ جس سے شاید آپ کو اس ایوان کو اور اس ملک کے عوام کو اندازہ ہو سکے گا کہ جو ٹیکس آپ تعلیم کے نام پر وصول کرتے ہیں ۔ وہ آپ کہاں پر صرف کرتے ہیں ۔ "اس میں شبہ نہیں کہ حکومت مغربی پاکستان نے آئندہ مالی سال کے صوبائی بجٹ میں نئے ٹیکس نہ لگا کر عوام سے داد و تحسین وصول کی ہے ۔ مگر جیسا کہ ہم نے پہلے بھی کہا ہے ۔ کہ تعلیم کے مصارف میں بتدریج کمی کا رجحان بیحد تشویشناک ہے ۔ کراچی کی تعلیمی ضروریات کے لئے جو رقوم گذشتہ بجٹ میں رکھی گئی تھیں ۔ اس مرتبہ ان میں تقریباً پچاس فیصد کی کمی کر دی گئی ہے ۔ حالانکہ کراچی میں تعلیم بڑھتی جا رہی ہے"۔ یہ پاک خبر کا حوالہ کراچی کی تعلیم کے بارے میں تھا ۔ کراچی کے تعلیمی اداروں میں سب سے بڑے حاکم اعلیٰ جس کو حکومت نے متعین کیا ہوا ہے ۔ وہ یہ فرماتے ہیں ۔

"At present there are 200 recognized secondry schools including 63 Government schools, and about 40 higher secondry inter Colleges in Karachi. There are at least 250 un-recognised and registered, privately managed and privately owned schools, but the conditions obtaining in these institutions are generally most unsatisfactory. The students get 'schooling at a highly competitive cost, the staff is unqualified, accommodation inadequate, standard low, keeping in view more increasing population of this town, atleast 600 suitable secondary schools, housed in commodious rooms and atleast 60 colleges are required".

کراچی کی تعلیمی حالت پر یہ تبصرہ کسی سیاسی جماعت کے کارکن کا نہیں ہے ۔ کسی اخبار کے ایڈیٹر کا نہیں ہے ۔ بلکہ خود آپ ہی کے مقرر کئے ہوئے تعلیمی اداروں کے سب سے بڑے سربراہ کا تبصرہ ہے ۔ کہ جب تعلیمی اخراجات میں حکومت کمی کرتی جا رہی ہے ۔ نئے سکول کھولے نہیں جا رہے ۔ اور پرانے سکولوں میں جگہ نہیں ہے ۔ اساتذہ نہیں ہیں ۔ سائنس کا سامان نہیں ہے ۔ تعلیم کی کوئی سہولت مہیا نہیں ہے ۔ تو پھر آپ کو اپنے فنانس بل میں یہ کہنے کا کیا حق ہے کہ ہم ملک کے اس حصے پر جو ٹیکس لگا رہے ہیں ۔ وہ تعلیمی اخراجات پورے کرنے کے لئے لگا رہے ہیں ۔ آپ کو اس بات کے کہنے میں کیوں شرم محسوس ہوتی ہے ۔ آپ کیوں عوام کے سامنے اپنا چہرہ بے نقاب نہیں

کر رہے - آپ عوام کو یہ کیوں نہیں بتاتے - کہ ہم ٹیکس لگا رہے ہیں - انتظامیہ کے اخراجات پورے کرنے کے لئے ہم ٹیکس لگا رہے ہیں - اپنے عیش اور تعیش کے لئے عوام کی صحت اور تعلیم کے لئے نہیں -

جناب والا - میں آخر میں ملک محمد اختر صاحب کی بات کا اعادہ کروں گا کہ آپ نے حسب معمول اس بل میں بھی لوگوں کو عدالتوں کے پاس جانے کے اختیارات محدود کئے ہیں - میں آپ سے پوچھتا ہوں - کہ عدالتیں جن کو آپ نے مقرر کیا ہوا ہے - عدالتیں جن کے حاکم اعلیٰ خود آپ کے ہی نمائندے ہیں - آخر آپ ان سے اس طرح کیوں خائف ہیں - آپ کیوں ہمیشہ ایسا ہی سمجھتے ہیں کہ عدالتیں آپ کے خلاف فیصلہ دیں گی - دراصل آپ کے ذہن میں یہ تصور کام کر رہا ہے - اس لئے کہ آپ جانتے ہیں کہ آپ لوگوں کے ساتھ بے انصافی کر رہے ہیں - جو شخص اس بات سے مطمئن ہو کہ وہ اپنے ملک کے رہنے والوں کے ساتھ انصاف کر رہا ہے - اس کو کسی بھی عدالت میں جانے سے خوف نہیں ہو سکتا - اسے کبھی کسی عدالت میں پیش ہونے سے ڈر محسوس نہیں ہو سکتا اسے کبھی اندیشہ نہیں ہو سکتا - کہ جب اسکا اور عوام کا کا معاملہ کسی عدالت میں پیش ہو تو فیصلہ اس کے خلاف ہوگا - بشرطیکہ اس کا دل مطمئن ہو - لیکن آپ تو عدالتوں کے اختیارات اس لئے محدود کررہے ہیں کہ آپ اس کے کانٹے کی چبھن کو محسوس کر رہے ہیں جو آپ عوام سے بے انصافی کرتے رہے ہیں - آپ اسی لئے بچنا چاہتے ہیں - آپ اسی لئے قانون کا تحفظ لیکر عدالت میں جانے سے بچنا چاہتے ہیں اور عوام کی حق تلفی کرکے اپنے آپ کو قانون کی گرفت سے بچانا چاہتے ہیں - میں اسکی تفصیل اسکی دوسری خواندگی کے وقت عرض کروں گا - لیکن اگر ممکن ہو تو آئندہ کے لئے فنانس بل پیش کرتے وقت یا کوئی نیا ٹیکس لگاتے وقت یا کسی پرانے ٹیکس کو زندگی بخشتے وقت کم از کم ہم سے معلوم کر لیا کریں کہ عوام کی حالت کیا ہے اور عوام کی مشکلات کیا ہیں -

Mr. Speaker : Mr. Munawar Khan.

**Mr. Munawar Khan** (Bannu-I): Mr. Speaker, Sir, the introduction of the Finance Bill has been sufficiently thrashed out by my friends and I have one legal objection which I will point out to the Finance Minister, through you, and that is Clause 12 which reads—

> "Government may, by notification in the Official Gazette, make such omissions from, additions to, adaptations and modifications of, any West Pakistan Act as may be necessary for the purpose of the levy and collection of any tax imposed by this Act"

Now, there may be thousand and one Acts which might be affected by this clause which is so vague and which is so badly worded. At least a Schedule should have been attached to the Bill as to which are those Acts and which are the provisions of those Acts that would be affected by giving these vast and unlimited powers to the Executive that they can do or play with any provision in any manner they like. Laws, as we see, Sir, are enforced in Pakistan in two ways—either through Ordinance or bylegislation in this House. Now, for which Amendment, for which omission, for which addition and for which Act should we authorize the Executive to notify it by a notification just like the Lamp of Alladin and to turn the entire aspect of that Act. At least whoever drafted this Bill for Shaikh Sahib is not a practicing lawyer though he may be qualified as such. Whoever drafted it for you, at least you should have seen the legal and very serious lacunae in this clause of the Bill. This is a very serious flaw which I have pointed out to the Minister, through you, and he might reconsider, and he might try to attach that Schedule containing the list of those Acts which he intends to modify, add or substract so that we should discuss it, we should think over it and extend our advice, to him though that will be having absolutely no effect on him. Excuse me, Sir, for saying this.

My other submission is that I see a big disparity being observed in the allocation of funds between the various former Provinces and the Departments of those former Provinces. Inspite of that we are called upon to subscribe and support the ideas and views of the Minister as contained in the Budget Books. He has not applied his mind, there might be a motion against me for this, fully to this fact that Medical Colleges, Engineering Colleges and Law Colleges are kept separate in the Punjab University while in the former N.-W.F.P. these colleges are run together and jointly by that University and the grant is also a joint one. On the other hand we are asked to contribute more and more cesses for education and more and more taxes for repairing of mosques. There is always increase in the taxes. There are taxes very cleverly concealed in the budget books; though they obviously tell us that there is no further taxation. We are taxed by getting those huge loans. Who will be paying those huge amounts of loans? You will be again tomorrow taxing us for the payment of all those loans because we see that so far no such developments have been made, as they claim or as they allege, except in the Trust Papers. Every day they would give an article of their own version that so and so foreigner visited the country and gave the observation that Pakistanis were running higher up and up and up. Well, we, we live, here, we, who observe, we here who look into the things and we who are being present amongst the society, we see that the living condition of the public is deteriorating. Have you ever heard that a chicken is being sold at Rs. 15 or 16? We were having three chickens for one rupee in the past. What is the value? The value has gone down and still they want to tax those poor people. I need not reiterate but would submit that if the tax-payer can be exempted up to Rs. 6,000, plus expenses up to Rs. 200 per child who reads in a school, why there should be no exemption for those poor tenants, for those poor tillers of the soil who earn their livelihood very hardly with their own sweat of brow by ploughing in the land? Why there should be no exemption for them I have been repeatedly requesting, pointing out, directing and guiding but that has no effect and no influence whatsoever on you. Why these people should not be exempted? What is the reason? When they earn only Rs. 500, the entire produce up to Rs. 500 a year, they will be taxed while

the mill-owners and people of other vocations when they earn up to Rs.6,000, they can only be taxed in that way *plus* other concessions. I respectfully submit to you that please consider their plight and have pity on these petty tenants who are not having subsistence holding or who are only having subsistence holding up to hundred kanals because that can hardly give food and clothing to a family of four or five persons. So, this concession, as my learned friend Mr. Farooqi gave you in figures very clearly, would not affect the revenue of the State to a larger extent. It will be only to the tune of rupees one and half crore. You can forego that easily and win over the poor. I had been submitting, honourable Minister, win over these poor tillers of the soil, who live in a very shabby life. I wish you had been one of them to have a practical experience of that life. At least please go and see the conditions in which those poor people are living. Their cattle are tethered in the same hut under the same 'chappar' and the dung falls on their charpais. So how the lot of these poor people can be improved if the Minister is not going to excuse them from those few chips which he still demands from them in the shape of land revenue. Tax those industrialists and capitalists to the highest possible extent instead of the poor tenants who are not having sufficient income to meet their own daily necessities of life even. And regarding the other aspects, Sir, I will submit my views later on if I can impress the Finance Minister which I hope not.

**مسٹر سپیکر ۔ حاجی عطا محمد ۔**

**سردار حاجی عطا محمد** (خیرپور-۲) ۔ جناب سپیکر ۔ یہ جو فائننس منسٹر نے بل پیش کیا ہے فائننس کے لئے میں اس کی مخالفت کرتا ہوں اور نہ صرف مخالفت بلکہ پورے ہاؤس سے عرض کرتا ہوں کہ اس بل کو آپ نامنظور کر دیں کیونکہ اس بل میں جتنی بھی رقومات مانگی گئی ہیں وہ تمام علاقوں میں نظم و نسق، تعلیم، صحت اور تمام عوام کی بہبود کے لئے اور بھلائی کے لئے مانگی گئی ہیں ۔ مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ ہم سب لوگ چلا رہے ہیں پٹ رہے ہیں، اور اخباروں کے ذریعہ اور درخواستوں کے ذریعہ کہہ رہے ہیں لیکن حکومت کے کان اس طرف نہیں جاتے اور کوئی ٹس سے مس نہیں ہوتا ، جو کچھ انکا نظم و نسق ہے اس کو دیکھ کر مجھے شرم آتی ہے کہ میں ان کو شرم کے الفاظ سے پکاروں لیکن جب کوئی شخص مارا جاتا ہے تو پھر وہ شرم کے الفاظ استعمال کرنے سے بھی گریز نہیں کرتا ، لہذا میں کہتا ہوں کہ ان کو ایسا بل پیش کرنے کے لئے شرم آنی چاہئے ۔

جناب یہ جن علاقوں کے لئے پیسہ مانگ رہے ہیں وہاں غریب عوام جب رات کو سونے کے لئے جاتے ہیں تو وہاں انکو نیند نہیں آتی ہے ۔ اور ان کو ہر وقت بدمعاشوں سے

خطرہ رہتا ہے - سب سے بڑے بدمعاش وہاں پولیس کے سپاہی ہیں -

**مسٹر سپیکر** - حاجی صاحب کسی بل پر بحث کرنے کے لئے تین stages ہوتے ہیں - پہلا سٹیج وہ ہے کہ جبکہ عام بحث ہو رہی ہو اسکو فرسٹ ریڈنگ کہا جاتا ہے - دوسری ریڈنگ میں کلاز بائی کلاز جب اسکو لیا جائے اور جب کلاز بائی کلاز پیش ہو تو جب کوئی خاص کلاز پیش ہو جس پر آپ کو اعتراض ہو تو آپ بحث کر سکتے ہیں - اس وقت یہ سٹیج ہے کہ جن اصولوں پر اسے ڈرافٹ کیا گیا ہے، یا جو اصول اس بل میں دئے گئے ہیں ان پر بحث کی جائے - یا جن جن چیزوں کے لئے اس میں تجاویز پیش کی گئی ہیں ان پر بحث ہو سکتی ہے عام بحث میں جب جنرل بحث پیش ہوا تھا تو اس وقت آپ نے یہ ارشاد فرما دیا تھا لیکن اس وقت بہتر یہ ہوگا کہ اس بل کے اصولوں پر بحث کیجئے -

**مسٹر محمود اعظم فاروقی** - پوائنٹ آف آرڈر - میں یہ جاننا چاہتا ہوں کہ بل کے اصول و مقاصد تو اس کے preamble میں دئے گئے ہیں اور اسکا اصل مقصد یہ ہے کہ ملک کی حالت کو بہتر بنانے کے لئے نظم و نسق ...

**مسٹر سپیکر**- نظم و نسق اس میں نہیں آتا ہے - اس میں ہیلتھ آتی ہے اور ایجوکیشن آتی ہے -

**سردار حاجی عطا محمد** - جناب میں سب سے پہلے امن و امان کے لئے استدعا کروں گا کیونکہ جبتک امن و امان نہیں ہے، ہمیں تعلیم نہیں چاہئے ہمیں صحت کے لئے کوئی انتظام نہیں چاہئے - ہمیں سامان نہیں چاہئے ہمیں رہنے کے لئے مکان نہیں چاہئے ہمیں صرف امن و امان چاہئے -

**مسٹر سپیکر**—حاجی صاحب یہ بحث کرنے کا یہ سٹیج نہیں ہے -

**مخدوم محمد شمس الدین گیلانی** - پوائنٹ آف آرڈر - خضاب پر بھی کوئی ٹیکس لگا ہے یا نہیں -

مسٹر سپیکر - یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے -

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - محکمہ تعلیم اور محکمہ صحت سے متعلق جو اغراض و مقاصد یا جو اس کے اصول بیان کئے گئے ہیں ، میں صرف ان کے بارے میں اپنی معروضات پیش کرنے لگا تو آپ نے فرمایا کہ تھرڈ ریڈنگ پر پیش کروں -

مسٹر سپیکر - میں نے یہ نہیں کہا میں نے یہ کہا تھا کہ ابھی فرسٹ ریڈنگ ہے جب بل کے اصول بحث میں آئیں تو اس وقت آپ ان کو ڈسکس کیجئے گا ، اس میں محکمہ تعلیم آ جاتا ہے بہتر یہ ہے کہ آپ تھرڈ ریڈنگ پر تقریر فرمائیے گا -

**Mr. Speaker** : Now I will put the question : The question is :

That the West Pakistan Finance Bill, 1966, be taken into consideration at once.

*The motion was carried.*

**Mr. Speaker** : Now we will take up the Bill clause by clause.

CLAUSE 2

**Mr. Speaker** : The question is:

That clause 2 stand part of the Bill.

*The motion was carried*

CLAUSE 3

**Mr. Speaker** : The question is :

That clause 3 stand part of the Bill.

*The motion was carried.*

CLAUSE 4

**Mr. Speaker** : Now we come to clause 4. Yes, Mr. Farooqi.

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی-۸) - opposed جناب والا - یہ کلاز ۴ سنیما پر ٹیکس سے متعلق ہے ہم یہ محسوس کر رہے ہیں کہ اس سلسلے میں حکومت کی پالیسی یہ ہے کہ صرف ٹیکس کی آمدنی کو بڑھانے کیلئے indiscriminate طور پر سنیما بنانے کی اجازت ملک میں دیجایا کرے - میں اس سلسلے میں دو مثالیں ایوان کے سامنے آپکے توسط سے پیش کرنا چاہتا ہوں - ابھی چند دن پہلے ایک فاضل ممبر نے حیدر آباد کے بارے میں بتایا تھا کہ وہاں سنیما مسجد کے قریب تعمیر کیا جا رہا ہے اور میں کراچی کی ایک مثال آپ کو دیتا ہوں یعنی ایک ایسی تنگ جگہ جہاں سے دو گاڑیاں بمشکل گذر سکتی ہوں - وہاں

حکومت نے سنیما تعمیر کرنے کی اجازت دیدی ۔ علاقہ کے لوگوں نے بے پناہ احتجاج کیا۔ تار بھیجے، پوسٹر نکالے، اخباروں میں اپنے بیانات نکلوائے منسٹروں کو approach کیا ، اسکے جواب میں بتایا یہ جاتا ہے کہ جس خاتون یا جس مالک کو سنیما بنانے کی اجازت دی گئی تھی اسنے چونکہ اسکی بنیاد کی تعمیر پر رقم صرف کر دی ہے ۔ اسلئے اب اسکو منسوخ نہیں کیا جا سکتا ہے۔ میں پوچھتا ہوں کہ وہ کیا وجوہات ہیں۔ ہمیں بتایا جائے اور وہ کیا حالات ہیں کہ فرد واحد کے مفاد کو علاقہ کے ہزاروں افراد پر ترجیح دیجاتی ہے اور اہمیت دیجاتی ہے اور آخر وہ کیا وجوہ ہیں کہ سنیما کی تعمیر ذاتی مفاد کیلئے اور ایک فرد کے لئے ذریعہ معاش مہیا کرنے کیلئے لوگوں کے اخلاق کو خراب کرنا زیادہ ضروری سمجھا گیا ہے ۔ بہ نسبت اسکے کہ علاقہ کے سارے لوگوں سینکڑوں اور ہزاروں عوام نے آپ کے پاس representation کے تار بھیجے مگر کچھ اسکا اثر نہیں ہوا۔ میں سمجھتا ہوں کہ اسکی صرف یہ وجہ ہے کہ آپ ٹیکس indiscriminate طریقہ سے حاصل کرنا چاہتے ہیں خواہ لوگوں کے اخلاق سنیما کے ذریعہ خراب ہوں خواہ عورتیں محلوں میں نکلنا چھوڑ دیں، لیکن سنیما کے ذریعہ ٹیکس کی آمدنی بڑھتی رہے ۔ یا پھر یہ ہے کہ اندرون خانہ کی کچھ ایسی باتیں ہیں جو ہمیں معلوم نہیں ہیں۔

**پارلیمنٹری سیکریٹری** (مسٹر عبدالقیوم)۔ پوائنٹ آف آڈر۔جہاں تک سنیما کی تعمیر کا تعلق ہے وہ کام روک دیا گیا ہے ۔

**مسٹر محمود اعظم فاروقی**۔ میں پارلیمانی سیکریٹری صاحب کی اس یقین دہانی کا مشکور ہوں اور امید کرتا ہوں کہ شاید goodsense prevail کر جائے اور لوگوں کے مفاد کو ایک فرد واحد کے مفاد سے زیادہ عزیز سمجھا جائے۔

**پارلیمنٹری سیکریٹری**۔ میں عرض کر رہا تھا کہ اجازت تو پلاٹ کی مل گئی تھی، لیکن جہاں تک سنیما کی تعمیر کا سوال ہے اس کا روکنا ہمارے زیر غور ہے ۔

**مسٹر محمود اعظم فاروقی**۔ بہت شکریہ ۔

**Mr. Speaker**: I will now put the question.

The question is:

That clause '4' stand part of Bill.

*The motion was carried.*

CLAUSE 5

**Mr. Speaker :** The question is:

That clause '5' stand part of the Bill.

*The motion was carried.*

CLAUSE 6

**Mr. Speaker :** Now we come to clause 6. Yes, Mr. Farooqi.

**مسٹر محمود اعظم فاروقی** (کراچی - ۸)- جناب والا میں اس کلاز کے بارے میں ابھی عرض کر چکا ہوں کہ کشتیوں کے مسافروں کے اوپر اور باربرداری کے اوپر یہ سرچارج غیر منصفانہ ، ناعاقبت اندیشانہ اور حالات سے شدید بے خبری کا نتیجہ ہے ان لوگوں کے لئے ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا ناگریز ہے خصوصاً ان حالات میں جبکہ وہ اپنا ذریعہ معاش حاصل کرنا چاہتے ہیں اور جبکہ کشتیوں کے علاوہ دوسری آمد و رفت کے ذرائع میسر نہ ہوں تو آپ کا ضروریات زندگی پر اور سفر کے اوپر ٹیکس لگانا اور سرچارج لگانا یہ عوام کے ساتھ صریحاً زیادتی ہے اور میری درخواست ہے کہ یہ ٹیکس ان پر نہ لگایا جائے اور یہ کہنا کہ برسوں سے یہ جاری تھا یہ اس کی کوئی وجہ جواز نہیں ہے کہ اس کو جاری رکھا جائے — آپ ہمیشہ یہی فرماتے ہیں کہ پچھلے بد نام سیاست دانوں نے اس کو جاری کیا تھا جو آپ کے کہنے کے مطابق ملک کے دشمن تھے اور ملک کے بہی خواہ نہ تھے ، مگر آپ تو رفاہی حکومت کے دعوی دار ہیں اور جب آپ خود اس بات کے دعویدار ہیں کہ آپ ملک کے لوگوں کی فلاح و بہبود کے لئے انتظام کرنا چاہتے ہیں تو مجھے بتائیے کہ اس ٹیکس کے لئے کیا وجہ جواز ہے — یا تو آپ مجھے اس کی وجہ جواز بتلائیں یا خوبصورتی کے ساتھ آپ خود ہی اس کو واپس لے لیں تا کہ عوام آپ کے مشکور ہوں اور بالخصوص کراچی کے غریب باشندگان کو آپ کا شکریہ ادا کرنے کا ایک موقع مل سکے ۔

**پارلیمینٹری سیکریٹری** (مسٹر عبدالقیوم ) - میرے خیال میں فاروقی صاحب کا اشارہ ان کشتیوں کی طرف ہے ۔ جو کیماڑی سے منوڑہ تک جاتی ہیں اور بہت سے لوگ ایسے ہیں جو navy سے تعلق رکھتے ہیں — اور ان کی اپنی launches

ھیں اور اس کے علاوہ دوسرے لوگ جو کراچی سے منوڑہ تک جاتے ھیں وہ سیر و تفریح کے لئے جاتے ھیں - غریب لوگوں کی آبادی نہیں - تو سیر و تفریح کے لئے اگر کوئی ٹیکس لگایا جائے تو میں خیال کرتا ھوں کہ اس میں کوئی زیادتی نہیں ھے -

**Mr. Speaker :** The Member can reply on a point of a personal explanation.

**Mr. Mahmood Azam Farooqi:** I would like to reply.

**Mr. Speaker:** There is no right of reply. The Member can say something as a matter of personal explanation and this would be his point of personal explanation.

**مسٹر محمود اعظم فاروقی**—جناب والا - میں نے یہ عرض کیا تھا بلکہ اپنی معروضات پیش کی تھیں کہ جن لوگوں پر یہ ٹیکس لگا رکھا ھے وہ لوگ بہت غریب ھیں اور یہ بات بالکل ایسی ھے جس سے کوئی شخص انکار نہیں کر سکتا اور جو اس سے انکار کرتا ھے اسے وھاں کے حالات سے خبر نہیں ھے - کراچی سے منوڑہ اور بھٹہ گاؤں اور بیشمار ایسی ایسی چھوٹی آبادیاں ھیں ، چھوٹے چھوٹے دیہات ھیں ، جو کہ منوڑہ کے ساتھ ملحق ھیں - جہاں ماھی گیر مچھلی پکڑ کر اپنی زندگی بسر کرتے ھیں اور دن بھر دھوپ کی تپش میں- سمندر کی گہرائیوں میں وہ مچھلیاں پکڑتے ھیں اور دن بھر کی روزی کو سستے داموں پر فروخت کرنے کے لئے شہر میں آتے ھیں اور پھر شام کو اپنی کمائی ھوئی تھوڑی سی آمدنی سے اپنی ضروریات زندگی ، اپنے بچوں کی ضروریات پوری کرنے کے لئے سامان لیکر واپس گاؤں چلے جاتے ھیں تو اس ٹیکس کی زد براہ راست ان ماھی گیروں پر پڑتی ھے — اس شہری آبادی کے لوگوں پر پڑتی ھے جو ان گاؤں میں رھتے ھیں —

**مسٹر سپیکر** - یہ ماھی گیروں کا Point of Personal Explanation ھے یا آپکا -

**وزیر بنیادی جمہوریت** (میاں محمد یاسین خاں وٹو) وہ ان کے کراچی کے پڑوسی ھیں — ( قہقہہ )

**Mr. Speaker** : I will now put the question.

The question is:

That clause 6 stand part of the Bill.

*The motion was carried.*

CLAUSE 7

**Mr. Speaker:** The question is:

That clause 7 stand part of the Bill.

*The motion was carried.*

CLAUSE 8

**Mr. Speaker:** The question is:

That clause 8 stand part of the Bill.

**Mr. Mahmood Azam Farooqi** : Opposed.

**مسٹر سپیکر** - فاروقی صاحب جس وقت میں کلاز کا نام لوں آپ اس وقت oppose کیا کیجئیے اس لئے کہ جب میں کلاز کا نام لیتا ہوں تو اس وقت یہ سمجھا جائیگا کہ motion move ہو چکی ہے - فائننس بل کی یہ ایک خاص ترتیب ہے کہ جب کلاز کا نام پکارا جائے یا جب ہم سیکنڈ ریڈنگ میں ہوں تو اس وقت یہ سمجھا جائیگا کہ اس کے لئے موشن ہو چکی ہے - جب موشن ہو جائے تو اس وقت oppose کرنا چاہئیے ، لیکن جب میں question propose کروں تو اس وقت oppose نہ کیا کیجئیے -

**مسٹر محمود اعظم فاروقی** (کراچی - ۸) - جناب والا اس کلاز کو ریل کے کرایوں اور محصول پر سر چارج لگانے کے لئے اس بل میں شامل کیا گیا ہے - میں نے پہلے عرض کیا تھا کہ اگر گزشتہ سالوں میں آپ نے ریل کے کرایوں پر محصول پر یہ سرچارج لگایا تھا تو شاید آپ کے لئے کوئی وجہ جواز موجود ہو کہ آپ صوبے کی آمدنی کو بڑھانے کے لئے کرایوں پر سر چارج لگا رہے ہیں - اب جبکہ ریل کے کرایوں میں پانچ فیصد اضافہ کیا جا چکا ہے میں سمجھتا ہوں کہ آپ کے لئے کوئی وجہ جواز نہیں کہ آپ ایک اور ٹیکس لگائیں اور اس سے ان کو زیر بار کریں جو کہ پہلے ہی کرایوں میں زیادتی اور نئے پانچ فیصد اضافہ سے دبے ہوئے ہیں - پھر اس شیڈول میں جو آپ نے کہا ہے اس میں میرے دوست اختر

صاحب نے بہت صحیح طور پر متوجہ کیا تھا کہ یہ بہت غیر مناسب اور غیر متوازن ہے - آپ کہتے ہیں کہ فرسٹ کلاس ٹکٹ پر ۵۰ پیسے اور تیسرے درجے کے ٹکٹ پر ۶ پیسہ یعنی دیا وجہ جواز ہے کہ ایک شخص جو ۲۵ روپیہ کا ٹکٹ خریدتا ہے کراچی سے لاہور کا یا ۵۰ روپیہ کا ٹکٹ خریدتا ہے کراچی سے پشاور کا اس پر بھی آپ ۶ پیسہ لیتے ہیں اور ایک شخص جو کراچی سے ملیر جا رہا ہو اس سے بھی آپ ۶ پیسہ لیتے ہیں - آخر ٹیکس لگانے میں یا سر چارج لگانے میں کوئی تناسب تو ہونا چاہئیے اس رقم سے جو ایک شخص صرف کر رہا ہو ، یعنی ۴ روپوں کا ٹکٹ ہو تب بھی ۵۰ پیسے اور ۴۰۰ روپیہ کا ٹکٹ ہو تب بھی ۵۰ پیسے - میں سمجھتا ہوں کہ آپ اس ٹیکس کی جو آپ نے تجویز کیا ہے - عجیب وغریب صورت ہے - میں کوئی ٹیکس ایسا نہیں پاتا جس میں ٹیکس ادا کرنے والے کی رقم جو ہے اس سے اس کا کوئی تناسب ہو - یا تو آپ اس تناسب کو ٹھیک کریں بلکہ میں درخواست کروں گا کہ آپ اس ٹیکس کو واپس لے لیں اور کیونکہ ریل کے کرایوں میں پانچ فیصد اضافے سے ڈھائی کروڑ روپیہ آپ کما رہے ہیں اور اب یہ جو ۲ یا ۴ لاکھ روپیہ آپ کو حاصل ہوگا اسے چھوڑ کر عوام پر احسان کیجئے اور اللہ تعالی کی خوشنودی حاصل کیجئیے -

**ملک محمد اختر** (لاہور- ۲) - جناب سپیکر — مجھے یہ گزارش کرنا ہے کہ کلاز ۱ میں یہ تجویز کی گئی ہے کہ ریل کے کرایوں اور freights پر سر چارج لگایا جائے - جناب سپیکر - اس سے قبل ہم ریلوے بجٹ کے موقع پر ۵ فیصد سر چارج ریل کا کرایوں پر اور دوسری انکم پر لگا کر اس صوبے کے عوام کو پہلے ہی زیر بار کر چکے ہیں اور اعداد و شمار ریلوے کے جو فائیننس ڈیپارٹمنٹ کیطرف سے دیئے گئے تھے وہ یہ تھے کہ ۲ کروڑ اور ۵۰ لاکھ کا اضافہ ہوگا مگر صحیح اضافہ ۲ کروڑ ۶۷ لاکھ کا ہوا اور ریلوے نے جو جواز پیش کیا وہ یہ کہ جو اضافہ کیا جا

رہا ہے یہ چند ضروری اخراجات کو پورا کرنے کے لئے کیا جا رہا ہے - جناب والا - ریلوے کے دو حصےجات ہیں - ایک پیسنجروں کا اور ایک بار برداری کا ، جہاں تک پیسنجروں کے حصہ کا تعلق ہے یہ *ad hoc* basis پر ہے - پچاس پیسے ہر فرسٹ کلاس ٹکٹ پر جس کی کل قیمت فروخت ۳ روپیہ ہو اور ۲۵ روپیہ والے سیکنڈ کلاس کے ٹکٹ پر اور یہ ۱۲ پیسے - میں عرض کرونگا کہ انٹر کلاس کے ٹکٹ پر اور ۶ پیسہ تھرڈ کلاس کے ٹکٹ پر اگر اسکی قیمت تین روپے ہو تو اس کا مطلب یہ ہے کہ کم و بیش تھرڈ کلاس پر ۲ فیصد اور انٹر کلاس پر ۴ فیصد اور اسی طرح سے میرا اندازہ ہے جو میں نے لگایا ہے اس وقت میں صحیح calculate نہیں کر سکا اسی طرح سے ڈبل ہوتا ہوا سیکنڈ اور فرسٹ کلاس پر جا کر کم و بیش ۲—۴—۸—اور ۱۵ فیصد کے قریب یہ تین روپے کے ٹکٹ پر اور تھوڑے سفر کرنے والوں کے لئے ۲ سے ۱۶ فیصد کا اضافہ بن جاتا ہے -

جناب والا - اگر جناب وزیر فنانس یہ وضاحت فرما دیتے کہ اس ٹیکس کا بار کس پر کس حد تک ہوگا تو ہمیں اس پر کوئی اعتراض نہ ہوتا - جناب والا - ٹیکسیشن کا یہ اصول ہے کہ اسے definite ہونا چاہئیے ٹیکس دینے والے کو معلوم ہونا چاہئیے کہ اسے کیا دینا ہے ؟

یہ indefinite اعداد و شمار جو دیئے گئے ہیں - یہ ایک متمدن اور اچھے ملک کے شایان شان نہیں - یہ کم و بیش سکھوں والا طریقہ ہے ، ٹیکسیشن کا - میں جناب شیخ صاحب سے معافی مانگتا ہوں - مگر ہمیں بلا calculation ٹیکسیشن قابل قبول نہیں -

جناب والا - اس کا دوسرا حصہ جو ہے میں شیخ صاحب سے معافی چاہتا ہوں میں انہیں ناراض نہیں کرنا چاہتا ہوں صرف جھنجھوڑنا چاہتا ہوں کہ انہیں یاد ہو جائے کہ یہ بات جو ہے .....(قطع کلامیاں) - جناب سپیکر - آپ یہ اندازہ فرمائیں کہ جو فریٹ تین روپے سے زیادہ ہو جائے - اب یہ درست ہے کہ ہمارا ملک بڑا خوش

نصیب ہے ۔ آپ نے ۱۹۴۸ء سے ۱۹۶۵ء تک انڈسٹری میں بڑی گرانقدر ترقی کی ہے ۔ جیسا کہ میں نے بار بار کہا ہے تین سو ملین سرمایہ ۲۵۰ خاندانوں میں چلا گیا ہے ۔ ان کو ٹیکسوں کی چھٹی ہے ۔ خام مال freight فری درآمد کرنے کی اجازت ہے ۔ آپ کا ملک زرعی ہے اور زرعی سامان کی باربرداری سے ہی یہ آپ کو freight حاصل ہو رہا ہے ۔ جناب والا ۔ آپ اندازہ فرمائیں کہ یہ freight جو ہے consignment کا جہاں تین روپے سے ۱۰ روپے تک ہے اس پر آپ چھ پیسہ ٹیکس لگا رہے ہیں ۔ بتائیے یہ تین سو دس روپے تک کا جو freight ہے کیا یہ کوئی فیکٹری کیا یہ کوئی فرم کیا یہ کمپنی ہے جو ادا کرتی ہے یا عوام الناس میں پڑے گا کہ آئیے شیخ صاحب انکم ٹیکس کو بڑھاتے یا سپر ٹیکس کو بڑھاتے یا death duty لگاتے تو اس سے کروڑوں کی آمدنی ہوتی اور ہم بھی آپ کے ہم نوا ہوتے مگر آپ کا یہ جو فنانس کا محکمہ ہے ۔ یہ عوام کی لاش کو ایک گھن کی طرح سے کھا رہا ہے ۔

**وزیر بنیادی جمہوریت** (میاں محمد یاسین خان وٹو) : ہمارے عوام جناب والا ۔ زندہ ہیں ۔ وہ لاش نہیں ہیں ۔ یہ عوام سے ہمدردی نہیں فرما رہے ۔

**ملک محمد اختر** ۔ آپ عوام کے جسم کو گھن لگا رہے ہیں ۔

**چودھری محمد سرور خان** ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ مجھے یہ شبہ ہے کہ ملک اختر صاحب تقریر نہیں کر رہے کیونکہ وہ ساتھ غرا نہیں رہے ۔

**ملک محمد اختر** ۔ جناب سپیکر ۔ اندازہ فرمائیے یہ ملک جو عوام نے اتنی بڑی قربانیاں دے کر بنایا اور بچایا ہے اس کے عوام کے ساتھ یہ سلوک کیا جا رہا ہے کہ ان سے یہ freight وصول کیا جا رہا ہے ۔ سارے ملک کی دولت پر ۲۵۰ خاندانوں کا قبضہ ہے ۔ کیا آپ ان کا تمام اثاثہ nationalise نہیں کر سکتے ۔ اس وقت تمام بنکوں پر ان کا قبضہ ہے ۔

تمام انشورنس کمپنیوں پر ان کا قبضہ ہے - زرعی ترقیاتی بنک ان کے قبضے میں ہے - صنعتی ترقیاتی بنک پر ان کا قبضہ ہے -

**مسٹر سپیکر** - زیر غور کلاز کے متعلق بحث فرمائیے گا -

**ملک محمد اختر** - تو جناب والا - میں شیخ صاحب سے عرض کرونگا کہ وہ اس بات کا ضرور جواب دیں کہ تین سے ۱۰ روپے تک freight پر کیوں یہ ٹیکس رکھا گیا ؟ بلکہ اگر ملک محمد حیات صاحب تشریف فرما ہوں تو وہ بھی اس کا جواب دیں -

**وزیر خزانہ** (شیخ مسعود صادق) - پہلے تین روپے تک ٹیکس معاف ہے وہ کیوں نہیں کہتے ؟

**ملک محمد اختر** - میں اندازہ کرتا ہوں کہ تین روپے تک جو freight ہے وہ بہت کم ہے - زیادہ freight ۱۰ روپے سے آگے جا کر بنتا ہے -

جناب سپیکر - میں عرض کر رہا تھا کہ یہ عوام کا مطالبہ ہے یا عوام یہ کلیم کرتے ہیں کہ یہ بالکل غلط ہے آپ کیوں نہیں کہتے کہ آپ عوام کا گلا گھونٹنا چاہتے ہیں آپ کے دل میں عوام کی ہمدردی کی گنجائش نہیں ہے - ان اعداد و شمار کو غلط ثابت کیجئے - آپ کیسے کہتے ہیں - کہ یہ امیر لوگوں پر ٹیکس ہے - یہ فنانس بل ۱۰۰ فیصد بلکہ ۲۰۰ فیصد عوام پر براہ راست ٹیکس ہے -

جناب والا - اس کے بعد مجھے یہ گذارش کرنا ہے کہ ۱۰ سے ۲۰ روپے تک جو ۱۲ پیسے ٹیکس لگایا گیا ہے - یہ کم وبیش ۱ فیصد سے زیادہ ہو جاتا ہے - جو freight ۱۰۰ سے ۱۰۰ روپے تک ہے - آپ کو چاہئیے تھا کہ یہاں سے ٹیکس شروع کرتے - یہاں پر پھر صنعتکار قابو آتا تھا - جناب والا - میں یہ عرض کر رہا تھا یہ جو freight ہے اس کا جو تناسب ہے - یہ صنعت کار پر ۲ فیصد زیادہ ہے - اگر یہ صنعت کار پر ۱۰ فیصد بڑھا دیا جاتا تو مناسب

تھا ۔ جناب وزیر خزانہ اگر اس کلاز میں اس طرح ترمیم کر دیں کہ ۵۰ روپے کے freight سے نیچے کو فری کر دیں تو عوام اس سے پوری طرح مستفید ہو سکتے ہیں ۔ کیونکہ اس مد میں جتنی رقوم ہیں ۔ ان میں سے ۸۰ فیصد عوام پر براہ راست بوجھ ہیں ۔ میں ان سے یہ بھی گذارش کرونگا کہ آئندہ سال جب وہ یہاں فنانس بل پیش کریں ۔ وہ میرے بڑے عزیز دوست ہیں مجھے امید ہے کہ آئندہ سال بھی یقیناً فنانس منسٹر ہونگے ۔ تو اس کے ساتھ ایک شیڈول بھی شامل کر دیں تا کہ پتہ چل سکے کہ عوام کا کونسا طبقہ براہ راست ٹیکس کی زد میں آتا ہے ۔

**Mr. Speaker:** I will now put the question. The question is—
That clause 8 s'and part of the Bill.

*The motion was carried*

CLAUSE 9

**Mr. Speaker :** Now clause 9.

**ملک محمد اختر** (لاہور—۲)۔ opposed جناب سپیکر ۔ مجھے یہ مودبانہ گذارش کرنا ہے کہ کلاز ۹ میں یہ کہا گیا ہے کہ جو شخص ذمہ دار ہو کسی ٹیکس کی ادائیگی کے لئے سیکشن ۴ یا ۷ کے تحت یا وہ سیکشن ۶ کے تحت محصول اکٹھا کرنے اور اس کی ادائیگی کرنے کا ذمہ دار ہو ۔ اگر وہ اس ٹیکس کو اکٹھا نہ کرے تو اس پر penalty لگائی جائیگی ۔ جو ٹیکس کی رقم سے زیادہ نہیں ہو گی ۔ میری یہ گذارش ہے کہ اگر اس کی بجائے دس فیصد rebate رکھ دیا جاتا جیسے بجلی کے بلوں میں ہے ۔ اور جو بر وقت ادائیگی نہ کرے اسے وہ rebate نہ ملتا تو یہ طریقہ زیادہ اچھا تھا ۔

**وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ** ۔ جناب والا ۔ انگریزی تلفظ کا ستیاناس اس طرح فرمائیے تا کہ لوگ سمجھ سکیں ۔

**ملک محمد اختر** ۔ جناب سپیکر ۔ میں مودبانہ گذارش کر رہا تھا (چلئے جرمانہ کر دیں اگر آپ لوگوں کو جرمانہ کے ساتھ زیادہ انس ہے) کہ جرمانہ کی جو دفعہ ہے اگر اس کی بجائے یہ کیا جاتا کہ بر وقت ٹیکس کی

payment میں rebate ملتا تو زیادہ بہتر طریقہ تھا - لوگوں کو دھیان ہوتا کہ اگر وہ بر وقت payment کریں گے تو وہ کچھ نہ کچھ save کر سکیں گے - جناب والا - یہ پینل دفعہ ہے اور اس کو متعلقہ افسر مجاز کی مرضی پر چھوڑ دیا جاتا ہے - اگر کوئی بیماری کی وجہ سے یا کسی اور وجہ سے payment نہیں کر سکتا - یا کسی اور وجہ سے payment کسی سے وصول نہیں ہو سکتی تو ایسی صورت میں یہ جو جرمانہ کی دفعہ لگا دی گئی ہے میں سمجھتا ہوں کہ یہ دفعہ غیر ضروری طور پر لگا دی گئی ہے - ابھی ہمارے پاس وقت ہے اگر جناب وزیر خزانہ صاحب اتفاق فرمائیں تو اس کی بجائے اگر ہم rebate کا سسٹم introduce کر دیں تو لوگ بڑی خوشی سے payment کریں گے اور اگر آپ نے یہ penalty کا دھندا رکھا تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ آپ حق بجانب نہیں ہونگے - میں یہ بھی کہوں گا کہ آپ کے پاس کئی ایسے قوانین ہیں جن کو اس وقت میں refer کرنے سے گریز کروں گا جس میں penalty اس طرح سے impose نہیں کر سکتے ہیں -

Probably there is some law which I am unable to qnote at present.

آپ penalty کی بجائے rebate دیں - جو ٹیکس آپ نے عائد کیا ہے اگر اس میں آپ کمی بیشی کرنے کو تیار نہیں ہیں تو چلئے نہ سہی - ۱۰ فیصدی یا ۵ فیصدی کی rebate کر دیجئے - اگر کوئی بر وقت payment نہ کرے آپ اسکو rebate نہ لینے دیں -

**مسٹر محمود اعظم فاروقی** (کراچی - ۸)- جناب والا - یہ تین سطروں کی چھوٹی سی کلاز ہے یہ بل در اصل اس ذہن کی نشان دہی کرتا ہے - جو ذہن اس ملک میں پچھلے ۸ سال سے حکمرانوں کا ہے - پچھلے ۸ سالوں سے آپ نے عدالتوں کے دروازے ہر انصاف کے لئے ، ہر اس شخص کے لئے بند کر دیئے ہیں ، جو آپ کے طرز عمل سے ، جو آپ کی زیادتیوں سے - - - - -

**قاضی محمد اعظم عباسی** - جناب والا - یہ کلاز

و کی بجائے کلاز ۱۰ پر بحث فرما رہے ہیں -

**مسٹر محمود اعظم فاروقی** - ہاں ٹھیک ہے - مجھے غلطی لگ گئی ہے -

**Mr. Speaker :** I will now put the question.

The question is —

That clause 9 stand part of the Bill.

*The motion was carried.*

CLAUSE 10

**Mr. Speaker :** Now we come to clause 10

**مسٹر محمود اعظم فاروقی** - جناب والا - میں عرض کروں گا کہ یہ تین سطر کی کلاز در اصل ہمارے حکمرانوں کے اس ذہن کی غمازی کر رہی ہے جو اس ملک میں پچھلے ۸ سال سے حکمران ہیں - یہ اپنے مختلف ذرائع سے ، مختلف حربوں سے، مختلف طریقوں سے ، عوام کی آزادی رائے کو سلب کر رہے رہیں - عوام کی ہر آزادی کو بزور اور بجبر سلب کرتے رہے ہیں - پھر ان کے لئے عدالتوں کے دروازے بند کرتے گئے ہیں - آپ نہیں چاہتے ہیں کہ جو ان کے جور و ظلم آشکار ہو اس کو عدالت میں جا کر جواب کا موقع میسر سکے - اپنی تکالیف کو کسی ایسے شخص کے سامنے بیان کرے جو کسی سے تعلق نہ رکھتا ہو اور انصاف کے لئے انصاف کی کرسی پر بیٹھا ہو - اس کلاز کے آئینے میں ان کو اپنی تصویر نظر آرہی ہے - پ ڈنڈے کے ذریعہ سے ملک کے کروڑوں عوام پر بغیر کسی حق کے ، بغیر کسی جواز کے ، صرف قوت کے ذریعہ حکمرانی کرنا چاہتے ہیں - میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ عدالتیں آپ مقرر کرتے ہیں ججوں کا تعین آپ کرتے ہیں - سارے عملہ کو تنخواہ آپ دیتے ہیں - آپ کے ہاتھ میں یہ اختیارات ہیں کہ جس کو چاہیں کرسی سے اتار دیں - آپ کو یہ اختیارات حاصل ہیں کہ جس کو نوازنا چاہیں وزارت سے ججی کی کرسی پر بٹھا دیں -

**Minister of Revenue** (Khan Habibullah Khan). I would like to have a ruling whether the member can go beyond the scope of this clause 10, because this clause deals only with the collection of tolls and taxes.

**Mr. Speaker :** Clause 10 relates to the bar of suits in Civil Courts with respect to the assessment and collection of taxes and nothing else. The member can discuss this point.

**Minister of Revenue**: But he cannot go beyond the scope of this clause. He has to restrict and limit his speech to the scope.....

**Mr. Speaker**: So far as the bar of suits in Civil Courts with respect to assessment and collection of taxes is concerned, as I have already said, he can discuss it.

**Minister of Revenue**: But he cannot go beyond that.

**Mr. Speaker**: Yes, he cannot discuss the general powers of the Civil Courts.

**Minister of Revenue**: He is discussing the Maintenance of Public Order Ordinance and the Press Laws.

**مسٹر محمود اعظم فاروقی** — قائد ایوان میری بات سے گھبرا گئے ہیں - میں اسے چھوڑ دیتا ہوں - ضمیر کی آواز اندر سے نکل رہی ہے -

**وزیر مال** — ضمیر کی آواز کے متعلق آپ بتائیں کہ آپ پاکستان میں کیا کر رہے ہیں -

**مسٹر محمود اعظم فاروقی** — جناب والا - میں صرف یہ عرض کروں گا کہ

"ناوک فے تیرے صید نہ چھوڑا زمانے میں"

یہ معمولی سی بات ہے کہ اگر ایک شخص پر آپ ٹیکس لگاتے ہیں وہ اس سے غیر مطمئن ہوتا ہے - دوسرے آپ اس پر سر چارج بھی لگا دیتے ہیں - ان معاملات میں بہت سی چیزیں ایسی ہوتی ہیں ، جس کی وجہ سے ٹیکس دینے والے اور ٹیکس لینے والے کے درمیان تنازعہ ہو سکتا ہے - کسی بات کو سمجھنے کیلئے ایک ذہن کوئی بات سوچ سکتا ہے اور دوسرا ذہن اس سے مختلف ہو سکتا ہے - آخر عدالت اسی مقصد کے لئے ہے کہ جب ایک شخص کے رویہ میں یا حکومت کے رویہ میں فرق ہے یا ٹیکس لینے یا دینے والے کے درمیان تنازعہ ہو گیا ہے اور اسکا فیصلہ کوئی ایسا شخص کرے جس کا تعلق نہ ٹیکس لینے والے سے ہو اور نہ ٹیکس دینے والے سے ہو تو وہ تیسرا شخص جج ہوتا ہے ، جو عدالت کی کرسی پر متمکن ہوتا ہے - اگر آپ اپنی جوابی تقریر میں اس کی وضاحت فرما دیں تو بہت بڑا کرم ہو گا - کہ کن حالات میں آپ اس عدالت کے اختیارات کو چھین رہے ہیں اور عوام کو اسکے حق سے محروم کر رہے ہیں کہ وہ عدالت کے سامنے نہ جا سکے - یہ کوئی سیاسی

معاملہ نہیں ہے - یہ کوئی حکومت کی مخالفت نہیں ہے - یہ حکومت کے وقار کا معاملہ نہیں ہے - یہ ٹیکس لینے اور دینے والے کروڑوں شہریوں کا معاملہ ہے - میں اس پر سیاسی نقطہ نظر سے گفتگو نہیں کر رہا ہوں ، بلکہ یہ عوام کا مسئلہ ہے - آخر عمال حکومت میں ایماندار بھی ہیں - اور بے ایمان بھی ہیں - ٹیکس نہ دینے والوں کو سیدھا کرنے کیلئے سختی کرنے والے بھی ہیں اور ان میں ایسے بھی ہونگے جو کسی سختی کے ذریعہ ان لوگوں سے جو ٹیکس دینے والے ہیں اپنا ذاتی مفاد حاصل کرنا چاہتے ہیں - اور ان میں ایسے عمال بھی ہوں گے جو اپنے اختیارات کو ناجائز طور پر استعمال کرتے ہوں گے اور لوگوں کو پریشان کرتے ہوں گے - ایسے عمال حکومت میں بھی ہونگے کہ جو اختیارات کو اپنی ذاتی منفعت کیلئے استعمال کرتے ہونگے - وہ بھی انسانوں میں بستے ہیں جو برے بھی ہو سکتے ہیں اور اچھے بھی ہو سکتے ہیں - آپ کے عمال حکومت میں بہر حال گوشت پوست کے انسان ہیں، غلطیاں کرنے کی وہ بھی صلاحیت رکھتے ہیں - ان کو آپ یہ وسیع اختیار دیکر آخر ان لوگوں کو اس حق سے کیوں محروم کرتے ہیں ، جن سے کہ ٹیکس لیا جاتا ہے کہ ان تنازعات کو اور اپنے ساتھ زیادتی کرنے والے افراد کے خلاف عدالتی چارہ جوئی نہ کر سکیں - اگر آپ یہ سمجھتے ہیں کہ عدالتیں اس کام کو صحیح طور پر انجام نہیں دے سکتی ہیں تو اسکے وجود کی بھی کوئی ضرورت نہیں ہے - جب آپکی سول کورٹس موجود ہیں - جب آپ سول جج تعینات کرتے ہیں اور عوام کا لاکھوں روپیہ ان پر خرچ کرتے ہیں - تو پھر انکی ضرورت کیا ہے - میرے خیال میں تو انکا مقصد صرف یہ ہے کہ ایسے تنازعات کو حل کر سکیں -

**Mr. Munawar Khan** (Bannu-I): Sir, I would like to submit a few words. Mr. Speaker, I oppose this provision of the Bill and very vehemently too. It is a well known fact Sir, that the Taxation Department is a white bull and I have practical instances to quote but I do not wish, Sir, to hurt the feelings of anybody but in the way of general discussion, I would submit that such wide and extensive powers are given to the taxation officers without the assessees having the right to go and at least to oppose the assessment in a Court of Law. This will be the height of a force, Sir, to deprive the assessees of this right. This unilateral exercise of power by the assessing authority will naturally lead everything into chaos. My respectful submiseon is that they generally

do not know the exact income of an individual. They just go making inquiries and the persons in whom they might be interested without even knowing these persons, they rely on them and base their conclusions on that information and go with a biased mind to inflict the heaviest possible assessment on an individual. Now Sir, in these days particularly the political atmosphere is so violent that very big people and very respectable people are tortured through those authorities of income tax and at the same time the doors of Civil Courts would even be closed upon them. So this clause is not only having that aspect, to expedite the recovery, but it is having some deep-rooted id ea behind it as well. They bring any provision, whenever they like, over here by force of their brute majority and they take it away whenever they like.

**Minister for Finance** (Sheikh Masood Sadiq): It is democracy.....

**Mr. Munawar Khan**: Yes, democracy rule by the officials for the officials, and of the officials. Sir, is it democracy? My dear Finance Minister, you know it and I also know it, it is burcacracy and nothing else. Now my respectful submission is Sir, that this clause carries many evils; veiled evils behind it, and that the people should not be deprived of their civil rights, of their rights to go to Civil Courts and thereby obtain a correct decision of their rights Sir.

**ملک محمد اختر** (لاہور—۲)— جناب سپیکر — میں پہلے بھی عرض کر چکا ہوں کہ سول کورٹس کو جو debar کیا گیا ہے ۔ یہ مناسب نہیں ہے ۔ اور اب مجھے مثال دیکر ثابت کرنا پڑیگا ۔ کہ اگر اس کلاز کو پاس کر دیا گیا تو اس طرح بڑی grave situation arise ہوجائیگی ۔ مثال کے طور پر یہ جو کلاز ۳ پاس کی گئی ہے ۔ اس میں ایگر یکلچرل انکم ٹیکس کی recovery اور collection کے لئے جو مشینری رکھی گئی ہے اور آپ نے جو وصولی کرنی ہے ۔ اسکے لئے آپ نے ایک پیمانہ بھی مقرر کر دیا ہے ، لیکن اندازہ فرمائیے کہ یہ اسی صورت میں اگر assessment غلط basically ہو جائے ۔ اور پھر اس میں سرچارج ہے ۔ اور دونوں صورتوں میں آپ نے سول کورٹس کو debar کر دیا ہے ۔ اور میں سمجھتا ہوں کہ سول کورٹس کو اس طرح debar کر دینا واجب اور درست نہیں ہے ۔ اسکے بعد اس سے بھی جو زیادہ غلط طریقہ ہے ۔ وہ کلاز نمبر ۴ میں ہے ۔ اور وہ یہ ہے کہ آپ نے فرسٹ کلاس سینما سے ایک ہزار وصول کرنا ہے ۔ سیکنڈ کلاس سینما سے پانچ سو اور تھرڈ کلاس سینما سے ایک سو روپے وصول کرتے ہیں ۔ اگر آپ نے اسکو سینما ٹیکس کے طور پر وصول کرنا ہے ۔ تو آپ سینماؤں کی درجہ بندی کئے بغیر ہی سو، دو سو، چار سو یا پانچ سو روپے ہر سینما پر ad hoc basis پر لگا دیتے ۔ اور

اسے اس طرح فرسٹ کلاس، سیکنڈ کلاس اور تھرڈ کلاس پر نہ لگاتے - اور میں اس دفعہ پر شاید کچھ زیادہ اعتراض نہ کرتا - اگر آپ لوگوں کو سول کورٹس میں جانے سے debar نہ کرتے ، لیکن حد یہ ہے کہ یہاں پر نہ تو سینماؤں کی درجہ بندی کا ہی تعین ہے - اور نہ ہی اس کے لئے مشینری ہی کا تعین کیا گیا ہے - کہ وہ کونسی مشینری ہوگی - جو فرسٹ کلاس، سیکنڈ کلاس اور تھرڈ کلاس سینماؤں کا تعین کریگی اور وہ جو مشینری ہوگی - آیا اسکے فیصلے کے خلاف کوئی اپیل بھی ہو سکے گی یا نہیں - اگر ایک تھرڈ کلاس سینما کو فرسٹ کلاس سینما بتا کر اس کی assessment کی جائیگی - تو وہ کونسی remedy ہے - یا وہ کونسی مشینری ہے - یا وہ کونسا طریق کار ہے جسکے ذریعے وہ اس arbitrary فیصلے کو رد کر سکتا ہے - جبکہ آپ نے سول کورٹس کو بھی اس معاملے میں debar کر دیا ہے شاید موٹر وہیکل ٹیکس کے سلسلے میں تو پیچیدگیاں پیدا نہ ہوں ، لیکن کلاز نمبر ۷ کے تحت جو vessels ہیں - ان میں بھی تضاد پایا جاتا ہے - آپ کلاز نمبر ۱۰ میں بھی عدالتوں کو debar کر رہے ہیں - چاہیئے تھا کہ اس ٹیکسیشن کے assessment کے لئے جو مشینری provide کرنی تھی - وہ بتائی جاتی اور غالباً اسکی مشینری یہ ہے کہ جہاں parent department ٹیکس لگا رہا ہو - اس سرچارج کو بھی وہی لگائے گا - لیکن اس میں اسکی وضاحت نہیں ہے - محض آپکی تھوڑی سی سٹیشنری صرف ہوتی اگر دو ایک دفعات کا اس میں اضافہ کر دیا جاتا ، لیکن اس سے ہمارے شکوک و شبہات رفع ہو جاتے اور ساتھ ہی اس میں جو ابہام پایا جاتا ہے - وہ بھی زائل ہو جاتا - اور خاص طور پر جبکہ آپ نے اپنے نقطہ نظر کو واضح کیا ہے - تو آپ نے assessing machinery کا ذکر نہیں کیا - اگر اس دفعہ کو اس طرح نہ رکھا جاتا - اور سول کورٹس کی jurisdiotion کو بحال کیا جاتا تو واجب تھا - - - - -

**مسٹر سپیکر** — آپ تشریف رکھیں -

**وزیر خزانہ** (شیخ مسعود صادق)— جناب والا — معلوم ہوتا ہے کہ معزز رکن کو کچھ غلط فہمی ہوئی ہے کہ ہمیں سول کورٹس پر اعتماد نہیں ہے - در اصل ان

کو معلوم ہونا چاہئے کہ اگر مقدمہ بازی جاری رہے تو ٹیکس کی وصولیابی نہیں ہو سکتی - یہ دقعہ پاکستان میں ہمیشہ رہی ہے اور ہر ملک میں ہوتی ہے - پھر یہ کہنا کہ اس طرح انصاف نہیں ہو سکے گا تو میں ان کی اطلاع کے لئے عرض کرونگا کہ مثال کے طور پر اگر E. T. O. ٹیکس لگاتا ہے - تو اس کے خلاف اپیل ڈائریکٹر آف ایکسائز اینڈ ٹیکیشن سنتا ہے - اس کے بعد دوسری اپیل کمشنر کے پاس ہو سکتی ہے اور پھر ممبر بورڈ آف ریونیو کے پاس اس کی revision ہو سکتی ہے - اور آپ کو علم ہے کہ ممبر بورڈ آف ریونیو کا status اگر زیادہ نہیں تو ہائی کورٹ کے جج کے برابر ہوتا ہے - اس طرح ڈپٹی کلکٹر کے پاس اپیل ہو سکتی ہے - اس کے بعد کلکٹر کے پاس بھی جا سکتے ہیں - اور پھر کمشنر کے پاس جاتے ہیں - ان کے بعد ممبر صاحبان سنتے ہیں - آپ کیسے کہتے ہیں کہ اس کو حق نہیں دیا گیا ہے - اس کو پورا حق دیا جاتا ہے ، چونکہ عدالتوں میں جانے سے زیادہ وقت صرف ہوتا ہے - اس لئے ایسا کیا گیا ہے - آپ کو غلط فہمی ہوئی ہے - یہ کلاز ہمیشہ رہی ہے - اور اس کے بغیر ٹیکس کی وصولی کا کام نہیں ہو سکتا ہے -

**Mr. Speaker** : I will now put the clause to the vote of the House.

The question is :

**That clause '10' stand part of the Bill.**

*The motion was carried.*

CLAUSE 11

**Mr. Speaker:** Clause 11.

**ملک محمد اختر**—opposed میں یہ گزارش کروں گا - کہ جیسا کہ ابھی فرمایا گیا ہے - collection کی مشینری وہی ہو گی - اور جس جگہ سر چارج لگانا مقصود یا مطلوب ہو گا - وہاں existing machinery اس کے مطابق کام کرے گی -

جناب والا - فنی اعتبار سے ہمیں اس میں یہ اعتراض ہے کہ اس ہاؤس میں آخر اتنے عقلمند ، دانشمند اور تجربہ کار ممبر حضرات موجود ہیں اور پھر ہم سے یہ توقع رکھیں کہ ہم ہر ایک چیز کو سمجھ لیں - یا ہم تمام مشینری سے واقفیت رکھتے ہیں اور اس واقفیت کی بنا پر تنقید کر سکیں - یہ واجب اور درست نہیں - یہ بل ذرا زیادہ بڑا ہو جاتا - تو کوئی حرج نہیں تھا - اس میں جو چار پانچ ٹیکس لگائے گئے ہیں - اور ہر ٹیکس کے levy کرنے کی جو کلاز تھی - اس کے بعد collection اور assessment کی مشینری کا تذکرہ بھی کر دیتے - میرا صرف یہی اعتراض ہے - نہ تو آپ مجھ سے یہ توقع رکھ سکتے ہیں کہ تمام کے تمام قانون سے واقفیت رکھتا ہوں - یا طریق کار حکومت سے واقف ہوں - یہ تو ایک وزیر سے بھی توقع نہیں کی جا سکتی - کہ تمام کے تمام طریق کار - ضابطہ اور functionary machinery کی detail سے واقف ہو اس کا طریقہ یہ ہونا چاہئے کہ کم از کم statement of reasons and objects میں ان تمام چیزوں کو mention کیا جانا چاہئے - یا اگر وہاں پر نہیں تو متعلقہ دفعات کے ساتھ جہاں taxation کا ذکر کیا گیا ہے - وہاں assessment اور collection کا ذکر کیا جاتا ، تاکہ یہ پتہ چل جاتا کہ عوام سے کس حد تک انصاف کیا جا رہا ہے ، یا وہ کس حد تک اس کا شکار ہوئے ہیں اس میں آپ نے Civil Courts کو debar کر دیا ہے اگر ایسا نہ ہوتا تو عوام کو اچھا فیصلہ مل سکتا تھا - اور تمام pros and cons ہمارے سامنے آتے - آپ جو Civil Courts کو debar کیا جا رہا ہے - اس میں کوئی justification نہیں -

**وزیر خزانہ** - جناب والا—یہ پرانا طریق کار ہے - ہم اسی کو follow کر رہے ہیں -

**Mr. Speaker** : The question is:

**That clause '11' stand part of the Bill.**

*The motion was carried.*

CLAUSE 12

**Mr. Speaker** : Clause 12.

**ملک محمد اختر**—opposed جناب والا - میں اپنے arguments کو repeat نہیں کرنا چاہتا - صرف ایک بات جناب وزیر خزانہ کی خدمت میں عرض کروں گا - یہ تو میں جانتا ہوں - وہ ہٹ کے پکے ہیں - میری بات نہیں فرمائیں گے -

**Minister of Revenue** (Khan Habibullah Khan) : Sir he has already said much in the first reading. He should not repeat.

**Mr. Speaker** : There should be no repetition.

**Malik Muhammad Akhtar** : I will not repeat.

میرا تو vast knowledge ہے - اور میں تفصیل سے گفتگو کر سکتا ہوں -

**مسٹر سپیکر**—اس پر کافی بحث ہو چکی ہے -

**ملک محمد اختر**—محترم وزیر قانون اس وقت تشریف رکھتے ہیں وہ از راہ کرم فرمائیں - کہ اگر اس کو ایسا ہی پاس کر دیا جائے تو کیا یہ واجب ہو گا - معلوم ہوتا ہے - آئین کی تمام دفعات کو ایک تھیلے میں سمیٹ کر رکھ دیا ہے - اور یہ معلوم نہیں - کہ کون سا محکمہ اس کی collection کرے گا - یہ آئین کے قوانین کے منافی ہے -

جو کچھ اس وقت پیش کیا گیا ہے - اگر اس میں سے صرف لفظ West نکال دیا جائے - تو تمام Civil Laws باقی رہ جاتے ہیں -

**Minister of Law** (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : There is no General law as such. The Member is making a mistake. He may please correct himself. There is nothing like that after 1962.

**ملک محمد اختر** - میں یہ عرض کروں گا کہ اسی پر سنجیدگی سے غور کر لیا جائے آپ میرا کہنا مانیں اور اس دفعہ کو حذف کر دیں تو زیادہ صحیح ہو گا -

**Mr. Munawar Khan** (Bannu I): The Law Minister being present in the House I would like to make my submissions in a few sentences. I would be making my requests through you because the Finance Minister himself is not a practising lawyer. Sir, there are legal impediments and obstacles in the way of the passage of this provision. There are two kinds of taxes : one is that which can be levied by the Provincial Legislatures and after the approval of the Governor it can be enforced. There are certain other taxes which can be levied by the Provincial Legislature but those are to be referred for approval to the Central Government.

Now, Sir, we sit here as Provincial legislators. A point might arise that when we give these gentlement powers, without knowing the Acts which are going to be affected, without knowing the provisions which they would be intending to modify, add to or substract from, how can we legally, under the Constitution and under all the laws prevalent, delegate our powers to the Governor for legalising these illegal acts. My submission is that it would be all labour lost. Whatever we do here to pass the Bill may be undone because the High Courts are there and the writs are there. Where would the Finance Act, if passed, stand if it is thrown out from there. Please consider it, reconsider it and I would request the Law Minister to please apply his mind. Don't run for a motion of breach of privilege if I were to say that you did not apply your mind seriously to it.

**Minister of Law** (Mr. Ghulam Nabi M. Varyal Memon): Sir, two points have been raised. I am glad Mr. Akhtar is here in the House and Mr. Munawar Khan is also present. Mr. Munawar Khan, as I understand, claims to be a very active practising lawyer although I doubt it very much. It appears, as I know him, that mostly he practises on the criminal side and not on the civil side. But this is besides the point.

Mr. Akhtar has raised an issue that this Provincial Legislature is not competent to enact this law and his ground is that it is against the Constitution. My respectful submission is that the competency of the Provincial Legislature to enact a law as opposed to a law which is within the competence of the Central Legislature has not been raised by him. His contention is that a particular clause of this Bill is against the provisions of the Constitution.

My difficulty is this and his tragedy seems to be this that he only reads the Constitution, a particular Article, and does not look behind, does not go into the history of that particular clause or Article of the Constitution, or does not compare it with the earlier provisions of the Constitution, and the case law available on the subject, with the result that when any piece of legislation, whether it be an ordinance or a bill is brought before this House, he gets up on a point of order, although he has been ruled out of order so many times, saying that it is against the Constitution. I will again say he is exercising his constitutional right. Probably he does not understand what he means. If the member would very kindly look into the earlier provisions of the Constitution and the case law, particularly the case which is a reported case and decided by the highest tribunal of the country, the East and West Steamship Cos, this question has been considered. And the point that is asked to be considered is this that the delegation of legislative powers is permissible under the Constitution. All that is prohibited is that it should not be excessive delegation.

Now in the context of this interpretation of the Supreme Court, the member would find that all that this clause 12 contemplates is this. It does not permit the Provincial Government to levy any new taxes. The taxes will remain as they are in this bill and under this Act when it is passed and assented to by the Governor. All that it lays down is to facilitate the procedure and the recovery of the taxes imposed by this Finance Act. So, the objection that the Provincial Governor or the Provincial Government are being given excessive, wide and arbitrary powers under this Act, is absolutely uncalled for, and is the result of misunderstanding and misreading of this bill. All that the clause 12 contemplates is this that it will facilitate the levy and recovery of the taxes imposed by this new bill. I assure the House that no new tax is contemplated by this clause. The apprehension that the existing taxes will be increased by notification is not correct. All that this clause contemplates is that the taxes imposed by this Finance Bill, and the Bill alone, when passed into an Act, will be recovered without any let or hindrance as a result of procedural difficulties envisaged by any other Act available on the

point. The procedural difficulties will be obviated so that there should be smooth working of the levy of taxes. Mr. Munawar Khan, should feel assured that this Finance Bill will not be thrown out as he feels. This provision is similar to the one, if you look into the earlier Finance Bill, which is section 17, which is being repeated from year to year. It has survived the judicial scrutiny and I assure Mr. Munawar Khan that if he has the courage to challenge it, Insha Allah, it will survive the judicial scrutiny. It will very much remain without even a comma being changed.

So, let the House rest assured that the Finance Minister or the Government do not propose to enhance any other tax leviable under any law. The taxes will be as those in this Act, and there should be no misunderstanding about it.

**Mr. Munawar Khan:** On a point of information.

**Mr. Speaker :** There is no point of information. The Member may please take his seat. I will now put the question. The question is—

**That Clause 12 stand part of the Bill.**

*The motion was carried.*

CLAUSE 13

**Mr. Speaker :** Clause 13.

**ملک محمد اختر** (لاهور — ۲)— Opposed Sir ۔ جناب والا ۔ میں منسٹر صاحب کا بعد میں جواب دوں گا ۔ اور میں کچھ انکشافات کروں گا کہ ان خرابیوں کا باعث کیا ہے جن سے آپ کا ہر قانون چیلنج کیا جاتا ہے اس کا پس منظر میرے پاس موجود ہے ۔ اور میں یہ بھی بتاؤں گا کہ اس inefficiency کا کون ذمہ دار ہے ۔

**Mr. Speaker :** The Member cannot discuss clause 12 now.

**ملک محمد اختر**—جناب والا ۔ کلاز نمبر ۱۳ — میں رول making پاورز یقیناً ہونی چاہئے لیکن جو بھی رول making پاورز ہوں وہ جنرل کلاززز ایکٹ میں دئے گئے پروسیجر کے مطابق استعمال ہونی چاہئیں ۔ اس کے تحت جو رولز بنائے جائیں گے ان کے نفاذ پر مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے ۔ لیکن چونکہ specifically mention نہیں ہے اس لئے لاڈیپارٹمنٹ کی اپنی نالائقی سے یہ اور ایک غلطی ہوئی ہے ۔

**وزیر خزانہ** (شیخ مسعود صادق) — شکر ہے کہ منسٹر کو نالائق نہیں کہہ دیا ۔

**ملک محمد اختر**—اب جناب والا ۔ جو میرے پاس قوانین کا سیٹ ہے اور وہ جو جنرل کلاززز ایکٹ ہے اس کا application تو ہوتا ہی رہتا ہے اور ہوتا رہے گا لیکن

میں سمجھتا ہوں کہ اس قانون میں ذرا سی وضاحت فرما دی جاتی کہ جو متعلقہ کلاززز ہیں فلاں نمبر سے فلاں نمبر تک رولز making کے تابع نہیں ہو نگی تو بہتر ہوتا ۔

**وزیر خزانہ** —جناب والا ۔ یہ بھی پرانا provision ہے اس کے متعلق کچھ کہنے کی ضرورت نہیں ۔

**Mr. Speaker**: I will now put the clause. The question is—

That clause 13 stand part of the bill.

*The motion was carried.*

FIRST SCHEDULE

**Mr. Speaker**: The question is—

That First Schedule be the First Schedule of the Bill.

*The motion was carried.*

SECOND SCHEDULE

**Mr. Speaker**: The question is—

That Second Schedule be the Second Schedule of the Bill.

*The motion was carried.*

PREAMBLE

**Mr. Speaker**: The question is—

That the Preamble be the Preamble of the Bill.

*The motion was carried.*

SHORT TITLE

**Mr. Speaker**: Short Title.

**مسٹر حمزہ** (لائل پور - ٦)—جناب سپیکر - مجھے اس بل کے اغراض و مقاصد ہی سے اختلاف ہے ۔ اس بل کے ذریعہ حکومت جو رقومات حاصل کرنا چاہتی ہے انکا یہ خیال ہے کہ یہ رقومات اصل کرنا انکے لئے اشد ضروری ہے کیونکہ ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ پر جو خرچ ہو رہا ہے . . . . . .

**وزیر بنیادی جمہوریت** —آپ تھرڈ ریڈنگ پر تعلیم لیجئے گا ۔

**Mr. Speaker**: The question is:

That the Short title, commencement and extent be the Short title, commencement and extent of the bill.

*The motion was carried.*

**Minister of Finance**: Sir I beg to move—

That the West Pakistan Finance Bill, 1966, be passed.

**Mr. Speaker**: Motion moved is—

That the West Pakistan, Finance Bill, 1966, be passed.

**Mr. Hamza**: Opposed, Sir.

**Mr. Speaker**: Yes, please.

جناب سپیکر ۔ میں اپنی معروضات محکمہ تعلیم تک محدود رکھوں گا جو میرے نزدیک محکمہ تعلیم کی کار گذاری ہے وہ قطعاً تسلی بخش نہیں ہے ۔

جناب وزیر تعلیم نے اپنی جوابی تقریر میں یہ فرمایا تھا کہ محکمہ تعلیم پر ۱۹۶۷ء کے مقابلہ میں ۱۳ کنا رقم خرچ کی جا رہی ہے اور اسی تناسب سے مختلف تعلیمی ادارے قائم کئے گئے ہیں ۔ انہوں نے تعلیمی مسائل کا ذکر کرتے ہوئے یہ فرمایا تھا کہ پبلک سکولوں کی جو حالت ہے وہ آئندہ ختم کر دی جائے گی اور کہ وہ طلبا کو اپنی اولاد کی مانند سمجھتے ہیں ۔ اس کے ساتھ ہی ساتھ انہوں نے یہ بھی فرمایا تھا کہ وہ تمام کمشن یا کمیٹیاں جو آج تک تعلیمی مسائل کے حل کے لئے مقرر کی گئیں اور ان کی جو سفارشات ہیں حکومت ان کو سامنے رکھ کر حتےالامکان ان پر عمل کرنے کا ارادہ رکھتی ہے اور خاص طور پر انہوں نے یہ بڑے فخریہ انداز میں اس ایوان میں یہ بتایا کہ مذہبی تعلیم کا خاطر خواہ انتظام کرنے کا حکومت ارادہ رکھتی ہے اور سیکنڈری سٹیج تک مذہبی تعلیم لازمی قرار دی جا چکی ہے جہاں تک تعلیمی معیار کا تعلق ہے میں اس سلسلہ میں پبلک سروس کمشن کی رپورٹ پڑھ کر سناتا ہوں ۔ ان کا ارشاد ہے ۔

"The standard of writing and thinking of examinees seldom rose above the mediocre. A general lack of ideas and absence of learning, leave alone originality were noticeable from the performance of candidates. Most of them also betrayed a singular unawareness of the art of "composition", that is, logical development, co ordination, harmoney or construction, analysis and synthesis. Not many knew the rudiments of the art of precis-writing or giving the substance of a passage, namely, that a precis must include everything essential in a document and should exclude things relatively unimportant. In law papers answers were generally unsatisfactory, only a few of them being supported by arguments and correct reference to the provisions of law. In general, the candidates were ill-equipped in the knowledge of almost all subjects, particularly the basic ones like Mathematics, Physics, Economics, etc. Even in Urdu which is one of the two national languages the students hardly came up to the required standard. Their knowledge of religion, and Islamic History almost bordered on ignorance. The answers were also mostly unsystematic. Facts were scattered and their this significance in the discussions was not realised. Defects in language and expressions marred the quality of many answers. This is a mentable state of affairs, and deserves immediate consideration at the hands of Government."

جناب سپیکر ۔ میں نے آپ کے سامنے کسی آپوزیشن کے لیڈر کے بیانات پڑھ کر نہیں سنائے بلکہ صوبائی پبلک سروس کمشن کے ارشادات اس قسم کے ہیں میرا خیال ہے کہ ان کے پیش نظر اگر جناب وزیر تعلیم ہمارے سامنے اس تعلیمی نظام میں بنیادی تبدیلیوں کا کوئی plan یا کوئی منصوبہ پیش کرتے تو زیادہ بہتر ہوتا ۔ جناب سپیکر حالت ۔ یہ ہے کہ اس وقت جہاں تعلیم پر تین کنا رقم خرچ کی جا

رہی ہے اس کے ساتھ ساتھ طلباء اور اساتذہ کے ذہنوں کو حکومت سات گنا جکڑنے اور ان پر دباؤ ڈالنے کی کوشش کر رہی ہے اور آج حالات اس قسم کے ہیں کہ طلباء کو آزادی کا ماحول میسر نہیں - تعلیمی ماحول میسر نہیں اور طلباء جب کبھی ملکی مسائل میں دلچسپی لیتے ہیں یا تعلیمی سہولتیں مہیا نہ ہونے کی وجہ سے ہڑتال کرتے ہیں تو حکومت کی طرف سے ان کا گولیوں سے استقبال کیا جاتا ہے - مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ وہ حکومت جو ان طلباء کو بچوں اور اولاد کی مانند سمجھتی ہے وہ ان کے ساتھ اس قسم کا سلوک کیوں کر رہی ہے - جناب سپیکر - میں یہ بات برداشت نہیں کر سکتا بلکہ کوئی بھی شخص اس چیز کو برداشت نہیں کرے گا - کہ اس کا ایک بچہ پبلک سکول میں جائے جہاں کہ سب آسائیش اور آرام اس کو مہیا ہوتا ہے اور دوسری جانب اس کے مقابلہ میں دوسرے بچے ایک ایسے سکول میں جائیں جہاں ان کے بیٹھنے کے لئے ٹاٹ بھی مہیا نہ ہوں اور جہاں ہر ایک کلاس میں ۵۰-۶۰ طلباء ٹھونس دئیے جاتے ہیں جہاں اساتذہ سے والدین کا رابطہ اور طلباء سے اساتذہ کا رابطہ پیدا نہیں ہوتا یہ ایسے حالات ہیں جو مایوسی پیدا کرتے ہیں - جناب سپیکر - حال ہی میں حکومت کی طرف سے ایک کمشن طلباء کی بہبود اور ان کے مسائل کو حل کرنے کے لئے مقرر کیا گیا تھا - کمشن نے سفارشات کی تھیں کہ چھوٹے درجے کے اساتذہ کی تنخواہوں میں ۲۰ فیصدی کا اضافہ کیا جائے لیکن حکومت کی طرف سے اس قسم کے کوئی اقدامات نہیں کئے گئے جس سے صاف ظاہر ہے کہ حکومت اساتذہ میں جو بد دلی ہے اس کو دور کرنے کے لئے کوئی اقدامات کرنے کے لئے تیار نہیں ہے - جناب سپیکر - آپ کو اس چیز کا علم ہے کہ ہماری چھوٹی جماعتوں کے نصاب میں اس قسم کی کتابیں شامل کر دی گئی ہیں اور اتنے مضامین اس میں شامل کر دئیے گئے ہیں کہ بچوں کے لئے ان کا سیکھنا تقریباً نا ممکن ہو کر رہ گیا ہے - جناب سپیکر - یہ حقیقت ہے کہ جب سے پاکستان معرض وجود میں آیا اور خاص کر جب

مارشل لاء لگا تو اس کے بعد مختلف قسم کے تجربات کئے گئے وقتاً فوقتاً نصاب میں تبدیلیاں کی جاتی رہیں اور بچوں کو اس نصاب کے بارے میں پورے طور پر معلومات بھی حاصل نہیں ہوتیں کہ اگلے سال وہی نصاب تبدیل کر دیا جاتا ہے - اس سے پیچیدگیاں اس قدر بڑھ گئی ہیں جن کی کوئی انتہا ہی نہیں - جہاں تک مجھے یاد ہے کہ مارشل لاء کے بعد جو ایجوکیشن کمشن مقرر کیا گیا تھا اس نے guess paper and notes کے بارے میں بھی رائے کا اظہار کیا اور فرمایا تھا کہ یہ ایسی چیزیں ہیں جو تعلیمی معیار پر برا اثر ڈالتی ہیں اور یہ کہ ان کو یکسر ختم کر دیا جائے لیکن ایجوکیشن کمشن کے ان سفارشات پر ہماری حکومت نے کوئی اقدامات نہیں کئے - جناب سپیکر - بعض اوقات حکومت کی طرف سے نصاب میں اس قسم کی کتابیں شامل کر دی جاتی ہیں اور ان کتابوں کو نصاب میں شامل کرتے وقت اس چیز کو مد نظر نہیں رکھا جاتا کہ آیا اس جماعت کے بچوں کے لئے یہ کتاب مشکل ہے یا آسان - میرا خیال ہے کہ یہ تمام چیزیں حکومت کی توجہ کی مستحق ہیں - جناب سپیکر— میں آپ کے سامنے ۱۹۶۳ء کی ایک مثال پیش کرتا ہوں جب کہ مشکل کتابیں ''ادب پارے،، ''چمن زار،، اور ''چمن زار غزل،، نصاب میں شامل کی گئیں - ایک کتاب ایک سال پڑھائی جاتی ہے اور دوسرے سال اس کو تبدیل کرکے دوسری کتاب جو مشکل ہوتی ہے وہ نصاب میں شامل کر دی جاتی ہے اس معاملے میں محکمہ نہایت ہی غیر ذمہ داری سے کام لیتا ہے -

**مسٹر منور خان** — تمام کو پھانسی کر دیا جائے -

**مسٹر حمزہ** — اور پھر حالت یہ ہے کہ کئی کئی ماہ بچوں کو کتابیں دستیاب نہیں ہوتیں اور نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ انتہائی کوشش کے باوجود یا تو بچوں کو کتاب دیر سے ملتی ہے یا انہیں بلیک مارکیٹ سے کتابیں خریدنی پڑتی ہیں - میں تو جناب وزیر تعلیم سے توقع کرتا تھا کہ پہلے جو کار گذاری عمل میں آتی رہی ہے اور جس کار گذاری

میں خامیوں کی وجہ سے طلباء کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا رہا ہے اس کے متعلق وہ کسی واضح پالیسی کا اعلان کریں گے لیکن مجھے تو مایوسی سی نظر آتی ہے ۔ جناب سپیکر— آپ کو یہ علم ہے کہ پرائیویٹ کالج تعلیم کے میدان میں کتنا اہم کردار ادا کر رہے ہیں ۔ پرائمری تعلیم کو حکومت مغربی پاکستان نے independently اپنی تحویل میں لے لیا ہے لیکن اس وقت یہ براہ راست محکمہ تعلیم کے ماتحت نہیں ضلعی سطح پر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن کمیٹی جس کے صدر ڈپٹی کمشنر ہوتے ہیں اس کو کنٹرول کرتے ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ پرائیویٹ کالجوں یا پرائیویٹ سکولوں میں طلباء اور اساتذہ کی جو گت بنتی ہے اور اساتذہ خاص طور پر اتنے مظلوم واقع ہوئے ہیں اور ان کی ملازمتیں اور ان کا tenure اس قدر غیر محفوظ ہو گیا ہے کہ وہ تعلیم کی طرف پوری توجہ نہیں دے سکتے ۔

جناب سپیکر— یہ حقیقت ہے ۔ کہ ہمارا محکمہ تعلیم ان کو براہ راست کنٹرول نہیں کر سکتا لیکن کیا وجہ ہے ۔ کہ اب تک اس محکمے کو یہ احساس ہی نہیں کہ پرائیویٹ کالج یا سکول تعلیمی میدان میں بہت ہی اہم رول ادا کرتے ہیں ۔ جب حکومت ان اداروں کو گرانٹ دیتی ہے اس کا فرض ہے کہ ان کی کارکردگی کا جائزہ لے اگر حکومت ان کو نیک نیتی سے کنٹرول کرے تو کوئی وجہ نہیں کہ حکومت اپنے مقاصد میں کامیاب نہ ہو ۔ ان پرائیویٹ اداروں میں اساتذہ کو رولز کے مطابق ترقی نہیں دی جاتی ۔ بلکہ انہیں چھٹیوں سے پہلے فارغ کر دیا جاتا ہے ۔ اور چھٹیوں کے بعد پھر رکھ لیا جاتا ہے ۔ جن سکولوں میں اساتذہ کی یہ حالت ہے ۔ وہ کیسے یکسوئی سے اپنے فرائض سر انجام دے سکتے ہیں ۔

ایسے اداروں میں تعلیمی معیار بہتر نہیں ہو سکتا ۔ میں جناب وزیر تعلیم کو اس بے عملی کی طرف توجہ دلاتا ہوں ۔ انہیں یہ علم ہے کہ کراچی یونیورسٹی میں بہت سے اداروں نے کامرس کلاسز کا رات کے وقت اجراء کیا

ہوا ہے ۔ حیدر آباد میں اور جہاں تک مجھے معلوم ہے ۔ سکھر میں بھی کئی ادارے رات کو کامرس کلاسز کا اہتمام کرتے ہیں ۔ اس کے برعکس پنجاب یونیورسٹی کا طریق کار یہ ہے کہ لائل پور اور سرگودھا میں جو کامرس کلاسز رات کے وقت جاری ہوئی تھیں پہلے سال ان کی اجازت دے دی گئی مگر اگلے سال انہیں قطعاً اجازت نہ دی گئی ۔ اس دو عملی کی کیا وجہ ہے ۔ ایک ہی صوبہ میں پالیسی کا یہ تضاد کیوں ۔

میں جناب وزیر تعلیم کی خدمت میں ایک اور معاملہ پیش کرتا ہوں ۔ کراچی میں جب داؤد انجینئرنگ کالج قائم ہوا ۔ تو کہا جاتا تھا ۔ کہ یہ کالج ایشیا میں اپنی مثال خود ہوگا ۔ مگر وہاں طلبا نے ہڑتال کی ہے کیوں کہ عمارت تو بہترین ہے لیکن لیبارٹری کوئی نہیں ۔ جس کالج میں لیبارٹری کا انتظام نہیں تجربات کا خاطر خواہ انتظام نہیں ۔ آپ یہ خود اندازہ لگائیں بچوں کو کیا خاک تعلیم دیں گے ۔ جناب سپیکر — ہماری حکومت سے جب کبھی بچے احتجاج کرتے ہیں مجبور ہو کر ہڑتال کرتے ہیں تو اس کو بھی نا پسند کرتی ہے ۔

**Minister for Law** (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon): Sir, may I rise on a Point of Order. Sir, we have enough patience but I very respectfully submit that the Member is now drifting into an irrelevancy. Sure enough, we are not discussing any grant of the Education Department where all the details, sense of omission and commission of the Education Department, treatment metted out to the students and the teachers are concerned. I think it is Finance Bill and the text of it does not cover only the Education Department but all the departments of the Government as a whole. It is true we can understand the anxiety of the Member to again play to the gallery but he is pointing out the students. He should ponder and consider whether he is also not responsible for it. He should not exploit the students towards the wrong end with the result that they suffer their studies. He is greatly responsible for this exploitation to render another fault line in the Government.

**Mr. Speaker**: I would refer to the decision of the Chair, Ruling No. 432 wherein it has been observed—

> "As regards the scope of the Debate on the Finance Bill, as I have said, it is fairly wide, it may cover not only all relevant matters so far as the Bill is concerned, but also matters of general administration for which the Government of India is responsible. Matters other than those do not come within the scope of this debate."

I think Mr. Hamza is relvant and moreover the point of order is ruled out of order.

**مسٹر حمزہ**— میں جناب وزیر تعلیم کی خدمت میں یہ عرض کر رہا تھا کہ جب کبھی طلباء احتجاج یا ہڑتال کرتے ہیں تو آپ کا محکمہ اسے نا پسند کرتا ہے جہاں طلبا ہڑتال پر مجبور ہوتے ہیں حکومت کو چاہیئے کہ وہاں کے حالات کا اچھی طرح سے جائزہ لے اور ان کی جائز شکایات کو پوری طرح اور فوری رفع کرے میں اس سلسلہ میں تربت کے حالات پیش کرتا ہوں ۔ وہاں میٹرک کے امتحانات ہو رہے تھے تو بچوں کو امتحان کی مقررہ تاریخ کے بارہ دن کے بعد پرچہ جات موصول ہوئے ۔

**Minister for Finance :** Sir, I request that time may be extended up to 2'O Clock.....

**مسٹر سپیکر** — فاروقی صاحب کیا آپ بھی تقریر فرمائیں گے ؟

**مسٹر محمود اعظم فاروقی** ۔ ہاں جناب ۔

**Mr. Speaker:** Time is extended up to 1·30 p.m. Then we will see later on.

**مسٹر حمزہ** ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ وہاں پرچہ جات امتحان کی تاریخ کے بعد موصول ہوئے ۔

**نوابزادہ شیخ عمر** ۔ پوائنٹ آف آرڈر جناب ۔ جناب سپیکر میں نے تربت کے امتحانات کے سلسلے میں جناب وزیر تعلیم سے استدعا کی تھی ۔ انہوں نے مجھے چیئرمین سیکنڈری بورڈ کے پاس بھیج دیا تھا ہم لوگوں نے یہ فیصلہ کیا کہ ۲۰ جولائی کو دوبارہ امتحان لئے جائیں گے ۔ اس سلسلہ میں میں یہ عرض کرنا مناسب سمجھتا ہوں کہ یہ طریق کار بہتر ہے ۔

**Mr. Speaker:** That is not a point of order.

**مسٹر حمزہ** ۔ میں ان کا بڑا ممنون ہوں کہ میں جس معاملہ پر روشنی ڈالنا چاہتا تھا انہوں نے اسے تسلیم کیا ہے ۔ جناب والا ۔ تربت میں امتحان ہوتے ہیں اور وہاں تاریخ کے بعد پرچے موصول ہوتے ہیں ۔ دوبارہ امتحانات تو ہوں گے ۔ لیکن طلبا کی جو پٹائی ہوئی اس کا کون ذمہ دار ہوگا ۔ اگر ہم ان باتوں کی طرف توجہ دلاتے ہیں ۔ تو کہا جاتا ہے کہ ہم طلبا کو ابھارتے ہیں ۔ لیکن تربت میں جو کچھ ہوا ہم وہاں پر نہیں

تھے - پرچے وقت پر نہ پہنچے بچوں نے احتجاج کیا تو ان کی پٹائی ہوئی اس میں ہمارا کیا قصور ہے -

جناب سپیکر - اب میں جناب وزیر تعلیم کی توجہ مغربی پاکستان کی سب سے بڑی اور پرانی یونیورسٹی کی طرف مبذول کراتا ہوں - کیا آپ کو علم نہیں ہے - کہ اس یونیورسٹی کو بوڑھوں کی جنت کہا جاتا ہے - کیا مغربی پاکستان میں بچوں کو تعلیم دینے کے لئے ایسے اساتذہ کی کمی ہے - جن کو یونیورسٹی میں تعینات کیا جا سکے - کیا یہ حقیقت نہیں کہ ۱۹۴۷ء سے لے کر ۱۹۵۴ء تک جب بورڈ آف سیکنڈری ایجوکیشن قائم ہوا اس یونیورسٹی میں صرف ایک رجسٹرار، ایک ڈپٹی رجسٹرار ۲ اسسٹنٹ رجسٹرار اور ایک خزانچی کام کرتے تھے - مگر اب ۱۹۵۴ء کے بعد جب کہ علیحدہ بورڈ آف سیکنڈری ایجوکیشن قائم ہوا یونیورسٹی میں ایک رجسٹرار دو ڈپٹی رجسٹرار دو اسسٹنٹ رجسٹرار ایک کنٹرولر امتحانات دو اسسٹنٹ کنٹرولر امتحانات ایک خزانچی اور ایک اسسٹنٹ خزانچی کام کر رہے ہیں - کیا آپ کو معلوم نہیں کہ وہاں کے ڈیپارٹمنٹس میں آپس میں کیسے چلتی رہتی ہے - ان کے اندر جو پارٹی بازی ہے اسے رفع کرنے کی کوشش کی گئی ہے؟ جرنلزم ڈیپارٹمنٹ میں جو کچھ حال ہی میں ہوا کیا وہ آپ کی آنکھوں سے چھپا ہوا ہے - پولیٹیکل سائنس ڈیپارٹمنٹ میں جو کچھ ہو رہا ہے کیا اس کا آپ کو علم نہیں - اساتذہ طلباء کو آپس میں لڑاتے رہتے ہیں آپ کا سٹوڈنٹ افیئر ڈیپارٹمنٹ (Students affair deptt) اس کا مقصد محض لڑکوں کے اندر انتشار پیدا کرنا ہے - وہ یونیورسٹی میں یہ کام کرتے ہیں - کیا وہ بچے جو یہاں سے تعلیم حاصل کر کے نکلتے ہیں صحیح معنوں میں قوم کے معمار بن سکتے ہیں کیا آپ کو یہ علم نہیں ہے کہ کامرس کالج میں پڑھائی سال سے کبھی مستقل پرنسپل کی تعیناتی نہیں کی گئی ہے - اور جو سابقہ پرنسپل فوت ہوا اس کی سب سے بڑی وجہ یہ تھی کہ وہ اسی وجہ سے ہمیشہ پریشان رہتے تھے - اساتذہ کی آسامیاں عارضی ہوتی ہیں جس کو چاہیں نوکری سے علیحدہ کر دیں -

جناب والا - کیا یہ حقیقت نہیں ہے کہ کامرس کالج میں طلباء کی تعداد ایک ہزار ہے اور ان کو پڑھانے کے لئے ۱۲ لیکچرار

مقرر کئے گئے ھیں اور اسی کامرس کالج میں پروفیسر کی ایک آسامی پچھلے ۵ سال سے خالی پڑی ھے ۔

جناب سپیکر ۔ حقیقت یہ ھے اور اس میں کوئی شک نہیں کہ ھمارے وزیر تعلیم صاحب انتہائی تجربہ کار انسان ھیں ۔ میں ان کی زبان سے یہ سننا چاھتا تھا کہ کیا وجہ ھے کہ جوں جوں آپ بچوں کو اخلاق کا سبق دیتے ھیں امتحانات سے پہلے ۔ امتحانات کے دوران ۔ امتحانات کے بعد بچوں میں ھیرا پھیری کی وارداتیں زیادہ بڑھ رھی ھیں ۔ کیا وجہ ھے کہ جب آپ بچوں کو دینی تعلیم دینے کے لئے اور دینیات کو پڑھانے کے لئے اس حد تک گنجائش رکھتے ھیں روز بروز قوم کا کردار کیوں گر رھا ھے ؟ میں آپ سے توقع کرتا ھوں کہ آپ اس بارے میں پورے طور پر سوچیں اور اس ایوان کو بلکہ پورے مغربی پاکستان کے عوام کو وجوھات بتائیں کہ جس وجہ سے یہ بچے روز بروز بد اخلاقی کا شکار ھو رھے ھیں ۔ جناب سپیکر ۔ کیا اس کی وجہ یہ تو نہیں کہ انہوں نے اس ملک کے سیاست دانوں سے سبق سیکھا ھو کہ جب الیکشن کا وقت آتا ھے تو حکومت انتظامیہ کو استعمال کر کے کامیاب کروا سکتی ھے بچوں نے یہ بھی سیکھ لیا ھو کہ تمام وقت کیوں محنت و مشقت کی جائے ۔ امتحان سے پہلے ۔ امتحان کے دوران اور امتحان کے بعد پرچوں ھیرا پھیری کر کے یا examiner کو approach کر کے پاس ھو جائیں گے ۔ جب ھمارے سیاستدان سال بھر بلکہ تمام عرصہ ناجائز فائدے اٹھاتے رھتے ھیں اور اس کے بعد جب الیکشن کا وقت آتا ھے تو انتظامیہ کو استعمال کر کے الیکشن میں کامیاب ھو جاتے ھیں ۔ لہذا ھم بھی یہی طریقہ اختیار کریں ۔ جب بڑے یہ کام کرتے ھیں تو بچے یہ غلط مثالوں کی کیوں نقل نہ کریں ۔ کیا اس ملک کی انتظامیہ مشینری کیا اس ملک کی حکومت بچوں کو بری لائنوں پر نہیں لے جا رھی ھے ؟

جناب سپیکر ۔ میں جناب وزیر تعلیم صاحب سے یہ توقع کروں گا کہ اگر وہ واقعی تمام طالب علموں کو اپنی اولاد سمجھتے ھیں تو تعلیم میں جو عدم مساوات ھے اس کو دور کریں ۔ آپ نے یہ تو فرما دیا کہ پبلک سکول آئندہ قائم نہیں کریں

گے لیکن جو پبلک سکول اس وقت موجود ہیں ان کے بارے آپ کا کیا ارشاد گرامی ہے ۔ جناب سپیکر ۔ وہ آج اس ایوان میں یہ اعلان کر دیں کہ وہ لوگ جو اپنے بچوں کو پبلک سکولوں میں پڑھانا چاہتے ہیں حکومت ان پبلک سکولوں کو کسی قسم کی گرانٹ یا رعایت نہیں دے گی اور تمام کے تمام مالی و دیگر وسائل ان سکولوں کے لئے مختص ہوں گے جہاں عام لوگوں کے بچے پڑھتے ہیں ۔ جناب سپیکر ۔ جب تک آپ ملک میں طبقاتی جنگ کے اہتمام کرنے کی پالیسی کو نہیں چھوڑیں گے ۔ جب تک عام انسان کو انسان کا درجہ میں نہیں دیں گے ۔ جب تک آپ عملی طور پر لوگوں کو مساوات کا سبق نہیں سکھائیں گے اس وقت تک ہمارے ملکی مسائل قطعاً حل نہیں ہو سکتے ۔

جناب سپیکر ۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ آپ اس پر کافی رقومات خرچ کرتے رہے ہیں اور آپ کے مالی وسائل بھی محدود ہیں اور آپ کے پاس بے تحاشہ روپیہ بھی نہیں ہے کہ اس پر خرچ کر سکیں لیکن آپ کو یہ یاد رکھنا چاہئے کہ تعلیم پر آپ جتنا زیادہ خرچ کریں گے وہ کم ہے اور اگر آپ ٹھیک طریقے سے خرچ کریں گے تو انسان ہی ایک ایسی چیز ہے جو تمام بیماریوں اور کمزوریوں کو رفع کر سکتا ہے ۔ لیکن اگر آپ انسان کو ٹھیک طریقے پر تربیت نہیں دیں گے تو آپ کی تمام کی تمام کوششیں اکارت جائیں گی ۔

جناب سپیکر ۔ میں ساتھ ہی ساتھ جناب وزیر تعلیم صاحب کی توجہ اس پڑھے لکھے طبقہ میں پھیلی ہوئی بے روزگاری کی طرف دلاتا ہوں ۔ ان کو یہ علم ہوگا کہ بچے جب سکولوں سے نکلتے ہیں تو ان کے خیالات بہت بلند ہوتے ہیں ۔ ان میں سے بہت سے یہ چاہتے ہیں کہ وہ قوم اور ملک کی خدمت کریں لیکن جب عملی دشواریاں سامنے آتی ہیں تو انہیں نوکری حاصل کرنے کے لئے بہت مشکل کا سامنا کرنا پڑتا ہے ۔ ان کے تمام اصول ۔ تمام جذبات جو ملک اور قوم کی خدمت کے لئے رکھتے ہیں ۔ کو یہ مصیبتیں سخت ٹھیس پہنچاتی ہیں ۔ آپ کی یونیورسٹیوں میں اس قسم کا بھی اہتمام ہونا چاہئے کہ طلبا جب وہاں سے تعلیم حاصل کر کے نکلیں تو ان کو عملی زندگی میں پیش آنے والے مسائل کے

حل میں رہنمائی کریں ۔ آپ کی یونیورسٹیوں کا بھی کوئی رول ہونا چاہئے ۔ اگر یونیورسٹیاں کچھ نہیں کر سکتیں تو محکمہ تعلیم کو اس میدان میں عملی اقدام اٹھانا چاہئے ۔

جناب سپیکر ۔ ان معروضات کے بعد میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

**حاجی سردار عطا محمد لنڈ** (خیر پور۔۲) ۔ جناب سپیکر ۔ مجھے اس تعلیم کے متعلق کوئی انکار نہیں ہے میں تعلیم کے نظام کے بہتر ہونے کی توقع رکھتا ہوں ۔ ہمارے وزیر تعلیم ملک خدا بخش صاحب بہت اچھے تجربہ کار ہیں . . . . .

**ملک محمد اختر** ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا اگر گستاخی نہ ہو تو مجھے بات کرنی ہے ۔ جو جیل میں قیدی ہوتے ہیں وہ کوٹھریوں میں بند کر دئیے جاتے ہیں وہ کوٹھریوں میں آپس میں پرچی بازی کرتے ہیں ۔ ہمارے وزراء صاحبان بھی پرچی بازی کرتے ہیں ۔ ہمیں یہ معلوم ہونا چاہئے کہ ان پرچیوں میں کیا لکھا جاتا ہے ۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ جو پرچی جاتی ہے اس میں کیا لکھا ہوتا ہے ۔

**وزیر قانون** ۔ اس میں یہ لکھا ہوتا ہے کہ جیل کی کوٹھریوں میں کون کون سی سہولتیں فراہم کی جائیں ۔

**وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ** ۔ ملک اختر صاحب جیل کے تجربے کا اس قدر اظہار کیوں کر رہے ہیں؟

**حاجی سردار عطا محمد لونڈ** ۔ جناب والا ۔ ملک خدا بخش صاحب کے پاس تعلیم کا portfolio ہے ۔ اس میں ان کا اتنا تجربہ ہے کہ انشاء اللہ عوام کے مطالبہ کو مد نظر رکھتے ہوئے . . . .

**رانا پھول محمد خان** ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا حاجی صاحب کی آواز سنائی نہیں دیتی ۔ ذرا اونچی آواز سے تقریر سائیں ۔

**Mr. Speaker :** This is no point of order.

**حاجی سردار عطا محمد لنڈ** ۔ جناب والا۔ میں نے پہلے بھی کہا تھا ۔

وَاِذَا خَاطَبَهُمُ الْجٰهِلُوْنَ قَالُوْا سَلٰمًا ۔

اس پر ہاؤس کے ممبر صاحبان اعتراض کرتے ہیں ۔ اس لئے پھر کہنا پڑتا ہے ۔

جناب والا میں عرض کر رہا تھا کہ تعلیم کا نظام ایسا ہے جس کے لئے ایک اسلامی سٹیٹ پاکستان جہاں عوام سے ٹیکس وصول کیا جاتا ہے وہاں عموماً ۹۰ فیصد مسلمان ۔ روائتی مسلمان اور مذہب کے مسلمان اور ان کی سادگی مسلمانوں کی سی ہے اور ان سے ٹیکس لیا جاتا ہے لیکن تعلیم میں ان کے لئے کوئی گنجائش نہیں ہے لیکن ان کو ضروری تعلیم سے یہ سکھایا جاتا ہے کہ کھڑے ہو کر پیشاب کریں ۔ دوسرے ان کو یہ سکھایا جاتا ہے کہ بیویوں کو کس طرح ہوٹلوں میں اور محفلوں میں لے جانا ہے ۔ اور صحیح تعلیم کے لئے عوام کے لئے کوئی گنجائش نہیں ہے اس لئے میں ان کی مخالفت کرتا ہوں ۔

جناب والا ۔ دوسرے یہ کہ اس تعلیم سے چھوٹے علاقوں والے بہرہ یاب ہوتے ہیں ۔ جیسے سندھ ۔ بلوچستان وغیرہ ان کی سنیارٹی کا کوئی تحفظ نہیں کیا جاتا ہے ۔ اور یہ میں نہیں کہتا ہوں ۔ لیکن اس سے پہلے ایوان میں گورنمنٹ پارٹی اور دوسرے اراکین نے سوالات کئے تھے ۔ کہ اس میں انہیں حصہ ملے ۔ اور اس سے وہ جائزہ لیں ۔ کہ جہاں تک ان سوالات کا تعلق ہے ۔ وہ میری اس بات کی تصدیق کرتے ہیں ۔ کہ سنیارٹی میں ان کو کوئی گارنٹی نہیں دی جاتی ہے ۔ اور اس کے ساتھ ساتھ مخلوط تعلیم کا جو انتظام کیا گیا ہے ۔ اس کی وجہ سے ملک کے پچانوے فیصد عوام متنفر ہیں ۔ اور صرف پانچ فیصد لوگ ہیں اسے زبردستی ٹھونسنا چاہتے ہیں ۔ کہ اس کے لئے اس فنڈ سے رقم دی جائے ۔ یہ مکروہ اور حرام ہے ۔ کیونکہ عورتوں کے متعلق سورہ "نور" میں اللہ تبارک و تعالےٰ فرماتا ہے ۔ کہ عورتیں گھر کے دروازوں کے اندر بھی پاؤں اتنے زور سے نہ رکھیں کہ اس کی آواز گھر سے باہر تک پہنچ

سکے ۔ یورپ کی تہذیب کو اس ملک میں بڑھانے سے اس ملک کو کوئی فائدہ نہیں پہنچے گا ۔ اس لئے میں وزیر تعلیم کی خدمت میں عرض کروں گا ۔ کہ وہ اس کے متعلق بھی سوچیں ۔ کہ وہ اس کو آہستہ آہستہ بند کریں کیونکہ موجودہ نظام تعلیم کے تحت تو ہمارے بیٹیوں اور بھائیوں کو ایسی تعلیم دی جاتی ہے ۔ کہ جب وہ تعلیم سے فارغ ہوتے ہیں ۔ تو وہ عوام کو اپنے آپ سے نیچا سمجھتے ہیں ۔ اور خود کو آسمان پر سمجھتے ہوں ۔ اور ان میں صلاحیت اس لئے نہیں ہوتی ۔ کہ ہماری تعلیم اس قدر ناقص ہے کہ اس میں نہ تو اخلاق سکھایا جاتا ہے ۔ نہ ادب سکھایا جاتا ہے ۔ اس لئے اس تعلیم کا کچھ زیادہ فائدہ نہیں ہے ۔ کہ ہم اس پر اتنی کثیر رقم خرچ کریں ۔ اور نہ ہی عوام کو اس سے کوئی فائدہ پہنچتا ہے ۔ اس تعلیم سے جو فائدہ آج کل کے طلباء کو پہنچتا ہے ۔ وہ یہ ہے کہ جب وہ ملازم ہو کر دفتر کے کمرے میں بیٹھتے ہیں ۔ تو عوام ان کے گھروں کے طواف کرتے ہیں ۔ لیکن وہ انہیں گھر پر نہیں ملتے ۔ اور چوکیدار ان کے دروازوں پر بیٹھے ہوتے ہیں ۔ اور بغیر لین دین کے ان سے ملاقات نہیں ہو سکتی ۔ اور اگر کوئی مسکین ان کے پاس جائے ۔ تو ان کی حالت ایسی ہوتی ہے ۔ کہ جیسے مسجد میں کتا گھس جائے ۔ تو پھر اس تعلیم کا کیا مقصد ہے ۔ آپ اس نظام تعلیم کو درست کریں ۔ میں اس تعلیم کو تعلیم کیا کہوں ۔ اگر اس تعلیم سے فارغ ہو کر بچے ملازمت کرتے ہیں ۔ تو وہ رشوت کو حلال سمجھ کر کھاتے ہیں ۔ یعنی آپ کی یہ تعلیم ان کو حرام بھی حلال کروا کر کھلاتی ہے ۔ اور وہ ان دونوں میں کوئی تمیز نہیں کرتے ۔

**مسٹر حمزہ** ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ جناب محترم شیخ صاحب نے فرمایا ہے ۔ کہ ہم انہیں گالیاں دیتے ہیں ۔ اگر اس ایوان میں تقریر کرنے اور حکومت پر تنقید کرنے کو وہ گالیاں کہیں ۔ تو یہ بڑی زیادتی ہے ۔

**وزیر خزانہ** ۔ میں تو جب بھی تقریر کرنے کے لئے اٹھتا ہوں ۔ تو آپ کے لیڈر صاحب کہتے ہیں کہ میں گالیاں دینے کے لئے کھڑا ہوا ہوں ۔ میں نے تو آپ کے لیڈر صاحب کے الفاظ استعمال کئے ہیں ۔ آپ اس پر کیوں اعتراض کرتے ہیں ۔

**مسٹر حمزہ** ۔ اگر میرے لیڈر صاحب بھی یہ الفاظ استعمال کرتے ہیں ۔ تو میں ان پر بھی اعتراض کرتا ہوں ۔

**وزیر خزانہ** ۔ اگر وہ اپنے الفاظ واپس لے لیں ۔ تو میں بھی اپنے الفاظ واپس لے لوں گا ۔

**مسٹر سپیکر** ۔ آپ تشریف رکھیں ۔

**حاجی سردار عطا محمد لونڈ** ۔ جناب سپیکر ۔ ہمارے استاد ایوان کے ممبروں کے بھی استاد ہیں ۔ اور وزراء کے بھی استاد ہیں ۔ اور ان کی تنخواہ کم ہونے کی وجہ سے انہیں الیکشن میں ادھر ادھر بھیجنے سے ان کو بڑی تکلیف ہوتی ہے ۔ تو میں ملک خدا بخش صاحب کی خدمت میں عرض کروں گا ۔ کہ ان کے ساتھ اس طرح کا سلوک نہ کیا جائے ۔ ہمارے ڈویژن میں شیخ صاحب تھے ۔ جب ملک صاحب وزیر تعلیم ہوئے ۔ تو انہوں نے ان کو تبدیل کر کے وہاں پر غلام مصطفےٰ شاہ صاحب کو بھیجا ۔ یہ انہوں نے بہت صحیح اقدام اٹھایا ہے ۔ اور میں اس کے لئے ان کو مبارکباد دیتا ہوں ۔ خیر پور میں لڑکوں کے لئے سکول قائم کیا گیا ہے ۔ وہاں پر عرضداشتیں بھی پیش کی گئیں ۔ اور مشورے بھی دئیے گئے ۔ کہ وہاں خیر پور میں ایک بہت بڑی عمارت موجود ہے ۔ اور اگر خیر پور میں آپ کو سکول کے لئے عمارت چاہئے ۔ تو وہ لے لیں ۔ لیکن اس سکول کو سکھر لے جایا گیا ۔

**مسٹر سپیکر** ۔ یہ مطالبات پیش کرنے کا وقت نہیں ہے ۔

**حاجی سردار عطا محمد لونڈ** ۔ میں تعلیم کے متعلق عرض کر رہا ہوں ۔ کہ جس تعلیم سے آپ کو انصاف نہ ملے ۔ اس تعلیم کا کیا فائدہ ہے ۔

**Mr. Munawar Khan** (Bannu I): Mr. Speaker, Sir, I might take some more time while making my submissions on the debate. You were kind enough to announce that the time has been extended by half an hour, *i. e.* up to 1.30 p. m. Would it be prolonged further to-day Sir, or there will be a meeting in the afternoon ?

**Mr. Speaker:** How long will the Member take ?

وزیر خزانہ ۔ اگر آپ شام کو اجلاس بلانا چاہتے ہیں ۔ تو میں اس کے لئے تیار ہوں ۔ ابھی آپ نے میرے ساتھ فیصلہ کیا تھا ۔ لیکن آپ اس فیصلے پر قائم ہی نہ رہ سکے ۔

**Mr. Speaker :** After Mr. Munawar Khan, the Finance Minister will wind up the debate. How long will the Member take ?

**Mr. Munawar Khan :** I do not know Sir, I will try to be very, very brief and relevant.

**Mr. Speaker :** The Member should know it.

**Mr. Munawar Khan :** I might take an hour Sir.

وزیر خزانہ ۔ جناب والا ۔ اگر وہ ایک گھنٹہ بولنا چاہتے ہیں ۔ تو پھر بہتر ہے ۔ کہ شام کو بھی اجلاس بلایا جائے ۔

**Mr. Speaker :** As we have to decide it just now, the Member should please make up his mind.

**Mr. Munawar Khan :** I will try to be very, very brief.

**Mr. Speaker :** Try to finish in fifteen minutes.

**Mr. Munawar Khan :** At least give me half an hour, Sir.

وزیر خزانہ ۔ اگر آپ آدھ گھنٹہ میں تقریر ختم کرنا چاہتے ہیں تو ٹھیک ہے ۔

**Mr. Speaker :** Let it be twenty minutes.

**Mr. Munawar Khan :** In that case, Sir, I would not be able to do justice to any of the items.

وزیر خزانہ ۔ اگر آپ ایک گھنٹہ لیں گے تو میں دو گھنٹے بولوں گا ۔

**Minister of Revenue :** Let him have half an hour, Sir.

**Mr. Speaker :** Time is extended to 2-00 p.m.

**Minister of Revenue :** It is now 1-15 p.m. and he will conclude his speech at 1-45 p.m.

**Mr. Munawar Khan :** How much time have you prescribed for me, Mr. Leader of the House?

**Mr. Speaker :** The Member should not address him directly.

**Mr. Munawar Khan :** Alright, Sir; how much time he has prescribed for me Sir.

**Mr. Speaker :** The member should conclude his speech at 1-45 p.m. and then the Finance Minister will wind up the debate.

**Mr. Munawar Khan :** Regarding the entire aspect of the bill, Sir, I have to make submissions about the administration, the WAPDA, which is called a white elephant of the administration, and about irrigation. About these three items, I will be making my submissions.

First of all, I deal with the administration. We are spending a huge amount and we are daily being taxed in one form or another, just to meet those expenses of the administration by bringing in more officers increasing their number daily and even obliging those officers for their own ends. Now in this respect I shall be submitting that if you take only the figure of the Provincial Secretariat ten years back when we were asked to integrate, and the expenses which we incur today, the expenses have risen to five fold or six fold.

What are the reasons that inspite of the increase in number of the officers and the increase in expenses and further taxation levied on us, we see that that inefficiency still persist and will persist? There are basic reasons which the administration must remove if they want to favour the nation, if they want to set an honest example for the nation and if they want to inculcate honesty in the administration and the officials who are responsible to run the same. They have been introducing laws because the officials, though they were increased daily in number, failed miserably to bring the crime under control. The enacted various laws and they tried various Ordinances but the administration is daily deteriorating. We are those people who were once slaves of the Britishers and during the administration of those aliens at least we had the freedom of speech, we had the freedom of movement and we had all freedom except sedition and it was also punishale under the Penal Code in a Court of law. There were no detention Ordinance, there were no detention rules and there were no detention procedures. There were no black laws except in that unfortunate part of the country which was normally known as the N.-W.F.P. Now, that black law has also been brought in here just to reduce the crime. I ask the Minister whether the introduction of that black law has reduced the number of serious offences? The answer is 'no'. It is on the increase. It is similarly on the increase in my part of the country and it is similarly on the increase in Sind and every where else. Rather, it has gone to absolutely that pitch where I wonder whether the commission of serious offences can at all be controlled. What are the basic reasons? I request the Ministers, all of them, to join their heads and think over it. Do not run after the organization of Muslim League because that will automatically be organised if you set some good example, some good principle, some good formula for the nation and for that you will remembered and will be followed and obeyed like masters. But if you cannot protect their lives, if you cannot protect their property and if you cannot protect the peace of the citizens, how can you claim or how can you say that by enacting repressive laws and by appointing more and more officials you can improve the administration? Rest assured you cannot. We are daily receiving telegrams from Sind regarding the increase in crime. Why? I ask why this increase in the offences? Think over it. Is it poverty? You say everybody is happy, everybody is enjoying, everybody is having fruit and chicken daily and there is no shortage of food. You say food is in surplus and that you have got so many industries. You further say that you have got so many textile industries, cloth is in abundance and its price is reasonable. You also say that the produce of land is increasing. But, I ask, where is that all? We are importing wheat to the tune of rupees 84 crores. All of us should be ashamed that during all that time we could not make ourselves self-sufficient in anything. Find out the basic reasons. Don't be superfluous. I might be of some assistance if I suggest one thing and if that appeals to you please accept it. My submission is that all this is not due to the fact that the laws are in effective. These laws are the very laws which, when they were enforced judicially and honestly by those aliens, worked properly. Why those laws failed? You have brought such repressive laws that as slaves we could not see these laws but as a free nation. I like a very miserable life as compared to the one I had in that slavery. That is the will of God, and, I think, Inshallah that will upset everything in due course. My submission is that through these

repressive laws wax has been poured in our ears so that we should not hear and so that we should not be educated. Our tongues are cut and although having tongues in our mouths we cannot speak. With our eyes in our sockets we cannot read the true picture, the true feelings and the true aspect of our country. There are many repressive laws, there is the Loudspeaker Law and there is another law under which I am rendered mum. It says 'dont talk' and I have to remain silent. I am asked, 'don't come to this place; go out of here' and I have to leave. I have read history and have been a student of history for 14 long years but I have neither read nor heard of any such laws nor been told by any of my elders that during the Sikh regime we had been having such laws. Is that the character which you want to impart to us? Should we live as a nation under such circumstances and you expect us to face the enemy which is nine times in number than ourself? If you want to shear me off my character, if you want to shear me off my honesty and if you want to shear the nation off its principles that is not going to pay you. What are you making of this nation? How would this nation live? Suppose, God forbid, the highest official goes off in a crash or in an accident, have you trained any other man to replace him? Go to India and you will see that there is a galaxy of leaders trained to assume the responsibility immediately if one goes off. Have you any other? Just tell me, is this the way in which you want to build the character of the nation? You won't be forgiven by God for all these acts of ommissions and commissions. You have got that Lamp, I have forgotten the name, of somebody which can make anything in a second. You can do one thing, of course, and that is to turn a pauper into a millionaire overnight. You have got that charm and that is the only charm which I see in this administration or in this regime. The other day, I am subject to correction because Begum Sahiba from Karachi is not here, a friend of mine told me a verse—

ایسے ویسے کیسے کیسے ہو گئے
کیسے کیسے ایسے ویسے ہو گئے

Now, my respectful submission is that you won't be forgiven by the generations to come. You have shorn the students of their character. You know our days when we were students, Sir, how much liberty we had. I remember, Sir, that we had once thrown a Ticket Collector from a running train when we were in Ali Garh because he came to check our tickets. He reported the matter but nobody took action against us. That was British Raj. They said that students commit follies. In these days, when we come out to eulogize our heroes an t o su bmit as a protest that their blood should not have been wasted in the way in which it was done, we are disregarded. What a shame, Mr. Finance Minister

**Minister for Finance** (Sheikh Masood Sadiq): What a shame upon those who excite them (*interruptions and cross-talk*).

**Mr. Speaker:** Order please, please address the chair.

**Mr. Munawar Khan:** Now Sir, I am coming to the corruption side of it. The other day my friend Mr. Wattoo supported an officer in absentia that it is this and that. Again he said that we were making vague allegations, and we should give practical instances.

**Mr. Speaker:** There should be no repetition of the arguments.

**Mr. Munawar Khan:** Alright Sir, not at all Sir. I give more instances of that very officer whom I named here, Sir, the other day, *i.e.*, Deputy Commissioner of Bannu. He is still there and is holding that office there.

That man is keeping his driver whose name is Hayat and who is an employee of the Municipality as a Machine Driver. He is keeping that man as his personal driver for the last two years. He gets his pay from the Committee while he works for him as his driver. This is No. (1) No. 2, is.....

**Minister for Revenue** (Khan Habibullah Khan): Point of order Sir.

I would not have minded if a gentleman who has been a Member of this House or a person who was in a position to reply to him, was criticised by the Member but the difficulty is that he is making a personal attack on a Government official who is Deputy Commissioner of Bannu, and who is not here unfortunately to protect himself. Sir, if such like things are allowed in this House then it would be very difficult for the Government officials to work honestly. Now he is bringing pressure upon that Deputy Commissioner.

(*interruptions and cross talk*).

Let me explain my point of view. You have always been taking shelter behind the privileges of this House. You have been a Sub-Inspector of Police yourself. You are a practising lawyer. You are a Member of this House. You are a responsible person.

**Mr. Speaker**: Khan Sahib, please address the chair.

**Minister for Revenue**: I am addressing the chair, Sir. He has been an Inspector of Police, I say. He has been a Prosecuting Sub-Inspector. He is a rsponsible man and a practising lawyer. He knows the law. Let him go out making a complaint in writing to Anti-Corruption Department so that an independent inquiry be made and if that official is found guilty he should be punished but if his allegations are proved to be foul, then he will have to be taken to task. In fact, he is not going to do so..... (*interruptions and cross-talk*).

Sir, he is levelling personal attacks and bringing personal charges against a person who cannot defend or protect himself. He is a responsible Government official and that should not be allowed. Let him go and proceed according to law. He knows the law. (*interruptions*).

I am on a point of order. So my submission is that he should be directed to to go to the proper forum and bring the charge in writing against him so that a Court may be able to decide between the two as to whether he is making a false charge or the official is guilty of the offence he is charged. But here, he is taking shelter under the protection of the chair and the privileges of the House. That should not be allowed Sir.

**Mr. Speaker**: Yes. The position is that Government officials who are bring criticised in the House, are not here and they have got no right of reply and normally it is the parliamentary practice that whenever a Member criticises a Government official, he should not name him.

**Mr. Munawar Khan**: I want official inquiry and I would be requesting for it.

**Mr. Speaker**: If the Member wants to do so, he should put in something in writing. (*interruptions*).

Will the Member please take up WAPDA now. We have yet to hear from him something about WAPDA (*interruptions and cross-talk*).

**Mr. Munawar Khan**: I have documentary proof (*interruptions*).

**Mr. Speaker :** I would ask Mr. Munawar Khan to speak about WAPDA now (*interruptions and cross-talk*).

**Minister for Revenue :** In doing so, you are only creating suspicion in the minds of those people....

**Mr. Munawar Khan :** You are a suspect. I am not.

**Mr. Speaker :** Order please. No cross talk.

**Mr. Munawar Khan :** Now Sir, in obedience to your orders I shall now deal with WAPDA because the Revenue Minister cannot stand to hear.....

**Mr. Speaker :** No discussion about that.

**Mr. Munawar Khan :** Right Sir (*interruptions*).

I am coming to WAPDA Sir. Now this is a very huge body with very wide autonomous powers. I am giving concrete examples Sir. Whether anybody makes any inquiry or not, I am not concerned. Because if they don't do it, they will be *creating bad* smell for them in the country. If they want to control it, perhaps somebody may do so, I am not worried about that but I have to perform my own duty as a citizen of West Pakistan and as a patriot. I cannot run away on just hearing about the intending attack on Pakistan. I have heard complaints to the extent of personal knowledge that even to fix up one pole of electricity the officers concerned are required to use two to three bags of cement. My information is that only one bag of cement is used and the others, are taken away, where I do not know. Now, there is anothr Muster Roll system prevalent over there. Only 4 or 5 labourers work and their fictitious names are entered. I am passing this information to the Minister and to the Chairman of WAPDA if he might be present here. He is a lonely man, of course, a very wide area to look after which is an impossibility. Of course, he has many difficulties but unless he can inculcate a spirit in his subordinate officials to look correctly after this nation's treasure because we are borrowing we are beggers we are asking daily anybody to please give us a 5 rupees or 10 rupees, we should try to use that money honestly and correctly so that we should develop our country, a very poor country. Now if that system goes on Sir, how can we use that loan correctly and how would we be able to pay off that loan. We have to mortgage even Pakistan Sir, in the end, because we have started digging out and then pouring water into its foundations but it is not fallen down as yet. I would request them to become vigilant, to work as missionaries in the name of God, to inculcate honesty in their subordinates. Preach them honesty, summon them to your table and explain these things to them.

Now, Sir, what are the results. We have borrowed money to electrify the country, we will earn money from the public and pay back the loan coupled with interest. There are some 'mistries' mechanical people who fit a hook in the electricity meter fixed inside the houses. If any officer or meter reader comes for meter reading he would first call out, "please observe purdah' and then he would go inside the house. In the meantime that hook is pulled out. It has become a fashion. Everybody knows it. Now, this theft of electricity is going on at a rapid speed and the officials of WAPDA, on this sub-station, are in connivance with them. I may pass on that information to you Mr. Minister of Finance. How can we like to pay these loans and interest when we know that dishonesty has crept into each and every house. This has to be controlled otherwise this is to end in conflagration which will burn entire Pakistan.

My respectful submission, therefore, is that there should be some rules. The Law Minister is not here. But I would request that the rules should be framed to the effect that no meter of electricity shoud be fixed inside the House.

It should be in the 'deori' or some other place where it is easily accessible to the checking officers so that he may not be required to check the meter after purdah has been observed. There have been such incidents in my village and I know that three or four people were caught in this connection. When I started enquiries in this behalf I found that this practice is still going on everywhere. How should we pay the debt. Would you inflict more taxes on us to pay off those loans. You invested the money with the intention that the nation would be profited by it. At the same time you made them dishonest. You have shorn them of their character. We have lost character. We are not men-just human beings walking on two legs. Every thing is lost. Wherefrom should we have that character? Wherefrom should we have that spirit. Who will inculcate and preach this spirit of honesty to those meter readers and the people unless you set good examples. If you waste the tax-payers money then you are responsible for it. You are responsible for all the misdeeds of the nation.

Now, I will come to 'Irrigation' and there is my local request again to the Minister. He will excuse me, I will take a minute. My tehsil—Bannu is very thickly populated. It has got very little land. Ten years back, according to the census three sarsai *per capita* was the approximate land in my tehsil Bannu. Out of this one third is attacked by 'sem' and 'thur'. One third of it.....The Revenue Minister laughs. He has got a tube-well.

**Mr. Speaker**: Order please. The Member may please address the Chair.

**Mr. Munawar Khan**: I would request him to come to my district. Should please come to my tehsil-Bannu. See the bed of river Kurram and the area affected by 'sem' and 'thur' and make some arrangement in that behalf.

**وزیر خزانہ** (شیخ مسعود صادق) ۔ جناب والا ۔ یہ بالکل سیدھا سادھا مختصر سا فائننس بل تھا ۔ میرا خیال تھا کہ ننھی منی حزب اختلاف تیاری کر کے آئے گی اور میرا خیال یہ بھی تھا کہ تنقید بہت معیاری ہوگی لیکن مجھے افسوس ہے کہ زیادہ تر تقریریں غیر معیاری کی گئی ہیں اور فائیننس بل کے سکوپ سے باہر کی گئی ہیں ۔ میں assert کرتا ہوں ۔ جناب جیسا کہ میں نے اپنی میزانیہ کی تقریر میں عرض کیا تھا کہ اس سال کوئی نیا ٹیکس نہیں لگایا گیا ۔ وہی پرانے ٹیکس ہیں جو عارضی تھے temporary تھے ان کو بحال رکھا گیا ہے ۔ میں حیران ہوں کہ انہوں نے بہت متضاد باتیں کہیں ہیں ۔ جب میں نے تقریر کی تھی تو ان اصحاب نے فرمایا تھا کہ قوم تیار تھی اور امید کرتی تھی کہ آپ ٹیکسوں کی بھر مار کردیں گے اور انہوں نے تالیاں بھی بجائی تھیں اور اب یہی لوگ ہیں جو یہ کہتے ہیں کہ آپنے جو پہلے ٹیکس لگائے تھے ان کو آپ معاف کیوں نہیں کرتے ۔ یہ بہت متضاد باتیں کرتے ہیں ۔ یہ صحیح ہے کہ عوام عام طور پر ٹیکسوں کو پسند نہیں کرتے ۔ یہ بھی صحیح ہے کہ

ہمارے ٹیکسوں کی وصولی میں تھوڑا بہت defect تھا لیکن اس سال سے ہم نے پوری کوشش کی ہے کہ ٹیکسوں کی وصولی قانون کے مطابق ہو۔ مجھے پوری امید ہے کہ عوام ہم سے تعاون کریں گے۔ جناب والا پاکستان کی معیشت کی نسبت بہت کچھ کہا گیا ہے میں صرف یہ عرض کرونگا کہ اگر وہ News Week پڑھ لیں تو ان کو پتہ لگے گا کہ پاکستان کی معیشت اچھے سے بہتر ہے۔

**مسٹر حمزہ** ۔ ''ماشیت'' کا لفظ سمجھ نہیں آیا۔ معلوم نہیں کہ کیا کہہ رہے ہیں۔

**وزیر خزانہ** ۔ میں نے ''معیشت'' ہی کہا ہے۔ آپ کے کانوں میں میل ہوگی۔ اگر آپ بھارت، برما، لنکا کا حال پڑھ لیں تو پتہ چلے گا اور ظاہر ہوگا کہ ہمیں سوا سات روپیہ میں ایک ڈالر ملتا ہے۔ ہندوستان کو پونے دس روپیہ میں لنکا کو دس روپیہ میں اور برما کو ۱۵ روپیہ میں۔ باوجود اس کے ہندوستان نے اپنے روپیہ کو devalue کیا لیکن پھر بھی ہمارے روپیہ کی قیمت اس سے بہت زیادہ ہے۔

**مسٹر حمزہ** ۔ پوائنٹ آف آرڈر — ابھی خبر آئی ہے کہ پاکستان اپنے سکے کا نام تبدیل کر رہا ہے میرا خیال ہے کہ جناب وزیر خزانہ روپیہ کو ''روپیا'' کہتے ہیں۔ اس لئے یہ فیصلہ کیا گیا ہے۔ (قہقہہ)

**Mr. Speaker :** This is not a point of order. The Member may please take his seat.

**وزیر خزانہ** ۔ جناب والا ۔ میں عرض کروں گا کہ جتنے پوائنٹ آف آرڈر انہوں نے اٹھائے ہیں وہ اٹھا لیں میں پھر بعد میں تقریر کروں گا۔

**Mr. Speaker :** There should be no interruption.

**وزیر خزانہ** ۔ جناب والا ہماری gross national produce میں بھی کافی اضافہ ہوا ہے۔ *per capita* میں بھی کافی اضافہ ہوا ہے اور ایشیا بھر میں سوائے جاپان کے اس کی مثال نہیں ملتی۔ ملک اختر صاحب نے کلاز ۱۲ کے متعلق فرمایا تھا۔ اس کا مفصل جواب جناب غلام نبی میمن دے چکے ہیں۔ پھر انہوں

نے یہ کہا کہ دس برس میں آبادی دوگنی ہو گئی ۔ میں عرض کروں گا کہ ۱۰ برس میں آبادی دوگنی نہیں ہوئی ۔ ۱۰ برس میں مشکل سے ۲۵ فیصدی اضافہ ہوتا ہے ان کو یہ پتہ نہیں ہے کہ آبادی ۳۰—۴۰ برس میں دوگنی ہوا کرتی ہے ۔ اور پھر انہوں نے موٹر وہیکل کے بارے میں فرمایا تھا کہ ہم نے جو عارضی ٹیکس لگایا ہے وہ موٹر وہیکل پر سے ہٹا دیا جائے اور یہ بھی فرمایا کہ پرائیویٹ کاروں پر کوئی ٹیکس نہیں لگایا ۔ میں عرض کروں گا کہ پچھلے سال ہی ہم نے پرائیویٹ کاروں پر ٹیکس میں مستقل اضافہ کیا تھا اور میں نے temporary ٹیکسوں کے بارے میں عرض کی تھی ۔ وہ کہتے ہیں entertainment duty سینما سے لی جاتی ہے ۔ میں عرض کرونگا کہ یہ ٹیکس ہے ڈیوٹی نہیں ہے اسکا جو بار ہے وہ عوام پر نہیں پڑتا ۔ ایک طرف وہ کہتے ہیں ۔ کہ سینما والے بہت پیسے کماتے ہیں ۔ دوسری طرف اگر سینما والوں کو ۲۵۰ یا ۱،۰۰۰ روپے دینا پڑ جائے ۔ تو یہ بھی ان کو تکلیف ہو جاتی ہے ۔ ایک طرف یہ عوام کے نمائندہ بنتے ہیں ۔ اور دوسری طرف سرمایہ داروں کی حمایت کرتے ہیں ۔

پھر یہ کہا گیا ہے کہ تیسرے پنجسالہ منصوبے میں زراعت کو فروغ نہیں دیا گیا ۔ عرض کرونگا کہ ہمارا ۱۷% کمپیٹل ریونیو جو ترقیاتی پروگرام کیلئے رکھا گیا ہے وہ براہ راست اور بالواسطہ صرف زراعت پر خرچ ہوتا ہے یہ جو انہوں نے زرعی ٹیکس اور انکم ٹیکس کے بارہ میں کہا ہے ۔ میں کچھ سمجھ نہیں سکا ۔ یہ بڑے زمینداروں پر بھی ہے پھر بھی وہ اعتراض کرتے ہیں ۔ جو شخص ۳۵۰ روپے لینڈ ریونیو دیتا ہو وہ ٹیکس ہم اس کے اوپر لگاتے ہیں ۔ میں حمزہ صاحب سے پوچھتا ہوں کہ کتنے ایسے زمیندار ہیں جو اتنا لینڈ ریونیو دیتے ہیں ۔ (تالیاں)

لڑتے یہاں ہیں تو امیروں کی طرف سے ۔

فاروقی صاحب نے فرمایا ہے کہ کشتیوں پر ٹیکس نہیں لگنا چاہئے ۔ وہ سٹیم بوٹس یا آئل بوٹس معمولی کشتیاں

نہیں ہیں جن پر ٹیکس لگایا گیا ہے۔ یہ موٹر لانچ ہیں جو بڑی ہوتی ہیں وہ کل کو کہیں گے کہ ریل گاڑیوں اور بسوں پر بھی ٹیکس نہ لگایا جائے۔

تعلیم کے متعلق بہت کچھ کہا گیا ہے یہ لڑکوں کو اکسانے کے لئے کر رہے ہیں ۔۳ کروڑ روپے ہم نے اس سال تعلیم کے لئے رکھے ہیں۔ اور تعلیم نے اتنی ترقی کی ہے جس کا وضاحتی جواب بچہ صاحب دے چکے ہیں۔ اس جواب کو *Nil* کرنے کے لئے اور طلبا کو اکسانے کے لئے یہ اعتراض کر رہے ہیں۔ میں ان کے خلاف کوئی ایسا لفظ نہیں کہنا چاہتا جو بعد میں واپس لینا پڑے۔

جناب وٹو صاحب کہتے ہیں۔ کہہ دو پھر واپس لے لینا۔ یہ بات منور خان تو کر لیتے ہیں میں نہیں کیا کرتا فاروقی صاحب کی باتوں کا جواب دے دیا ہے۔ اگر حاجی صاحب اردو میں تقریر کرتے تو میں جواب دیتا۔ سندھی میں سمجھ نہیں سکتا۔

**مسٹر منور خان** ۔ پوائنٹ آف آرڈر جناب ریونیو منسٹر نے XXXXXXXXXXXXXXXXXXXXXXXXXXXX

*(قطع کلامیاں اور شور)

**Mr. Speaker:** Order please.

**وزیر مال** (خان حبیب اللہ خان) ۔ میں نے اگر ایسی درخواست دی ہو تو میں وزارت سے استعفیٰ دے دوں گا۔ ورنہ تم ممبری سے استعفیٰ دے دو۔ اگر میں نے کبھی درخواست دی ہو نائب تحصیلداری کیلئے۔ میں وزارت چھوڑتا ہوں۔ لیکن اگر یہ بات غلط ثابت ہو۔ تو یہ ممبری چھوڑیں ( قطع کلامیاں اور شور )

**Mr. Speaker:** Order, order.

**وزیر خزانہ** ۔ اگر یہ صحیح بھی ہے تو یہ ان کا اتنا بڑا کمال ہے بلکہ اگر یہ صحیح ہے تو یہ تو اتنا بڑا credit جاتا ہے ان کو۔

---

*Expunged as ordered by the Speaker on a point of order raised by the Law Minister during the Assembly proceedings of 29th June, 1966.

**Mr. Speaker :** Let the House be in order first. The Minister may please take his seat.

**رانا پھول محمد خان ۔** پوائنٹ آف آرڈر ۔ کیا یہ درست ہے کہ خان منور خان نے محرر چنگی کے لئے درخواست دی تھی ۔ جو نا منظور ہو گئی تھی ۔ (قطع کلامیاں اور شور ) ۔

**Mr. Speaker :** This is not a point of order.

**Mr. Munawar Khan :** Point of order, Sir.

**Mr. Speaker :** I will not allow any po nt of order. The Member should please take his seat.I will now put the question to the vote of the House. The question is—

That the West Pakistan Finance Bill, 1966 be passed.

*The motion was carried.*

**Mr. Speaker :** The House is adjourned for tomorrow to meet at -8-30 a.m.

*The Assembly then adjourned till* 8-30 *a.m on Wednesday, the 29th June,* 1966.

98 PLA—535—19-12-66—SGPWP Lahore